۲۶ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنِ الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِنَا عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ خُنَيْسٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام ما حَقُّ الْمُؤْمِنِ عَلَى الْمُؤْمِنِ قَالَ سَبْعَةُ حُقُوقٍ وَاجِبَاتٍ مَا فِيهَا حَقٌّ اِلَّا وَ هُوَ وَاجِبٌ عَلَيْهِ وَ اِنْ خَالَفَهُ خَرَجَ مِنْ وَلَايَةِ اللهِ وَ تَرَكَ طَاعَتَهُ وَ لَمْ يَكُنْ لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِيهِ نَصِيبٌ قَالَ قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ حَدِّثْنِي مَا هِيَ قَالَ وَيْحَكَ يَا مُعَلَّى اِنِّي شَفِيقٌ عَلَيْكَ اَخْشَى اَنْ تُضَيِّعَ وَ لَا تَحْفَظَ وَ تَعْلَمَ وَ لَا تَعْمَلَ قُلْتُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ قَالَ اَيْسَرُ مِنْهَا اَنْ تُحِبَّ لَهُ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ وَ تَكْرَهَ لَهُ مَا تَكْرَهُ لِنَفْسِكَ وَ الْحَقُّ الثَّانِي اَنْ تَمْشِيَ فِي حَاجَتِهِ وَ تَبْتَغِيَ رِضَاهُ وَ لَا تُخَالِفَ قَوْلَهُ وَ الْحَقُّ الثَّالِثُ اَنْ تَصِلَهُ بِنَفْسِكَ وَ مَالِكَ وَ يَدِكَ وَ رِجْلِكَ وَ لِسَانِكَ وَ الْحَقُّ الرَّابِعُ اَنْ تَكُونَ عَيْنَهُ وَ دَلِيلَهُ وَ مِرْآتَهُ وَ قَمِيصَهُ وَ الْحَقُّ الْخَامِسُ اَنْ لَا تَشْبَعَ وَ يَجُوعَ وَ لَا تَلْبَسَ وَ يَعْرَى وَ لَا تَرْوَى وَ يَظْمَأَ وَ الْحَقُّ السَّادِسُ اَنْ يَكُونَ لَكَ امْرَاَةٌ وَ خَادِمٌ وَ لَيْسَ لِاَخِيكَ امْرَاَةٌ وَ لَا خَادِمٌ اَنْ تَبْعَثَ خَادِمَكَ فَتَغْسِلَ ثِيَابَهُ وَ تَصْنَعَ طَعَامَهُ وَ تُمَهِّدَ فِرَاشَهُ فَاِنَّ ذٰلِكَ كُلَّهُ اِنَّمَا جُعِلَ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهُ وَ الْحَقُّ السَّابِعُ اَنْ تُبِرَّ قَسَمَهُ وَ تُجِيبَ دَعْوَتَهُ وَ تَشْهَدَ جَنَازَتَهُ وَ تَعُودَهُ فِي مَرَضِهِ وَ تُشْخِصَ بَدَنَكَ فِي قَضَاءِ حَاجَتِهِ وَ لَا تُحْوِجَهُ اِلَى اَنْ يَسْاَلَكَ وَ لٰكِنْ تُبَادِرُ اِلَى قَضَاءِ حَوَائِجِهِ فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِهِ وَصَلْتَ وَلَايَتَكَ بِوَلَايَتِهِ وَ وَلَايَتَهُ بِوَلَايَةِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مومن کے مومن پر سات حقوق واجب ہیں۔ اگر ان میں سے کسی ایک کو ادا نہیں کیا تو ولایت الٰہی سے خارج ہو گیا اور اطاعت باری عزاسمہ کو ترک کر دیا۔ راوی حدیث معلیٰ بن خنیس نے عرض کی مولا وہ کون سے حقوق ہیں؟ فرمایا افسوس ایسا نہ ہو کہ تم معلوم کرنے کے بعد اس پر عمل نہ کرو۔ مراوی نے عرض کی لاقوۃ الا باللہ فرمایا کہ (۱) سب سے آسان یہ ہے کہ جو بات جو چیز اپنے لیے پسند کرو وہی اپنے برادر ایمانی کے لیے بھی چاہو جو بات اپنے لیے بری جانو اس کے لیے بھی بری سمجھو (۲) یہ کہ اس کی حاجت روائی میں کوشش کرو اس کے کہنے کے خلاف نہ کرو اس کی رضا جوئی کرتے رہو (۳) یہ کہ اپنی جان و مال ہاتھ اور زبان سے اس کی مدد کرتے رہو (۴) یہ کہ اس کی نظر بن جاؤ اس کی رہنمائی کو اس

کا لباس بن جاؤ یعنی اسی طرح اس کے عیب کو چھپاؤ جس طرح بدن کا عیب لباس سے چھپ جاتا ہے (۵) ایسا نہ ہو کہ تم سیر ہو کر کھاؤ اور وہ بھوکا رہے تم پہنو اور وہ برہنہ رہے (۶) اگر تمہارے پاس خادم ہے تو اس کی خدمت کے لیے بھیج دو (۷) یہ کہ اس کی قسم کو پورا کرو فرمائش کو قبول کرو بیمار ہو تو اس کی عیادت کرو مر جائے تو جنازے کے ساتھ چلو غرض کہ تم اس کا ہر کام کہے بغیر کرو۔

۴۷ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ سَعْدَانَ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ الرَّبَعِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام قَالَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَى الْمُؤْمِنِ سَبْعَةُ حُقُوقٍ وَاجِبَةٍ لَهُ مِنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ اللهُ سَائِلُهُ عَمَّا صَنَعَ فِيهَا الْإِجْلَالِ لَهُ فِي عَيْنِهِ وَ الْوُدُّ لَهُ فِي صَدْرِهِ وَ الْمُوَاسَاةُ لَهُ فِي مَالِهِ وَ اَنْ يُحِبَّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ وَ اَنْ يَحْرِمَ غِيبَتَهُ وَ اَنْ يَعُودَهُ فِي مَرَضِهِ وَ يُشَيِّعَ جَنَازَتَهُ وَ لَا يَقُولَ فِيهِ بَعْدَ مَوْتِهِ اِلَّا خَيْراً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ مون کے مومن پر سات حقوق واجب ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے لازمی قرار دیا ہے اور خداوند عالم ان کے بارے سوال کرے گا وہ حقوق یہ ہیں: (۱) دوسرے مومن کو خود سے برتر سمجھے (۲) اس کی محبت کو اپنے سینے میں جگہ دے (۳) اپنے مال سے اس کی مدد کرے (۴) جو چیز خود اپنے لئے پسند کرے وہی اپنے مومن بھائی کے لئے پسند کرے (۵) اس کی غیبت کرنے کو حرام جانے (۶) اگر وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے (۷) اس کے جنازے میں شریک ہو اور اس کی موت کے بعد اس کو اچھے الفاظ کے ساتھ یاد کرے۔

الكافر يأكل في سبعة أمعاء

کافر ساتوں آنتیں بھر کر کھاتا ہے

۴۸ حَدَّثَنَا بِذَلِكَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام الْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کہ کافر ساتوں آنتیں بھر کر کھانا کھاتا ہے۔

۴۹ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِنَا عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ وَ الْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کہ مومن ایک آنت یا معدہ میں کھاتا ہے کافر سات آنتوں میں۔

المؤمن الذي يجتمع فيه سبع خصال

مومن میں سات خصلتیں ہونا چاہئے

۳۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَ غَيْرُهُ بِاِسْنَادِهِ رَفَعَاهُ اِلَى اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام اَنَّهُ قَالَ الْمُؤْمِنُ مَنْ طَابَ مَكْسَبُهُ وَ حَسُنَتْ خَلِيقَتُهُ وَ صَحَّتْ سَرِيرَتُهُ وَ اَنْفَقَ الْفَضْلَ مِنْ مَالِهِ وَ اَمْسَكَ الْفَضْلَ مِنْ كَلَامِهِ وَ كَفَى النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ وَ اَنْصَفَ النَّاسَ مِنْ نَفْسِهِ.

امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مومن میں سات خصلتیں ہونا چاہیے:

(۱) ذریعہ آمدنی پاک اور حلال (۲) اخلاق اچھے

(۳) باطن صاف

(۴) وہ چیز جو ضرورت سے زیادہ ہو وہ خدا کی راہ میں دیتا ہو

(۵) فضول باتیں نہ کرے (۶) لوگ اس کے شر سے محفوظ ہوں

(۷) خود اپنے نفس سے انصاف کرتا ہو۔ یعنی اپنی غلطی کا قائل ہو اس کی سزا کے لیے تیار رہے۔

المؤمنون على سبع درجات

مومن کے سات درجے ہیں

۳۱ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِدْرِيسَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ اَبِيهِ يَرْفَعُهُ اِلَى اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ الْمُؤْمِنُونَ عَلَى سَبْعِ دَرَجَاتِ صَاحِبِ دَرَجَةٍ مِنْهُمْ فِي مَزِيدٍ مِنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ لَا يُخْرِجُهُ ذَلِكَ الْمَزِيدُ مِنْ دَرَجَتِهِ اِلَى دَرَجَةِ غَيْرِهِ وَ مِنْهُمْ شُهَدَاءُ اللهِ عَلَى خَلْقِهِ وَ مِنْهُمُ النُّجَبَاءُ وَ مِنْهُمُ الْمُمْتَحَنَةُ وَ مِنْهُمُ النُّجَدَاءُ وَ مِنْهُمْ اَهْلُ الصَّبْرِ وَ مِنْهُمْ اَهْلُ التَّقْوَى وَ مِنْهُمْ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مومن کے سات درجے ہیں: (۱) وہ جو خدا کی طرف سے بندوں پر گواہ ہیں (۲) نجبا (انبیاء سے قریب تر ہیں) (۳) ممتحنہ (امتحان و ابتلا میں کامیابی حاصل کرنے والے) (۴) اہل شجاعت (۵) صابرین (۶) متقی (۷) صاحبان مغفرت و بخشش۔

لا يدخل حلاوة الإيمان قلوب سبعة

ایمان کی حلاوت سات دلوں میں داخل نہیں ہوتی

۴۲ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ نَصْرٍ الْكَوْسَجِ عَنْ مُطَرِّفٍ مَوْلَى مَعْنٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ لَا يَدْخُلُ حَلَاوَةُ الْاِيمَانِ قَلْبَ سِنْدِيٍّ وَ لَا زِنْجِيٍّ وَ لَا خُوزِيٍّ وَ لَا كُرْدِيٍّ وَ لَا بَرْبَرِيٍّ وَ لَا نَبَطِيِّ الرَّيِّ وَ لَا مَنْ حَمَلَتْهُ اُمُّهُ مِنَ الزِّنَا.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سات قسم کے آدمیوں کے دلوں میں ایمان کی لذت داخل نہیں ہوتی:
(۱) سندی (۲) زنجی (۳) خوزستانی (۴) کردی (۵) برہوی (۶) رے کے دہاتی (۷) حرامزادہ۔

سبعة من العلماء في النار

علماء کے سات گروہ جہنمی ہیں

۴۳ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُوسَى الْخَشَّابِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مِهْرَانَ وَ عَلِيِّ بْنِ اَسْبَاطٍ فِيمَا اَعْلَمُ عَنْ بَعْضِ رِجَالِهِمَا قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام اِنَّ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ يُحِبُّ اَنْ يَخْزُنَ عِلْمَهُ وَ لَا يُؤْخَذَ عَنْهُ فَذَاكَ فِي الدَّرْكِ الْاَوَّلِ مِنَ النَّارِ وَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ اِذَا وُعِظَ اَنِفَ وَ اِذَا وَعَظَ عَنَّفَ فَذَاكَ فِي الدَّرْكِ الثَّانِي مِنَ النَّارِ وَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ يَرَى اَنْ يَضَعَ الْعِلْمَ عِنْدَ ذَوِي الثَّرْوَةِ وَ الشَّرَفِ وَ لَا يَرَى لَهُ فِي الْمَسَاكِينِ وَضْعاً فَذَاكَ فِي الدَّرْكِ الثَّالِثِ مِنَ النَّارِ وَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ يَذْهَبُ فِي عِلْمِهِ مَذْهَبَ الْجَبَابِرَةِ وَ السَّلَاطِينِ فَاِنْ رُدَّ عَلَيْهِ شَيْءٌ مِنْ قَوْلِهِ اَوْ قُصِّرَ فِي شَيْءٍ مِنْ اَمْرِهِ غَضِبَ فَذَاكَ فِي الدَّرْكِ الرَّابِعِ مِنَ النَّارِ وَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ يَطْلُبُ اَحَادِيثَ الْيَهُودِ وَ النَّصَارَى لِيُغْزِرَ بِهِ وَ يُكْثِرَ بِهِ حَدِيثَهُ فَذَاكَ فِي الدَّرْكِ الْخَامِسِ مِنَ النَّارِ وَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ يَضَعُ نَفْسَهُ لِلْفُتْيَا وَ يَقُولُ سَلُونِي وَ لَعَلَّهُ لَا يُصِيبُ حَرْفاً وَاحِداً وَ اللهُ لَا يُحِبُّ الْمُتَكَلِّفِينَ فَذَاكَ فِي الدَّرْكِ السَّادِسِ مِنَ النَّارِ وَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مَنْ يَتَّخِذُ عِلْمَهُ مُرُوءَةً وَ عَقْلًا فَذَاكَ فِي الدَّرْكِ السَّابِعِ مِنَ النَّارِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ علماء کے سات گروہ جہنمی ہیں: (۱) جو کسی کو اپنے علم سے فیض نہیں پہنچاتے، یہ لوگ جہنم کے پہلے طبقے میں ہیں (۲) وہ علما جو خود نصیحت کرتے ہیں تو سختی سے اور کوئی ان کی غلطی پر ٹوکتا ہے تو برا مانتے ہیں یہ

لوگ جہنم کے دوسرے طبقے میں ہیں (۳) وہ علماء جو علمی فائدہ صرف دولت مندوں کو پہنچاتے ہیں غریب و مسکین کو اس لائق نہیں سمجھتے یہ لوگ جہنم کے تیسرے طبقے میں ہیں (۴) وہ علماء جو شاہی مزاج رکھتے ہیں اگر ان کی بات پر اعتراض کیا جائے یا ان کی خدمت میں کوتاہی ہو جائے تو برہم ہو جاتے ہیں یہ لوگ جہنم کے چوتھے طبقے میں ہیں (۵) وہ علماء جو یہود و نصاریٰ کی حدیثوں کو حاصل کر کے تقویت حاصل کرتے ہیں یہ لوگ جہنم کے پانچویں طبقے میں ہیں (۶) کچھ علماء چاہتے ہیں کہ ساری دنیا میری تقلید کرے حالانکہ وہ خود کچھ نہیں جانتے۔ یہ لوگ جہنم کے چھٹے طبقے میں ہیں (۷) بعض علماء اپنے علم کو وسیلہ نمائش مردانگی و خردمندی قرار دیتے ہیں یہ جہنم کے ساتویں طبقے میں ہیں۔

سبعة أشياء خلقها الله عز وجل لم تخرج من رحم

سات مخلوقاتِ خدا جو رحم مادر میں نہیں رہے

۳۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنِ الْيَشْكُرِيِّ عَنْ اَبِي اَحْمَدَ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَزْدِيِّ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام اَنَّهُ قَالَ فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ لَهُ مَعَ مَلِكِ الرُّومِ اِنَّ مَلِكَ الرُّومِ سَاَلَهُ فِيمَا سَاَلَهُ عَنْ سَبْعَةِ اَشْيَاءَ خَلَقَهَا اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لَمْ تَخْرُجْ مِنْ رَحِمٍ فَقَالَ آدَمُ وَ حَوَّاءُ وَ كَبْشُ اِبْرَاهِيمَ وَ نَاقَةُ صَالِحٍ وَ حَيَّةُ الْجَنَّةِ وَ الْغُرَابُ الَّذِي بَعَثَهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ يَبْحَثُ فِي الْاَرْضِ وَ اِبْلِيسُ لَعَنَهُ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى.

حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سات جاندار ایسے ہیں جو بغیر ماں کے پیدا ہوئے ہیں: (۱ و ۲) حضرت آدم و حوا (۳) گوسفند قربانی حضرت ابراہیم (۴) ناقہ صالح (۵) مار بہشت (۶) وہ کوا جو قابیل کی تعلیم کے لیے پیدا ہوا تھا (۷) ابلیس لعین۔

وضع الله تعالى الإسلام على سبعة أسهم

خداوند عالم نے اسلام کو سات حصوں پر تقسیم فرمایا ہے

۳۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي الْاَحْوَصِ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام اِنَّ عِنْدَنَا اَقْوَاماً يَقُولُونَ بِاَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام وَ يُفَضِّلُونَهُ عَلَى النَّاسِ كُلِّهِمْ وَ لَيْسَ يَصِفُونَ مَا نَصِفُ مِنْ فَضْلِكُمْ اَنَتَوَلَّاهُمْ فَقَالَ لِي نَعَمْ فِي الْجُمْلَةِ اَلَيْسَ عِنْدَ اللهِ مَا لَمْ يَكُنْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ لِرَسُولِ اللهِ عِنْدَ اللهِ مَا

لَيْسَ لَنَا وَ عِنْدَنَا مَا لَيْسَ عِنْدَكُمْ وَ عِنْدَكُمْ مَا لَيْسَ عِنْدَ غَيْرِكُمْ إِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى وَضَعَ الْإِسْلَامَ عَلَى سَبْعَةِ أَسْهُمٍ عَلَى الصَّبْرِ وَ الصِّدْقِ وَ الْيَقِينِ وَ الرِّضَا وَ الْوَفَاءِ وَ الْعِلْمِ وَ الْحِلْمِ ثُمَّ قَسَمَ ذَلِكَ بَيْنَ النَّاسِ فَمَنْ جَعَلَ فِيهِ هَذِهِ السَّبْعَةَ الْأَسْهُمِ فَهُوَ كَامِلُ الْإِيمَانِ مُحْتَمِلٌ ثُمَّ قَسَمَ لِبَعْضِ النَّاسِ السَّهْمَ وَ لِبَعْضِ السَّهْمَيْنِ وَ لِبَعْضِ الثَّلَاثَةَ الْأَسْهُمِ وَ لِبَعْضِ الْأَرْبَعَةَ الْأَسْهُمِ وَ لِبَعْضِ الْخَمْسَةَ الْأَسْهُمِ وَ لِبَعْضِ السِّتَّةَ الْأَسْهُمِ وَ لِبَعْضِ السَّبْعَةَ الْأَسْهُمِ فَلَا تَحْمِلُوا عَلَى صَاحِبِ السَّهْمِ سَهْمَيْنِ وَ لَا عَلَى صَاحِبِ السَّهْمَيْنِ ثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ وَ لَا عَلَى صَاحِبِ الثَّلَاثَةِ أَرْبَعَةَ أَسْهُمٍ وَ لَا عَلَى صَاحِبِ الْأَرْبَعَةِ خَمْسَةَ أَسْهُمٍ وَ لَا عَلَى صَاحِبِ الْخَمْسَةِ سِتَّةَ أَسْهُمٍ وَ لَا عَلَى صَاحِبِ السِّتَّةِ سَبْعَةَ أَسْهُمٍ فَتُثَقِّلُوهُمْ وَ تُنَفِّرُوهُمْ وَ لَكِنْ تَرَفَّقُوا بِهِمْ وَ سَهِّلُوا لَهُمُ الْمَدْخَلَ وَ سَأَضْرِبُ لَكَ مَثَلًا تَعْتَبِرُ بِهِ إِنَّهُ كَانَ رَجُلٌ مُسْلِمٌ وَ كَانَ لَهُ جَارٌ كَافِرٌ وَ كَانَ الْكَافِرُ يُرَافِقُ الْمُؤْمِنَ فَأَحَبَّ الْمُؤْمِنُ لِلْكَافِرِ الْإِسْلَامَ وَ لَمْ يَزَلْ يُزَيِّنُ الْإِسْلَامَ وَ يُحَبِّبُهُ إِلَى الْكَافِرِ حَتَّى أَسْلَمَ فَغَدَا عَلَيْهِ الْمُؤْمِنُ فَاسْتَخْرَجَهُ مِنْ مَنْزِلِهِ فَذَهَبَ بِهِ إِلَى الْمَسْجِدِ لِيُصَلِّيَ مَعَهُ الْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ فَلَمَّا صَلَّى قَالَ لَهُ لَوْ قَعَدْنَا نَذْكُرُ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَعَدَ مَعَهُ فَقَالَ لَهُ لَوْ تَعَلَّمْتَ الْقُرْآنَ إِلَى أَنْ تَزُولَ الشَّمْسُ وَ صُمْتَ الْيَوْمَ كَانَ أَفْضَلَ فَقَعَدَ مَعَهُ وَ صَامَ حَتَّى صَلَّى الظُّهْرَ وَ الْعَصْرَ فَقَالَ لَوْ صَبَرْتَ حَتَّى تُصَلِّيَ الْمَغْرِبَ وَ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ كَانَ أَفْضَلَ فَقَعَدَ مَعَهُ حَتَّى صَلَّى الْمَغْرِبَ وَ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ ثُمَّ نَهَضَا وَ قَدْ بَلَغَ مِنْهُ جَهْدَهُ وَ حَمَلَ عَلَيْهِ مَا لَا يُطِيقُ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ غَدَا عَلَيْهِ وَ هُوَ يُرِيدُ بِهِ مِثْلَ مَا صَنَعَ بِالْأَمْسِ فَدَقَّ عَلَيْهِ بَابَهُ ثُمَّ قَالَ لَهُ اخْرُجْ حَتَّى نَذْهَبَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَأَجَابَهُ أَنِ انْصَرِفْ عَنِّي فَإِنَّ هَذَا دِينٌ شَدِيدٌ لَا أُطِيقُهُ فَلَا تُخَرِّقُوا بِهِمْ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ إِمَارَةَ بَنِي أُمَيَّةَ كَانَتْ بِالسَّيْفِ وَ الْعَسْفِ وَ الْجَوْرِ وَ أَنَّ إِمَارَتَنَا بِالرِّفْقِ وَ التَّأَلُّفِ وَ الْوَقَارِ وَ التَّقِيَّةِ وَ حُسْنِ الْخُلْطَةِ وَ الْوَرَعِ وَ الِاجْتِهَادِ فَرَغِّبُوا النَّاسَ فِي دِينِكُمْ وَ فِيمَا أَنْتُمْ فِيهِ.

عمار بن ابی احوص کہتے ہیں کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی کہ بعض لوگ امیر المومنین علیہ السلام کو تمام امت سے افضل قرار دیتے لیکن حضرت کے وہ فضائل نہیں بیان کرتے جو ہم بیان کرتے ہیں۔ آیا ان لوگوں سے ہم میل جو رکھیں فرمایا ہاں مگر زیادہ نہیں۔ پھر فرمایا کہ خداوند عالم نے اسلام کو سات حصوں پر تقسیم فرمایا ہے: (۱) صبر (۲) صدق و راستی (۳) یقین (۴) رضا (۵) وفا (۶) علم (۷) حلم۔

اس کے بعد ان صفات کو لوگوں میں تقسیم فرمایا کچھ ایسے ہیں یہ سب صفتیں پائی جاتی ہیں ان کا ایمان کامل ہے۔ کسی

کو صرف ایک صفت ملی ہے کسی کو دو کسی کو تین اسی طرح چھ تک جس کو صرف ایک ہی حصہ ملا ہے اس کو ان باتوں کی تکلیف نہ دو جو دو حصے پانے والوں کی ہیں جن کو دو حصے ملے ہیں ان کو تین حصے پانے والوں کے برابر تکلیف نہ دو۔ اسی طرح زیادہ حصہ پانے والوں کو تکلیفیں بھی زیادہ ہیں اور کم حصہ پانے والوں کی تکلیفیں بھی کم ہیں۔

کم درجے کے مسلمانوں کے ساتھ نرمی کرو ان کے کاموں کو آسان کرو۔ سہولت کی تدبیریں بتاؤ۔ دیکھو میں ایک مثال دیتا ہوں کسی شخص کے ہم سائے میں ایک کافر تھا کسی نہ کسی تدبیر اس کو راہ راست پر لایا یہاں تک کہ مسلمان کر کے اس کو مسجد میں لایا اور کہا آج روزے کی نیت کر لو۔ صبح سے شام تک اس کو مشغول عبادت شب کو اپنے اپنے مکان واپس گئے۔ دوسرا دن ہوا یہ مرد مسلمان پھر اس کے پاس گیا اور کہا چلئے مسجد نماز کا وقت ہے اس نو مسلم نے کہا کہ یہ دین بہت سخت ہے میں اس دین سے باز آیا۔

دیکھو بنی امیہ کی حکومت کی بنیاد ظلم و جور پر تھی وہ باقی نہ رہ سکی۔ ہماری حکومت کی نرمی اور خوش اخلاقی پر ہے تم بھی لوگوں کے ساتھ بہ نرمی پیش آؤ۔

سبع خصال أعطاها الله عزوجل نبيه صلى الله عليه وآله وسلم

سات خوبیاں جو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمائیں

۳۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ عَنْ عَمِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْقَاسِمِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الْبَرْقِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَبَلَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ قَالَ جَاءَ نَفَرٌ مِنَ الْيَهُودِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَسَأَلَهُ أَعْلَمُهُمْ عَنْ أَشْيَاءَ فَكَانَ فِيمَا سَأَلَهُ أَخْبِرْنَا عَنْ سَبْعِ خِصَالٍ أَعْطَاكَ اللهُ مِنْ بَيْنِ النَّبِيِّينَ وَ أَعْطَى أُمَّتَكَ مِنْ بَيْنِ الْأُمَمِ فَقَالَ النَّبِيُّ أَعْطَانِي اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَ الْأَذَانَ وَ الْجَمَاعَةَ فِي الْمَسْجِدِ وَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَ الصَّلَاةَ عَلَى الْجَنَائِزِ وَ الْإِجْهَارَ فِي ثَلَاثِ صَلَوَاتٍ وَ الرُّخْصَةَ لِأُمَّتِي عِنْدَ الْأَمْرَاضِ وَ السَّفَرِ وَ الشَّفَاعَةَ لِأَصْحَابِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي

قَالَ الْيَهُودِيُّ صَدَقْتَ يَا مُحَمَّدُ فَمَا جَزَاءُ مَنْ قَرَأَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ.

فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله مَنْ قَرَأَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ أَعْطَاهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِعَدَدِ كُلِّ آيَةٍ نَزَلَتْ مِنَ السَّمَاءِ ثَوَابَ تِلَاوَتِهَا وَ أَمَّا الْأَذَانُ فَإِنَّهُ يُحْشَرُ الْمُؤَذِّنُونَ مِنْ أُمَّتِي مَعَ النَّبِيِّينَ وَ الصِّدِّيقِينَ وَ الشُّهَدَاءِ وَ الصَّالِحِينَ وَ أَمَّا الْجَمَاعَةُ فَإِنَّ صُفُوفَ أُمَّتِي فِي الْأَرْضِ كَصُفُوفِ الْمَلَائِكَةِ فِي السَّمَاءِ وَ

الرَّكْعَةُ فِي جَمَاعَةٍ اَرْبَعٌ وَ عِشْرُونَ رَكْعَةً كُلُّ رَكْعَةٍ اَحَبُّ اِلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ عِبَادَةِ اَرْبَعِينَ سَنَةً وَ اَمَّا يَوْمُ الْجُمُعَةِ فَاِنَّ اللهَ يَجْمَعُ فِيهِ الْاَوَّلِينَ وَ الْآخِرِينَ لِلْحِسَابِ فَمَا مِنْ مُؤْمِنٍ مَشَى اِلَى الْجَمَاعَةِ اِلَّا خَفَّفَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهِ اَهْوَالَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يُجَازِيهِ الْجَنَّةَ وَ اَمَّا الْاِجْهَارُ فَاِنَّهُ يَتَبَاعَدُ مِنْهُ لَهَبُ النَّارِ بِقَدْرِ مَا يَبْلُغُ صَوْتُهُ وَ يَجُوزُ عَلَى الصِّرَاطِ وَ يُعْطَى السُّرُورَ حَتَّى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَ اَمَّا السَّادِسُ فَاِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ يُخَفِّفُ اَهْوَالَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لِاُمَّتِي كَمَا ذَكَرَ اللهُ فِي الْقُرْآنِ وَ مَا مِنْ مُؤْمِنٍ يُصَلِّي عَلَى الْجَنَائِزِ اِلَّا اَوْجَبَ اللهُ لَهُ الْجَنَّةَ اِلَّا اَنْ يَكُونَ مُنَافِقاً اَوْ عَاقّاً وَ اَمَّا شَفَاعَتِي فَفِي اَصْحَابِ الْكَبَائِرِ مَا خَلَا اَهْلَ الشِّرْكِ وَ الظُّلْمِ قَالَ صَدَقْتَ يَا مُحَمَّدُ وَ اَنَا اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّكَ عَبْدُهُ وَ رَسُولُهُ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ وَ اِمَامُ الْمُتَّقِينَ وَ رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَلَمَّا اَسْلَمَ وَ حَسُنَ اِسْلَامُهُ اَخْرَجَ رَقّاً اَبْيَضَ فِيهِ جَمِيعُ مَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله

وَ قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ الَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ نَبِيّاً مَا اسْتَنْسَخْتُهَا اِلَّا مِنَ الْاَلْوَاحِ الَّتِي كَتَبَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لِمُوسَى بْنِ عِمْرَانَ وَ لَقَدْ قَرَاْتُ فِي التَّوْرَاةِ فَضْلَكَ حَتَّى شَكَكْتُ فِيهِ يَا مُحَمَّدُ وَ لَقَدْ كُنْتُ اَمْحُو اسْمَكَ مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً مِنَ التَّوْرَاةِ وَ كُلَّمَا مَحَوْتُهُ وَجَدْتُهُ مُثْبَتاً فِيهَا وَ لَقَدْ قَرَاْتُ فِي التَّوْرَاةِ اَنَّ هَذِهِ الْمَسَائِلَ لَا يُخْرِجُهَا غَيْرُكَ وَ اَنَّ فِي السَّاعَةِ الَّتِي تُرَدُّ عَلَيْكَ فِيهَا هَذِهِ الْمَسَائِلُ يَكُونُ جَبْرَئِيلُ عَنْ يَمِينِكَ وَ مِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِكَ وَ وَصِيُّكَ بَيْنَ يَدَيْكَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله صَدَقْتَ هَذَا جَبْرَئِيلُ عَنْ يَمِينِي وَ مِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِي وَ وَصِيِّي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ بَيْنَ يَدَيَّ فَاٰمَنَ الْيَهُودِيُّ وَ حَسُنَ اِسْلَامُهُ.

حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ایک روز چند یہودی حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں عالم بھی تھا اس نے عرض کی کہ آپ میں وہ سات خصلتیں کون سی ہیں جو کسی اور پیغمبر میں نہیں ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ خداوند عالم نے جس کو اذان و سورۂ حمد و مسجد میں نماز با جماعت، روز جمعہ، نماز میت اور تین نمازوں کو بلند آواز سے پڑھنے کا حکم دیا ہے اور میری امت کی بیماری اور سفر میں رعایت دی ہے اور ان سے اس زمانے میں روزہ ساقط ہے۔ سفر میں نماز قصر پڑھیں۔ جن لوگوں نے گناہان کبیرہ کیے ہیں ان کو میری شفاعت کا امیدوار بنایا ہے۔

یہودی نے عرض کی ارشاد ہو کہ سورہ حمد پڑھنے کا کیا ثواب ہے؟ فرمایا جو سورہ حمد پڑھے اس کو ان تمام آیتوں کے پڑھنے کا اجر ملے گا جو آسمان سے نازل ہوئی ہیں۔

اذان دینے والے پیغمبروں صدیقوں شہیدوں کے ساتھ محشور ہوں گے۔ نماز جماعت میں ہر صف مسجد میں صفوف

ملائکہ کے مثل ہے۔آسمان پر ایک رکعت نماز جماعت ایسی چوبیس رکعتوں سے خدا کے نزدیک بہتر ہے جو فرادیٰ ادا کی جائے بلکہ ہر رکعت چالیس سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

روز جمعہ وہ دن ہے جس میں خداوند عالم اپنے بندوں کو حساب و کتاب کے لیے جمع کرے گا جو شخص نماز جماعت میں شریک ہوگا اس کے دل میں خوف وہول قیامت کم ہوگا۔جنت میں جگہ دی جائے گی۔

نماز کو بلند آواز سے پڑھنے کا ثواب یہ ہے کہ جس قدر آواز بلند ہوگی اسی قدر اس سے آتش جہنم دور رہے گی۔صراط سے بآسانی گزرے گا اور خوش ومسرور داخل جنت ہوگا۔

سفر و بیماری میں تخفیف روزہ خداوند عالم کی رحمت کا ثبوت اور اس وعدے کے برحق وصحیح ہونے کا ثبوت ہے جو اس نے قرآن مجید سورۂ نحل میں فرمایا ہے کہ خداوند عالم روز قیامت کے خوف و ہراس سے میری امت کو محفوظ رکھے گا۔نماز میت جو کوئی مومن پڑھے گا اگر منافق وشقی وعاق پدر ومادر نہ ہوگا تو بہشت اس پر واجب ہوجائے گی۔

اور میری شفاعت ان کے لیے ہے جو گناہان کر چکے ہوں بشرطیکہ مشرک وظالم نہ ہوں یہ دونوں قابل شفاعت نہیں ہیں۔

یہودی نے یہ سن کر کہا کہ بجا فرمایا آپ نے یہ کہہ کر اس نے وحدانیت ورسالت کی گواہی دی اور ایک کاغذ نکالا جس میں حضرت کے جوابات پہلے سے لکھے ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ ان جوابات کو میں نے ان انواح سے دیکھ کر لکھا ہے جو خداوند عالم نے حضرت موسیٰ پر نازل کی تھیں میں نے آپ کی مدح وثنا توریت میں بہت سے مقامات پر دیکھی۔چالیس برس ہوگئے کہ میں ان کو مٹاتا ہوں اور وہ پھر اسی طرح ظاہر ہوجاتی ہیں۔میں نے توریت پڑھی آپ کے سوا کوئی ان سوالات کا صحیح جواب نہیں دے سکتا تھا۔جس وقت آپ جواب دے رہے تھے تو جبریل امین آپ کے داہنے اور میکائیل بائیں اور آپ کا وصی وجانشین آپ کے سامنے موجود تھے۔

حضرت نے فرمایا تو نے صحیح کہا یہ جبریل ومیکائیل ہیں اور یہ میرا چچازاد بھائی اور میرا وصی وجانشین میرے سامنے ہے۔

البقرة والبدنة تجزيان عن سبعة نفر

ایک گائے اور ایک اونٹ میں سات افراد شریک ہوسکتے ہیں

۴۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ بُنَانِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ عليه السلام عَنِ الْبَقَرَةِ يُضَحَّى بِهَا فَقَالَ تُجْزِي عَنْ سَبْعَةِ نَفَرٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس گائے کے بارے میں سوال کیا گیا جسے بطور قربانی ذبح کیا جاتا ہے تو آپؑ نے فرمایا ہے کہ سات افراد مل کر قربانی کر سکتے ہیں۔

۴۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنْ وُهَيْبِ بْنِ حَفْصٍ عَنْ اَبِي بَصِيرٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ الْبَقَرَةُ وَ الْبَدَنَةُ تُجْزِيَانِ عَنْ سَبْعَةٍ اِذَا اجْتَمَعُوا مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ وَ مِنْ غَيْرِهِمْ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جب سات افراد مل کر قربانی کریں تو ایک اونٹ یا گائے کی قربانی کر سکتے ہیں خواہ ایک ہی گھر کے افراد ہوں یا مختلف گھروں کے۔

الشمس سبعة أطباق والقمر سبعة أطباق

سورج اور چاند کے سات سات طبق ہیں

۴۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ عِيسَى بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حَسَّانَ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام جُعِلْتُ فِدَاكَ لِاَيِّ شَيْءٍ صَارَتِ الشَّمْسُ اَشَدَّ حَرَارَةً مِنَ الْقَمَرِ فَقَالَ اِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى خَلَقَ الشَّمْسَ مِنْ نُورِ النَّارِ وَ صَفْوِ الْمَاءِ طَبَقاً مِنْ هَذَا وَ طَبَقاً مِنْ هَذَا حَتَّى اِذَا كَانَتْ سَبْعَةَ اَطْبَاقٍ اَلْبَسَهَا لِبَاساً مِنْ نَارٍ فَمِنْ ثَمَّ صَارَتْ اَشَدَّ حَرَارَةً مِنَ الْقَمَرِ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ فَالْقَمَرُ فَقَالَ اِنَّ اللهَ تَعَالَى خَلَقَ الْقَمَرَ مِنْ نُورِ النَّارِ وَ صَفْوِ الْمَاءِ طَبَقاً مِنْ هَذَا وَ طَبَقاً مِنْ هَذَا حَتَّى اِذَا صَارَتْ سَبْعَةَ اَطْبَاقٍ اَلْبَسَهَا لِبَاساً مِنْ مَاءٍ فَمِنْ ثَمَّ صَارَ الْقَمَرُ اَبْرَدَ مِنَ الشَّمْسِ.

محمد مسلم کہتے ہیں کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے سوال کیا کہ آفتاب میں گرمی کیوں ہے اور ماہتاب میں گرمی کیوں نہیں ہے؟

فرمایا خداوند عالم نے آفتاب کو نور آتش سے خلق فرمایا ہے اور پانی بھی ہے یعنی آفتاب کے سات طبقے ہیں ایک طبقے آگ، ایک پانی۔ اسی طرح چھ طبقے تک ساتواں طبقہ جو ظاہر و نمایاں ہے وہ آگ کا ہے اس لیے اس میں حرارت ہے۔ اور ماہتاب میں بھی سات طبقے ہیں لیکن وہ طبقہ جو نمایاں ہے وہ پانی کا ہے اس لیے اس کی گرمی محسوس نہیں ہوتی۔

الدنيا سبعة أقاليم

دنیا میں سات اقلیم ہیں

۴۰ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَبِي يَحْيَى الْوَاسِطِيِّ بِاِسْنَادِهِ رَفَعَهُ اِلَى الصَّادِقِ عليه السلام قَالَ الدُّنْيَا سَبْعَةُ اَقَالِيمَ يَأْجُوجُ وَ مَأْجُوجُ وَ الرُّومُ وَ الصِّينُ وَ الزَّنْجُ وَ قَوْمُ مُوسَى وَ اَقَالِيمُ بَابِلَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دنیا میں سات اقلیم ہیں: (۱) یاجوج و ماجوج (۲) روم (۳) چین (۴) زنگ (۵) قوم موسیٰ (۶ و ۷) اقلیم ہائے بابل۔

سبعة مواطن ليس فيها دعاء موقت

سات مواقع عبادت کے ایسے ہیں جن کے لیے کوئی مخصوص دعا نہیں ہے

۴۱ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ بِاِسْنَادِهِ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ اِلَى اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام فَقَالَ سَبْعَةُ مَوَاطِنَ لَيْسَ فِيهَا دُعَاءٌ مُوَقَّتٌ الصَّلَاةُ عَلَى الْجَنَازَةِ وَ الْقُنُوتُ وَ الْمُسْتَجَارُ وَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةُ وَ الْوُقُوفُ بِعَرَفَاتٍ وَ رَكْعَتَا الطَّوَافِ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سات مواقع عبادت کے ایسے ہیں جن کے لیے کوئی مخصوص دعا نہیں ہے: (۱) نماز میت (۲) قنوت (۳) مستجار میں یعنی خانہ کعبہ سے باہر رکن یمانی سے متصل دروازہ کعبہ کے برابر (۴) صفا (۵) مروہ (۶) عرفات (۷) نماز طواف۔

سبعة لا يقرءون القرآن

سات اوقات میں تلاوت قرآن مکروہ ہے

۴۲ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْعَلَوِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ اَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ سَبْعَةٌ لَا يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ الرَّاكِعُ وَ السَّاجِدُ وَ فِي الْكَنِيفِ وَ فِي الْحَمَّامِ وَ الْجُنُبُ وَ النُّفَسَاءُ وَ الْحَائِضُ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه هذا على الكراهة لا على النهى و ذلك لأن الجنب و الحائض مطلق لهما قراءة القرآن إلا العزائم الأربع و هى سجدة لقمان و حم السجدة و النَّجْمِ إذا هَوى و سورة اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ و قد جاء الإطلاق للرجل فى قراءة القرآن فى الحمام ما لم يرد به الصوت إذا كان عليه مئزر و أما الركوع و السجود فلا يقرأ فيهما لأن الموظف فيهما التسبيح إلا ما ورد فى صلاة الحاجة و أما الكنيف فيجب أن يصان القرآن من أن يقرأ فيه و أما النفساء فتجرى مجرى الحائض فى ذلك.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سات آدمی قرآن نہ پڑھیں: (۱) جو رکوع میں ہو (۲) جو سجدہ میں ہو (۳) جو پائخانہ میں ہو (۴) حمام میں ہو (۵) جنابت میں (۶) نفاس میں (۷) حیض میں۔

مصنف فرماتے ہیں کہ ان مقامات پر قرآن کی تلاوت مکروہ ہے حرام نہیں ہے کیونکہ حائض و مجنب چاہیں تو قرآن کی تلاوت کر سکتے ہیں سوائے ان آیات کے جن میں سجدہ واجب ہے اور وہ چار سورتیں ہیں (۱) سورۂ حم سجدہ (۲) سورۂ سجدہ (۳) سورۂ نجم (۴) سورۂ علق۔ اسی طرح اگر کوئی حمام میں قرآن پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے مگر بلند آواز سے نہ پڑھے اور تہمد باندھے ہوئے ہو یعنی قمر سے گھٹنوں تک جسم کپڑے میں چھپا ہوا ہو، باقی رہا رکوع و سجود میں قرآن کی تلاوت تو یہاں اس بنا پر تلاوت نہیں کرنی چاہئے کہ رکوع و سجود میں حکم یہ ہے کہ تسبیح خدا بجالائی جائے، نفاس کا حکم بھی حائض والا حکم ہے

نزل القرآن على سبعة أحرف

قرآن سات حرفوں پر نازل ہوا

۴۳ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الصَّيْرَفِيِّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام اِنَّ الْاَحَادِيثَ تَخْتَلِفُ عَنْكُمْ قَالَ فَقَالَ اِنَّ الْقُرْآنَ نَزَلَ عَلَى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ وَ اَدْنَى مَا لِلْاِمَامِ اَنْ يُفْتِيَ عَلَى سَبْعَةِ وُجُوهٍ ثُمَّ قَالَ هذا عَطاؤُنا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسابٍ.

حماد بن مسلم راوی ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی کہ ہم لوگوں تک حضرات ائمہ علیہم السلام سے مختلف حدیثیں پہنچی ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ قرآن سات حرفوں پر نازل ہوا ہے اور کم سے کم جو ہم کو سہولت دے گئی وہ یہ ہے کہ ہم جس طرح ہیں پڑھنے کا حکم دیں۔ اس کے بعد فرمایا کہ یہ ہماری بخشش ہے دیں یا نہ دیں۔ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس ایک فرشتہ بحکم خداوند عالم آیا اور کہا ارشاد الٰہی ہے کہ قرآن کو ایک حرف پر پڑھو۔ میں نے عرض کی پروردگارا

میری امت کے لیے وسعت فرما حکم ہوا کہ قرآن سات حرفوں پر پڑھو۔

۴۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللهِ الْهَاشِمِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عليهم السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اَتَانِي آتٍ مِنَ اللهِ فَقَالَ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَأْمُرُكَ اَنْ تَقْرَاَ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ وَاحِدٍ فَقُلْتُ يَا رَبِّ وَسِّعْ عَلَى اُمَّتِي فَقَالَ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَأْمُرُكَ اَنْ تَقْرَاَ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ وَاحِدٍ فَقُلْتُ يَا رَبِّ وَسِّعْ عَلَى اُمَّتِي فَقَالَ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَأْمُرُكَ اَنْ تَقْرَاَ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ وَاحِدٍ فَقُلْتُ يَا رَبِّ وَسِّعْ عَلَى اُمَّتِي فَقَالَ اِنَّ اللهَ يَأْمُرُكَ اَنْ تَقْرَاَ الْقُرْآنَ عَلَى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ.

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس ایک فرشتہ بحکم خداوند عالم آیا اور کہا ارشاد الٰہی ہے کہ قرآن کو ایک حرف پر پڑھو۔ میں نے عرض کی پروردگارا میری امت کے لیے وسعت فرما، پھر حکم الٰہی ہوا کہ قرآن کو ایک حرف پر پڑھو۔ میں نے عرض کی پروردگارا میری امت کے لیے وسعت فرما، پھر حکم الٰہی ہوا کہ قرآن کو ایک حرف پر پڑھو۔ میں نے عرض کی پروردگارا میری امت کے لیے وسعت فرما، پھر حکم الٰہی ہوا کہ قرآن کو سات حروف پر پڑھو۔

خلق الله عز وجل في الأرض منذ خلقها سبعة عالمين

پروردگار عالم نے زمین پر سات گروہ صاحبان عقل وخرد پیدا کیے

۴۵ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ هِلَالٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ عليه السلام يَقُولُ لَقَدْ خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي الْاَرْضِ مُنْذُ خَلَقَهَا سَبْعَةَ عَالَمِينَ لَيْسَ هُمْ وُلْدَ آدَمَ خَلَقَهُمْ مِنْ اَدِيمِ الْاَرْضِ فَاَسْكَنَهُمْ فِيهَا وَاحِداً بَعْدَ وَاحِدٍ مَعَ عَالَمِهِ ثُمَّ خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ آدَمَ اَبَا هَذَا الْبَشَرِ وَ خَلَقَ ذُرِّيَّتَهُ مِنْهُ وَ لَا وَ اللهِ مَا خَلَتِ الْجَنَّةُ مِنْ اَزْوَاجِ الْمُؤْمِنِينَ مُنْذُ خَلَقَهَا وَ لَا خَلَتِ النَّارُ مِنْ اَزْوَاجِ الْكُفَّارِ وَ الْعُصَاةِ مُنْذُ خَلَقَهَا عَزَّ وَ جَلَّ لَعَلَّكُمْ تَرَوْنَ اَنَّهُ كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ صَيَّرَ اللهُ اَبْدَانَ اَهْلِ الْجَنَّةِ مَعَ اَزْوَاجِهِمْ فِي الْجَنَّةِ وَ صَيَّرَ اَبْدَانَ اَهْلِ النَّارِ مَعَ اَزْوَاجِهِمْ فِي النَّارِ اَنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ لَا يُعْبَدَ فِي بِلَادِهِ وَ لَا يَخْلُقُ خَلْقاً يَعْبُدُونَهُ وَ يُوَحِّدُونَهُ وَ يُعَظِّمُونَهُ بَلَى وَ اللهِ لَيَخْلُقَنَّ اللهُ خَلْقاً مِنْ غَيْرِ فُحُولَةٍ وَ لَا اِنَاثٍ يَعْبُدُونَهُ وَ يُوَحِّدُونَهُ وَ يُعَظِّمُونَهُ وَ يَخْلُقُ لَهُمْ اَرْضاً تَحْمِلُهُمْ وَ سَمَاءً تُظِلُّهُمْ اَلَيْسَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ

وَ السَّماواتُ وَ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ اَفَعَيِينا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ.

محمد بن مسلم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا ہے کہ فرش زمین بچھانے کے بعد پروردگار عالم نے سات گروہ صاحبان عقل وخرد کے ایسے پیدا کیے جو حضرت آدم ابوالبشر کی اولاد سے نہ تھے۔ ان سب کو مٹی ہی سے پیدا کیا۔ ایک کے بعد دوسرا دستہ پیدا ہوتا رہا اس کے بعد خداوند عالم نے ابوالبشر جناب آدم کو پیدا کیا جن کی اولاد آج موجود ہے۔

بخدا جس دن سے خداوند عالم نے بہشت کو پیدا کیا مومنین کے فائدہ اٹھانے کی جگہ رہی اور جس دن سے جہنم کی پیدا کیا کفار کے لیے عذاب کی جگہ رہی۔ شاید تمہارا یہ عقیدہ ہے کہ مومنین و کافرین کے جنت و دوزخ میں جانے کے بعد پھر نہ کوئی خدا کی عبادت کرنے والا ہوگا نہ زمین نہ آسمان۔ خداوند عالم نے اپنی کتاب محکم سورۂ ابراہیم میں فرمایا ہے کہ وہ روز جب زمین دوسری زمین اور آسمان دوسرا آسمان ہوگا اور سورہ ق میں برسبیل انکار فرمایا ہے کہ کیا میں پہلی آفرینش سے عاجز ہوگیا بلکہ وہ لباسِ تازہ آفرینش میں بسر کریں گے۔

لا يكون في السماوات والأرض شيء إلا بسبعة

عالم میں ہر حادثہ سات صورتوں میں کسی ایک صورت سے ہوتا ہے

۴۳ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ عِمْرَانَ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ الْاَوَّلِ عليه السلام قَالَ لَا يَكُونُ شَيْءٌ فِي السَّمَاوَاتِ وَ الْاَرْضِ اِلَّا بِسَبْعَةٍ بِقَضَاءٍ وَ قَدَرٍ وَ اِرَادَةٍ وَ مَشِيئَةٍ وَ كِتَابٍ وَ اَجَلٍ وَ اِذْنٍ فَمَنْ قَالَ غَيْرَ هَذَا فَقَدْ كَذَبَ عَلَى اللهِ اَوْ رَدَّ عَلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَ.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ عالم میں ہر حادثہ سات صورتوں میں کسی ایک صورت سے ہوتا ہے: (۱) قضا و (۲) قدر (۳) ارادہ (۴) مشیت (۵) سرنوشت یعنی لکھا ہوا (۶) اجل و اندازہ (۷) اذن۔ جو اس کے علاوہ کسی شئے کو سبب جانے وہ اللہ پر جھوٹ بولتا ہے۔

كبر النبي صلى الله عليه وآله وسلم على النجاشي لما مات سبعا

نجاشی کی موت کے وقت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سات بار تکبیر کہی

۴۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسْتَرْآبَادِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ زِيَادٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ مُوسَى الرِّضَا عَنْ اَبِيهِ

مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله لَمَّا أَتَاهُ جَبْرَئِيلُ بِنَعْيِ النَّجَاشِيِّ بَكَى بُكَاءَ حَزِينٍ عَلَيْهِ وَ قَالَ إِنَّ أَخَاكُمْ أَصْحَمَةَ وَ هُوَ اسْمُ النَّجَاشِيِّ مَاتَ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْجَبَّانَةِ وَ صَلَّى عَلَيْهِ وَ كَبَّرَ سَبْعاً فَخَفَضَ اللهُ لَهُ كُلَّ مُرْتَفِعٍ حَتَّى رَأَى جِنَازَتَهُ وَ هُوَ بِالْحَبَشَةِ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جب حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جبریل نے نجاشی بادشاہ حبشہ کی موت کی خبر دی تو حضرت بہت روئے خداوند عالم نے حبشہ تک ہر زمین بلند کو پست کر دیا اور نجاشی کا جنازہ حضرت نے دیکھا اور نماز جنازہ پڑھی اور سات تکبیریں کہیں مدینہ سے باہر نکل کر نماز جنازہ ایک میدان میں پڑھی گئی۔

إذا غضب الله عز وجل على أمة ولم ينزل بها العذاب أصابها بسبعة أشياء

جب خداوند عالم کسی قوم پر غضبناک ہوتا ہے تو ان پر سات بلائیں نازل کرتا ہے

۴۸ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْكُوفِيِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ مَنْدَلِ بْنِ عَلِيٍّ الْعَنْزِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُطَرِّفٍ عَنْ مِسْمَعٍ عَنِ الْأَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله إِذَا غَضِبَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَى أُمَّةٍ وَ لَمْ يُنْزِلْ بِهَا الْعَذَابَ غَلَتْ أَسْعَارُهَا وَ قَصُرَتْ أَعْمَارُهَا وَ لَمْ تَرْبَحْ تُجَّارُهَا وَ لَمْ تَزْكُ ثِمَارُهَا وَ لَمْ تَغْزُرْ أَنْهَارُهَا وَ حُبِسَ عَنْهَا أَمْطَارُهَا وَ سُلِّطَ عَلَيْهَا أَشْرَارُهَا.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب خداوند عالم کسی قوم پر غضبناک ہوتا ہے تو ان پر سات بلائیں نازل کرتا ہے: (۱) غلہ کی گرانی (۲) عمر کی کوتاہی (۳) تجارت بے فائدہ (۴) پھلوں کی کمی (۵) نہروں کی خشکی (۶) بارش کا نہ ہونا (۷) اور شریر حاکم کا تسلط۔

حب النبي وأهل بيته عليهم السلام ينفع في سبعة مواطن

محمد و آل محمد علیہم السلام کی محبت سات مقامات پر فائدہ دیتی ہے

۴۹ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَمْدَانَ الْقُشَيْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهَلَّبِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ الْكِلَابِيُّ الْكُوفِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ ثَابِتٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله حُبِّي وَ حُبُّ أَهْلِ بَيْتِي نَافِعٌ فِي سَبْعَةِ مَوَاطِنَ أَهْوَالُهُنَّ عَظِيمَةٌ عِنْدَ الْوَفَاةِ وَ فِي الْقَبْرِ وَ عِنْدَ النُّشُورِ وَ

عِنْدَ الْكِتَابِ وَ عِنْدَ الْحِسَابِ وَ عِنْدَ الْمِيزَانِ وَ عِنْدَ الصِّرَاطِ.

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری اور میرے اہل بیت کی محبت سات موقعوں پر کام آئے گی: (۱) وقت وفات (۲) قبر میں (۳) جب قبر سے اٹھے گا (۴) جب نامہ عمل ہاتھ میں دیا جائے گا (۵) جب حساب ہوگا (۶) جب وزن اعمال ہوگا (۷) جب پل صراط سے گزرو گے۔

ماروي من طريق العامة أن الأرض خلقت لسبعة

اہل سنت سے روایت ہے کہ زمین سات افراد کے لئے خلق کی گئی

۵۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْبَغْدَادِيُّ الْحَافِظُ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبُو عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي عَتَّابٌ يَعْنِي ابْنَ صُهَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللهِ الْعُمَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ خُلِقَتِ الْأَرْضُ لِسَبْعَةٍ بِهِمْ يُرْزَقُونَ وَ بِهِمْ يُمْطَرُونَ وَ بِهِمْ يُنْصَرُونَ أَبُو ذَرٍّ وَ سَلْمَانُ وَ الْمِقْدَادُ وَ عَمَّارٌ وَ حُذَيْفَةُ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ عَلِيٌّ عليه السلام وَ أَنَا إِمَامُهُمْ وَ هُمُ الَّذِينَ شَهِدُوا الصَّلَاةَ عَلَى فَاطِمَةَ A.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه معنى قوله خلقت الأرض لسبعة نفر ليس يعنى من ابتدائها إلى انتهائها و إنما يعنى بذلك أن الفائدة فى الأرض قدرت فى ذلك الوقت لمن شهد الصلاة على فاطمة A و هذا خلق تقدير لا خلق تكوين.

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ زمین سات آدمیوں کے لیے پیدا ہوائی ہے جن کی برکت سے تم کو روزی ملتی ہے، بارش ہوتی ہے دشمنان دین پر فتح پاتے ہو: (۱) ابوذرؓ (۲) سلمانؓ (۳) عمار یاسرؓ (۴) حذیفہؓ (۵) عبداللہ بن مسعودؓ (۶) تعداد اور ساتواں ان سب کا امام و پیشوا۔ یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پر نماز جنازہ پڑھی ہے۔

مصنف فرماتے ہیں کہ اس حدیث شریف کا یہ مطلب نہیں کہ یہ حضرات یعنی اصحاب وجہ خلقت زمین ہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ زن کے زمانے میں تمام برکتیں ان کے طفیل میں ہوتی ہیں اور میں ان کا امام و پیشوا ہوں بیشک محمد و آل محمد علیہم السلام وجہ خلقت عالم ہیں۔

للنار سبعة أبواب

جہنم کے سات دروازے ہیں

۵۱ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ الرِّزْقِيِّ عَنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عليه السلام قَالَ لِلنَّارِ سَبْعَةُ اَبْوَابٍ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ فِرْعَوْنُ وَ هَامَانُ وَ قَارُونُ وَ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ الْمُشْرِكُونَ وَ الْكُفَّارُ مِمَّنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِاللهِ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ بَنُو اُمَيَّةَ هُوَ لَهُمْ خَاصَّةً لَا يُزَاحِمُهُمْ فِيهِ اَحَدٌ وَ هُوَ بَابُ لَظَى وَ هُوَ بَابُ سَقَرَ وَ هُوَ بَابُ الْهَاوِيَةِ تَهْوِي بِهِمْ سَبْعِينَ خَرِيفاً وَ كُلَّمَا هَوَى بِهِمْ سَبْعِينَ خَرِيفاً فَارَ بِهِمْ فَوْرَةً قَذَفَ بِهِمْ فِي اَعْلَاهَا سَبْعِينَ خَرِيفاً ثُمَّ تَهْوِي بِهِمْ كَذَلِكَ سَبْعِينَ خَرِيفاً فَلَا يَزَالُونَ هَكَذَا اَبَداً خَالِدِينَ مُخَلَّدِينَ وَ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ مُبْغِضُونَا وَ مُحَارِبُونَا وَ خَاذِلُونَا وَ اِنَّهُ لَاَعْظَمُ الْاَبْوَابِ وَ اَشَدُّهَا حَرّاً.

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ الرِّزْقِيُّ فَقُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام الْبَابُ الَّذِي ذَكَرْتَ عَنْ اَبِيكَ عَنْ جَدِّكَ عليه السلام اَنَّهُ يَدْخُلُ مِنْهُ بَنُو اُمَيَّةَ يَدْخُلُهُ مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ عَلَى الشِّرْكِ اَوْ مَنْ اَدْرَكَ مِنْهُمُ الْاِسْلَامَ فَقَالَ لَا اُمَّ لَكَ اَلَمْ تَسْمَعْهُ يَقُولُ وَ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ الْمُشْرِكُونَ وَ الْكُفَّارُ فَهَذَا الْبَابُ يَدْخُلُ فِيهِ كُلُّ مُشْرِكٍ وَ كُلُّ كَافِرٍ لَا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ وَ هَذَا الْبَابُ الْآخَرُ يَدْخُلُ مِنْهُ بَنُو اُمَيَّةَ لِاَنَّهُ هُوَ لِاَبِي سُفْيَانَ وَ مُعَاوِيَةَ وَ آلِ مَرْوَانَ خَاصَّةً يَدْخُلُونَ مِنْ ذَلِكَ الْبَابِ فَتَحْطِمُهُمُ النَّارُ حَطْماً لَا تَسْمَعُ لَهُمْ فِيهَا وَاعِيَةً وَ لَا يَحْيَوْنَ فِيهَا وَ لَا يَمُوتُونَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے آبائے طاہرین علیہم السلام کے واسطے سے نے فرمایا ہے کہ جہنم کے سات دروازے ہیں۔ ایک دروازے سے فرعون و ہامان و قارون داخل ہوں گے۔ دوسرے سے مشرکین و کفار اور وہ جس نے بقدر چشم زدن وجود باری تعالیٰ سے انکار کیا ہوگا اور تیسرے دروازے سے بنی امیہ کے علاوہ اور کوئی نہ جائے گا۔ اس کا عذاب نہایت شدید ہوگا۔ ستر خریف تک یہ قعر دوزخ میں رہیں گے (اور ہر خریف ۸۰ سال کی ہوتی ہے)۔ چوتھے دروازے سے ہمارے دشمن اور ہم سے جنگ کرنے والے اور ہماری مدد نہ کرنے والے داخل ہوں گے اور یہ دروازہ سب سے بزرگ ہے۔

محمد بن فضیل نے حضرت عرض کی کہ آیا کفار بنی امیہ اس دروازے سے داخل ہوں گے یا مسلمین بھی۔

فرمایا: کفار ومشرکین کے لیے تو پہلے بھی ذکر کیا گیا ہے کہ ان کے لیے ایک مخصوص دروازہ ہے اور یہ دروازہ تو بنا ہی صرف بنی امیہ کے لیے ہے، جس سے ابوسفیان، معاویہ اور آل مروان داخل ہوں گے۔

اس حدیث شریف کے عنوان میں سات دروازوں کا ذکر ہے اور تفضیل میں صرف چار دروازوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

يحاج علي عليه السلام الناس يوم القيامة بسبع خصال

حضرت علی علیہ السلام بروز قیامت لوگوں پر سات خصلتوں کو حجت قرار دیں گے

۵۲ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله لِعَلِيٍّ عليه السلام اُحَاجُّكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَاُحَاجُّكَ بِالنُّبُوَّةِ وَ تُحَاجُّ قَوْمَكَ فَتُحَاجُّهُمْ بِسَبْعِ خِصَالٍ اِقَامِ الصَّلَاةِ وَ اِيتَاءِ الزَّكَاةِ وَ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ الْعَدْلِ فِي الرَّعِيَّةِ وَ الْقَسْمِ بِالسَّوِيَّةِ وَ الْاَخْذِ بِاَمْرِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ اَمَا عَلِمْتَ يَا عَلِيُّ اَنَّ اِبْرَاهِيمَ عليه السلام مُوَافِينَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُدْعَى فَيُقَامُ عَنْ يَمِينِ الْعَرْشِ فَيُكْسَى كِسْوَةَ الْجَنَّةِ وَ يُحَلَّى مِنْ حُلِيِّهَا وَ يَسِيلُ لَهُ مِيزَابٌ مِنْ ذَهَبٍ مِنَ الْجَنَّةِ فَيَهَبُ مِنَ الْجَنَّةِ مَا هُوَ اَحْلَى مِنَ الشَّهْدِ وَ اَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ وَ اَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ وَ اُدْعَى اَنَا فَاُقَامُ عَنْ شِمَالِ الْعَرْشِ فَيُفْعَلُ بِي مِثْلُ ذَلِكَ ثُمَّ تُدْعَى اَنْتَ يَا عَلِيُّ فَيُفْعَلُ بِكَ مِثْلُ ذَلِكَ اَمَا تَرْضَى يَا عَلِيُّ اَنْ تُدْعَى اِذَا دُعِيتُ اَنَا وَ تُكْسَى اِذَا كُسِيتُ اَنَا وَ تُحَلَّى اِذَا حُلِّيتُ اَنَا اِنَّ اللهَ عَزَّ ذِكْرُهُ اَمَرَنِي اَنْ اُدْنِيَكَ فَلَا اُقْصِيَكَ وَ اُعَلِّمَكَ فَلَا اَجْفُوَكَ وَ حَقّاً عَلَيْكَ اَنْ تَعِيَ وَ حَقّاً عَلَيَّ اَنْ اُطِيعَ رَبِّي تَبَارَكَ وَ تَعَالَى.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امیر المومنین علیہ السلام سے نے فرمایا ہے کہ یا علی بروز قیامت میں اپنی نبوت کو تم پر حجت قرار دوں گا اور مسئول قرار دوں گا اور تم سات خصلتوں کو اپنی ملت پر حجت قرار دو گے اور ان سے سوال کرو گے: (۱) نماز قائم رکھنے (۲) زکوٰۃ دینے (۳) نیکیوں کا حکم دینے (۴) گناہوں سے رُکنے (۵) رعایا کے درمیان عدالت (۶) بیت المال کی تقسیم عادلانہ کارگزار مسلمانوں کے درمیان (۷) احکام الٰہی پر عمل۔

اے علیؑ! کیا تمہیں نہیں معلوم کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام روزِ قیامت ہمارے روبرو ہوں گے ان کو بلا کر عرش کے داہنی جانب کھڑا کیا جائے گا اور پھر انہیں بہشتی لباس سے آراستہ کیا جائے گا اور ان کے سونے کی ایک بہشتی نہر بہائی جائے گی اور انہیں جنت کا وہ پانی دیا جائے گا جو شہد سے بھی میٹھا اور دودھ سے زیادہ سفید اور برف سے زیادہ سرد ہوگا۔ نیز مجھے پکارا جائے

گا تو میں عرش کی بائیں جانب کھڑا ہو جاؤں گا اور میرے ساتھ بھی ایسا ہی کیا جائے اور اس کے بعد اے علیؑ! تمہیں بلایا جائے گا اور تمہارے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک روا رکھا جائے گا۔

اے علیؑ! کیا تم راضی نہیں ہو اس بات پر کہ جب مجھے پکارا جائے تو تمہیں بھی بلایا جائے جب مجھے پوشاک پہنائی جائے تو تمہیں بھی پوشاک پہنائی جائے اور جب مجھے زیورات سے آراستہ کیا جائے تو تمہیں بھی زیورات سے آراستہ کیا جائے۔ بلاشبہ اللہ عزوجل نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں اپنے قریب رکھوں اور فدور نہ کروں اور میں تم کو تعلیم دوں اور تم پر جفا نہ کرو لہٰذا تم پر لازم ہے کہ میری بات یاد رکھو اور مجھ پر لازم ہے کہ میں اپنے پروردگار کی اطاعت کروں۔

۵۳ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَلَوِيُّ الْعَبَّاسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَالِكٍ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ مُوسَى بْنِ طَرِيفٍ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام اُحَاجُّ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِسَبْعٍ اِقَامِ الصَّلَاةِ وَ اِيتَاءِ الزَّكَاةِ وَ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ الْقَسْمِ بِالسَّوِيَّةِ وَ الْعَدْلِ فِي الرَّعِيَّةِ وَ اِقَامِ الْحُدُودِ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں سات خصلتوں کو لوگوں پر حجت قرار دوں گا اور ان سے سوال کروں گا: (۱) نماز قائم رکھنے (۲) زکوٰۃ دینے (۳) نیکیوں کا حکم دینے (۴) گناہوں سے رُکنے (۵) بیت المال کی تقسیم عادلانہ کارگزار مسلمانوں کے درمیان (۶) رعایا کے درمیان عدالت (۷) احکام الٰہی کا قیام۔

۵۴ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّكُونِيُّ الْمُزَكِّي الْكُوفِيُّ بِالْكُوفَةِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَالِدٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله لِعَلِيٍّ عليه السلام اُخَاصِمُكَ بِالنُّبُوَّةِ وَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَ تُخَاصِمُ النَّاسَ بِسَبْعٍ وَ لَا يُحَاجُّكَ فِيهِنَّ اَحَدٌ مِنْ قُرَيْشٍ لِاَنَّكَ اَنْتَ اَوَّلُهُمْ اِيمَاناً وَ اَوْفَاهُمْ بِعَهْدِ اللهِ وَ اَقْوَمُهُمْ بِاَمْرِ اللهِ وَ اَقْسَمُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ وَ اَعْدَلُهُمْ فِي الرَّعِيَّةِ وَ اَبْصَرُهُمْ فِي الْقَضِيَّةِ وَ اَعْظَمُهُمْ عِنْدَ اللهِ مَزِيَّةً.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: میں تم کو اپنی نبوت کا ذمہ دار ٹھہراتا ہوں جبکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور تم لوگوں سے سات چیزوں سے متعلق محاکمہ وفخر کرو گے اور قریش کے لوگوں میں سے کوئی ان کے مقابلے میں تم پر حجت نہیں رکھتا ہوگا۔ (۱) تم ان میں سب سے پہلے ایمان لائے (۲) ان میں سب سے باوفا شخص تم ہو (۳) سب سے زیادہ امر الٰہی کی تکمیل کے تم کرتے ہو (۴) سب سے زیادہ عادل مقسم تم ہو (۵) عوام کے ساتھ سب سے زیادہ عدل تم کرتے ہو

(۶) قضاوت کی بصیرت سب سے زیادہ تم میں ہے (۷) خصوصیت کے لحاظ سے سب سے عظیم تم ہو۔

الأخوات من أهل الجنة سبع

سات خواتین جنت

۵۵ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی نَصْرٍ الْبَزَنْطِیِّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَیْدٍ عَنْ اَبِی بَصِیرٍ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیہ السلام قَالَ سَمِعْتُہُ یَقُولُ رَحِمَ اللّٰہُ الْاَخَوَاتِ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ فَسَمَّاھُنَّ اَسْمَاءَ بِنْتُ عُمَیْسٍ الْخَثْعَمِیَّۃُ وَ کَانَتْ تَحْتَ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی طَالِبٍ علیہ السلام وَ سَلْمَی بِنْتُ عُمَیْسٍ الْخَثْعَمِیَّۃُ وَ کَانَتْ تَحْتَ حَمْزَۃَ وَ خَمْسٌ مِنْ بَنِی ھِلَالٍ مَیْمُونَۃُ بِنْتُ الْحَارِثِ کَانَتْ تَحْتَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ اُمُّ الْفَضْلِ عِنْدَ الْعَبَّاسِ اسْمُھَا ھِنْدٌ وَ الْغُمَیْصَاءُ اُمُّ خَالِدِ بْنِ الْوَلِیدِ وَ عَزَّۃُ کَانَتْ فِی ثَقِیفٍ عِنْدَ الْحَجَّاجِ بْنِ غلاظ [عِلَاطٍ] وَ حَمِیدَۃُ وَ لَمْ یَکُنْ لَھَا عَقِبٌ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خداوند عالم رحمت فرمائے خواہران بہشتی پر (۱) اسماء بنت عمیس زوجہ جناب جعفر طیار (۲) سلمی بنت عمیس زوجہ جناب حمزہ سید الشہداء (۳) میمونہ بنت حارث زوجہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (۴) ام الفضل زوجہ عباس بن عبد المطلب رحمہ جن کا نام ہند تھا (۵) غمیصاء مادر خالد بن ولید (۶) عزت زوجہ حجاج بن غلاظ (۷) حمیدہ جو لاولد تھیں۔

الكبائر سبع

سات گناہان کبیرہ

۵۶ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ زَکَرِیَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَکْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ حَبِیبٍ قَالَ حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنِی عَلِیُّ بْنُ حَسَّانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ کَثِیرٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام قَالَ اِنَّ الْکَبَائِرَ سَبْعٌ فِینَا نَزَلَتْ وَ مِنَّا اسْتُحِلَّتْ فَاَوَّلُھَا الشِّرْکُ بِاللّٰہِ الْعَظِیمِ وَ قَتْلُ النَّفْسِ الَّتِی حَرَّمَ اللّٰہُ وَ اَکْلُ مَالِ الْیَتِیمِ وَ عُقُوقُ الْوَالِدَیْنِ وَ قَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ وَ الْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ وَ اِنْکَارُ حَقِّنَا وَ اَمَّا الشِّرْکُ بِاللّٰہِ فَقَدْ اَنْزَلَ اللّٰہُ فِینَا مَا اَنْزَلَ وَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِینَا مَا قَالَ فَکَذَّبُوا اللّٰہَ وَ کَذَّبُوا رَسُولَہُ فَاَشْرَکُوا بِاللّٰہِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ اَمَّا قَتْلُ النَّفْسِ الَّتِی حَرَّمَ اللّٰہُ فَقَدْ قَتَلُوا الْحُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ علیہ السلام وَ اَصْحَابَہُ وَ اَمَّا اَکْلُ مَالِ الْیَتِیمِ فَقَدْ ذَھَبُوا بِفَیْئِنَا الَّذِی جَعَلَہُ اللّٰہُ لَنَا فَاَعْطَوْہُ غَیْرَنَا وَ اَمَّا عُقُوقُ الْوَالِدَیْنِ فَقَدْ اَنْزَلَ اللّٰہُ عَزَّ وَ جَلَّ فِی کِتَابِہِ النَّبِیُّ اَوْلَی

بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَ أَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ فَعَقُّوا رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي ذُرِّيَّتِهِ وَ عَقُّوا أُمَّهُمْ خَدِيجَةَ فِي ذُرِّيَّتِهَا وَ أَمَّا قَذْفُ الْمُحْصَنَةِ فَقَدْ قَذَفُوا فَاطِمَةَ علیہا السلام عَلَى مَنَابِرِهِمْ وَ أَمَّا الْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ فَقَدْ أَعْطَوْا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ علیہ السلام بَيْعَتَهُمْ طَائِعِينَ غَيْرَ مُكْرَهِينَ فَفَرُّوا عَنْهُ وَ خَذَلُوهُ وَ أَمَّا إِنْكَارُ حَقِّنَا فَهَذَا مِمَّا لَا يَتَنَازَعُونَ فِيهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ گناہان کبیرہ سات ہیں جو ہماری مخالفت و ہتک حرمت کی بنا پر ہیں: (۱) شرک باللہ (۲) قتل نفس محترم (۳) یتیم کا مال کھانا (۴) حقوق والدین کا لحاظ نہ کرنا (۵) پاکدامن عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگانا (۶) جہاد سے بھاگ جانا (۷) اہلبیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق کی رعایت نہ کرنا اور اس سے انکار کرنا۔

شرک باللہ یوں ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کو ہماری اطاعت و فرمانبرداری کا حکم دیا حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی تاکید فرمائی لیکن امت نے اس کے خلاف کیا اور جو حق تھا عداوت کرنے کا اس طرح دشمنی کی اور خدا و رسول کی تکذیب و نافرمانی کر کے ہمارے دشمن مشرک قرار پائے۔ انہوں نے اپنے نفس امارہ کی خواہش کو حکم باری عزاسمہ اور فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مقدم رکھا۔

پہلا مقام حیات نبی میں یہ تھا کہ جب اللہ تعالیٰ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رسالت کا بار اٹھانے کو کہا تو اگرچہ میں اس وقت اپنے خاندان میں سب سے کم سن تھا، ان کی خدمت میں لگا رہتا تھا اور جو وہ حکم بھی دیتے اس کو بجالانے کی پوری پوری کوشش کرتا اور اس وقت آپ نے بنو عبدالمطلب کے ہر چھوٹے بڑے شخص کو ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' کی شہادت دینے کو کہا مگر ان لوگوں نے بات نہ مانی اور انکار کرتے ہوئے ان سے روگردانی کی، ان کے مقابلے میں آ کھڑے ہوئے حتیٰ کہ ان سے کنارہ کشی کر لی، ان سے دور رہنے لگے، تمام لوگوں کو ان سے دور کر دیا، ان کا مخالف بنا دیا اور جو باتیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے سامنے پیش کیں انہیں ان کے دل برداشت نہ کر سکے اور نہ ہی ان کی عقل نے درک کیا لہٰذا یہ سب باتیں ان پر گراں گزریں، لیکن صرف میں نے ان کی آواز پر لبیک کہی اور جس چیز کی انہوں نے مجھے دعوت دی میں نے اس پر یقین کرتے ہوئے ان کی اطاعت میں فوراً ہی اسے قبول کر لیا اور مجھے ان باتوں میں ذرا بھر شک نہ گزرا اور اسی حالت میں ہم نے تین سال گزار دیئے، سوائے میرے اور حضرت خدیجہؑ بنت خویلد کے کسی اور نے نماز پڑھی اور نہ ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے گواہی دی۔

اس بات کے بعد آپ نے اپنے اصحاب کی جانب رخ کیا اور ان سے کہا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے کہا: اے امیر المومنین، ہاں، بالکل ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت نے فرمایا؛ اے برادر یہود! دوسرا مقام حیات نبی میں یہ تھا کہ قریش مسلسل نبی کے قتل کی سازشیں اور

باہمی مشورے کرتے رہے یہاں تک ایک وقت وہ بھی آیا کہ جب کہ لوگ اپنی مشورہ گاہ ''دارالندوہ'' میں جمع ہوئے درحالیکہ ابلیس ملعون بھی وہاں بنی ثقیف کے ایک کانے کی صورت میں موجود تھا اور اپنی رائے کے اظہار میں کسی سے پیچھے نہیں تھا اور وہ سب اس بات پر متفق ہو گئے کہ قریش کے ہر قبیلے سے کوئی نہ کوئی شریک ہوگا اور سب مل کر تلوار سے وار کریں گے گویا ایک ہی انسان نے وار کیا ہو اور اس طرح انہیں قتل کر دیں گے، پھر جب قتل میں کامیاب ہو جائیں گے تو ناچار ہر قبیلہ اپنے نمائندہ کی حمایت میں قیام کرے گا، اس (قاتل) کی وکالت کرے گا اور قصاص کو بہرصورت تسلیم نہ کرے گا اور اس طرح یہ خون رائیگاں جائے گا۔ چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ السلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہیں اس بات سے اور حتی اس رات اور اس مقررہ گھڑی سے بھی آگاہ کر دیا کہ جب وہ مجتمع ہو کر آپ کے بستر پر حملہ کرنے والے تھے، اور انہیں وہاں سے مقررہ وقت پر غار کی جانب چلے جانے کو کہا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ خبر مجھے دی اور یہ کہا کہ میں ان کے بستر پر لیٹ جاؤں تا کہ اپنے نفس کے بدلے میں ان کی حفاظت کروں تو میں نے فوراً ہی لبیک کہا اور مجھے بہت مسرت ہوئی کہ آپ کی بجائے میں قتل ہو جاؤں گا اور اس طرح میں ان کے بستر پر لیٹ گیا۔ جب قریش کے لوگ آئے تو انہیں یقین تھا کہ وہ نبی کو قتل کر دیں گے مگر جب وہ اس مکان میں میرے روبرو آئے تو میں نے اپنی تلوار سونت لی اور ان سے اپنا دفاع کیا جس سے خدا اور عوام الناس سب واقف ہیں۔

اور اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کیا اور فرمایا؛ کیا ایسا نہیں تھا؟

سب حاضرین نے کہا: ہاں اے امیر المؤمنین، بالکل ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود! تیسرا مقام حیات نبی میں یہ تھا کہ ربیعہ کے دونوں بیٹے اور ابن عتبہ قریش کے سورما تھے اور جنگ بدر کے دن انہوں نے لڑنے کے لئے للکارا مگر قریش میں سے کوئی بھی ان کے مقابل نہ گیا تو اس وقت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے میرے دو ساتھیوں کے ساتھ ان کے مقابلے میں بھیجا درحالیکہ میں ان تینوں میں سے کم سن تھا نیز ان کا جنگی تجربہ بھی مجھ سے زیادہ تھا مگر خداوند عالم نے میرے ہاتھوں ولید اور شیبہ کو قتل کروایا۔ علاوہ ازیں قریش کے بہتیرے سورماؤں کو میں نے موت کے گھاٹ اتارا اور کئی افراد کو اسیر کیا جبکہ وہ افراد تعداد میں بھی ہم سے زیادہ تھے، البتہ اس روز میرے چچازاد بھائی شہید ہو گئے خدا ان پر رحمت کرے۔

اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام اپنے اصحاب کی جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب حاضرین نے جواباً کہا: اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود! چوتھا مقام حیات نبی میں یہ تھا کہ مکہ میں مقیم تمام عرب قبائل میں سے جو لوگ بچ گئے تھے وہ سب کے سب ہمارے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے تا کہ وہ ہم سے جنگ بدر کے مقتولین کے خون کا بدلہ

لے سکیں جو مشرکین قریش تھے۔ لہٰذا جبرائیل علیہ السلام نبیؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہیں اس بات سے مطلع کر دیا اور اس طرح نبی اور ان کے عسکری اصحاب نے اُحد کو اپنی لشکر گاہ بنالیا۔ جب مشرکین ہم تک پہنچے تو انہوں نے ہم پر دھاوا بول دیا اور سب مل کر ٹوٹ پڑے اور اس وجہ سے کچھ مسلمان شہید ہو گئے اور باقی سب بھاگ کھڑے ہوئے مگر میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وہیں موجود رہا یہاں تک کہ مدینہ کے مہاجرین و انصار بھی اپنے اپنے گھروں کو واپس لوٹ گئے؛ ہر کوئی کہہ رہا تھا نبیؐ اور ان کے اصحاب قتل کر دیئے گئے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو روسیاہ کر دیا مگر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے مجھے ستر سے بھی زائد زخم آئے جن میں سے کچھ یہ ہیں۔

یہ کہہ کر آپ نے اپنی چادر گرائی اور اس (یہودی) کا ہاتھ اپنے زخموں پر رکھ کے فرمایا: میں نے اس دن جو کام کیا ہے اس کا ثواب مجھے خدا دے گا۔ انشاالله۔

اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام اپنے اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا؛ کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے کہا: اے امیر المومنین، بے شک ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود! پانچواں مقام حیات نبی میں یہ تھا کہ قریش اور عرب نے اٹوٹ عہد و پیمان کر رکھا تھا کہ چاہے کچھ ہو جائے وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کر کے رہیں گے اور ان کے ساتھ ساتھ بنی عبد المطلب میں سے جو لوگ آپ کے ساتھ میل جول رکھتے تھے ان کو بھی قتل کر دیں گے اور اس کے بعد انہوں نے پوری تیاری کر لی اور اس غرض سے انہوں نے مدینہ میں پڑاؤ تک ڈال دیا کیونکہ ان کو یہ اطمینان تھا کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے، مگر حضرت جبرائیل علیہ السلام رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہیں اس بات کی طلاع پہنچا دی، چنانچہ آپ نے بنفس نفیس اور آپ کے ہمراہ مہاجرین و انصار نے خندقیں کھودیں۔ جب قریش نے دھاوا بولا تو انہوں نے خندق کے اردگرد ہمارا محاصرہ کر لیا، اس طرح انہوں نے اپنے آپ کو طاقتور اور ہمیں کمزور سمجھ لیا اور خوشی کے مارے شور و غوغا کرنے لگے درحالیکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں خدا کی طرف دعوت دے رہے تھے اور انہیں صلہ رحمی اور قرابت داری کی قسم دے رہے تھے مگر ان کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی، بلکہ یہ نصیحت محض ان کی سرکشی میں اضافے کا سبب بنی اور ان کے سورماؤں میں عمرو بن عبدوود بھی تھا جو ایک مست اونٹ کی طرح منہ زوری کر رہا تھا اور للکار رہا تھا کہ مجھ سا ہو تو سامنے آئے اور رجز پڑھتا جاتا تھا؛ کبھی اپنے نیزہ کو جنبش دیتا تھا تو کبھی اپنی تلوار کو۔ کسی میں اتنی ہمت نہ تھی کہ اس کے مقابل جاتا، حتیٰ کہ کسی کو اس میں کوئی دلچسپی تھی اور نہ ہی غیرت نام کی کوئی چیز! بصیرت کے وجود اس سے مقابلہ کا تو کوئی اظہار بھی نہیں کر رہا تھا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنی جگہ سے کھڑا کیا اور اپنے مبارک ہاتھوں سے میرے سر پر عمامہ باندھا اور مجھے یہ تلوار دی۔

یہ کہہ کر آپ نے ذوالفقار پر ہاتھ مارا۔

پس میں اس کے مقابل گیا تو مدینے کہ عورتیں گریہ وزاری کرنے لگیں؛ ایسا کرنا عمرو بن عبدوود کے خوف سے مجھ پر ترس کھانا تھا مگر خدا نے اسے میرے ہاتھوں قتل کیا اور اس کے بعد اب عرب کے پاس کوئی ایسا پہلوان نہیں ہے نیز اس نے مجھے یہ ضربت لگائی۔

آپ نے اپنے سر کی طرف اشارہ کیا جہاں زخم لگا تھا۔

پس اللہ نے اسی ضربت اور اسی کے سبب سے ان میں پیدا ہونے والی کھلبلی سے انہیں بھاگنے پر مجبور کر دیا۔

اس کے بعد حضرت علیؑ نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کیا اور فرمایا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے کہا؛ اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود! چھٹا مقام حیات نبی میں یہ تھا کہ ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینے میں تمہارے یہودی ساتھیوں سے خیبر میں مقابل ہوئے نیز ان کے قریشی سورماؤں اور دیگر لوگوں سے بھی ہمارا سامنا ہوا اور ان کے سوار اور پیدل ساتھی اور ان کا اسلحہ ہمارے سامنے پہاڑ کی مانند آ گئے؛ ان کے مکانات مضبوط تر اور ان کی افرادی قوت بھی ہم سے زیادہ تھی اور ان میں سے ہر کوئی للکار رہا تھا اور برملا مقابلے کی دعوت دے رہا تھا۔ لہٰذا جو ساتھی بھی ان سے مقابلہ کرتا مارا جاتا۔ بتدریج للکارے جانے کا شور بڑھتا گیا، آنکھیں خون سے بھرے پیالے کی مانند ہو گئیں اور ہر کوئی اپنی فکر میں پڑ گیا تو ہمرائیوں نے ایک دوسرے کو دیکھنا شروع کر دیا اور کہنے لگے، اے ابوالحسن، اے ابوالحسن اٹھو! رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنی جگہ سے کھڑا کیا اور ان کے مکانوں کے سامنے بھیج دیا لہٰذا جو کوئی باہر آتا تھا میں اسے قتل کر دیتا تھا اور میرے مقابل جو سورما بھی آیا میں نے اسے مسل کر رکھ دیا اور پھر میں نے ان پر ایسے حملہ کیا جیسے شیر اپنے شکار پر جھپٹتا ہے یہاں تک کہ میں شدید حملہ کرتے ہوئے ان کے شہر میں داخل ہو گیا اور میں نے ان کے قلعے کے دروازے کو اکھاڑ کر پھینکا اور تنہا ان پر حملہ آور ہوا حتی کہ ان کا جو مرد میرے سامنے آیا میں نے اسے قتل کر دیا او جو عورت سامنے آئی اسے اسیر بنا لیا یہاں تک کہ پورا قلعہ فتح کر لیا۔

اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کیا اور فرمایا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے کہا؛ اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود!

ساتواں مقام حیات نبی میں تھا کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فتح مکہ کی جانب متوجہ ہوئے تو میں نے چاہا کہ مکہ والوں سے درگزر کیا جائے اور انہیں ایک مرتبہ پھر خدا کی طرف دعوت دی جائے جس طرح کہ پہلے انہیں دعوت دی گئی تھی، پس رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو ایک خط تحریر کیا کہ جس میں انہیں تنبیہ کی گئی تھی اور عذاب الٰہی سے انہیں ڈرایا گیا تھا نیز ان

سے وعدہ کیا گیا تھا کہ ان سے درگزر سے کام لیا جائے گا اور انہیں مغفرت کی امید دلائی گئی جبکہ اس خط کے آخر میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورہ توبہ تحریر کی تا کہ ان کے سامنے اس کی بھی تلاوت کی جائے۔ جب یہ نامہ مکمل ہو گیا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر صحابی کے سامنے پیش کیا تا کہ وہ اس خط کو پہنچا دے مگر سب پیچھے ہٹ گئے یہاں تک کہ ان میں سے ایک شخص کو یہ نامہ دیا اور اسے روانہ کر دیا لیکن فوراً ہی حضرت جبرائیل علیہ السلام حاضر ہو کر کہنے لگے: اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ خط یا تو آپ خود پہنچائیں گے یا آپ کی نمائندگی میں آپ ہی کے خاندان میں سے کوئی جائے گا، لہٰذا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اس بات کی اطلاع دیتے ہوئے وہ خط میرے سپرد کیا تا کہ میں اسے مکہ کے باسیوں تک پہنچا دوں۔ میں مکہ کے لوگوں تک پہنچا جیسا کہ تم لوگ بھی اسے اچھی طرح جانتے ہو کہ ان میں سے ہر شخص اس بات پر آمادہ تھا کہ وہ اگر میرا گوشت کسی پہاڑ کی چوٹی پر آویزاں کر سکتا تو ضرور ایسا کر جاتا چاہے اسے اس کے بدلے اپنی جان، اہل خانہ، اولاد اور مال سے ہاتھ دھونا پڑتا۔ لہٰذا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پورا نامہ ان کو پڑھ کر سنا دیا تو ان کا ہر مرد اور ہر عورت مجھے دھمکیاں دینے لگے اور مجھ سے بدبین ہو گئے حتی کہ مجھ سے اپنی شدید دشمنی کا اظہار کرنے لگے لیکن جس طرح کہ تم لوگوں نے دیکھا میں اپنے ارادہ پر جما رہا۔

اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کیا اور پوچھا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے کہا: اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اے برادر یہود!

پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اے برادر یہود! یہ وہ مقامات تھے جن میں میری آزمائش اس وقت ہوئی جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے درمیان میں تھے اور بفضل خدا اس ذات نے مجھے اپنا اطاعت گزار پایا اور اس خصوصیت میں میرا کوئی شریک نہیں ہے جبکہ اگر میں چاہتا تو خود سے بیان کرتا مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے آپ کو سراہنے سے منع کیا ہے!

اس پر سب کہنے لگے: اے امیر المؤمنین آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرابت جیسی فضیلت عطا کی، آپ کو ان کا بھائی قرار دیا جیسا کہ حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے اور آپ کی ایک فضیلت یہ بھی ہے کہ آپ ان تمام مقامات پر ثابت قدم رہے اور تکلیفیں برداشت کیں، بلکہ جتنا تذکرہ آپ نے کیا ہے اس سے زیادہ فضیلت والے کارنامے تو وہ ہیں جن کا آپ نے تذکرہ تک نہیں کیا۔ نیز ہم مسلمانوں میں تو آپ کی ذات بے مثال ہے اور ہر کوئی یہی کہتا ہے چاہے اس نے آپ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات کے وقت دیکھا ہو یا ان کی وفات کے بعد۔

پس اے امیر المومنین! اب آپ ہمیں ان واقعات سے آگاہ کیجئے جو پیغمبر کی وفات کے بعد آپ کے ساتھ پیش آئے اور آپ نے اس میں بھی بردباری کا مظاہرہ کیا اور صبر سے کام لیا! اگرچہ ہم چاہیں تو ہم بھی یہ بیان کر سکتے ہیں کہ ہم آپ کی ذات سے واقف ہیں اور ہم نے یہ سب دیکھا بھی ہے مگر ہم چاہتے ہیں کہ یہ سب باتیں آپ سے سنیں جس طرح کہ ہم

نے آپ سے ان آزمائشوں کے بارے میں سنا جس میں آپ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات میں مبتلا کیا گیا۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اے برادر یہود! اللہ عزوجل نے اپنے نبی کی وفات کے بعد بھی میری ساتھ مقامات پر آزمائش کی اور ان میں بھی مجھے اس نے اپنی منت ونعمت کے ذریعے پورا اترتے دیکھا اور یہ بھی کہ میں نے اس میں اپنے آپ کو نہیں سراہا۔

(۱) پہلا مقام نبی کی وفات کے بعد: اے برادر یہود! عامۃ المسلمین میں سے سوائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے میں نے کسی ایسا نہ پایا کہ جس سے میں انس پیدا کروں، اس پر اعتماد کروں، اس کو اپنا ہمراہی بناؤں یا اس کے نزدیک ہو جاؤں۔ میری تربیت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی، انہوں نے ہی مجھے پال پوس کر بڑا کیا، میری یتیمی کا جبران کیا، میری ضرورتوں سے مجھے بے نیاز کر دیا، مجھے کام کرنے سے محفوظ رکھا اور میرے اور میری بیوی بچوں کے اخراجات برداشت کئے یہ تو دنیوی مقامات تھے لیکن اس کے علاوہ ان کی وفات کے بعد آزمائشوں پر پورا اترنے پر مجھے بلند درجات حاصل ہوئے اور وہ آزمائشیں ایسی تھی کہ اگر پہاڑ پر بھی نازل ہوتیں تو میں نہیں سمجھتا کہ ان میں برداشت کی اس قدر تاب ہوتی! میں نے اپنے عزیز واقرب میں سے بھی پریشان لوگوں کو دیکھا ہے جو جزع فزع کرنے لگے، صبر کر پائے اور نہ ہی ان میں مصیبت کا سامنا کرنے کی ہمت تھی، کیونکہ بے چینی صبر چھن لیتی ہے، عقل ضائع کر دیتی اور اس طرح افہام تفہیم اور کہنے سننے کی گنجائش ہی نہیں رہتی، بلکہ بنی عبد المطلب سے ہٹ کر جنتے لوگ بھی تھے وہ صبر کی تلقین کرتے تھے اور ان کے ساتھ وہ بھی بے چینی کا مظاہرہ کرتے تھے مگر تنہا میں نے آپ کی وفات پر اپنے نفس کو صبر پر مجبور کیا اور ان امور کو انجام دیا جن کا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا تھا، یعنی ان کی تجہیز انہیں غسل دینے، حنوط کرنے، انہیں کفن پہنانے، ان پر نماز پڑھنے انہیں قبر میں اتارنے کے بندوبست میں لگ گیا۔ نیز کتاب الٰہی کی جمع آوری اور ان کی نصیحت کو لوگوں تک پہنچانے میں مصروف رہا۔ جانسوز نالہ و فریاد، سوزش دل، اور اس قدر عظیم مصیبت مجھے ان امور کی انجام دہی سے نہ روک سکیں، بلکہ میں نے اپنا واجب حق ادا کیا جو مجھ پر خدا اور اس کے رسول کی جانب سے فرض کیا گیا تھا اور میں نے وہی کیا جو ان کا حکم تھا اور اپنے آپ کو بردباری سے کسی طور دور نہ کیا۔

اس کے بعد حضرت علیؑ نے اپنے اصحاب کی طرف رک کر کے فرمایا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا۔

سب نے جواب دیا: اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا؛ اے برادر یہود!

(۲) دوسرا مقام نبی کی وفات کے بعد یہ تھا کہ رسول خدا نے اپنی حیات میں ہی مجھے اپنی امت کا امیر منتخب کر لیا تھا اور سب حاضرین سے بیعت قول وقرار لے کر میرے حکم کی اطاعت کا دم بھروالیا تھا، بلکہ انہیں یہ حکم بھی دے دیا تھا کہ ہر

حاضر شخص غائب شخص تک یہ پیغام پہنچا دے۔ پس یہ میں ہی تھا کہ رسول خدا کی حیات میں لوگوں تک پیغام پہنچایا، جب میں سفر کرتا تھا تو میں اپنے ہمرائیوں کا امیر ہوتا تھا؛ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات میں اور نہ ہی ان کی وفات کے بعد بھی میں نے کسی کو اپنی مانند پایا۔ جس بیماری میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہوئے اس میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسامہ بن زید کی سرداری میں ایک لشکر تشکیل دیا تھا اور اس لشکر میں قبیلہ اوس وخزرج اور دیگر ان تمام لوگوں کو شامل کرلیا تھا جن سے آپ کو خوف تھا کہ وہ میری بیعت توڑ دیں گے یا میری مخالفت پر اتر آئیں گے، یا جن کے بارے میں آپ کو علم تھا کہ ان کے دل میں میرے لئے عداوت ہے یا میں نے ان کے باپ، بیٹے یا کسی قریبی اور رشتہ دار کو قتل کیا تھا۔ لہٰذا سب مہاجرین، انصار، ضعیف العقیدہ مسلمان اور منافقین کو اس لشکر میں شامل کرلیا تھا تا کہ آپ کے پاس صرف ایسا گروہ رہ جائے جو پاک دل اور باایمان ہو اور کوئی بھی آپ کے سامنے نہ نفرت آمیز گفتگو کرے اور نہ مجھے پیغمبر کے بعد ولایت اور لوگوں کی ہدایت کے لئے قیام کرنے سے روک سکے۔ اپنی امت کی ہدایت کے لئے پیغمبر کا آخری کلام یہی تھا کہ لشکر اسامہ کا روانہ ہونا ضروری ہے اور کوئی اس سے منہ نہ پھیرے۔ نیز آپ نے اس سلسلے میں بہت تاکید کی گویا ہر طرح سے انہیں سمجھا دیا مگر پیغمبر کی وفات کے فوراً بعد میں نے دیکھا کہ سب نے اس لشکر سے روگردانی کرلی اور اپنے اپنے مراکز ومقامات کو چھوڑ دیا اور اس طرح انہوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس حکم کی خلاف ورزی کی جس کی انہیں بے حد تاکید کی گئی تھی اور اس پر لازم قرار دیا تھا کہ وہ اپنے سالار لشکر کو اکیلا نہ چھوڑ دیں بلکہ اس کے ساتھ اسی کے پرچم تلے روانگی ضرور اختیار کریں یہاں تک کہ وہ اپنے اس مقصد کو پہنچ جائیں جس کے لئے آپ نے انہیں مقرر کیا تھا لیکن لوگوں نے لشکر میں رہتے ہوئے اپنے سالار کی مخالفت کی اور اسے تنہا چھوڑ دیا اور بتدریج مدینے آکر اس پیمان کو بھی توڑ دیا کہ جس کا ان لوگوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ وعدہ کیا تھا اور خدا اور اس کے رسولؐ کے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو توڑ دیا، شور مچا کر اپنے لئے رہبر کا انتخاب کرلیا جبکہ ہم بنو عبدالمطلب میں سے کسی کو شامل کیا اور نہ کسی سے رائے لی، ان کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ میری بیعت کو رد کردیں۔ یہ لوگ اس کام میں مگن تھے جبکہ میں پیغمبر کی تجہیز وتکفین میں مصروف تھا اور میں کسی اور کام میں مشغول ہی نہیں ہوسکتا تھا، اس لئے کہ آپ کا جنازہ اٹھانا ہر کام پر ترجیح رکھتا تھا بلکہ یہی وہ کام تھا جس کو اس وقت کرنا چاہئے تھا۔

اے برادر یہود! لوگوں کی یہ کنارہ کشی میرے لئے سب سے زیادہ جاں سوز واقع ہوئی باوجودیکہ میں پیغمبر کے ناگوار اور بزرگ ترین سوگ میں گرفتار تھا اور میں نے اس شخصیت کو کھو دیا کہ خدا کے بعد ان کے علاوہ میں کسی پر اعتماد نہیں کرتا تھا۔ اس بلا فاصلہ مصیبت میں بھی میں نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔

اس کے بعد حضرت علیؑ نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کرکے فرمایا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا۔

سب نے جواب دیا: اے امیر المؤمنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود!

(۳) تیسرا مقام نبی کی وفات کے بعد یہ تھا کہ پیغمبر کی جگہ لینے والا اس قدر نرم دل اور منصف مزاج تھا کہ وہ روزانہ میرے پاس حاضر ہوتا تھا اور اس بات کے لئے معذرت خواہ تھا کہ اس نے میری بیعت کو توڑ دیا اور میرا حق چھین لیا، وہ شرمندگی کا اظہار کرتا تھا، میرا احترام کرتا تھا اور چاہتا تھا کہ میں اس کو معاف کر دوں۔ اس سلسلے میں اپنے آپ سے کہتا تھا کہ اس شخص کے بعد جو حق خدا نے میرے لئے مقرر کیا تھا وہ مجھے بآسانی مل جائے گا لہٰذا میں نے سوچا کہ اس نو اسلامی معاشرے میں کہ جہاں اب بھی بوئے جہالت اور لوگوں کے مرتد ہونے کے امکانات موجود تھے مجھے اپنے حق کے لئے جنگ نہیں چھیڑنی چاہئے، لہٰذا مجھے مخالفت کی فضا برپا کرنے سے پرہیز کرنا چاہئے کہ کہیں کوئی میرے ساتھ ہو اور کوئی مخالفت پے اتر آئے اور اس طرح بات گفتگو سے کردار تک پہنچ گئی۔ جتنے بھی خواص پیغمبر تھے کہ جنہیں میں بخوبی جانتا تھا کہ وہ لوگ راہِ خدا، رسول اور قرآن سے مخلص ہیں اور خیر اندیش بھی۔ میرے پاس ان کا آنا جانا لگا رہتا تھا اور آشکارونہاں مجھے اپنا حق حاصل کرنے کی طرف اکساتے رہتے تھے اور میری محبت میں جان تک دینے کو تیار تھے تاکہ میرا حق مجھے واپس مل جائے مگر میں کہتا تھا کہ ذرا صبر وسکون سے کام لو شاید خدا مجھے میرا حق بآسانی اور بغیر کسی کشمکش اور خونریزی کے لوٹا دے۔ پیغمبر کی وفات کے بعد بے شمار لوگ دین کے بارے میں شک میں مبتلا ہو گئے تھے جبکہ نالائق افراد کی طمع خلافت میں تھی، ہر قبیلہ فریادی تھا کہ رہبری اور خلافت کے لئے ان میں سے کسی کا انتخاب ہو اور ان سب کی ایک مشترکہ غرض یہ تھی کہ یہ خلافت میرے علاوہ کسی اور کے ہاتھ لگ جائے۔ لہٰذا جب پہلے فرماں رواں کی موت ہوئی اور اس کی زندگی کے دن پورے ہوئے تو اس نے یہ مقام اپنے دوست کے سپرد کر دیا اور یہ ایک دوسری مصیبت تھی جو پہلی کے ساتھ ساتھ میرے سر پر منڈلانے لگی اور دوسری مرتبہ بھی جو خلافت میرے خدا نے میرے لئے مقرر کی تھی اسے مجھ سے چھین لیا گیا۔ اس بار بھی پیغمبرؐ کے اصحاب کہ جن میں سے اب بعض فوت ہو چکے اور بعض حیات تھے میرے پاس آکر میری خلافت کے حق میں باتیں کرنے لگے مگر اس بار بھی میں نے انہیں صبر وتحمل، ثابت قدمی اور سکون کی نصیحت کی تاکہ اسلامی معاشرہ محفوظ رہے اور جس معاشرے کی تشکیل میں پیغمبرؐ نے ہزاروں مصیبتیں جھیلیں تھیں وہ درہم برہم نہ ہو جائے، پیغمبرؐ نے بڑے سیاسی فہم کے ساتھ اس معاشرے کو تشکیل دیا تھا یعنی کبھی نرمی اور کبھی سختی سے کام لیا، کبھی معاف کیا تو کبھی تلوار اٹھالی۔ آپ نے لوگوں کو دین کی طرف مائل کیا تھا کہ ایک دم سے لوگوں نے اسلام سے نزدیکی اختیار کر لی تھی مگر فرار ہونے کے درپے بھی تھے آپ نے انہیں مطمئن اور خوش کیا اور انہیں لباس، بچھونا اور کمبل فراہم کئے صورت یہ تھی کہ ہم اہل بیتؑ نبی بغیر چھت کے مکانوں میں زندگی بسر کرتے تھے، ہمارے گھروں کی دیواریں کھجور کی شاخوں اور درخت کی تھیں، ہمارے پاس بچھونا تھا اور نہ ہی کوئی کمبل، کئی افراد ایک ہی چادر میں سوتے تھے اور باری باری اسی میں نماز بھی پڑھتے تھے اور دن رات بھوکے رہتے تھے۔ پیغمبرؐ وہ خمس بھی جسے خدا نے ہمارے لئے مقرر کیا

تھا دوسرے لوگوں کو دے دیتے تھے اور ثروت مندوں اور عرب کے دنیا طلب لوگوں کو مائل کرتے تھے۔ لہٰذا جس معاشرے کی تشکیل پیغمبرؐ نے خون جگر سے کی تھی مجھے اس کی پاسبانی کرنی تھی نا کہ اس میں تفرقہ و اختلاف پیدا کرنا تھا۔ اب اگر میں قیام کرتا اور لوگوں کو اپنی مدد کے لئے پکارتا تو اس کا دو میں سے ایک نتیجہ برآمد ہوتا:

یا وہ میری پیروی کرتے اور میری خاطر مخالفین سے جنگ کرتے اور مارے جاتے،

یا وہ لوگ مجھ سے کنارہ کشی کر لیتے اور میری اطاعت میں تقصیر کرتے اور میری نصرت کو ترک کر کے کافر ہو جاتے، اس لئے کہ تقصیر کرنے والے کو علم ہوتا کہ اس کی حالت میری نسبت ایسی ہے جیسی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی حالت حضرت ہارون علیہ السلام کی مخالفت کے وقت تھی نیز وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ حضرت ہارون علیہ السلام کی مخالفت پر جو عذاب قوم موسیٰ پر آیا تھا میری مخالفت پر انہیں بھی اسی کا سامنا کرنا پڑے گا،

لہٰذا جب تک خدا راہ ہموار نہ کرے اور اپنا حکم جاری نہ کرے، آہ سرد بھرنے اور بردباری کو وطیرہ بنانا میرے اجر میں اضافہ کرے گا اور اسلامی معاشرے کے لئے آسانی پیدا ہوگی، یہی معاشرہ کہ جس کی تعریف میں نے ابھی بیان کی خدا کی قضائے حتمی ہے۔ البتہ اگر میں ان باتوں کو مدنظر نہ رکھتا تو پھر اپنے حق کے لئے میرا قیام کرنا ہی مناسب تھا کیونکہ پیغمبرؐ کے تمام اصحاب، وہ جو فوت ہو گئے اور وہ جو اس وقت تمہارے سامنے ہیں، جانتے ہیں کہ میری طاقت زیادہ تھی، میرا خاندان معزز ترین تھا، میرے لوگ زیادہ طاقتور اور اطاعت گزار تھے نیز ان کے پاس میرے حق میں جو دلیلیں تھیں وہ روشن تر تھی اور ان کی دینی سیرت اور کردار دوسروں سے بہتر تھے، اس لئے کہ میرا ماضی نیک ترین تھا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرابت و وراثت بھی میرے ساتھ تھی۔ واضح وصیت اور مخالفین کی گردن میں میرے نام کی جو بیعت بندھی تھی ان کی بنا پر خلافت میرا حق تھی کیونکہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہوئے تھے تو ولایت ان کے ہاتھ میں تھی اور ان کے خاندان میں نہ کہ ان ہاتھوں میں جنہوں نے اسے غضب کیا تھا اور نہ ہی ان لوگوں کے خاندان میں۔ نیز ان کے اہل بیتؑ کہ جس سے خدا نے پلیدی کو دور کیا اور انہیں ایسا پاکیزہ رکھا جیسے حق طہارت کا تقاضہ تھا آپ کے بعد ہر اعتبار سے اس خلافت کے دوسروں سے زیادہ سزاوار تھے۔

اس کے بعد حضرت علیؑ نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کر کے پوچھا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے جواب دیا: اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود!

(۴) چوتھا مقام نبی کی وفات کے بعد یہ تھا کہ پہلے خلیفہ کے بعد ان کی جانشینی اختیار کرنے والا اپنے ہر کام میں مجھ سے مشورہ طلب کرتا تھا اور انہیں میری رائے کے مطابق انجام دیتا تھا، مشکل کاموں میں میرا نظریہ معلوم کرتا تھا اور اس پر عمل

بھی کرتا تھا۔ میری ااور میرے اصحاب کی نظر میں میرے علاوہ اس سے برابری کرنے والا کوئی نہیں تھا جس کو خلافت میں کوئی دلچسپی ہو، لہٰذا جب اچانک حاکم وقت کی موت قریب آئی جبکہ اسے کوئی بیماری لاحق تھی اور نہ ہی ماضی میں اسے کوئی جسمانی تکلیف رہی تھی تو مجھے یقین ہو گیا کہ اب انشا اللہ جس طرح میں چاہتا تھا سب کچھ احسن و افضل طریقے سے سلجھ جائے گا۔ آخر کار خلافت کے لئے کچھ لوگوں کو نامزد کیا گیا اور میں ان میں چھٹا تھا مگر میرے مساوی ان میں سے کوئی بھی نہیں تھا، لیکن انہوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میرے وراثت پانے، ان سے قرابت داری، حسب ونسب اور میری دامادی کے رشتے کو فراموش کر دیا، حتی کہ ان میں سے کسی کے پاس ماضی کا مجھ سے بہتر کردار تھا اور نہ ہی خدمت اسلام میں وہ مجھ سے بڑھ کر تھے۔ انہوں نے شوریٰ بٹھائی تا کہ ہم چھ افراد میں سے جس کے ساتھ اکثریت ہو اسے خلیفہ مقرر کیا جائے، اس طرح انہوں نے اس کے بیٹے کو حاکم بنا دیا اور اسے یہ حکم دیا کہ ہم چھ میں سے جو کوئی بھی اس خلافت کو تسلیم نہ کرے یا اس کی بات نہ مانے تو وہ اس کی گردن مار دے۔

اے برادر یہود! یہاں صبر کی انتہا ہو گئی، ان دنوں قوم کا ہر شخص اپنے لئے نفع اندوزی میں لگا ہوا تھا جبکہ میں خاموش تھا۔ یہاں تک کہ انہوں نے مجھ سے میری رائے پوچھی تو میں نے اپنے اور ان کے ماضی کو ان کے سامنے رکھا اور ان کی اور میری خدمت اسلام کا نقشہ بھی واضح طور پر کھینچ دیا اور یہ بھی واضح کر دیا کہ جس مقام کا میں حقدار ہوں اس مقام کے وہ لوگ حقدار نہیں ہیں اور پھر میں نے انہیں عہد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد دلائی اور آپ کی تاکید بھی جو آپ میری بیعت کے لئے کیا کرتے تھے لیکن ریاست کی محبت، امرونہی میں دست اندازی اور دنیا کی طرف میلان نے انہیں اپنی طرف کھینچ لیا اور ان سے پہلے والے لوگوں کی پیروی نے انہیں وہ حاصل کرنے پر اُکسایا جسے خدا نے ان کے لئے مقرر نہیں کیا تھا، پس جب میری ان میں سے ایک کے ساتھ خلوت میں ملاقات ہوئی تو میں نے اسے خدا کی یاد دلائی اور اس کے انجام سے اسے ڈرایا اور ناحق کسی مقام پر فائز ہونے سے اسے ڈرایا تو اس نے میری حمایت کی حامی بھر لی مگر اس شرط کے ساتھ کہ اپنے بعد اسے خلیفہ مقرر کروں اور چونکہ میں دستور قرآن اور ارشادات پیغمبرؐ کی خلاف ورزی نہیں کر سکتا تھا لہٰذا انہیں اس بات کا علم تھا کہ ان کے ہاتھ اس سے زیادہ کچھ نہیں آئے گا جسے خدا نے ان کے لئے مقرر کیا ہے اور یہ کہ جسے خدا نے ان کو دینے سے دریغ کیا ہے اس کو دینے سے میں بھی ان کے ساتھ دریغ کروں گا۔ اسی اثنا میں ایک جابر شخص نے شوریٰ کا رخ کیا اور میرے ہاتھ سے یہ کام چھین لیا اور ناجائز مفادات کی خاطر اپنی خلافت ابن عفان کو دے دی باوجود اس کے کہ ابن عفان ایک شخصیت پسند اور اشراف پسند شخص تھا اور وہ تو شوریٰ حاضر ہونے والوں تک کو اپنے برابر کا نہیں سمجھتا تھا تو ان سے چھوٹے رتبوں والوں کا کیا کہنا؛ وہ ان کی یا دیگر دیانت دار اور باتقویٰ فراد کی فضیلت کا سرے سے قائل ہی نہیں تھا اور جن معنوی خوبیوں سے خدا نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے اہل بیتؑ کو نوازا تھا اسے تو وہ خاطر ہی میں نہیں لاتا تھا۔ ابھی دن بھی نہیں ڈھلا تھا کہ انہیں اپنے

کئے پر شرمندہ ہونا پڑا اور وہ ایک دوسرے کے مخالف ہو گئے اور پیٹھ دکھا دی حتیٰ کہ ایک دوسرے کی جان کے در پے ہو گئے اور ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے اور ابھی زیادہ وقت بھی نہیں گزرا تھا کہ اس جابر شخص کے طرفداراس کے خلاف ہو گئے اور اس سے کنارہ کشی کر لی۔

ابن عفان اپنے خاص دوستوں، اپنے سارے طرفداروں اور تمام اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا اور استعفیٰ کی درخواست کی اور اس نے جو خرابیاں پیدا کی تھیں ان پر پشیمانی کا اظہار کیا اور ان سے توبہ کر لی۔

اے برادر یہود! یہ پریشانی گذشتہ تمام پریشانیوں سے سخت تر تھی جس نے بنیاد کو ہلا دیا۔

اے کاش! ایسا نہ ہوتا! اس نے مجھے اس قدر پریشان کر دیا کہ بیان سے باہر ہے اور اس کا اندازہ بھی نہیں کیا جا سکتا مگر صبر و تحمل کے علاوہ کوئی چارہ ہی نہیں تھا۔

اسی روز اصحاب شوریٰ نے مجھ سے رجوع کیا اور میری مخالفت پر عذر خواہی کی اور مجھ سے درخواست کی کہ ابن عفان کو برطرف کر کے میرے ساتھ مل کر اس کے خلاف قیام کریں تا کہ مجھے اپنا حق مل جائے لیکن جب کبھی وہ مجھ سے رابطہ کرتے تھے میں ان کی آزمائش کرتا تھا اور ایک مرتبہ تو میں نے ان سے کہہ دیا کہ جاؤ اور اپنے سر منڈوا کر آؤ تا کہ ہم انقلاب لے آئیں، کبھی میں کہتا ایک خفیہ محفل بیٹھاتے ہیں اور کبھی کہتا کہ ہر کوئی فلاں کے گھر میں جمع ہو جائے اور اس طرح سے میں ان کو طیش میں لا کر ان کے راز فاش کر دیتا تھا!

اے برادر یہود! یہ تمام باتیں اور دور اندیشی میرے قیام میں حائل ہوئیں اور میں نے دیکھا کہ گوشہ نشینی اور صبر ہی زیادہ بہتر راستہ ہے اور اس طرح دل پر سکون رہے گا، میرے طرف دار بھی محفوظ رہیں گے اور اظہار حق کے لئے بھی یہی بہتر ہے نہ کہ انقلاب برپا کرنا چاہیے ورنہ اس طرح تو یہ لوگ فنا ہو جائیں گے باوجودیکہ یہاں پر موجود ہر جانباز، میں خود اور پیغمبر کے اصحاب میں سے موجود اور غائب سبھی جانتے ہیں کہ موت کی جانب قدم بڑھانا میرے لئے انتہائی گرم دن میں سرد پانی کی طرح ہے جو ایک جگر سوختہ کی پیاس بجھانے کے لئے شیریں اور گوارا ترین ثابت ہوتا ہے؛ میں، میرے چچا حمزہؓ میرے بھائی حضرت جعفرؓ اور میرے چچا زاد بھائی حضرت عبیدہؓ نے خدا اور اس کے رسول کے ساتھ عہد کیا تھا کہ وہ ان سے بے وفائی نہیں کریں گے۔

میرے ساتھیوں نے پیش قدمی کر دی اور اس کی راہ میں جان دے دی جبکہ میں خدا کی مرضی کے مطابق پیچھے رہ گیا کہ ہمارے بارے میں آیت نازل کی ہے:

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ

يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا. [1]

مومنین میں ایسے بھی مرد میدان ہیں جنہوں نے اللہ سے کئے وعدہ کو سچ کر دکھایا ہے ان میں بعض اپنا وقت پورا کر چکے ہیں اور بعض اپنے وقت کا انتظار کر رہے ہیں اور ان لوگوں نے اپنی بات میں کوئی تبدیلی نہیں پیدا کی ہے۔

اے برادر یہود! میں اپنے عہد سے نہیں پھرا اور اس کی دلیل یہ ہے کہ ابن عفان کے مقابلے میں خاموشی اختیار کر لی اور اپنے ہاتھوں کو روک لیا جبکہ اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ میرے لئے اس کی اخلاقی پستی آزمودہ تھی اور یہ کہ میں جانتا تھا کہ لوگ اسے سزا دیں گے اور دور یا نزدیک کے لوگوں کو اس کے قتل پر اکسائیں گے؛ میں نے کنارہ کشی اختیار کر لی اور صبر سے کام لیا یہاں تک کہ بالکل ایسا ہی ہوا پر میں نے ''نہیں'' کہا اور نہ ہی ''ہاں'' کہا۔ اس کے بعد قوم میرے پاس چل کر آئی مگر خدا جانتا ہے کہ میں نے ان سے صرف اس لئے دوری اختیار کی کہ مجھے پتا تھا کہ یہ لوگ مال کی جمع آوری اور عیش وعشرت کے خوگر ہو چکے ہیں جبکہ انہیں یہ بھی علم تھا کہ میں ان کی خواہشات کو پورا نہیں ہونے دوں گا اور ان کے ساتھ سخت گیری سے کام لوں گا، لیکن عادت ہو جانے کی وجہ سے انہوں نے جلد بازی سے کام لیا اور اطمینان سے نہ بیٹھ سکے، اصرار وجلد بازی میں مجھے منتخب کر لیا مگر جب دیکھا کہ میرے ہاں سے ان کا کوئی دنیوی (ناجائز) مفاد پورا نہیں ہوگا تو انہوں نے میری مخالفت شروع کر دی۔

اس کے بعد حضرت علیؑ نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کر کے پوچھا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے جواب میں کہا: اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود!

(۵) پانچواں مقام نبی کی وفات کے بعد یہ تھا کہ جب مجھے منتخب کرنے والوں نے یہ دیکھا کہ ان کے مفاد میرے ہاں سے پورے نہیں ہو پائیں گے تو انہوں نے اس عورت کے ذریعے میرے خلاف بغاوت کی اور باوجود اس کے کہ میں پیغمبرؐ کی جانب سے اس عورت پر ولی ووصی مقرر تھا اسے اونٹ پر سوار کیا گیا اور اس کا سامان اپنی سواریوں پر باندھ کر خوفناک بیابان اور وسیع وعریض دشت میں پھرایا گیا۔ حوّاب (مکہ سے بصرہ جاتے ہوے ایک مقام) کے کتوں نے اس عورت پر بھونکا۔ ہر وقت اور ہر موقع پر پشیمانی کی علامتیں واضح تھیں، اس طرح سب لوگوں کے کہنے پر میری مخالفت کو جاری رکھا جبکہ پیغمبرؐ کے زمانے میں دوسری مرتبہ بھی میری بیعت کر چکے تھے یہاں تک کہ وہ بصرہ میں وارد ہوئے کہ جن کے باسیوں کے دست کوتاہ، ڈاڑھیاں بڑی بڑی، عقل کم اور رائے فاسد تھی۔ یہ ہمسایہ لوگ صحرانشین اور طوفان کے میزبان تھے۔ (یعنی کم عقل لوگ تھے) اس عورت نے ان بے عقل مردوں کی زمام اپنے ہاتھوں میں لے لی تھی جو بغیر علم کے تلوار اٹھا لیتے تھے اور

---

[1] ۔سورۂ احزاب آیت ۲۳

بے سوچے تیر چلا دیتے تھے، ان کے درمیان بھی میں دو مصیبتوں میں گرفتار ہوا:

اگر ہاتھ کھینچ لیتا تو اپنی شورش وفساد سے نہ پلٹتے اور عقل کے حکم کی طرف بالکل بھی متوجہ نہ ہوتے

اگر ان کے خلاف جنگ کرتا تو ایک خونی جنگ جنم لیتی جس کو میں ہرگز نہیں چاہتا تھا۔

ایک مرتبہ پھر میں نے ان پر عذر وتحدید کی حجت تمام کر دی اور اس عورت کو متنبہ کر دیا کہ وہ اپنے گھر کو لوٹ جائے اور اس کے ساتھ جو لوگ جمع تھے انہیں بھی تنبیہ کر دی کہ جو بیعت میرے ساتھ کی ہے اس میں بے وفائی نہ کریں اور نہ ہی خدا کے عہد کو توڑیں۔

میں نے اپنی جانب سے پوری کوشش کر لی کہ ان کو نقصان نہ ہو، یہاں تک کہ ان میں سے ایک کے ساتھ تو میں نے مناظرہ کیا اور اسے حق یاد دلایا اور وہ لوٹ گیا، دیگر تمام لوگوں کو بھی میں نے اس روش سے سمجھایا مگر ان کی نادانی، سرکشی اور گمراہی عروج پر تھی اور چونکہ وہ لوگ بہر صورت جنگ کرنا چاہتے تھے لہٰذا میں بھی ہر طرف سے ان پر وارد ہوا اور اس طرح جنگ چھڑ گئی، ان کو شکست ہوئی، حسرت اٹھانی پڑی اور انہیں سنگین بربادی کا سامنا کرنا پڑا نیز اس میدان جنگ میں بہت سے لوگ مارے گئے۔ میں تو مجبوراً جنگ کرنے پر آمادہ ہوا تھا اور ان لوگوں کا فائدہ مقصود تھا کیونکہ اگر میں اس جنگ کو قبول نہ کرتا تو انہیں وہ رعایت کیسے ملتی جو جنگ کے بعد میں نے ان کے ساتھ برتی؟

اگر میں ان کے مقابلے میں نہ آتا تو یہ اپنی اور اپنی امت کے ساتھ خیانت ہوتی اس لئے کہ دوسری صورت میں میں بھی ان کے جرائم میں شریک ہو جاتا جنہیں وہ انجام دینا چاہتے تھے کہ ان دنوں جو جو اسلامی مملکتیں تھیں وہاں تک اس بغاوت کو لے جائیں اور فساد کی آگ کو جہاں تک گنجائش ہو بھڑکا دیں، رعایا کا قتل عام کیا جائے، اسلامی حکومت اور قوانین عدالت کم عقل وکم نصیب عورتوں کے نظریہ پر قائم ہو جائے اور اس طرح روم ویمن کے بادشاہوں اور دیگر معدوم حکومتوں کی روش پر چلایا جائے۔ اگر میں کاہلی سے کام لیتا تب بھی آخر کار جنگ ناگزیر تھی اور جن کے جرائم کے وہ عورت اور اس کے ساتھی مرتکب ہوئے تھے ان کی بنا پر ننگ وعار بھی، پھر بھی میں نے جلد بازی سے کام لیتے ہوئے بغیر سوچے سمجھے جنگ کو قبول نہیں کیا۔ بلکہ پہلے میں نے اتمام حجت سے کام لیا، جس قدر ممکن تھا جنگ سے پرہیز کیا، طمانیت کا اظہار کیا، ان سے رابطہ کیا اور ثالثوں کو بھی ان کی طرف بھیجا، لہٰذا اپنے مفاد کی خاطر انہوں نے جو چاہا میں نے اس کا خیال رکھا، بلکہ کچھ چیزیں جو ان کے مفاد میں تو تھیں لیکن ان کے ذہنوں میں بھی نہ تھیں ان کی طرف بھی میں نے انہیں متوجہ کیا لیکن اس کے باوجود انہوں نے مخالفت کی اور مجھے مجبور کر دیا کہ میں ان سے جنگ کروں۔ چنانچہ خدا کی مرضی سے ہمارا امر انتہا کو پہنچا جبکہ جن مقدموں کا میں نے ابھی تذکرہ کیا ان کے حساب سے میں ان پر حجت قائم کر چکا تھا اور اب وہ میرے سامنے محکوم تھے۔

اس کے بعد حضرت علیؑ نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کر کے پوچھا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا؟

سب نے جواب دیا: اے امیر المومنین، یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علیؑ نے فرمایا: اے برادر یہود!

(۶) چھٹا مقام نبی کی وفات کے بعد حکمین کے انتخاب اور فرزند جگر خوارہ طلیق (ابن طلیق) سے مبارزہ کرنا تھا۔ جب سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث ہوئے تھے یہ شخص خدا، اس کے رسول اور مومنین سے جنگ کرتا رہا تھا یہاں تک کہ مسلمانوں نے اپنی شمشیروں سے مکہ فتح کیا۔

اسی روز اور دیگر تین موقعوں پر خود اس سے اور اس کے باپ سے میری بیعت طلب کی گئی جبکہ گذشتہ کل جس نے سب سے پہلے مجھے امیر المومنین کہہ کر سلام کیا تھا وہ اس کا باپ تھا اور یہ وہی شخص تھا جس نے گذشتہ خلفاء سے مجھے اپنا حق تسلیم کرنے کی ترغیب دلائی تھی یہاں تک کہ جب بھی میرے پاس حاضر ہوتا میری بیعت کی تجدید کرتا۔ عجیب ترین بات تو یہ ہے کہ جب اس نے دیکھا کہ خدا نے مجھے میرا حق دلا دیا ہے اور مجھے اپنے مقام پر کھڑا کر دیا ہے تو اس کو یہ طمع ہوئی کہ وہ چوتھا خلیفہ بن جائے اور ہماری نگرانی میں حکومت کرے، لہٰذا اس نے ابن عاص سے رجوع کر کے اسے راغب کر لیا اور اس نے دعوت قبول کر لی، چونکہ اسے حکومت مصر کا لالچ دیا لہٰذا وہ اسی کا طرفدار ہو گیا اس کے باوجود کہ خراج مصر کی تقسیم سے پہلے اس کے لئے اس میں تصرف کرنا حرام تھا اور اسی طرح حاکم وقت پر بھی حرام تھا کہ اس کے حصے سے زیادہ اس کو ایک درہم بھی عطا کرے۔ اس کے بعد تو حکومت اسلامی ظلم و سرکشی کا شکار ہو گئی، لہٰذا جس نے اس کی بیعت کی اسے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا اور جس نے اس کی مخالفت کی اس کو اپنے سے دور کر دیا، اس عہد تو توڑ کر میری جانب متوجہ ہوا اور حکومت اسلامی کی غارت گری کی طرف قدم بڑھایا، مشرق، مغرب، شمال اور جنوب ہر جانب غارت گری پھیلا دی۔ یہ خبریں مجھ تک پہنچیں اور قبیلہ ثقیف کا ایک کا نامیرے پاس آیا اور مجھے مشورہ دیا کہ میں اس کو ان شہروں کا والی بنا دوں جو اب اس کے قبضے میں ہیں اور اس سے مصالحت کر لوں جو کسی دنیوی نقطہ نظر سے تو بہترین تھا بشرطیکہ خدا کے سامنے کوئی عذر پیش کر سکوں اور اس کے مظالم کا جواب دے سکوں، اس سلسلے میں میں نے بہت غور و فکر سے کام لیا اور میرے لئے جو قابل اعتماد لوگ تھے یعنی جو خدا، اس کے رسول، میرے اور مومنین کے خیر اندیش تھے ان سے بھی مشورہ لیا اور فرزند جگر خوارہ کے بارے میں ان کی رائے بھی وہی تھی جو میری تھی۔ خدا مجھے اس حالت میں نہ پائے کہ میں گمراہ کن افراد کو اپنا بازو بنالوں۔

ایک مرتبہ میں نے جریر بجلی کو اور ایک مرتبہ ابو موسیٰ اشعری کو اس کے بھیجا لیکن دونوں نے دنیا پر تکیہ کر لیا اور ہوا پرستی کو شکار ہو گئے لہٰذا وہ بھی اس سے راضی ہو گئے اور میرے ساتھ خیانت سے کام لیا۔ لہٰذا میں دیکھ رہا تھا روز بروز زیادہ سے زیادہ احکام الٰہی کو پاؤں تلے روندا جا رہا ہے اور ان کی سرکشی بڑھتی جا رہی ہے لہٰذا میں نے بدر میں شریک ہونے والے اصحاب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور خدا کے پسندیدہ لوگ جنہوں نے بیعت رضوان میں شرکت کی تھی اور دیگر تمام نیکوکار مسلمانوں سے

مشورہ لیا تو ہر کسی کی وہی رائے تھی جو میری تھی کہ ان سے جنگ کی جائے اور انہیں احکام الٰہی میں دست اندازی سے روکا جائے۔ اسی بنا پر میں نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ قیام کیا تا کہ انہیں ان برائیوں سے روکا جائے ہر مقام سے میں نے انہیں خطوط تحریر کئے اور ان کی طرف نمائندے بھیجے تا کہ انہیں باطل پرستی سے دور رہنے کی دعوت دیں اور وہ میرے اور دیگر مسلمانوں کے ساتھ ہو جائیں مگر جواباً انہوں نے مجھے تحکم آمیز خطوط لکھے، بے جا آرزوئیں کیں اور ایسی شرائط رکھیں جو خدا، اس کے رسولؐ اور مسلمانوں کے لئے قابل تسلیم نہ تھیں۔

اپنے ایک خط میں انہوں نے یہ شرط عائد کی تھی کہ پیغمبر کے چند نیکوکار اصحاب کو کہ جن میں حضرت عمار یاسرؓ بھی شامل تھے ان کے حوالے کر دوں تا کہ وہ انہیں عثمان کے قصاص کے طور پر مار دیں۔ عمارؓ جیسے عظیم انسان کہاں پائے جاتے ہیں؟

خدا کی قسم! جب بھی ہم پانچ افراد پیغمبر کے ارد گرد ہوتے تھے تو چھٹے عمارؓ ہی ہوا کرتے تھے اور جب چار ہوتے تھے تو وہ پانچویں ہوا کرتے تھے۔

وہ لوگ عثمان کے قصاص کی باتیں کرتے تھے جبکہ خود اس نے، اس کے ہمراہیوں نے اور اس کے خاندان نے جو شجر ملعونہ کی شاخیں تھیں لوگوں کو اس کے قتل کی طرف بھڑکایا نتیجہ یہ ہوا جب میں نے ان کی ناروا شرائط کو نامنظور کیا تو انہوں نے مجھ پر دھاوا بول دیا، میرے خلاف سرکشی کو اپنے لئے فخر سمجھنے لگے اور قبیلہ حمیر کے تمام لوگوں کو جن کے پاس نہ عقل تھی نہ بصیرت، اپنے باطل دین پر یکجا کر دیا اور انہیں اشتباہ میں ڈال دیا یہاں تک کہ انہوں نے اس کی پیروی کی، اس نے ان لوگوں کو مال دنیا کے لئے فریفتہ کیا اور اپنا طرفدار کر لیا۔

ہم لوگوں نے انہیں ان کرتوتوں سے باز رکھنے کے لئے محاذ کا رخ کیا اور خدا کو اپنا حکم قرار دیا اور انہیں نصیحت کرنے اور ان پر اہتمام حجت کے بعد ان سے جنگ کی اور خداوند عالم نے ہمیشہ کی طرح ہمیں اپنے دشمن پر غالب کیا۔ وہ پرچم رسولؐ جس کے ذریعے خدا نے شیطانی گروہ کو قتل کیا ہمارے ہاتھ میں تھا جبکہ اس نے اپنے باپ کا وہ پرچم ہاتھ میں لیا ہوا تھا جس کے تحت اس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنگ کی تھی موت کے منہ میں جا گرا اور فرار کے علاوہ اس کے پاس کوئی چارہ کار نہ تھا اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور اپنا پرچم سرنگوں دیکھا تو اپنے آپ کو عاجز پایا۔ اس نے ابن عاص سے مشورہ کیا تو اس نے کہا کہ قرآن کو باہر نکالو اور نیزوں پر بلند کر دو اور اس کو حکم بنا کر لوگوں کو اپنی طرف بلایا جائے اور کہنے لگا کہ ابن ابی طالبؑ اس کے دیندار پیروکار اور دیگر خاندان نبوت کے افراد نے آغاز میں قرآن کی حاکمیت کی دعوت دی تھی اور آخر جنگ میں بھی وہ تمہاری اس حاکمیت قرآن کی دعوت کو قبول کرنے پر آمادہ ہوں گے۔

اس نے ابن عاص کی اس رائے کو قبول کر لیا اور ناچار اس پر عمل پیرا ہوا اس لئے کہ اس کے پاس اس کے علاوہ کوئی

راہ فرار نہ تھی جس کو اختیار کر کے وہ قتل ہونے یا عقب نشینی سے محفوظ رہتا۔ اس نے قرآن کو بلند کیا اور اس طرح وہ اپنے منصوبے پر عمل کرنے لگے۔

میں اپنے نیک اور مخلص ساتھیوں کو کھو چکا تھا اور باقی ماندگان نے قرآن کو حکم تسلیم کر لیا اور جنگ بندی پر رضامند ہو گئے یہ گمان کرتے ہوئے کہ پسر جگر خوارہ قرآن کے احکامات کا پابند ہے اور ان پر عمل کرے گا لہٰذا اس کی دعوت پر لبیک کہہ دیا اور اس کی ہر شرط کو مان لیا جبکہ میں نے انہیں خبردار بھی کیا یہ دھوکہ و فریب ہے اور یہ ایسی سازش ہے جسے اس نے ابن عاص کے ساتھ مل کر رچایا ہے اور یہ ہرگز اس پر عمل نہیں کرے گا۔ مگر کہنے لگے: ہمیں یقین نہیں آتا۔

اس طرح انہوں نے میرے حکم کو رد کر دیا اور اصرار کیا اس کی شرائط قبول کر لیں خواہ مجھے پسند ہوں یا ناپسند، میں چاہوں یا نا چاہوں انہیں قبول کر لوں۔

نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ ان میں سے کچھ تو کہنے لگے کہ اگر علیؑ ان شرائط کو تسلیم نہیں کرتے تو انہیں بھی ابن عفان کی طرح قتل کر دیا جائے ورنہ وہ اپنے آپ کو اور اپنے خاندان کو پسر ہند کے حوالے کر دیں۔ خدا جانتا ہے جس قدر ممکن تھا میں نے کوئی راہ نکالنے کی کوشش کی تا کہ کوئی تدبیر کام کر جائے لیکن ایسا نہ ہوا۔

میں نے ان سے کہا کہ مجھے ایک اونٹنی کے دوہنے یا گھوڑے کی دوڑ جتنی تو مہلت دو تا کہ اپنے امور انجام دے لوں مگر ان لوگوں نے میری بات نہ مانی سوائے ان بزرگوار کے (یہ کہتے ہوئے آپؑ نے حضرت مالک اشتر کی طرف اشارہ کیا) ان کے پیروکاروں اور میرے خاندان والوں کے کہ انہوں نے میری آواز پر لبیک کہا۔

خدا کی قسم! جس چیز نے مجھے اپنی روشن فکر کے درپے ہونے سے روک رکھا تھا وہ ان دو تن (اشارہ امام حسن اور امام حسین علیہما السلام) کے قتل ہو جانے کا خوف تھا کہ کہیں نسل رسولؐ منقطع ہو جائے پھر ان دو تن (حضرت عبداللہ ابن جعفرؓ اور محمد حنفیہؓ کی جانب اشارہ کیا) کے قتل کا بھی خوف تھا۔ اس لئے کہ مجھے پتا تھا کہ اگر یہ میری خاطر یہاں نہ آتے تو ان کو کوئی خطرہ لاحق نہ ہوتا لہٰذا مجبوراً مجھے قضائے الٰہی اور امت کے فیصلے کو تسلیم کرنا پڑا۔

لہٰذا جنگ بندی کے بعد دشمنوں کے سر سے تلوار ہٹا لی گئی اور انہوں نے اپنے آپ کو حکم بنا لیا اور خدا کو اپنے تحت اختیار قرار دیا اور اس طرح انہوں نے قرآن اور اس کے احکامات کو بالائے طاق رکھ دیا۔

بذات خود میں کسی کو دین خدا میں حکم تسلیم نہیں کرتا اس لئے کہ دین خدا میں بشر کی حاکمیت بغیر کسی شبہ و تردد کے خطا ہے لیکن یہ امت حاکمیت کی تقرری کے علاوہ کسی بات پر راضی نہ ہوئی۔

ایسی صورت میں میں نے یہ ارادہ کر لیا کہ اپنے خاندان میں سے یا دیگر اتباع کرنے والے قبیلوں میں سے کسی عقلمند، قابل اطمینان اور دیندار شخص کو حکم مقرر کروں مگر جس کو میں نامزد کرتا تھا پسر ہند اسے قبول کرنے پر آمادہ نہیں تھا، میں جو

بھی حق بات کہتا تھا وہ اس سے سرکشی کرتا تھا اور چوب ستم سے مجھے اپنے ساتھیوں کی مدد پر مجبور کیا اس لئے کہ ان کا اصرار اس بات پر تھا کہ میں دو افراد کو حکم مان لوں -- تسلیم حکمین --

بخدا میں نے ان میں سے بیزاری کا اظہار کیا اور یہ فیصلہ ان کے ہی سپرد کر دیا تو انہوں نے ایک ایسے شخص کا انتخاب کیا جسے ابن عاص نے فریب میں مبتلا کر دیا اور شرق وغرب اس کی رسوائی سے پر ہو گئے اور وہ لوگ خود اس حکم کی تقرری پر پشیمان ہوئے۔

اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کیا اور پوچھا: کیا ایسا نہیں ہوا تھا۔

سب نے کہا: اے امیر المومنینؑ یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اے برادر یہود!

(۷) ساتوں مقام نبیؐ کی وفات کے بعد یہ تھا کہ رسولؐ نے مجھے وصیت کی تھی کہ میں اپنی آخری عمر میں اپنے ایسے ساتھیوں سے جنگ کروں گا جو دن کو روزہ رکھیں گے، راتوں کو عبادت میں بسر کریں گے اور قرآن کی تلاوت کرتے ہوں گے مگر میری مخالفت اور مجھ سے جنگ کرنے کی بنا پر وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے ذوالثدیہ بھی ان کے درمیان ہے ان کے قتل کے بعد انجام کار سعادت بھی میرے ہمراہ ہوگی۔ پس حکمین والی کاروائی کے بعد اسی جگہ پر واپس ہوا تو دیکھا کہ ان میں سے کچھ لوگ آپس میں مخالف ہو گئے ہیں اور ایک دوسرے کو سرزنش کر رہے ہیں کہ آخر جنگ صفین حکمین پر ختم ہوگئی لہٰذا اپنے پیشوا سے انتقام لینے کے سوا ان کے پاس کوئی دوسرا راستہ نہ تھا کہنے لگے کہ امام کو ہماری ناقص رائے کی پیروی نہیں کرنی چاہئے تھی چونکہ ان پر ہماری غلطی ثابت ہو چکی تھی لہٰذا ان پر لازم تھا کہ اپنے آپ کو یا خطا کاروں کو قتل کر دیتے، لیکن چونکہ انہوں نے کاہلی سے کام لیا اور ہماری پیروی کر لی لہٰذا وہ کافر ہو گئے اور اب ان کو قتل کر دینا ہمارے لئے جائز ہے اور وہ سب اس رائے پر متفق ہو گئے نیز فوراً ہی میرے لشکر سے خارج ہو کر "لا حکم الّا اللہ" کا نعرہ لگانے لگے۔

ان کا ایک دستہ نخیلہ میں تو دوسرا حروراء میں جا گزیں ہوا جبکہ ایک دستے نے مشرق کی طرف پیش قدمی کی۔ وہ لوگ دجلہ کے پار جس مسلمان کے بھی روبرو ہوتے اس کو میرے متعلق آزماتے اور اگر وہ مجھے کافر تسلیم کر لیتا تو اسے زندہ چھوڑ دیتے ورنہ اسے موت کے گھاٹ اتار دیتے تھے میں پہلے اور دوسرے دستے کے پاس گیا اور خدا اور حق کی پیروی اور اسی کی جانب لوٹ جانے کی دعوت دی مگر تلوار کے علاوہ کوئی شے قبول کرنے کو تیار نہ تھے اور کوئی شرط بھی انہیں مطمئن نہ کر سکی، لہٰذا جب میں ان سے مایوس ہو گیا تو پہلے دو دستوں کو بحکم خدا مغلوب کر لیا اور اس دستہ نخیلہ اور اس دستۂ حروراء کو نابود کر دیا۔

اے برادر یہود! مجھے بے حد افسوس ہے کہ یہ لوگ اس بنیادیں ہلا دینے والی راہ پر نہ چلے ہوتے اور اس طرح فنا نہ

ہوئے ہوتے تو اسلام کے لئے میرے پاس کس قدر مضبوط مدد ہوتی مگر خدا کو ان کے لئے ناگوار انجام کے علاوہ کچھ اور منظور ہی نہ تھا۔

اس کے بعد میں تیسرے دستے کی جانب ایک خط لکھ بھیجا اور یکے بعد دیگرے نمائندے بھیجے جبکہ میرے نمائندے برگزیدہ، خدا پرست اور زاہد تھے مگر کوئی فائدہ نہ ہوا اور اس طرح یہ دستہ بھی پہلے دو دستوں کی طرح ان ہی کی روش پر گامزن رہا اور انہوں نے بھی جلد بازی سے کام لیتے ہوئے اپنے مخالف مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور نیکوکاروں کو لگاتار قتل کر دیا۔ میں بھی ان کے سروں پر سوار ہو گیا اور دجلہ کا راستہ ان پر بند کر دیا نیز میں نے ایک بار پھر اپنے نمائندے اور مخلص لوگوں کو ان کے پاس بھیجا اور جان توڑ کوشش کے بعد بھی کبھی ان حضرت اور کبھی اُن حضرت (اشارہ مالک اشترؓ، احنف بن قیسؓ، سعید بن قیس ارفیؓ اور اشعثؓ بن قیس کندی کی طرف اشارہ کیا) عذر پذیری کے لئے بھیجا لیکن وہ چونکہ جنگ کے علاوہ کسی اور بات پر آمادہ نہ ہوئے لہٰذا ان کے ساتھ جنگ کی یہاں تک کہ اے برادر یہود! وہ تمام کے تمام افراد کہ جن کی تعداد چار ہزار سے زائد تھی مارے گئے اور ان میں سے ایک بھی خبر دینے والا باقی نہ رہا۔

اس کے بعد ان مقتولین میں ذوالثدیہ کو الگ کیا اور ان حاضرین کے سامنے کہ جنہیں تم اس وقت دیکھ رہے ہو باہر لے آیا اور اس کے پستان عورت کی مانند تھے۔

اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے اپنے اصحاب کی جانب رخ کیا اور پوچھا: کیا ایسا نہیں تھا؟

سب نے کہا: اے امیر المومنینؑ یقیناً ایسا ہی ہوا تھا۔

فرمایا: اے برادر یہود! ان چودہ مقامات پر میں آزمائش میں پورا اترا اور پھر صرف ایک مقام رہ گیا اور وہ بھی نزدیک ہی ہے۔

اصحاب علیؑ اور رأس الجالوت روتے ہوئے کہنے لگے: آقا! اب آخری واقعہ سے بھی باخبر کر دیجئے کہ وہ کیا ہے تو آپ نے فرمایا: وہ آخری واقعہ یہ ہے کہ یہ (اپنے ہاتھ سے اپنی ریش مبارک کی طرف اشارہ کیا) اس (اپنے سر کی طرف اشارہ کیا) کے خون سے رنگین ہو جائے گی۔

یکا یک لوگوں کے نالہ و فریاد کی آوازیں اتنی بلند ہوئیں کہ کوفہ کی وسیع حدود میں ہر گھر کے رہنے والے جزع و فزع کرتے ہوئے باہر نکل آئے۔

رأس الجالوت نے حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھوں اسی وقت اسلام قبول کر لیا اور وہ امیر المومنین علیہ السلام کی شہادت تک وہیں مقیم رہا اور جب ابن ملجم گرفتار کر لیا گیا تو رأس الجالوت بھی امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں آیا اور حالت یہ تھی کہ لوگ امامؑ کے اردگرد تھے اور ابن ملجم آپ کے سامنے، تو رأس الجالوت نے کہا: اے ابو محمد (امام حسنؑ) اسے قتل کر دیجئے، خدا اسے

غارت کرے کہ میں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتابوں میں پڑھا ہے کہ خدا کے نزدیک یہ ابن آدم کے اپنے بھائی کو قتل کرنے اور اس غدار کے جرم سے بھی عظیم ہے جس نے ناقۂ صالح کو مارا تھا۔

ما جاء في الأيام السبعة وأسمائها الأحد والإثنين والثلاثاء والأربعاء و الخميس والجمعة والسبت

ہفتہ کے دنوں کے نام اور ناموں کا تعلق

۵۹ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اِسْحَاقَ الْاَشْعَرِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ حَبِيبٍ السِّجِسْتَانِي عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمُ عِبَادَةٍ فَتَعَبَّدُوا اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ وَ يَوْمُ السَّبْتِ لِآلِ مُحَمَّدٍ عليه السلام وَ يَوْمُ الْاَحَدِ لِشِيعَتِهِمْ وَ يَوْمُ الْاِثْنَيْنِ يَوْمُ بَنِي اُمَيَّةَ وَ يَوْمُ الثَّلَاثَاءِ يَوْمٌ لَيِّنٌ وَ يَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ لِبَنِي الْعَبَّاسِ وَ فَتْحِهِمْ وَ يَوْمُ الْخَمِيسِ يَوْمٌ مُبَارَكٌ بُورِكَ لِاُمَّتِي فِي بُكُورِهَا فِيهِ

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ روز عبادت ہے۔ ہفتہ کا تعلق خاندان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے۔ اتوار کا تعلق ہمارے شیعوں اور دوستوں سے اور پیر بنی امیہ سے تعلق رکھتا ہے۔ منگل روز آسانی و نرمی ہے۔ بدھ بنی عباس کا دن ہے جمعرات روز برکت ہے۔ میری امت کے لیے جمعرات کی صبح مبارک ہے۔

ما جاء في الأحد وما بعده

اتوار اور اس کے بعد کے بارے میں

۶۰ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَسَدٍ الْبَصْرِيِّ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَمَّنْ رَوَاهُ عَنْ خَلَفِ بْنِ حَمَّادٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام اَنَّهُ مَرَّ بِقَوْمٍ يَحْتَجِمُونَ فَقَالَ مَا كَانَ عَلَيْكُمْ لَوْ اَخَّرْتُمُوهُ اِلَى عَشِيَّةِ الْاَحَدِ فَكَانَ يَكُونُ اَنْزَلَ لِلدَّاءِ.

حضرت امام صادق علیہ السلام کا گزر ایسے لوگوں کے درمیان سے ہوا جو روز شنبہ پچھنے لگوا (فاسد اور خراب خون جسم سے نکلوا) رہے تھے۔ فرمایا کہ اگر تم شب اتوار تک اس کو ملتوی رکھتے (تو بہتر تھا) تاکہ بدن کا درد نکل جاتا۔

۶۱ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ الْاَدَمِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَمْرُو بْنُ سُفْيَانَ الْجُرْجَانِيُّ رَفَعَ الْحَدِيثَ اِلَى اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام اَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ مِنْ

مَوَالِيهِ يَا فُلَانُ مَا لَكَ لَمْ تَخْرُجْ قَالَ جُعِلْتُ فِدَاكَ الْيَوْمُ الْأَحَدُ قَالَ وَ مَا لِلْأَحَدِ قَالَ الرَّجُلُ لِلْحَدِيثِ الَّذِي جَاءَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ احْذَرُوا حَدَّ الْأَحَدِ فَإِنَّ لَهُ حَدّاً مِثْلَ حَدِّ السَّيْفِ قَالَ كَذَبُوا كَذَبُوا مَا قَالَ ذَلِكَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَإِنَّ الْأَحَدَ اسْمٌ مِنْ أَسْمَاءِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ قَالَ قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ فَالْإِثْنَيْنِ قَالَ سُمِّيَ بِاسْمِهِمَا قَالَ الرَّجُلُ فَسُمِّيَ بِاسْمِهِمَا وَ لَمْ يَكُونَا فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ إِذَا حُدِّثْتَ فَافْهَمْ إِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى قَدْ عَلِمَ الْيَوْمَ الَّذِي يُقْبَضُ فِيهِ نَبِيُّهُ ﷺ وَ الْيَوْمَ الَّذِي يُظْلَمُ فِيهِ وَصِيُّهُ فَسَمَّاهُ بِاسْمِهِمَا قَالَ قُلْتُ فَالثَّلَاثَاءُ قَالَ خُلِقَتْ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ النَّارُ وَ ذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى انْطَلِقُوا إِلى ما كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ انْطَلِقُوا إِلى ظِلٍّ ذِي ثَلاثِ شُعَبٍ لا ظَلِيلٍ وَ لا يُغْنِي مِنَ اللهَبِ قَالَ قُلْتُ فَالْأَرْبِعَاءُ قَالَ بُنِيَتْ أَرْبَعَةُ أَرْكَانِ النَّارِ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ قَالَ قُلْتُ فَالْخَمِيسُ قَالَ خَلَقَ اللهُ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْخَمِيسِ قَالَ قُلْتُ فَالْجُمُعَةُ قَالَ جَمَعَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ الْخَلْقَ لِوَلَايَتِنَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ قُلْتُ فَالسَّبْتُ قَالَ سَبَتَتِ الْمَلَائِكَةُ لِرَبِّهَا يَوْمَ السَّبْتِ فَوَجَدْتُهُ لَمْ يَزَلْ وَاحِداً.

حضرت امام صادق علیہ السلام نے ایک شخص پر ناراضگی کا اظہار فرمایا کہ تم اتوار کو کیوں گھر سے نہیں نکلے۔

عرض کی میں نے سنا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما گئے ہیں کہ یکشنبہ یعنی اتوار کی تیزی مثل تلوار کے ہے۔

فرمایا: غلط ہے حضرت نے یہ نہیں فرمایا اَحد تو خدا کا نام ہے۔

اس نے عرض کی دوشنبہ یعنی پیر کے دن کے متعلق کیا ارشاد ہے۔

فرمایا: یہ ان دونوں کی طرف اشارہ ہے اور انہیں سے منسوب ہے۔ خداوند عالم کو علم تھا کہ اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی روز رحلت فرمائے گا اور اسی روز اس کے منصوص من اللہ خدا کے مقرر کیے ہوئے وصی کا حق غصب کیا جائے گا۔ اس روز کو ان دونوں کے نام سے منسوب فرمایا (اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دنوں کے عربی نام خدا کی طرف سے رکھے گئے ہیں)۔

راوی نے عرض کی سہ شنبہ یعنی منگل کا دن۔ فرمایا اس روز دوزخ کی خلقت ہوئی ہے۔

پھر عرض کی چہارشنبہ۔

فرمایا: اس روز دوزخ کے چار ستون پیدا ہوئے ہیں۔

پھر عرض کی: پنجشنبہ یعنی جمعرات۔

فرمایا: اس روز بہشت کی خلقت ہوئی۔

پھر عرض کی: جمعہ

فرمایا: اس دن خداوند عالم نے تمام انسانوں کو ہماری ولایت ومحبت کا اقرار لینے کے لیے جمع کیا۔

عرض کی: ہفتہ

فرمایا اس روز پروردگار عالم کی وحدانیت کا اقرار تمام فرشتوں نے کیا اور اس کی معرفت حاصل کی۔

⑭ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَصْرِيُّ بِإِيلَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ جَبَلَةَ الْوَاعِظُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَامِرٍ الطَّائِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام يَوْمُ السَّبْتِ يَوْمُ مَكْرٍ وَ خَدِيعَةٍ وَ يَوْمُ الْاَحَدِ يَوْمُ غَرْسٍ وَ بِنَاءٍ وَ يَوْمُ الْاِثْنَيْنِ يَوْمُ سَفَرٍ وَ طَلَبٍ وَ يَوْمُ الثُّلَاثَاءِ يَوْمُ حَرْبٍ وَ دَمٍ وَ يَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ يَوْمٌ شُؤْمٌ فِيهِ يَتَطَيَّرُ النَّاسُ وَ يَوْمُ الْخَمِيسِ يَوْمُ الدُّخُولِ عَلَى الْاُمَرَاءِ وَ قَضَاءِ الْحَوَائِجِ وَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمُ خِطْبَةٍ وَ نِكَاحٍ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه يوم الإثنين يوم سفر إلى موضع الاستسقاء و الطلب للمطر.

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شنبہ روز مکر وفریب ہے۔ یکشنبہ عروسی یعنی شادی اور مکان بنانے کے لیے بہتر ہے۔ دوشنبہ روز مسافرت وتلاش ہے سہ شنبہ روز جنگ وخونریزی ہے چہارشنبہ روز نحس ہے پنجشنبہ بادشاہوں اور امیروں سے ملنے کا دن ہے اس دن حاجتیں پوری ہوتی ہیں جمعہ شادی کا پیغام دینے اور شادی کرنے کا دن ہے۔

مصنفؒ نے فرمایا ہے کہ پیر کے روز طلب باران اور نماز استقاء ہے یعنی اس غرض سفر کرنا چاہیے نہ کہ عام طور پر جو سفر کیا جاتا ہے۔

ما جاء في يوم الإثنين

پیر کے دن کے متعلق جو باتیں وارد ہوئی ہیں

⑮ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ السِّنْدِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ عليه السلام يَقُولُ احْتَجَمَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَ اَعْطَى الْحَجَّامَ بُرّاً.

یونس بن یعقوب کہتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیر کے دن فسد کھلواتے تھے اور حجامت کرنے والے کو اجرت میں گندم عطا کرتے تھے۔

۶۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ اللُّؤْلُؤِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ وَ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْمِيثَمِيِّ اَوْ اَحَدِهِمَا عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مِهْزَمٍ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله يَحْتَجِمُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیر کے دن وقت عصر کے بعد پچنے لگواتے تھے یا فصد کھلواتے تھے۔

۶۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ يَزِيدَ وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ الْحِجَامَةُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ مِنْ آخِرِ النَّهَارِ تَسُلُّ الدَّاءَ سَلًّا مِنَ الْبَدَنِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: پیر کے روز آخر وقت میں حجامت کروانے سے درد کو جسم سے مکمل طور پر ختم کر دیتا ہے۔

۶۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيُّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ بَشِيرٍ الْاَزْدِيِّ قَالَ جِئْتُ اِلَى اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ فَقَالَ كُلْ فَقُلْتُ اِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ وَ كَيْفَ صُمْتَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وُلِدَ فِيهِ فَقَالَ اَمَّا مَا وُلِدَ فِيهِ فَلَا تَعْلَمُونَ وَ اَمَّا مَا قُبِضَ فِيهِ فَنَعَمْ ثُمَّ قَالَ فَلَا تَصُمْ وَ لَا تُسَافِرْ فِيهِ.

عقبہ بن بشیر ازدی کہتا ہے کہ میں امام باقر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا حضرت نے کچھ کھلانا چاہا میں نے عرض کہ با حضرت روزے سے سے ہوں فرمایا کیا روزہ میں نے عرض کی آج ولادت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ حضرت نے فرمایا پیر کا دن روز ولادت نہیں روز وفات ہے۔ نہ آج روزہ رکھو نہ سفر کرو۔

۶۷ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ الْبَجَلِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى اَخِي مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عليه السلام فَقَالَ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ اِنِّي اُرِيدُ الْخُرُوجَ فَادْعُ لِي فَقَالَ وَ مَتَى تَخْرُجُ قَالَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ فَقَالَ لَهُ وَ لِمَ تَخْرُجُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ قَالَ اَطْلُبُ فِيهِ الْبَرَكَةَ لِاَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وُلِدَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ فَقَالَ كَذَبُوا وُلِدَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَ مَا مِنْ يَوْمٍ اَعْظَمُ شُؤْماً مِنْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ يَوْمٍ مَاتَ فِيهِ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله

وَ انْقَطَعَ فِيهِ وَحْيُ السَّمَاءِ وَ ظُلِمْنَا فِيهِ حَقَّنَا أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى يَوْمٍ سَهْلٍ لَيِّنٍ أَلَانَ اللهُ لِدَاوُدَ عليه السلام فِيهِ الْحَدِيدَ فَقَالَ الرَّجُلُ بَلَى جُعِلْتُ فِدَاكَ فَقَالَ اخْرُجْ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ

علی بن جعفر کہتے ہیں کہ ایک شخص نے میرے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوکر عرض کی میرا ارادہ ہے کہ سفر کروں میرے لیے دعا فرمایئے۔ حضرت نے فرمایا کس روز سفر کا قصد ہے۔ عرض کی پیر فرمایا کیوں عرض کی پیر کو کیونکہ روز ولادت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے فرمایا غلط ہے حضرت جمعہ کو پیدا ہوئے ہیں۔ پیر سے زیادہ کوئی دن منحوس نہیں۔ اس روز حضرت کی وفات ہوئی وحی الٰہی کا سلسلہ ختم ہوگیا اور ہمارا حق غصب کیا گیا۔ سفر مبارک دن میں کرو یعنی پیر اس دن خدا نے لوہے کو حضرت داؤد علیہ السلام کے لیے نرم کیا ہے۔

ما جاء في يوم الثلاثاء

روزِ منگل کے بارے میں جو کچھ آیا

۶۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيُّ عَنْ أَبِي الْخَزْرَجِ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ لِسَبْعَ عَشْرَةَ أَوْ تِسْعَ عَشْرَةَ أَوْ لِإِحْدَى وَ عِشْرِينَ مِنَ الشَّهْرِ كَانَتْ لَهُ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ مِنْ أَدْوَاءِ السَّنَةِ كُلِّهَا وَ كَانَتْ لِمَا سِوَى ذَلِكَ شِفَاءً مِنْ وَجَعِ الرَّأْسِ وَ الْأَضْرَاسِ وَ الْجُنُونِ وَ الْجُذَامِ وَ الْبَرَصِ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ منگل ۱۷، ۱۹، ۲۱ کو چاند کے مہینے کی فصد کھلوانے سے کوئی درد آئندہ ایک سال تک نہیں ہوتا۔ اور ان تاریخوں کے علاوہ کسی دن فصد کھلوانا دردسر، درد دندان بیسی وخورہ کو دفع کرتا ہے۔

۶۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَصْبَهَانِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ النَّخَعِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَنْ كَانَ مُسَافِراً فَلْيُسَافِرْ يَوْمَ السَّبْتِ فَلَوْ أَنَّ حَجَراً زَالَ عَنْ حَجَرٍ يَوْمَ السَّبْتِ لَرَدَّهُ اللهُ إِلَى مَكَانِهِ وَ مَنْ تَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ الْحَوَائِجُ فَلْيَلْتَمِسْ طَلَبَهَا يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ فَإِنَّهُ الْيَوْمُ الَّذِي أَلَانَ اللهُ فِيهِ الْحَدِيدَ لِدَاوُدَ عليه السلام.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سفر کے لیے ہفتہ کا دن بہتر ہے۔ اگر اس روز پہاڑ سے کوئی پتھر بھی جدا ہوگا تو وہ پھر اپنی جگہ واپس آجائے گا جس کو کوئی کام ہو منگل کے دن اس کے لیے کوشش کرے کیونکہ اس خداوند عالم نے

حضرت داؤد علیہ السلام کے لیے لوہے کو نرم کیا تھا۔

ما جاء في يوم الأربعاء

بدھ کے دن کے متعلق جو کچھ آیا ہے

۴۰ حَدَّثَنِي أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا قَالَ دَخَلْتُ عَلَى أَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيِّ عليه السلام يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ وَ هُوَ يَحْتَجِمُ فَقُلْتُ لَهُ إِنَّ أَهْلَ الْحَرَمَيْنِ يَرْوُونَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله أَنَّهُ قَالَ مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ فَأَصَابَهُ بَيَاضٌ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ فَقَالَ كَذَبُوا إِنَّمَا يُصِيبُ ذَلِكَ مَنْ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ فِي طَمْثٍ.

یعقوب بن یزید ہمارے راویوں میں ایک راوی سے روایت کرتے ہیں کہ میں خدمت حضرت علی نقی علیہ السلام میں بدھ کے دن حاضر ہوا دیکھا۔ حضرت بدن سے خون نکلوا رہے ہیں۔ میں نے عرض کی اہل مکہ و مدینہ کہتے ہیں کہ بدھ کو فصد کھلوانے سے بیسی یعنی سفید داغ (برص) ہوجاتا ہے۔ فرمایا غلط ہے یہ مرض اس کو ہوتا ہے جس کی ماں حیض میں حاملہ ہوئی ہو۔

۴۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أَسْلَمَ قَالَ رَأَيْتُ أَبَا الْحَسَنِ مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ عليه السلام احْتَجَمَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ وَ هُوَ مَحْمُومٌ فَلَمْ تَتْرُكْهُ الْحُمَّى فَاحْتَجَمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَتَرَكَتْهُ الْحُمَّى

عبدالرحمن بن عمرو بن اسلم کہتے ہیں کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے بخار میں بدھ کو فصد کھلوائی مگر بخار نہیں اترا۔ پھر جمعہ کو فصد کھلوائی تو بخار اتر گیا۔

۴۲ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْأَشْعَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا السَّيَّارِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الدَّقَّاقِ الْبَغْدَادِيِّ قَالَ كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ الثَّانِي عليه السلام أَسْأَلُهُ عَنِ الْخُرُوجِ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ لَا يَدُورُ فَكَتَبَ عليه السلام مَنْ خَرَجَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ لَا يَدُورُ خِلَافاً عَلَى أَهْلِ الطِّيَرَةِ وُقِيَ مِنْ كُلِّ آفَةٍ وَ عُوفِيَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَ عَاهَةٍ وَ قَضَى اللهُ لَهُ حَاجَتَهُ وَ كَتَبْتُ إِلَيْهِ مَرَّةً أُخْرَى أَسْأَلُهُ عَنِ الْحِجَامَةِ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ لَا يَدُورُ فَكَتَبَ عليه السلام مَنِ احْتَجَمَ فِي يَوْمِ الْأَرْبِعَاءِ لَا يَدُورُ خِلَافاً عَلَى أَهْلِ الطِّيَرَةِ عُوفِيَ مِنْ كُلِّ آفَةٍ وَ وُقِيَ مِنْ كُلِّ عَاهَةٍ وَ

لَمْ تَخْضَرَّ مَحَاجِمُهُ.

محمد بن احمد وقاق بغدادی کہتے ہیں کہ میں نے امام رضا علیہ السلام سے مہینے کے آخری چہار شنبہ کو سفر کے متعلق پوچھا۔ حضرت نے جواب دیا کہ جو آخری بدھ کو نحس کہنے والوں کی رد میں سفر کرے۔ خداوند عالم اس کو ہر آفت سے محفوظ رکھے گا۔ ہر بلا ہر درد سے امان خدا میں رہے گا اس کی حاجت روا ہوگی۔

اس کے بعد پھر آخری بدھ کو فصد کھلوانے کے متعلق سوال کیا تو جواب عنایت فرمایا کہ جو آخری بدھ کو نحس کہنے والوں کی مخالفت میں اس دن فصد کھلوائے گا اس کی حاجت پوری ہوگی ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

۴۳ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ الْوَرَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَنْبَسَةَ مَوْلَى الرَّشِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا دَارِمُ بْنُ قَبِيصَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا قَالَ سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله آخِرُ اَرْبِعَاءٍ فِي الشَّهْرِ يَوْمُ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ روز بدھ برابر نحس ہوتا ہے۔ اس روز قوم عاد پر ہوا کا عذاب آیا اور وہ ہلاک ہو گئے۔

۴۴ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ اَبَانٍ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْاَحْوَلِ عَنْ بَشَّارِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام لِاَيِّ شَيْءٍ يُصَامُ يَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ قَالَ لِاَنَّ النَّارَ خُلِقَتْ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ

بشار بن بشار کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ لوگ بدھ کو روزہ کیوں رکھتے ہیں۔ فرمایا اس لیے کہ بدھ کو دوزخ کی خلقت ہوئی ہے۔

۴۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ رَاَيْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ احْتَجَمَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ بَعْدَ الْعَصْرِ.

حذیفہ ابن منصور کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو بعد عصر بدھ کو فصد کھولتے یا پچنے لگواتے دیکھا۔

۴۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَحْيَى عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ

عَنْ اَبِی بَصِیرٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِیهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ اَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ علیہ السلام قَالَ تَوَقَّوُا الْحِجَامَةَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَ النُّورَةَ فَاِنَّ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ یَوْمُ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ وَ فِیهِ خُلِقَتْ جَهَنَّمُ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ بدھ کے دن نہ حجامت کراؤ نہ نورا لگاؤ کیونکہ یہ دن نحس ہے اس دن جہنم کی خلقت ہوئی تھی۔

۴۷ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِیسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی الْیَقْطِینِیِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ یَحْیَی عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ قَالَ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ علیہ السلام یَنْبَغِی لِلرَّجُلِ اَنْ یَتَوَقَّی النُّورَةَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ فَاِنَّهُ یَوْمُ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ بدھ کے دن مردوں کو نورا نہیں لگانا چاہئے کیونکہ یہ دن نحس ہے۔

۴۸ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَصْرِیُّ بِاِیلَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ جَبَلَةَ الْوَاعِظُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَامِرٍ الطَّائِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِی قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُوسَی الرِّضَا قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ علیہ السلام قَالَ قَامَ رَجُلٌ اِلَی اَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ علیہ السلام فِی الْجَامِعِ بِالْکُوفَةِ فَقَالَ یَا اَمِیرَ الْمُؤْمِنِینَ اَخْبِرْنِی عَنْ یَوْمِ الْاَرْبِعَاءِ وَ التَّطَیُّرِ مِنْهُ وَ ثِقْلِهِ وَ اَیُّ اَرْبِعَاءَ هُوَ فَقَالَ علیہ السلام آخِرُ اَرْبِعَاءَ فِی الشَّهْرِ وَ هُوَ الْمَحَاقُ وَ فِیهِ قُتِلَ قَابِیلُ هَابِیلَ اَخَاهُ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اُلْقِیَ اِبْرَاهِیمُ علیہ السلام فِی النَّارِ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَضَعُوا الْمَنْجَنِیقَ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ غَرَّقَ اللهُ فِرْعَوْنَ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ جَعَلَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ اَرْضَ قَوْمِ لُوطٍ عَالِیَهَا سَافِلَهَا وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَرْسَلَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِیهِ الرِّیحَ عَلَی قَوْمِ عَادٍ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَصْبَحَتْ کَالصَّرِیمِ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ سَلَّطَ اللهُ عَلَی نُمْرُودَ الْبَقَّةَ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ طَلَبَ فِرْعَوْنُ مُوسَی لِیَقْتُلَهُ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ خَرَّ عَلَیْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَمَرَ فِرْعَوْنُ بِذَبْحِ الْغِلْمَانِ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ خُرِّبَ بَیْتُ الْمَقْدِسِ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اُحْرِقَ مَسْجِدُ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوُدَ علیہ السلام وَ اِصْطَخْرُ مِنْ کُورَةِ فَارِسَ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ قُتِلَ یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ ظَلَّ قَوْمُ فِرْعَوْنَ اَوَّلَ الْعَذَابِ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ خَسَفَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِقَارُونَ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ ابْتَلَی اللهُ اَیُّوبَ علیہ السلام بِذَهَابِ مَالِهِ وَ وُلْدِهِ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اُدْخِلَ یُوسُفُ السِّجْنَ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ اَنَّا دَمَّرْنَاهُمْ وَ قَوْمَهُمْ اَجْمَعِینَ وَ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ

أَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ وَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ عَقَرُوا النَّاقَةَ وَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ أَمْطَرَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ وَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ شُجَّ النَّبِيُّ ﷺ وَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ وَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ أَخَذَتِ الْعَمَالِيقُ التَّابُوتَ

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه من اضطر إلى الخروج فى سفر يوم الأربعاء أو تبيغ به الدم فى يوم الأربعاء فجائز له أن يسافر أو يحتجم فيه ولا يكون ذلك شؤما عليه لا سيما إذا فعل ذلك خلافا على أهل الطيرة ومن استغنى عن الخروج فيه أو عن إخراج الدم فالأولى أن يتوقى ولا يسافر فيه ولا يحتجم

حضرت امام امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بدھ کو نورہ نہ لگاؤ یعنی زیر ناف کے بالوں کو بدھ کے دن صاف نہ کرو کیونکہ وہ دن ہمیشہ نحس ہوتا ہے۔ مسجد کوفہ میں ایک شخص نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے عرض کی کہ یا حضرت کس لیے اور کس چہارشنبہ کو نحس فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا مہینے کا آخری چہارشنبہ جو ایام محاق میں پڑے اس روز قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا اس روز جناب ابراہیم آگ میں ڈالے گئے تھے۔ اسی روز منجنیق کی ایجاد ہوئی۔ خداوند عالم نے فرعون کو غرق کیا۔ زمیں قوم لوط منقلب ہوئی۔ قوم عاد پر عذاب نازل ہوا ان باغ خاک سیاہ ہو گئے۔ خداوند عالم نے مچھر کو غرور پر مسلط کیا۔ فرعون نے بنی اسرائیل کے لڑکوں کو ذبح کرنے کا حکم دیا۔ بیت المقدس ویران ہو گیا۔ اسی دن قوم فرعون پر سب سے پہلا عذاب آیا۔ قارون زمین میں دھنس گیا۔ حضرت ایوب پر مصیبتیں نازل ہوئیں۔ اولاد مال تلف ہو گیا۔ قوم حضرت صالح پر عذاب آیا اور آواز خوفناک سے ہلاک ہوئے۔ ناقہ صالح اس روز پے ہوا اسی روز سرور دندان حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجروح ہوئے اور دانت گر گئے۔ عمالقہ نے تابوت بنی اسرائیل پر قبضہ کر لیا۔

مؤلف کتاب تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص سفر کرنے پر کسی وجہ سے مجبور ہو تو سفر کر سکتا ہے۔ یا اگر جسم میں فاسد خون زیادہ جائے تو حجامت کروا سکتا ہے اسی طرح اگر کوئی اس کام کو فال بد تصور کرتا ہو تو اس کی نفی کے لئے کام کو انجام دے سکتا ہے لیکن اگر کوئی مجبوری وغیرہ نہ ہو تو ان کاموں سے اجتناب کرنا چاہئے۔

ما جاء في يوم الخميس

جمعرات کے بارے میں جو کچھ وارد ہوا ہے

۵۹ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ مُعَتِّبِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام فِي يَوْمِ الْخَمِيسِ وَ هُوَ يَحْتَجِمُ فَقُلْتُ لَهُ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ ﷺ أَتَحْتَجِمُ فِي يَوْمِ الْخَمِيسِ فَقَالَ نَعَمْ مَنْ كَانَ

مِنْكُمْ مُحْتَجِماً فَلْيَحْتَجِمْ فِي يَوْمِ الْخَمِيسِ فَإِنَّ عَشِيَّةَ كُلِّ جُمُعَةٍ يَبْتَدِرُ الدَّمُ فَرَقاً مِنَ الْقِيَامَةِ وَ لَا يَرْجِعُ إِلَى وَكْرِهِ إِلَى غَدَاةِ الْخَمِيسِ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى غُلَامِهِ رُبَيْحٍ فَقَالَ يَا رُبَيْحُ اشْدُدْ قَصَبَ الْمِلَازِمِ وَ اجْعَلْ مَصَّكَ رَخِيّاً وَ اجْعَلْ شَرْطَكَ زَحْفاً وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ مَنِ احْتَجَمَ فِي آخِرِ خَمِيسٍ مِنَ الشَّهْرِ فِي أَوَّلِ النَّهَارِ سُلَّ مِنْهُ الدَّاءُ سَلّاً.

مقب ابن مبارک کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو جمعرات کے دن سینگی لگواتے ہوئے دیکھا اور سوال تو حضرت فرمایا کہ جمعرات کے دن حجامت کروانے سے بدن کا درد بالکل دور ہوجاتا ہے کیونکہ ہر شب جمعہ کو خون بدن انسان میں خوف قیامت سے جوش کھاتا ہے اور صبح تک اپنے مقام پر واپس نہیں آتا۔ سرسینگی لگانے والے سے فرمایا کہ خوب دبا کے رکھو اور آہستہ چوسو اور تیزی سے استرا مارو۔

پھر فرمایا کہ جو مہینے کے آخری جمعرات کو دن کے ابتدائی حصے میں سینگی لگوائے درد اس کے بدن سے بالکل دور ہوجاتا ہے۔

۸۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبَانٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عليه السلام قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صلی الله علیه و آله أَوَّلَ مَا بُعِثَ يَصُومُ حَتَّى يُقَالَ لَا يُفْطِرُ وَ يُفْطِرُ حَتَّى يُقَالَ لَا يَصُومُ ثُمَّ تَرَكَ ذَلِكَ وَ صَامَ يَوْماً وَ تَرَكَ يَوْماً وَ هُوَ صَوْمُ دَاوُدَ عليه السلام ثُمَّ تَرَكَ ذَلِكَ ثُمَّ قُبِضَ وَ هُوَ يَصُومُ خَمِيسَيْنِ بَيْنَهُمَا أَرْبِعَاءُ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابتدائے بعثت میں برابر روزہ بھی رکھا کرتے تھے یہاں تک کہ لوگوں نے یقین کرلیا کہ اب حضرت روزہ ہی رکھا کریں گے اس کے بعد پھر سنتی روزے ترک کردیئے تو لوگ نے خیال کیا کہ اب سنتی روزہ نہ رکھیں گے۔ اس کے بعد ایک دن روزہ رکھتے تھے اور دوسرے دن افطار کرتے تھے۔ اس کے بعد ہر ماہ وہ جمعرات اور ان کے درمیانی بدھ کو روزہ رکھنے لگے یہ طریقہ آخر تک رہا۔

۸۱ وَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الْأَحْوَلِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عليه السلام أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلی الله علیه و آله سُئِلَ عَنْ صَوْمِ خَمِيسَيْنِ بَيْنَهُمَا أَرْبِعَاءُ فَقَالَ أَمَّا الْخَمِيسُ فَيَوْمٌ تُعْرَضُ فِيهِ الْأَعْمَالُ وَ أَمَّا الْأَرْبِعَاءُ فَيَوْمٌ خُلِقَتْ فِيهِ النَّارُ وَ أَمَّا الصَّوْمُ فَجُنَّةٌ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ بدھ اور جمعرات کو روزہ رکھنا کیسا ہے۔ فرمایا: جمعرات کو بندوں کے اعمال کی پیشی ہوتی ہے اور بدھ کو دوزخ کی خلقت ہوئی اور روزہ آتش دوزخ کی

سپر ہے۔

۸۴ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِیسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ الرَّازِیُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ زَکَرِیَّا عَنْ اَبِیهِ عَنْ یَحْیَی قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ علیه السلام مَنْ قَصَّ اَظَافِیرَهُ یَوْمَ الْخَمِیسِ وَ تَرَکَ وَاحِدَةً لِیَوْمِ الْجُمُعَةِ نَفَی اللهُ عَنْهُ الْفَقْرَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہر وہ شخص کہ جو جمعرات کے دن ناخن تراشے اور ایک ناخن روزِ جمعہ کے لئے چھوڑ دے خداوند عالم اس سے فقر کو دور کر دے گا۔

ما جاء في يوم الجمعة

روزِ جمعہ کے بارے میں جو کچھ وارد ہوا ہے

۸۳ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عِیسَی بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ زَکَرِیَّا الْمُؤْمِنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَبَاحٍ الْقَلَّاءِ قَالَ رَاَیْتُ اَبَا اِبْرَاهِیمَ علیه السلام یَحْتَجِمُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ تَحْتَجِمُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ اَقْرَاُ آیَةَ الْکُرْسِیِّ فَاِذَا هَاجَ بِكَ الدَّمُ لَیْلًا کَانَ اَوْ نَهَاراً فَاقْرَاْ آیَةَ الْکُرْسِیِّ وَ احْتَجِمْ.

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو پنجشنبہ کے دن اپنے سب ناخن کاٹے اور جمعہ کے لیے ایک ناخن چھوڑ دے یعنی ایک بقیہ ناخن جمعہ کے دن کاٹے تو اس فقر و افلاس دور ہو جائے گا۔

۸۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِیُّ الْوَرَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ مَوْلَی الرَّشِیدِ قَالَ حَدَّثَنَا دَارِمُ بْنُ قَبِیصَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُوسَی الرِّضَا قَالَ حَدَّثَنِی مُوسَی بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ اَبِیهِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ عَنْ اَبِیهِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ اَبِیهِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ علیه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی الله علیه و آله تَقُومُ السَّاعَةُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ بَیْنَ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَ الْعَصْرِ.

محمد بن ریاح کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام جمعہ کے دن بدن سے خون نکلواتے دیکھا۔ میں نے عرض کی یہ جمعہ کا دن ہے۔ فرمایا میں آیت الکرسی پڑھ لیتا ہوں۔ جس وقت خون میں ہیجان پیدا ہو۔ جس روز چاہو آیت الکرسی پڑھ کر اپنے بدن سے خون نکلوا سکتے ہو۔

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہنگامۂ قیامت جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان برپا ہوگا۔

۸۵ وَ عَنِ السَّکُونِیِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِیٍّ علیه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی الله علیه و آله

اَطْرِفُوا اَهَالِيَكُمْ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ بِشَيْءٍ مِنَ الْفَاكِهَةِ وَ اللَّحْمِ حَتَّى يَفْرَحُوا بِالْجُمُعَةِ وَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا خَرَجَ فِي الصَّيْفِ مِنْ بَيْتٍ خَرَجَ يَوْمَ الْخَمِيسِ وَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَدْخُلَ الْبَيْتَ فِي الشِّتَاءِ مِنَ الْبَرْدِ دَخَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَ قَدْ رُوِيَ أَنَّهُ كَانَ دُخُولُهُ وَ خُرُوجُهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہر شب جمعہ کو (اپنے عیال واطفال کے لیے) گوشت اور میوہ لے جایا کرو کہ جمعہ کے آنے کی خوشی ہو۔

حضرت موسم گرما میں جمرات کو (سونے کے لیے) شب کو باہر نکلتے تھے اور جاڑوں میں شب جمعہ سے اندر آرام فرماتے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ دونوں موسموں میں حضرت باہر سونے اور اندر آرام کرنے کے لیے شب جمعہ ہی کو جاتے تھے۔

۸۴ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْخَطَّابِ عَنْ صَالِحِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ أَبِي كَهْمَسٍ قَالَ قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام عَلِّمْنِي دُعَاءً أَسْتَنْزِلُ بِهِ الرِّزْقَ فَقَالَ لِي خُذْ مِنْ شَارِبِكَ وَ أَظْفَارِكَ وَ لْيَكُنْ ذَلِكَ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ.

راوی کہتا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی کہ وسعت رزق کے لیے کوئی دعا تعلیم فرمایئے آپ نے فرمایا کہ جمعہ کے دن مونچھیں اور ناخن کاٹا کرو۔

۸۵ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عُتَيْبَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْمَدِينِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ تَقْلِيمُ الْأَظْفَارِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يُؤْمِنُ مِنَ الْجُذَامِ وَ الْبَرَصِ وَ الْعَمَى وَ إِنْ لَمْ يَحْتَجْ فَحُكَّهَا حَكّاً وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام مَنْ قَلَّمَ أَظْفَارَهُ وَ قَصَّ شَارِبَهُ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ ثُمَّ قَالَ بِسْمِ اللهِ وَ بِاللهِ وَ عَلَى سُنَّةِ مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ أُعْطِيَ بِكُلِّ قُلَامَةٍ وَ جُزَازَةٍ عِتْقَ رَقَبَةٍ مِنْ وُلْدِ إِسْمَاعِيلَ.

ہشام ابن سالم کہتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جمعہ کے دن ناخن کاٹنا خورہ، پیسی، کوری کو دفع کرتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز اپنے ناخن اور مونچھیں کاٹے اور کہے کہ بسم اللہ و باللہ وعلی سنۃ محمد وآل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو جو ریزہ ناخن کا الگ ہوگا اس کے عوض ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ہوگا ایسا غلام جو اولاد حضرت اسماعیل سے ہو۔

۸۶ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنَا

مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الرَّازِيُّ عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ الرَّازِيِّ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيهِ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله مَنْ قَلَّمَ اَظْفَارَهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَخْرَجَ اللهُ مِنْ اَنَامِلِهِ الدَّاءَ وَ اَدْخَلَ فِيهِ الدَّوَاءَ وَرُوِيَ اَنَّهُ لَا يُصِيبُهُ جُنُونٌ وَلَا جُذَامٌ وَلَا بَرَصٌ.

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو جمعہ کے دن ناخن کاٹے گا تو مرض اس کی انگلیوں سے نکل جائے گا نہ دیوانہ ہوگا نہ جذام ہوگا نہ برص۔

۸۹ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ بَكْرِ بْنِ صَالِحٍ عَنِ الْجَعْفَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ عليه السلام يَقُولُ قَلِّمُوا اَظْفَارَكُمْ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ وَ اسْتَحِمُّوا يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَ اَصِيبُوا مِنَ الْحَجَّامِ حَاجَتَكُمْ يَوْمَ الْخَمِيسِ وَ تَطَيَّبُوا بِاَطْيَبِ طِيبِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا کہ ناخن سہ شنبہ کو کاٹو اور حمام چارشنبہ کو جاؤ اور پنجشنبہ کو بدن سے خون نکلواؤ اور جمعہ کو بہترین خوشبو لگاؤ۔

۹۰ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُكَيْمٍ عَنْ مُعَمَّرِ بْنِ خَلَّادٍ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عليه السلام قَالَ لَا يَنْبَغِي لِلرَّجُلِ اَنْ يَدَعَ الطِّيبَ فِي كُلِّ يَوْمٍ فَاِنْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ فَيَوْمٌ وَ يَوْمٌ لَا فَاِنْ لَمْ يَقْدِرْ فَفِي كُلِّ جُمُعَةٍ وَ لَا يَدَعْ ذَلِكَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ خوشبو روز لگاؤ ورنہ ایک دن ناغہ کرکے اور یہ بھی نہ ہو تو ہر جمعہ کو ضرور لگاؤ۔

۹۱ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ الْفُرَاتِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَطَرٍ عَنِ السَّكَنِ الْخَزَّازِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ يَقُولُ لِلّٰهِ حَقٌّ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ اَخْذُ شَارِبِهِ وَ اَظْفَارِهِ وَ مَسُّ شَيْئاً مِنَ الطِّيبِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہر مسلمان پر حق ہے کہ ہر جمعہ کو ناخن اور مونچھیں کٹوائے اور خوشبو لگائے۔

۹۲ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَمْرٍو الْعَطَّارُ الْقَزْوِينِيُّ بِبَلْخٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُصْعَبٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُصْعَبِ بْنِ الْقَاسِمِ السُّلَمِيُّ بِتِرْمِذَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ

بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ هَارُونَ الْآمُلِيُّ بِآمُلَ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ غَالِبٍ الْبَصْرِيُّ الزَّاهِدُ بِبَغْدَادَ قَالَ حَدَّثَنَا دِينَارٌ مَوْلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ اِنَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعٌ وَ عِشْرُونَ سَاعَةً لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كُلِّ سَاعَةٍ سِتُّمِائَةِ اَلْفِ عَتِيقٍ مِنَ النَّارِ.

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ شب جمعہ سے روزِ جمعہ تک چوبیس گھنٹے میں خداوند عالم ہر ساعت میں ساٹھ ہزار افراد کو آتش جہنم سے آزاد کرتا ہے۔

۹۳ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زِيَادٍ الْهَمَذَانِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ وَ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ جَمِيعاً عَنْ هِشَامِ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عليہ السلام فِي الرَّجُلِ يُرِيدُ اَنْ يَعْمَلَ شَيْئاً مِنَ الْخَيْرِ مِثْلَ الصَّدَقَةِ وَ الصَّوْمِ وَ نَحْوِ هَذَا قَالَ يُسْتَحَبُّ اَنْ يَكُونَ ذَلِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاِنَّ الْعَمَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يُضَاعَفُ.

ہشام بن الحکم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ اگر کوئی نیک عمل مثل صدقہ دینا، روزہ رکھنا اور اس جیسے دیگر اعمال روز جمعہ انجام دیئے تو کیسا ہے؟

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اس اس قسم کے اعمال اگر روزِ جمعہ انجام دیئے جائیں تو اس کا اجر دو چند ہوا کرتا ہے۔

۹۴ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمَذَانِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي الْبِلَادِ عَمَّنْ رَوَاهُ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عليہ السلام قَالَ مَنْ اَنْشَدَ بَيْتَ شِعْرٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَهُوَ حَظُّهُ مِنْ ذَلِكَ الْيَوْمِ وَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِذَا رَاَيْتُمُ الشَّيْخَ يُحَدِّثُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِاَحَادِيثِ الْجَاهِلِيَّةِ فَارْمُوا رَاْسَهُ وَلَوْ بِالْحَصَى.

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو روز جمعہ کوئی شعر پڑھے بس اس دن وہی شعر اس کا حصہ ہے۔ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب تم جمعہ کے دن کسی کو جاہلیت کی باتیں کرتے سنو تو اس کے سر پر ڈھیلے یا کنکریاں مارو۔

۹۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ نُوحٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عليہ السلام قَالَ مَنْ قَالَ فِي آخِرِ سَجْدَةٍ مِنَ النَّافِلَةِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَ اِنْ قَالَهُ كُلَّ لَيْلَةٍ فَهُوَ اَفْضَلُ اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيمِ وَ اسْمِكَ الْعَظِيمِ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَغْفِرَ لِي ذَنْبِيَ الْعَظِيمَ سَبْعَ مَرَّاتٍ انْصَرَفَ وَ قَدْ غُفِرَ لَهُ قَالَ وَ قَالَ

اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام اِذَا كَانَتْ عَشِيَّةُ الْخَمِيسِ وَ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ نَزَلَتْ مَلَائِكَةٌ مِنَ السَّمَاءِ مَعَهَا اَقْلَامُ الذَّهَبِ وَ صُحُفُ الْفِضَّةِ لَا يَكْتُبُونَ عَشِيَّةَ الْخَمِيسِ وَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَى اَنْ تَغِيبَ الشَّمْسُ اِلَّا الصَّلَاةَ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وَ يُكْرَهُ السَّفَرُ وَ السَّعْيُ فِي الْحَوَائِجِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يُكْرَهُ مِنْ اَجْلِ الصَّلَاةِ فَاَمَّا بَعْدَ الصَّلَاةِ فَجَائِزٌ يُتَبَرَّكُ بِهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو سجدہ آخر نافلہ مغرب میں شب جمعہ یا ہر شب کو سات مرتبہ یہ دعا پڑھے کہ "اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيمِ وَ اسْمِكَ الْعَظِيمِ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَغْفِرَ لِي ذَنْبِيَ الْعَظِيمَ" تو سر سجدہ سے اٹھاتے ہی اس کا ہر گناہ بخش دیا جائے گا۔ پھر فرمایا ہے کہ جمعہ کی رات اور جمعرات کی رات فرشتے سونے کے قلم اور چاندی کی تختی لے کر آتے ہیں اور صلوٰۃ بھیجنے کا ثواب لکھتے ہیں۔ روز جمعہ سفر کرنا اور دنیاداری کے لئے سعی و کوشش کرنا مکروہ ہے یہ کراہیت جماز سے پہلے ہے اور نماز کے بعد کراہیت ختم ہو جاتی ہے بلکہ کام بابرکت ہو جاتا ہے۔

۹۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُثْمَانَ الْخَزَّازِ اَنَّهُ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْاَرْضِ وَ ابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللهِ قَالَ الصَّلَاةُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَ الِانْتِشَارُ يَوْمَ السَّبْتِ وَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام اُفٍّ لِلرَّجُلِ الْمُسْلِمِ اَنْ لَا يُفَرِّغَ نَفْسَهُ فِي الْاُسْبُوعِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِاَمْرِ دِينِهِ فَيَسْاَلَ عَنْهُ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ روز جمعہ قبل نماز جمعہ سفر کرنا یا کوئی کام کرنا برا ہے۔ لیکن نماز جمعہ کے بعد بہتر ہے۔

ابراہیم بن عثمان نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی اس آیت کا کیا مطلب ہے: فاذا قضیت الصلوٰۃ فانتشروا فی الارض یعنی نماز کے بعد متفرق ہو جاؤ اور خدا سے اس کے فضل کی خواہش کرو۔ فرمایا نماز پڑھو جمعہ کے دن اور تلاش معاش کرو شنبہ کو۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اف ہے اس پر جو ہفتہ میں ایک دن بھی مسائل دینیہ پر غور نہ کرے اور نہ حاصل کرے۔

ما جاء في يوم السبت

روزِ ہفتہ کے بارے میں جو کچھ وارد ہوا ہے

۹۷ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ النَّخَعِيِّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَنْ كَانَ مُسَافِراً فَلْيُسَافِرْ يَوْمَ السَّبْتِ فَلَوْ اَنَّ حَجَراً زَالَ عَنْ جَبَلٍ فِي يَوْمِ السَّبْتِ لَرَدَّهُ اللهُ اِلَى مَكَانِهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے جس کو سفر کرنا ہو وہ شنبہ کے دن سفر کرے اگر کوئی پتھر بھی اپنی جگہ سے ہٹ جائے گا تو پھر وہیں واپس آئے گا۔

۹۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ الْوَرَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَنْبَسَةَ مَوْلَى الرَّشِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا دَارِمُ بْنُ قَبِيصَةَ وَ نُعَيْمُ بْنُ صَالِحٍ الطَّبَرِيُّ قَالا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا عَنْ اَبِيهِ مُوسَى عَنْ اَبِيهِ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيهِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اللهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِي فِي بُكُورِهَا يَوْمَ سَبْتِهَا وَ خَمِيسِهَا.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی کہ خداوندا میری امت کے لیے صبح روز ہفتہ اور جمعرات کو مبارک قرار دے۔

۹۹ وَ بِهَذَا الْاِسْنَادِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله بَاكِرُوا بِالْحَوَائِجِ فَاِنَّهَا مُيَسَّرَةٌ وَ تَرَبَّوُا الْكِتَابَ فَاِنَّهُ اَنْجَحُ لِلْحَاجَةِ وَ اطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوهِ.

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے کام کے لیے صبح سویرے جایا کرو کہ کام ہو جائے اور خط لکھو تو اس پر مٹی چھڑک دو تا کہ مطلب پورا ہو سکے۔ نیکی اور خیر حسینوں سے چاہو۔

۱۰۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ الرَّازِيِّ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ النَّوْفَلِيِّ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله مَنْ قَلَّمَ اَظْفَارَهُ يَوْمَ السَّبْتِ وَ يَوْمَ الْخَمِيسِ وَ اَخَذَ مِنْ شَارِبِهِ عُوفِيَ مِنْ وَجَعِ الْاَضْرَاسِ وَ وَجَعِ الْعَيْنِ.

پیامبر خدا (ص) فرمود: هر کس ناخن‌هایش را روز شنبه و روز پنجشنبه بگیرد و سبیلش را هم بچیند، از دردِ دندان و درد چشم در امان خواهد بود.

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعرات کو ناخن تراشنا اور مونچھیں چھوٹی کروانا دانتوں اور آنکھوں کے درد کے امان

کا باعث ہے۔

⑩ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ یَعْقُوبَ بْنِ یَزِیدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی عُمَیْرٍ عَنْ غَیْرِ وَاحِدٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام قَالَ السَّبْتُ لَنَا وَ الْاَحَدُ لِشِیعَتِنَا وَ الْاِثْنَیْنِ لِاَعْدَائِنَا وَ الثَّلَاثَاءُ لِبَنِی اُمَیَّۃَ وَ الْاَرْبِعَاءُ یَوْمُ شُرْبِ الدَّوَاءِ وَ الْخَمِیسُ تُقْضَی فِیہِ الْحَوَائِجُ وَ الْجُمُعَۃُ لِلتَّنَظُّفِ وَ التَّطَیُّبِ وَ ھُوَ عِیدُ الْمُسْلِمِینَ وَ ھُوَ اَفْضَلُ مِنَ الْفِطْرِ وَ الْاَضْحَی وَ یَوْمُ الْغَدِیرِ اَفْضَلُ الْاَعْیَادِ وَ ھُوَ ثَامِنَ عَشَرَ مِنْ ذِی الْحِجَّۃِ وَ کَانَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَ یَخْرُجُ قَائِمُنَا اَھْلَ الْبَیْتِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَ یَقُومُ الْقِیَامَۃُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَ مَا مِنْ عَمَلٍ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اَفْضَلُ مِنَ الصَّلَاۃِ عَلَی مُحَمَّدٍ وَ آلِہِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شنبہ ہمارے لیے ہے یکشنبہ ہمارے شیعوں کے لیے ہے۔ دوشنبہ ہمارے دشمنوں کا دن ہے۔ سہ شنبہ بنی امیہ کے لیے چہارشنبہ دوا و علاج کا دن ہے۔ پنجشنبہ کو حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ جمعہ طہارت اور پاکیزگی کے لیے ہے اور مسلمانوں کی عید ہے اور عید فطر و قربانی سے بہتر ہے اور عید غدیر ہر عید سے بہتر ہے اور جمعہ کے روز قائم محمد کا ظہور ہوگا۔ عجل اللہ فرجہ اسی روز قیامت برپا ہوگی اور اس دن کوئی عمل محمد و آل محمد علیہم پر صلوات پڑھنے سے بہتر و افضل نہیں ہے۔

معنی الحدیث الذي روي عن النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لا تعادوا الأیام فتعادیکم

حدیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ”دنوں کو دشمن نہ رکھو کہ وہ بھی تم سے دشمنی رکھیں“ کا معنی

⑫ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَی بْنِ الْمُتَوَکِّلِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اِبْرَاھِیمَ بْنِ ھَاشِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَحْمَدَ الْمَوْصِلِیُّ عَنِ الصَّقْرِ بْنِ اَبِی دُلَفَ الْکَرْخِیِّ قَالَ لَمَّا حَمَلَ الْمُتَوَکِّلُ سَیِّدَنَا اَبَا الْحَسَنِ الْعَسْکَرِیَّ علیہ السلام جِئْتُ اَسْاَلُ عَنْ خَبَرِہِ قَالَ فَنَظَرَ اِلَیَّ الرَّازِقِیُّ وَ کَانَ حَاجِباً لِلْمُتَوَکِّلِ فَاَمَرَ اَنْ اُدْخَلَ اِلَیْہِ فَاُدْخِلْتُ اِلَیْہِ فَقَالَ یَا صَقْرُ مَا شَاْنُکَ فَقُلْتُ خَیْرٌ اَیُّھَا الْاُسْتَاذُ فَقَالَ اقْعُدْ فَاَخَذَنِی مَا تَقَدَّمَ وَ مَا تَاَخَّرَ وَ قُلْتُ اَخْطَاْتُ فِی الْمَجِیءِ قَالَ فَوَحَی النَّاسَ عَنْہُ ثُمَّ قَالَ لِی مَا شَاْنُکَ وَ فِیمَ جِئْتَ قُلْتُ لِخَیْرٍ مَا فَقَالَ لَعَلَّکَ تَسْاَلُ عَنْ خَبَرِ مَوْلَاکَ فَقُلْتُ لَہُ وَ مَنْ مَوْلَایَ مَوْلَایَ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ فَقَالَ اسْکُتْ مَوْلَاکَ ھُوَ الْحَقُّ فَلَا تَحْتَشِمْنِی فَاِنِّی عَلَی مَذْھَبِکَ فَقُلْتُ الْحَمْدُ لِلّٰہِ قَالَ اَتُحِبُّ اَنْ تَرَاہُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اجْلِسْ حَتَّی یَخْرُجَ صَاحِبُ الْبَرِیدِ مِنْ عِنْدِہِ قَالَ فَجَلَسْتُ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ لِغُلَامٍ لَہُ خُذْ بِیَدِ الصَّقْرِ وَ اَدْخِلْہُ اِلَی الْحُجْرَۃِ الَّتِی فِیہِ الْعَلَوِیُّ الْمَحْبُوسُ وَ خَلِّ بَیْنَہُ وَ بَیْنَہُ قَالَ

فَأَدْخَلَنِي إِلَى الْحُجْرَةِ الَّتِي فِيهِ الْعَلَوِيُّ فَإِذَا عليه السلام جَالِسٌ عَلَى صَدْرِ حَصِيرٍ وَ بِحِذَائِهِ قَبْرٌ مَحْفُورٌ قَالَ فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ ثُمَّ أَمَرَنِي بِالْجُلُوسِ ثُمَّ قَالَ لِي يَا صَقْرُ مَا أَتَى بِكَ قُلْتُ يَا سَيِّدِي جِئْتُ أَتَعَرَّفُ خَبَرَكَ قَالَ ثُمَّ نَظَرْتُ إِلَى الْقَبْرِ فَبَكَيْتُ فَنَظَرَ إِلَيَّ فَقَالَ يَا صَقْرُ لَا عَلَيْكَ لَنْ يَصِلُوا إِلَيْنَا بِسُوءٍ الْآنَ فَقُلْتُ الْحَمْدُ لِلَّهِ ثُمَّ قُلْتُ يَا سَيِّدِي حَدِيثٌ يُرْوَى عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله لَا أَعْرِفُ مَعْنَاهُ قَالَ وَ مَا هُوَ فَقُلْتُ قَوْلُهُ لَا تُعَادُوا الْأَيَّامَ فَتُعَادِيَكُمْ مَا مَعْنَاهُ فَقَالَ نَعَمْ الْأَيَّامُ نَحْنُ مَا قَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَ الْأَرْضُ فَالسَّبْتُ اسْمُ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وآله وَ الْأَحَدُ كِنَايَةٌ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام وَ الِاثْنَيْنِ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ وَ الثَّلَاثَاءُ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ وَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَ الْأَرْبِعَاءُ مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ وَ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ وَ أَنَا وَ الْخَمِيسُ ابْنِيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَ الْجُمُعَةُ ابْنُ ابْنِي وَ إِلَيْهِ تَجْتَمِعُ عِصَابَةُ الْحَقِّ وَ هُوَ الَّذِي يَمْلَؤُهَا قِسْطاً وَ عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْماً وَ جَوْراً فَهَذَا مَعْنَى الْأَيَّامِ فَلَا تُعَادُوهُمْ فِي الدُّنْيَا فَيُعَادُوكُمْ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ قَالَ عليه السلام وَدِّعْ وَ اخْرُجْ فَلَا آمَنُ عَلَيْكَ.

قال مصنف هذا الكتاب رضي الله عنه الأيام ليست بأئمة و لكن كنى بها عليه السلام عن الأئمة لئلا يدرك معناه غير أهل الحق كما كنى الله عز و جل بـ[التِّينِ وَ الزَّيْتُونِ وَ طُورِ سِينِينَ وَ هَذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ] عن النبي صلى الله عليه وآله و علي و الحسن و الحسين عليهم السلام و كما كنى عز و جل بالنعاج عن النساء على قول من روى ذلك في قصة داود و الخصمين و كما كنى بالسير في الأرض عن النظر في القرآن.

سُئِلَ الصَّادِقُ عليه السلام عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَ أَ وَ لَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ قَالَ مَعْنَاهُ أَ وَ لَمْ يَنْظُرُوا فِي الْقُرْآنِ.

و كما كنى عز و جل بالسر عن النكاح في قوله عز و جل وَ لكِنْ لا تُواعِدُوهُنَّ سِرًّا و كما كنى عز و جل بأكل الطعام عن التغوط فقال في عيسى و أمه كانا يَأْكُلانِ الطَّعامَ و معناه أنهما كانا يتغوطان و كما كنى بالنحل عن رسول الله صلى الله عليه وآله في قوله وَ أَوْحى رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ و مثل هذا كثير.

صقر ابن ابی دلف کوفی سے مروی ہے کہ جب متوکل نے امام علی نقی علیہ السلام کو گرفتار کیا تو میں ان کی خیریت معلوم کرنے آیا۔ راوی کہتا ہے میں نے رزاقی کی طرف نگاہ کی جو متوکل کا دربان تھا تو اس نے مجھے اندر آنے کو کہا اور جب میں اندر گیا تو اس نے کہا: اے صقر تمہارا کیا حال ہے؟

میں نے کہا: بہتر ہے اے استاد۔

اس نے کہا: بیٹھ جاؤ تو میں نے خود سے کہا مجھ سے سب کچھ چھین لیا اور سوچا کہ میں نے یہاں آ کر غلطی کی تو وہ کہنے

لگا کہ لوگوں کو ان سے دور ہٹا دیا گیا اور پھر مجھ سے کہا: تمہارا کیا حال ہے اور تم یہاں کیوں آئے ہو؟

میں نے جواب دیا: کارِ خیر کے لیے۔

اس نے کہا: شاید تم اپنے مولاؑ کی خبر گیری کے لیے آئے ہو تو میں نے کہا: کون ہے میرا مولا؟ میرا مولا تو امیر المومنین ہے،

وہ کہنے لگا: چپ رہو کہ تمہارے مولا ہی برحق ہیں لہٰذا مجھ سے مرعوب مت ہو جاؤ کہ بیشک میں تمہارا ہم مذہب ہوں

میں نے کہا: الحمدللہ!

اس نے کہا: کیا تم انہیں دیکھنا پسند کرو گے

میں نے جواب دیا: ہاں،

اس نے کہا: بیٹھ جاؤ تا کہ قاصد ان کے پاس سے باہر نکل آئے۔

راوی کہتا ہے کہ میں بیٹھا رہا اور جب وہ باہر نکلا تو اس نے اپنے ایک غلام سے کہا کہ صقر کا ہاتھ پکڑ کر اسے حجرہ میں لے جاؤ جہاں وہ علوی محبوس ہے اور ان دونوں کو خلوت میں چھوڑ دو، لہٰذا وہ مجھے حجرہ کے اندر لے گیا کہ جس میں وہ علوی تھے اس نے ایک کمرہ کی جانب اشارہ کیا اور جب میں اس میں داخل ہوا تو میرے سامنے امامؑ ایک چٹائی پر تشریف فرما تھے اور آپ کے قریب ایک قبر کھدی ہوئی تھی۔

راوی کہتا ہے: میں نے سلام کیا تو آپ نے مجھے بیٹھنے کو کہا اور فرمایا: اے صقر! تم یہاں کیوں آئے ہو؟

میں نے کہا: اے میرے آقا، میں یہاں آپ کی خبر گیری کے لئے آیا ہوں۔

راوی کہتا ہے کہ اس کے بعد میں نے قبر کی جانب دیکھا اور گریہ کرنے لگا تو آپ نے میری جانب نگاہ کی اور فرمایا: اے صقر! پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے کہ یہ فی الحال ہمارے ساتھ کوئی برا سلوک نہ کر پائیں گے۔

میں نے کہا: الحمدللہ،

اس کے بعد میں نے کہا: اے آقا، لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک روایت نقل کرتے ہیں کہ جسے میں سمجھنے سے قاصر ہوں تو آپ نے پوچھا: وہ کونسی روایت ہے؟

میں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد ''دنوں سے دشمنی مت کرو یہ تمہارے دشمن ہو جائیں گے'' اس کے معنی کیا ہیں؟

فرمایا: ہاں، جب تک یہ زمین اور تمام آسمان واقعی ہیں یہ دن ہم لوگ ہیں۔ لہٰذا ہفتہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور

اتوار امیر المومنین علیہ السلام سے کنایہ ہے، پیر امام حسن علیہ السلام و امام حسین علیہ السلام، منگل امام زین العابدین علیہ السلام، امام باقر علیہ السلام، امام جعفر صادق علیہ السلام، بدھ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام، امام علی رضا علیہ السلام، امام تقی علیہ السلام اور مجھ سے کنایہ ہے، جمعرات میرے فرزند امام حسن علیہ السلام سے اور جمعہ کا روز میرے پوتے امام منتظر عجل اللہ فرجہ الشریف سے کنایہ ہے اور حق پرستوں کا لشکر وہی جمع کریں گے اور یہی وہ ہیں جو زمین کو اس طرح عدل و انصاف سے بھر دیں گے جس طرح سے یہ ظلم و جور سے بھر دی گئی ہے بس یہی ایام کے معنی ہیں لہٰذا دنیا میں ان سے دشمنی نہ کرو کہ یہ آخرت میں تمہارے دشمن ہوں گے۔

اس کے بعد امام نے فرمایا: اب یہ مقام چھوڑ دو اور یہاں سے چلے جاؤ کہ مجھے تمہارے لئے یہاں امن نظر نہیں آ رہا۔

مؤلف کتاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایام ائمہ علیہم السلام نہیں ہیں مگر ان کے ذریعے کنایۃً انہیں یاد کیا گیا ہے تا کہ جو اس کا اہل نہ ہو اس کو یہ معنی سمجھ میں نہ آئیں جس طرح یہ کنایۃً اللہ عزوجل کو التین، الزیتون اور طور سینین کہا گیا اور لہٰذا البلد الامین کنایۃً نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت علی علیہ السلام، حضرت امام حسن علیہ السلام، امام حسین علیہ السلام کی ذوات مقدسہ مراد ہیں اور جس طرح کہ منقول ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اور فریقین کے قصہ میں نعاج سے اللہ عزوجل نے کنایۃً عورتیں مراد لی ہیں جس طرح کہ "سیروا فی الارض" کنایہ ہے قرآن پر نظر کرنے سے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ عزوجل کے اس قول کے متعلق سوال کیا گیا: "اولم یسیروا فی الارض" تو امام نے فرمایا: اس کے معنی یہ ہیں کیا ان لوگوں نے قرآن پر نظر نہیں ڈالی اور اسی طرح جیسے اس آیت "و لکن لا تواعدوھن یسراً" میں کنایۃً سر سے مراد نکاح ہے اور اسی طرح "اکل الطعام" کنایہ ہے پاخانہ پھرنے سے۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کے متعلق ارشاد ہوتا ہے "کانا یأکلان الطعام" یعنی وہ لوگ بھی پاخانہ پھرتے تھے اور اسی طرح اس آیت "و اوحیٰ ربك الی النحل" میں اللہ عزوجل نے کنایہ کیا ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا۔ نیز اس جیسی بے شمار مثالیں پائی جاتی ہیں۔

كان لبث آدم و حواء عليه السلام في الجنة حتى أخرجهما منها سبع ساعات

آدم و حوا علیہما السلام جنت میں دنیا کی ساعتوں کے حساب سے سات ساعت رہے

⑩ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ اَحْمَدُ بْنُ اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ الْبَرْقِيُّ وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِی الْخَطَّابِ قَالُوا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ اِنَّمَا كَانَ لَبْثُ آدَمَ وَ حَوَّاءَ فِی الْجَنَّةِ حَتَّى اُخْرِجَا مِنْهَا سَبْعَ

سَاعَاتٍ مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا حَتّٰى اَهْبَطَهُمَا اللهُ مِنْ يَوْمِهَا ذٰلِكَ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جنت میں حضرت آدم وحوا صرف سات ساعتیں دنیا کی ساعتوں کے حساب سے رہے۔ کداوند عالم نے اسی روز انہیں دنیا میں بھیجا۔

في الشيعة سبع خصال

شیعہ میں سات خصلتیں ہونا چاہئے

۱۰۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مَعْرُوفٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ ظَرِيفِ بْنِ نَاصِحٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي الْمِقْدَامِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ اِنَّمَا كَانَتْ شِيعَةُ عَلِيٍّ الْمُتَبَاذِلُونَ فِي وَلَايَتِنَا الْمُتَحَابُّونَ فِي مَوَدَّتِنَا الْمُتَزَاوِرُونَ لِاِحْيَاءِ اَمْرِنَا اِنْ غَضِبُوا لَمْ يَظْلِمُوا وَ اِنْ رَضُوا لَمْ يُسْرِفُوا بَرَكَةٌ لِمَنْ جَاوَرُوا سِلْمٌ لِمَنْ خَالَطُوا.

و قد أخرجت ما رويته في هذا المعنى في كتاب صفات الشيعة.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو ہماری محبت میں اپنے برادران ایمانی کے لیے ساتھ مالی احسان کریں اور اس لیے کہ وہ ہمارے دوست ہیں۔ ان سے محبت کریں اور ہمارے مسلک و مذہب کی ترویج و اشاعت کے لیے ایک دوسرے سے ملاقات کریں۔ اگر کسی وقت غصہ آجائے تو کسی پر ظلم نہ کریں۔ اگر خوش ہوں تو حد سے نہ گزریں۔ فضول خرچی نہ کریں۔ اپنے ہمسایہ کے لیے برکت و رحمت ہوں۔ اپنے ملنے والوں کے لیے سلامتی و آسائش ہوں۔

اس کی تفصیل کے خواہش مند مصنف کی کتاب صفات الشیعہ کی طرف رجوع کریں۔

لعن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أبا سفيان في سبعة مواطن

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سات مقامات پر ابوسفیان پر لعنت فرمائی

۱۰۵ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الدَّقَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْجُعْفِيُّ عَنْ حَكَمِ بْنِ مِسْكِينٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَارُودِ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ قَالَ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله لَعَنَ اَبَا سُفْيَانَ فِي سَبْعَةِ مَوَاطِنَ فِي كُلِّهِنَّ لَا يَسْتَطِيعُ اِلَّا اَنْ يَلْعَنَهُ اَوَّلُهُنَّ يَوْمَ لَعَنَهُ اللهُ وَ رَسُولُهُ وَ هُوَ خَارِجٌ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِينَةِ مُهَاجِراً وَ اَبُو سُفْيَانَ جَاءٍ مِنَ الشَّامِ فَوَقَعَ فِيهِ اَبُو سُفْيَانَ يَسُبُّهُ وَ يُوعِدُهُ وَ هَمَّ اَنْ

يَبْطِشَ بِهِ فَصَرَفَهُ اللهُ عَنْ رَسُولِهِ وَ الثَّانِيَةُ يَوْمَ الْعِيرِ إِذْ طَرَدَهَا لِيُحْرِزَهَا عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَلَعَنَهُ اللهُ وَ رَسُولُهُ وَ الثَّالِثَةُ يَوْمَ أُحُدٍ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ اعْلُ هُبَلُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اللهُ أَعْلَى وَ أَجَلُّ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ لَنَا عُزَّى وَ لَا عُزَّى لَكُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اللهُ مَوْلَانَا وَ لَا مَوْلَى لَكُمْ وَ الرَّابِعَةُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ يَوْمَ جَاءَ أَبُو سُفْيَانَ فِي جَمْعِ قُرَيْشٍ فَرَدَّهُمُ اللهُ بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْراً وَ أَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي الْقُرْآنِ آيَتَيْنِ فِي سُورَةِ الْأَحْزَابِ فَسَمَّى أَبَا سُفْيَانَ وَ أَصْحَابَهُ كُفَّاراً وَ مُعَاوِيَةُ مُشْرِكٌ عَدُوٌّ لِلهِ وَ لِرَسُولِهِ وَ الْخَامِسَةُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَ الْهَدْيُ مَعْكُوفاً أَنْ يَبْلُغَ مَحِلَّهُ وَ صَدَّ مُشْرِكُو قُرَيْشٍ رَسُولَ اللهِ ﷺ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ صَدُّوا بُدْنَهُ أَنْ تَبْلُغَ الْمَنْحَرَ فَرَجَعَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَمْ يَطُفْ بِالْكَعْبَةِ وَ لَمْ يَقْضِ نُسُكَهُ فَلَعَنَهُ اللهُ وَ رَسُولُهُ وَ السَّادِسَةُ يَوْمَ الْأَحْزَابِ يَوْمَ جَاءَ أَبُو سُفْيَانَ بِجَمْعِ قُرَيْشٍ وَ عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ بِجَمْعِ هَوَازِنَ وَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ بِقطفان بِغَطَفَانَ وَ وَاعَدَ لَهُمْ قُرَيْظَةُ وَ النَّضِيرُ أَنْ يَأْتُوهُمْ فَلَعَنَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْقَادَةَ وَ الْأَتْبَاعَ وَ قَالَ أَمَّا الْأَتْبَاعُ فَلَا تُصِيبُ اللَّعْنَةُ مُؤْمِناً وَ أَمَّا الْقَادَةُ فَلَيْسَ فِيهِمْ مُؤْمِنٌ وَ لَا نَجِيبٌ وَ لَا نَاجٍ وَ السَّابِعَةُ يَوْمَ حَمَلُوا عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فِي الْعَقَبَةِ وَ هُمُ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ وَ خَمْسَةٌ مِنْ سَائِرِ النَّاسِ فَلَعَنَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَنْ عَلَى الْعَقَبَةِ غَيْرَ النَّبِيِّ ﷺ وَ نَاقَتِهِ وَ سَائِقِهِ وَ قَائِدِهِ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه جاء هذا الخبر هكذا و الصحيح أن أصحاب العقبة كانوا أربعة عشر الحديث.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سات مقامات پر ابوسفیان پر لعنت کی ہے۔

(۱) شب ہجرت ابوسفیان شام سے واپس آ رہا تھا راستے میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات ہوئی۔ اس نے حضرت سے بدزبانی کی اور بے ادبی کا ارادہ کیا لیکن خداوند عالم نے آپ کو محفوظ رکھا۔

(۲) روز کاروان بدر کہ چاہ بدر سے اس کو بھگا دیا اور حضرت کے ہاتھ سے نکل گیا۔

(۳) روز احد کہ لڑائی ختم ہونے کے بعد اس نے آواز دی کہ سرفراز رہے ہبل۔ حضرت نے آواز دی کہ خدا سب سے بلند وارفع ہے۔ ابوسفیان نے کہا ہم عزیٰ رکھتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ خدا مولا و مددگار ہے۔ ہمارا اور تو کوئی ناصر و مددگار نہیں رکھتا۔

(۴) روز جنگ خندق جب تمام قریش کے ساتھ ابوسفیان جنگ کرنے آیا اور حضرت کے مقابل میں ناکام رہا۔ اللہ نے سورۂ احزاب میں اس کو اور اس کے ساتھیوں کو کفار فرمایا اور معاویہ کو مشرک قرار دیا اور دشمن خدا و رسول۔

(۵) روز صلح حدیبیہ جب حضرت کو بغیر حج وعمرہ واپس آنا پڑا۔

(۶) روز جنگ احزاب جب ابوسفیان اپنے حلیف اور ہم سوگند قبیلوں کو لے کر جنگ کرنے آیا تو حضرت نے ان سب پر لعنت کی۔

(۷) روز عقبہ جبکہ بنی امیہ کے بارہ آدمیوں اور ان کے علاوہ پانچ آدمیوں نے حضرت پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تھا۔

مصنف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ خبر اسی طرح ہے اور صحیح ہے اور اصحاب عقبیٰ چودہ افراد ہیں۔

الصناديق السبعة في النار

جہنم کے سات صندوق

⑯ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيهِ سُلَيْمَانَ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ الصَّيْرَفِيِّ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عليه السلام فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ يَقُولُ فِيهِ يَا اِسْحَاقُ اِنَّ فِي النَّارِ لَوَادِياً يُقَالُ لَهُ سَقَرُ لَمْ يَتَنَفَّسْ مُنْذُ خَلَقَهُ اللهُ لَوْ اَذِنَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لَهُ فِي التَّنَفُّسِ بِقَدْرِ مِخْيَطٍ لَاَحْرَقَ مَا عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ وَ اِنَّ اَهْلَ النَّارِ لَيَتَعَوَّذُونَ مِنْ حَرِّ ذَلِكَ الْوَادِي وَ نَتْنِهِ وَ قَذَرِهِ وَ مَا اَعَدَّ اللهُ فِيهِ لِاَهْلِهِ وَ اِنَّ فِي ذَلِكَ الْوَادِي لَجَبَلًا يَتَعَوَّذُ جَمِيعُ اَهْلِ ذَلِكَ الْوَادِي مِنْ حَرِّ ذَلِكَ الْجَبَلِ وَ نَتْنِهِ وَ قَذَرِهِ وَ مَا اَعَدَّ اللهُ فِيهِ لِاَهْلِهِ وَ اِنَّ فِي ذَلِكَ الْجَبَلِ لَشِعْباً يَتَعَوَّذُ جَمِيعُ اَهْلِ ذَلِكَ الْجَبَلِ مِنْ حَرِّ ذَلِكَ الشِّعْبِ وَ نَتْنِهِ وَ قَذَرِهِ وَ مَا اَعَدَّ اللهُ فِيهِ لِاَهْلِهِ وَ اِنَّ فِي ذَلِكَ الشِّعْبِ لَقَلِيباً يَتَعَوَّذُ اَهْلُ ذَلِكَ الشِّعْبِ مِنْ حَرِّ ذَلِكَ الْقَلِيبِ وَ نَتْنِهِ وَ قَذَرِهِ وَ مَا اَعَدَّ اللهُ فِيهِ لِاَهْلِهِ وَ اِنَّ فِي ذَلِكَ الْقَلِيبِ لَحَيَّةً يَتَعَوَّذُ جَمِيعُ اَهْلِ ذَلِكَ الْقَلِيبِ مِنْ خُبْثِ تِلْكَ الْحَيَّةِ وَ نَتْنِهَا وَ قَذَرِهَا وَ مَا اَعَدَّ اللهُ فِي اَنْيَابِهَا مِنَ السَّمِّ لِاَهْلِهَا وَ اِنَّ فِي جَوْفِ تِلْكَ الْحَيَّةِ لَسَبْعَةَ صَنَادِيقَ فِيهَا خَمْسَةٌ مِنَ الْاُمَمِ السَّالِفَةِ وَ اثْنَانِ مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ قَالَ قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ وَ مَنِ الْخَمْسَةُ وَ مَنِ الِاثْنَانِ قَالَ وَ اَمَّا الْخَمْسَةُ فَقَابِيلُ الَّذِي قَتَلَ هَابِيلَ وَ نُمْرُودُ الَّذِي حَاجَّ اِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ فَ قَالَ اَنَا اُحْيِي وَ اُمِيتُ وَ فِرْعَوْنُ الَّذِي قَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلَى وَ يَهُودُ الَّذِي هَوَّدَ الْيَهُودَ وَ يُونُسُ الَّذِي نَصَّرَ النَّصَارَى وَ مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ اَعْرَابِيَّانِ.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جہنم میں ایک وادی ہے، جس کو سقر کہتے ہیں۔ جس دن سے پیدا ہوا ہے، اس نے سانس نہیں لی ہے۔ اگر سرسوزن کے برابر وہ سانس لے لے تو ساری دنیا جل جائے۔ تمام اہل دوزخ اس کے

عذاب سے پناہ مانگتے ہیں۔اور وادی میں ایک پہاڑ ہے۔جس کا عذاب اس وادی سے بھی زیادہ سخت ہے اور اس پہاڑ میں ایک کنواں ہے جس کے عذاب سے تمام پہاڑ والے پناہ مانگتے ہیں اور اس کنوئیں میں ایک سانپ ہے جس کے عذاب وگندگی اور تعفن سے سارے کنوئیں والے پناہ مانگتے ہیں اور اس سانپ کے پیٹ میں سات صندوق ہیں جن کے عذاب سے کنوئیں کے اندر رہنے والے پناہ مانگتے ہیں اور ان صندوقوں میں سات آدمیوں پر وہ عذاب ہو رہا ہے جو کسی پر نہیں ہوا۔

ان میں سے ایک صندوق میں قابیل ہے جس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا۔دوسرے میں نمرود، تیسرے میں یہود جس نے دین یہود رائج کیا۔چوتھے میں فرعون، پانچویں میں یونس جس نے دین نصاریٰ کی بنا رکھی اور دو صندوقوں میں موجودہ اس امت کے دو آدمی۔

ابتلي أيوب عليه السلام سبع سنين بلا ذنب

جناب ایوب علیہ السلام کا سات سال مشکلات میں گرفتار ہونا بغیر گناہ

۱۰۷ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْخَزَّازِ عَنْ فَضْلٍ الْاَشْعَرِيِّ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْمُخْتَارِ عَنْ اَبِي بَصِيرٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ ابْتُلِيَ اَيُّوبُ عليه السلام سَبْعَ سِنِينَ بِلَا ذَنْبٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت ایوب صرف امتحان کے لیے سات برس تک گرفتار بلا رہے۔

۱۰۸ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ السُّكَّرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْجَوْهَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عليه السلام قَالَ اِنَّ اَيُّوبَ عليه السلام ابْتُلِيَ مِنْ غَيْرِ ذَنْبٍ وَ اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَا يُذْنِبُونَ لِاَنَّهُمْ مَعْصُومُونَ مُطَهَّرُونَ لَا يُذْنِبُونَ وَ لَا يَزِيغُونَ وَ لَا يَرْتَكِبُونَ ذَنْباً صَغِيراً وَ لَا كَبِيراً وَ قَالَ عليه السلام اِنَّ اَيُّوبَ عليه السلام مَعَ جَمِيعِ مَا ابْتُلِيَ بِهِ لَمْ يُنْتَنْ لَهُ رَائِحَةٌ وَ لَا قَبُحَتْ لَهُ صُورَةٌ وَ لَا خَرَجَتْ مِنْهُ مِدَّةٌ مِنْ دَمٍ وَ لَا قَيْحٍ وَ لَا اسْتَقْذَرَهُ اَحَدٌ رَاٰهُ وَ لَا اسْتَوْحَشَ مِنْهُ اَحَدٌ شَاهَدَهُ وَ لَا يُدَوَّدُ شَيْءٌ مِنْ جَسَدِهِ وَ هَكَذَا يَصْنَعُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِجَمِيعِ مَنْ يَبْتَلِيهِ مِنْ اَنْبِيَائِهِ وَ اَوْلِيَائِهِ الْمُكَرَّمِينَ عَلَيْهِ وَ اِنَّمَا اجْتَنَبَهُ النَّاسُ لِفَقْرِهِ وَ ضَعْفِهِ فِي ظَاهِرِ اَمْرِهِ لِجَهْلِهِمْ بِمَا لَهُ عِنْدَ رَبِّهِ تَعَالَى ذِكْرُهُ مِنَ التَّاْيِيدِ وَ الْفَرَجِ وَ قَدْ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله اَعْظَمُ النَّاسِ بَلَاءً الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ وَ اِنَّمَا ابْتَلَاهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِالْبَلَاءِ الْعَظِيمِ الَّذِي يَهُونُ مَعَهُ عَلَى جَمِيعِ النَّاسِ لِئَلَّا يَدَّعُوا لَهُ الرُّبُوبِيَّةَ اِذَا شَاهَدُوا مَا اَرَادَ اللهُ اَنْ يُوصِلَهُ اِلَيْهِ مِنْ عَظَائِمِ نِعَمِهِ مَتَى

شَاهَدُوهُ لِيَسْتَدِلُّوا بِذَلِكَ عَلَى اَنَّ الثَّوَابَ مِنَ اللهِ تَعَالَى ذِكْرُهُ عَلَى ضَرْبَيْنِ اسْتِحْقَاقٍ وَ اخْتِصَاصٍ وَلِئَلَّا يَحْتَقِرُوا ضَعِيفاً لِضَعْفِهِ وَ لَا فَقِيراً لِفَقْرِهِ وَ لَا مَرِيضاً لِمَرَضِهِ وَلِيَعْلَمُوا اَنَّهُ يُسْقِمُ مَنْ يَشَاءُ وَ يَشْفِي مَنْ يَشَاءُ مَتَى شَاءَ كَيْفَ شَاءَ بِاَيِّ سَبَبٍ شَاءَ وَ يَجْعَلُ ذَلِكَ عِبْرَةً لِمَنْ يَشَاءُ وَ شَقَاوَةً لِمَنْ يَشَاءُ وَ سَعَادَةً لِمَنْ يَشَاءُ وَ هُوَ فِي جَمِيعِ ذَلِكَ عَدْلٌ فِي قَضَائِهِ وَ حَكِيمٌ فِي اَفْعَالِهِ لَا يَفْعَلُ بِعِبَادِهِ اِلَّا الْاَصْلَحَ لَهُمْ وَ لَا قُوَّةَ لَهُمْ اِلَّا بِهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہر نبی معصوم ہوتا ہے۔ اس سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہوتا۔ نہ گناہ صغیرہ نہ کبیرہ۔ ایوب علیہ السلام کا جسم ان مصائب کے بعد خراب ہوا، نہ ان سے بدبو آتی تھی۔ صرف ان کے فقر و افلاس کی وجہ سے لوگ ان سے کنارہ کش ہو گئے تھے۔ یہ بھی لوگوں کی جہالت تھی کیونکہ فقر ظاہری تھا ورنہ ان کا مرتبہ بارگاہ الٰہی میں بہت بلند تھا۔ جو نبی جس درجے کا ہوتا تھا ویسا ہی اس کا امتحان لیا جاتا تھا تا کہ بلاؤں پر صبر کر کے اعلیٰ درجات پر فائز ہوں۔

ثواب دو قسموں کا ہوتا ہے ایک اختصاص کی وجہ سے دوسرے استحقاق کی وجہ سے تا کہ کسی ضعیف کو ضعف، کسی مریض کو مرض کسی فقیر کو اس کے فقر کی وجہ سے حقیر نہ جانیں اور یہ سمجھیں کہ یہ سب خدا کے حکم سے ہے جس کو جس حال میں چاہتا ہے رکھتا ہے پھر وہ عادل بھی ہے حکیم بھی ہے ہر کام بندوں کی اصلاح کے لیے کرتا ہے۔

الملائكة على سبعة أصناف والحجب سبعة

ملائکہ کی سات اصناف اور سات پردے

۱۰۹ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ بُهْلُولٍ عَنْ نَصْرِ بْنِ مُزَاحِمٍ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِي مِخْنَفٍ لُوطِ بْنِ يَحْيَى عَنْ اَبِي مَنْصُورٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ سُئِلَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام عَنْ قُدْرَةِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ جَلَّتْ عَظَمَتُهُ فَقَامَ خَطِيباً فَحَمِدَ اللهَ وَ اَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ لِلّٰهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى مَلَائِكَةً لَوْ اَنَّ مَلَكاً مِنْهُمْ هَبَطَ اِلَى الْاَرْضِ مَا وَسِعَتْهُ لِعِظَمِ خَلْقِهِ وَ كَثْرَةِ اَجْنِحَتِهِ وَ مِنْهُمْ مَنْ لَوْ كُلِّفَتِ الْجِنُّ وَ الْاِنْسُ عَلَى اَنْ يَصِفُوهُ مَا وَصَفُوهُ لِبُعْدِ مَا بَيْنَ مَفَاصِلِهِ وَ حُسْنِ تَرْكِيبِ صُورَتِهِ وَ كَيْفَ يُوصَفُ مِنْ مَلَائِكَتِهِ مِنْ سَبْعِمِائَةِ عَامٍ مَا بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ وَ شَحْمَةِ اُذُنَيْهِ وَ مِنْهُمْ مَنْ يَسُدُّ الْاُفُقَ بِجَنَاحٍ مِنْ اَجْنِحَتِهِ دُونَ عِظَمِ بَدَنِهِ وَ مِنْهُمْ مَنِ السَّمَاوَاتُ اِلَى حُجْزَتِهِ وَ مِنْهُمْ مَنْ قَدَمُهُ عَلَى غَيْرِ قَرَارٍ فِي جَوِّ الْهَوَاءِ الْاَسْفَلِ وَ الْاَرَضُونَ اِلَى رُكْبَتَيْهِ وَ مِنْهُمْ مَنْ لَوْ اُلْقِيَ فِي نُقْرَةِ اِبْهَامِهِ جَمِيعُ الْمِيَاهِ لَوَسِعَتْهَا وَ

مِنْهُمْ مَنْ لَوْ أُلْقِيَتِ السُّفُنُ فِي دُمُوعِ عَيْنَيْهِ لَجَرَتْ دَهْرَ الدَّاهِرِينَ فَتَبَارَكَ اللهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ وَ سُئِلَ عليه السلام عَنِ الْحُجُبِ فَقَالَ عليه السلام الْحُجُبُ سَبْعَةٌ غِلَظُ كُلِّ حِجَابٍ مِنْهَا مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَ بَيْنَ كُلِّ حِجَابَيْنِ مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَ الْحِجَابُ الثَّانِي سَبْعُونَ حِجَاباً بَيْنَ كُلِّ حِجَابَيْنِ مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَ طُولُهُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ حَجَبَةُ كُلِّ حِجَابٍ مِنْهَا سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ قُوَّةُ كُلِّ مَلَكٍ مِنْهُمْ قُوَّةُ الثَّقَلَيْنِ مِنْهَا ظُلْمَةٌ وَ مِنْهَا نُورٌ وَ مِنْهَا نَارٌ وَ مِنْهَا دُخَانٌ وَ مِنْهَا سَحَابٌ وَ مِنْهَا بَرَقٌ وَ مِنْهَا مَطَرٌ وَ مِنْهَا رَعْدٌ وَ مِنْهَا ضَوْءٌ وَ مِنْهَا رَمْلٌ وَ مِنْهَا جَبَلٌ وَ مِنْهَا عَجَاجٌ وَ مِنْهَا مَاءٌ وَ مِنْهَا أَنْهَارٌ وَ هِيَ حُجُبٌ مُخْتَلِفَةٌ غِلَظُ كُلِّ حِجَابٍ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ أَلْفَ عَامٍ ثُمَّ سُرَادِقَاتُ الْجَلَالِ وَ هِيَ سِتُّونَ سُرَادِقاً فِي كُلِّ سُرَادِقٍ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ بَيْنَ كُلِّ سُرَادِقٍ وَ سُرَادِقٍ مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ ثُمَّ سُرَادِقُ الْعِزِّ ثُمَّ سُرَادِقُ الْكِبْرِيَاءِ ثُمَّ سُرَادِقُ الْعَظَمَةِ ثُمَّ سُرَادِقُ الْقُدْسِ ثُمَّ سُرَادِقُ الْجَبَرُوتِ ثُمَّ سُرَادِقُ الْفَخْرِ ثُمَّ سُرَادِقُ النُّورِ الْأَبْيَضِ ثُمَّ سُرَادِقُ الْوَحْدَانِيَّةِ وَ هُوَ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ أَلْفَ عَامٍ فِي سَبْعِينَ أَلْفَ عَامٍ ثُمَّ الْحِجَابُ الْأَعْلَى وَ انْقَضَى كَلَامُهُ عليه السلام وَ سَكَتَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ لَا بَقِيتُ لِيَوْمٍ لَا أَرَاكَ فِيهِ يَا أَبَا الْحَسَنِ

قال مصنف هذا الكتاب رضی الله عنه ليست هذه الحجب مضروبة على الله عز و جل تعالى الله عن ذلك لأنه لا يوصف بمكان و لكنها مضروبة على العظمة العليا من خلقه التي لا يقدر قدرها غيره تبارك و تعالى.

ابی منصور زید بن وہب کہتے ہیں کہ امیر المومنین علیہ السلام سے قدرت الٰہی کے بارے میں سوال کیا گیا تو کھڑے ہو کر حمد وثنائے الٰہی کے بعد ایک خطبہ ارشاد فرمایا کہ پروردگار عالم نے ایسے ایسے فرشتے پیدا فرمائے ہیں کہ اگر ایک فرشتہ زمین پر اتر آئے تو زمین میں اس کے لیے گنجائش نہ ہو اور اس کی عظمت و بزرگی اور پروں کی کثرت کی وجہ سے۔

بعض ایسے ہیں کہ ان کے دونوں شانوں کے درمیان کئی سو سال کی راہ کا فاصلہ ہے۔

بعض فرشتے ایسے ہیں کہ اپنے ایک پر سے سارے افق کو چھپا سکتے ہیں۔

بعض اتنے بلند قامت ہیں کہ آسمانوں کی بلندان کے کمر تک ہے۔

بعض صرف اس ہوا پر کھڑے ہیں جو زمین کے نیچے ہے اور زمین ان کے زانو تک ہے۔

بعض ایسے ہیں جن کے ناخن میں دنیا کے تمام دریا سما سکتے ہیں۔

بعض ایسے ہیں کہ اگر دنیا کے سارے جہاز اور کشتیاں ان کے آنسوؤں میں جلائے جائیں تو ہمیشہ ہمیشہ چل سکتے ہیں۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

پھر سوال کیا گیا کہ حجابوں کی تفصیل بیان فرمایئے تو ارشاد فرمایا کہ حجاب سات ہیں اور ہر حجاب ضخیم و دبیز ہے کہ پانچ سو برس میں طے ہو۔ پھر ایک حجاب سے دوسرے حجاب تک پانچ سو برس کی راہ ہے اور دوسرے ستر ہزار حجاب ہیں۔ ہر ایک کے درمیان پانچ سو سال کا فاصلہ ہے اور طول بھی پانچ سو سال کا ہے۔

ہر حجاب پر ستر ہزار دربان ہیں اور ایک ایک فرشتے میں تمام جن وانس کی طاقت ہے۔ ان میں بعض حجاب نورانی ہیں اور بعض تاریک بعض آتش ہیں۔ بعض دخان ہیں۔ بعض ابر ہیں۔ بعض برق، بعض رعد ہیں، بعض روشنی بعض ریگ ہیں، بعض کوہ یعنی پہاڑ بعض غبار ہیں۔ بعض پانی اور ہر حجاب ستر ہزار سال کی راہ ضخیم ہے۔

اس کے بعد سرا پردہ جلال الٰہی ہے جو ساٹھ ہزار پردے ہیں اور ہر پردے میں ستر ہزار فرشتے ہیں۔ ایک پردے سے دوسرے پردے تک پانچ سو سال کا فاصلہ ہے۔ پھر پردہ عزت ہے پھر پردہ کبریا ہے۔ پھر پردہ عظمت پھر پردہ قدس پھر پردہ جبروت پھر پردہ فخر پھر پردہ نور سفید پھر پردہ وحدانیت جو ہفتاد ہزار سال اور ہفتاد ہزار سال پھر حجاب اعلیٰ۔

اس کے بعد حضرت خاموش ہو گئے۔ عمر نے کہا یا علی علیہ السلام مجھ کو ایک دن بھی زندہ رہنا میسر نہ ہو بغیر آپ کے۔

صلى أمير المؤمنين علي بن أبي طالب عليه السلام قبل الناس بسبع سنين

امیر المومنین علیہ السلام نے لوگوں سے سات سال پہلے نماز پڑھی

⑩ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْبُنْدَارُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مَسْعَدَةُ بْنُ اَسْمَعَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام اَنَّهُ قَالَ اَنَا عَبْدُ اللهِ وَ اَخُو رَسُولِهِ وَ اَنَا الصِّدِّيقُ الْاَكْبَرُ لَا يَقُولُهَا بَعْدِي اِلَّا كَذَّابٌ صَلَّيْتُ قَبْلَ النَّاسِ بِسَبْعِ سِنِينَ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ میں ہوں عبداللہ اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی صدیق اکبر۔ کوئی یہ دعویٰ نہیں کر سکتا سوا اس کے جو بہت بڑا جھوٹ بولے۔ میں نے لوگوں سے سات برس پہلے نماز پڑھی۔

تنزلت الشياطين على سبعة من الغلاة

شیاطین سات قسم کے غالیوں پر اُترے ہیں

⑪ اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ وَ اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ جَمِيعاً عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي يَزِيدَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَ جَلَّ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلَى

مَنْ تَنَزَّلُ الشَّياطِينُ تَنَزَّلُ عَلى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيمٍ قَالَ هُمْ سَبْعَةٌ الْمُغِيرَةُ وَ بُنَانٌ وَ صَائِدٌ وَ حَمْزَةُ بْنُ عُمَارَةَ الْبَرْبَرِيُّ وَ الْحَارِثُ الشَّامِيُّ وَ عَبْدُاللهِ بْنُ الْحَارِثِ وَ اَبُو الْخَطَّابِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ارشاد الٰہی کہ میں بتاوں کس پر شیاطین اترتے ہیں ہر جھوٹے گنہگار پر اور اس سے مراد سات آدمی ہیں: (۱) مغیرہ (۲) بنان (۳) صائد (۴) حمزہ بن عمارہ بربری (۵) حارث شامی (۶) عبداللہ بن حارث (۷) ابوالخطاب۔

أخبر جبرئيل عليه السلام عن الله جل جلاله أنه قد أعطى شيعة علي بن أبي طالب عليه السلام و محبيه سبع خصال

حضرت جبریلؑ نے اللہ تعالی کا پیغام دیا کہ مولا علی علیہ السلام کے شیعوں اور محبوں کو سات خصلتیں دی گئی ہیں

⑫ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَمَّارُ بْنُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِصْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّبَرِيُّ بِمَكَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اللَّيْثِ الرَّازِيُّ عَنْ شَيْبَانَ بْنِ فَرُّوخٍ الْاُبُلِّيِّ عَنْ هَمَّامِ بْنِ يَحْيَى عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ ذَاتَ يَوْمٍ عِنْدَ النَّبِيِّ اِذْ اَقْبَلَ بِوَجْهِهِ عَلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام فَقَالَ اَلَا اُبَشِّرُكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ قَالَ بَلَى يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قَالَ هَذَا جَبْرَئِيلُ يُخْبِرُنِي عَنِ اللهِ جَلَّ جَلَالُهُ اَنَّهُ قَدْ اَعْطَى شِيعَتَكَ وَ مُحِبِّيكَ سَبْعَ خِصَالٍ الرِّفْقَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَ الْاُنْسَ عِنْدَ الْوَحْشَةِ وَ النُّورَ عِنْدَ الظُّلْمَةِ وَ الْاَمْنَ عِنْدَ الْفَزَعِ وَ الْقِسْطَ عِنْدَ الْمِيزَانِ وَ الْجَوَازَ عَلَى الصِّرَاطِ وَ دُخُولَ الْجَنَّةِ قَبْلَ النَّاسِ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ اَيْدِيهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ.

جابر بن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں کہ میں ایک دن حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا آپ نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا یا علی یہ جبریل امین ہیں اور خدا کی طرف سے کہہ رہے ہیں کہ سات خصلتیں تمہارے شیعوں اور دوستوں کو ملی ہیں: (۱) راحت وقت جانکنی (۲) وحشت وتنہائی میں خدا کی ذات سے انس اور اسی پر بھروسہ (۳) تاریکی جہالت میں نور (۴) امن وعافیت وقت نزع (۵) میزان عمل میں برابری (۶) صراط کے لیے پروانہ (۷) اور سب سے پہلے جنت میں داخل ہونا اس طرح کہ ان کا نور ان کے سامنے ہوگا۔

من روى أن أهل البيت الذين نزلت فيهم آية التطهير سبعة عليه السلام

ایک روایت ہے کہ چادر تطہیر کے اندر سات افراد تھے

۱۱۳ أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَسَنِ الْمُؤَدِّبُ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْأَصْبَهَانِيِّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ أَخْبَرَنَا مُخَوَّلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الدُّهْنِيِّ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ أَفْعَى قَالَتْ سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا تَقُولُ نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِي بَيْتِي إِنَّمَا يُرِيدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً قَالَتْ وَ فِي الْبَيْتِ سَبْعَةٌ رَسُولُ اللهِ وَ جَبْرَئِيلُ وَ مِيكَائِيلُ وَ عَلِيٌّ وَ فَاطِمَةُ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ عليهم السلام قَالَتْ وَ أَنَا عَلَى الْبَابِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله أَ لَسْتُ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ قَالَ إِنَّكِ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وَ مَا قَالَ إِنَّكِ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ.

قال مصنف هذا الكتاب رضي الله عنه هذا حديث غريب لا أعرفه إلا بهذا الطريق و المعروف أن أهل البيت الذين نزلت فيهم آية التطهير خمسة و سادسهم جبرئيل عليه السلام.

عمرۃ بنت افعی سے جناب ام سلمہ نے بیان کیا کہ آیہ تطہیر میرے گھر میں اتری اور گھر میں سات اشخاص تھے: (۱) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (۲) جبریل (۳) میکائیل (۴) فاطمہ (۵) علی (۶) حسن (۷) حسین صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین میں دروازے پر تھی میں نے عرض کی یا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اہل بیت میں نہیں ہوں۔ فرمایا تم میری زوجہ ہو مگر یہ نہ فرمایا کہ تم اہل بیت میں داخل ہو۔

مصنف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے اس طریقہ پر اس حدیث کو ہم نہیں جانتے کیونکہ مشہور و معروف اور صحیح روایت یہی ہے کہ چادر تطہیر کے اندر پنجتن علیہم السلام تھے اور چھٹے ان کے ساتھ جبریل امین علیہ السلام تھے

سبعة لا يقصرون الصلاة

سات افراد کی نماز قصر نہیں ہوتی

۱۱۴ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْكُوفِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي جَدِّي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عليه السلام قَالَ سَبْعَةٌ لَا يُقَصِّرُونَ الصَّلَاةَ الْجَابِي الَّذِي يَدُورُ فِي جِبَايَتِهِ وَ الْأَمِيرُ الَّذِي يَدُورُ فِي إِمَارَتِهِ وَ التَّاجِرُ الَّذِي يَدُورُ فِي تِجَارَتِهِ مِنْ سُوقٍ إِلَى سُوقٍ وَ الرَّاعِي وَ الْبَدَوِيُّ الَّذِي يَطْلُبُ

مَوَاضِعَ الْقَطْرِ وَ مَنْبِتَ الشَّجَرِ وَ الرَّجُلُ الَّذِی یَطْلُبُ الصَّیْدَ یُرِیدُ بِهِ لَهْوَ الدُّنْیَا وَ الْمُحَارِبُ الَّذِی یَقْطَعُ السَّبِیلَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سفر میں سات آدمیوں کی نمازیں قصر نہیں ہیں:

(۱) کارندہ جس کا کام ہی یہ ہے مختلف شہروں میں جا کر خراج کا روپیہ جمع کرے

(۲) وہ حاکم جو دورہ پر رہتا ہو

(۳) تاجر جو شہر شہر تجارت کرتا ہو

(۴) چرواہا جو جانوروں کے ساتھ چراگاہ کی تلاش میں پھرتا ہو

(۵) صحرائی لوگ جو ایک جگہ نہیں رہتے

(۶) شکاری جو شکار و تفریح میں ہو

(۷) چور ڈاکو جو راستہ چلنے والوں کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر لوٹتے اور قتل کرتے ہیں۔

الذکر مقسوم علی سبعة أعضاء

ذکر حضرت باری سات اعضا پر تقسیم کیا گیا ہے

اللِّسَانُ وَ الرُّوحُ وَ النَّفْسُ وَ الْعَقْلُ وَ الْمَعْرِفَةُ وَ السِّرُّ وَ الْقَلْبُ وَ کُلُّ وَاحِدٍ مِنْهَا یَحْتَاجُ إِلَی الِاسْتِقَامَةِ فَأَمَّا اسْتِقَامَةُ اللِّسَانِ فَصِدْقُ الْإِقْرَارِ وَ اسْتِقَامَةُ الرُّوحِ صِدْقُ الِاسْتِغْفَارِ وَ اسْتِقَامَةُ الْقَلْبِ صِدْقُ الِاعْتِذَارِ وَ اسْتِقَامَةُ الْعَقْلِ صِدْقُ الِاعْتِبَارِ وَ اسْتِقَامَةُ الْمَعْرِفَةِ صِدْقُ الِافْتِخَارِ وَ اسْتِقَامَةُ السِّرِّ السُّرُورُ بِعَالَمِ الْأَسْرَارِ وَ اسْتِقَامَةُ الْقَلْبِ صِدْقُ الْیَقِینِ وَ مَعْرِفَةُ الْجَبَّارِ فَذِکْرُ اللِّسَانِ الْحَمْدُ وَ الثَّنَاءُ وَ ذِکْرُ النَّفْسِ الْجَهْدُ وَ الْعَنَاءُ وَ ذِکْرُ الرُّوحِ الْخَوْفُ وَ الرَّجَاءُ وَ ذِکْرُ الْقَلْبِ الصِّدْقُ وَ الصَّفَاءُ وَ ذِکْرُ الْعَقْلِ التَّعْظِیمُ وَ الْحَیَاءُ وَ ذِکْرُ الْمَعْرِفَةِ التَّسْلِیمُ وَ الرِّضَا وَ ذِکْرُ السِّرِّ عَلَی رُؤْیَةِ اللِّقَاءِ حَدَّثَنَا بِذَلِکَ أَبُو مُحَمَّدٍ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَامِدٍ رَفَعَهُ إِلَی بَعْضِ الصَّالِحِینَ علیہ السلام.

ذکر حضرت باری سات اعضا پر تقسیم کر دیا گیا ہے: (۱) زبان (۲) روح (۳) روح (۴) نفس (۵) عقل (۵) معرفت (۶) سر (۷) دل اور ان میں سے ہر ایک استقامت و درستی کا محتاج ہے۔ زبان کی درستی صدق اقرار ہے۔ روح کی درستی صدق استغفار ہے۔ نفس کی درستی صدق عذر خواہی ہے۔ عقل کی درستی عبرت حاصل کرنا ہے۔ معرفت کی درستی

صدق افتخار وسرفرازی ہے۔سر کی درستی عالم اسرار میں سرشار ہونا ہے۔دل کی درستی یقین کامل وعرفان الٰہی ہے۔
زبان کا ذکر حمد وثنا ہے۔نفس کا ذکر کوشش ورنج ہے۔روح کا فکر امید وبیم ہے۔دل کا ذکر صداقت وسادگی ہے۔
عقل کا ذکر تعظیم وحیا ہے۔معرفت کا تسلیم ورضا ہے۔ذکر سر شہود وحق جل وعلا ہے۔

كان لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم سبعة أولاد

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سات اولادیں تھیں

۱۱۵ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِیِّ عَنْ اَبِیهِ عَنِ ابْنِ اَبِی عُمَیْرٍ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی حَمْزَةَ عَنْ اَبِی بَصِیرٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ وُلِدَ لِرَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مِنْ خَدِیجَةَ الْقَاسِمُ وَ الطَّاهِرُ وَ هُوَ عَبْدُ اللهِ وَ اُمُّ كُلْثُومٍ وَ رُقَیَّةُ وَ زَیْنَبُ وَ فَاطِمَةُ وَ تَزَوَّجَ عَلِیُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ علیہ السلام فَاطِمَةَ علیہا السلام وَ تَزَوَّجَ اَبُو الْعَاصِ بْنُ الرَّبِیعِ وَ هُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِی اُمَیَّةَ زَیْنَبَ وَ تَزَوَّجَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اُمَّ كُلْثُومٍ فَمَاتَتْ وَ لَمْ یَدْخُلْ بِهَا فَلَمَّا سَارُوا اِلَی بَدْرٍ زَوَّجَهُ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رُقَیَّةَ وَ وُلِدَ لِرَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِبْرَاهِیمُ مِنْ مَارِیَةَ الْقِبْطِیَّةِ وَ هِیَ اُمُّ اِبْرَاهِیمَ اُمُّ وَلَدٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بطن جناب خدیجہ صلوۃ اللہ علیہا سے (۱) جناب قاسم (۲) طاہر جن کو عبداللہ بھی کہتے ہیں (۳) ام کلثوم (۴) رقیہ (۵) زینب (۶) فاطمہ سلام اللہ علیہا۔

حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شادی امیر المومنین علیہ السلام کے ساتھ، زینب کی شادی ابوالعاص بن ربیع اموی، ام کلثوم و رقیہ کی شادی یکے بعد دیگرے عثمان کے ساتھ ہوئی اور ساتویں اولاد حضرت کی ابراہیم بطن ماریہ قبطیہ رحم اللہ علیہا سے ہوئی۔

۱۱۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِیدِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُو عَلِیٍّ الْوَاسِطِیُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عِصْمَةَ عَنْ یَحْیَی بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِی الْمِقْدَامِ عَنْ اَبِیهِ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَنْزِلَهُ فَاِذَا عَائِشَةُ مُقْبِلَةٌ عَلَی فَاطِمَةَ تُصَایِحُهَا وَ هِیَ تَقُولُ وَ اللهِ یَا بِنْتَ خَدِیجَةَ مَا تَرَیْنَ اِلَّا اَنَّ لِاُمِّكِ عَلَیْنَا فَضْلًا وَ اَیُّ فَضْلٍ كَانَ لَهَا عَلَیْنَا مَا هِیَ اِلَّا كَبَعْضِنَا فَسَمِعَ مَقَالَتَهَا فَاطِمَةُ فَلَمَّا رَاَتْ فَاطِمَةُ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بَكَتْ فَقَالَ لَهَا مَا یُبْكِیكِ یَا بِنْتَ مُحَمَّدٍ قَالَتْ ذَكَرَتْ اُمِّی فَتَنَقَّصَتْهَا فَبَكَیْتُ فَغَضِبَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ثُمَّ قَالَ مَهْ یَا حُمَیْرَاءُ فَاِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَی بَارَكَ فِی الْوَلُودِ الْوَدُودِ وَ اِنَّ خَدِیجَةَ رَحِمَهَا اللهُ وَلَدَتْ مِنِّی طَاهِراً وَ هُوَ عَبْدُ اللهِ وَ هُوَ الْمُطَهَّرُ وَ وَلَدَتْ مِنِّی الْقَاسِمَ وَ فَاطِمَةَ وَ رُقَیَّةَ وَ اُمَّ كُلْثُومٍ وَ

زَيْنَبَ وَ اَنْتِ مِمَّنْ اَعْقَمَ اللهُ رَحِمَهُ فَلَمْ تَلِدِی شَيْئاً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے ایک روز حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت الشرف میں داخل ہوئے تو ام المومنین عائشہ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا سے کہہ رہی تھیں کہ تم یہ گمان ہے کہ میری ماں عائشہ سے بہتر تھیں آخران میں کیا خوبی تھی وہ بھی تو ہم ہی لوگوں کی طرح سے حضرت کی ازواج میں سے ایک زوجہ تھیں۔

حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اپنے پدر بزرگوار کو دیکھ کر رونے لگیں۔

حضرت نے پوچھا: کیوں روتی ہو۔

عرض کی: عائشہ نے میری والدہ مرحومہ کے متعلق ایسا ایسا کہا ہے۔

حضرت نے عائشہ سے (غیظ وغضب کے ساتھ) فرمایا: اے حمیرا خداوند عالم نے بچے والی اپنے شوہر سے محبت کرنے والی عورت کو مبارک قرار دیا ہے۔ خدیجہؑ کے بطن سے میرے دو بچے طاہر وقاسم اور چار بیٹیاں پیدا اور تجھ سے ایک اولاد بھی نہیں ہوئی تیرے لیے خدا نے رحمت کا دروازہ بند کر رکھا ہے۔

باب۔۸

ينبغي أن يكون في المؤمن ثمان خصال

مومن میں آٹھ خصلتیں ہونا چاہیے

① حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِیلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ غَالِبٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام قَالَ یَنْبَغِی لِلْمُؤْمِنِ اَنْ یَکُونَ فِیہِ ثَمَانُ خِصَالٍ وَقُورٌ عِنْدَ الْھَزَاھِزِ صَبُورٌ عِنْدَ الْبَلَاءِ شَکُورٌ عِنْدَ الرَّخَاءِ قَانِعٌ بِمَا رَزَقَہُ اللّٰہُ لَا یَظْلِمُ الْاَعْدَاءَ وَ لَا یَتَحَامَلُ لِلْاَصْدِقَاءِ بَدَنُہُ مِنْہُ فِی تَعَبٍ وَ النَّاسُ مِنْہُ فِی رَاحَۃٍ اِنَّ الْعِلْمَ خَلِیلُ الْمُؤْمِنِ وَ الْحِلْمَ وَزِیرُہُ وَ الصَّبْرَ اَمِیرُ جُنُودِہِ وَ الرِّفْقَ اَخُوہُ وَ اللِّینَ وَالِدُہُ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مومن میں آٹھ خصلتیں ہونا چاہیے: (۱) مصائب میں متحمل و باوقار (۲) سختیوں پر صبر کرے (۳) خوش حالی میں شکر خدا کرے (۴) مزاج میں عطائے الٰہی پر قناعت ہو (۵) دشمنوں پر ستم نہ کرے (۶) دوستوں پر بار نہ ہو (۷) تکلیف اٹھا کر دوسروں کو آرام پہنچائے (۸) علم اس کا دوست ہو۔

عقل مومن کی دوست ہے۔ حلم اس کا وزیر ہے۔ صبر سردار لشکر ہے۔ نرمی و مدارات اس کے بھائی ہیں۔ خوش خوئی گویا بمنزلہ پدر مہربان ہے۔

② حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَیْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الشَّاہِ الْفَقِیہُ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُو حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَیْنِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو یَزِیدَ اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَالِدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِیمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْقَطَّانُ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیہِ عَنْ جَدِّہِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ علیہ السلام عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اَنَّہُ قَالَ فِی وَصِیَّتِہِ لَہُ یَا عَلِیُّ یَنْبَغِی اَنْ یَکُونَ فِی الْمُؤْمِنِ ثَمَانُ خِصَالٍ وَقَارٌ عِنْدَ الْھَزَاھِزِ وَ صَبْرٌ عِنْدَ الْبَلَاءِ وَ شُکْرٌ عِنْدَ الرَّخَاءِ وَ قُنُوعٌ بِمَا رَزَقَہُ اللّٰہُ لَا یَظْلِمُ الْاَعْدَاءَ وَ لَا یَتَحَامَلُ لِلْاَصْدِقَاءِ بَدَنُہُ مِنْہُ فِی تَعَبٍ وَ النَّاسُ مِنْہُ فِی رَاحَۃٍ.

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے وصیت کرتے ہوئے فرمایا: اے علی! مومن کے لئے سزاوار یہ ہے کہ اس میں آٹھ صفات پائی جائیں: (۱) لرزاں خیز پریشانیوں کے وقت باوقار ہو (۲) مصیبت کے وقت صبر کا دامن ہاتھ

سے نہ چھوڑے (۳) آسودہ حالی کے موقع پر شکر ادا کرے (۴) جو کچھ اللہ نے اسے روزی دی ہے اس پر قناعت اختیار کرے (۵) دشمنوں پر بھی ظلم نہ کرے (۶) دوستوں کے کاندھوں کا بار نہ ہو (۷) اس کا جسم رنج میں ہو پر لوگ اس سے راحت میں ہوں۔

ثمانية لا تقبل لهم صلاة

آٹھ افراد کی نمازیں قبول نہیں کی جاتیں

③ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ جَمِيعاً عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ بِاِسْنَادِهِ رَفَعَهُ اِلَى اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله ثَمَانِيَةٌ لَا يَقْبَلُ اللهُ لَهُمْ صَلَاةً الْعَبْدُ الْآبِقُ حَتَّى يَرْجِعَ اِلَى مَوْلَاهُ وَ النَّاشِزَةُ عَنْ زَوْجِهَا وَ هُوَ عَلَيْهَا سَاخِطٌ وَ مَانِعُ الزَّكَاةِ وَ تَارِكُ الْوُضُوءِ وَ الْجَارِيَةُ الْمُدْرِكَةُ تُصَلِّي بِغَيْرِ خِمَارٍ وَ اِمَامُ قَوْمٍ يُصَلِّي بِهِمْ وَ هُمْ لَهُ كَارِهُونَ وَ الزِّبِّينُ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ مَا الزِّبِّينُ قَالَ الَّذِي يُدَافِعُ الْغَائِطَ وَ الْبَوْلَ وَ السَّكْرَانُ فَهَؤُلَاءِ ثَمَانِيَةٌ لَا تُقْبَلُ مِنْهُمْ صَلَاةٌ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ آٹھ آدمیوں کی نمازیں مقبول نہیں: (۱) اپنے مالک سے بھاگا ہوا غلام جب تک مالک کے پاس واپس نہ آجائے (۲) وہ نافرمان عورت جس کا شوہر اس سے ناراض ہو (۳) زکوٰۃ نہ دینے والا (۴) بغیر وضو نماز پڑھنے والا (۵) جو لڑکی سر کھول کر نماز پڑھے (۶) ایسے پیش نماز کی نماز جس کے پیچھے نماز پڑھنے سے لوگ پرہیز و کراہت کریں (۷) زبین کی نماز لوگوں نے سوال کیا زبین کون ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم؟ جو پائخانہ اور پیشاب کو جان بوجھ کر روکے رکھے اور نماز پڑھے (۸) مست یعنی نشے میں ہو۔

حملة العرش ثمانية

حاملان عرش الٰہی آٹھ ہیں

④ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ النَّخَعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ يَقُولُ اِنَّ حَمَلَةَ الْعَرْشِ ثَمَانِيَةٌ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ ثَمَانِيَةُ اَعْيُنٍ كُلُّ عَيْنٍ طِبَاقُ الدُّنْيَا.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حاملان عرش الٰہی آٹھ ہیں اور ان میں ہر ایک کی آٹھ آٹھ آنکھیں

ہیں۔اور ایک ایک آنکھ تمام طبق زمین کے برابر ہے۔

⑤ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ الصَّادِقُ عليه السلام اِنَّ حَمَلَةَ الْعَرْشِ ثَمَانِيَةٌ اَحَدُهُمْ عَلَى صُورَةِ ابْنِ آدَمَ يَسْتَرْزِقُ اللهَ لِوُلْدِ آدَمَ وَ الثَّانِي عَلَى صُورَةِ الدِّيكِ يَسْتَرْزِقُ اللهَ لِلطَّيْرِ وَ الثَّالِثُ عَلَى صُورَةِ الْاَسَدِ يَسْتَرْزِقُ اللهَ لِلسِّبَاعِ وَ الرَّابِعُ عَلَى صُورَةِ الثَّوْرِ يَسْتَرْزِقُ اللهَ لِلْبَهَائِمِ وَ نَكَسَ الثَّوْرُ رَأْسَهُ مُنْذُ عَبَدَ بَنُو اِسْرَائِيلَ الْعِجْلَ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ صَارُوا ثَمَانِيَةً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حاملان عرش صرف چار ہیں ایک آدمی کی شکل کا جو تمام بنی آدم کے لیے خداوند عالم سے روزی طلب کرتا ہے۔دوسرا مرغ کی صورت کا جو سارے پرندوں کے لیے روزی طلب کرتا ہے۔تیسرا شیر کی صورت کا جو کل درندوں کے لیے روزی کی دعا کرتا ہے۔چوتھا بیل کی صورت کا جو چوپایوں کے لیے روزی مانگتا ہے لیکن جس دن سے بنی اسرائیل نے گوسالے کی پرستش کی۔اس فرشتے نے غیرت وندامت سے سر جھکالیا مگر جب قیامت آئے گی تو حاملان عرش چار کے بجائے آٹھ ہوجائیں گے۔

للجنة ثمانية أبواب

جنت کے آٹھ دروازے ہیں

⑥ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ الرِّزْقِيِّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ اِنَّ لِلْجَنَّةِ ثَمَانِيَةَ اَبْوَابٍ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ النَّبِيُّونَ وَ الصِّدِّيقُونَ وَ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ الشُّهَدَاءُ وَ الصَّالِحُونَ وَ خَمْسَةُ اَبْوَابٍ يَدْخُلُ مِنْهَا شِيعَتُنَا وَ مُحِبُّونَا فَلَا اَزَالُ وَاقِفاً عَلَى الصِّرَاطِ اَدْعُو وَ اَقُولُ رَبِّ سَلِّمْ شِيعَتِي وَ مُحِبِّي وَ اَنْصَارِي وَ مَنْ تَوَلَّانِي فِي دَارِ الدُّنْيَا فَاِذَا النِّدَاءُ مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ قَدْ اُجِيبَتْ دَعْوَتُكَ وَ شُفِّعْتَ فِي شِيعَتِكَ وَ يُشَفَّعُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْ شِيعَتِي وَ مَنْ تَوَلَّانِي وَ نَصَرَنِي وَ حَارَبَ مَنْ حَارَبَنِي بِفِعْلٍ اَوْ قَوْلٍ فِي سَبْعِينَ اَلْفَ مِنْ جِيرَانِهِ وَ اَقْرِبَائِهِ وَ بَابٌ يَدْخُلُ مِنْهُ سَائِرُ الْمُسْلِمِينَ مِمَّنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ لَمْ يَكُنْ فِي قَلْبِهِ مِقْدَارُ ذَرَّةٍ مِنْ بُغْضِنَا اَهْلَ الْبَيْتِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں: ایک دروازے سے انبیاء وصدیقین

دوسرے سے شہدا وصالحین اور پانچ دروازوں سے شیعیان حضرت امیر المومنین علیہ السلام داخل ہوں گے اور حضرت پل صراط پر کھڑے ہوئے دعا کرتے ہوں گے کہ بارالہا میرے شیعوں اور دوستوں کو سلامتی کے ساتھ جنت میں پہنچادے اس وقت عرش الٰہی سے ایک آواز آئے گی کہ تمہاری دعا مستجاب ہے۔ میں نے تمہاری شفاعت کو تمہارے شیعوں کے بارے میں قبول کیا۔ پھر ہر شخص حضرت کے شیعوں میں اور تولا رکھنے والوں مددگاروں اور قول وفعل سے میرے مخالفین سے جنگ کرنے والوں میں ستر ستر ہزار گناہگاروں کی اپنے اقربا اور ہمسایہ والوں کی شفاعت کرے گا اور ایک دروازے سے تمام وہ مسلمین جن کے دن میں اہل بیت علیہم السلام سے ذرہ برابر بھی بغض نہ ہوگا داخل ہوں گے۔

⑦ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْخَزَّازِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ قَالَ اَحْسِنُوا الظَّنَّ بِاللهِ وَ اعْلَمُوا اَنَّ لِلْجَنَّةِ ثَمَانِيَةَ اَبْوَابٍ عَرْضُ كُلِّ بَابٍ مِنْهَا مَسِيرَةُ اَرْبَعِينَ سَنَةً.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خدا سے حسن ظن رکھو اور عمل کرتے رہو۔ جنت کے آٹھ دروازے میں اور ہر ایک دروازے میں چار ہزار برس کی چوڑائی ہے۔

لا يجوز أن يكون سمك البيت فوق ثمانية أذرع

⑧ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ شَكَا اِلَيْهِ رَجُلٌ عَبَثَ اَهْلِ الْاَرْضِ بِاَهْلِ بَيْتِهِ وَ بِعِيَالِهِ فَقَالَ كَمْ سَمْكُ بَيْتِكَ قَالَ عَشَرَةُ اَذْرُعٍ فَقَالَ اذْرَعْ ثَمَانِيَةَ اَذْرُعٍ كَمَا تَدُورُ وَ اكْتُبْ عَلَيْهِ آيَةَ الْكُرْسِيِّ فَاِنَّ كُلَّ بَيْتٍ سَمْكُهُ اَكْثَرُ مِنْ ثَمَانِيَةِ اَذْرُعٍ فَهُوَ مُحْتَضَرٌ يَحْضُرُهُ الْجِنُّ وَ يَسْكُنُونَهُ.

ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ میرے گھر میں جن رہتے ہیں گھر والوں کو ستاتے ہیں، کھانا خراب کردیتے ہیں۔

حضرت نے پوچھا: تمہارے مکان کی چھت کتنی بلند ہے۔

اس نے عرض کی دس ہاتھ۔

فرمایا اپنے گھر کی دیواریں دو دو ہاتھ کم کردو اور اس پر آیت الکرسی بھی لکھ دو کیونکہ جو مکان آٹھ ہاتھ سے زیادہ اونچا

ہوتا ہے اس میں جن رہتے ہیں۔

ثمانية ليسوا من الناس

آٹھ افراد کا آدمیوں میں شمار نہیں

⑨ حَدَّثَنَا اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ وَ اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ جَمِيعاً قَالا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي بَعْضُ اَصْحَابِنَا يَعْنِي جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ اَبِي يَحْيَى الْوَاسِطِيِّ عَمَّنْ ذَكَرَهُ اَنَّهُ قَالَ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام اَ تَرَى هَذَا الْخَلْقَ كُلَّهُ مِنَ النَّاسِ فَقَالَ اَلْقَ مِنْهُمُ التَّارِكَ لِلسِّوَاكِ وَ الْمُتَرَبِّعَ فِي مَوْضِعِ الضِّيقِ وَ الدَّاخِلَ فِيمَا لَا يَعْنِيهِ وَ الْمُمَارِيَ فِيمَا لَا عِلْمَ لَهُ وَ الْمُتَمَرِّضَ مِنْ غَيْرِ عِلَّةٍ وَ الْمُتَشَعِّثَ مِنْ غَيْرِ مُصِيبَةٍ وَ الْمُخَالِفَ عَلَى اَصْحَابِهِ فِي الْحَقِّ وَ قَدِ اتَّفَقُوا عَلَيْهِ وَ الْمُفْتَخِرَ يَفْتَخِرُ بِآبَائِهِ وَ هُوَ خِلْوٌ مِنْ صَالِحِ اَعْمَالِهِمْ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الْخَلَنْجِ يُقْشَرُ لِحَاءً عَنْ لِحَاءٍ حَتَّى يُوصَلَ اِلَى جَوْهَرِيَّتِهِ وَ هُوَ كَمَا قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيلًا.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ (۱) وہ لوگ جو مسواک نہیں کرتے (۲) تنگ جگہ میں دوزانوں بیٹھتے ہیں (۳) جو بے فائدہ کاموں میں اور فضول باتوں میں دخل دیتے ہیں (۴) جو بغیر سمجھے ہوئے معاملات میں دخل دیتے ہیں اور بحث کرتے ہیں (۵) وہ جو بغیر بیماری کے بیمار بنتے ہیں (۶) جو بغیر مصیبت کے پریشان حال ہوتے ہیں (۷) جو اپنے دوستوں کی صحیح رائے کی مخالفت کرتے ہیں (۸) جو خود کمال نہیں رکھتے مگر باپ دادا کے محاسن اخلاق پر فخر کرتے ہیں۔ وہ لوگ انسانوں میں نہیں محسوب ہیں۔ ان کے متعلق خداوند عالم نے فرمایا ہے کہ وہ لوگ مثل جانوروں کے بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔

من اختلف إلى المسجد أصاب إحدى ثمان خصال

مسجد میں آنے جانے والے آٹھ باتوں سے کم از کم ایک فائدہ ضرور حاصل کر لیتے ہیں

⑩ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ سَعْدٍ الْاِسْكَافِ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَبِي الْجَارُودِ عَنِ الْاَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ عَنْ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام قَالَ كَانَ يَقُولُ مَنِ اخْتَلَفَ اِلَى الْمَسَاجِدِ اَصَابَ اِحْدَى الثَّمَانِ اَخاً مُسْتَفَاداً فِي اللهِ اَوْ عِلْماً مُسْتَطْرَفاً اَوْ آيَةً مُحْكَمَةً اَوْ رَحْمَةً مُنْتَظَرَةً اَوْ كَلِمَةً تَرُدُّهُ عَنْ رَدًى

اَوْ يَسْمَعُ كَلِمَةً تَدُلُّهُ عَلَى هُدًى اَوْ يَتْرُكُ ذَنْباً خَشْيَةً اَوْ حَيَاءً.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ مسجد میں آنے جانے والے آٹھ باتوں سے کم از کم ایک فائدہ ضرور حاصل کر لیتے ہیں: (۱) صرف خدا کے لیے کسی برادر مومن سے محبت ہوجاتی ہے (۲) یا اسے کوئی علمی فائدہ حاصل ہوتا ہے (۳) یا کوئی آیت وظیفہ بخش کا علم ہوتا ہے (۴) یا ایسی حکمت الٰہی حاصل ہوتی ہے جس کا منتظر تھا (۵) یا کوئی نصیحت حاصل ہوتی ہے (۶) یا ایسی بات سنتا ہے جس سے اس کی ہدایت ہو (۷) یا کسی گناہ کو خوف خدا سے ترک کرتا ہے (۸) کوئی گناہ آدمیوں کے خوف اور شرف وحیا سے نہیں کرتا۔

⑪ اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عُمَارَةَ الْحَافِظُ فِيمَا كَتَبَ اِلَيَّ قَالَ حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مَرْوَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ مَأْمُونٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عليه السلام يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقُولُ مَنْ اَدْمَنَ الِاخْتِلَافَ اِلَى الْمَسَاجِدِ اَصَابَ اِحْدَى الثَّمَانِ اَخاً مُسْتَفَاداً فِي اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ اَوْ عِلْماً مُسْتَطْرَفاً اَوْ كَلِمَةً تَدُلُّهُ عَلَى هُدًى اَوْ اُخْرَى تَصْرِفُهُ عَنِ الرَّدَى اَوْ رَحْمَةً مُنْتَظَرَةً اَوْ تَرَكَ الذَّنْبَ حَيَاءً اَوْ خَشْيَةً.

حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ انہوں نے فرمایا: ہر وہ شخص جو مسجد میں آمد و رفت رکھتا ہو وہ آٹھ باتوں سے کم از کم ایک فائدہ ضرور حاصل کر لیتا ہے (۱) صرف خدا کے لیے کسی برادر مومن سے محبت ہوجاتی ہے (۲) عقل و دانش کی بات سیکھے گا (۳) ایسی گفتگو سنے گا جو اس کی ہدایت و نجات کا باعث بن جائے گی (۴) ایسی گفتگو سنے گا جو اسے برائی سے رہائی دے گی (۵) رحمت خدا کو پالے گا (۶) حیا کی بنا پر ترک گناہ ہوگا (۷) خوف خدا پیدا ہوگا۔ (آٹھواں فائدہ اس حدیث میں موجود نہیں ہے)۔

ثمانية إن أهينوا فلا يلوموا إلا أنفسهم

آٹھ آدمی خود اپنی ذلت کا سبب ہوتے ہیں

⑫ حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الشَّاهِ الْفَقِيهُ بِمَرْوَ الرُّوذِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَالِدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِيمِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْقَطَّانُ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله اَنَّهُ قَالَ فِي وَصِيَّتِهِ لَهُ يَا عَلِيُّ ثَمَانِيَةٌ اِنْ اُهِينُوا فَلَا يَلُومُوا اِلَّا اَنْفُسَهُمُ الذَّاهِبُ اِلَى مَائِدَةٍ لَمْ يُدْعَ اِلَيْهَا وَ الْمُتَآمِرُ عَلَى رَبِّ الْبَيْتِ وَ

طَالِبُ الْخَيْرِ مِنْ اَعْدَائِهِ وَ طَالِبُ الْفَضْلِ مِنَ اللِّئَامِ وَ الدَّاخِلُ بَيْنَ اثْنَيْنِ فِي سِرٍّ لَهُمْ لَمْ يُدْخِلَاهُ فِيهِ وَ الْمُسْتَخِفُّ بِالسُّلْطَانِ وَ الْجَالِسُ فِي مَجْلِسٍ لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ وَ الْمُقْبِلُ بِالْحَدِيثِ عَلَى مَنْ لَا يَسْمَعُ مِنْهُ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا علی آٹھ آدمی خود اپنی ذلت کا سبب ہوتے ہیں: (۱) بغیر بلایا ہوا مہمان (۲) وہ مہمان جو میزبان سے کوئی فرمائش کرے (۳) جو اپنے دشمن سے دوستی کی امید رکھے (۴) جو کسی کمینے سے سخاوت وبخشش کی امید رکھے (۵) جو دو آدمیوں کے معاملے میں ان کی مرضی کے بغیر دخل دے (۶) جو بادشاہ کی توہین کرے (۷) جو ایسی جگہ بیٹھے جو اس کے مرتبے سے بلند ہے (۸) جو ایسے آدمی سے باتیں کرے جو نہیں سننا چاہتا۔

تجنب المساجد ثمانية أشياء

مسجد میں آٹھ باتوں کی ممانعت

⑬ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُوسَى الْخَشَّابِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَسْبَاطٍ عَنْ بَعْضِ رِجَالِهِ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام جَنِّبُوا مَسَاجِدَكُمُ الشِّرَاءَ وَ الْبَيْعَ وَ الْمَجَانِينَ وَ الصِّبْيَانَ وَ الضَّالَّةَ وَ الْاَحْكَامَ وَ الْحُدُودَ وَ رَفْعَ الصَّوْتِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مسجد میں آٹھ باتوں کی ممانعت فرمائی ہے: (۱) بیچنا (۲) خریدنا (۳) بچوں کو لانا (۴) دیوانوں کا داخل ہونا (۵) تلاش گمشدہ (۶) فیصلہ کرنا (۷) حد جاری کرنا (۸) آواز بلند کرنا۔

الإيمان ثمان خصال

ایمان کی آٹھ خصلتیں ہیں

⑭ حَدَّثَنِي اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اَبِي بَصِيرٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ اَصْلَحَكَ اللهُ اِنَّ بِالْكُوفَةِ قَوْماً يَقُولُونَ مَقَالَةً يَنْسُبُونَهَا اِلَيْكَ فَقَالَ وَ مَا هِيَ قَالَ يَقُولُونَ الْاِيمَانُ غَيْرُ الْاِسْلَامِ فَقَالَ اَبُو جَعْفَرٍ عليه السلام نَعَمْ فَقَالَ الرَّجُلُ صِفْهُ لِي قَالَ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم وَ اَقَرَّ بِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللهِ وَ اَقَامَ الصَّلَاةَ وَ آتَى الزَّكَاةَ وَ صَامَ شَهْرَ رَمَضَانَ وَ حَجَّ الْبَيْتَ فَهُوَ مُسْلِمٌ قُلْتُ فَالْاِيمَانُ قَالَ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ وَ اَقَرَّ بِمَا

جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللهِ وَ اَقَامَ الصَّلَاةَ وَ آتَى الزَّكَاةَ وَ صَامَ شَهْرَ رَمَضَانَ وَ حَجَّ الْبَيْتَ وَ لَمْ يَلْقَ اللهَ بِذَنْبٍ اَوْعَدَ عَلَيْهِ النَّارَ فَهُوَ مُؤْمِنٌ قَالَ اَبُو بَصِيرٍ جُعِلْتُ فِدَاكَ وَ اَيُّنَا لَمْ يَلْقَ اللهَ بِذَنْبٍ اَوْعَدَ عَلَيْهِ النَّارَ فَقَالَ لَيْسَ هُوَ حَيْثُ تَذْهَبُ اِنَّمَا هُوَ لَمْ يَلْقَ اللهَ بِذَنْبٍ اَوْعَدَ عَلَيْهِ النَّارَ وَ لَمْ يَتُبْ مِنْهُ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک شخص نے عرض کی کہ اہل کوفہ کے کچھ عقائد ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ آپ حضرات سے سنے ہوئے ہیں۔ پہلے یہ کہ ایمان اسلام کا جز ہے۔ حضرت نے فرمایا درست ہے۔ اس نے عرض کی کیونکر؟ آپ نے فرمایا کہ جس نے وحدانیت باری عزاسمہ اور نبوت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام کتب آسمانی کی تصدیق کی، نماز پڑھی، زکوٰۃ دی، رمضان کے روزے رکھے، حج کیا وہ مسلمان ہے اور ایمان یہ ہے کہ ان اعتقادات واعمال کے ساتھ ان گناہوں سے بھی پرہیز جن کی سزا جہنم ہے۔ تو وہ مومن ہے۔ راوی نے عرض کی ایسا کون ہے جو گناہگار نہ ہو؟ فرمایا یہ مطلب نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ اس نے گناہ سے توبہ نہ کی ہو اور بغیر توبہ کیے مر گیا ہو۔

الكبائر ثمان

آٹھ گناہ کبیرہ

⑮ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ مِسْكِينٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ ظَرِيفٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ قُلْتُ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ مَا لَنَا نَشْهَدُ عَلَى مَنْ خَالَفَنَا بِالْكُفْرِ وَ بِالنَّارِ وَ لَا نَشْهَدُ لِاَنْفُسِنَا وَ لِاَصْحَابِنَا اَنَّهُمْ فِي الْجَنَّةِ قَالَ مِنْ ضَعْفِكُمْ اِنْ لَمْ يَكُنْ فِيكُمْ شَيْءٌ مِنَ الْكَبَائِرِ فَاشْهَدُوا اَنَّكُمْ فِي الْجَنَّةِ قُلْتُ فَاَيُّ شَيْءٍ الْكَبَائِرُ جُعِلْتُ فِدَاكَ قَالَ اَكْبَرُ الْكَبَائِرِ الشِّرْكُ وَ عُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ وَ التَّعَرُّبُ بَعْدَ الْهِجْرَةِ وَ قَذْفُ الْمُحْصَنَةِ وَ الْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ وَ اَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ ظُلْماً وَ الرِّبَا بَعْدَ الْبَيِّنَةِ وَ قَتْلُ الْمُؤْمِنِ فَقُلْتُ لَهُ الزِّنَا وَ السَّرِقَةُ فَقَالَ لَيْسَا مِنْ ذَاكَ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه الأخبار فى الكبائر ليست بمختلفة و إن كان بعضها ورد بأنها خمس و بعضها بسبع و بعضها بثمان و بعضها بأكثر لأن كل ذنب بعد الشرك كبير بالإضافة إلى ما هو أصغر منه و كل صغير من الذنوب كبير بالإضافة إلى ما هو أصغر منه و كل كبير صغير بالإضافة إلى الشرك بالله العظيم.

محمد بن مسلم کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی کہ اپنے مخالفین کے کفر اور ان کے دوزخی ہونے

کا تو ہم کو یقین ہی ہے لیکن اپنے متعلق بھی حتمی طور سے نہیں کہہ سکتے کہ جنتی ہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ یہ تمہارا ضعف ایمان ہے۔تم میں جو شخص گناہ کبیرہ سے باز رہتا ہے وہ جنتی ہے۔

راوی نے عرض کی گناہان کبیرہ کون کون ہیں؟

فرمایا: (۱) شرک باللہ (۲) عقوق پدر و مادر (۳) مدینے میں ہجرت کے بعد پھر بیابان گردی (۴) پاکدامن عورتوں کی طرف زنا کاری کی نسبت دینا (۵) جہاد سے بھاگنا (۶) یتیم کا مال حرام طریقے سے کھانا (۷) یہ معلوم ہونے کے بعد کے سود حرام ہے پھر سود کھانا (۸) مومن کو قتل کرنا۔

راوی نے عرض کی زنا اور چوری کیسی ہے؟

حضرت نے فرمایا کہ یہ دونوں اس فہرست میں نہیں ہیں۔

مصنف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ روایات میں گناہان کبیرہ کی تعداد کے بارے میں کافی اختلاف ہے بعض روایات میں گناہ کبیرہ پانچ بیان ہوئے ہیں بعض روایات میں گناہ کبیرہ سات بیان ہوئے ہیں بعض روایات میں گناہ کبیرہ آٹھ بیان ہوئے ہیں اور بعض روایات میں گناہ کبیرہ آٹھ سے بھی زیادہ بیان ہوئے ہیں ہر گناہ کی وجہ شرک باخدا ہے، ہر گناہ چھوٹے گناہ کی نسبت بڑا ہے اور ہر گناہ بڑے گناہ کی نسبت چھوٹا گناہ ہے۔

لعلي علیہ السلام ثمان خصال

امیر المومنینؑ کی آٹھ فضیلتیں

⑯ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَدَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْمُخْتَارِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ الْاَسَدِيِّ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ اِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ مَرِضَ مَرْضَةً فَاَتَتْهُ فَاطِمَةُ علیہا السلام تَعُودُهُ وَ هُوَ نَاقِهٌ مِنْ مَرَضِهِ فَلَمَّا رَاَتْ مَا بِرَسُولِ اللهِ ﷺ مِنَ الْجَهْدِ وَ الضَّعْفِ خَنَقَتْهَا الْعَبْرَةُ حَتَّى جَرَتْ دَمْعَتُهَا عَلَى خَدِّهَا فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَهَا يَا فَاطِمَةُ اِنَّ اللهَ جَلَّ ذِكْرُهُ اطَّلَعَ عَلَى الْاَرْضِ اطِّلَاعَةً فَاخْتَارَ مِنْهَا اَبَاكِ وَ اطَّلَعَ ثَانِيَةً فَاخْتَارَ مِنْهَا بَعْلَكِ فَاَوْحَى اِلَيَّ فَاَنْكَحْتُكِهِ اَ مَا عَلِمْتِ يَا فَاطِمَةُ اَنَّ لِكَرَامَةِ اللهِ اِيَّاكِ زَوَّجَكِ اَقْدَمَهُمْ سِلْماً وَ اَعْظَمَهُمْ حِلْماً وَ اَكْثَرَهُمْ عِلْماً قَالَ فَسُرَّتْ بِذَلِكَ فَاطِمَةُ وَ اسْتَبْشَرَتْ بِمَا قَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ فَاَرَادَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَنْ يَزِيدَهَا مَزِيدَ الْخَيْرِ كُلُّهُ مِنَ الَّذِي قَسَمَهُ اللهُ لَهُ وَ لِمُحَمَّدٍ ﷺ وَ آلِ مُحَمَّدٍ فَقَالَ علیہ السلام يَا فَاطِمَةُ

لِعَلِيٍّ عليه السلام ثَمَانُ خِصَالٍ إِيمَانُهُ بِاللهِ وَ بِرَسُولِهِ وَ عِلْمُهُ وَ حِكْمَتُهُ وَ زَوْجَتُهُ وَ سِبْطَاهُ حَسَنٌ وَ حُسَيْنٌ وَ آمِرُهُ بِالْمَعْرُوفِ وَ نَاهِيهُ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ قَضَاؤُهُ بِكِتَابِ اللهِ يَا فَاطِمَةُ إِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ أُعْطِينَا سَبْعَ خِصَالٍ لَمْ يُعْطَهَا أَحَدٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ قَبْلَنَا وَ لَا يُدْرِكُهَا أَحَدٌ مِنَ الْآخِرِينَ بَعْدَنَا نَبِيُّنَا خَيْرُ الْأَنْبِيَاءِ وَ هُوَ أَبُوكِ وَ وَصِيُّنَا خَيْرُ الْأَوْصِيَاءِ وَ هُوَ بَعْلُكِ وَ شَهِيدُنَا سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ وَ هُوَ حَمْزَةُ عَمُّ أَبِيكِ وَ مِنَّا مَنْ لَهُ جَنَاحَانِ يَطِيرُ بِهِمَا فِي الْجَنَّةِ وَ هُوَ جَعْفَرٌ وَ مِنَّا سِبْطَا هَذِهِ الْأُمَّةِ وَ هُمَا ابْنَاكِ.

ابوایوب انصاری کہتے ہیں کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیل ہوئے معصومہ عالم حضرت فاطمہ زہرا صلوٰۃ اللہ علیہا آپ کی عبادت کے لیے حاضر ہوئیں۔ پدر بزرگوار کو دیکھ کر رونے لگیں۔ حضرت نے فرمایا کہ اے فاطمہ پروردگار عالم نے ایک بار روئے زمین پر نگاہ انتخاب فرمائی تو مجھ کو منتخب کر کے (اپنا رسول بنایا) پھر دوسری بار نظر فرمائی تو تمہارے شوہر علی کو چنا اور مجھ پر وحی فرمائی کہ تجھ کو علی کی زوجیت میں دوں۔ فاطمہ یہ بارگاہ الٰہی میں تیری منزلت ہے۔ ایسے شخص کے ساتھ تمہارا خدا نے عقد کیا جو سابق الاسلام ہے۔ سب سے زیادہ حلیم و بردبار، سب سے زیادہ عالم۔

یہ سن کر جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا مسرور ہوگئیں۔

پھر فرمایا فاطمہؑ! علیؑ میں آٹھ صفتیں ہیں: (۱) خدا اور اس کے رسول پر ایمان (۲) علم (۳) حکمت (۴) تمہاری ایسی زوجہ (۵) حسنین سے فرزند (۶) امر بالمعروف (۷) نہی عن المنکر (۸) قضاوت از روئے کتاب خدا۔

اے فاطمہ ہمارا خاندان وہ ہے جس کو خداوند عالم نے سات ایسی خصلتیں عطا فرمائی جو نہ کسی کو ہم سے پہلے ملیں نہ کسی کو ہمارے بعد ملیں گی۔

(۱) ہمارا پیغمبر ہر نبی سے بہتر ہے یعنی میں تمہارا باپ (۲) اس کا جانشین ہر وصی سے افضل اور وہ تیرا شوہر ہے (۳) ہمارے خاندان کا شہید سید الشہداء ہے اور وہ حمزہ تمہارے باپ کا چچا اور ہمارے ہی خاندان سے جعفر طیار ہیں اور تمہارے دو بچے اس امت کے سردار ہیں۔

باب۔ ۹

تسع خصال أعطاها الله عزوجل نبيه محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نو خصوصیات عطا فرمائیں

① حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَنْصُورٍ الْقَصَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِي طَالِبٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اَظْهَرَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى الْاِسْلَامَ عَلَى يَدِي وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ عَلَيَّ وَ فَتَحَ الْكَعْبَةَ عَلَى يَدِي وَ فَضَّلَنِي عَلَى جَمِيعِ خَلْقِهِ وَ جَعَلَنِي فِي الدُّنْيَا سَيِّدَ وُلْدِ آدَمَ وَ فِي الْآخِرَةِ زَيَّنَ الْقِيَامَةِ وَ حَرَّمَ دُخُولَ الْجَنَّةِ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ حَتَّى اَدْخُلَهَا اَنَا وَ حَرَّمَهَا عَلَى اُمَمِهِمْ حَتَّى تَدْخُلَهَا اُمَّتِي وَ جَعَلَ الْخِلَافَةَ فِي اَهْلِ بَيْتِي مِنْ بَعْدِي اِلَى النَّفْخِ فِي الصُّورِ فَمَنْ كَفَرَ بِمَا اَقُولُ فَقَدْ كَفَرَ بِاللهِ الْعَظِيمِ.

جناب ام ہانی بنت ابوطالبؑ فرماتی ہیں کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خداوند عالم نے (۱) دین اسلام کو میرے ہاتھ پر ظاہر فرمایا (۲) قرآن کو مجھ پر اتارا (۳) کعبہ کو میں نے فتح کیا (۴) مجھ کو تمام مخلوقات سے افضل بنایا (۵) مجھ کو دنیا میں بنی آدم کا سردار بنایا (۶) اور آخرت میں قیامت کی زینت قرار دیا (۷) جب تک میں نہ جاؤں تمام انبیاء پر جنت حرام رہے گی (۸) جب تک میری امت نہ جائے تمام امتوں جنت میں جانا حرام ہے (۹) اللہ نے خلافت کو روز قیامت تک میرے اہل بیت میں قرار دیا جو اس کا منکر ہو وہ خدا کا منکر ہے۔

أعطي شيعة علي عليه السلام ومحبوه تسع خصال

مولا علی علیہ السلام کے شیعوں اور محبوں کو نو خصوصیات عطا ہوئی ہیں

② حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاُسْرُوشَنِيُّ رَضِيَ اللهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِصْمَةَ قَالَ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّبَرِيُّ بِمَكَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اللَّيْثِ الرَّازِيُّ عَنْ شَيْبَانَ بْنِ فَرُّوخٍ الْاُبُلِّيِّ عَنْ هَمَّامِ بْنِ يَحْيَى عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ ذَاتَ يَوْمٍ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ اِذْ اَقْبَلَ بِوَجْهِهِ عَلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام فَقَالَ اَلَا اُبَشِّرُكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ فَقَالَ بَلَى يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ فَقَالَ هَذَا جَبْرَئِيلُ يُخْبِرُنِي عَنِ اللهِ جَلَّ جَلَالُهُ اَنَّهُ قَدْ اَعْطَى شِيعَتَكَ وَ مُحِبِّيكَ تِسْعَ خِصَالٍ الرِّفْقَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَ الْاُنْسَ عِنْدَ الْوَحْشَةِ وَ النُّورَ عِنْدَ الظُّلْمَةِ وَ الْاَمْنَ عِنْدَ الْفَزَعِ وَ الْقِسْطَ عِنْدَ الْمِيزَانِ وَ الْجَوَازَ عَلَى الصِّرَاطِ وَ دُخُولَ الْجَنَّةِ قَبْلَ سَائِرِ النَّاسِ نُورُهُمْ يَسْعى بَيْنَ اَيْدِيهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ.

جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں کہ امیر المومنین علیہ السلام سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی! تمہارے شیعوں کو خداوند عالم نے نو خصلتیں عنایت فرمائی ہیں: (۱) موت کے وقت آسانی و نرمی (۲) وحشت قبر میں انس (۳) تاریکی قبر میں نور (۴) خوف محشر میں امن (۵) عدالت وزن اعمال کے وقت (۶) صراط سے گزرنا (۷) بہشت میں داخل ہونا سب سے پہلے (۸) ان کا نور سامنے ہوگا (۹) اور داہنی طرف۔

لفاطمة عليها السلام بنت محمد صلى الله عليه وآله وسلم عند الله عز وجل تسعة أسماء

جناب زہرا سلام اللہ علیہا کے بارگاہ خدا میں نو نام

③ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ الْمُتَوَكِّلِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ السَّعْدَآبَادِيُّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَسَنِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُونُسَ عَنْ يُونُسَ بْنِ ظَبْيَانَ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام لِفَاطِمَةَ عليها السلام تِسْعَةُ اَسْمَاءَ عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فَاطِمَةُ وَ الصِّدِّيقَةُ وَ الْمُبَارَكَةُ وَ الطَّاهِرَةُ وَ الزَّكِيَّةُ وَ الرَّاضِيَةُ وَ الْمَرْضِيَّةُ وَ الْمُحَدَّثَةُ وَ الزَّهْرَاءُ ثُمَّ قَالَ عليه السلام اَتَدْرِي اَيُّ شَيْءٍ تَفْسِيرُ فَاطِمَةَ قُلْتُ اَخْبِرْنِي يَا سَيِّدِي قَالَ فُطِمَتْ مِنَ الشَّرِّ قَالَ ثُمَّ قَالَ لَوْ لَا اَنَّ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام تَزَوَّجَهَا لَمَا كَانَ لَهَا كُفُؤٌ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ آدَمُ فَمَنْ دُونَهُ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت فاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہا کے نو نام ہیں: (۱) فاطمہ (۲) صدیقہ (۳) مبارکہ (۴) طاہرہ (۵) زکیہ (۶) راضیہ (۷) مرضیہ (۸) محدثہ (۹) زہرا

اس کے بعد حضرت نے فرمایا جانتے ہو کہ فاطمہ کے معنی کیا ہیں؟

راوی نے عرض کی: ارشاد ہو۔

فرمایا کہ فاطمہ یعنی ہر برائی سے پاک۔ پھر فرمایا کہ اگر امیر المومنین علیہ السلام نہ ہوتے تو کوئی حضرت آدم سے لے کر کوئی نبی حضرت زہرا کا کفو یعنی ہمسر و برابر نہ ہوتا۔

أعطى الله عز وجل أمير المؤمنين عليه السلام تسعة أشياء لم يعطها أحد قبله سوى محمد صلى الله عليه وآله وسلم

خداوند عالم نے نو فضیلتیں امیر المومنین علیہ السلام کو ایسی دی ہیں کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا اور کسی کو نہیں ملیں

④ أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَ أَحْمَدُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ يَزْدَادَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَمَّنْ حَدَّثَهُ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام وَ اللهِ لَقَدْ أَعْطَانِي اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى تِسْعَةَ أَشْيَاءَ لَمْ يُعْطِهَا أَحَداً قَبْلِي خَلَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله لَقَدْ فُتِحَتْ لِي السُّبُلُ وَ عُلِّمْتُ الْأَنْسَابَ وَ أُجْرِيَ لِيَ السَّحَابَ وَ عُلِّمْتُ الْمَنَايَا وَ الْبَلَايَا وَ فَصْلَ الْخِطَابِ وَ لَقَدْ نَظَرْتُ فِي الْمَلَكُوتِ بِإِذْنِ رَبِّي فَمَا غَابَ عَنِّي مَا كَانَ قَبْلِي وَ مَا يَأْتِي بَعْدِي وَ إِنَّ بِوَلَايَتِي أَكْمَلَ اللهُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ دِينَهُمْ وَ أَتَمَّ عَلَيْهِمُ النِّعَمَ وَ رَضِيَ إِسْلَامَهُمْ إِذْ يَقُولُ يَوْمَ الْوَلَايَةِ لِمُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله يَا مُحَمَّدُ أَخْبِرْهُمْ أَنِّي أَكْمَلْتُ لَهُمُ الْيَوْمَ دِينَهُمْ وَ رَضِيتُ لَهُمُ الْإِسْلَامَ دِيناً وَ أَتْمَمْتُ عَلَيْهِمْ نِعْمَتِي كُلُّ ذَلِكَ مِنْ مَنِّ اللهِ عَلَيَّ فَلَهُ الْحَمْدُ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خداوند عالم نے نو فضیلتیں مجھ کو ایسی دی ہیں کہ حضرت رسول کے سوا اور کسی پیغمبر کو نہیں ملیں: (۱) راہیں میرے لیے کھول دی گئی ہیں (۲) علم انساب سے واقف ہوں (۳) ابر (رحمت) میرے ساتھ رہتا ہے (۴) مجھے علم دیا گیا ہے کہ موت یا مصیبت کس پر کب آئے گی (۵) مجھے علم فصل الخطاب ہے (۶) اپنے پروردگار کے حکم سے عالم ملکوت سموات کی سیر کرتا ہوں (۷) جو کچھ مجھ سے پہلے ہوا اور جو ہو رہا ہے مجھ پر ظاہر ہے (۸) میری ولایت اور دوستی پر خدا نے دین کو کامل کیا اور اپنی نعمتوں کو تمام کیا (۹) اور اسلام کو دین پسندیدہ قرار دیا۔ جب خداوند عالم نے روزِ ولایت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! ان سب کو خبر دے دو کہ آج کے روز میں نے ان کے دین کو مکمل کر دیا اور ان کے دین اسلام پر راضی ہو گیا یہ سب کچھ میرے اللہ کی مجھ پر عطا ہے اور تمام حمد اسی کے لئے سزاوار ہے۔

أعطي النبي صلى الله عليه وآله وسلم في علي تسع خصال

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر المومنین علیہ السلام کو نو خصوصیات عطا کیں

⑤ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ الْكَرْخِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله لِعَلِيٍّ عليه السلام اُعْطِيتُ فِيكَ يَا عَلِيُّ تِسْعَ خِصَالٍ ثَلَاثٌ فِي الدُّنْيَا وَ ثَلَاثٌ فِي الْآخِرَةِ وَ اثْنَتَانِ لَكَ وَ وَاحِدَةٌ اَخَافُهَا عَلَيْكَ فَاَمَّا الثَّلَاثَةُ الَّتِي فِي الدُّنْيَا فَاِنَّكَ وَصِيِّي وَ خَلِيفَتِي فِي اَهْلِي وَ قَاضِي دَيْنِي وَ اَمَّا الثَّلَاثُ الَّتِي فِي الْآخِرَةِ فَاِنِّي اُعْطَى لِوَاءَ الْحَمْدِ فَاَجْعَلُهُ فِي يَدِكَ وَ آدَمُ وَ ذُرِّيَّتُهُ تَحْتَ لِوَائِي وَ تُعِينُنِي عَلَى مَفَاتِيحِ الْجَنَّةِ وَ اُحَكِّمُكَ فِي شَفَاعَتِي لِمَنْ اَحْبَبْتَ وَ اَمَّا اللَّتَانِ لَكَ فَاِنَّكَ لَنْ تَرْجِعَ بَعْدِي كَافِراً وَ لَا ضَالّاً وَ اَمَّا الَّتِي اَخَافُهَا عَلَيْكَ فَغَدْرَةُ قُرَيْشٍ بِكَ بَعْدِي يَا عَلِيُّ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا کہ خداوند عالم سے نو خصلتیں عنایت فرمائی ہیں تین خصلتیں دنیا میں تین آخرت میں، دو تمہارے نفع کی اور ایک جس سے مجھ کو تم پر خوف ہے۔

دنیا میں (۱) تم میرے وصی اور جانشین ہو (۲) تم میرا قرض ادا کرو گے اور (۳) میرے غسل کے وقت احتیاط سے کام لو گے۔ آخرت میں میرا لوائے حمد تمہارے ہاتھ میں ہوگا۔

روز قیامت (۱) آدم اور اولاد آدم میرے پرچم کے نیچے ہوگی۔ (۲) تم کلید جنت کے لینے میں میرے معین ہو گے (۳) میں اپنی شفاعت کا اختیار تم کو دے دوں گا کہ جس کی چاہو شفاعت کرو۔

اور دو مفید باتیں یہ ہیں کہ (۱) تم میرے بعد اپنے عہد و پیمان پر باقی رہو گے (۲) اور اس کے خلاف نہ کرو گے۔

اور جس بات کا مجھے خوف ہے وہ یہ کہ میرے بعد قریش تمہاری بیعت سے منحرف ہو جائیں گے۔

⑥ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَحْيَى الْبَجَلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا قُطْنُ بْنُ نُسَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُزَنِيِّ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اُعْطِيتُ فِي عَلِيٍّ تِسْعَ خِصَالٍ ثَلَاثاً فِي الدُّنْيَا وَ ثَلَاثاً فِي الْآخِرَةِ وَ اثْنَتَيْنِ اَرْجُوهُمَا لَهُ وَ وَاحِدَةً اَخَافُهَا عَلَيْهِ وَ اَمَّا الثَّلَاثَةُ الَّتِي فِي الدُّنْيَا فَسَاتِرُ عَوْرَتِي وَ الْقَائِمُ بِاَمْرِ اَهْلِ بَيْتِي وَ وَصِيِّي فِي اَهْلِي وَ اَمَّا الثَّلَاثَةُ الَّتِي فِي

الْآخِرَةِ فَإِنِّي أُعْطَى لِوَاءَ الْحَمْدِ فَأُعْطِيهِ يَحْمِلُهُ وَ آتَّكِئُ عَلَيْهِ عِنْدَ قِيَامِ الشَّفَاعَةِ وَ يُعِينُنِي عَلَى مَفَاتِيحِ الْجَنَّةِ أَمَّا الِاثْنَتَانِ اللَّتَانِ أَرْجُوهُمَا لَهُ فَإِنَّهُ لَا يَرْجِعُ بَعْدِي كَافِراً وَ لَا ضَالًّا وَ أَمَّا الْوَاحِدَةُ الَّتِي أَخَافُهَا عَلَيْهِ فَغَدْرُ قُرَيْشٍ بَعْدِي.

سابقہ حدیث الفاظ واسناد کی تبدیلی کے ساتھ تکاؤرار ہوئی ہے۔

تسعة أشياء لها تسع آفات

نو چیزیں ایسی ہیں اوران میں ہرایک کے لیے ایک ایک آفت ہے

⑦ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ جَمِيعاً عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ الرَّبَعِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله آفَةُ الْحَدِيثِ الْكَذِبُ وَ آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ وَ آفَةُ الْحِلْمِ السَّفَهُ وَ آفَةُ الْعِبَادَةِ الْفَتْرَةُ وَ آفَةُ الظَّرْفِ الصَّلَفُ وَ آفَةُ الشَّجَاعَةِ الْبَغْيُ وَ آفَةُ السَّخَاءِ الْمَنُّ وَ آفَةُ الْجَمَالِ الْخُيَلَاءُ وَ آفَةُ الْحَسَبِ الْفَخْرُ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نو چیزیں ایسی ہیں اوران میں ہرایک کے لیے ایک ایک آفت ہے: (۱) بولنے کی آفت دروغ بیانی ہے (۲) علم کی آفت نسیان (۳) حلم و بردباری کی آفت حماقت ہے (۴) عبادت کی آفت سستی ہے (۵) ظرافت وخوش مزاجی کی آفت فضول گوئی ہے (۶) شجاعت و بہادری کی آفت ظلم ہے (۷) سخاوت کی آفت احسان جتانا ہے (۸) حسن وخوبصورتی کی آفت تکبر ہے (۹) حسب ونسب کی آفت فخر ہے۔

في التمر البرني تسع خصال

برنی کھجور میں نو خوبیاں ہیں

⑧ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْآدَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الزَّيَّاتِ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله إِذْ وَرَدَ عَلَيْهِ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ فَسَلَّمُوا ثُمَّ وَضَعُوا بَيْنَ يَدَيْهِ جُلَّةَ تَمْرٍ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله أَ صَدَقَةٌ أَمْ هَدِيَّةٌ قَالُوا بَلْ هِيَ هَدِيَّةٌ يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قَالَ أَيُّ تَمْرَاتِكُمْ هَذِهِ قَالُوا الْبَرْنِيُّ فَقَالَ عليه السلام فِي تَمْرَتِكُمْ هَذِهِ تِسْعُ خِصَالٍ إِنَّ هَذَا جَبْرَئِيلَ يُخْبِرُنِي أَنَّ فِيهِ تِسْعَ خِصَالٍ يُطَيِّبُ النَّكْهَةَ وَ يُطَيِّبُ الْمَعِدَةَ وَ يَهْضِمُ الطَّعَامَ وَ يَزِيدُ فِي السَّمْعِ وَ الْبَصَرِ وَ يُقَوِّي الظَّهْرَ وَ

يُخَبِّلُ الشَّيْطَانَ وَ يُقَرِّبُ مِنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ يُبَاعِدُ مِنَ الشَّيْطَانِ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خرمائے برنی میں نوصفتیں ہیں: (۱) منہ سے خوشبو آتی ہے (۲) معدہ کو پاک و صاف کرتا ہے (۳) کھانے کو ہضم کرتا ہے (۴) سماعت و (۵) بصارت میں قوت آتی ہے (۶) پشت کو قوی کرتا ہے (۷) شیطان کی تباہی کا سبب ہے (۸) قرب خدا حاصل ہوتا ہے (۹) شیطان سے دوری ہوتی ہے۔

رفع عن هذه الأمة تسعة أشياء

اِس امت (محمدیہ) کو نو چیزوں کی رعایت حاصل ہے

⑨ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ ﷺ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ رُفِعَ عَنْ اُمَّتِي تِسْعَةٌ الْخَطَأُ وَ النِّسْيَانُ وَ مَا اُكْرِهُوا عَلَيْهِ وَ مَا لَا يَعْلَمُونَ وَ مَا لَا يُطِيقُونَ وَ مَا اضْطُرُّوا اِلَيْهِ وَ الْحَسَدُ وَ الطِّيَرَةُ وَ التَّفَكُّرُ فِي الْوَسْوَسَةِ فِي الْخَلْقِ مَا لَمْ يَنْطِقْ بِشَفَةٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے جد حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا میری امت کے لیے نو رعایتیں ہیں اور خداوند عالم ان اوقات میں ان کی غلطیوں کی سزا نہیں دے گا: (۱) خطاء (۲) فراموشی (۳) جس گناہ پر کوئی مجبور کرے (۴) جو گناہ لاعلمی سے ہوگیا ہو (۵) جو بات تاب و طاقت سے باہر ہو (۶) جو گناہ بحالت اضطرار ہوگیا ہو (۷) حسد (۸) فال بد (۹) خلقت عالم میں وسوسہ جب تک زبان پر نہ آئے۔

النهي عن تسعة أشياء

نو باتوں کی ممانعت

⑩ اَخْبَرَنِي اَبُو اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عُمَارَةَ الْحَافِظُ فِيمَا كَتَبَ اِلَيَّ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ سَالِمٍ وَ اَبُو عَرُوبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ لِمَا افْتَتَحَ رَسُولُ اللهِ ﷺ خَيْبَرَ دَعَا بِقَوْسِهِ فَاتَّكَأَ عَلَى سِيَتِهَا ثُمَّ حَمِدَ اللهَ وَ اَثْنَى عَلَيْهِ وَ ذَكَرَ مَا فَتَحَ اللهُ لَهُ وَ نَصَرَهُ بِهِ وَ نَهَى عَنْ خِصَالٍ تِسْعَةٍ عَنْ مَهْرِ الْبَغِيِّ وَ عَنْ كَسْبِ الدَّابَّةِ يَعْنِي عَسْبَ الْفَحْلِ وَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَ عَنْ مَيَاثِرِ الْاُرْجُوَانِ قَالَ اَبُو عَرُوبَةَ عَنْ مَيَاثِرِ الْحُمُرِ وَ عَنْ لُبُوسِ ثِيَابِ الْقَسِّيِّ وَ هِيَ ثِيَابٌ تُنْسَجُ بِالشَّامِ وَ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ السِّبَاعِ وَ عَنْ صَرْفِ الذَّهَبِ بِالذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ

بِالْفِضَّةِ بَيْنَهُمَا فَضْلٌ وَ عَنِ النَّظَرِ فِي النُّجُومِ.

فتح خیبر کے بعد حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نو باتوں کی ممانعت فرمائی اور ان کو حرام قرار دیا: (۱) زنا کی کمائی (۲) نر جانوروں کو اجرت لے کر جفت کرانا (۳) سونے کی انگوٹھی پہننا (۴) کتے کی قیمت لینا (۵) ایک قسم کا شامی کپڑا پہننا (۶) زین سرخ (۷) درندوں کا گوشت کھانے سے (۸) تبدیل الجنس بالجنس مع شی زائد یعنی ایک ہی قسم کی دو چیزوں کا زیادتی کے ساتھ تبادلہ کرنا جیسے تولہ پھر سونے کے عوض سوا تولہ سونا لینا (۹) عمل بعلم نجوم وستارہ شناسی۔

يؤجل المذنب تسع ساعات

گنہگار کو نو مواقع پر مہلت کا وقت دیا جاتا ہے

⑪ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَاشِمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا فُرَاتُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ فُرَاتٍ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ ظَهِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَبْدِيُّ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ الْقَارِءِ قَالَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام اَنَّهُ قَالَ اِذَا هَمَّ الْعَبْدُ بِحَسَنَةٍ كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةً فَاِذَا عَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَ اِذَا هَمَّ بِسَيِّئَةٍ لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْهِ فَاِذَا عَمِلَهَا اُجِّلَ تِسْعَ سَاعَاتٍ فَاِنْ نَدِمَ عَلَيْهَا وَ اسْتَغْفَرَ وَ تَابَ لَمْ يُكْتَبْ عَلَيْهِ وَاِنْ لَمْ يَنْدَمْ وَلَمْ يَتُبْ مِنْهَا كُتِبَتْ عَلَيْهِ سَيِّئَةً وَاحِدَةً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بندہ جب کار خیر کا ارادہ کرتا ہے تو صرف ارادے پر ایک نیکی کرنے کا ثواب اس کے نامہ عمل میں لکھ لیا جاتا ہے اور جب نیکی کر چکتا ہے تو دس نیکیوں کا ثواب اس کے نامہ عمل میں لکھا جاتا ہے لیکن گناہ کے صرف ارادے پر گناہ نہیں لکھا جاتا۔ جب گناہ کر چکتا ہے تو اس وقت بھی نو ساعتوں تک توبہ کرنے کی مہلت دی جاتی ہے۔ اگر اس درمیان میں اس نے توبہ کر لی تو گناہ بخش دیا جاتا ہے اور اگر توبہ سے غافل رہا تو صرف ایک گناہ اس کے نامہ عمل میں لکھا جاتا ہے۔

الأئمة من ولد الحسين بن علي تسعة عليهم السلام

امام حسین علیہ السلام کی اولاد سے نو امام

⑫ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ اَبِي بَصِيرٍ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ تَكُونُ تِسْعَةُ اَئِمَّةٍ بَعْدَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عليه السلام تَاسِعُهُمْ قَائِمُهُمْ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کی اولاد سے نو امام ہیں اور نویں امام قائم آل محمد عجل اللہ فرجہ ہیں۔

قبض النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن تسع نسوة

وقت رحلت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نو (۹) ازواج تھیں

⑬ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ السُّكَّرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْجَوْهَرِيُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ علیہ السلام قَالَ تَزَوَّجَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِخَمْسَ عَشْرَةَ امْرَاَةً وَ دَخَلَ بِثَلَاثَ عَشْرَةَ مِنْهُنَّ وَ قُبِضَ عَنْ تِسْعٍ فَاَمَّا اللَّتَانِ لَمْ يَدْخُلْ بِهِمَا فَعَمْرَةُ وَ السَّنِي وَ اَمَّا الثَّلَاثَ عَشْرَةَ اللَّاتِي دَخَلَ بِهِنَّ فَاَوَّلُهُنَّ خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ ثُمَّ سورة اِسَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ ثُمَّ اُمُّ سَلَمَةَ وَ اسْمُهَا هِنْدُ بِنْتُ اَبِي اُمَيَّةَ ثُمَّ اُمُّ عَبْدِ اللهِ عَائِشَةُ بِنْتُ اَبِي بَكْرٍ ثُمَّ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ ثُمَّ زَيْنَبُ بِنْتُ خُزَيْمَةَ بْنِ الْحَارِثِ اُمُّ الْمَسَاكِينِ ثُمَّ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ ثُمَّ اُمُّ حَبِيبَةَ رَمْلَةُ بِنْتُ اَبِي سُفْيَانَ ثُمَّ مَيْمُونَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ ثُمَّ زَيْنَبُ بِنْتُ عُمَيْسٍ ثُمَّ جُوَيْرِيَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ ثُمَّ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ وَ الَّتِي وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيمٍ السُّلَمِيِّ وَ كَانَ لَهُ سُرِّيَّتَانِ يَقْسِمُ لَهُمَا مَعَ اَزْوَاجِهِ مَارِيَةَ وَ رَيْحَانَةَ الْخِنْدِفِيَّةِ وَ التِّسْعُ اللَّاتِي قُبِضَ عَنْهُنَّ عَائِشَةُ وَ حَفْصَةُ وَ اُمُّ سَلَمَةَ وَ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ وَ مَيْمُونَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ وَ اُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ اَبِي سُفْيَانَ وَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ وَ جُوَيْرِيَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ وَ سورة اِسَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ وَ اَفْضَلُهُنَّ خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ ثُمَّ اُمُّ سَلَمَةَ بِنْتُ الْحَارِثِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پندرہ بی بیاں تھیں دو نے وفات پائی۔ قبل اس کے کہ حضرت کے گھر میں آئیں بقیہ میں ایک نے خود اپنا نفس حضرت کو ہبہ کیا تھا دو کنیزیں تھیں۔

بہترین ازواج (۱) حضرت خدیجہ کبریٰ اور (۲) جناب ام سلمہ تھیں۔ (۳) ان کے بعد میمونہ بنت حارث تھیں۔

حضرت کی وفات کے وقت نو بیبیاں موجود تھیں: (۱) ام سلمہ (ان کا نام ہند بنت ابی امیہ تھا) (۲) زینب بنت جحش (۳) میمونہ (۴) ام حبیبہ بنت ابوسفیان (۵) صفیہ بنت صحابن اخطب (۶) جویریہ بنت حارث (۷) سودہ بنت زمعہ (۸) حفصہ (۹) عائشہ۔

دو کنیزیں تھیں (۱) ماریہ قبطیہ (۲) ریحانہ خندقیہ۔
جس نے خود اپنا نفس ہبہ کیا تھا۔ خولی بنت حکیم سلمی تھیں۔

تسع كلمات تكلم بهن أمير المؤمنين عليه السلام

نو مکمل ترین کلمات امیر المومنین علیہ السلام

⑭ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ حَمْزَةَ الْعَلَوِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّبَرِيُّ عَنْ سَهْلٍ اَبِي عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا وَ كِيعٌ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ تَكَلَّمَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام بِتِسْعِ كَلِمَاتٍ ارْتَجَلَهُنَّ ارْتِجَالًا فَقَأْنَ عُيُونَ الْبَلَاغَةِ وَ اَيْتَمْنَ جَوَاهِرَ الْحِكْمَةِ وَ قَطَعْنَ جَمِيعَ الْاَنَامِ عَنِ اللِّحَاقِ بِوَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ ثَلَاثٌ مِنْهَا فِي الْمُنَاجَاةِ وَ ثَلَاثٌ مِنْهَا فِي الْحِكْمَةِ وَ ثَلَاثٌ مِنْهَا فِي الْاَدَبِ فَاَمَّا اللَّاتِي فِي الْمُنَاجَاةِ فَقَالَ اِلَهِي كَفَى لِي عِزّاً اَنْ اَكُونَ لَكَ عَبْداً وَ كَفَى بِي فَخْراً اَنْ تَكُونَ لِي رَبّاً اَنْتَ كَمَا اُحِبُّ فَاجْعَلْنِي كَمَا تُحِبُّ وَ اَمَّا اللَّاتِي فِي الْحِكْمَةِ فَقَالَ قِيمَةُ كُلِّ امْرِءٍ مَا يُحْسِنُهُ وَ مَا هَلَكَ امْرُؤٌ عَرَفَ قَدْرَهُ وَ الْمَرْءُ مَخْبُوءٌ تَحْتَ لِسَانِهِ وَ اَمَّا اللَّاتِي فِي الْاَدَبِ فَقَالَ امْنُنْ عَلَى مَنْ شِئْتَ تَكُنْ اَمِيرَهُ وَ احْتَجْ اِلَى مَنْ شِئْتَ تَكُنْ اَسِيرَهُ وَ اسْتَغْنِ عَمَّنْ شِئْتَ تَكُنْ نَظِيرَهُ.

عامر شعبی کہتے ہیں کہ امیر المومنین علیہ السلام نے نو کلمات ایسے ارشاد فرمائے ہیں جن کا مثل و نظیر نہیں۔ تین کلمات مناجات ہیں۔ فرماتے ہیں: (۱) الٰہی میرے فخر کے لیے یہی کافی ہے کہ تو میرا رب ہے (۲) اور میری عزت کے لیے یہی کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں (۳) تو ویسا ہے جیسا میں چاہتا تھا مجھے بھی ویسا بنا دے جیسا تو چاہتا ہے۔

تین کلمات حکمت میں فرمائے ہیں: (۱) ہر شخص کی قیمت وہی ہے جس کام اس کو نیک نام بنا دے (۲) جس نے اپنی قدر و منزلت کو پہچان لیا وہ ہلاکت سے محفوظ رہا (۳) آدمی اپنی گفتگو سے پہچانا جاتا ہے۔

ادب میں تین باتیں فرمائی ہیں: (۱) جس پر احسان کرو گے اس کے امیر و سردار ہو جاؤ گے (۲) جس کے سامنے اپنی حاجت بیان کرو گے اس کے اسیر ہو جاؤ گے (۳) جس سے بے غرضی کرو گے اس کے برابر و ہمسر رہو گے۔

حد بلوغ المرأة تسع سنين

خواتین کی بلوغت کی عمر نو سال ہے

⑮ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَبِيهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُوسَى بْنِ بَكْرٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ لَا تَدْخُلْ بِالْجَارِيَةِ

حَتَّى يَتِمَّ لَهَا تِسْعُ سِنِينَ أَوْ عَشْرُ سِنِينَ وَ قَالَ أَنَا سَمِعْتُهُ يَقُولُ تِسْعٌ أَوْ عَشْرٌ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ نو سال یا دس سے کم لڑکی شوہر کو نہ دو یعنی اس سے مقاربت وہم بستری نہ کی جائے۔

۱۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ مَنْ وَطِئَ امْرَأَتَهُ قَبْلَ تِسْعِ سِنِينَ فَأَصَابَهَا عَيْبٌ فَهُوَ ضَامِنٌ

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہر وہ شخص کہ جو ایسی لڑکی سے ہمبستری کرے جس کی عمر ابھی سال پوری نہ ہوئی ہو تو اس کے عیب کا وہ ذمہ دار ہوگا۔

۱۷ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ حَدُّ بُلُوغِ الْمَرْأَةِ تِسْعُ سِنِينَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ لڑکی کی بلوغت کی عمر نو سال ہے۔

المطلقة للعدة لا تحل لزوجها بعد تسع تطليقات أبدا

جس عورت کو نو بار طلاق دے دی جائے پھر وہ بالکل حرام ہو جاتی ہے

۱۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَوْهَرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ سَأَلْتُهُ عَنِ الَّتِي تُطَلَّقُ ثُمَّ تُرَاجِعُ ثُمَّ تُطَلَّقُ قَالَ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَ الَّتِي يُطَلِّقُهَا الرَّجُلُ ثَلَاثاً فَيَتَزَوَّجُهَا رَجُلٌ آخَرُ فَيُطَلِّقُهَا عَلَى السُّنَّةِ ثُمَّ تَرْجِعُ إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ فَيُطَلِّقُهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَ تَنْكِحُ زَوْجاً غَيْرَهُ فَيُطَلِّقُهَا ثُمَّ تَرْجِعُ إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ فَيُطَلِّقُهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ عَلَى السُّنَّةِ ثُمَّ تَنْكِحُ فَتِلْكَ الَّتِي لَا تَحِلُّ لَهُ أَبَداً وَ الْمُلَاعَنَةُ لَا تَحِلُّ لَهُ أَبَداً.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جس عورت کو نو بار طلاق دے دی جائے پھر وہ بالکل حرام ہو جاتی ہے یعنی کسی نے طلاق دے کر رجوع کیا پھر طلاع دی پھر رجوع کیا پھر طلاق دی پھر رجوع کیا اس کے بعد کسی اور نے عقد کیا اور طلاق دی۔ پہلے شوہر نے عقد کر کے پھر تین بار طلاق دی اور رجوع کیا پھر طلاق دی پھر اور کسی سے نکاح کر کے طلاق دی پھر پہلے

شوہر نے تین بار نکاح کیا اور طلاق دی تو نو مرتبہ طلاق دینے کے بعد ہمیشہ کے لیے وہ عورت اس مرد پر حرام ہو جائے گی جس نے طلاق دی ہے۔

الزكاة على تسعة أشياء

زکوٰۃ کا حکم نو (۹) چیزوں پر ہے

⑲ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ مُوسَى بْنِ عُمَرَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْقَمَّاطِ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ وَضَعَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله الزَّكَاةَ عَلَى تِسْعَةٍ وَ عَفَا عَمَّا سِوَى ذَلِكَ الْحِنْطَةِ وَ الشَّعِيرِ وَ التَّمْرِ وَ الزَّبِيبِ وَ الذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ وَ الْبَقَرِ وَ الْغَنَمِ وَ الْاِبِلِ فَقَالَ السَّائِلُ فَالذُّرَةُ فَغَضِبَ ثُمَّ قَالَ كَانَ وَ اللهِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله السَّمَاسِمُ وَ الذُّرَةُ وَ الدُّخْنُ وَ جَمِيعُ ذَلِكَ فَقِيلَ اِنَّهُمْ يَقُولُونَ لَمْ يَكُنْ ذَلِكَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ اِنَّمَا وَضَعَ عَلَى التِّسْعَةِ لِمَا لَمْ يَكُنْ بِحَضْرَتِهِ غَيْرُ ذَلِكَ فَغَضِبَ وَ قَالَ كَذَبُوا فَهَلْ يَكُونُ الْعَفْوُ اِلَّا عَنْ شَيْءٍ قَدْ كَانَ وَ لَا وَ اللهِ مَا اَعْرِفُ شَيْئاً عَلَيْهِ الزَّكَاةُ غَيْرَ هَذَا فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَ مَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نو چیزوں میں زکوٰۃ نکالنے کا حکم دیا ہے:
(۱) گندم (۲) جو (۳) خرما (۴) موہز (۵) سونا (۶) چاندی (۷) گائے (۸) بکری (۹) اونٹ۔

⑳ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ عَنْ جَمِيلٍ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ فِي كَمِ الزَّكَاةُ فَقَالَ فِي تِسْعَةِ اَشْيَاءَ وَضَعَهَا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ عَفَا عَمَّا سِوَى ذَلِكَ فَقَالَ الطَّيَّارُ اِنَّ عِنْدَنَا حَبّاً يُقَالُ لَهُ الْاَرُزُّ فَقَالَ لَهُ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام وَ عِنْدَنَا اَيْضاً حَبٌّ كَثِيرٌ فَقَالَ لَهُ عَلَيْهِ شَيْءٌ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَكَ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَفَا عَمَّا سِوَى ذَلِكَ مِنْهَا الذَّهَبُ وَ الْفِضَّةُ وَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْحَيَوَانِ الْاِبِلِ وَ الْغَنَمِ وَ الْبَقَرِ وَ مِمَّا اَنْبَتَتِ الْاَرْضُ الْحِنْطَةُ وَ الشَّعِيرُ وَ الزَّبِيبُ وَ التَّمْرُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ زکوٰۃ کتنی چیزوں پر واجب ہے؟
آپؑ نے فرمایا: نو (۹) چیزوں پر اور ان چیزوں پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زکوٰۃ عائد کی تھی اور ان کے علاوہ دیگر چیزوں پر زکوٰۃ معاف ہے۔

اس پر ایک طیار نامی شخص نے کہا: ہمارے ہاں دانوں میں سے ایک شے پائی جاتی ہے جسے چاول کہتے ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہمارے ہاں بھی بے شمار دانے پائے جاتے ہیں۔

اس شخص نے سوال کیا: کیا ان پر زکوٰۃ واجب ہے؟

امامؑ نے فرمایا: کیا میں تمہیں نہیں کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان نو (۹) چیزوں کے علاوہ دیگر تمام چیزوں پر سے زکوٰۃ معاف کردی ہے؟ (۱) سونا (۲) چاندی

تین قسم کے حیوانات (۳) اونٹ (۴) گائے (۵) بھیڑ بکری

اور وہ جنہیں زمین اگاتی ہے (۶) گندم (۷) جو (۸) کشمش (۹) کھجور۔

وضعت الجمعة عن تسعة

نماز جمعہ نو (۹) افراد پر ساقط ہے

㉑ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ قَالَ حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي نَجْرَانَ وَ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَعْيَنَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ اِنَّمَا فَرَضَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنَ الْجُمُعَةِ اِلَى الْجُمُعَةِ خَمْساً وَ ثَلَاثِينَ صَلَاةً فِيهَا صَلَاةٌ وَاحِدَةٌ فَرَضَهَا اللهُ فِي جَمَاعَةٍ وَ هِيَ الْجُمُعَةُ وَ وَضَعَهَا عَنْ تِسْعَةٍ عَنِ الصَّغِيرِ وَ الْكَبِيرِ وَ الْمَجْنُونِ وَ الْمُسَافِرِ وَ الْعَبْدِ وَ الْمَرْاَةِ وَ الْمَرِيضِ وَ الْاَعْمَى وَ مَنْ كَانَ عَلَى رَاْسِ فَرْسَخَيْنِ وَ الْقِرَاءَةُ فِيهَا جِهَارٌ وَ الْغُسْلُ فِيهَا وَاجِبٌ وَ عَلَى الْاِمَامِ فِيهَا قُنُوتَانِ قُنُوتٌ فِي الرَّكْعَةِ الْاُولَى قَبْلَ الرُّكُوعِ وَ فِي الثَّانِيَةِ بَعْدَ الرُّكُوعِ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خداوند عالم نے ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک ۳۵ نمازیں واجب کی ہیں جس میں صرف ایک نماز یعنی جمعہ جماعت کے ساتھ واجب ہے لیکن وہ بھی نو آدمیوں پر واجب نہیں ہے: (۱) نابالغ (۲) پیر مرد یعنی بوڑھا (۳) دیوانہ (۴) مسافر (۵) غلام (۶) عورت (۷) بیمار (۸) اندھا (۹) وہ شخص جو مقام نماز جمعہ سے دور ہو۔

نماز جمعہ میں حمد و سورہ بلند آواز سے پڑھنا چاہیے اور غسل روز جمعہ واجب ہے اور امام پر لازم ہے کہ نماز جمعہ میں دو قنوت پڑھے۔ ایک پہلی رکعت میں رکوع سے پہلے دوسرا دوسری رکعت میں رکوع کے بعد۔

تسعة أشياء تورث النسيان

نو چیزوں سے نسیان کا مرض بڑھتا ہے

۴۲ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الدِّھْقَانِ عَنْ دُرُسْتَ بْنِ اَبِی مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاھِیمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِیدِ عَنْ اَبِی الْحَسَنِ الْاَوَّلِ علیہ السلام قَالَ تِسْعَۃٌ یُورِثْنَ النِّسْیَانَ اَکْلُ التُّفَّاحِ یَعْنِی الْحَامِضَ وَ الْکُزْبُرَۃَ وَ الْجُبْنَ وَ اَکْلُ سُؤْرِ الْفَاْرِ وَ الْبَوْلُ فِی الْمَاءِ الْوَاقِفِ وَ قِرَاءَۃُ کِتَابَۃِ الْقُبُورِ وَ الْمَشْیُ بَیْنَ امْرَاَتَیْنِ وَ طَرْحُ الْقَمْلَۃِ وَ الْحِجَامَۃُ فِی النُّقْرَۃِ.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ نو (۹) چیزوں سے نسیان کا مرض بڑھتا ہے: (۱) کھٹا سیب کھانا (۲) دھنیا کھانا (۳) پنیر کھانا (۴) چوہے کا جھوٹا کھانا (۵) جہاں پانی جمع ہو اس میں پیشاب کرنا (۶) قبر پر لکھی ہوئی عبارت پڑھنا (۷) دو عورتوں کے درمیان سے گزرنا (۸) جوں پھینک دینا (۹) گدی سے خون نکلوانا۔

۴۳ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الشَّاہِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَیْنِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو یَزِیدَ اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَالِدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِیمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِی قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو مَالِکٍ عَنْ اَبِیہِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیہِ عَنْ جَدِّہِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ علیہ السلام عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اَنَّہُ قَالَ فِی وَصِیَّتِہِ لَہُ یَا عَلِیُّ تِسْعَۃُ اَشْیَاءَ یُورِثْنَ النِّسْیَانَ اَکْلُ التُّفَّاحِ الْحَامِضِ وَ اَکْلُ الْکُزْبُرَۃِ وَ الْجُبْنِ وَ سُؤْرِ الْفَاْرَۃِ وَ قِرَاءَۃُ کِتَابَۃِ الْقُبُورِ وَ الْمَشْیُ بَیْنَ امْرَاَتَیْنِ وَ طَرْحُ الْقَمْلَۃِ وَ الْحِجَامَۃُ فِی النُّقْرَۃِ وَ الْبَوْلُ فِی الْمَاءِ الرَّاکِدِ.

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: اے علیؑ! نو (۹) چیزیں نسیان کا سبب بنتی ہیں (۱) کھٹا سیب کھانا (۲) دھنیا کھانا (۳) پنیر کھانا (۴) چوہے کا جھوٹا کھانا (۵) قبر پر لکھی ہوئی عبارت پڑھنا (۶) دو عورتوں کے درمیان چلنا (۷) جوں پھینکنا (۹) گدی سے فصد کھلوانا (۹) ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا۔

ذکر التسع الآیات التي أعطی اللہ عزوجل موسی علیہ السلام

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نو (۹) نشانیوں کا ذکر

۴۴ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ اَبِی الْخَطَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ وَ لَقَبُہُ یَزِیدُ بْنُ اِسْحَاقَ شَعِرٍ قَالَ حَدَّثَنِی ھَارُونُ بْنُ حَمْزَۃَ الْغَنَوِیُّ

الصَّيْرَفِيُّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ سَاَلْتُهُ عَنِ التِّسْعِ الْآيَاتِ الَّتِي اُوتِيَ مُوسَى عليه السلام فَقَالَ الْجَرَادُ وَ الْقُمَّلُ وَ الضَّفَادِعُ وَ الدَّمُ وَ الطُّوفَانُ وَ الْبَحْرُ وَ الْحَجَرُ وَ الْعَصَا وَ يَدُهُ

ابی حمزہ غنوی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے جناب موسیٰ علیہ السلام کی نشانیوں کے متعلق سوال کیا کہ وہ کون کون سی نشانیاں تھیں۔ فرمایا: (۱) ٹڈی (۲) جوں (۳) مینڈک (۴) خون (۵) طوفان (۶) دریا (۷) پتھر (۸) عصا اور (۹) ید بیضا۔

۴۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَلَّامِ بْنِ الْمُسْتَنِيرِ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام فِي قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ وَ لَقَدْ آتَيْنا مُوسى تِسْعَ آياتٍ بَيِّناتٍ قَالَ الطُّوفَانُ وَ الْجَرَادُ وَ الْقُمَّلُ وَ الضَّفَادِعُ وَ الدَّمُ وَ الْحَجَرُ وَ الْبَحْرُ وَ الْعَصَا وَ يَدُهُ.

امام محمد باقر علیہ السلام سے جناب موسیٰ علیہ السلام کی نشانیوں کے متعلق سوال کیا کہ وہ کون کون سی نشانیاں تھیں۔ فرمایا: (۱) ٹڈی (۲) جوں (۳) مینڈک (۴) خون (۵) طوفان (۶) دریا (۷) پتھر (۸) عصا اور (۹) ید بیضا۔

الذين يقبلون مع القائم عليه السلام إلى أن يجتمع له العدد يكونون من تسعة أحياء

وہ افراد کہ جو امام زمانہ علیہ السلام کے ساتھ آئیں گے وہ نو (۹) قبیلوں کے افراد ہوں گے

۴۶ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام يُقْبِلُ الْقَائِمُ عليه السلام فِي خَمْسَةٍ وَ اَرْبَعِينَ رَجُلًا مِنْ تِسْعَةِ اَحْيَاءٍ مِنْ حَيٍّ رَجُلٌ وَ مِنْ حَيٍّ رَجُلَانِ وَ مِنْ حَيٍّ ثَلَاثَةٌ وَ مِنْ حَيٍّ اَرْبَعَةٌ وَ مِنْ حَيٍّ خَمْسَةٌ وَ مِنْ حَيٍّ سِتَّةٌ وَ مِنْ حَيٍّ سَبْعَةٌ وَ مِنْ حَيٍّ ثَمَانِيَةٌ وَ مِنْ حَيٍّ تِسْعَةٌ وَ لَا يَزَالُ كَذَلِكَ حَتَّى يَجْتَمِعَ لَهُ الْعَدَدُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ قائم آل محمد عجل اللہ فرجہ کے ساتھ نو قبیلوں کے ۴۵ آدمی ہوں گے۔ کسی قبیلہ سے ایک کسی سے دو کسی سے تین کسی سے چار کسی سے پانچ کسی سے چھ کسی سے سات کسی سے آٹھ اور کسی سے نو۔ اسی طرح سے لوگ شریک ہوتے جائیں گے یہاں تک کہ وہ معین تعداد پوری ہو جائے جو مقرر کی جا چکی ہے۔

باب۔۱۰

أسماء النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عشرة

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دس نام

① حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الشَّاهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ بِآمِدَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ السُّخْتِ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَسْوَدَ الْوَرَّاقُ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اَنَا اَشْبَهُ النَّاسِ بِآدَمَ وَ اِبْرَاهِيمُ اَشْبَهُ النَّاسِ بِي خَلْقُهُ وَ خُلُقُهُ وَ سَمَّانِيَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ فَوْقِ عَرْشِهِ عَشَرَةَ اَسْمَاءٍ وَ بَيَّنَ اللهُ وَصْفِي وَ بَشَّرَ بِي عَلَى لِسَانِ كُلِّ رَسُولٍ بَعَثَهُ اِلَى قَوْمِهِ وَ سَمَّانِي وَ نَشَرَ فِي التَّوْرَاةِ اسْمِي وَ بَثَّ ذِكْرِي فِي اَهْلِ التَّوْرَاةِ وَ الْاِنْجِيلِ وَ عَلَّمَنِي كِتَابَهُ وَ رَفَعَنِي فِي سَمَائِهِ وَ شَقَّ لِيَ اسْماً مِنْ اَسْمَائِهِ فَسَمَّانِي مُحَمَّداً وَ هُوَ مَحْمُودٌ وَ اَخْرَجَنِي فِي خَيْرِ قَرْنٍ مِنْ اُمَّتِي وَ جَعَلَ اسْمِي فِي التَّوْرَاةِ أحيد وَ هُوَ مِنَ التَّوْحِيدِ فَبِالتَّوْحِيدِ حَرَّمَ اَجْسَادَ اُمَّتِي عَلَى النَّارِ وَ سَمَّانِي فِي الْاِنْجِيلِ اَحْمَدَ فَاَنَا مَحْمُودٌ فِي اَهْلِ السَّمَاءِ وَ جَعَلَ اُمَّتِيَ الْحَامِدِينَ وَ جَعَلَ اسْمِي فِي الزَّبُورِ ماح مَحَا اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِي مِنَ الْاَرْضِ عِبَادَةَ الْاَوْثَانِ وَ جَعَلَ اسْمِي فِي الْقُرْآنِ مُحَمَّداً فَاَنَا مَحْمُودٌ فِي جَمِيعِ الْقِيَامَةِ فِي فَصْلِ الْقَضَاءِ لَا يَشْفَعُ اَحَدٌ غَيْرِي وَ سَمَّانِي فِي الْقِيَامَةِ حَاشِراً يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمَيَّ وَ سَمَّانِيَ الْمُوقِفَ اُوقِفُ النَّاسَ بَيْنَ يَدَيِ اللهِ جَلَّ جَلَالُهُ وَ سَمَّانِيَ الْعَاقِبَ اَنَا عَقِبُ النَّبِيِّينَ لَيْسَ بَعْدِي رَسُولٌ وَ جَعَلَنِي رَسُولَ الرَّحْمَةِ وَ رَسُولَ التَّوْبَةِ وَ رَسُولَ الْمَلَاحِمِ وَ الْمُقَفِّيَ قَفَّيْتُ النَّبِيِّينَ جَمَاعَةً وَ اَنَا الْقَيِّمُ الْكَامِلُ الْجَامِعُ وَ مَنَّ عَلَيَّ رَبِّي وَ قَالَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ قَدْ اَرْسَلْتُ كُلَّ رَسُولٍ اِلَى اُمَّتِهِ بِلِسَانِهَا وَ اَرْسَلْتُكَ اِلَى كُلِّ اَحْمَرَ وَ اَسْوَدَ مِنْ خَلْقِي وَ نَصَرْتُكَ بِالرُّعْبِ الَّذِي لَمْ اَنْصُرْ بِهِ اَحَداً وَ اَحْلَلْتُ لَكَ الْغَنِيمَةَ وَ لَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلَكَ وَ اَعْطَيْتُ لَكَ وَ لِاُمَّتِكَ كَنْزاً مِنْ كُنُوزِ عَرْشِي فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَ خَاتِمَةَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ وَ جَعَلْتُ لَكَ وَ لِاُمَّتِكَ الْاَرْضَ كُلَّهَا مَسْجِداً وَ تُرَابَهَا طَهُوراً وَ اَعْطَيْتُ لَكَ وَ لِاُمَّتِكَ التَّكْبِيرَ وَ قَرَنْتُ ذِكْرَكَ بِذِكْرِي حَتَّى لَا يُذْكَرَنِي اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ اِلَّا ذَكَرَكَ مَعَ

ذِكْرِي طُوبَى لَكَ يَا مُحَمَّدُ وَلِأُمَّتِكَ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں حضرت آدم سے زیادہ مشابہ ہوں اور حضرت ابراہیم سب سے زیادہ خلقت واخلاق میں مجھ سے مشابہ ہیں۔ خداوندعالم نے دس ناموں سے مجھ کوسرفراز کیا ہے۔ ہر پیغمبر نے میری خوشخبری اپنی امت کودی ہے۔ میرا نام تورات میں آیا ہے۔ میرا ذکر انجیل میں بھی فرمایا ہے۔ اپنی کتاب یعنی قرآن مجید مجھ پر اتارا۔ مجھ کو معاج سے معزز وممتاز فرمایا۔ میرا نام اپنے نام سے نکالا ہے۔ وہ خود محمود ہے میرا نام محمد رکھا ہے۔ میری امت کو بہترین زمانہ میں پیدا کیا ہے۔ میرا نام تورات میں احید ماوماد ہے اور یہ توحید سے ہے۔ میری امت پر آتش جہنم کو حرام کیا ہے۔ انجیل میں میرا نام احمد ہے۔ میں تمام آسمانوں میں محمود ہوں۔ میری امت کو حامد قرار دیا۔ زبون میں میرا نام ماح ہے۔ میرے واسطے سے خداوندعالم نے بت پرستی کو بند کیا۔ میرا نام قرآن میں محمد ہے اور مجمع قیامت وفضل القضاء میں میرا نام محمود ہے۔ روز محشر میرے سوا کوئی شفاعت نہ کرسکے گا۔ خدا نے میرا نام حاشر رکھا ہے۔ ساری دنیا میرے بعد محشور ہوگی۔ میرا نام موقف ہے۔ میں خداوندعالم کے سامنے بندوں کو پیش کروں گا۔ میرا نام عاقب ہے۔ یعنی خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی بھی نہ ہوگا۔ اللہ نے مجھ کو رسول رحمت وتوبہ وملاحم قرار دیا ہے یعنی صاحب شمشیر میرا نام مقفی ہے کیونکہ ہر پیغمبر کے بعد آیا ہوں۔ میرا نام قیم وکامل وجامع ہے۔ خداوندعالم نے مجھ پر احسان کیا ہے کہ تمام بنی نوع انسان کا نبی بنایا اور مجھ کو بارعب وہیبت قرار دیا کہ اور کسی نبی کو یہ صفت نہیں ملی تھی۔ مال غنیمت جو کسی پیغمبر کے لیے حلال نہیں تھا میرے لیے حلال کیا۔ مجھ کو فاتحۃ الکتاب و خاتمہ سورہ بقرہ جو خزانہ ہائے عرش میں سے ایک خزانہ ہے عنایت فرمایا۔ میرے اور میری امت کے لیے زمین کو سجدہ گاہ اور مٹی کو طہارت کا ذریعہ قرار دیا۔ مجھ کو اور میری امت کو کثرت سے تسبیح عنایت فرمائی اور میرے نام کو اپنے نام کے ساتھ رکھا۔

② حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ إِنَّ لِرَسُولِ اللهِ عليه السلام عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ خَمْسَةٌ مِنْهَا فِي الْقُرْآنِ وَ خَمْسَةٌ لَيْسَتْ فِي الْقُرْآنِ فَأَمَّا الَّتِي فِي الْقُرْآنِ فَ مُحَمَّدٌ عليه السلام وَ أَحْمَدُ وَ عَبْدُ اللهِ وَ يس وَ ن وَ أَمَّا الَّتِي لَيْسَتْ فِي الْقُرْآنِ فَالْفَاتِحُ وَ الْخَاتِمُ وَ الْكَافِي وَ الْمُقَفِّي وَ الْحَاشِرُ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول کے دس نام ہیں جن میں سے پانچ کا ذکر قرآن میں ہے اور پانچ کا ذکر قرآن میں نہیں ہے۔

وہ نام جو قرآن میں مذکور ہیں: (۱) محمد (۲) احمد (۳) یسین (۴) نون (۵) عبداللہ۔

اور جو نام قرآن میں مذکور نہیں ہیں: (۱) فاتح (۲) خاتم (۳) کافی (۴) مقفی (۵) حاشر ہیں۔

ينبغي أن يكون الاختلاف إلى الأبواب لعشرة أوجه

سفر اور ملاقات صرف دس کاموں کے لیے مناسب ہے

③ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ ثَابِتِ بْنِ اَبِي صَفِيَّةَ عَنْ سَعْدٍ الْخَفَّافِ عَنِ الْاَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ قَالَ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام كَانَتِ الْحُكَمَاءُ فِيمَا مَضَى مِنَ الدَّهْرِ تَقُولُ يَنْبَغِي اَنْ يَكُونَ الِاخْتِلَافُ اِلَى الْاَبْوَابِ لِعَشَرَةِ اَوْجُهٍ اَوَّلُهَا بَيْتُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ لِقَضَاءِ نُسُكِهِ وَ الْقِيَامِ بِحَقِّهِ وَ اَدَاءِ فَرْضِهِ وَ الثَّانِي اَبْوَابُ الْمُلُوكِ الَّذِينَ طَاعَتُهُمْ مُتَّصِلَةٌ بِطَاعَةِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ حَقُّهُمْ وَاجِبٌ وَ نَفْعُهُمْ عَظِيمٌ وَ ضَرُّهُمْ شَدِيدٌ وَ الثَّالِثُ اَبْوَابُ الْعُلَمَاءِ الَّذِينَ يُسْتَفَادُ مِنْهُمْ عِلْمُ الدِّينِ وَ الدُّنْيَا وَ الرَّابِعُ اَبْوَابُ اَهْلِ الْجُودِ وَ الْبَذْلِ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ اَمْوَالَهُمُ الْتِمَاسَ الْحَمْدِ وَ رَجَاءَ الْآخِرَةِ وَ الْخَامِسُ اَبْوَابُ السُّفَهَاءِ الَّذِينَ يُحْتَاجُ اِلَيْهِمْ فِي الْحَوَادِثِ وَ يُفْزَعُ اِلَيْهِمْ فِي الْحَوَائِجِ وَ السَّادِسُ اَبْوَابُ مَنْ يُتَقَرَّبُ اِلَيْهِ مِنَ الْاَشْرَافِ لِالْتِمَاسِ الْهِبَةِ وَ الْمُرُوءَةِ وَ الْحَاجَةِ وَ السَّابِعُ اَبْوَابُ مَنْ يُرْتَجَى عِنْدَهُمُ النَّفْعُ فِي الرَّاْيِ وَ الْمَشُورَةِ وَ تَقْوِيَةُ الْحَزْمِ وَ اَخْذُ الْاُهْبَةِ لِمَا يُحْتَاجُ اِلَيْهِ وَ الثَّامِنُ اَبْوَابُ الْاِخْوَانِ لِمَا يَجِبُ مِنْ مُوَاصَلَتِهِمْ وَ يَلْزَمُ مِنْ حُقُوقِهِمْ وَ التَّاسِعُ اَبْوَابُ الْاَعْدَاءِ الَّتِي تَسْكُنُ بِالْمُدَارَاةِ غَوَائِلُهُمْ وَ يُدْفَعُ بِالْحِيَلِ وَ الرِّفْقِ وَ اللُّطْفِ وَ الزِّيَارَةِ عَدَاوَتُهُمْ وَ الْعَاشِرُ اَبْوَابُ مَنْ يُنْتَفَعُ بِغِشْيَانِهِمْ وَ يُسْتَفَادُ مِنْهُمْ حُسْنُ الْاَدَبِ وَ يُؤْنَسُ بِمُحَادَثَتِهِمْ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ زمانہ سابق کے حکما کہا کرتے تھے کہ سفر اور ملاقات صرف دس کاموں کے لیے مناسب ہے: (۱) حج خانہ کعبہ (۲) دوسرے ایسے سلاطین جن کی اطاعت خدا کی اطاعت ہو (۳) علما اور حکما جن سے علمی فوائد حاصل کیے جائیں (۴) سخی اور فیاض مالداروں کے پاس جانا جو رضائے الٰہی کے لیے بخشش کرتے ہیں (۵) جو لوگ وقت مصیبت تمہارے کام آئیں (۶) بزرگان قوم سے ملاقات کے لیے (۷) جو لوگ معاملات میں صحیح و مفید مشورہ دے سکیں (۸) برادران ایمانی سے ملنے کے لیے (۹) دشمنوں سے اس لیے ملاقات کرنا کہ ان کے شر سے محفوظ رہے (۱۰) ان مہذب لوگوں کے پاس جانا جن سے ادب و تہذیب حاصل ہو۔

إن الله تبارك وتعالى قوى العقل بعشرة أشياء

اللہ تعالیٰ نے عقل کو قوی کیا دس اشیاء کے ساتھ

④ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَرْوَزِيُّ الْمُقْرِءُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُقْرِءُ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَوْصِلِيُّ بِبَغْدَادَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ الطَّرِيفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو زَيْدٍ عَيَّاشُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْكَحَّالُ مَوْلَى زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ خَلَقَ الْعَقْلَ مِنْ نُورٍ مَخْزُونٍ مَكْنُونٍ فِي سَابِقِ عِلْمِهِ الَّتِي لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهِ نَبِيٌّ مُرْسَلٌ وَ لَا مَلَكٌ مُقَرَّبٌ فَجَعَلَ الْعِلْمَ نَفْسَهُ وَ الْفَهْمَ رُوحَهُ وَ الزُّهْدَ رَاْسَهُ وَ الْحَيَاءَ عَيْنَيْهِ وَ الْحِكْمَةَ لِسَانَهُ وَ الرَّاْفَةَ هَمَّهُ وَ الرَّحْمَةَ قَلْبَهُ ثُمَّ حَشَاهُ وَ قَوَّاهُ بِعَشَرَةِ اَشْيَاءَ بِالْيَقِينِ وَ الْاِيمَانِ وَ الصِّدْقِ وَ السَّكِينَةِ وَ الْاِخْلَاصِ وَ الرِّفْقِ وَ الْعَطِيَّةِ وَ الْقُنُوعِ وَ التَّسْلِيمِ وَ الشُّكْرِ ثُمَّ قَالَ عَزَّ وَ جَلَّ اَدْبِرْ فَاَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ لَهُ اَقْبِلْ فَاَقْبَلَ ثُمَّ قَالَ لَهُ تَكَلَّمْ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَيْسَ لَهُ ضِدٌّ وَ لَا نِدٌّ وَ لَا شَبِيهٌ وَ لَا كُفْوٌ وَ لَا عَدِيلٌ وَ لَا مِثْلٌ الَّذِي كُلُّ شَيْءٍ لِعَظَمَتِهِ خَاضِعٌ ذَلِيلٌ فَقَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى وَ عِزَّتِي وَ جَلَالِي مَا خَلَقْتُ خَلْقاً اَحْسَنَ مِنْكَ وَ لَا اَطْوَعَ لِي مِنْكَ وَ لَا اَرْفَعَ مِنْكَ وَ لَا اَشْرَفَ مِنْكَ وَ لَا اَعَزَّ مِنْكَ بِكَ اٰخُذُ وَ بِكَ اُعْطِي وَ بِكَ اُوَحِّدُ وَ بِكَ اُعْبَدُ وَ بِكَ اُدْعَى وَ بِكَ اُرْتَجَى وَ بِكَ اُبْتَغَى وَ بِكَ اُخَافُ وَ بِكَ اُحْذَرُ وَ بِكَ الثَّوَابُ وَ بِكَ الْعِقَابُ فَخَرَّ الْعَقْلُ عِنْدَ ذٰلِكَ سَاجِداً فَكَانَ فِي سُجُودِهِ اَلْفَ عَامٍ فَقَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى ارْفَعْ رَاْسَكَ وَ سَلْ تُعْطَ وَ اشْفَعْ تُشَفَّعْ فَرَفَعَ الْعَقْلُ رَاْسَهُ فَقَالَ اِلٰهِي اَسْاَلُكَ اَنْ تُشَفِّعَنِي فِيمَنْ خَلَقْتَنِي فِيهِ فَقَالَ اللهُ جَلَّ جَلَالُهُ لِمَلَائِكَتِهِ اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ شَفَّعْتُهُ فِيمَنْ خَلَقْتُهُ فِيهِ.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام اپنے آبائے طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین کے سلسلے سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے کہ خداوند عالم نے اپنے نور پوشیدہ سے جو اس کے سابق علم میں تھا اور کوئی نبی مرسل و ملک مقرب اس سے آگاہ نہ تھا۔ عقل کو پیدا کر کے علم کو اس کا نفس، فہم کو روح اور زہد کو سر اور حیا کو اس کی آنکھیں، حکمت کو زبان، مہربانی و رافت کو ہمت، رحمت کو دل، قرار دیا۔ اور دس چیزوں سے اس کو قوت بخشی: (۱) یقین (۲) ایمان (۳) صدق (۴) سکینہ (۵) اخلاص

(۶) رفق (۷) قناعت (۸) تسلیم (۹) شکر (۱۰) عطیہ۔

اس کے بعد حکم دیا کہ پیچھے ہٹ جاوہ ہٹ گئی۔ پھر ارشاد ہوا کہ آگے آ، وہ آگے بڑھی۔ پھر فرمایا کچھ تکلم کر یعنی بول اور کہہ۔ پس اس نے کہا: الحمد للہ الذی لیس لہ صد ولا ند ولہ شبہ ولا کفو ولا عدیل ولا مثل الذی کل شی لعظمتہ فاضع ذلیل۔ پس ارشاد جناب بازی عزاسمہ ہوا کہ اپنی عزت وجلال کی قسم میں نے کسی مخلوق کو تجھ سے بہتر نہیں پیدا کیا۔ نہ تجھ سے بلند وارفع نہ شریف باعزت۔ تیری وجہ سے میں مواخذہ کروں گا اور عطا تیری ہی وجہ سے میری وحدانیت کو گواہی دی جائے گی اور عبادت ہوگی۔ امید رکھی جائے گی اور بندے مجھ کو چاہیں گے اور ڈریں گے۔ تیری وجہ سے ثواب وعذاب کے مستحق ہوں گے۔ یہ سن کر عقل نے سجدہ کیا اور ایک ہزار برس سر نہ اٹھایا۔ اس وقت ارشاد الٰہی ہوا کہ اب سجدہ سے سر اٹھا اور سوال کر میں تجھ کو عطا کروں گا اور شفاعت کر میں تیری شفاعت قبول کروں گا۔ یہ سن کر عقل نے سر اٹھایا اور عرض کی بارالہا تو جس کو عقل عنایت فرمائے میری شفاعت کو اس کے حق میں قبول فرمایا۔ ارشاد الٰہی ہوا اے میرے ملائکہ شاہد رہو کہ میں نے ہر اس شخص کے بارے میں عقل کی شفاعت قبول کی جس کو عقل دی۔

عشر خصال من صفات الإمام علیہ السلام

امام کے لیے دس صفات مخصوص ہیں

⑤ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعِجْلِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام قَالَ عَشْرُ خِصَالٍ مِنْ صِفَاتِ الْاِمَامِ الْعِصْمَةُ وَ النُّصُوصُ وَ اَنْ يَكُونَ اَعْلَمَ النَّاسِ وَ اَتْقَاهُمْ لِلّٰهِ وَ اَعْلَمَهُمْ بِكِتَابِ اللهِ وَ اَنْ يَكُونَ صَاحِبَ الْوَصِيَّةِ الظَّاهِرَةِ وَ يَكُونَ لَهُ الْمُعْجِزُ وَ الدَّلِيلُ وَ تَنَامَ عَيْنُهُ وَ لَا يَنَامَ قَلْبُهُ وَ لَا يَكُونَ لَهُ فَيْءٌ وَ يَرَى مِنْ خَلْفِهِ كَمَا يَرَى مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ.

قال مصنف هذا الكتاب رحمة الله عليه معجز الإمام و دليله فی العلم و استجابة الدعوة فأما إخباره بالحوادث التی تحدث قبل حدوثها فذلك بعهد معهود إليه من رسول الله صلی الله عليه و آله و إنما لا يكون له فیء لأنه مخلوق من نور الله عز و جل و أما رؤيته من خلفه كما يرى من بين يديه فذلك بما أوتی من التوسم و التفرس فی الأشياء قال الله عز و جل إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِينَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ امام کے لیے دس صفتیں مخصوص ہیں: (۱) عصمت (۲) نص بر

امامت (۳) علمیت یعنی دنیا کے ہر آدمی سے زیادہ عالم (۴) تقویٰ و پرہیزگاری (۵) علم قرآن وصحف سماوی (۶) وصیۃ ظاہری و باطنی (۷) معجزہ (۸) آنکھیں سوجائیں دل بیدار رہے (۹) جس طرح سامنے سے دیکھتا ہو اسی طرح پس پشت سے (۱۰) زمین پر اس کا سایہ نہ پڑتا ہو۔

كانت لعلي عليه السلام من رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عشر خصال

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے امیر المومنین علیہ السلام کی دس خصوصیات

⑥ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ مَقْبُرَةَ الْقَزْوِينِي قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمُؤَمِّلِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مُزَاحِمٍ اَبُو الْفَضْلِ الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عليه السلام قَالَ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام كَانَ لِي مِنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله عَشْرُ خِصَالٍ مَا اُحِبُّ اَنَّ لِي بِاِحْدَاهُنَّ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ قَالَ لِي اَنْتَ اَخِي فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ اَقْرَبُ الْخَلَائِقِ مِنِّي فِي الْمَوْقِفِ وَ اَنْتَ الْوَزِيرُ وَ الْوَصِيُّ وَ الْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ وَ الْمَالِ وَ اَنْتَ آخِذٌ لِوَائِي فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَلِيُّكَ وَلِيِّي وَ وَلِيِّي وَلِيُّ اللهِ وَ عَدُوُّكَ عَدُوِّي وَ عَدُوِّي عَدُوُّ اللهِ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس خصوصیتیں مجھے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دس خوبیاں حاصل ہوئیں ہیں کہ میں دنیا و مافیہا کے بدلہ میں بھی کسی ایک کو دینے پر راضی نہیں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا ہے کہ (۱، ۲) یا علیؑ! تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو (۳) قیامت کے دن سب سے زیادہ مجھ سے قریب ہوگے (۴) تم میرے اہل و مال میں میرے وزیر ہو (۵) میرے وصی ہو (۶) میرے جانشین ہو (۷، ۸) میرا پرچم دنیا و آخرت میں تم اٹھاؤ گے (۹) تمہارا دوست میرا دوست ہے اور میرا دوست خدا کا دوست ہے (۱۰) تمہارا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔

⑦ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْكُوفِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ مُزَاحِمٍ الْمِنْقَرِيُّ عَنْ اَبِي خَالِدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ كَانَ لِي عَشْرٌ مِنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِي وَ لَا يُعْطَاهُنَّ اَحَدٌ بَعْدِي قَالَ لِي يَا عَلِيُّ اَنْتَ اَخِي فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ اَنْتَ اَقْرَبُ النَّاسِ مِنِّي مَوْقِفاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ مَنْزِلِي وَ مَنْزِلُكَ فِي الْجَنَّةِ مُتَوَاجِهَيْنِ كَمَنْزِلِ الْاَخَوَيْنِ وَ اَنْتَ الْوَصِيُّ وَ اَنْتَ الْوَلِيُّ وَ اَنْتَ الْوَزِيرُ وَ عَدُوُّكَ عَدُوِّي وَ عَدُوِّي عَدُوُّ اللهِ وَ وَلِيُّكَ وَلِيِّي وَ وَلِيِّي وَلِيُّ اللهِ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دس خوبیاں حاصل ہوئیں جو مجھ سے پہلے کسی کو حاصل نہ تھیں اور نہ ہی میرے بعد کسی کو حاصل ہوں گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علیؑ! (۱،۲) تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو (۳) قیامت کے دن وقوف کے موقع پر مجھ سے سب سے قریب تر ہو گے (۴) جنت میں تمہارا اور میرا گھر آمنے سامنے ہو گا جیسے دو بھائیوں کے گھر (۵) تم میرے وصی ہو (۶) تم میرے ولی ہو (۷) تم ہی میرے وزیر ہو (۸) تمہارا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے (۹) تمہارا دوست میرا دوست ہے اور میرا دوست خدا کا دوست ہے۔

اس حدیث میں دسویں صفت مذکور نہیں ہے۔ (مجاہد حسین حرؔ)

⑧ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّقْرِ الصَّائِغُ بِالرَّيِّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ بَسَّامٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى الثَّقَفِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَاقِرِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عليه السلام قَالَ قَالَ عَلِيٌّ عليه السلام كَانَ لِي مِنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله عَشْرُ خِصَالٍ مَا يَسُرُّنِي بِاِحْدَاهُنَّ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَ مَا غَرَبَتْ فَقَالَ لَهُ بَعْضُ اَصْحَابِهِ بَيِّنْهَا لَنَا يَا عَلِيُّ قَالَ عليه السلام سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقُولُ يَا عَلِيُّ اَنْتَ الْوَصِيُّ وَ اَنْتَ الْوَزِيرُ وَ اَنْتَ الْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ وَ الْمَالِ وَ وَلِيُّكَ وَلِيِّي وَ عَدُوُّكَ عَدُوِّي وَ اَنْتَ سَيِّدُ الْمُسْلِمِينَ مِنْ بَعْدِي وَ اَنْتَ اَخِي وَ اَنْتَ اَقْرَبُ الْخَلَائِقِ مِنِّي فِي الْمَوْقِفِ وَ اَنْتَ صَاحِبُ لِوَائِي فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دس خوبیاں حاصل ہوئیں جو مجھ سے پہلے کسی کو حاصل نہ تھیں اور نہ ہی میرے بعد کسی کو حاصل ہوں گی۔ بعض اصحاب نے آپؑ سے کہا کہ اے علیؑ! ان خوبیوں کو ہم سے بیان فرمائیں۔ آپؑ نے فرمایا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اے علیؑ! (۱) میرے اہل و مال کے تم وصی ہو (۲) تم ہی وزیر ہو (۳) تم ہی خلیفہ ہو (۴) تم ہی میرے جانشین ہو (۵) تمہارا دوست میرا دوست ہے (۶) تمہارا دشمن میرا دشمن ہے (۷) میرے بعد تم مسلمانوں کے پیشوا ہو (۸) تم میرے بھائی ہو (۹) تم قیامت کے دن وقوف کے موقع پر مجھ سے سب سے قریب تر ہو گے (۱۰) تم دنیا اور آخرت میں میرے علمبردار ہو۔

⑨ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيِّ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِنَا عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام كَانَ لِي مِنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله عَشْرٌ مَا يَسُرُّنِي بِالْوَاحِدَةِ مِنْهُنَّ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ قَالَ اَنْتَ اَخِي فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ اَنْتَ اَقْرَبُ النَّاسِ مِنِّي مَوْقِفاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ مَنْزِلُكَ تُجَاهَ مَنْزِلِي فِي الْجَنَّةِ كَمَا يَتَوَاجَهُ

الْاَخَوَانُ فِي اللهِ وَ اَنْتَ صَاحِبُ لِوَائِي فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ اَنْتَ وَصِيِّي وَ وَارِثِي وَ خَلِيفَتِي فِي الْاَهْلِ وَ الْمَالِ وَ الْمُسْلِمِينَ فِي كُلِّ غَيْبَةٍ شَفَاعَتُكَ شَفَاعَتِي وَ وَلِيُّكَ وَلِيِّي وَ وَلِيِّي وَلِيُّ اللهِ وَ عَدُوُّكَ عَدُوِّي وَ عَدُوِّي عَدُوُّ اللهِ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دس خوبیاں حاصل ہوئیں جو مجھ سے پہلے کسی کو حاصل نہ تھیں اور نہ ہی میرے بعد کسی کو حاصل ہوں گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علیؑ! (۱، ۲) تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو (۳) قیامت کے دن وقوف کے موقع پر مجھ سے سب سے قریب تر ہو گے (۴) جنت میں تمہارا اور میرا گھر آمنے سامنے ہو گا جیسے دو بھائیوں کے گھر (۵) تم دنیا و آخرت میرے علمبردار ہو (۶) تم اہل و مال اور مسلمانوں کے سلسلے میں میرے وصی اور وارث ہو (۷) تم ہی میرے خلیفہ و جانشین ہو (۸) تمہاری شفاعت میری شفاعت ہے (۹) تمہارا دوست میرا دوست ہے اور میرا دوست خدا کا دوست ہے (۱۰) تمہارا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔

بشارة شيعة علي عليه السلام وأنصاره بعشر خصال

حضرت علی علیہ السلام اور ان کے شیعوں کی دس بشارتیں

⑩ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعِجْلِيُّ وَ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَى وَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ السِّنَانِيُّ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ هِشَامٍ الْمُكَتِّبُ وَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْوَرَّاقُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الضَّحَّاكِ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام وَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله يَا عَلِيُّ بَشِّرْ شِيعَتَكَ وَ اَنْصَارَكَ بِخِصَالٍ عَشْرٍ اَوَّلُهَا طِيبُ الْمَوْلِدِ وَ ثَانِيهَا حُسْنُ اِيمَانِهِمْ بِاللهِ وَ ثَالِثُهَا حُبُّ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ لَهُمْ وَ رَابِعُهَا الْفُسْحَةُ فِي قُبُورِهِمْ وَ خَامِسُهَا النُّورُ عَلَى الصِّرَاطِ بَيْنَ اَعْيُنِهِمْ وَ سَادِسُهَا نَزْعُ الْفَقْرِ مِنْ بَيْنِ اَعْيُنِهِمْ وَ غِنَى قُلُوبِهِمْ وَ سَابِعُهَا الْمَقْتُ مِنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ لِاَعْدَائِهِمْ وَ ثَامِنُهَا الْاَمْنُ مِنَ الْجُذَامِ وَ الْبَرَصِ وَ الْجُنُونِ يَا عَلِيُّ وَ تَاسِعُهَا انْحِطَاطُ الذُّنُوبِ وَ السَّيِّئَاتِ عَنْهُمْ وَ عَاشِرُهَا هُمْ مَعِي

فِي الْجَنَّةِ وَ اَنَا مَعَهُمْ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا کہ اے علیؑ! تم اپنے شیعوں اور دوستوں کو بشارت دیدو کہ (۱) ان کی ولادت پاکیزہ ہوگی (۲) اللہ پر ان کا ایمان ہوگا (۳) خدا ان کا دوست ہوگا (۴) ان کی قبریں کشادہ ہوں گی (۵) صراط پر ان کا نور سامنے ہوگا (۶) فقر و مفلسی کی تکلیفوں کا ان پر اثر نہ ہوگا (۷) ان کے دشمنوں سے خدا ناراض ہوگا (۸) برص و جذام و جنون سے محفوظ رہیں گے (۹) ان کے گناہ گر جائیں گے (۱۰) جنت میں میرے ساتھ اور میں ان کے ساتھ ہوں گا۔

عشر خصال من المکارم

دس خصوصیات مکارم اخلاق میں شمار ہوتی ہیں

⑪ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُوسَى عَنْ يَزِيدَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ الْمَكَارِمُ عَشْرٌ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَكُونَ فِيكَ فَلْتَكُنْ فَاِنَّهَا تَكُونُ فِي الرَّجُلِ وَ لَا تَكُونُ فِي وَلَدِهِ وَ تَكُونُ فِي وَلَدِهِ وَ لَا تَكُونُ فِي اَبِيهِ وَ تَكُونُ فِي الْعَبْدِ وَ لَا تَكُونُ فِي الْحُرِّ صِدْقُ الْبَأْسِ وَ صِدْقُ اللِّسَانِ وَ اَدَاءُ الْاَمَانَةِ وَ صِلَةُ الرَّحِمِ وَ اِقْرَاءُ الضَّيْفِ وَ اِطْعَامُ السَّائِلِ وَ الْمُكَافَاَةُ عَلَى الصَّنَائِعِ وَ التَّذَمُّمُ لِلْجَارِ وَ التَّذَمُّمُ لِلصَّاحِبِ وَ رَاْسُهُنَّ الْحَيَاءُ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس باتیں سبب بزرگی ہیں۔ اگر ہو سکے تو ان کو اپنی ذات میں جمع کرلو اس لیے کہ یہ ضروری نہیں کہ باپ میں ہیں تو بیٹے میں بھی ہوں یا اس کا عکس آزاد میں ہو تو غلام میں بھی ہو یا اس کا عکس (۱) یہ کہ جنگ میں بہادر ہو (۲) سچ بولتا ہو (۳) امانت دار ہو (۴) اپنے عزیزوں سے ملتا ہو (۵) مہمان نواز ہو (۶) سائل کو کھانا کھلائے (۷) احسان کا بدلہ احسان سے کرے (۸) ہم سایہ کی عزت و حرمت کا لحاظ رکھے (۹) دوستوں سے وفاداری کرے (۱۰) اور ان سب اوصاف کا جامع حیا و شرم و غیرت ہے۔

⑫ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ الصَّادِقِ عليه السلام قَالَ اِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى خَصَّ رَسُولَهُ صلى الله عليه وآله بِمَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ فَامْتَحِنُوا اَنْفُسَكُمْ فَاِنْ كَانَتْ فِيكُمْ فَاحْمَدُوا اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ وَ ارْغَبُوا اِلَيْهِ فِي الزِّيَادَةِ مِنْهَا فَذَكَرَهَا عَشَرَةً الْيَقِينَ وَ الْقَنَاعَةَ وَ الصَّبْرَ وَ الشُّكْرَ وَ الرِّضَا وَ

حُسْنَ الْخُلُقِ وَ السَّخَاءَ وَ الْغَيْرَةَ وَ الشَّجَاعَةَ وَ الْمُرُوءَةَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جناب اقدس الٰہی نے مکارم اخلاق سے مخصوص فرمایا ہے تم اپنے نفوس کا امتحان کرو اگر تم میں بھی وہی اوصاف پائے جاتے ہیں تو خدا کا شکر کرو اور حضرت سے زیادہ تر مشابہ ہونے کی طرف رغبت کرو اسکے بعد ان دس اوصاف کا حضرت نے ذکر فرمایا ہے: (۱) یقین (۲) قناعت (۳) صبر (۴) شکر (۵) رضا (۶) حسن الخلق (۷) سخاوت (۸) غیرت (۹) شجاعت (۱۰) مروت

لا تقوم الساعة حتى تكون عشر آيات

قیامت واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ دس علامات ظاہر ہوں

⑬ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ قَالَ اطَّلَعَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ مِنْ غُرْفَةٍ لَهُ وَ نَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَكُونَ عَشْرُ آيَاتٍ الدَّجَّالُ وَ الدُّخَانُ وَ طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَ دَابَّةُ الْأَرْضِ وَ يَأْجُوجُ وَ مَأْجُوجُ وَ ثَلَاثُ خُسُوفٍ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَ خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ وَ خَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ تَنْزِلُ مَعَهُمْ إِذَا نَزَلُوا وَ تُقِيلُ مَعَهُمْ إِذَا قَالُوا.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت آنے سے پہلے دس باتیں ہوں گی: (۱) دجال نکلے گا (۲) دھواں اٹھے گا (۳) آفتاب مغرب سے نکلے گا (۴) دابۃ الارض کا ظہور ہوگا (۵) یاجوج و (۶) ماجوج نکلیں گے (۷) مشرق میں لوگ زمین میں دھنس جائیں گے (۸) مغرب میں بھی یہی ہوگا (۹) جزیرۃ عرب میں بھی ایسا ہی ہوگا (۱۰) یمن کی سمت سے ایک شعلہ اٹھے گا اور جدھر جدھر لوگ بھاگیں گے وہ ان کے ساتھ رہے گا۔

عشر خصال جمعها الله عز و جل لنبيه و أهل بيته صلى الله عليه وآله وسلم

دس خصال وفضائل اللہ تعالیٰ نے جمع فرمائے ہیں نبی وآل نبی علیہم السلام میں

⑭ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَلَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ بَسَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ السَّعْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْيَمَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُقْرِءُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِينَا خَطِيباً فَقَالَ فِي آخِرِ خُطْبَتِهِ جَمَعَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لَنَا عَشْرَ خِصَالٍ لَمْ يَجْمَعْهَا لِأَحَدٍ قَبْلَنَا وَ لَا تَكُونُ فِي

اَحَدٍ غَيْرِنَا فِينَا الْحُكْمُ وَ الْحِلْمُ وَ الْعِلْمُ وَ النُّبُوَّةُ وَ السَّمَاحَةُ وَ الشَّجَاعَةُ وَ الْقَصْدُ وَ الصِّدْقُ وَ الطَّهُورُ وَ الْعَفَافُ وَ نَحْنُ كَلِمَةُ التَّقْوَى وَ سَبِيلُ الْهُدَى وَ الْمَثَلُ الْأَعْلَى وَ الْحُجَّةُ الْعُظْمَى وَ الْعُرْوَةُ الْوُثْقَى وَ الْحَبْلُ الْمَتِينُ وَ نَحْنُ الَّذِينَ اَمَرَ اللهُ لَنَا بِالْمَوَدَّةِ فَمَا ذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَالُ فَاَنَّى تُصْرَفُونَ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ایک خطبہ میں حمد وثنائے الٰہی کے بعد ارشاد فرمایا کہ پروردگار عالم نے ہم لوگوں میں دس خصلتیں جمع کر دی ہیں جو نہ ہم سے پہلے کسی میں جمع ہوئیں اور نہ ہمارے بعد کسی میں ہوں گی۔ ہم کو: (۱) حکم (۲) حلم (۳) علم (۴) نبوت (۵) بخشش وسخاوت (۶) شجاعت (۷) عدالت (۸) ؟؟ (۹) صداقت (۱۰) پرہیز گاری وطہارت سے سرفراز فرمایا ہے۔ ہم کلمہ تقویٰ، راہ ہدایت اور مثل اعلیٰ ہیں۔ حجر عظمیٰ ہیں عروۃ الوثقی، حبل المتین ہیں، ہم وہ ہیں جن کی مودت کا اللہ نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے۔

عشر خصال من لقي الله عز وجل بهن دخل الجنة

دس خصلتیں جس میں پائی جائیں وہ اہل بہشت سے ہے

⑮ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ سَعْدَانَ بْنِ مُسْلِمٍ وَ اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ عَشْرٌ مَنْ لَقِيَ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ بِهِنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ الْاِقْرَارُ بِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ اِقَامُ الصَّلَاةِ وَ اِيتَاءُ الزَّكَاةِ وَ صَوْمُ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ حَجُّ الْبَيْتِ وَ الْوَلَايَةُ لِاَوْلِيَاءِ اللهِ وَ الْبَرَاءَةُ مِنْ اَعْدَاءِ اللهِ وَ اجْتِنَابُ كُلِّ مُسْكِرٍ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس خصلتیں جس میں پائی جائیں وہ اہل بہشت سے ہے: (۱) وحدانیت باری اور (۲) نبوت محمدی کی گواہی دے (۳) جو کچھ خدا نے اپنے انبیاء علیہم السلام پر اتارا ہے اس کا اقرار کرے (۴) نماز قائم کرے (۵) زکوۃ دے (۶) روزہ ماہ رمضان رکھے (۷) حج کرے (۸) دوستان خدا سے محبت ہو (۹) اللہ اور اس کے دوستوں کے دشمنوں سے بیزاری وبرائت کرے (۱۰) ہر نشہ آور چیز سے پرہیز کرے۔

⑯ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَدَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا صُهَيْبُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عليه السلام قَالَ عَشْرٌ مَنْ لَقِيَ اللهَ بِهِنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ

الْاِقْرَارُ بِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللهِ وَ اِقَامُ الصَّلَاةِ وَ اِيتَاءُ الزَّكَاةِ وَ حَجُّ الْبَيْتِ وَ صَوْمُ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ الْوَلَايَةُ لِاَوْلِيَاءِ اللهِ وَ الْبَرَاءَةُ مِنْ اَعْدَاءِ اللهِ وَ اجْتِنَابُ كُلِّ مُسْكِرٍ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس خصلتیں جس میں پائی جائیں وہ اہل بہشت میں سے ہے: (۱) وحدانیت باری تعالیٰ کی گواہی دے (۲) نبوت محمدیؐ کی گواہی دے (۳) جو کچھ خدا کے ہاں سے آیا ہے اس کا اقرار کرے (۴) نماز قائم کرے (۵) زکوٰۃ دے (۶) ماہ رمضان کے روزے رکھے (۷) حج ادا کرے (۸) دوستانِ خدا سے محبت کرے (۹) اللہ اور اس کے دوستوں کے دشمنوں سے بیزاری و برائت کرے (۱۰) ہر نشہ آور چیز سے پرہیز کرے۔

لا یکون المؤمن عاقلا حتی یکون فیه عشر خصال

کوئی مومن عاقل نہیں ہوتا جب تک اس میں دس خصوصیات نہ پائی جائیں

⑯ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ هِلَالٍ عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیہ السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَمْ يُعْبَدِ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِشَیْءٍ اَفْضَلَ مِنَ الْعَقْلِ وَ لَا يَكُونُ الْمُؤْمِنُ عَاقِلًا حَتَّى يَجْتَمِعَ فِيهِ عَشْرُ خِصَالٍ الْخَيْرُ مِنْهُ مَاْمُولٌ وَ الشَّرُّ مِنْهُ مَاْمُونٌ يَسْتَكْثِرُ قَلِيلَ الْخَيْرِ مِنْ غَيْرِهِ وَ يَسْتَقِلُّ كَثِيرَ الْخَيْرِ مِنْ نَفْسِهِ وَ لَا يَسْاَمُ مِنْ طَلَبِ الْعِلْمِ طُولَ عُمُرِهِ وَ لَا يَتَبَرَّمُ بِطُلَّابِ الْحَوَائِجِ قِبَلَهُ الذُّلُّ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنَ الْعِزِّ وَ الْفَقْرُ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنَ الْغِنَى نَصِيبُهُ مِنَ الدُّنْيَا الْقُوتُ وَ الْعَاشِرَةُ وَ مَا الْعَاشِرَةُ لَا يَرَى اَحَداً اِلَّا قَالَ هُوَ خَيْرٌ مِنِّی وَ اَتْقَى اِنَّمَا النَّاسُ رَجُلَانِ فَرَجُلٌ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ وَ اَتْقَى وَ آخَرُ هُوَ شَرٌّ مِنْهُ وَ اَدْنَى فَاِذَا رَاَى مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ وَ اَتْقَى تَوَاضَعَ لَهُ لِيَلْحَقَ بِهِ وَ اِذَا لَقِيَ الَّذِی هُوَ شَرٌّ مِنْهُ وَ اَدْنَى قَالَ عَسَى خَيْرُ هَذَا بَاطِنٌ وَ شَرُّهُ ظَاهِرٌ وَ عَسَى اَنْ يُخْتَمَ لَهُ بِخَيْرٍ فَاِذَا فَعَلَ ذَلِكَ فَقَدْ عَلَا مَجْدُهُ وَ سَادَ اَهْلَ زَمَانِهِ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عقل سے بہتر کسی شئے سے خدا کی عبادت نہیں کی گئی اور مومن اس وقت عاقل نہیں ہوتا جب تک اس میں دس اوصاف نہ پائی جائیں: (۱) اس سے نیکی اور اچھائی ہی کی امید ہو (۲) (لوگ) اس کے شر سے امان میں ہوں (۳) دوسروں کی تھوڑی سی نیکی بھی زیادہ شمار کرے (۴) اپنی بہت سی نیکیوں کو بھی کم جانے (۵) ساری زندگی حصول علم میں لگا رہے (۶) حاجتمندوں کی حاجت پوری کرنے سے تنگ دل نہ ہو (۷) ذلت (اللہ کی خاطر دنیاوی) عزت سے پسندیدہ تر ہو (۸) تنگدستی (اللہ کی راہ میں دنیاوی) ثروت سے پسندیدہ تر ہو (۹) دنیا سے اس کا حصہ صرف زندہ رہنے کے لئے کھانا ہو (۱۰) رہی دسویں صفت دسویں صفت کیا ہی اعلیٰ صفت ہے جب بھی کسی کو دیکھتا ہے جو

اس سے زیادہ بہتر اور پرہیز گار ہے تو اس سے تواضع کرتا ہے تا کہ اس جیسا بن جائے اور جب کسی ایسے شخص کو دیکھتا ہے جو اس سے برا یا کم تر ہے تو کہتا ہے شاید اس کا باطن مجھ سے بہتر ہے اور اس کی بدی صرف ظاہری ہے یا کہتا ہے شاید اس کا انجام مجھ سے بہتر ہو پس جب کوئی شخص ایسا کرتا ہے تو اس کی بڑائی میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ زمانے کا آقا بن جاتا ہے۔

لا يؤكل من الشاة عشرة أشياء

بکرے کی دس چیزیں نہیں کھانی چاہئے

⑱ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِنَا عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ لَا يُؤْكَلُ مِنَ الشَّاةِ عَشَرَةُ اَشْيَاءَ الْفَرْثُ وَ الدَّمُ وَ الطِّحَالُ وَ النُّخَاعُ وَ الْغُدَدُ وَ الْقَضِيبُ وَ الْاُنْثَيَيْنِ وَ الرَّحِمُ وَ الْحَيَاءُ وَ الْاَوْدَاجُ اَوْ قَالَ الْعُرُوقُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بکرے کی دس چیزیں نہیں کھانی چاہئے: (۱) مینگنی (۲) خون (۳) تلی (۴) حرام مغز (۵) غدود (۶) عضو تناسل (۷) خصیے (۸) بچہ دانی (۹) شرمگاہ (مقام پاخانہ) (۱۰) شہ رگیں یا فرمایا: رگیں۔

عشرة أشياء من الميتة ذكية

مردار جانور کی دس چیزیں پاک ہیں

⑲ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيُّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ يَرْفَعُهُ اِلَى اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ عَشَرَةُ اَشْيَاءَ مِنَ الْمَيْتَةِ ذَكِيَّةٌ الْعَظْمُ وَ الشَّعْرُ وَ الصُّوفُ وَ الرِّيشُ وَ الْقَرْنُ وَ الْحَافِرُ وَ الْبَيْضُ وَ الْاِنْفَحَةُ وَ اللَّبَنُ وَ السِّنُ.

۱۹) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مردہ جانور کی دس چیزیں پاک ہیں: (۱) ہڈی (۲) بال (۳) پشم (۴) پر (۵) سینگ (۶) سم (۷) انڈہ (۸) شیر دان (۹) دودھ (۱۰) دانت۔

لا يطمعن عشرة في عشر خصال

دس آدمی دس باتوں کی آرزو نہ کریں

⑳ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ

قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ اللهِ الرَّازِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْحَلَّالِ عَنْ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْحَلَبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللهِ يَقُولُ لَا يَطْمَعَنَّ ذُو الْكِبْرِ فِي الثَّنَاءِ الْحَسَنِ وَ لَا الْخَبُّ فِي كَثْرَةِ الصَّدِيقِ وَ لَا السَّيِّئُ الْأَدَبِ فِي الشَّرَفِ وَ لَا الْبَخِيلُ فِي صِلَةِ الرَّحِمِ وَ لَا الْمُسْتَهْزِئُ بِالنَّاسِ فِي صِدْقِ الْمَوَدَّةِ وَ لَا الْقَلِيلُ الْفِقْهِ فِي الْقَضَاءِ وَ لَا الْمُغْتَابُ فِي السَّلَامَةِ وَ لَا الْحَسُودُ فِي رَاحَةِ الْقَلْبِ وَ لَا الْمُعَاقِبُ عَلَى الذَّنْبِ الصَّغِيرِ فِي السُّؤْدُدِ وَ لَا الْقَلِيلُ التَّجْرِبَةِ الْمُعْجَبُ بِرَأْيِهِ فِي رِئَاسَةٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ (۱) مغرور و متکبر کو نیک نامی (۲) مکار کو دوستوں کی کثرت (۳) بے ادب کو شرف و عزت (۴) بخیل کو صلہ رحم (۵) مسخرہ کو سچی محبت (۶) کم فہم کو فیصلہ کرنے کی جرائت (۷) غیبت کرنے والے کو سلامتی (۸) حاسد کو راحت قلب (۹) گناہگار کو بزرگی (۱۰) کم تجربہ رکھنے والے اور اپنی رائے پر اعتماد رکھنے والے کو ریاست کی تمنا نہیں کرنی چاہیے۔

عشرة مواضع لا يصلى فيها

دس مقامات جہاں نماز نہیں پڑھنا چاہیے

۳۱ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْفَضْلِ عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ عَشَرَةُ مَوَاضِعَ لَا يُصَلَّى فِيهَا الطِّينُ وَ الْمَاءُ وَ الْحَمَّامُ وَ مَسَانُّ الطَّرِيقِ وَ قُرَى النَّمْلِ وَ مَعَاطِنُ الْإِبِلِ وَ مَجْرَى الْمَاءِ وَ السَّبَخَةُ وَ الثَّلْجُ وَ وَادِي ضَجْنَانَ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه هذه المواضع لا يصلى فيها الإنسان فى حال الاختيار فإذا حصل فى الماء و الطين و اضطر إلى الصلاة فيه فإنه يصلى إيماء و يكون ركوعه أخفض من سجوده و أما الطريق فإنه لا بأس بأن يصلى على الظواهر التى بين الجوادفأما على الجواد فلا يصلى و أما الحمام فإنه لا يصلى فيه على كل حال فأما مسلخ الحمام فلا بأس بالصلاة فيه لأنه ليس بحمام و أما قرى النمل فلا يصلى فيها لأنه لا يتمكن من الصلاة لكثرة ما يدب عليه من النمل فيؤذيه و يشغله عن الصلاة و أما معاطن الإبل فلا يصلى فيها إلا إذا خاف على متاعه الضيعة فلا بأس حينئذ بالصلاة فيها و أما مرابض الغنم فلا بأس بالصلاة فيها و أما مجرى الماء فلا يصلى فيه على كل حال لأنه لا يؤمن أن يجرى الماء إليه و هو فى صلاته و أما السبخة

فإنه لا يصلى فيها نبي و لا وصي نبي و أما غيرهما فإنه متى دق مكان سجوده حتى تتمكن الجبهة فيه مستوية في سجوده فلا بأس و أما الثلج فمتى اضطر الإنسان إلى الصلاة عليه فإنه يدق موضع جبهته حتى يستوي عليه في سجوده و أما وادي ضجنان و جميع الأودية فلا تجوز الصلاة فيها لأنها مأوى الحيات و الشياطين.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس مقامات ایسے ہیں جہاں نماز نہیں پڑھنا چاہئے (۱) کیچڑ (۲) پانی (۳) حمام (۴) راستے (۵) چیونٹی کے بلوں پر (۶) اونٹوں کے باندھنے کی جگہ (۷) جہاں پانی جاری ہو (۸) نمک زار (۹) برف (۱۰) وادی ضجنان نزدیک مکہ معظّمہ میں نماز نہیں پڑھنا چاہیے۔

مؤلف کتاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مذکورہ بالا مقامات پر حالت اختیار میں انسان کو نماز نہیں پڑھنی چاہئے لہٰذا اگر کبھی پانی یا کیچڑ والی جگہ ہو اور اسی میں نماز پڑھنے پر مجبور ہو تو اسے چاہئے کہ نماز اشارے سے پڑھے اور رکوع کے مقابلہ میں سجدہ کے لئے ذرا زیادہ سر جھکائے۔ جہاں تک درمیان راستے کا تعلق ہے تو وہاں نماز پڑھنے میں بظاہر کوئی حرج نہیں البتہ ایک گوشہ میں پڑھے لیکن اگر عین راستے پر نماز پڑھے تو یہ صحیح نہیں ہے، حمام میں کسی صورت میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے البتہ حمام میں کپڑے اتارنے کی جگہ نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے اس لئے کہ وہ جگہ حمام میں شمار نہیں ہوتی۔ چیونٹیوں کے بلوں پر نماز نہیں پڑھنی چاہئے اس لئے کہ اس طرح انسان چیونٹیوں کی کثرت کی وجہ سے نماز نہیں پڑھ سکے گا اور وہ اسے اذیت پہچائیں گیتو اس سے اس کی نماز میں خلل واقع ہوگا۔ اونٹوں کے باڑے میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے سوائے اس سے کے کوئی مال ومتاع ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں وہاں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے البتہ بھیڑ بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ پانی جاری ہونے کے مقام پر نماز کسی صورت میں بھی نہیں پڑھنی چاہئے اس لئے کہ دوران نماز پانی اس کی طرف رخ کرے گا نمک زار میں نہ کسی نبی نے نماز پڑھی اور نہ کسی نبی کے وصی نے۔ البتہ ان دونوں کے علاوہ کے لئے اگر جگہ کو اس قدر درست کرے کہ سجدہ میں اس کی پیشانی ہموار رہے تو کوئی حرج نہیں۔ برف پر نماز پڑھنے پر مجبور ہو تو سجدہ کی جگہ اس قدر درست کرلے کہ سجدہ کرنے کہ جگہ ہموار ہو جائے۔ نیز وادی ضجنان یا دوسری کسی وادی میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے اس لئے کہ یہ سانپوں اور شیاطین کی پناہ گاہ ہوتی ہیں۔

عشرة لا يدخلون الجنة

دس آدمی جنت میں نہیں جائیں گے

۴۲ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْحَسَنِ الْفَارِسِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَفْصٍ الْبَصْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ

بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله إِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ لَمَّا خَلَقَ الْجَنَّةَ خَلَقَهَا مِنْ لَبِنَتَيْنِ لَبِنَةٍ مِنْ ذَهَبٍ وَ لَبِنَةٍ مِنْ فِضَّةٍ وَ جَعَلَ حِيطَانَهَا الْيَاقُوتَ وَ سَقْفَهَا الزَّبَرْجَدَ وَ حَصْبَاءَهَا اللُّؤْلُؤَ وَ تُرَابَهَا الزَّعْفَرَانَ وَ الْمِسْكَ الْاَذْفَرَ فَقَالَ لَهَا تَكَلَّمِي فَقَالَتْ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ قَدْ سَعِدَ مَنْ يَدْخُلُنِي فَقَالَ عَزَّ وَ جَلَّ بِعِزَّتِي وَ عَظَمَتِي وَ جَلَالِي وَ ارْتِفَاعِي لَا يَدْخُلُهَا مُدْمِنُ خَمْرٍ وَ لَا سِكِّيرٌ وَ لَا قَتَّاتٌ وَ هُوَ النَّمَّامُ وَ لَا دَيُّوثٌ وَ هُوَ الْقَلْطَبَانُ وَ لَا قَلَّاعٌ وَ هُوَ الشُّرْطِيُّ وَ لَا زَنُّوقٌ وَ هُوَ الْخُنْثَى وَ لَا خَيُّوفٌ وَ هُوَ النَّبَّاشُ وَ لَا عَشَّارٌ وَ لَا قَاطِعُ رَحِمٍ وَ لَا قَدَرِيٌّ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بہشت جس کے محلوں میں ایک اینٹ سونے اور ایک چاندی کی ہے چھتیں زمرد کی دیواریں زمرد کی۔ ایک موتی کے بجائے مٹی کے، زعفران و مشک بہت خوشبودار، خداوند عالم نے پیدا کر کے اس کو کلام کرنے کا حکم دیا۔ بہشت نے کہا کہ لا الہ الا انت الحی القیوم سعید و نیک بخت ہے وہ جس کو میرے محلوں میں جگہ ملی۔

ارشاد الٰہی ہوا کہ میری عزت و جلال کی قسم کوئی (۱) دائم الخمر ہمیشہ شراب پینے والا (۲) متکبر (۳) سخن چینی کرنے والا (۴) چغلی کرنے والا (۵) دیوث زنا کاری کا ذریعہ (۶) پولیس والا (۷) مخنث (۸) کفن چور (۹) چنگی اور کسٹم والا (۱۰) عزیزوں سے بے تعلق رہنے والا اور قدری جنت میں نہیں جا سکتا۔

۴۳ حَدَّثَنَا اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ جَمِيعاً عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بِاِسْنَادٍ لَهُ يَرْفَعُهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ خَمْرٍ وَ لَا سِكِّيرٌ وَ لَا عَاقٌّ وَ لَا شَدِيدُ السَّوَادِ وَ لَا دَيُّوثٌ وَ لَا قَلَّاعٌ وَ هُوَ الشُّرْطِيُّ وَ لَا زَنُّوقٌ وَ هُوَ الْخُنْثَى وَ لَا خَيُّوفٌ وَ هُوَ النَّبَّاشُ وَ لَا عَشَّارٌ وَ لَا قَاطِعُ رَحِمٍ وَ لَا قَدَرِيٌّ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه يعنى بشديد السواد الذى لا يبيض شىء من شعر رأسه و لا من شعر لحيته مع كبر السن و يسمى الغربيب.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس آدمی خود بھی زحمت مبتلا ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی زحمت مبتلا کرتے ہیں: (۱) وہ کم علم جو دوسروں کو تعلیم دینا چاہتا ہے (۲) اور وہ مرد حلیم و بردبار جو بے عقل ہے (۳) وہ شخص جو ایسی چیز طلب کرتا ہے جو نہیں ملنے والی ہے یا وہ اس کے لائق نہیں (۴) جو بہت محنت کرتا ہے اور آرام کا وقت نہیں رکھتا (۵) جو آرام کرتا ہے اور علم و بصیرت نہیں رکھتا (۶) وہ عالم جو پرہیز گار نہیں (۷) وہ پرہیز گار جو عالم نہیں (۸) وہ عالم جور یاست کو پسند

کرتا ہے (۹) رحم دل بخیل (۱۰) وہ عالم جو اپنے سے زیادہ عالم سے بحث کرتا ہے اور قائل نہیں ہوتا۔

العافية عشرة أجزاء

عافیت کے دس اجزا ہیں

۴۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ الْمَعْرُوفِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ بِإِسْنَادِهِ يَرْفَعُهُ قَالَ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ تَكُونُ الْعَافِيَةُ فِيهِ عَشَرَةَ اَجْزَاءٍ تِسْعَةٌ مِنْهَا فِي اعْتِزَالِ النَّاسِ وَ وَاحِدَةٌ فِي الصَّمْتِ.

مرفوع روایت ہے کہ ایک زمانہ لوگوں پر ایسا آئے گا کہ جب عافیت دس حصوں پر مشتمل ہوگی ان میں سے نو حصے گوشہ نشینی میں جبہ ایک حصہ خاموشی میں ہوگا۔

عشرة يفتنون أنفسهم وغيرهم

دس افراد خود بھی تکلیف اٹھاتے ہیں اور دوسروں کیلئے بھی باعث تکلیف ہیں

۴۵ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي وَ سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ مُوسَى بْنِ بَكْرٍ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ الْاَوَّلِ عليه السلام عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام عَشَرَةٌ يُفَتِّنُونَ اَنْفُسَهُمْ وَ غَيْرَهُمْ ذُو الْعِلْمِ الْقَلِيلِ يَتَكَلَّفُ اَنْ يُعَلِّمَ النَّاسَ كَثِيراً وَ الرَّجُلُ الْحَلِيمُ ذُو الْعِلْمِ الْكَثِيرِ لَيْسَ بِذِي فِطْنَةٍ وَ الَّذِي يَطْلُبُ مَا لَا يُدْرِكُ وَ لَا يَنْبَغِي لَهُ وَ الْكَاذُّ غَيْرُ الْمُتَّئِدِ وَ الْمُتَّئِدُ الَّذِي لَيْسَ لَهُ مَعَ تُؤَدَتِهِ عِلْمٌ وَ عَالِمٌ غَيْرُ مُرِيدٍ لِلصَّلَاحِ وَ مُرِيدٌ لِلصَّلَاحِ وَ لَيْسَ بِعَالِمٍ وَ الْعَالِمُ يُحِبُّ الدُّنْيَا وَ الرَّحِيمُ بِالنَّاسِ يَبْخَلُ بِمَا عِنْدَهُ وَ طَالِبُ الْعِلْمِ يُجَادِلُ فِيهِ مَنْ هُوَ اَعْلَمُ فَاِذَا عَلَّمَهُ لَمْ يَقْبَلْ مِنْهُ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ دس افراد اپنے آپ کو اور دوسروں کو تکلیف میں مبتلا کر دیتے ہیں: (۱) وہ کم علم جو دوسروں کو تعلیم دینا چاہتا ہے (۲) اور وہ مرد حلیم و بردبار جو بے عقل ہے (۳) وہ شخص جو ایسی چیز طلب کرتا ہے جو نہیں ملنے والی ہے یا وہ اس کے لائق نہیں (۴) جو بہت رنج اٹھائے پر سکون نہ ہو (۵) جو پر سکون تو ہو مگر اس کے پاس علم و بصیرت نہ ہو (۶) وہ دانشمند جو اصلاح کا ارادہ نہ رکھتا ہو (۷) وہ اصلاح کرنے والا ہو جو صاحب علم نہ ہو (۸) وہ عالم جو دنیا پسند ہو (۹) رحم دل بخیل (۱۰) وہ عالم جو اپنے سے زیادہ عالم سے بحث کرتا ہے اور قائل نہیں ہوتا۔

الزهد عشرة أجزاء

زہد کے دس درجات ہیں

۴۶ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام اَنَّهُ جَاءَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَسَاَلَهُ فَقَالَ لَهُ مَا الزُّهْدُ فَقَالَ الزُّهْدُ عَشَرَةُ اَجْزَاءٍ فَاَعْلَى دَرَجَاتِ الزُّهْدِ اَدْنَى دَرَجَاتِ الْوَرَعِ وَ اَعْلَى دَرَجَاتِ الْوَرَعِ اَدْنَى دَرَجَاتِ الْيَقِينِ وَ اَعْلَى دَرَجَاتِ الْيَقِينِ اَدْنَى دَرَجَاتِ الرِّضَا وَاِنَّ الزُّهْدَ فِي آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ لِكَيْلا تَاْسَوْا عَلى ما فاتَكُمْ وَ لا تَفْرَحُوا بِما آتاكُمْ.

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے ایک شخص نے سوال کیا کہ زہد کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ زہد کے دس درجے ہیں اور سب سے بلند درجہ ورع کا ادنیٰ درجہ ہے اور ورع کا سب سے بلند درجہ یقین کا سب سے پست درجہ ہے اور یقین کا سب سے بلند درجہ رضا کا پست ترین درجہ ہے۔ اس کا ذکر قرآن مجید کی اس آیت میں ہے: "لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ" (جب کوئی چیز تم سے جاتی رہے تو تم اس کا رنج نہ کرو اور جب کوئی چیز (نعمت) خدا تم کو دے تو اس پر نہ اترایا کرو) [1]

تحرم من الإماء عشرة

دس قسم کی لونڈیاں اپنے آقاؤں پر حرام ہیں

۴۷ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ زِيَادٍ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام تَحْرُمُ مِنَ الْاِمَاءِ عَشَرَةٌ لَا تَجْمَعُ بَيْنَ الْاُمِّ وَ الْبِنْتِ وَ لَا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ وَ لَا اَمَتَكَ وَ هِيَ حَامِلٌ مِنْ غَيْرِكَ حَتَّى تَضَعَ وَ لَا اَمَتَكَ وَ لَهَا زَوْجٌ وَ لَا اَمَتَكَ وَ هِيَ اُخْتُكَ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ لَا اَمَتَكَ وَ هِيَ عَمَّتُكَ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ لَا اَمَتَكَ وَ هِيَ حَائِضٌ حَتَّى تَطْهُرَ وَ لَا اَمَتَكَ وَ هِيَ رَضِيعَتُكَ وَ لَا اَمَتَكَ وَ لَكَ فِيهَا شَرِيكٌ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس قسم کی لونڈیاں اپنے آقاؤں پر حرام ہیں: (۱) ماں اور بیٹی دونوں اگر کسی کی لونڈیاں ہوں تو دونوں مالک پر حلال نہ ہوں گی بلکہ صرف ماں حلال ہوگی یا بیٹی (۲) دو بہنیں جمع نہیں کی جاسکتیں (۳) وہ کنیز جو کسی دوسرے سے حاملہ ہوئی ہے جب تک ولادت نہ ہوجائے موجودہ مالک پر حرام ہے (۴) وہ کنیز جو کسی

---

[1] سورۂ حدید آیت ۲۳

دوسرے کے عقد میں ہے مالک پر حلال نہیں (۵) وہ کنیز جو تمہاری رضاعی یعنی دودھ شریکی بہن ہے (۶) وہ کنیز جو تمہاری رضاعی پھوپھی ہے (۷) وہ کنیز جو تمہاری رضاعی خالہ ہے (۸) وہ کنیز جو حیض سے ہو (۹) وہ کنیز جس نے تمہیں دودھ پلایا ہے (۱۰) وہ کنیز جس میں دو آدمی شریک ہوں۔

الشهوة عشر أجزاء

شہوت کے دس حصے ہیں

۴۸ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْقَمَّاطِ عَنْ ضُرَيْسٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ اِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى جَعَلَ الشَّهْوَةَ عَشَرَةَ اَجْزَاءٍ تِسْعَةٌ مِنْهَا فِي النِّسَاءِ وَ وَاحِدَةٌ فِي الرِّجَالِ وَ لَوْ لَا مَا جَعَلَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِيهِنَّ مِنْ اَجْزَاءِ الْحَيَاءِ عَلَى قَدْرِ اَجْزَاءِ الشَّهْوَةِ لَكَانَ لِكُلِّ رَجُلٍ تِسْعُ نِسْوَةٍ مُتَعَلِّقَاتٍ بِهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شہوت کے دس حصوں میں سے نو حصے عورتوں میں ہیں اور ایک حصہ مردوں میں ہے لیکن عورتوں میں جتنی شہوت ہے اسی قدر شرم وحیا بھی ہے۔ اگر عورتوں میں غیرت نہ ہوتی تو ایک ایک مرد کی نو نو عورتیں خواستگار ہوتیں۔

الحياء عشرة أجزاء

شرم وحیا کے دس اجزا ہیں

۴۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ غَيْرِهِ بِاِسْنَادِهِ يَرْفَعُهُ اِلَى الصَّادِقِ عليه السلام اَنَّهُ قَالَ الْحَيَاءُ عَلَى عَشَرَةِ اَجْزَاءٍ تِسْعَةٌ فِي النِّسَاءِ وَ وَاحِدَةٌ فِي الرِّجَالِ فَاِذَا حَاضَتِ الْجَارِيَةُ ذَهَبَ جُزْءٌ مِنْ حَيَائِهَا فَاِذَا تَزَوَّجَتْ ذَهَبَ جُزْءٌ فَاِذَا افْتُرِعَتْ ذَهَبَ جُزْءٌ فَاِذَا وَلَدَتْ ذَهَبَ جُزْءٌ وَ بَقِيَ لَهَا خَمْسَةُ اَجْزَاءٍ فَاِنْ فَجَرَتْ ذَهَبَ حَيَاؤُهَا كُلُّهُ وَ اِنْ عَفَّتْ بَقِيَ لَهَا خَمْسَةُ اَجْزَاءٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شرم وحیا کے دس درجے ہیں۔ نو درجے عورتوں میں اور ایک حصہ مردوں میں۔ لڑکی کو جب حیض آنا شروع ہوتا ہے تو حیا کا حصہ کم ہوجاتا ہے۔ جب شادی ہوتی ہے تو ایک حصہ اور کم ہوجاتا ہے۔ جب حاملہ ہوتی ہے تو ایک حصہ حیا کا اور کم ہوجاتا ہے۔ جب ولادت ہوتی ہے تو ایک حصہ اور کم ہوجاتا ہے اور پانچ حصے حیا کے باقی رہ جاتے ہیں لیکن اگر بدکاری کی تو بالکل بے حیا ہوجاتی ہے ورنہ پانچ حصے باقی رہتے ہیں۔

يفرق بين الصبيان والنساء في المضاجع لعشر سنين

دس سال کے بچوں کو عورت سے الگ سلائیں

۴۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَيْمُونٍ الْقَدَّاحِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عليهم السلام قَالَ يُفَرَّقُ بَيْنَ الصِّبْيَانِ وَ النِّسَاءِ فِي الْمَضَاجِعِ اِذَا بَلَغُوا عَشْرَ سِنِينَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس برس کے بچے کو عورتوں کے پاس نہ لٹاؤ۔

للمرأة صبر عشرة رجال

مردوں سے دس حصہ زیادہ عورتوں میں صبر کی طاقت ہے

۴۱ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عليه السلام قَالَ اِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى جَعَلَ لِلْمَرْاَةِ صَبْرَ عَشَرَةِ رِجَالٍ فَاِذَا حَمَلَتْ زَادَهَا قُوَّةَ صَبْرِ عَشَرَةِ رِجَالٍ اُخْرَى.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مردوں سے دس حصہ زیادہ عورتوں میں صبر کی طاقت ہے۔ عام اوقات وحالات میں اور جب وہ حاملہ ہوتی ہیں تو دس حصے اور بڑھ جاتی ہے۔

۴۲ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ جَعَلَ لِلْمَرْاَةِ صَبْرَ عَشَرَةِ رِجَالٍ فَاِذَا هَاجَتْ كَانَ لَهَا قُوَّةُ عَشَرَةِ رِجَالٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عورت کو دس مردوں جتنی قوت صبر عطا کی ہے۔ پس جب وہ ہیجان میں آتی ہے تو اس کے پاس دس مردوں جتنی قوت ہوتی ہے۔

عشرة أشياء بعضها أشد من بعض

دس چیزیں آپس میں سخت تر ہیں

۴۳ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ

الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ بَيْنَمَا اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام فِي الرَّحْبَةِ وَ النَّاسُ عَلَيْهِ مُتَرَاكِمُونَ فَمِنْ بَيْنِ مُسْتَفْتٍ وَ مِنْ بَيْنِ مُسْتَعْدٍ اِذْ قَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ فَنَظَرَ اِلَيْهِ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام بِعَيْنَيْهِ هَاتَيْكَ الْعَظِيمَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ وَ عَلَيْكَ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ اَنَا رَجُلٌ مِنْ رَعِيَّتِكَ وَ اَهْلِ بِلَادِكَ قَالَ مَا اَنْتَ مِنْ رَعِيَّتِي وَ اَهْلِ بِلَادِي وَ لَوْ سَلَّمْتَ عَلَيَّ يَوْماً وَاحِداً مَا خَفِيتَ عَلَيَّ فَقَالَ الْاَمَانَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام هَلْ اَحْدَثْتَ فِي مِصْرِي هَذَا حَدَثاً مُنْذُ دَخَلْتَهُ قَالَ لَا قَالَ فَلَعَلَّكَ مِنْ رِجَالِ الْحَرْبِ قَالَ نَعَمْ قَالَ اِذَا وَضَعَتِ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا فَلَا بَأْسَ قَالَ اَنَا رَجُلٌ بَعَثَنِي اِلَيْكَ مُعَاوِيَةُ مُتَغَفِّلًا لَكَ اَسْاَلُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعَثَ فِيهِ ابْنُ الْاَصْفَرِ وَ قَالَ لَهُ اِنْ كُنْتَ اَنْتَ اَحَقَّ بِهَذَا الْاَمْرِ وَ الْخَلِيفَةَ بَعْدَ مُحَمَّدٍ فَاَجِبْنِي عَمَّا اَسْاَلُكَ فَاِنَّكَ اِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ اتَّبَعْتُكَ وَ اَبْعَثُ اِلَيْكَ بِالْجَائِزَةِ فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ جَوَابٌ وَ قَدْ اَقْلَقَهُ ذَلِكَ فَبَعَثَنِي اِلَيْكَ لِاَسْاَلَكَ عَنْهَا فَقَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام قَاتَلَ اللهُ ابْنَ آكِلَةِ الْاَكْبَادِ مَا اَظَلَّهُ وَ اَعْمَاهُ وَ مَنْ مَعَهُ وَ اللهِ لَقَدْ اَعْتَقَ جَارِيَةً فَمَا اَحْسَنَ اَنْ يَتَزَوَّجَ بِهَا حَكَمَ اللهُ بَيْنِي وَ بَيْنَ هَذِهِ الْاُمَّةِ قَطَعُوا رَحِمِي وَ اَضَاعُوا اَيَّامِي وَ دَفَعُوا حَقِّي وَ صَغَّرُوا عَظِيمَ مَنْزِلَتِي وَ اَجْمَعُوا عَلَى مُنَازَعَتِي عَلَيَّ بِالْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ وَ مُحَمَّدٍ فَاُحْضِرُوا فَقَالَ يَا شَامِيُ هَذَانِ ابْنَا رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه و آله وَ هَذَا ابْنِي فَاسْاَلْ اَيَّهُمْ اَحْبَبْتَ فَقَالَ اَسْاَلُ ذَا الْوَفْرَةِ يَعْنِي الْحَسَنَ عليه السلام وَ كَانَ صَبِيّاً فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ عليه السلام سَلْنِي عَمَّا بَدَا لَكَ فَقَالَ الشَّامِيُّ كَمْ بَيْنَ الْحَقِّ وَ الْبَاطِلِ وَ كَمْ بَيْنَ السَّمَاءِ وَ الْاَرْضِ وَ كَمْ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ وَ مَا قَوْسُ قُزَحَ وَ مَا الْعَيْنُ الَّتِي تَاْوِي اِلَيْهَا اَرْوَاحُ الْمُشْرِكِينَ وَ مَا الْعَيْنُ الَّتِي تَاْوِي اِلَيْهَا اَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِينَ وَ مَا الْمُؤَنَّثُ وَ مَا عَشَرَةُ اَشْيَاءَ بَعْضُهَا اَشَدُّ مِنْ بَعْضٍ فَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عليه السلام بَيْنَ الْحَقِّ وَ الْبَاطِلِ اَرْبَعُ اَصَابِعَ فَمَا رَاَيْتَهُ بِعَيْنِكَ فَهُوَ الْحَقُّ وَ قَدْ تَسْمَعُ بِاُذُنَيْكَ بَاطِلًا كَثِيراً قَالَ الشَّامِيُّ صَدَقْتَ قَالَ وَ بَيْنَ السَّمَاءِ وَ الْاَرْضِ دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ وَ مَدُّ الْبَصَرِ فَمَنْ قَالَ لَكَ غَيْرَ هَذَا فَكَذِّبْهُ قَالَ صَدَقْتَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه و آله قَالَ وَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ مَسِيرَةُ يَوْمٍ لِلشَّمْسِ تَنْظُرُ اِلَيْهَا حِينَ تَطْلُعُ مِنْ مَشْرِقِهَا وَ حِينَ تَغِيبُ مِنْ مَغْرِبِهَا قَالَ الشَّامِيُّ صَدَقْتَ فَمَا قَوْسُ قُزَحَ قَالَ عليه السلام وَيْحَكَ لَا تَقُلْ قَوْسُ قُزَحَ فَاِنَّ قُزَحَ اسْمُ شَيْطَانٍ وَ هُوَ قَوْسُ اللهِ وَ عَلَامَةُ الْخِصْبِ وَ اَمَانٌ لِاَهْلِ الْاَرْضِ مِنَ الْغَرَقِ وَ اَمَّا الْعَيْنُ الَّتِي تَاْوِي اِلَيْهَا اَرْوَاحُ الْمُشْرِكِينَ فَهِيَ عَيْنٌ يُقَالُ لَهَا بَرَهُوتُ وَ اَمَّا الْعَيْنُ الَّتِي تَاْوِي اِلَيْهَا اَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِينَ وَ

هِيَ عَيْنٌ يُقَالُ لَهَا سَلْمَى وَ اَمَّا الْمُؤَنَّثُ فَهُوَ الَّذِي لَا يُدْرَى اَ ذَكَرٌ هُوَ اَمْ اُنْثَى فَاِنَّهُ يُنْتَظَرُ بِهِ فَاِنْ كَانَ ذَكَراً احْتَلَمَ وَ اِنْ كَانَتْ اُنْثَى حَاضَتْ وَ بَدَا ثَدْيُهَا وَ اِلَّا قِيلَ لَهُ بُلْ عَلَى الْحَائِطِ فَاِنْ اَصَابَ بَوْلُهُ الْحَائِطَ فَهُوَ ذَكَرٌ وَ اِنِ انْتَكَصَ بَوْلُهُ كَمَا انْتَكَصَ بَوْلُ الْبَعِيرِ فَهِيَ امْرَاَةٌ وَ اَمَّا عَشَرَةُ اَشْيَاءَ بَعْضُهَا اَشَدُّ مِنْ بَعْضٍ فَاَشَدُّ شَيْءٍ خَلَقَهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ الْحَجَرُ وَ اَشَدُّ مِنَ الْحَجَرِ الْحَدِيدُ الَّذِي يُقْطَعُ بِهِ الْحَجَرُ وَ اَشَدُّ مِنَ الْحَدِيدِ النَّارُ تُذِيبُ الْحَدِيدَ وَ اَشَدُّ مِنَ النَّارِ الْمَاءُ يُطْفِئُ النَّارَ وَ اَشَدُّ مِنَ الْمَاءِ السَّحَابُ يَحْمِلُ الْمَاءَ وَ اَشَدُّ مِنَ السَّحَابِ الرِّيحُ تَحْمِلُ السَّحَابَ وَ اَشَدُّ مِنَ الرِّيحِ الْمَلَكُ الَّذِي يُرْسِلُهَا وَ اَشَدُّ مِنَ الْمَلَكِ مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي يُمِيتُ الْمَلَكَ وَ اَشَدُّ مِنْ مَلَكِ الْمَوْتِ الْمَوْتُ الَّذِي يُمِيتُ مَلَكَ الْمَوْتِ وَ اَشَدُّ مِنَ الْمَوْتِ اَمْرُ اللهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ يُمِيتُ الْمَوْتَ فَقَالَ الشَّامِيُّ اَشْهَدُ اَنَّكَ ابْنُ رَسُولِ اللهِ ﷺ حَقّاً وَ اَنَّ عَلِيّاً اَوْلَى بِالْاَمْرِ مِنْ مُعَاوِيَةَ ثُمَّ كَتَبَ هَذِهِ الْجَوَابَاتِ وَ ذَهَبَ بِهَا اِلَى مُعَاوِيَةَ فَبَعَثَهَا مُعَاوِيَةُ اِلَى ابْنِ الْاَصْفَرِ فَكَتَبَ اِلَيْهِ ابْنُ الْاَصْفَرِ يَا مُعَاوِيَةُ لِمَ تُكَلِّمُنِي بِغَيْرِ كَلَامِكَ وَ تُجِيبُنِي بِغَيْرِ جَوَابِكَ اُقْسِمُ بِالْمَسِيحِ مَا هَذَا جَوَابُكَ وَ مَا هُوَ اِلَّا مِنْ مَعْدِنِ النُّبُوَّةِ وَ مَوْضِعِ الرِّسَالَةِ وَ اَمَّا اَنْتَ فَلَوْ سَاَلْتَنِي دِرْهَماً مَا اَعْطَيْتُكَ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام رحبہ (ایک مقام کا نام) میں اپنے اصحاب کے ساتھ تشریف رکھتے تھے کہ مجمع سے ایک شخص نے اٹھ کر سلام کیا۔ آپ نے اس کو بغور ملاحظہ فرما کر جواب سلام دیا اور دریافت کیا: تم کون ہو؟

اس نے عرض کی: میں آپ کے ملک کے رہنے والوں اور رعایا میں سے ہوں۔

حضرت نے فرمایا: ایسا نہیں ہے۔ اگر اس سے پہلے کبھی تم نے سلام کیا ہوتا تو میں پہچان لیتا۔

سلام کرنے والے نے کہا: اگر امان ہو تو سچ سچ بیان کروں۔

حضرت نے فرمایا: تو نے کوئی جرم تو نہیں کیا ہے۔ اس نے عرض کی نہیں کوئی نہیں۔ فرمایا تم مخالفین میں سے ہو۔

اس نے عرض کی، ہاں۔

آپ نے فرمایا: اب تو جنگ ختم ہو چکی ہے کوئی ہرج نہیں۔

اب اس نے عرض کی مولا حقیقت یہ ہے کہ میں شام کا رہنے والا ہوں۔ معاویہ سے بادشاہ روم نے کچھ سوالات کیے ہیں اور لکھا ہے کہ اگر تو خلیفہ رسول ہے تو ان سوالات کا جواب دے۔ میں تیرا مطیع و فرمانبردار ہو جاؤں گا اور تجھ کو خراج ادا کرتا رہوں گا۔ معاویہ جواب دینے سے عاجز تھا، اس نے مجھ کو آپ کے پاس جواب حاصل کرنے کے لیے بھیجا ہے۔

حضرت نے فرمایا: خدا قتل کرے بندہ جگر خوارہ کے فرزند کو، وہ اور اس کے ساتھی کس قدر اندھے ہیں۔ اس نے

ایک کنیز کو آزاد کیا اور یہ نہ سمجھا کہ کس طرح اس کے ساتھ تزویج کرے۔ خداوند عالم میرے اس کے اور اس امت کے درمیان فیصلہ کرے۔ اس نے میری عزیز داری وقرابت کے تعلقات کو بھی ختم کر دیا۔ اوقات کو ضائع کر دیا۔ حق کو غصب کیا۔ میرے مقام بلند کو پست کر دیا۔ پھر قنبر سے فرمایا کہ حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام و محمد حنفیہ رضی اللہ عنہ کو بلا لاؤ جب یہ صاحبزادگان حاضر ہوئے تو اس شامی سے فرمایا کہ اے شامی یہ دونوں حضرت رسول کے فرزند ہیں اور محمد حنفیہ میرا فرزند ہے ان میں سے جس سے چاہو اپنے مسائل دریافت کرلو۔

شامی نے حضرت امام حسن علیہ السلام کی طرف ارشادہ کر کے کہا کہ میں ان صاحبزادے سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا جو دل چاہے سوال کر۔

شامی نے سوال کیا: (۱) حق و باطل میں کتنا فرق ہے (۲) آسمان وزمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے (۳) مشرق و مغرب کے درمیان کتنا فاصلہ ہے (۴) قوس قزح کیا چیز ہے (۵) وہ چشمہ جہاں مشرکین کی روحیں جمع ہوتی ہیں کہاں ہیں (۶) وہ چشمہ جہاں مومنین کی روحیں جمع ہوتی ہیں کہاں ہے (۷) مونث کیا ہے (۸) وہ دس چیزیں جن میں ایک دوسرے سے سخت وشدید ہے کون ہیں؟

حضرت نے فرمایا کہ حق و باطل کے درمیان چار انگلیوں کا فرق ہے جو آنکھوں سے دیکھا حق ہے اور سنا ہوا کبھی غلط بھی ہوتا ہے۔

آسمان وزمین کے درمیان دعائے مظلوم اور نظر کا فاصلہ ہے۔

مشرق ومغرب کے درمیان آفتاب کی ایک دن کی گردش کا فاصلہ ہے۔

اور قوس کو قوس قزح نہ کہو اس لیے قزح شیطان کا نام ہے اور قوس، قوس خدا ہے جو ارزانی اور اہل زمین کے لیے غرق ہونے سے امان کی علامت ہے۔

اور وہ چشمہ جہاں مشرکین کی روحیں جمع ہوتی ہیں اس کو برہوت کہتے ہیں۔

اور جہاں مومنین کی روح جمع ہوتی ہیں اس کا نام سلما ہے۔

مؤنث (جو شاید مخنث رہا ہو) وہ ہے جس کو نہ مادہ کہہ سکیں نہ نر۔ خنثیٰ اگر نر ہے تو بلوغ کے بعد اس کو احتلام ہوتا ہے اور مادہ ہے تو حیض آتا ہے اور اس کے پستان ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اگر یہ دونوں علامتیں نہ ہوں تو اس سے کہا جائے گا کہ دیوار پر پیشاب کرے اگر دھار دیوار پر پڑے تو مرد ہے ورنہ عورت۔

وہ دس چیزیں جو ایک دوسرے سخت اور شدید ہیں وہ ہے پتھر اور اس سے سخت لوہا اور لوہے سے سخت آگ ہے جو لوہے کو گلا دیتی ہے اور آگ سے زیادہ سخت ہے پانی جو اس کو بجھا دیتا ہے اور پانی سے زیادہ طاقتور وہ ابر ہے جو اس کو لے کر

اڑتا ہے اور ابر سے زیادہ طاقتور وہ ہوا ہے جس پر ابر اڑتا ہے اور ہوا سے زیادہ طاقتور وہ فرشتہ ہے جو اس کو اڑنے کا حکم دیتا ہے اور فرشتے سے زیادہ قوی ملک الموت ہے جو اس فرشتے کی روح کو قبض کرے گا اور ملک الموت سے زیادہ قوی موت ہے اور موت سے زیادہ بااختیار حکم الٰہی ہے۔

شامی نے عرض کی بیشک آپ فرزند رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور معاویہ سے زیادہ حضرت علی علیہ السلام حکومت کے سزاوار ہیں۔

اس کے بعد اس نے ان جوابات کو لکھا اور انہیں معاویہ کو بھیج دیا اور معاویہ نے یہ جوابات ابن صفراء (شاہ روم) کو روانہ کر دیئے تو ابن صفراء نے معاویہ کو خط لکھا کہ تم کسی اور کی گفتار کو اپنا کلام کیوں کہہ رہے ہو اور کسی اور جوابات کو اپنے جوابات کیوں بتا رہے ہو۔ حضرت مسیح کی قسم یہ تمہارے جوابات نہیں ہیں اور یہ تو محض معدن نبوت اور مقام رسالت ہی کے جوابات ہیں رہی بات تمہاری تو اگر تم ایک درہم کا بھی مجھ سے سوال کرتے تو میں تم کو نہ دیتا۔

۴۳ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عليه السلام اَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله قَالَ مَا خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ خَلْقاً اِلَّا وَ قَدْ اَمَرَ عَلَيْهِ آخَرَ يَغْلِبُهُ بِهِ وَ ذَلِكَ اَنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى لَمَّا خَلَقَ الْبِحَارَ فَخَرَتْ وَ زَخَرَتْ وَ قَالَتْ اَيُّ شَيْءٍ يَغْلِبُنِي فَخَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ الْفُلْكَ فَاَدَارَهَا بِهِ وَ ذَلَّلَهَا ثُمَّ اِنَّ الْاَرْضَ فَخَرَتْ وَ قَالَتْ اَيُّ شَيْءٍ يَغْلِبُنِي فَخَلَقَ اللهُ الْجِبَالَ فَاَثْبَتَهَا فِي ظَهْرِهَا اَوْتَاداً مَنَعَهَا اَنْ تَمِيدَ بِمَا عَلَيْهَا فَذَلَّتِ الْاَرْضُ وَ اسْتَقَرَّتْ ثُمَّ اِنَّ الْجِبَالَ فَخَرَتْ عَلَى الْاَرْضِ فَشَمَخَتْ وَ اسْتَطَالَتْ وَ قَالَتْ اَيُّ شَيْءٍ يَغْلِبُنِي فَخَلَقَ اللهُ الْحَدِيدَ فَقَطَعَهَا فَقَرَّتِ الْجِبَالُ وَ ذَلَّتْ ثُمَّ اِنَّ الْحَدِيدَ فَخَرَ عَلَى الْجِبَالِ وَ قَالَ اَيُّ شَيْءٍ يَغْلِبُنِي فَخَلَقَ اللهُ النَّارَ فَاَذَابَتِ الْحَدِيدَ فَذَلَّ الْحَدِيدَ ثُمَّ اِنَّ النَّارَ زَفَرَتْ وَ شَهَقَتْ وَ فَخَرَتْ وَ قَالَتْ اَيُّ شَيْءٍ يَغْلِبُنِي فَخَلَقَ اللهُ الْمَاءَ فَاَطْفَاَهَا فَذَلَّتْ ثُمَّ اِنَّ الْمَاءَ فَخَرَ وَ زَخَرَ وَ قَالَ اَيُّ شَيْءٍ يَغْلِبُنِي فَخَلَقَ اللهُ الرِّيحَ فَحَرَّكَتْ اَمْوَاجَهُ وَ اَثَارَتْ مَا فِي قَعْرِهِ وَ حَبَسَهُ عَنْ مَجَارِيهِ فَذَلَّ الْمَاءُ ثُمَّ اِنَّ الرِّيحَ فَخَرَتْ وَ عَصَفَتْ وَ اَرْخَتْ اَذْيَالَهَا وَ قَالَتْ اَيُّ شَيْءٍ يَغْلِبُنِي فَخَلَقَ الْاِنْسَانَ فَاحْتَالَ وَ اتَّخَذَ مَا يَسْتَتِرُ بِهِ مِنَ الرِّيحِ وَ غَيْرِهَا فَذَلَّتِ الرِّيحُ ثُمَّ الْاِنْسَانُ طَغَى وَ قَالَ مَنْ اَشَدُّ مِنِّي قُوَّةً فَخَلَقَ لَهُ الْمَوْتَ فَقَهَرَهُ فَذَلَّ الْاِنْسَانُ ثُمَّ اِنَّ الْمَوْتَ فَخَرَ فِي نَفْسِهِ فَقَالَ اللهُ جَلَّ جَلَالُهُ لَا تَفْخَرْ فَاِنِّي ذَابِحُكَ بَيْنَ الْفَرِيقَيْنِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ النَّارِ ثُمَّ لَا اُحْيِيكَ اَبَداً فَذَلَّ وَ خَافَ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کوئی مخلوق پیدا نہیں کی مگر یہ کہ اس پر ایک دوسری مخلوق کو خلق کیا تا کہ

اس کے ذریعے غالب آسکے اس لئے کہ جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے سمندر کو متلاطم اور موجیں مارتا پیدا کیا تو اس نے کہا کہ مجھ پر بھلا کونسی چیز غالب آسکتی ہے؟ اور انہیں اس کی پیٹھ پر کس دیا اور انہیں جھکنے سے منع کر دیا لہٰذا وہ رام ہو گیا اور وہ پہاڑ ٹھہر گئے۔ اس کے بعد پہاڑ زمین کے مقابلے میں فخر کرنے لگے اور اپنی بلندی اور اونچائی کی باتیں کرنے لگے کہنے لگے بھلا کون سی چیز ہم پر غالب آسکتی ہے؟ اللہ نے لوہے کی چادر خلق کی اور پہاڑ کے ٹکڑے کئے تو وہ ٹھہر گئے اور رام ہو گئے اور لوہا بھی ٹھہر گیا اس کے بعد لوہا پہاڑ پر فخر کرنے لگا کہ مجھ پر بھلا کون غالب آسکتا ہے تو اللہ نے آگ پیدا فرمائی اس نے لوہے کو پگھلا دیا تو لوہا رام ہو گیا اس کے بعد جب آگ روشن ہوئی اور اس کے شعلے بھڑکنے لگے تو اس نے بھی فخر کرنا شروع کیا کہ بھلا کون مجھ پر غالب آسکتا ہے تو اللہ نے پانی کو پیدا فرمایا کہ جس نے آگ کو بجھا دیا اور وہ آگ رام ہو گئی اس کے بعد پانی جب جوش مارا اور جھاگ بنانا شروع کی تو وہ فخر کرنے لگا کہ بھلا مجھ پر کون غالب آسکتا ہے تو اللہ نے ہوا کو پیدا کیا جس نے پانی کی موجوں کو حرکت دی اور وہ پانی اپنی تہ میں میں جوش مارنے لگا تو ہوا نے اس کے باہر نکلنے کے راستے بند کر دیئے اس طرح پانی قید ہو گیا تو پانی رام ہو گیا اس کے بعد ہوا فخر کرنے لگی اور وہ زور زور سے چلنے لگی اس طرح گویا اپنے پاؤں پھیلا لیے اور کہنے لگی مجھ پر بھلا کون سی شے غالب آسکتی ہے واللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا جو اس کی راہ میں رکاوٹ بن گیا اور اپنے ستر کو اس ہوا وغیرہ سے بنایا تو وہ ہوا رام ہو گئی اس کے بعد انسان سرکشی کرنے لگا اور کہنے لگا مجھ سے بھلا سخت تر کون سی شے ہو سکتا ہے تو اللہ نے موت کو خلق کیا جو انسان پر غالب آگئی اور اس طرح انسان رام ہو گیا اس کے بعد موت اپنے آپ میں فخر کرنے لگی تو اللہ جل جلالہ نے فرمایا کہ فخر مت کر میں تجھے اہل جنت اور اہل جہنم کے درمیان ذبح کر دوں گا اور اس کے بعد تجھے کبھی حیات نہیں دوں گا تو وہ بھی رام ہو گئی اور خوفزدہ ہو گئی۔

في البطيخ عشر خصال مجتمعة

تربوز میں دس فوائد جمع کر دیئے گئے ہیں

۴۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ اَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ كُلُوا الْبِطِّيخَ فَاِنَّ فِيهِ عَشْرَ خِصَالٍ مُجْتَمِعَةٍ هُوَ شَحْمَةُ الْاَرْضِ لَا دَاءَ فِيهِ وَ لَا غَائِلَةَ وَ هُوَ طَعَامٌ وَ هُوَ شَرَابٌ وَ هُوَ فَاكِهَةٌ وَ هُوَ رَيْحَانٌ وَ هُوَ اُشْنَانٌ وَ هُوَ اُدْمٌ وَ يَزِيدُ فِي الْبَاهِ وَ يَغْسِلُ الْمَثَانَةَ وَ يُدِرُّ الْبَوْلَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ تربوز میں دس فائدے ہیں: (۱) اس سے کوئی مرض پیدا نہیں ہوتا (۲) یہ کھانے کا کھانا ہے اور پانی کا پانی (۳) میوہ ہے (۴) پھول ہے (۵) آنتوں کو صاف کرتا ہے (۶) نان خورش ہے جس کے ساتھ روٹی کھائی جاسکتی ہے (۷) جماع کی طاقت بڑھتی ہے (۸) مثانہ کو صاف کرتا ہے (۹) پیشاب زیادہ آتا ہے

(۱۰) سنگ مثانہ کو گھلا دیتا ہے۔

۴۳ وَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمَذَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام مِثْلَهُ.

وَ فِي حَدِيثٍ آخَرَ وَ يُذِيبُ الْحَصَى فِي الْمَثَانَةِ.

وَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله يَأْكُلُ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ.

وَ فِي خَبَرٍ آخَرَ كَانَ عليه السلام يَأْكُلُ الْخِرْبِزَ بِالسُّكَّرِ.

وَ قَالَ الصَّادِقُ عليه السلام اَكْلُ الْبِطِّيخِ عَلَى الرِّيقِ يُورِثُ الْفَالِجَ وَ اَكْلُ التَّمْرِ الْبَرْنِيِّ عَلَى الرِّيقِ يُورِثُ الْفَالِجَ.

اسناد کے فرق کے ساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام سے بعینہ سابقہ حدیث مذکور ہے۔

ایک دوسری حدیث میں وارد ہے کہ تربوز مثانہ کی پتھری کو گلا دیتا ہے۔

یہ بھی وارد ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تربوز کو کھجور کے ساتھ کھایا کرتے تھے۔

جبکہ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ آپؐ تربوز کے ساتھ شکر کھایا کرتے تھے۔

نیز امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک روایت میں ہے کہ نہار منہ تربوز کھانے سے فالج کا سبب بنتا ہے اور اسی طرح برنی کھجور نہار منہ کھانے سے فالج ہو جاتا ہے۔

النشوة في عشرة أشياء

دس چیزیں نشاط آور ہیں

۴۴ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ رَجُلٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ النَّشْوَةُ فِي عَشَرَةِ اَشْيَاءَ الْمَشْيُ وَ الرُّكُوبُ وَ الِارْتِمَاسُ فِي الْمَاءِ وَ النَّظَرُ اِلَى الْخُضْرَةِ وَ الْاَكْلُ وَ الشُّرْبُ وَ النَّظَرُ اِلَى الْمَرْاَةِ الْحَسْنَاءِ وَ الْجِمَاعُ وَ السِّوَاكُ وَ مُحَادَثَةُ الرِّجَالِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس چیزیں نشاط آور ہیں (۱) پیدل چلنا (۲) سوار ہونا (۳) پانی میں غوطہ لگانا (۴) سبزہ کی طرف نگاہ کرنا (۵،۶) کھانا، پینا (۷) حسین و جمیل عورت کی طرف نگاہ کرنا (۸) جماع کرنا (۹) مسواک کرنا (۱۰) لوگوں سے بات چیت کرنا۔

۴۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَدَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا صُهَيْبُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عليه السلام قَالَ النَّشْوَةُ فِي عَشْرِ اَشْيَاءَ فِي الْمَشْيِ وَ الرُّكُوبِ وَ الِارْتِمَاسِ فِي الْمَاءِ وَ النَّظَرِ اِلَى الْخُضْرَةِ وَ الْاَكْلِ وَ الشُّرْبِ وَ الْجِمَاعِ وَ السِّوَاكِ وَ غَسْلِ الرَّاْسِ بِالْخِطْمِيِّ وَ النَّظَرِ اِلَى الْمَرْاَةِ الْحَسْنَاءِ وَ مُحَادَثَةِ الرِّجَالِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس چیزوں سے فرحت ہوتی ہے: (۱) راستہ چلنا (۲) سواری پر چلنا (۳) پانی میں غوطہ لگانا (۴) سبزہ پر نظر کرنا (۵) خوبصورت عورت کو دیکھنا (۶) جماع کرنا (۷) مسواک کرنا (۸) مردوں کے پاس بیٹھنا (۹) سر کو خطمی [1] سے دھونا (۱۰) کھانا پینا۔

الصلاة على عشرة أوجه

نماز کی دس اقسام ہیں

۴۹ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَعْيَنَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ فَرَضَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ الصَّلَاةَ وَ سَنَّ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلَى عَشَرَةِ اَوْجُهٍ صَلَاةِ الْحَضَرِ وَ السَّفَرِ وَ صَلَاةِ الْخَوْفِ عَلَى ثَلَاثَةِ اَوْجُهٍ وَ صَلَاةِ الْكُسُوفِ لِلشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ وَ صَلَاةِ الْعِيدَيْنِ وَ صَلَاةِ الِاسْتِسْقَاءِ وَ الصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خداوند عالم نے نماز کو فرض و واجب کیا اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دس وجوہات پر اس کا دستور دیا: (۱) نماز حضر (۲) نماز سفر (۳) نماز خوف کی تینوں قسمیں (۴) سورج گرہن (۵) چاند گرہن (۶) نماز عید فطر و نماز عید قرباں (۷) نماز استسقا (۸) نماز میت۔

في الشيعة عشر خصال

شیعوں کی دس علامات ہیں

۵۰ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى عَنْ اَبِي مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي الْمِقْدَامِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ لِي اَبُو جَعْفَرٍ عليه السلام يَا اَبَا الْمِقْدَامِ اِنَّمَا شِيعَةُ عَلِيٍّ عليه السلام الشَّاحِبُونَ النَّاحِلُونَ الذَّابِلُونَ ذَابِلَةٌ شِفَاهُهُمْ خَمِيصَةٌ

---

[1] نیلے رنگ کا ایک پھول ہے جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

بُطُونُهُمْ مُتَغَيِّرَةٌ اَلْوَانُهُمْ مُصْفَرَّةٌ وُجُوهُهُمْ اِذَا جَنَّهُمُ اللَّيْلُ اتَّخَذُوا الْاَرْضَ فِرَاشاً وَ اسْتَقْبَلُوا الْاَرْضَ بِجِبَاهِهِمْ كَثِيرٌ سُجُودُهُمْ كَثِيرَةٌ دُمُوعُهُمْ كَثِيرٌ دُعَاؤُهُمْ كَثِيرٌ بُكَاؤُهُمْ يَفْرَحُ النَّاسُ وَ هُمْ يَحْزَنُونَ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شیعیان علیؑ وہ ہیں (۱) جن کے چہرے کا رنگ کثرت ریاضت کی وجہ سے اڑ جائے (۲) دبلے پتلے (۳) ہونٹ خشک ہوں روزے کی وجہ سے (۴) ان کے پیٹ پشت سے مل گئے ہوں روزہ رکھتے رکھتے (۵) خوف الٰہی سے چہرے کا رنگ متغیر ہو (۶) چہرے زرد ہوں (۷) فرش زمین رخت خواب ہو (۸) خاک پر سجدہ کرتے ہوں (۹) بکثرت اپنے گناہوں پر رات کو روتے ہوں (۱۰) بڑی دعائیں کرتے ہوں اور سب لوگ خوش ہوں اور یہ لوگ رنجیدہ۔

لعن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في الخمر عشرة

شراب سے متعلق دس افراد پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے

۴۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْخَزَّازِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم فِي الْخَمْرِ عَشَرَةً غَارِسَهَا وَ حَارِسَهَا وَ عَاصِرَهَا وَ شَارِبَهَا وَ سَاقِيَهَا وَ حَامِلَهَا وَ الْمَحْمُولَةَ اِلَيْهِ وَ بَائِعَهَا وَ مُشْتَرِيَهَا وَ آكِلَ ثَمَنِهَا.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دس ایسے آدمیوں پر لعنت کی جن کا تعلق شراب سے ہے: (۱) اس کی کاشت کرنے والے پر (جس نے شراب بنانے کے لیے) کاشت کی ہو (۲) نگرانی کرنے والے پر (۳) شراب بنانے والے پر (۴) شراب پینے والے پر (۵) شراب انڈیلنے والے پر (۶) پلانے والے پر (۷) بیچنے والے پر (۸) خریدنے والے پر (۹) جو اس کی قیمت کھائے (۱۰) اٹھانے والے پر۔

ثواب من صام عشرة أشهر من رمضان

دس سال ماہ رمضان کے روزے رکھنے والے کا ثواب

۴۲ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْفَرَجِ الْمُؤَدِّنُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْكَرْخِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عليه السلام يَقُولُ لِرَجُلٍ فِي دَارِهِ يَا اَبَا هَارُونَ مَنْ صَامَ عَشَرَةَ اَشْهُرِ رَمَضَانَ مُتَوَالِيَاتٍ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص دس برس تک برابر ہر سال رمضان میں روزے رکھے اس پر جنت واجب ہے۔

ثواب من حج عشر حجج

جس نے دس حج کیے اس کا ثواب

۴۳ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمُعَاذِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الطَّيَالِسِيِّ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام مَنْ حَجَّ عَشْرَ حِجَجٍ لَمْ يُحَاسِبْهُ اللهُ اَبَداً.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جس نے دس حج کیے ہیں خداوند عالم اس سے حساب نہ لے گا۔

البركة عشرة أجزاء

برکت کے دس اجزا ہیں

۴۴ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ سُفْيَانَ الْجَرِيرِيِّ عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله الْبَرَكَةُ عَشَرَةُ اَجْزَاءٍ تِسْعَةُ اَعْشَارِهَا فِي التِّجَارَةِ وَ الْعُشْرُ الْبَاقِي فِي الْجُلُودِ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه يعنى بالجلود الغنم و تصديق ذلك.

مَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله: اَنَّهُ قَالَ تِسْعَةُ اَعْشَارِ الرِّزْقِ فِي التِّجَارَةِ وَ الْجُزْءُ الْبَاقِي فِي السَّابِيَاءِ يَعْنِي الْغَنَمَ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ برکت کے دس حصے ہیں نو حصے تجارت میں ہیں اور ایک حصہ بھیڑوں کی پرورش میں ہے۔

مؤلف کتاب فرماتے ہیں کہ جلود سے مراد بھیڑ بکریاں ہیں اور اس کی تصدیق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رزق کے دس حصوں میں سے نو حصے تجارت میں ہیں جب کہ باقی ایک حصہ سائب یعنی بھیڑ بکریوں میں ہے۔

۴۵ حَدَّثَنَا بِذَلِكَ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ

حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم اَنَّهُ قَالَ تِسْعَةُ اَعْشَارِ الرِّزْقِ فِي التِّجَارَةِ وَ الْجُزْءُ الْبَاقِي فِي السَّابِيَاءِ يَعْنِي الْغَنَمَ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ برکت کے دس حصے ہیں نو حصے تجارت میں ہیں اور ایک حصہ بھیڑوں کی پرورش میں ہے۔

عشر آيات بين يدي الساعة

قیامت آنے سے پہلے دس علامتیں ظاہر ہوں گی

۴۶ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَكِيمٍ الْقَاضِي قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَاكِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ حَمْزَةَ الْبُخَارِيُّ وَ عَمِّي قَالَا حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُوسَى غُنْجَارٌ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ عَنْ رَقَبَةَ وَ هُوَ ابْنُ مَصْقَلَةَ الشَّيْبَانِيُّ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَمَّنْ سَمِعَ حُذَيْفَةَ بْنَ اَسِيدٍ يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم يَقُولُ عَشْرُ آيَاتٍ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ خَمْسٌ بِالْمَشْرِقِ وَ خَمْسٌ بِالْمَغْرِبِ فَذَكَرَ الدَّابَّةَ وَ الدَّجَّالَ وَ طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ عليه السلام وَ يَأْجُوجَ وَ مَأْجُوجَ وَ اَنَّهُ يَغْلِبُهُمْ وَ يُغْرِقُهُمْ فِي الْبَحْرِ وَ لَمْ يَذْكُرْ تَمَامَ الْآيَاتِ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ قیامت آنے سے پہلے دس علامتیں ظاہر ہوں گی: (۱) دابۃ (۲) دجال (۳) آفتاب کا مغرب سے نکلنا (۴) نزول جناب عیسیٰ (۵) یاجوج و ماجوج اس کے بعد اور علامتوں کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔

بني الإسلام على عشرة أسهم

اسلام کی بنا دس چیزوں پر ہے

۴۷ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ قَالَ اَبُو جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَى عَشَرَةِ اَسْهُمٍ عَلَى شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ هِيَ الْمِلَّةُ وَ الصَّلَاةُ وَ هِيَ الْفَرِيضَةُ وَ الصَّوْمُ وَ هُوَ الْجُنَّةُ وَ الزَّكَاةُ وَ هِيَ الطُّهْرُ وَ الْحَجُّ وَ هِيَ الشَّرِيعَةُ وَ

الْجِهَادُ وَ هُوَ الْغَزْوُ وَ الْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ وَ هُوَ الْوَفَاءُ وَ النَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ هُوَ الْحُجَّةُ وَ الْجَمَاعَةُ وَ هِيَ الْاُلْفَةُ وَ الْعِصْمَةُ وَ هِيَ الطَّاعَةُ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اسلام کی بنا دس چیزوں پر ہے: (۱) اقرار وحدانیت باری جو اساس ملت اسلام ہے (۲) نماز جو فریضہ ہے (۳) روزہ جو سپر جہنم ہے (۴) زکوٰۃ جو طہارت مال کا سبب ہے (۵) حج جس سے قیام شرع ہے (۶) جہاد جو عزت اسلام ہے (۷) امر بالمعروف جو ایمان کی پائیداری ہے (۸) نہی عن المنکر جو اتمام حجت ہے (۹) نماز جماعت جو سبب الفت ہے (۱۰) عصمت جو بنائے وجوب اطاعت امام علیہ السلام ہے۔

الإیمان عشر درجات

ایمان کے دس درجات ہیں

۴۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ الرَّازِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الْخَزَّازِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْقَرَاطِيسِيِّ قَالَ قَالَ لِي اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام يَا عَبْدَ الْعَزِيزِ اِنَّ الْاِيمَانَ عَشْرُ دَرَجَاتٍ بِمَنْزِلَةِ السُّلَّمِ يُصْعَدُ مِنْهُ مِرْقَاةً بَعْدَ الْمِرْقَاةِ فَلَا تَقُولَنَّ صَاحِبُ الْوَاحِدِ لِصَاحِبِ الِاثْنَيْنِ لَسْتَ عَلَى شَيْءٍ حَتَّى يَنْتَهِيَ اِلَى الْعَاشِرَةِ وَ لَا تُسْقِطْ مَنْ هُوَ دُونَكَ فَيُسْقِطَكَ الَّذِي هُوَ فَوْقَكَ فَاِذَا رَاَيْتَ مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْكَ فَارْفَعْهُ اِلَيْكَ بِرِفْقٍ وَ لَا تَحْمِلَنَّ عَلَيْهِ مَا لَا يُطِيقُ فَتَكْسِرَهُ فَاِنَّهُ مَنْ كَسَرَ مُؤْمِناً فَعَلَيْهِ جَبْرُهُ وَ كَانَ الْمِقْدَادُ فِي الثَّامِنَةِ وَ اَبُو ذَرٍّ فِي التَّاسِعَةِ وَ سَلْمَانُ فِي الْعَاشِرَةِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے عبدالعزیز ایمان کے دس درجے ہیں گویا ایک سیڑھی ہے کہ جس پر یکے بعد دیگرے زینے طے کئے جاتے ہیں لہٰذا ایک درجہ پر فائز شخص دوسرے درجے پر فائز ہونے شخص کو یہ نہیں کہہ سکتا کہ تمہارا کوئی درجہ ہی نہیں یہاں تک کہ دس درجوں پر فائز ہو جائے نہ تم اپنے سے کم درجہ والے شخص کو نظروں سے گرا دو کہ گویا تم سے بلند درجے والا تم کو گرا دے پس اگر تم کسی ایسے شخص کو دیکھو جو تم سے نچلے درجہ پر کھڑا ہو تو نرمی کے ساتھ اپنے ساتھ اوپر لے جاؤ اور اسے ناقابل برداشت عمل کرنے کے لئے مت کہنا کہ وہ ٹوٹ جائے (یعنی دل برداشتہ ہو جائے) اور جو شخص کسی مومن کو دل برداشتہ کر دے تو اسے اس کے نقصان کی تلافی کرنی پڑے گی۔

(یاد رہے کہ) مقداد ایمان کے آٹھ درجوں پر اور ابوذر نو درجوں پر سلمان دس درجوں پر فائز تھے۔

۴۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ

مُعَاوِيَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ اَخِي يُوسُفَ بْنِ حَمَّادٍ الْخَزَّازِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْقَرَاطِيسِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام فَذَكَرْتُ لَهُ شَيْئاً مِنْ اَمْرِ الشِّيعَةِ وَ مِنْ اَقَاوِيلِهِمْ فَقَالَ يَا عَبْدَ الْعَزِيزِ الْاِيمَانُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ بِمَنْزِلَةِ السُّلَّمِ لَهُ عَشْرُ مَرَاقٍ وَ تُرْتَقَى مِنْهُ مِرْقَاةً بَعْدَ مِرْقَاةٍ فَلَا يَقُولَنَّ صَاحِبُ الْوَاحِدَةِ لِصَاحِبِ الثَّانِيَةِ لَسْتَ عَلَى شَيْءٍ وَ لَا يَقُولَنَّ صَاحِبُ الثَّانِيَةِ لِصَاحِبِ الثَّالِثَةِ لَسْتَ عَلَى شَيْءٍ حَتَّى انْتَهَى اِلَى الْعَاشِرَةِ قَالَ وَ كَانَ سَلْمَانُ فِي الْعَاشِرَةِ وَ اَبُو ذَرٍّ فِي التَّاسِعَةِ وَ الْمِقْدَادُ فِي الثَّامِنَةِ يَا عَبْدَ الْعَزِيزِ لَا تُسْقِطْ مَنْ هُوَ دُونَكَ فَيُسْقِطَكَ مَنْ هُوَ فَوْقَكَ اِذَا رَاَيْتَ الَّذِي هُوَ دُونَكَ فَقَدَرْتَ اَنْ تَرْفَعَهُ اِلَى دَرَجَتِكَ رَفْعاً رَفِيقاً فَافْعَلْ وَ لَا تَحْمِلَنَّ عَلَيْهِ مَا لَا يُطِيقُهُ فَتَكْسِرَهُ فَاِنَّهُ مَنْ كَسَرَ مُؤْمِناً فَعَلَيْهِ جَبْرُهُ لِاَنَّكَ اِذَا ذَهَبْتَ تَحْمِلُ الْفَصِيلَ حَمْلَ الْبَازِلِ فَسَخْتَهُ.

عبدالعزی قراطیسی کہتا ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے ان سے شیعوں کے حالات اور جو کچھ وہ کہتے ہیں ان کا آپ سے تذکرہ کیا تو امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے عبدالعزیز ایمان کے دس درجے ہیں جیسے ایک سیڑھی کے دس زینے ہوں کہ جنہیں یکے بعد دیگرے طے کیا جاتا ہے پس ایک درجہ پر فائز شخص دوسرے درجہ کے حامل شخص کو یہ نہیں کہہ سکتا کہ تمہارے پاس کوئی شے ہی نہیں یہاں تک کہ دسویں درجے پر فائز ہو جائے۔

اس کے بعد امام نے فرمایا: سلمانؓ دسویں درجہ پر فائز تھے، ابوذرؓ نویں اور مقداد آٹھویں درجہ پر فائز تھے۔

اے عبدالعزیز! اپنے سے نچلے درجہ پر کھڑے شخص کو مت گراؤ کہ مبادا تم سے اونچے درجے والا تم کو گرا دے نیز جب تم کسی ایسے شخص کو دیکھو جو تم سے کم مرتبہ والا ہو اور تم اسے اوپر کے درجہ پر لے جا سکتے ہو تو اسے اپنے درجہ تک بلند کرو البتہ نرمی کے ساتھ۔ اس پر ناقابل برداشت بوجھ مت ڈالنا کہ وہ ٹوٹ جائے اور جو شخص کسی مومن کو توڑ دے تو اس پر اس کے نقصان کی تلافی کرنا لازم ہے اس لئے کہ اگر تم کسی اونٹ یا گائے کے بچہ پر کہ جس سے ابھی دودھ چھڑایا گیا ہو نویں سال میں داخل اونٹ جتنا بوجھ لاد دو گے تو تم نے اسے ناکارا کر دیا۔

ثواب من أذن عشر سنين محتسبا

اس شخص کا ثواب جو دس سال تک خوشنودیٔ خدا کے لئے اذان دے

۵۰ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْكُوفِيِّ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَلَّامٍ التَّمِيمِيِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ مَنْ اَذَّنَ عَشْرَ سِنِينَ مُحْتَسِباً يَغْفِرُ اللهُ لَهُ مَدَّ بَصَرِهِ وَ مَدَّ صَوْتِهِ فِي السَّمَاءِ وَ يُصَدِّقُهُ كُلُّ رَطْبٍ وَ يَابِسٍ سَمِعَهُ وَ

لَهُ مِنْ كُلِّ مَنْ يُصَلِّي مَعَهُ فِي مَسْجِدِهِ سَهْمٌ وَ لَهُ مِنْ كُلِّ مَنْ يُصَلِّي بِصَوْتِهِ حَسَنَةٌ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو دس برس تک اذان دے صرف اور صرف رضائے حضرت باری عزاسمہ کے لیے تو جہاں تک آسمان پر اس کی نگاہ پہنچتی ہے اور آواز جاتی ہے خداوند عالم اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے اور ہر خشک وتر اس کی تصدیق کرتا ہے اور ہر نمازی کی نماز کے ثواب میں اس کا حصہ ہوتا ہے اور جتنے اشخاص اس کی اذان سن کر نماز پڑھتے ہیں ہر ایک کے عوض اس کے لیے ایک نیکی لکھی جاتی ہے۔

في السواك عشر خصال

مسواک کرنے کے دس فوائد ہیں

۵۱ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُسَيْنِ اللُّؤْلُؤِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يُوسُفَ عَنْ مُعَاذٍ الْجَوْهَرِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ جُمَيْعٍ بِاِسْنَادِهِ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ السِّوَاكُ فِيهِ عَشْرُ خِصَالٍ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ يُضَاعِفُ الْحَسَنَاتِ سَبْعِينَ ضِعْفاً وَ هُوَ مِنَ السُّنَّةِ وَ يُذْهِبُ الْحَفَرَ وَ يُبَيِّضُ الْاَسْنَانَ وَ يَشُدُّ اللِّثَةَ وَ يَقْطَعُ الْبَلْغَمَ وَ يَذْهَبُ بِغِشَاوَةِ الْبَصَرِ وَ يُشَهِّي الطَّعَامَ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسواک کرنے سے (۱) منہ صاف ہوتا ہے (۲) خدا خوش ہوتا ہے (۳) نیکیاں بڑھ جاتی ہیں ستر درجہ (۴) مسواک کرنا سنت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے (۵) دانتوں کا رنگ صاف ہوتا ہے (۶) اور چمکدار ہوجاتے ہیں (۷) دانت مضبوط ہوجاتے ہیں (۸) بلغم چھٹ جاتا ہے (۹) آنکھوں کا پردہ ہٹ جاتا ہے (۱۰) بھوک بڑھتی ہے۔

آيات الساعة عشر

قیامت کی دس نشانیاں ہیں

۵۲ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ الْوَرَّاقُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْفَرَجِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ بَيَانٍ الْمُقْرِءُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ حَدَّثَنَا فُرَاتٌ الْقَزَّازُ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ كُنَّا جُلُوساً فِي الْمَدِينَةِ فِي ظِلِّ حَائِطٍ قَالَ وَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي غُرْفَةٍ فَاطَّلَعَ عَلَيْنَا فَقَالَ فِيمَ اَنْتُمْ فَقُلْنَا نَتَحَدَّثُ قَالَ عَمَّ ذَا قُلْنَا عَنِ السَّاعَةِ فَقَالَ اِنَّكُمْ لَا تَرَوْنَ السَّاعَةَ حَتَّى

تَرَوْنَ قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَ الدَّجَّالَ وَ دَابَّةَ الْأَرْضِ وَ ثَلَاثَةَ خُسُوفٍ فِي الْأَرْضِ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَ خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ وَ خَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَ خُرُوجَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عليه السلام وَ خُرُوجَ يَأْجُوجَ وَ مَأْجُوجَ وَ تَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ مِنْ قَعْرِ الْأَرْضِ لَا تَدَعُ خَلْفَهَا أَحَداً تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ كُلَّمَا قَامُوا قَامَتْ لَهُمْ تَسُوقُهُمْ إِلَى الْمَحْشَرِ.

حزیہ ابن اسید غفاری کہتے ہیں کہ ہم لوگ مدینہ میں ایک دیوار کے سایہ تلے بیٹھے ہوئے تھے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجرہ میں تشریف فرما تھے آپؐ نے ہماری طرف جھانکا اور پوچھا: کیا ہو رہا ہے؟

ہم نے عرض کی: بات چیت کر رہے ہیں۔

آپؐ نے پوچھا: کس چیز کے متعلق بات چیت ہو رہی ہے؟

ہم نے عرض کی: قیامت کے بارے میں۔

آپؐ نے فرمایا: تم لوگ قیامت اس وقت تک نہیں دیکھو گے جب تک اس سے پہلے دس نشانیاں نہ دیکھ لو۔

(۱) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا (۲) دجال (۳) دابۃ الارض (۴، ۵، ۶) تین مقامات سے زمین کا دھنس جانا ایک مشرق سے، ایک مغرب سے ایک جزیرہ عرب میں (۷) خروجِ عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام (۸) یاجوج و ماجوج کا نکلنا۔ (۹) آخر زمانے میں زمین کے نیچے سے آگ کا بھڑکنا لوگ اس کے خوف سے بھاگتے جائیں گے اور آگ ان کے پیچھے پیچھے ہوگی جب لوگ ٹھہریں گے تو وہ بھی ان کے سر پر ٹھہر جائے گی یہاں تک کہ ان کو محشر میں پہنچا دے گی۔ یہ ہیں قیامت کی نشانیاں۔

كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يطوف بالليل والنهار عشرة أسباع

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دن رات میں خانہ کعبہ کے دس دس طواف کرتے تھے

۵۳ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْزِيَارَ عَنْ أَخِيهِ عَلِيٍّ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ وَ الْقَاسِمِ عَنِ الْكَاهِلِيِّ عَنْ أَبِي الْفَرَجِ قَالَ سَأَلَ أَبَانٌ أَبَا عَبْدِ اللهِ عليه السلام أَ كَانَ لِرَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله طَوَافٌ يُعْرَفُ بِهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ يَطُوفُ بِاللَّيْلِ وَ النَّهَارِ عَشَرَةَ أَسْبَاعٍ ثَلَاثَةً أَوَّلَ النَّهَارِ وَ ثَلَاثَةً آخِرَ اللَّيْلِ وَ اثْنَيْنِ إِذَا أَصْبَحَ وَ اثْنَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ وَ كَانَ فِيمَا بَيْنَ ذَلِكَ رَاحَتُهُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ آیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادات میں طواف کرنا شامل تھا؟

آپؑ نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دن رات میں دس مرتبہ طواف کیا کرتے تھے۔ تین مرتبہ دن کے پہلے حصہ میں، تین مرتبہ رات کے آخری حصہ میں، دو مرتبہ جب صبح ہوتی تھی اور دو مرتبہ ظہر کے بعد۔ البتہ ان کے درمیان کے وقت آپؐ استراحت فرمایا کرتے تھے۔

فيمن واقع امرأة في يوم من شهر رمضان عشر مرات

اس شخص کے متعلق جو ماہ رمضان میں دن کے وقت عورت کے ساتھ دس مرتبہ ہمبستری کرے

۵۴ حَدَّثَنَا اَبُو طَالِبِ الْمُظَفَّرُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْمُظَفَّرِ الْعَلَوِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ اَبِيهِ اَبِي النَّضْرِ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْعُودِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَيَّاشٍ الْعَيَّاشِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُجَاعٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْفَتْحِ بْنِ يَزِيدَ الْجُرْجَانِيِّ اَنَّهُ كَتَبَ اِلَى اَبِي الْحَسَنِ عليه السلام سَاَلَهُ عَنْ رَجُلٍ وَاقَعَ امْرَاَةً فِي شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ حِلٍّ اَوْ حَرَامٍ عَشْرَ مَرَّاتٍ قَالَ عَلَيْهِ عَشْرُ كَفَّارَاتٍ لِكُلِّ مَرَّةٍ كَفَّارَةٌ قَالَ فَاِنْ اَكَلَ اَوْ شَرِبَ فَكَفَّارَةُ يَوْمٍ وَاحِدٍ.

فتح بن یزید نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے سوال کیا کہ کسی نے ماہ رمضان میں ایک عورت سے حلال یا حرام دس بار جماع کیا اس کے لیے کیا حکم ہے۔ فرمایا دس بار جماع کیا ہے تو دس کفارے دے۔ لیکن اگر ایک دن میں دس بار کھائے یا پیئے تو ایک ہی کفارہ دینا ہوگا۔

عشر كلمات عظات

دس نصیحت آموز کلمات

۵۵ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ جَاءَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ بِاَبِي اَنْتَ وَ اُمِّي عِظْنِي مَوْعِظَةً فَقَالَ عليه السلام اِنْ كَانَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى قَدْ تَكَفَّلَ بِالرِّزْقِ فَاهْتِمَامُكَ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَ الرِّزْقُ مَقْسُوماً فَالْحِرْصُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَ الْحِسَابُ حَقّاً فَالْجَمْعُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَ الْخَلَفُ مِنَ اللهِ حَقّاً فَالْبُخْلُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَتِ الْعُقُوبَةُ مِنَ النَّارِ فَالْمَعْصِيَةُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَ الْمَوْتُ حَقّاً فَالْفَرَحُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَ الْعَرْضُ عَلَى اللهِ حَقّاً فَالْمَكْرُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَ الْمَمَرُّ عَلَى الصِّرَاطِ حَقّاً فَالْعُجْبُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَ كُلُّ شَيْءٍ بِقَضَاءٍ وَ قَدَرٍ فَالْحُزْنُ لِمَا ذَا وَ اِنْ كَانَتِ

الدُّنْيَا فَانِيَةٌ فَالطُّمَأْنِينَةُ إِلَيْهَا لِمَا ذَا.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک شخص نے عرض کی مجھے کچھ نصیحت فرمایئے۔ حضرت فرمایا: (۱) اگر یقین ہے کہ خدا روزی رسان ہے تو روزی کی فکر کیوں ہو اس لیے کہ وہ تقسیم ہو چکی ہے (۲) اگر مانتے ہو کہ حساب حق ہے تو مال کیوں جمع کرو (۳) اگر معلوم ہے کہ موت یقینی ہے تو خوشی کا کیا محل (۴) اگر جانتے ہو کہ بندوں کے اعمال سے خدا واقف ہے تو مکاری کیوں کرو (۵) اگر سمجھتے ہو کہ پل صراط پر گزرنا لازمی ہے تو غرور و خود بینی کے کیا معنی (۶) اگر جانتے ہو کہ ہر امر قضا و قدر و حکم الٰہی سے ہوتا ہے تو غم کس بات کا (۷) اگر معلوم ہے کہ دنیا فانی ہے تو اس پر بھروسہ کیوں ہے۔

كفر بالله العظيم من هذه الأمة عشرة

اس امت کے دس افراد خدائے بزرگ کے منکر ہیں

۵۶ حَدَّثَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الشَّاهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حَامِدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَالِدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِيمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله أَنَّهُ قَالَ فِي وَصِيَّتِهِ لَهُ يَا عَلِيُّ كَفَرَ بِاللهِ الْعَظِيمِ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ عَشَرَةٌ الْقَتَّاتُ وَ السَّاحِرُ وَ الدَّيُّوثُ وَ نَاكِحُ امْرَأَةٍ حَرَاماً فِي دُبُرِهَا وَ نَاكِحُ الْبَهِيمَةِ وَ مَنْ نَكَحَ ذَاتَ مَحْرَمٍ مِنْهُ وَ السَّاعِي فِي الْفِتْنَةِ وَ بَائِعُ السِّلَاحِ مِنْ أَهْلِ الْحَرْبِ وَ مَانِعُ الزَّكَاةِ وَ مَنْ وَجَدَ سَعَةً فَمَاتَ وَ لَمْ يَحُجَّ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا کہ اس امت کے دس افراد خدائے عظیم کے منکر ہیں (۱) جو آدم کش ہے (۲) جادوگر ہے (۳) دیوث ہے (۴) حرام طریقہ سے عورت سے غیر فطری کام کرتا ہے (۵) جو جانور سے جماع کرتا ہے (۶) جو اپنے محرم سے جماع کرتا ہے (۷) جو فتنہ برپا کرتا ہے (۸) جو مسلمانوں سے جنگ کے لیے کافروں کو اسلحہ دیتا ہے (۹) جو زکوٰۃ نہیں دیتا (۱۰) جو مالدار بغیر حج کیے مر جائے۔

الأزلام التي كان أهل الجاهلية يستقسمون بها عشرة

دور جاہلیت کے لوگوں کے جوئے تیر دس تھے

۵۷ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمْدَانِيُّ وَ الْحُسَيْنِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ هِشَامِ بْنِ الْمُؤَدِّبِ وَ عَلِيِّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْوَرَّاقِ وَ حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ

الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالُوا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ سَنَةَ سَبْعٍ وَ ثَلَاثِمِائَةٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِي أَحْمَدَ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْأَزْدِيِّ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ جَمِيعاً عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ الْأَحْمَرِ عَنْ أَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَاقِرِ عليه السلام أَنَّهُ قَالَ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَ جَلَ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَ الدَّمُ وَ لَحْمُ الْخِنْزِيرِ الْآيَةَ قَالَ الْمَيْتَةُ وَ الدَّمُ وَ لَحْمُ الْخِنْزِيرِ مَعْرُوفٌ وَ مَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ يَعْنِي مَا ذُبِحَ لِلْأَصْنَامِ وَ أَمَّا الْمُنْخَنِقَةُ فَإِنَّ الْمَجُوسَ كَانُوا لَا يَأْكُلُونَ الذَّبَائِحَ وَ يَأْكُلُونَ الْمَيْتَةَ وَ كَانُوا يَخْنُقُونَ الْبَقَرَ وَ الْغَنَمَ فَإِذَا اخْتُنِقَتْ وَ مَاتَتْ أَكَلُوهَا وَ الْمُتَرَدِّيَةُ كَانُوا يَشُدُّونَ أَعْيُنَهَا وَ يُلْقُونَهَا مِنَ السَّطْحِ فَإِذَا مَاتَتْ أَكَلُوهَا وَ النَّطِيحَةُ كَانُوا يُنَاطِحُونَ بِالْكِبَاشِ فَإِذَا مَاتَتْ أَحَدُهَا أَكَلُوهَا وَ مَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ فَكَانُوا يَأْكُلُونَ مَا يَقْتُلُهُ الذِّئْبُ وَ الْأَسَدُ فَحَرَّمَ اللَّهُ ذَلِكَ وَ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ كَانُوا يَذْبَحُونَ لِبُيُوتِ النِّيرَانِ وَ قُرَيْشٌ كَانُوا يَعْبُدُونَ الشَّجَرَ وَ الصَّخْرَ فَيَذْبَحُونَ لَهُمَا وَ أَنْ تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْلَامِ ذلِكُمْ فِسْقٌ قَالَ كَانُوا يَعْمِدُونَ إِلَى الْجَزُورِ فَيُجَزِّؤُونَهُ عَشَرَةَ أَجْزَاءٍ ثُمَّ يَجْتَمِعُونَ عَلَيْهِ فَيُخْرِجُونَ السِّهَامَ وَ يَدْفَعُونَهَا إِلَى رَجُلٍ وَ السِّهَامُ عَشَرَةٌ سَبْعَةٌ لَهَا أَنْصِبَاءُ وَ ثَلَاثَةٌ لَا أَنْصِبَاءَ لَهَا فَالَّتِي لَهَا أَنْصِبَاءُ الْفَذُّ وَ التَّوْأَمُ وَ الْمُسْبِلُ وَ النَّافِسُ وَ الْحِلْسُ وَ الرَّقِيبُ وَ الْمُعَلَّى وَ الْفَذُّ لَهُ سَهْمٌ وَ التَّوْأَمُ لَهُ سَهْمَانِ وَ الْمُسْبِلُ لَهُ ثَلَاثَةُ أَسْهُمٍ وَ النَّافِسُ لَهُ أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ وَ الْحِلْسُ لَهُ خَمْسَةُ أَسْهُمٍ وَ الرَّقِيبُ لَهُ سِتَّةُ أَسْهُمٍ وَ الْمُعَلَّى لَهُ سَبْعَةُ أَسْهُمٍ وَ الَّتِي لَا أَنْصِبَاءَ لَهَا السَّفِيحُ وَ الْمَنِيحُ وَ الْوَغْدُ وَ ثَمَنُ الْجَزُورِ عَلَى مَنْ لَا يُخْرِجُ لَهُ مِنَ الْأَنْصِبَاءِ شَيْءٌ وَ هُوَ الْقِمَارُ فَحَرَّمَهُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَ.

آیت "حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ" (حرام کیا گیا ہے تم پر (لوگو) مرا ہوا جانور اور خون اور سُور کا گوشت) [1] کی تفسیر میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ما اہل لغیر اللہ سے مراد وہ جانور ہیں جو بتوں کے لیے قربان کیے جاتے تھے اور منخنقہ سے مراد وہ جانور ہیں جن کی گردن دبا دی جائے اور مر جائیں اس لیے کہ مجوسی ذبح کیا ہوا جانور نہیں کھاتے تھے۔ گائے اور گوسفند کی گردن دبا کر مار دیا کرتے تھے جب وہ مر جاتا تھا تو کھاتے تھے۔ کبھی جانور کی آنکھ پر پٹی باندھ کر بلند سے گرا دیتے تھے اور مر جاتا تھا تو کھاتے تھے۔ کبھی جانوروں کو لڑاتے تھے جب ان میں ایک مر جاتا تھا تو کھاتے تھے۔ یا جس جانور کو شیر مار ڈالتا تھا اس کو کھاتے تھے۔ خداوند عالم نے ان کو حرام قرار دیا۔ یا اپنے آتشکدوں کی قربانی کیے ہوئے جانور کھاتے تھے۔ قریش ہی اسلام سے پہلے درختوں اور پتھروں کی پرستش کیا کرتے

---

[1] سورۂ مائدہ آیت ۳

تھےاوران کے لیےقربانی کرتے تھےاور کھاتے تھے۔اوران تستمعوا بالازلام سےاس طرح اشارہ ہے کہ قریش نحر کیے ہوئے اونٹ کے دس حصے کر کے دس تیروں سے قرعہ ڈالتے تھےاورایک ایک تیرایک ایک آدمی کو دیدیتے تھے۔ان میں سات تیروں میں سے جس کے ہاتھ میں کوئی تیر ہوتا تھا وہ حصہ پاتا تھااور جن کے پاس بقیہ تین تیر ہوتے تھے وہ محروم رہتے تھے،جن تیروں کے لیے حصے مقرر تھےان کے نام یہ ہیں:(۱)فذ(۲)توام(۳)مسیل(۴)نافس(۵)حلیس(۶)رقیب (۷)معلّٰی۔جس کے پاس فذ ہوتا اس کوایک حصہ،توام والے کو دو حصے،مسیل والے کوتین حصے،نافس والے کو چار،حلبس والے کو پانچ،رقیب والے کو چھ اور معلّٰی والے کوسات حصے دیئے جاتے تھےاورجن تیروں پر حصہ نہیں ملتا تھاان کے نام یہ ہیں:سمیع ومسیح اور دغد۔اور قیمت بھی اونٹ کی ان لوگوں کو دینا پڑتی تھی جومحروم ہوجاتے تھے۔حضرت احدیت نے ان کوقمار یعنی جواقرار دیا ہے۔

ما فرض علی کل مسلم أن یقوله کل یوم قبل طلوع الشمس عشر مرات و قبل غروبها عشر مرات

وہ دعا جسے اللہ نے ہر مسلمان پر فرض کیا ہے کہ وہ اسے طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے قبل دس مرتبہ پڑھے

۵۸ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ عليه السلام عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَ قَبْلَ غُرُوبِهَا فَقَالَ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ اَنْ يَقُولَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ عَشْرَ مَرَّاتٍ وَ قَبْلَ غُرُوبِهَا عَشْرَ مَرَّاتٍ لا اِلهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَ يُمِيتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ قَالَ فَقُلْتُ لا اِلهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَ يُمِيتُ وَ يُمِيتُ وَ يُحْيِي فَقَالَ يَا هَذَا لَا شَكَّ فِي اَنَّ اللهَ يُحْيِي وَ يُمِيتُ وَ يُمِيتُ وَ يُحْيِي وَ لَكِنْ قُلْ كَمَا اَقُولُ

آیہ "وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا" (اورآفتاب نکلنے کے قبل اوراس کے غروب ہونے کے قبل اپنے پروردگار کی حمد وثنا کے ساتھ تسبیح کیا کرو)[1] کی تفسیر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہر مسلمان مرد وزن پر فرض ہے کہ قبل طلوع آفتاب اور قبل غروب آفتاب دس دس بار اس طرح تسبیح الٰہی کرے:

---

[1] سورۂ طٰہٰ آیت ۱۳۰

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَ يُمِيتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.

راوی کہتا ہے کہ میں کہا: "لا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَ يُمِيتُ وَ يُمِيتُ وَ يُحْيِي"

امامؑ نے فرمایا: اے شخص! اس میں کوئی شک نہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ زندہ کرے گا اور مارے گا اور مارے اور زندہ کرے گا لیکن تم اس طرح کہو کہ جیسا میں کہتا ہوں۔

بنو عبد المطلب عشرة و العباس

بنو عبد المطلب دس افراد تھے اور عباس

۵۹ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمْدَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ الْأَحْمَرِ قَالَ سَمِعْتُ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عليه السلام قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيَّ يَقُولُ سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه و آله عَنْ وُلْدِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ عَشَرَةٌ وَ الْعَبَّاسُ.

قال مصنف هذا الكتاب رضي الله عنه و هم عبد الله و أبو طالب و الزبير و حمزة و الحارث و هو أسنهم و الغيداق و المقوم و حجل و عبد العزى و هو أبو لهب و ضرار و العباس و من الناس من يقول إن المقوم هو حجل. و لعبد المطلب عشرة أسماء تعرفه بها العرب و ملوك القياصرة و ملوك العجم و ملوك الحبشة فمن أسمائه عامر و شيبة الحمد و سيد البطحاء و ساقي الحجيج و ساقي المغيث و غيث الورى في العام الجدب و أبو السادة العشرة و عبد المطلب و حافر زمزم و ليس ذلك لمن تقدمه.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے آبائے طاہرین کے سلسلے سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نے فرمایا ہے کہ اولاد جناب عبد المطلب میں دس فرزند اور جناب عباس تھے۔

مؤلف کتاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اور وہ ہیں (۱) عبد اللہ (۲) ابو طالب (۳) زبیر (۴) حمزہ (۵) حارث (جو سب سے بڑے تھے) (۶) غبداق (۷) مقوم (۸) حجل (۹) عبد العزی یعنی ابولہب (۱۰) ضرار۔ نیا کچھ لوگ کہتے ہیں کہ مقوم و حجل ایک ہی شخص کے دو نام ہیں اور خود حضرت عبد المطلب کے دس نام تھے جو عرب معروف تھے اور ان ناموں سے روم، عجم

اور حبشہ کے بادشاہ بھی واقف تھے اور وہ دس نام یہ ہیں: (۱) عامر (۲) شیبۃ الحمد (۳) سید البطحا (۴) ساقی حجاج (۵) ساقی مغیث (۶) غیث الوریٰ فی عام الجدب (۷) ابوالسادۃ العشرہ (۸) عبدالمطلب (۹) حافر زمزم۔ ایک نام مذکور نہیں ہے۔

مزید برآں یہ کہ حضرت عبدالمطلب سے پہلے کسی اور شخص کو یہ خصوصیت حاصل نہ تھی۔

باب۔ ۱۱

أسماء الكواكب الأحد عشر التي رآها يوسف عليه السلام في المنام له ساجدين مع الشمس والقمر

ان گیارہ ستاروں کے نام جنہیں حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب میں سورج اور چاند کے ساتھ سجدہ کرتے دیکھا تھا

① حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ زِيَادٍ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ اِسْمَاعِيلَ السُّدِّيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِ فِي قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ حِكَايَةً عَنْ يُوسُفَ اِنِّي رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَباً وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِي سَاجِدِينَ فَقَالَ فِي تَسْمِيَةِ النُّجُومِ وَ هُوَ الطَّارِقُ وَ جربانُ وَ الذَّيَّالُ وَ ذُو الْكَنَفَانِ وَ ذُو الْقَرْعِ وَ قَابِسُ وَ وَثَّابٌ وَ عَمُودَانُ وَ فَيْلَقُ وَ مُصْبِحٌ وَ الضَّرُوحُ وَ الضِّيَاءُ وَ النُّورُ يَعْنِي الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ كُلُّ هَذِهِ الْكَوَاكِبِ مُحِيطَةٌ بِالسَّمَاءِ.

جابر بن عبداللہ انصاری سے اللہ تعالیٰ کے قول "اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ" (میں نے گیارہ ستاروں اور سورج چاند کو (خواب میں) دیکھا ہے میں نے دیکھا ہے کہ یہ سب مجھے سجدہ کر رہے ہیں) [1] جسے یوسف کی زبانی بیان کیا گیا ہے اس کے بارے میں مروی ہے۔ انہوں نے بتلایا کہ ستاروں کے نام یہ تھے: طارق، جربان، ذیال، ذوالکفنان، ذوالقرع، قابس، وثاب، عمودان، فیلق، مصبح، ضروح، ضیاء اور نور یعنی سورج اور چاند اور یہ تمام ستارے آسمان کا احاطہ کیے ہوئے ہیں۔

② حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ حَامِدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ

---

[1] سورۂ یوسف آیت ۴

عَرَفَةَ يَعْنِي الْحَسَنَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ ﷺ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ يُقَالُ لَهُ بُسْتَانٌ الْيَهُودِيُّ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَخْبِرْنِي عَنِ الْكَوَاكِبِ الَّتِي رَآهَا يُوسُفُ عليه السلام أَنَّهَا سَاجِدَةٌ مَا أَسْمَاؤُهَا فَلَمْ يُجِبْهُ نَبِيُّ اللهِ ﷺ يَوْمَئِذٍ فِي شَيْءٍ وَ نَزَلَ جَبْرَئِيلُ عليه السلام بَعْدُ فَأَخْبَرَ النَّبِيَّ ﷺ بِأَسْمَائِهَا قَالَ فَبَعَثَ نَبِيُّ اللهِ ﷺ إِلَى بُسْتَانٍ فَلَمَّا أَنْ جَاءَهُ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ هَلْ أَنْتَ تُسْلِمُ إِنْ أَخْبَرْتُكَ بِأَسْمَائِهَا قَالَ فَقَالَ لَهُ نَعَمْ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ جربانُ وَ الطَّارِقُ وَ الذَّيَّالُ وَ ذُو الْكَنَفَانِ وَ قَابِسٌ وَ وَثَّابٌ وَ عَمُودَانُ وَ الْفَيْلَقُ وَ الْمُصْبِحُ وَ الضَّرُوحُ وَ ذُو الْقَرْعِ وَ الضِّيَاءُ وَ النُّورُ رَآهَا فِي أُفُقِ السَّمَاءِ سَاجِدَةً لَهُ فَلَمَّا قَصَّهَا يُوسُفُ عليه السلام عَلَى يَعْقُوبَ عليه السلام قَالَ يَعْقُوبُ هَذَا أَمْرٌ مُتَشَتِّتٌ يَجْمَعُهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بَعْدُ قَالَ فَقَالَ بُسْتَانٌ وَ اللهِ إِنَّ هَذِهِ لَأَسْمَاؤُهَا.

جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں کہ ایک یہودی بستان نام حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی ان ستاروں کے نا کیا تھے جن کو حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تھا۔ حضرت نے اس روز تو کوئی جواب نہ دیا۔ دوسرے دن اپنے اس کو بلوا کر فرمایا: اگر میں ان ستاروں کے نام تجھ کو بتادوں تو، تو مسلمان ہوجائے گا۔ اس نے عرض کی: ضرور۔ آپ نے فرمایا: ان کے نام: (۱) جربان (۲) طارق (۳) ذبال (۴) ذوالکنفان (۵) قابس (۶) وثاب (۷) عمووان (۸) فیلق (۹) مصبح (۱۰) ضروح (۱۱) ذوالقرع (۱۲) صیا (۱۳) نور۔ جنہیں آسمانوں کے کنارے یوسف کے سامنے سجدہ ریز دیکھا تھا جب یوسف نے یہ قصہ یعقوب کو سنایا تو انہوں نے فرمایا: یہ امر پراگندہ ہے اس کے بعد اللہ اسے یکجا کردے گا تو بستان نے کہا: بخدا یہی ان ستاروں کے نام ہیں۔

أسماء زمزم أحد عشر

زمزم کے گیارہ نام ہیں

③ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ عَنْ أَيْمَنَ بْنِ مُحْرِزٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ أَسْمَاءُ زَمْزَمَ رَكْضَةُ جَبْرَئِيلَ وَ حَفِيرَةُ إِسْمَاعِيلَ وَ حَفِيرَةُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَ زَمْزَمُ وَ بَرَّةُ وَ الْمَضْمُونَةُ وَ الرِّوَاءُ وَ شُبْعَةُ وَ طَعَامٌ وَ مُطْعَمٌ وَ شِفَاءُ سُقْمٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ چاہ زمزم کے گیارہ نام ہیں: (۱) رکضۂ جبریل (۳) حفیرۂ اسماعیل (۴) حفیرۂ عبدالمطلب (۴) زمزم (۵) برہ (۶) مضمونہ (۷) رواء (۸) شبعہ (۹) طعام (۱۰) مطعم (۱۱) شفاء مرض۔

باب۔ ۱۲

باب الواحد إلى اثني عشر

پہلے باب سے بارہویں تک

① حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ یَحْیَی بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُو عَبْدِ اللهِ الرَّازِیُّ عَنْ اَبِی الْحَسَنِ عِیسَی بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمُحَمَّدِیِّ مِنْ وُلْدِ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِیَّةِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ اَتَی قَوْمٌ مِنَ الْیَهُودِ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَ هُوَ یَوْمَئِذٍ وَالٍ عَلَی النَّاسِ فَقَالُوا اَنْتَ وَالِی هَذَا الْاَمْرِ بَعْدَ نَبِیِّکُمْ وَ قَدْ اَتَیْنَاکَ نَسْاَلُکَ عَنْ اَشْیَاءَ اِنْ اَنْتَ اَخْبَرْتَنَا بِهَا آمَنَّا وَ صَدَّقْنَا وَ اتَّبَعْنَاکَ فَقَالَ عُمَرُ سَلُوا عَمَّا بَدَا لَکُمْ قَالُوا اَخْبِرْنَا عَنْ اَقْفَالِ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَ مَفَاتِیحِهَا وَ اَخْبِرْنَا عَنْ قَبْرٍ سَارَ بِصَاحِبِهِ وَ اَخْبِرْنَا عَمَّنْ اَنْذَرَ قَوْمَهُ لَیْسَ مِنَ الْجِنِّ وَ لَا مِنَ الْاِنْسِ وَ اَخْبِرْنَا عَنْ مَوْضِعٍ طَلَعَتْ فِیهِ الشَّمْسُ وَ لَمْ تَعُدْ اِلَیْهِ وَ اَخْبِرْنَا عَنْ خَمْسَةٍ لَمْ یُخْلَقُوا فِی الْاَرْحَامِ عَنْ وَاحِدٍ وَ اثْنَیْنِ وَ ثَلَاثَةٍ وَ اَرْبَعَةٍ وَ خَمْسَةٍ وَ سِتَّةٍ وَ سَبْعَةٍ وَ عَنْ ثَمَانِیَةٍ وَ تِسْعَةٍ وَ عَشَرَةٍ وَ حَادِیَ عَشَرَ وَ ثَانِیَ عَشَرَ قَالَ فَاَطْرَقَ عُمَرُ سَاعَةً ثُمَّ فَتَحَ عَیْنَیْهِ ثُمَّ قَالَ سَاَلْتُمْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَمَّا لَیْسَ لَهُ بِهِ عِلْمٌ وَ لَکِنَّ ابْنَ عَمِّ رَسُولِ اللهِ ﷺ یُخْبِرُکُمْ بِمَا سَاَلْتُمُونِی عَنْهُ فَاَرْسَلَ اِلَیْهِ فَدَعَاهُ فَلَمَّا اَتَاهُ قَالَ لَهُ یَا اَبَا الْحَسَنِ اِنَّ مَعَاشِرَ الْیَهُودِ سَاَلُونِی عَنْ اَشْیَاءَ لَمْ اُجِبْهُمْ فِیهَا بِشَیْءٍ وَ قَدْ ضَمِنُوا لِی اِنْ اَخْبَرْتُهُمْ اَنْ یُؤْمِنُوا بِالنَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ لَهُمْ عَلِیٌّ یَا مَعْشَرَ الْیَهُودِ اَعْرِضُوا عَلَیَّ مَسَائِلَکُمْ فَقَالُوا لَهُ مِثْلَ مَا قَالُوا لِعُمَرَ فَقَالَ لَهُمْ عَلِیٌّ اَ تُرِیدُونَ اَنْ تَسْاَلُوا عَنْ شَیْءٍ سِوَی هَذَا قَالُوا لَا یَا اَبَا شَبَّرَ وَ شَبِیرٍ فَقَالَ لَهُ عَلِیٌّ اَمَّا اَقْفَالُ السَّمَاوَاتِ فَالشِّرْکُ بِاللهِ وَ مَفَاتِیحُهَا قَوْلُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اَمَّا الْقَبْرُ الَّذِی سَارَ بِصَاحِبِهِ فَالْحُوتُ سَارَ بِیُونُسَ فِی بَطْنِهِ الْبِحَارَ السَّبْعَةَ وَ اَمَّا الَّذِی اَنْذَرَ قَوْمَهُ لَیْسَ مِنَ الْجِنِّ وَ لَا مِنَ الْاِنْسِ فَتِلْکَ نَمْلَةُ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوُدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَمَّا الْمَوْضِعُ الَّذِی طَلَعَتْ فِیهِ الشَّمْسُ فَلَمْ تَعُدْ اِلَیْهِ فَذَاکَ الْبَحْرُ الَّذِی اَنْجَی اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِیهِ مُوسَی عَلَیْهِ السَّلَامُ وَ غَرَّقَ فِیهِ فِرْعَوْنَ وَ اَصْحَابَهُ وَ اَمَّا الْخَمْسَةُ الَّذِینَ لَمْ یُخْلَقُوا فِی الْاَرْحَامِ فَاٰدَمُ وَ حَوَّاءُ وَ

عَصَا مُوسَى وَ نَاقَةُ صَالِحٍ وَ كَبْشُ اِبْرَاهِيمَ عليه السلام وَ اَمَّا الْوَاحِدُ فَاللهُ الْوَاحِدُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَ اَمَّا الِاثْنَانِ فَاٰدَمُ وَ حَوَّاءُ وَ اَمَّا الثَّلَاثَةُ فَجَبْرَئِيلُ وَ مِيكَائِيلُ وَ اِسْرَافِيلُ وَ اَمَّا الْاَرْبَعَةُ فَالتَّوْرَاةُ وَ الْاِنْجِيلُ وَ الزَّبُورُ وَ الْفُرْقَانُ وَ اَمَّا الْخَمْسُ فَخَمْسُ صَلَوَاتٍ مَفْرُوضَاتٍ عَلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وَ اَمَّا السِّتَّةُ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ وَ لَقَدْ خَلَقْنَا السَّماواتِ وَ الْاَرْضَ وَ ما بَيْنَهُما فِي سِتَّةِ اَيَّامٍ وَ اَمَّا السَّبْعَةُ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ وَ بَنَيْنا فَوْقَكُمْ سَبْعاً شِداداً وَ اَمَّا الثَّمَانِيَةُ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ وَ يَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمانِيَةٌ وَ اَمَّا التِّسْعَةُ فَالْآيَاتُ الْمُنْزَلَاتُ عَلَى مُوسَى بْنِ عِمْرَانَ عليه السلام وَ اَمَّا الْعَشَرَةُ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ وَ واعَدْنا مُوسى ثَلاثِينَ لَيْلَةً وَ اَتْمَمْناها بِعَشْرٍ وَ اَمَّا الْحَادِيَ عَشَرَ فَقَوْلُ يُوسُفَ لِاَبِيهِ اِنِّي رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَباً وَ اَمَّا الِاثْنَا عَشَرَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ لِمُوسَى عليه السلام اضْرِبْ بِعَصاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتا عَشْرَةَ عَيْناً قَالَ فَاَقْبَلَ الْيَهُودُ يَقُولُونَ نَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ اَنَّكَ ابْنُ عَمِّ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله ثُمَّ اَقْبَلُوا عَلَى عُمَرَ فَقَالُوا نَشْهَدُ اَنَّ هَذَا اَخُو رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ اللهِ اِنَّهُ اَحَقُّ بِهَذَا الْمَقَامِ مِنْكَ وَ اَسْلَمَ مَنْ كَانَ مَعَهُمْ وَ حَسُنَ اِسْلَامُهُمْ.

طاؤس کہتے ہیں کہ حضرت عمر ابن خطاب کے پاس ایک یہودی وفد آیا جبکہ ان دنوں لوگ ان کی ولایت کے قائل تھے اس وفد نے آ کر کہا تم نبی کے بعد امت کے والی ہو لہٰذا ہم آئے ہیں تا کہ تم سے چند سوالات پوچھیں اگر تم نے صحیح جواب دیئے تو ہم اسلام لے آئیں گے اور تمہاری تصدیق کرتے ہوئے تمہارے پیروکار ہو جائیں گے۔ حضرت عمر نے کہا جو چاہو سوال کرو۔ انہوں نے کہا کہ آسمانوں کے قفل اور ان کی کنجیاں کیا ہیں اور وہ قبر کون سی ہے جو اپنے صاحب کو لے کر پھرتی رہی اور وہ کون ہے جس نے اپنی قوم کو ڈرایا مگر نہ وہ جنوں میں سے تھا نہ انسانوں میں سے اور وہ کون سا مقام ہے جہاں صرف ایک بار آفتاب چمکا اور وہ پانچ چیزیں کون ہیں جو اپنی ماں سے نہیں پیدا ہوئیں اور ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس، گیارہ اور بارہ کیا ہیں؟

راوی کہتا ہے کہ یہ سن کر حضرت عمر نے اپنے سر کو جھکا لیا کہنے لگے، مجھے تو معلوم نہیں لیکن حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچازاد بھائی حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام تم کو بتا سکیں گے۔ انہوں نے حضرت علی کو بلوایا۔

جب امیر المومنین علیہ السلام تشریف لائے تو حضرت عمر نے کہا اے ابوالحسنؑ! قوم یہود نے مجھ سے کچھ سوالات کیے ہیں مگر میں ان کی کسی بات کا جواب نہیں دے سکا مجھے انہوں نے ضمانت دی ہے کہ اگر میں ان کو آگاہ کر دوں تو یہ لوگ نبیؐ پر ایمان لے آئیں گے تو حضرت علی علیہ السلام نے یہودیوں سے ان کے سوالات پوچھے اور فرمایا اس کے سوا اور کوئی سوال بھی ہے۔

انہوں نے عرض کی: نہیں۔

آپ نے فرمایا: شرک باللہ آسمانوں کا قفل ہے اور اس کی کنجی ہے کلمہ لا الہ الا اللہ اور وہ قبر جو اپنے صاحب کو لے کر گردش کرتی رہی وہ ہے وہ مچھلی جس نے حضرت یونس کو اپنے پیٹ میں لے کر ساتوں سمندروں کی سیر کی اور اپنی قوم کو ڈرانے والا جو نہ انسان ہے نہ جن وہ چیونٹی تھی جس نے اپنی قوم کو لشکر حضرت سلیمان علیہ السلام سے ڈرایا تھا اور وہ مقام جہاں صرف ایک بار آفتاب چمکا وہ سمندر ہے جس سے خداوند عالم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کو نجات دی تھی اور وہ پانچ چیزیں یا مخلوق جو بطن مادر سے نہیں پیدا ہوئے وہ حضرت آدم و حوا علیہما السلام، عصائے حضرت موسیٰ علیہ السلام، ناقۂ حضرت صالح علیہ السلام، گوسفند حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور ایک ذات الٰہی ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ دو حضرت آدم و حوا علیہما السلام ہیں، تین جبرئیل و میکائیل و اسرافیل علیہم السلام ہیں، چار توریت، زبور، انجیل اور قرآن ہے۔ پانچ نماز پنجگانہ ہیں، چھ وہ ایام ہیں جس میں زمین و آسمان پیدا کیے گئے (مولا نے دلیل کے لئے آیت "وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ" اور ہم ہی نے یقیناً سارے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے بیچ میں ہے چھ دن میں پیدا کیے)[1]۔ سات سے مراد قول باری "وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا" (اور تمہارے اُوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے)[2] ہے، آٹھ سے اشارہ ہے اس آیت کی طرف "وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ" (اور تمہارے پروردگار کے عرش کو اس دن آٹھ فرشتے اپنے سروں پر اٹھائے ہوں گے)[3]، نو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات ہیں، دس سے اس قول باری تعالیٰ کی طرف اشارہ ہے "وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ" (اور ہم نے موسیٰؑ سے (توریت دینے کے لیے) تیس راتوں کا وعدہ کیا اور ہم نے اس میں دس روز (بڑھا کر) پورا کر دیا)[4]، گیارہ سے اشارہ ہے قول حضرت یوسف علیہ السلام کی طرف "اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا" (میں نے گیارہ ستاروں کو دیکھا)[5]۔ بارہ سے مراد اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے "اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ" (اپنی لاٹھی پتھر پر مارو (لاٹھی مارتے ہی) اس میں بارہ چشمے پھوٹ نکلے)[6]۔

راوی کہتا ہے کہ یہودیوں نے کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور ہم یہ بھی گواہی دیتے ہیں کہ آپ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچازاد بھائی ہیں۔

اس کے بعد یہودیوں نے حضرت عمر کی طرف رخ کیا اور کہنے لگے: ہم گواہی دیتے ہیں کہ یہ (حضرت علی علیہ السلام)

---

[1] سورۂ ق آیت ۳۸
[2] سورۂ نبا آیت ۱۲
[3] سورۂ حاقہ آیت ۱۷
[4] سورۂ اعراف آیت ۱۴۲
[5] سورۂ یوسف آیت ۴
[6] سورۂ بقرہ آیت ۶۰

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی ہیں اور اس مقام کے تم سے زیادہ حقدار ہیں اس طرح ان کے ۷۲ مراہیوں نے بھی اسلام قبول کیا اور ان کا یہ اسلام لانا خلوص کے ساتھ تھا۔

شر الأولين والآخرين اثنا عشر

اولین وآخرین میں سے بدترین افراد بارہ ہیں

② حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَاشِمِيُّ الْكُوفِيُّ بِالْكُوفَةِ قَالَ حَدَّثَنَا فُرَاتُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ فُرَاتٍ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ وَ عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْجُنَيْدِ قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ عَنِ الصَّخْرِ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ عَنْ حَيَّانَ بْنِ الْحَارِثِ الْأَزْدِيِّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ جَمِيلٍ الضَّبِّيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ ضَمْرَةَ الرُّؤَاسِيِ قَالَ لَمَّا سِيرَ أَبُو ذَرٍّ رَحِمَهُ اللهُ اجْتَمَعَ هُوَ وَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام وَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ وَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ وَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ رَحِمَهُ اللهُ حَدِّثُوا حَدِيثاً نَذْكُرُ بِهِ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ نَشْهَدُ لَهُ وَ نَدْعُو لَهُ وَ نُصَدِّقُهُ بِالتَّوْحِيدِ فَقَالَ عَلِيٌّ عليه السلام مَا هَذَا زَمَانَ حَدِيثٍ قَالُوا صَدَقْتَ فَقَالَ حَدِّثْنَا يَا حُذَيْفَةُ فَقَالَ لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي سَأَلْتُ الْمُعْضِلَاتِ وَ خُبِّرْتُهُنَّ لَمْ أُسْأَلْ عَنْ غَيْرِهَا قَالَ حَدِّثْنَا يَا ابْنَ مَسْعُودٍ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي قَرَأْتُ الْقُرْآنَ لَمْ أُسْأَلْ عَنْ غَيْرِهِ وَ لَكِنْ أَنْتُمْ أَصْحَابُ الْأَحَادِيثِ قَالُوا صَدَقْتَ قَالَ حَدِّثْنَا يَا مِقْدَادُ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي إِنَّمَا كُنْتُ صَاحِبَ السَّيْفِ لَا أُسْأَلُ عَنْ غَيْرِهِ وَ لَكِنْ أَنْتُمْ أَصْحَابُ الْأَحَادِيثِ قَالُوا صَدَقْتَ فَقَالَ حَدِّثْنَا يَا عَمَّارُ قَالَ قَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي رَجُلٌ نَسِيٌّ إِلَّا أَنْ أُذَكَّرَ فَأَذْكُرَ فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ رَحِمَهُ اللهُ عَلَيْهِ أَنَا أُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ قَدْ سَمِعْتُمُوهُ وَ مَنْ سَمِعَهُ مِنْكُمْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله أَلَسْتُمْ تَشْهَدُونَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَ أَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ وَ أَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا وَ أَنَّ اللهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ وَ أَنَّ الْبَعْثَ حَقٌّ وَ أَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَ النَّارَ حَقٌّ قَالُوا نَشْهَدُ قَالَ وَ أَنَا مَعَكُمْ مِنَ الشَّاهِدِينَ ثُمَّ قَالَ أَلَسْتُمْ تَشْهَدُونَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قَالَ شَرُّ الْأَوَّلِينَ وَ الْآخِرِينَ اثْنَا عَشَرَ سِتَّةٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَ سِتَّةٌ مِنَ الْآخِرِينَ ثُمَّ سَمَّى السِّتَّةَ مِنَ الْأَوَّلِينَ ابْنَ آدَمَ الَّذِي قَتَلَ أَخَاهُ وَ فِرْعَوْنَ وَ هَامَانَ وَ قَارُونَ وَ السَّامِرِيَّ وَ الدَّجَّالَ اسْمُهُ فِي الْأَوَّلِينَ وَ يَخْرُجُ فِي الْآخِرِينَ وَ أَمَّا السِّتَّةُ مِنَ الْآخِرِينَ فَالْعِجْلُ وَ هُوَ نَعْثَلٌ وَ فِرْعَوْنُ وَ هُوَ مُعَاوِيَةُ وَ هَامَانُ هَذِهِ الْأُمَّةِ وَ هُوَ زِيَادٌ وَ قَارُونُهَا وَ هُوَ سَعِيدٌ وَ السَّامِرِيُّ وَ هُوَ أَبُو مُوسَى عَبْدُ اللهِ بْنُ

قَيْسٍ لِاَنَّهُ قَالَ كَمَا قَالَ سَامِرِيُّ قَوْمِ مُوسَى لا مِساسَ اَیْ لَا قِتَالَ وَ الْاَبْتَرُ وَ هُوَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ اَ فَتَشْهَدُونَ عَلَى ذَلِكَ قَالُوا نَعَمْ قَالَ وَ اَنَا عَلَى ذَلِكَ مِنَ الشَّاهِدِينَ ثُمَّ قَالَ اَلَسْتُمْ تَشْهَدُونَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ اِنَّ اُمَّتِي تَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ عَلَى خَمْسِ رَايَاتٍ اَوَّلُهَا رَايَةُ الْعِجْلِ فَاَقُومُ فَاَخُذُ بِيَدِهِ فَاِذَا اَخَذْتُ بِيَدِهِ اسْوَدَّ وَجْهُهُ وَ رَجَفَتْ قَدَمَاهُ وَ خَفَقَتْ اَحْشَاؤُهُ وَ مَنْ فَعَلَ فِعْلَهُ يَتْبَعُهُ فَاَقُولُ بِمَا ذَا خَلَّفْتُمُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ مِنْ بَعْدِي فَيَقُولُونَ كَذَّبْنَا الْاَكْبَرَ وَ مَزَّقْنَاهُ وَ اضْطَهَدْنَا الْاَصْغَرَ وَ اَخَذْنَا حَقَّهُ فَاَقُولُ اسْلُكُوا ذَاتَ الشِّمَالِ فَيَنْصَرِفُونَ ظِمَاءً مُظْمَئِينَ قِدِ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ لَا يَطْعَمُونَ مِنْهُ قَطْرَةً ثُمَّ تَرِدُ عَلَيَّ رَايَةُ فِرْعَوْنِ اُمَّتِي وَ هُمْ اَكْثَرُ النَّاسِ وَ مِنْهُمُ الْمُبَهْرَجُونَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ وَ مَا الْمُبَهْرَجُونَ بَهْرَجُوا الطَّرِيقَ قَالَ ﷺ لَا وَ لَكِنْ بَهْرَجُوا دِينَهُمْ وَ هُمُ الَّذِينَ يَغْضَبُونَ لِلدُّنْيَا وَ لَهَا يَرْضَوْنَ فَاَقُومُ فَاَخُذُ بِيَدِ صَاحِبِهِمْ فَاِذَا اَخَذْتُ بِيَدِهِ اسْوَدَّ وَجْهُهُ وَ رَجَفَتْ قَدَمَاهُ وَ خَفَقَتْ اَحْشَاؤُهُ وَ مَنْ فَعَلَ فِعْلَهُ يَتْبَعُهُ فَاَقُولُ بِمَا خَلَّفْتُمُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ بَعْدِي فَيَقُولُونَ كَذَّبْنَا الْاَكْبَرَ وَ مَزَّقْنَاهُ وَ قَاتَلْنَا الْاَصْغَرَ فَقَتَلْنَاهُ فَاَقُولُ اسْلُكُوا سَبِيلَ اَصْحَابِكُمْ فَيَنْصَرِفُونَ ظِمَاءً مُظْمَئِينَ مُسْوَدَّةً وُجُوهُهُمْ لَا يَطْعَمُونَ مِنْهُ قَطْرَةً قَالَ ثُمَّ تَرِدُ عَلَيَّ رَايَةُ هَامَانِ اُمَّتِي فَاَقُومُ فَاَخُذُ بِيَدِهِ فَاِذَا اَخَذْتُ بِيَدِهِ اسْوَدَّ وَجْهُهُ وَ رَجَفَتْ قَدَمَاهُ وَ خَفَقَتْ اَحْشَاؤُهُ وَ مَنْ فَعَلَ فِعْلَهُ يَتْبَعُهُ فَاَقُولُ بِمَا ذَا خَلَّفْتُمُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ بَعْدِي فَيَقُولُونَ كَذَّبْنَا الْاَكْبَرَ وَ مَزَّقْنَاهُ وَ خَذَلْنَا الْاَصْغَرَ وَ عَصَيْنَاهُ فَاَقُولُ اسْلُكُوا سَبِيلَ اَصْحَابِكُمْ فَيَنْصَرِفُونَ ظِمَاءً مُظْمَئِينَ مُسْوَدَّةً وُجُوهُهُمْ لَا يَطْعَمُونَ مِنْهُ قَطْرَةً ثُمَّ تَرِدُ عَلَيَّ رَايَةُ عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ وَ هُوَ اِمَامُ خَمْسِينَ اَلْفاً [اَلْفاً] مِنْ اُمَّتِي فَاَقُومُ فَاَخُذُ بِيَدِهِ فَاِذَا اَخَذْتُ بِيَدِهِ اسْوَدَّ وَجْهُهُ وَ رَجَفَتْ قَدَمَاهُ وَ خَفَقَتْ اَحْشَاؤُهُ وَ مَنْ فَعَلَ فِعْلَهُ يَتْبَعُهُ فَاَقُولُ بِمَا خَلَّفْتُمُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ بَعْدِي فَيَقُولُونَ كَذَّبْنَا الْاَكْبَرَ وَ عَصَيْنَاهُ وَ خَذَلْنَا الْاَصْغَرَ وَ عَدَلْنَا عَنْهُ فَاَقُولُ اسْلُكُوا سَبِيلَ اَصْحَابِكُمْ فَيَنْصَرِفُونَ ظِمَاءً مُظْمَئِينَ مُسْوَدَّةً وُجُوهُهُمْ لَا يَطْعَمُونَ مِنْهُ قَطْرَةً ثُمَّ تَرِدُ عَلَيَّ الْمُخْدَجُ بِرَايَتِهِ فَاَخُذُ بِيَدِهِ فَاِذَا اَخَذْتُ بِيَدِهِ اسْوَدَّ وَجْهُهُ وَ رَجَفَتْ قَدَمَاهُ وَ خَفَقَتْ اَحْشَاؤُهُ وَ مَنْ فَعَلَ فِعْلَهُ يَتْبَعُهُ فَاَقُولُ بِمَا خَلَّفْتُمُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ بَعْدِي فَيَقُولُونَ كَذَّبْنَا الْاَكْبَرَ وَ عَصَيْنَاهُ وَ قَاتَلْنَا الْاَصْغَرَ وَ قَتَلْنَاهُ فَاَقُولُ اسْلُكُوا سَبِيلَ اَصْحَابِكُمْ فَيَنْصَرِفُونَ ظِمَاءً مُظْمَئِينَ مُسْوَدَّةً وُجُوهُهُمْ لَا يَطْعَمُونَ مِنْهُ قَطْرَةً ثُمَّ تَرِدُ عَلَيَّ رَايَةُ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِينَ وَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِينَ فَاَقُومُ فَاَخُذُ بِيَدِهِ فَاِذَا اَخَذْتُ بِيَدِهِ ابْيَضَّ وَجْهُهُ وَ وُجُوهُ اَصْحَابِهِ

فَأَقُولُ بِمَا خَلَّفْتُمُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ مِنْ بَعْدِي قَالَ فَيَقُولُونَ اتَّبَعْنَا الْأَكْبَرَ وَ صَدَّقْنَاهُ وَ وَازَرْنَا الْأَصْغَرَ وَ نَصَرْنَاهُ وَ قَاتَلْنَا مَعَهُ فَأَقُولُ رِدُوا رِوَاءً مَرْوِيِّينَ فَيَشْرَبُونَ شَرْبَةً لَا يَظْمَئُونَ بَعْدَهَا أَبَداً وَجْهُ إِمَامِهِمْ كَالشَّمْسِ الطَّالِعَةِ وَ وُجُوهُ أَصْحَابِهِ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَ كَأَضْوَاءِ نَجْمٍ فِي السَّمَاءِ ثُمَّ قَالَ أَلَسْتُمْ تَشْهَدُونَ عَلَى ذَلِكَ قَالُوا نَعَمْ قَالَ وَ أَنَا عَلَى ذَلِكَ مِنَ الشَّاهِدِينَ قَالَ يَحْيَى وَ قَالَ عَبَّادٌ اشْهَدُوا عَلَيَّ بِهَذَا عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا بِهَذَا وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ اشْهَدُوا عَلَيَّ بِهَذَا عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ حَصِيرَةَ حَدَّثَنِي بِهَذَا وَ قَالَ الْحَارِثُ اشْهَدُوا عَلَيَّ بِهَذَا عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّ صَخْرَ بْنَ الْحَكَمِ حَدَّثَنِي بِهَذَا وَ قَالَ صَخْرُ بْنُ الْحَكَمِ اشْهَدُوا عَلَيَّ هَذَا عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّ حَيَّانَ حَدَّثَنِي بِهَذَا وَ قَالَ حَيَّانُ اشْهَدُوا عَلَيَّ بِهَذَا عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّ الرَّبِيعَ بْنَ جَمِيلٍ حَدَّثَنِي بِهَذَا وَ قَالَ الرَّبِيعُ اشْهَدُوا عَلَيَّ بِهَذَا عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّ مَالِكَ بْنَ ضَمْرَةَ حَدَّثَنِي بِهَذَا وَ قَالَ مَالِكُ بْنُ ضَمْرَةَ اشْهَدُوا عَلَيَّ بِهَذَا عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّ أَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ حَدَّثَنِي بِهَذَا وَ قَالَ أَبُو ذَرٍّ مِثْلَ ذَلِكَ وَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ حَدَّثَنِي بِهِ جَبْرَئِيلُ عَنِ اللهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى.

مالک ابن ضمرہ رواسی سے منقول ہے کہ جب حضرت ابوذرؓ کو شہر بدر کیا گیا تھا تو وہ حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام، مقداد ابن اسودؓ، عمار ابن یاسرؓ، حذیفہ ابن یمانؓ، عبداللہ ابن مسعودؓ، یکجا ہوئے تو حضرت ابوذر نے کہا: مجھے آپ حضرات کوئی حدیث بیان کریں کہ جو ہمیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد دلائے اور ہم ان کے لئے گواہی دیں، دعائے خیر کریں اور توحید خدا کے ذریعے ان کی تصدیق کریں۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: یہ میری حدیث کا زمانہ نہیں ہے۔ سب نے کہا: آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں۔

جناب ابوذرؓ نے کہا: اے حذیفہؓ! ہمیں حدیث بیان کرو۔

انہوں نے کہا: آپ حضرات جانتے ہیں میں نے ہمیشہ مشکل امور کے متعلق سوالات کئے ہیں، ان ہی کو آزمایا ہے اور ان کے علاوہ میں نے کسی اور چیز کے متعلق کبھی نہیں پوچھا۔

سب نے کہا: درست کہا تم نے۔

جناب ابوذرؓ نے کہا: اے ابن مسعودؓ تم ہمیں حدیث بیان کرو۔

انہوں نے جواب دیا: میں نے ہمیشہ قرآن پڑھا اور اس کے علاوہ کسی اور چیز کے متعلق سوال نہیں کیا مگر آپ حضرات تو اصحاب احادیث ہیں۔

سب نے کہا: درست کہا تم نے۔

جناب ابوذرؓ نے کہا: اے مقدادؓ تم ہمیں حدیث بیان کرو۔

انہوں نے جواب دیا کہ آپ حضرات جانتے ہیں کہ میں ایک جنگجو ہوں اور اس کے علاوہ کسی چیز کے متعلق سوال نہیں کرتا مگر آپ حضرات تو اصحاب احادیث ہیں۔

سب نے کہا: درست کہا تم نے۔

جناب ابوذرؓ نے کہا: اے عمارؓ تم ہمیں کوئی حدیث بیان کرو۔

انہوں نے جواب دیا: میں تو آجکل چیزیں بھول جاتا ہوں یاد آ گیا تو یاد آ گیا۔

حضرت ابوذرؓ نے کہا: میں آپ لوگوں کو ایک حدیث بیان کرتا ہوں کہ جو آپ حضرات نے خود رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہوگی اور بہت سے لوگوں نے آپ حضرات سے سنی ہوگی۔

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ آیا تم الوہیت و وحدانیت الٰہی اور میری نبوت اور قیامت کے برحق ہونے بہشت اور دوزخ کی گواہی نہیں دیتے ہو۔

سب نے عرض کی بیشک ہم سب اس کے گواہ ہیں اور اقرار کرتے ہیں۔

حضرت فرمایا: تم سب کے ساتھ میں بھی گواہ ہوں۔

پھر فرمایا: کیا تم اس کے قائل نہیں کہ بدترین اولین بارہ آدمی ہیں۔ چھ آدمی پہلی امتوں کے اور چھ اس امت کے۔ اس کے بعد سابق میں جو لوگ بدترین خلائق ہیں ان کے نام لیے: قابیل، فرعون، ہامان، قارون، سامری اور دجال جو ہے تو اگلی امت سے لیکن ظاہر ہوگا آخر زمانے میں۔ اور چھ آدمی اس امت کے ان میں ایک لانبی ڈاڑھی والا نعثل، معاویہ، زیاد، سعد، ابوموسیٰ اشعری اور عمرو بن عاص۔ کیا تم اس کے گواہ ہو۔

سب نے کہا: بے شک۔

فرمایا: میں بھی گواہی دیتا ہوں۔

جناب ابوذر نے پھر فرمایا کہ کیا تم گواہ نہیں ہو۔ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت میں پانچ گروہ اپنے اپنے سرداروں کے ساتھ علم لیے ہوئے حوض کوثر پر میرے پاس آئیں گے۔

(۱) پہلا پرچم ایک بڑی ڈاڑھی والے روباہ صفت کا ہوگا۔ میں اٹھ کر علم اس کے ہاتھ سے لے لوں گا۔ اس وقت اس کا اور اس کے ساتھیوں کے چہرے کا رنگ سیاہ ہو جائے گا۔ پاؤں کانپنے لگیں گے۔ دل دھڑکنے لگے گا میں سوال کروں گا کہ میرے بعد ثقلین یعنی کتاب الٰہی اور میرے اہلبیت کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ وہ کہیں گے کہ قرآن کو جھٹلایا اور اہلبیت کا حق غضب کیا۔ میں کہوں گا کہ بائیں طرف چلے جاؤ وہ پیاسے اور روسیاہ بائیں جانب چلے جائیں گے اور حوض کوثر سے ایک قطرہ

بھی ان کو پینے کو نہ ملے گا۔

(۲) اس کے بعد میری امت کے فرعون کا علم آئے گا جس کے ساتھ بہت سے لوگ ہوں گے۔ اس میں ایسے اشخاص ہوں گے۔ جو دین سے پھر گئے تھے دنیا حاصل ہوتی تھی تو خوش ہوتے تھے اور دنیا نہیں ملتی تھی تو برہم ہو جاتے ہیں۔ میں اٹھ کر علم ان کے ہاتھ سے لے لوں گا، ان کا چہرہ سیاہ ہو جائے گا، پاؤں تھرانے لگیں گے، دل کانپنے لگے گا۔ میں سوال کروں گا، میرے بعد ثقلین کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ وہ کہیں گے کہ قرآن کو باطل قرار دیا اور اہلبیت سے ہم نے جنگ کی اور ان کو قتل کیا۔ میں کہوں گا کہ تم بھی انہیں کے ساتھ بائیں طرف چلے جاؤ۔ وہ بھی پیاسے باروے سیاہ چلے جائیں گے۔

(۳) اس کے بعد میرے پاس میری امت کے ہامان یعنی زیاد کا پرچم وارد ہوگا پس میں کھڑا ہو کر اس کے ہاتھ کو پکڑوں گا تو جیسے ہی میں اس کے ہاتھ کو پکڑوں گا تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جائے گا، پاؤں تھرانے لگیں گے، دل کانپنے لگے گا۔ اور جنہوں نے اس کی مانند کردار ادا کیا ہوگا وہ اس کے پیچھے ہوں گے لہٰذا میں کہوں گا: میرے بعد ثقلین کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ وہ کہیں گے کہ قرآن کو باطل قرار دیا اور اہلبیت سے ہم نے جنگ کی اور ان کو قتل کیا۔ میں کہوں گا کہ تم بھی انہیں کے ساتھ بائیں طرف چلے جاؤ۔ وہ بھی پیاسے باروے سیاہ چلے جائیں گے۔

(۴) اس کے بعد میرے پاس عبداللہ بن قیس کا پرچم وارد ہوگا جو میری امت کے پچاس ہزار افراد کا امام ہوگا پس میں کھڑا ہو کر اس کے ہاتھ کو پکڑوں گا تو جیسے ہی میں اس کے ہاتھ کو پکڑوں گا تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جائے گا، پاؤں تھرانے لگیں گے، دل کانپنے لگے گا۔ اور جنہوں نے اس کی مانند کردار ادا کیا ہوگا وہ اس کے پیچھے ہوں گے لہٰذا میں کہوں گا: میرے بعد ثقلین کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ وہ کہیں گے کہ قرآن کو باطل قرار دیا اور اہلبیت سے ہم نے جنگ کی اور ان کو قتل کیا۔ میں کہوں گا کہ تم بھی انہیں کے ساتھ بائیں طرف چلے جاؤ۔ وہ بھی پیاسے باروے سیاہ چلے جائیں گے۔

(۵) اس کے بعد میرے پاس مخدج اپنے پرچم کے ساتھ وارد ہوگا پس میں کھڑا ہو کر اس کے ہاتھ کو پکڑوں گا تو جیسے ہی میں اس کے ہاتھ کو پکڑوں گا تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جائے گا، پاؤں تھرانے لگیں گے، دل کانپنے لگے گا۔ اور جنہوں نے اس کی مانند کردار ادا کیا ہوگا وہ اس کے پیچھے ہوں گے لہٰذا میں کہوں گا: میرے بعد ثقلین کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ وہ کہیں گے کہ قرآن کو باطل قرار دیا اور اہلبیت سے ہم نے جنگ کی اور ان کو قتل کیا۔ میں کہوں گا کہ تم بھی انہیں کے ساتھ بائیں طرف چلے جاؤ۔ وہ بھی پیاسے باروے سیاہ چلے جائیں گے۔

(۶) اس کے بعد میرے پاس امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کا علم وارد ہوگا پس میں اٹھ کر ان کے ہاتھ سے علم لوں گا اس کا اور اس کے ساتھیوں کا چہرہ نورانی ہو جائے گا اور پھر میں سوال کروں گا کہ تم نے ثقلین کے ساتھ کیا کیا؟ وہ کہیں گے ہم نے ثقل اکبر (قرآن) کی تصدیق کی اور ثقل اصغر (اہل بیت علیہم السلام) کی پیروی کی اور ان کی مدد و نصرت کی، ان کے

ساتھ مل کر ان کے دشمنوں سے جہاد کیا۔ میں کہوں گا کہ تم سیر ہو کر آب کوثر پیو۔ وہ لوگ جام کوثر پینے کے بعد پھر کبھی پیاسے نہ ہوں گے، علی کا چہرہ آفتاب اور ان کے شیعوں کے چہرے مثل ماہ شب چہاردہم روشن ہوں گے۔

اس کے بعد جناب ابوذرؓ نے فرمایا: کیا تم لوگ اس بات کی گواہی نہیں دو گے؟

لوگوں نے کہا: جی ہاں دیں گے۔

حضرت ابوذرؓ نے کہا: میں بھی تم سب لوگوں کے ساتھ گواہ ہوں۔

معرفة زوال الشمس في كل شهر من الشهور الاثني عشر الرومية

بارہ رومی مہینوں میں زوال شمس کا طریقہ

۴ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِیسَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ یَحْیَی بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِیُّ قَالَ حَدَّثَنِی الْحَسَنُ بْنُ مُوسَی الْخَشَّابُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اِسْحَاقَ التَّمِیمِیِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ اَخِی الضَّیْرِیِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ علیہ السلام یَقُولُ تَزُولُ الشَّمْسُ فِی النِّصْفِ مِنْ حَزِیرَانَ عَلَی نِصْفِ قَدَمٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ تَمُّوزَ عَلَی قَدَمٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ آبَ عَلَی قَدَمَیْنِ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ اَیْلُولَ عَلَی ثَلَاثَةٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ تِشْرِینَ الْاَوَّلِ عَلَی خَمْسَةٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ تِشْرِینَ الْآخِرِ عَلَی سَبْعَةٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ کَانُونَ الْاَوَّلِ عَلَی تِسْعَةٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ کَانُونَ الْآخِرِ عَلَی سَبْعَةٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ شُبَاطَ عَلَی خَمْسَةِ اَقْدَامٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ آذَارَ عَلَی ثَلَاثَةٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ نَیْسَانَ عَلَی قَدَمَیْنِ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ اَیَّارَ عَلَی قَدَمٍ وَ نِصْفٍ وَ فِی النِّصْفِ مِنْ حَزِیرَانَ عَلَی نِصْفِ قَدَمٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ زوال آفتاب واول وقت حزیران میں جب سایہ شاخص بقدر نیم قدم ہو جائے اور تموز میں ڈیڑھ قدم اور نصف ایلول ساڑھے تین قدم اور تشرین اول میں ساڑھے پانچ قدم اور نیمہ تشرین آخر میں ساڑھے سات قدم اور نیمہ شباط میں ساڑھے پانچ قدم اور نیمۂ آذار میں ساڑھے تین قدم اور نیمہ نیسان میں ڈھائی قدم اور نیمہ ایار میں ڈیڑھ قدم اور نیمہ حزیران میں نصف قدم ہو جائے تو اول وقت ظہر ہوتا ہے۔

الذين أنكروا على أبي بكر جلوسه في الخلافة وتقدمه على علي بن أبي طالب عليه السلام اثنا عشر

جن لوگوں نے ابوبکر کے خلافت پر بیٹھنے اور اسکے حضرت علی علیہ السلام پر مقدم ہونے سے

انکار کیا تھا ان کی تعداد بارہ تھی

④ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ جَدِّهِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي النَّهِيكِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ خَلَفُ بْنُ سَالِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ كَانَ الَّذِينَ اَنْكَرُوا عَلَى اَبِي بَكْرٍ جُلُوسَهُ فِي الْخِلَافَةِ وَ تَقَدُّمَهُ عَلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَ الْاَنْصَارِ وَ كَانَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ خَالِدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ وَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْاَسْوَدِ وَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ وَ اَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ وَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَ بُرَيْدَةُ الْاَسْلَمِيُّ وَ كَانَ مِنَ الْاَنْصَارِ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ ذُو الشَّهَادَتَيْنِ وَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَ اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ وَ اَبُو الْهَيْثَمِ بْنُ التَّيِّهَانِ وَ غَيْرُهُمْ فَلَمَّا صَعِدَ الْمِنْبَرَ تَشَاوَرُوا بَيْنَهُمْ فِي اَمْرِهِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ هَلَّا نَاْتِيهِ فَنُنَزِّلَهُ عَنْ مِنْبَرِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ قَالَ آخَرُونَ اِنْ فَعَلْتُمْ ذَلِكَ اَعَنْتُمْ عَلَى اَنْفُسِكُمْ وَ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ وَ لا تُلْقُوا بِاَيْدِيكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ وَ لَكِنِ امْضُوا بِنَا اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام نَسْتَشِيرُهُ وَ نَسْتَطْلِعُ اَمْرَهُ فَاَتَوْا عَلِيّاً عليه السلام فَقَالُوا يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ضَيَّعْتَ نَفْسَكَ وَ تَرَكْتَ حَقّاً اَنْتَ اَوْلَى بِهِ وَ قَدْ اَرَدْنَا اَنْ نَاْتِيَ الرَّجُلَ فَنُنَزِّلَهُ عَنْ مِنْبَرِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَاِنَّ الْحَقَّ حَقُّكَ وَ اَنْتَ اَوْلَى بِالْاَمْرِ مِنْهُ فَكَرِهْنَا اَنْ نُنَزِّلَهُ مِنْ دُونِ مُشَاوَرَتِكَ فَقَالَ لَهُمْ عَلِيٌّ عليه السلام لَوْ فَعَلْتُمْ ذَلِكَ مَا كُنْتُمْ اِلَّا حَرْباً لَهُمْ وَ لَا كُنْتُمْ اِلَّا كَالْكُحْلِ فِي الْعَيْنِ اَوْ كَالْمِلْحِ فِي الزَّادِ وَ قَدِ اتَّفَقَتْ عَلَيْهِ الْاُمَّةُ التَّارِكَةُ لِقَوْلِ نَبِيِّهَا وَ الْكَاذِبَةُ عَلَى رَبِّهَا وَ لَقَدْ شَاوَرْتُ فِي ذَلِكَ اَهْلَ بَيْتِي فَاَبَوْا اِلَّا السُّكُوتَ لِمَا تَعْلَمُونَ مِنْ وَغْرِ صُدُورِ الْقَوْمِ وَ بُغْضِهِمْ لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ لِاَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّهِ عليهم السلام وَ اِنَّهُمْ يُطَالِبُونَ بِثَارَاتِ الْجَاهِلِيَّةِ وَ اللهِ لَوْ فَعَلْتُمْ ذَلِكَ لَشَهَرُوا سُيُوفَهُمْ مُسْتَعِدِّينَ لِلْحَرْبِ وَ الْقِتَالِ كَمَا فَعَلُوا ذَلِكَ حَتَّى قَهَرُونِي وَ غَلَبُونِي عَلَى نَفْسِي وَ لَبَّبُونِي وَ قَالُوا لِي بَايِعْ وَ اِلَّا قَتَلْنَاكَ فَلَمْ اَجِدْ حِيلَةً اِلَّا اَنْ اَدْفَعَ الْقَوْمَ عَنْ نَفْسِي وَ ذَاكَ اَنِّي ذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله يَا عَلِيُّ اِنَّ الْقَوْمَ نَقَضُوا اَمْرَكَ وَ اسْتَبَدُّوا بِهَا دُونَكَ وَ عَصَوْنِي فِيكَ فَعَلَيْكَ بِالصَّبْرِ حَتَّى يَنْزِلَ الْاَمْرُ اَلَا وَ اِنَّهُمْ سَيَغْدِرُونَ بِكَ لَا مَحَالَةَ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ سَبِيلًا اِلَى اِذْلَالِكَ وَ سَفْكِ دَمِكَ فَاِنَّ الْاُمَّةَ سَتَغْدِرُ بِكَ بَعْدِي كَذَلِكَ اَخْبَرَنِي جَبْرَئِيلُ عليه السلام عَنْ رَبِّي تَبَارَكَ وَ تَعَالَى وَ لَكِنِ ائْتُوا الرَّجُلَ فَاَخْبِرُوهُ بِمَا سَمِعْتُمْ مِنْ نَبِيِّكُمْ وَ لَا تَجْعَلُوهُ فِي الشُّبْهَةِ مِنْ اَمْرِهِ لِيَكُونَ ذَلِكَ اَعْظَمَ لِلْحُجَّةِ

عَلَيْهِ وَ اَزْيَدَ وَ اَبْلَغَ فِي عُقُوبَتِهِ إِذَا اَتَى رَبَّهُ وَ قَدْ عَصَى نَبِيَّهُ وَ خَالَفَ اَمْرَهُ قَالَ فَانْطَلَقُوا حَتَّى حَفُّوا بِمِنْبَرِ رَسُولِ اللهِ ﷺ يَوْمَ جُمُعَةٍ فَقَالُوا لِلْمُهَاجِرِينَ إِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ بَدَاَ بِكُمْ فِي الْقُرْآنِ فَقَالَ لَقَدْ تَابَ اللهُ عَلَى النَّبِيِّ وَ الْمُهَاجِرِينَ وَ الْاَنْصَارِ فَبِكُمْ بَدَاَ وَ كَانَ اَوَّلُ مَنْ بَدَاَ وَ قَامَ خَالِدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ بِإِدْلَالِهِ بِبَنِي اُمَيَّةَ فَقَالَ يَا اَبَابَكْرٍ اتَّقِ اللهَ فَقَدْ عَلِمْتَ مَا تَقَدَّمَ لِعَلِيٍّ عليه السلام مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ اَ لَا تَعْلَمُ اَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ لَنَا وَ نَحْنُ مُحْتَوِشُوهُ فِي يَوْمِ بَنِي قُرَيْظَةَ وَ قَدْ اَقْبَلَ عَلَى رِجَالٍ مِنَّا ذَوِي قَدْرٍ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ وَ الْاَنْصَارِ اُوصِيكُمْ بِوَصِيَّةٍ فَاحْفَظُوهَا وَ إِنِّي مُؤَدٍّ إِلَيْكُمْ اَمْراً فَاقْبَلُوهُ اَلَا إِنَّ عَلِيّاً اَمِيرُكُمْ مِنْ بَعْدِي وَ خَلِيفَتِي فِيكُمْ اَوْصَانِي بِذَلِكَ رَبِّي وَ إِنَّكُمْ إِنْ لَمْ تَحْفَظُوا وَصِيَّتِي فِيهِ وَ تُؤَوُّوهُ وَ تَنْصُرُوهُ اخْتَلَفْتُمْ فِي اَحْكَامِكُمْ وَ اضْطَرَبَ عَلَيْكُمْ اَمْرُ دِينِكُمْ وَ وَلِيَ عَلَيْكُمُ الْاَمْرَ شِرَارُكُمْ اَلَا وَ إِنَّ اَهْلَ بَيْتِي هُمُ الْوَارِثُونَ اَمْرِي الْقَائِلُونَ بِاَمْرِ اُمَّتِي اللهُمَّ فَمَنْ حَفِظَ فِيهِمْ وَصِيَّتِي فَاحْشُرْهُ فِي زُمْرَتِي وَ اجْعَلْ لَهُ مِنْ مُرَافَقَتِي نَصِيباً يُدْرِكُ بِهِ فَوْزَ الْآخِرَةِ اللهُمَّ وَ مَنْ اَسَاءَ خِلَافَتِي فِي اَهْلِ بَيْتِي فَاحْرِمْهُ الْجَنَّةَ الَّتِي عَرْضُهَا السَّماواتُ وَ الْاَرْضُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اسْكُتْ يَا خَالِدُ فَلَسْتَ مِنْ اَهْلِ الْمَشُورَةِ وَ لَا مِمَّنْ يُرْضَى بِقَوْلِهِ فَقَالَ خَالِدٌ بَلِ اسْكُتْ اَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ فَوَ اللهِ إِنَّكَ لَتَعْلَمُ اَنَّكَ تَنْطِقُ بِغَيْرِ لِسَانِكَ وَ تَعْتَصِمُ بِغَيْرِ اَرْكَانِكَ وَ اللهِ إِنَّ قُرَيْشاً لَتَعْلَمُ اَنِّي اَعْلَاهَا حَسَباً وَ اَقْوَاهَا اَدَباً وَ اَجْمَلَهَا ذِكْراً وَ اَقَلَّهَا غِنًى مِنَ اللهِ وَ رَسُولِهِ وَ إِنَّكَ لَاَلْاَمُهَا حَسَباً وَ اَقَلُّهَا عَدَداً وَ اَخْمَلُهَا ذِكْراً وَ اَقَلُّهَا مِنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ مِنْ رَسُولِهِ وَ إِنَّكَ لَجَبَانٌ عِنْدَ الْحَرْبِ بَخِيلٌ فِي الْجَدْبِ لَئِيمُ الْعُنْصُرِ مَا لَكَ فِي قُرَيْشٍ مَفْخَرٌ قَالَ فَاَسْكَتَهُ خَالِدٌ فَجَلَسَ ثُمَّ قَامَ اَبُو ذَرٍّ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ فَقَالَ بَعْدَ اَنْ حَمِدَ اللهَ وَ اَثْنَى عَلَيْهِ اَمَّا بَعْدُ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ وَ الْاَنْصَارِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ وَ عَلِمَ خِيَارُكُمْ اَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ الْاَمْرُ لِعَلِيٍّ عليه السلام بَعْدِي ثُمَّ لِلْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ عليهما السلام ثُمَّ فِي اَهْلِ بَيْتِي مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ فَاَطَّرَحْتُمْ قَوْلَ نَبِيِّكُمْ وَ تَنَاسَيْتُمْ مَا اَوْعَزَ إِلَيْكُمْ وَ اتَّبَعْتُمُ الدُّنْيَا وَ تَرَكْتُمْ نَعِيمَ الْآخِرَةِ الْبَاقِيَةِ الَّتِي لَا تُهْدَمُ بُنْيَانُهَا وَ لَا يَزُولُ نَعِيمُهَا وَ لَا يَحْزَنُ اَهْلُهَا وَ لَا يَمُوتُ سُكَّانُهَا وَ كَذَلِكَ الْاُمَمُ الَّتِي كَفَرَتْ بَعْدَ اَنْبِيَائِهَا بُدِّلَتْ وَ غُيِّرَتْ فَحَاذَيْتُمُوهَا حَذْوَ الْقُذَّةِ بِالْقُذَّةِ وَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ فَعَمَّا قَلِيلٍ تَذُوقُونَ وَبَالَ اَمْرِكُمْ وَ مَا اللهُ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ ثُمَّ قَالَ ثُمَّ قَامَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ رَحِمَهُ اللهُ فَقَالَ يَا اَبَابَكْرٍ إِلَى مَنْ تَسْتَنِدُ اَمْرَكَ إِذَا نَزَلَ بِكَ الْقَضَاءُ وَ إِلَى مَنْ تَفْزَعُ إِذَا سُئِلْتَ عَمَّا لَا تَعْلَمُ وَ فِي الْقَوْمِ مَنْ هُوَ اَعْلَمُ مِنْكَ وَ اَكْثَرُ فِي الْخَيْرِ اَعْلَاماً وَ مَنَاقِبَ مِنْكَ وَ اَقْرَبُ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ

قَرَابَةً وَ قِدْمَةً فِي حَيَاتِهِ قَدْ آوْعَزَ إِلَيْكُمْ فَتَرَكْتُمْ قَوْلَهُ وَ تَنَاسَيْتُمْ وَصِيَّتَهُ فَعَمَّا قَلِيلٍ يَصْفُو لَكُمُ الْأَمْرُ حِينَ تَزُورُوا الْقُبُورَ وَ قَدْ أَثْقَلَتْ ظَهْرَكَ مِنَ الْأَوْزَارِ لَوْ حُمِلْتَ إِلَى قَبْرِكَ لَقَدِمْتَ عَلَى مَا قَدَّمْتَ فَلَوْ رَاجَعْتَ إِلَى الْحَقِّ وَ انْصَفْتَ أَهْلَهُ لَكَانَ ذَلِكَ نَجَاةً لَكَ يَوْمَ تَحْتَاجُ إِلَى عَمَلِكَ وَ تَفْرَدُ فِي حُفْرَتِكَ بِذُنُوبِكَ عَمَّا أَنْتَ لَهُ فَاعِلٌ وَ قَدْ سَمِعْتَ كَمَا سَمِعْنَا وَ رَأَيْتَ كَمَا رَأَيْنَا فَلَمْ يُرَوِّعْكَ ذَلِكَ عَمَّا أَنْتَ لَهُ فَاعِلٌ فَاللهَ اللهَ فِي نَفْسِكَ فَقَدْ أَعْذَرَ مَنْ أَنْذَرَ ثُمَّ قَامَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ ارْبَعْ عَلَى نَفْسِكَ وَ قِسْ شِبْرَكَ بِفَتْرِكَ وَ الْزَمْ بَيْتَكَ وَ ابْكِ عَلَى خَطِيئَتِكَ فَإِنَّ ذَلِكَ أَسْلَمُ لَكَ فِي حَيَاتِكَ وَ مَمَاتِكَ وَ رُدَّ هَذَا الْأَمْرَ إِلَى حَيْثُ جَعَلَهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ وَ رَسُولُهُ وَ لَا تَرْكَنْ إِلَى الدُّنْيَا وَ لَا يَغُرَّنَّكَ مَنْ قَدْ تَرَى مِنْ أَوْغَادِهَا فَعَمَّا قَلِيلٍ تَضْمَحِلُّ عَنْكَ دُنْيَاكَ ثُمَّ تَصِيرُ إِلَى رَبِّكَ فَيَجْزِيكَ بِعَمَلِكَ وَ قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ هَذَا الْأَمْرَ لِعَلِيٍّ عليه السلام وَ هُوَ صَاحِبُهُ بَعْدَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ قَدْ نَصَحْتُكَ إِنْ قَبِلْتَ نُصْحِي ثُمَّ قَامَ بُرَيْدَةُ الْأَسْلَمِيُّ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ نَسِيتَ أَمْ تَنَاسَيْتَ أَمْ خَادَعْتَ نَفْسَكَ أَمَا تَذْكُرُ إِذْ أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله فَسَلَّمْنَا عَلَى عَلِيٍّ بِإِمْرَةِ الْمُؤْمِنِينَ وَ نَبِيُّنَا عليه السلام بَيْنَ أَظْهُرِنَا فَاتَّقِ اللهَ رَبَّكَ وَ ادْرِكْ نَفْسَكَ قَبْلَ أَنْ لَا تُدْرِكَهَا وَ أَنْقِذْهَا مِنْ هَلَكَتِهَا وَ دَعْ هَذَا الْأَمْرَ وَ وَكِّلْهُ إِلَى مَنْ هُوَ أَحَقُّ بِهِ مِنْكَ وَ لَا تُمَادِ فِي غَيِّكَ وَ ارْجِعْ وَ أَنْتَ تَسْتَطِيعُ الرُّجُوعَ فَقَدْ نَصَحْتُكَ نُصْحِي وَ بَذَلْتُ لَكَ مَا عِنْدِي فَإِنْ قَبِلْتَ وُفِّقْتَ وَ رَشِدْتَ ثُمَّ قَامَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ قَدْ عَلِمْتُمْ وَ عَلِمَ خِيَارُكُمْ أَنَّ أَهْلَ بَيْتِ نَبِيِّكُمْ صلى الله عليه وآله أَقْرَبُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله مِنْكُمْ وَ إِنْ كُنْتُمْ إِنَّمَا تَدَّعُونَ هَذَا الْأَمْرَ بِقَرَابَةِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ تَقُولُونَ إِنَّ السَّابِقَةَ لَنَا فَأَهْلُ نَبِيِّكُمْ أَقْرَبُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله مِنْكُمْ وَ أَقْدَمُ سَابِقَةً مِنْكُمْ وَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام صَاحِبُ هَذَا الْأَمْرِ بَعْدَ نَبِيِّكُمْ فَأَعْطُوهُ مَا جَعَلَهُ اللهُ لَهُ وَ لَا تَرْتَدُّوا عَلَى أَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوا خَاسِرِينَ ثُمَّ قَامَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ لَا تَجْعَلْ لِنَفْسِكَ حَقّاً جَعَلَهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لِغَيْرِكَ وَ لَا تَكُنْ أَوَّلَ مَنْ عَصَى رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ خَالَفَهُ فِي أَهْلِ بَيْتِهِ وَ ارْدُدِ الْحَقَّ إِلَى أَهْلِهِ تَخِفَّ ظَهْرُكَ وَ تَقِلَّ وِزْرُكَ وَ تَلْقَى رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ هُوَ عَنْكَ رَاضٍ ثُمَّ تَصِيرُ إِلَى الرَّحْمَنِ فَيُحَاسِبُكَ بِعَمَلِكَ وَ يَسْأَلُكَ عَمَّا فَعَلْتَ ثُمَّ قَامَ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ ذُو الشَّهَادَتَيْنِ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ أَلَسْتَ تَعْلَمُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قَبِلَ شَهَادَتِي وَحْدِي وَ لَمْ يُرِدْ مَعِي غَيْرِي قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأَشْهَدُ بِاللهِ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقُولُ أَهْلُ بَيْتِي يَفْرُقُونَ بَيْنَ الْحَقِّ وَ الْبَاطِلِ وَ هُمُ الْأَئِمَّةُ الَّذِينَ يُقْتَدَى بِهِمْ ثُمَّ قَامَ أَبُو الْهَيْثَمِ بْنُ التَّيِّهَانِ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ أَنَا أَشْهَدُ

عَلَى النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ اَقَامَ عَلِيّاً فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ مَا اَقَامَهُ اِلَّا لِلْخِلَافَةِ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ مَا اَقَامَهُ اِلَّا لِيَعْلَمَ النَّاسُ اَنَّهُ وَلِيُّ مَنْ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَوْلَاهُ فَقَالَ عليه السلام اِنَّ اَهْلَ بَيْتِي نُجُومُ اَهْلِ الْاَرْضِ فَقَدِّمُوهُمْ وَ لَا تَقَدَّمُوهُمْ ثُمَّ قَامَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ عَلَى الْمِنْبَرِ اِمَامُكُمْ مِنْ بَعْدِي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام وَ هُوَ اَنْصَحُ النَّاسِ لِاُمَّتِي ثُمَّ قَامَ اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ فَقَالَ اتَّقُوا اللهَ فِي اَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّكُمْ وَ رُدُّوا هَذَا الْاَمْرَ اِلَيْهِمْ فَقَدْ سَمِعْتُمْ كَمَا سَمِعْنَا فِي مَقَامٍ بَعْدَ مَقَامٍ مِنْ نَبِيِّ اللهِ ﷺ اَنَّهُمْ اَوْلَى بِهِ مِنْكُمْ ثُمَّ جَلَسَ ثُمَّ قَامَ زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ فَتَكَلَّمَ وَ قَامَ جَمَاعَةٌ مِنْ بَعْدِهِ فَتَكَلَّمُوا بِنَحْوِ هَذَا فَاَخْبَرَ الثِّقَةُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ ﷺ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ جَلَسَ فِي بَيْتِهِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ اَتَاهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَ طَلْحَةُ وَ الزُّبَيْرُ وَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ وَ سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ وَ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ عَشَرَةُ رِجَالٍ مِنْ عَشَائِرِهِمْ شَاهِرِينَ السُّيُوفَ فَاَخْرَجُوهُ مِنْ مَنْزِلِهِ وَ عَلَا الْمِنْبَرَ وَ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ وَ اللهِ لَئِنْ عَادَ مِنْكُمْ اَحَدٌ فَتَكَلَّمَ بِمِثْلِ الَّذِي تَكَلَّمَ بِهِ لَنَمْلَاَنَّ اَسْيَافَنَا مِنْهُ فَجَلَسُوا فِي مَنَازِلِهِمْ وَ لَمْ يَتَكَلَّمْ اَحَدٌ بَعْدَ ذَلِكَ.

مہاجرین وانصار میں سے جن لوگوں نے ابوبکر کے خلافت پر بیٹھنے اور اس کے حضرت علی علیہ السلام پر مقدم ہونے سے انکار کیا تھا ان کی تعداد بارہ تھی۔

مہاجرین میں سے: (۱) خالدؓ ابن سعید ابن عاص (۲) مقدادؓ ابن اسود (۳) ابیؓ ابن کعب (۴) عمار ابن یاسرؓ (۵) ابوذر غفاریؓ (۶) سلمان فارسیؓ (۷) عبداللہؓ ابن مسعود ۸) بریدہؓ اسلمی

انصار میں سے (۹) خزیمہؓ ابن ثابت ذوالشہادتین (۱۰) سہلؓ ابن حنیف (۱۱) ابوایوب انصاریؓ (۱۲) ابوالہیثمؓ ابن تیہان وغیرہ۔۔۔۔

ابوبکر جس وقت منبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر گئے تو ان افراد نے باہم مشورہ کیا تو ان میں کچھ نے کہا: ہم اس کے پاس جا کر اسے منبر رسولؐ سے کیوں نہ اتار دیں جبکہ باقی لوگ کہنے لگے اگر تم نے ایسا کیا تو اس طرح تم لوگ اپنے آپ کو نقصان پہنچاؤ گے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''اپنے ہاتھوں سے اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو'' ہمیں حضرت علی علیہ السلام کے پاس جانا چاہئے تاکہ ان سے مشورہ لے سکیں اور انہیں اس امر سے آگاہ بھی کر دیں، لہٰذا یہ لوگ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ یا حضرت آپ نے اپنا حق چھوڑ دیا اور خانہ نشین ہو گئے حالانکہ آپ زیادہ سزاوار تھے۔ ہم نے یہ سوچا تھا کہ اس کے پاس جا کر اسے منبر رسولؐ سے اتار دیں اس لئے کہ یہ حق آپ کا ہے اور اس خلافت کے آپ زیادہ سزاوار ہیں مگر ہم آپ

سے مشورہ لینے آئے ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام نے ان سے فرمایا: اگر تم لوگوں نے ایسا کیا تو تم نے اس کے ساتھ جنگ کر لی اور تمہاری مثال ایسی ہوگی جیسے آنکھ میں سرمہ یا سالن میں نمک کیونکہ اس بات پر اپنے نبیؐ کی بات کو ترک کرنے اور اپنے پروردگار کو جھٹلانے والی قوم متفق ہوگئی ہے اور اس سلسلے میں میں اپنے گھر والوں سے بھی مشورہ کر چکا ہوں تو وہ بھی چپ سادھنے کے علاوہ کسی اور بات سے منع کرتے ہیں اور اس کی وجہ تم لوگ بھی جانتے ہو کہ اس قوم کے سینوں میں کینہ اور اللہ اور اس کے نبی کے اہلبیتؑ کے لئے بغض بھرا ہوا ہے اور یہ لوگ دور جاہلیت کے خون کا بدلہ چاہتے ہیں۔

خدا کی قسم! اگر تم لوگوں نے ایسا کیا تو یہ لوگ تلواریں سونت لیں اور قتل و غارت گری پر اتر آئیں گے جس طرح کہ انہوں نے کیا تھا، یہاں تک کہ مجھے مقہور کر دیا اور مجھ پر غلبہ پا لیا اور مجھ سے کہنے لگے بیعت کرو ورنہ ہم تمہیں قتل کر دیں گے پھر تو مجھے اس کے علاوہ کوئی حیلہ نظر نہ آیا کہ میں اس قوم سے اپنا دفاع کروں اور اس کی وجہ یہ تھی کہ مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ بات یاد آ گئی تھی کہ اے علیؑ! جب یہ قوم تمہاری بیعت توڑ دے اور اس پر ہٹ دھرمی اختیار کر لے اور اس سلسلے میں میری نافرمانی پر اتر آئے تو تم پر صبر کرنا لازم ہوگا یہاں تک کہ خدا اپنا حکم نازل کرے اور یہ لوگ لامحالہ تم سے غداری کریں گے لہٰذا تم ان کو موقع مت دینا کہ یہ تم کو ذلیل کریں اور تمہارے خون کے طالب ہو جائیں اس لئے کہ یہ امت میرے بعد تم سے غداری کرے گی اور اس طرح کی خبر مجھے جبریل علیہ السلام نے میرے پروردگار کی جانب سے دی ہے۔

لیکن ہاں! تم اس کے پاس جاؤ اور اسے اس بات سے آگاہ کر دو جو تم نے اپنے نبیؐ سے سنا ہے اور اس پر کوئی بھی چیز مبہم مت رکھنا تا کہ یہ اس پر عظیم ترین اتمام حجت ہو اور جب وہ اپنے پروردگار کے سامنے اس حالت میں آئے کہ اس نے اللہ کی اور اس کے نبیؐ کی نافرمانی کی اور اس کی مخالفت کی ہو تو یہ اس کی زیادہ سے زیادہ عقوبت کا سبب بنے۔

یہ گروہ بروزِ جمعہ وہاں پہنچا اور منبر رسولؐ کو گھیر کر مہاجرین سے کہنے لگے کہ بلاشبہ اللہ نے قرآن میں تم لوگوں کو انصار پر مقدم رکھا ہے اور ارشاد ہوتا ہے "لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ" (خدا نے نبی اور ان مہاجرین و انصار پر بڑا فضل کیا)[1] آغاز تم لوگوں سے کیا پس اس طرح اللہ نے سب سے پہلے تمہیں یاد کیا۔

سب سے پہلے خالد بن سعید ابن عاص کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اے ابوبکر! اللہ سے ڈرو جبکہ تم اچھی طرح جانتے ہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں کیا فرمایا تھا: کیا تم نہیں جانتے کہ جنگ بنو قریظہ کے دن جب ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گرد بیٹھے ہوئے تھے تو آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟ یقیناً اللہ کے رسول نے ہم میں سے عالی مرتبت لوگوں کی جانب رخ کر کے فرمایا تھا اے گروہِ مہاجرین و انصار! میں تم لوگوں کو وصیت کرتا ہوں لہٰذا تم لوگ اسے محفوظ کر لو اور

---

[1] سورۂ توبہ آیت ۱۱۷

میں تمہیں ایک پیشکش کرتا ہوں تو تم لوگ اسے قبول کرلو! آگاہ رہو کہ میرے بعد علیؑ تمہارے امیر اور تمہارے خلیفہ ہیں مجھے میرے پروردگار نے اس چیز کی وصیت کی ہے اور اگر تم میری اس وصیت کی حفاظت نہیں کرو گے اور اس کی تائید و نصرت نہیں کرو گے تو تم اپنے احکام میں مخالفت کرو گے تمہارے دینی امور تشویش کا شکار ہو جائیں گے۔

آگاہ رہو! میرے اہلبیتؑ ہی میرے وارث اور میری امت کی باگ ڈور سنبھالنے والے ہیں۔ اے میرے اللہ! ان میں سے جو بھی میری وصیت کی حفاظت کرے اس کو میرے زمرے میں محشور کرنا اور میری رفاقت سے بہرہ مند فرمانا تا کہ اسے اخروی سعادت نصیب ہو اگر کوئی شخص میرے پیچھے میرے اہلبیتؑ کے ساتھ برائی کے ساتھ پیش آئے تو تو اسے جنت سے محروم کر دینا کہ جس کا عرض تمام آسمان و زمین ہے۔

اس موقع پر عمر بن الخطاب نے کہا: اے خالد! چپ رہو تمہارا شمار شوریٰ کے لوگوں میں سے نہیں ہوتا اور نہ ہی تمہارا شمار ان لوگوں میں سے ہوتا ہے کہ جن کی بات تسلیم کر لی جائے۔

خالد کہنے لگے: اے ابن خطاب تم چپ رہو؛ خدا کی قسم تم جانتے ہو کہ تم اپنی زبان سے بات نہیں کر رہے اور تم اپنے لوگوں کو چھوڑ کر دوسروں پر اعتماد کر رہے ہو۔ بخدا سب قریش جانتا ہے کہ تمہارا سب سے زیادہ ملامت شدہ، ادب میں سب سے کم ترین اور گم نام ترین ہے نیز اللہ اور اس کے رسولؐ سے بے نیازی میں سے کم ترین ہے۔ میدان جنگ میں تم بزدل ہو، مال کے معاملہ میں لئیم ہو، قریش میں بھلا تمہارا کیا فخر؟ بالآخر خالد نے اسے خاموش کر دیا اور پھر بیٹھ گئے۔

اس کے بعد حضرت ابذر غفاریؓ کھڑے ہوئے اور خدا کی حمد و ثنا بجالانے کے بعد فرمایا: اے گروہِ مہاجر! تم اور تمہارے نیک و کار جانتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میرے بعد یہ خلافت علیؑ کے لئے ہے اس کے بعد حسنؑ اور حسینؑ کے لئے اور اس کے بعد اولادِ حسینؑ سے میرے اہلبیتؑ کے لئے۔ جبکہ تم لوگ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کو بالائے طاق رکھ کر ان کی وصیت کو فراموش کرنے کا بہانہ کر رہے ہو اور اس دنیائے فانی کی اتباع کرنے لگے اور آخرت کی لازوال اور لافانی نعمتوں کو ترک کر دیا کہ جس کے رہنے والے غمگین ہوں گے اور نہ ہی انہیں موت آئے گی۔ تمام انبیاء کی امتوں نے ان کے بعد اسی طرح کفر کیا اور ان کے احکامات میں رد و بدل کر دیا تو تم لوگ بھی ان ہی قوموں کے نقش قدم پر چلنے لگے اور جو انہوں نے کیا وہی تم بھی کر رہے ہو لہٰذا عنقریب ہی تم لوگ اپنے اس کام کا وبال دیکھو گے حالانکہ اللہ اپنے بندوں پر ہرگز ظلم نہیں کرتا۔

اس کے بعد سلمان فارسیؓ کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے ابوبجر! قضاوت کے وقت کس پر تکیہ کرو گے؟ جب تم سے کسی ایسی چیز کے بارے سوال کیا جائے گا کہ جس کا تم علم نہیں رکھتے تو کس کی پناہ میں جاؤ گے؟ حالانکہ اس قوم میں وہ شخص موجود ہے جو علم میں سب سے بڑھ کر ہے نیک نامی اور مناقب میں و فضائل میں سب سے زیادہ شہرت بھی اسی کی ہے نیز

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قرابت داری میں تم سے زیادہ قریب ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات ہی میں انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کو مقدم کر دیا تھا اور تم لوگوں کو اس کی وصیت بھی کر دی تھی مگر تم لوگوں نے پیغمبرؐ کے حکم کو چھوڑ دیا اور وصیت کو بالائے طاق رکھ دیا لہٰذا عنقریب اس امر کا تصفیہ ہوگا کہ جب تم قبروں میں جاؤ گے درحالانکہ تمہاری پیٹھ پر گناہوں کا بوجھ ہوگا اور اگر تم اسی حالت میں قبر میں گئے تو تم کو اپنے کئے پر ندامت ہوگی جبکہ اگر تم حق کی طرف پلٹ جاؤ اور اہل حق کے ساتھ انصاف کر دو تو یہ اس دن تمہاری نجات کا سامان ہوگا کہ جس تم عمل کے محتاج ہو گے اور تن تنہا اپنے گناہوں کے ساتھ قبر میں ہو گے حالانکہ جو ہم نے سنا وہ تم بھی سن چکے ہو اور جو ہم نے دیکھا وہ تم بھی دیکھ چکے ہو مگر یہ سب تمہارے کرتوتوں سے باز کیوں نہیں رکھ رہا؟ تم کو چاہئے کہ اپنے نفس کے لئے اللہ کو مدنظر رکھو اس لئے کہ جس نے تقویٰ اختیار کیا اس نے حق خدا ادا کر دیا۔

پھر مقدادؓ ابن اسود کھڑے ہئے اور اور فرمایا: اپنے بارے میں اندازہ کر لو اور بالشت کو دو انگلیوں کے درمیان ناپ لو یعنی اپنی حد سے تجاوز نہ کرو اپنے گھر میں بیٹھ جاؤ اور اپنی غلطی پر آنسو بہاؤ کہ یہی تمہاری حیات و موت میں سلامتی کا باعث ہوگا اور اس امر خلافت کو وہیں لوٹا دو جہاں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ نے قرار دیا ہے دنیا کی طرف مت جھکو اور اس کی جو فریب کاریاں تم دیکھ رہے ہو ان سے دھوکہ مت کھاؤ اس لئے کہ عنقریب یہ دنیا تم سے چھین لی جائے گی اور اس کے بعد تو تم اپنے پروردگار کی جانب لوٹ کر جاؤ گے کہ وہ تمہارے عمل کا حساب کرے گا حالانکہ تم جانتے ہی ہو کہ یہ امر خلافت حضرت علی علیہ السلام کے لئے ہی ہے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد یہ انہی کا حق ہے میں نے تمہیں نصیحت کر دی اگر تم میری نصیحت قبول کرو۔

اس کے بعد بریدہ اسلمیؓ کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے ابوبکر! تم واقعی بھول گئے ہو یا بھولنے کا بہانہ کر رہے ہو؟ یا کہیں اپنے آپ کو دھوکہ تو نہیں دے رہے ہو؟ کیا تمہیں وہ وقت یاد نہیں ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم دیا تھا اور ہم نے علیؑ کو امیر المومنین تسلیم کر لیا تھا جب کہ ہمارے نبیؐ بھی ہمارے درمیان تھے۔ پس تم اللہ سے ڈرو جو تمہارا پالنے والا ہے اور اپنے نفس کا ادراک حاصل کرو قبل اس کے کہ اس کے ادراک کا موقع ہاتھ سے نکل جائے اس طرح اپنے نفس کو ہلاکت سے بچا لو اور اس خلافت کو چھوڑ دو اور اسے اس کے حوالے کر دو کہ جو اس کا تم سے زیادہ حقدار ہے اور اپنی سرکشی پر ڈٹے مت رہو اور اس سے باز آجاؤ کہ اس سے باز آنا تمہارے اختیار میں ہے میں تو نصیحت کا حق ادا کر دیا اور جو کچھ میں کہہ سکتا تھا کہہ دیا، اے کاش! کہ تمہیں اس کو قبول کرنے کی توفیق مل جائے اور تم ہدایت پا لو۔

اس کے بعد عبداللہؓ ابن مسعود کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے قریش کی جماعت! یقیناً تم اور تمہارے پسندیدہ لوگ بھی اس بات سے واقف ہیں کہ تمہارے نبیؐ کی اہلبیتؑ تم سب سے زیادہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قریب ہیں اور اگر تم اس خلافت کے اس لئے دعویدار ہو کہ رسولؐ سے تمہاری قرابت داری ہے اور تم کہتے ہو ہم پہلے اسلام لائے تو تمہارے نبیؐ کی

اہلبیتؑ تم سے بھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قریب تر ہیں اور تم میں سب سے پہلے جو شخص اسلام لایا تھا وہ علیؑ ہیں جو تمہارے نبی کے بعد اس خلافت کے حقیقی حقدار ہیں۔ لہٰذا جس چیز کو اللہ نے ان کے لئے مخصوص رکھا ہے تم لوگوں پر لازم ہے کہ وہ انہیں دے دو اور پیٹھ دکھا کر مت جاؤ کہ نقصان میں رہو گے۔

اس کے بعد عمار ابن یاسرؓ کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے ابوبکر! کسی حق کو اپنا سمجھ کر مت لے لو کہ اللہ نے اسے کسی اور کے لئے قرار دیا ہے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلبیتؑ کے سلسلہ میں آپؐ کے پہلے نافرمان مت بنو اور حق ان کے حقداروں کی جانب لوٹا دو کہ اس طرح سے تمہاری پیٹھ پر سے بوجھ ہلکا ہو جائے گا اور تم اپنا گناہ کم کر لو گے، لہٰذا تم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب ملاقات کرو گے تو وہ تم سے راضی و خوشنود ہوں گے اور پھر اس کے بعد تم خدائے رحمٰن کی طرف جاؤ گے تو وہ تمہارے عمل کا حساب کرے اور تم نے جو کچھ کیا ہے اس کے متعلق باز پرس کرے گا۔

اس کے بعد خزیمہ بن ثابت ذوالشہادتین کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے ابوبکر! کیا تم نہیں جانتے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ اکیلے کی گواہی قبول کی تھی جبکہ میرے ساتھ اور کوئی گواہ نہ تھا۔

ابوبکر نے کہا: ہاں! ایسا ہوا تھا۔

خزیمہؓ کہنے لگے پس میں اللہ کی خاطر گواہی دیتا ہوں کہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے اہلبیتؑ حق و باطل کے درمیان فرق واضح کر دیں گے اور وہ وہ ائمہ ہیں جن کی اقتدا کی جانی چاہئے۔

اس کے بعد ابوالہیثمؓ ابن تیہان کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے ابوبکر! میں نبیؐ کے متعلق گواہی دیتا ہوں کہ ایک مرتبہ آپؐ خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے تو حضرت علی علیہ السلام کو کھڑا کیا اس پر انصار کہنے لگے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں خلافت کے لئے کھڑا کیا ہے جبکہ ان میں سے کچھ کہنے لگے انہیں اس لئے کھڑا کیا گیا ہے تا کہ لوگوں کو اس بات کا علم ہو جائے کہ حضرت علی علیہ السلام ان لوگوں کے ولی ہیں کہ جن کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ولی و مولا ہیں تو نبیؐ نے فرمایا تم لوگ اس بات کو جان لو کہ میرے اہلبیتؑ روئے زمین پر بسنے والوں کے لئے ستارے ہیں لہٰذا انہیں مقدم اور آگے کرو نہ کہ ان کے آگے ہو جاؤ۔

اس کے بعد سہل بن حنیفؓ کھڑے ہو گئے اور فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے بعد تمہارا امام علی ابن ابی طالب علیہما السلام ہے اور یہ میری امت کے لئے مخلص ترین ہے۔

اس کے بعد ابوایوب انصاری کھڑے ہوئے اور فرمایا: تم لوگ اہلبیتؑ کے بارے میں اللہ سے ڈرو اور اس خلافت کو انہیں لوٹا دو کہ جس طرح ایک کے بعد ایک مقام پر ہم نے سنا ہے اور تم لوگوں نے بھی نبیؐ سے سنا ہے کہ یہ تم لوگوں سے زیادہ سزاوار ہیں پھر آپ بیٹھ گئے۔

اس کے بعد زیدؓ بن وہب نے کھڑے ہو کلام کیا اور ان کے بعد کچھ دیگر افراد نے بھی کھڑے ہو کر اسی قسم کی باتیں

کیں۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کچھ قابل وثوق اصحاب نے خبر دی کہ ابوبکر تین دن اپنے گھر میں بیٹھے رہے اور تیسرے دن انہوں نے حضرت عمر، طلحہ، زبیر، عثمان، عبدالرحمٰن بن عوف، سعد ابن وقاص اور ابوعبیدہ جراح سے ملاقات کی جبکہ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ان کے خاندان کے دس افراد تھے جو تلوار سونتے ہوئے تھے ان لوگوں نے انہیں گھر سے نکالا اور منبر پر چڑھا دیا تو ان میں سے کسی کہنے والے نے کہا: خدا کی قسم! اگر تم میں سے کوئی بھی دوبارہ آیا اور اس قسم کی باتیں کیں جیسے کہ پہلے کیں تھیں تو ہم اپنی تلواروں کو اس کے خون سے رنگ دیں گے۔ لہٰذا وہ لوگ گھر ہی میں بیٹھے رہے اور اس کے بعد کسی نے بات نہ کی۔

أخرج الله عز و جل من بني إسرائيل اثني عشر سبطا و نشر من الحسن و الحسين عليهما السلام اثني عشر سبطا

خداوند عالم نے بنی اسرائیل سے بارہ سبط پیدا کر کے ان میں کتاب اور نبوت کو قرار دیا اور حسن و حسین علیہما السلام سے بھی ۱۲ بارہ سبط پیدا کیے۔

⑤ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ النَّسَّابَةُ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ التَّمِيمِيُّ السَّعْدِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الْفَضْلِ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُحْكَمٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ السَّعْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَأَلْتُ عَلِيَّ بْنَ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عليه السلام عَمَّا يُقَالُ فِي بَنِي الْأَفْطَسِ فَقَالَ إِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ أَخْرَجَ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَ هُوَ يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عليه السلام اثْنَيْ عَشَرَ سِبْطاً وَ جَعَلَ فِيهِمُ النُّبُوَّةَ وَ الْكِتَابَ وَ نَشَرَ مِنَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ ابْنَيْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله اثْنَيْ عَشَرَ سِبْطاً ثُمَّ عَدَّ الِاثْنَيْ عَشَرَ مِنْ وُلْدِ إِسْرَائِيلَ فَقَالَ رُوبِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ وَ شَمْعُونُ بْنُ يَعْقُوبَ وَ يَهُودَا بْنُ يَعْقُوبَ وَ يشاجر بْنُ يَعْقُوبَ وَ زيلون بْنُ يَعْقُوبَ وَ يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ وَ بِنْيَامِينُ بْنُ يَعْقُوبَ وَ نفتالى بْنُ يَعْقُوبَ وَ دَانُ بْنُ يَعْقُوبَ وَ سَقَطَ عَنْ أَبِي الحسن [الْحُسَيْنِ النَّسَّابَةِ ثَلَاثَةٌ مِنْهُمْ ثُمَّ عَدَّ الِاثْنَيْ عَشَرَ مِنْ وُلْدِ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ عليهما السلام فَقَالَ أَمَّا الْحَسَنُ فَانْتَشَرَ مِنْ سِتَّةِ أَبْطُنٍ وَ هُمْ بَنُو الْحَسَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو دَاوُدَ بْنِ الْحَسَنِ

بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو جَعْفَرِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ فَعَقَّبَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ مِنْ هَذِهِ السِّتَّةِ الْأَبْطُنِ ثُمَّ عَدَّ بَنِي الْحُسَيْنِ عليه السلام فَقَالَ بَنُو مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَاقِرِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام بَطْنٌ وَ بَنُو عَبْدِ اللهِ بْنِ الْبَاهِرِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَ بَنُو الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ بَنُو عَلِيِّ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ فَهَؤُلَاءِ السِّتَّةُ الْأَبْطُنِ نَشَرَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عليه السلام.

عبیداللہ بن عبداللہ بن حسن نے فرمایا ہے کہ میں نے امام رضا علیہ السلام سے فرزندانِ افطس کے بارے میں جو کچھ کہا جاتا ہے اس بارے میں سوال کیا تو امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ خداوند عالم نے اسرائیل یعنی جناب یعقوب فرزند حضرت اسحاق بن حضرت خلیل اللہ سے بارہ سبط پیدا کر کے ان میں کتاب اور نبوت کو قرار دیا اور حسن و حسین فرزندان علی و فاطمہ علیہما السلام سے بھی ۱۲ بارہ سبط پیدا کیے۔

فرزندان یعقوب علیہ السلام کے نام یہ تھے: (۱) روبیل (۲) شمعون (۳) یہودا (۴) یشاجر (۵) زیلون (۶) یوسف (۷) بنیامین (۸) نفتالی (۹) ووان۔

اس کے بعد تین نام ذکر نہیں کیے گئے۔

امام حسن علیہ السلام سے چھ اسباط: (۱) بنی حسن بن زید بن حسن بن علی علیہما السلام (۲) بنی عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی علیہما السلام (۳) بنی ابراہیم بن حسن بن حسن بن علی علیہما السلام (۴) بنی حسن بن حسن بن علی علیہما السلام (۵) بنی واوو بن حسن بن حسن بن علی علیہما السلام (۶) بنی جعفر بن حسن بن حسن بن علی علیہما السلام۔

امام حسن بن علی کی نسل انہی چھ سے آگے بڑھی۔

حضرت امام حسین علیہ السلام کی اولاد کو شمار کرنا شروع کیا تو فرمایا: (۱) بنی محمد بن علی الباقر علی بن الحسین علیہما السلام (۲) بنی عبداللہ بن باہر بن علی (۳) بنی زید بن علی بن الحسین علیہما السلام (۴) بنی الحسین بن علی بن الحسین علیہما السلام (۵) بنی عمر بن علی بن الحسین بن علی علیہما السلام (۶) بنی علی بن علی بن حسین بن علی علیہما السلام۔

پس یہ چھ خاندان ہیں جن سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے امام حسین علیہ السلام کی نسل کو دنیا میں پھیلایا۔

الخلفاء والأئمة بعد النبي صلى الله عليه وآله وسلم اثنا عشر عليهم السلام

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد خلفا و ائمہ علیہم السلام کی تعداد بارہ ہے

⑥ حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ الْمَرْوَزِيُّ بِالرَّيِّ فِي رَبِيعٍ الْأَوَّلِ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَ ثَلَاثِمِائَةٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ

بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ فِي سَنَةِ ثَمَانٍ وَ ثَلَاثِينَ وَ مِائَتَيْنِ وَ هُوَ الْمَعْرُوفُ بِإِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ نَعْرِضُ مَصَاحِفَنَا عَلَيْهِ إِذْ قَالَ لَهُ فَتًى شَابٌّ هَلْ عَهِدَ إِلَيْكُمْ نَبِيُّكُمْ ﷺ كَمْ يَكُونُ مِنْ بَعْدِهِ خَلِيفَةٌ قَالَ إِنَّكَ لَحَدَثُ السِّنِّ وَ إِنَّ هَذَا شَيْءٌ مَا سَأَلَنِي عَنْهُ أَحَدٌ قَبْلَكَ نَعَمْ عَهِدَ إِلَيْنَا نَبِيُّنَا ﷺ أَنَّهُ يَكُونُ بَعْدَهُ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً بِعَدَدِ نُقَبَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ.

مسروق کہتا ہے کہ جس زمانے میں عبداللہ بن مسعود کے پاس میں اپنے قرآن کا مقابلہ کرنے جایا کرتا تھا ایک روز ایک نوجوان آیا اور عبداللہ بن مسعود سے سوال کیا کہ آیا تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تم کو اپنے خلفاء کی تعداد بتائی ہے؟ ابن مسعود نے کہا کہ تم تو ابھی نوجوان ہو یہ بات تو مجھ جیسے کسی سن رسیدہ آدمی نے ابھی تک نہیں پوچھی تھی۔ بیشک ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم کو خبر دی ہے کہ میرے بعد میرے بارہ خلیفہ وجانشین مطابق تعداد نقبائے بنی اسرائیل کے ہوں گے۔ اس حدیث کو مولف علیہ الرحمہ نے بہت سے طریقوں سے نقل کیا ہے بعض میں یہ فقرہ بھی ہے کہ وہ خلفاء اور ائمہ قریش سے ہوں گے۔

⑦ حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي الرِّجَالِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبْدُوسٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَكَمِ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَمِّهِ قَيْسِ بْنِ عَبْدٍ قَالَ كُنَّا جُلُوساً فِي حَلْقَةٍ فِيهَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ أَيُّكُمْ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ أَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ هَلْ حَدَّثَكُمْ نَبِيُّكُمْ ﷺ كَمْ يَكُونُ بَعْدَهُ مِنَ الْخُلَفَاءِ قَالَ نَعَمْ اثْنَا عَشَرَ عَدَدَ نُقَبَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ.

قیس بن عبدہ کہتا ہے کہ ہم لوگ ایک حلقہ میں بیٹھے ہوئے تھے اور اس حلقہ میں عبداللہ ابن مسعودؓ بھی شامل تھے کہ ایک اعرابی آیا اور کہنے لگا تم میں عبداللہ ابن مسعودؓ کون ہے؟

عبداللہ نے کہا: میں ہوں۔

اس شخص نے کہا: کیا تم لوگوں کے نبیؐ نے تمہیں یہ بیان کیا ہے کہ ان کے بعد کون حضرات خلفاء ہوں گے

عبداللہ ابن مسعود نے کہا: ہاں! بارہ خلفاء ہوں گے جیسے کہ بنی اسرائیل کے نقباء کی تعداد بارہ تھی۔

⑧ حَدَّثَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَامِينِيُّ الْحَافِظُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْفَضْلِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ سَوَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ

الْغَفَّارِ بْنُ الْحَكَمِ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْمَاطِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ كُلُّهُمْ قَالُوا عَنْ عَمِّهِ قَيْسِ بْنِ عَبْدٍ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ عَتَّابٌ وَ هَذَا حَدِيثُ مُطَرِّفٍ قَالَ كُنَّا جُلُوساً فِي الْمَسْجِدِ وَ مَعَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ فِيكُمْ عَبْدُ اللهِ قَالَ نَعَمْ اَنَا عَبْدُ اللهِ فَمَا حَاجَتُكَ قَالَ يَا عَبْدَ اللهِ اَخْبَرَكُمْ نَبِيُّكُمْ ﷺ كَمْ يَكُونُ فِيكُمْ مِنْ خَلِيفَةٍ قَالَ لَقَدْ سَاَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ مَا سَاَلَنِي عَنْهُ اَحَدٌ مُنْذُ قَدِمْتُ الْعِرَاقَ نَعَمْ اثْنَا عَشَرَ عِدَّةَ نُقَبَاءِ بَنِي اِسْرَائِيلَ قَالَ اَبُو عَرُوبَةَ فِي حَدِيثِهِ نَعَمْ عِدَّةَ نُقَبَاءِ بَنِي اِسْرَائِيلَ وَ قَالَ جَرِيرٌ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ الْخُلَفَاءُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ كَعَدَدِ نُقَبَاءِ بَنِي اِسْرَائِيلَ.

ابوالقاسم عتاب بیان کرتے ہیں کہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے اور ہمارے ساتھ عبداللہ ابن مسعودؓ بھی بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور کہنے لگا تم میں عبداللہ ابن مسعودؓ کون ہے؟

عبداللہ نے کہا: میں ہوں۔

اس شخص نے کہا: کیا تم لوگوں کے نبیؐ نے تمہیں یہ بیان کیا ہے کہ ان کے بعد کون حضرات خلفاء ہوں گے

عبداللہ ابن مسعود نے کہا: تم نے مجھ سے ایک ایسے امر کے بارے میں سوال کیا ہے کہ جب سے میں عراق آیا ہوں تب سے مجھ اس کے بارے میں کسی نے نہیں پوچھا۔ ہاں تو ان کی تعداد بارہ ہے جیسے کہ بنی اسرائیل کے نقباء بارہ تھے۔

ابوعروبہ نے ایک اور جگہ بیان کیا ہے کہ ''ہاں! تعداد میں بنی اسرائیل کے نقباء جتنے ہوں گے''۔

جریر نے اشعث ابن مسعود کے ذریعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ میرے بعد بارہ خلفا ہوں گے جس طرح کہ نقبائے بنی اسرائیل بھی بارہ تھے۔

⑨ حَدَّثَنَا عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَامِينِيُّ الْحَافِظُ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ اَبِي اُسَامَةَ عَنْ مُجَالِدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَامِرٌ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ هَلْ حَدَّثَكُمْ نَبِيُّكُمْ ﷺ كَمْ يَكُونُ بَعْدَهُ مِنْ خَلِيفَةٍ فَقَالَ نَعَمْ مَا سَاَلَنِي عَنْهَا اَحَدٌ قَبْلَكَ وَ اِنَّكَ لَاَحْدَثُ الْقَوْمِ

سِنّاً قَالَ ﷺ يَكُونُ بَعْدِي عِدَّةُ نُقَبَاءِ مُوسَى عليه السلام.

عامر نے مسروق کے ذریعہ خبر دی کہ ایک شخص ابن مسعود کے پاس آیا اور کہنے لگا: کیا تم لوگوں کے نبیؐ نے تمہیں یہ بیان کیا ہے کہ ان کے بعد کون حضرات خلفاء ہوں گے

عبداللہ ابن مسعود نے کہا: تم نے مجھ سے ایک ایسے امر کے بارے میں سوال کیا ہے کہ جب سے میں عراق آیا ہوں تب سے مجھ اس کے بارے میں کسی نے نہیں پوچھا۔ حالانکہ تم قوم کے سب سے کم عمر ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نقباء کی تعداد میں ہوں گے۔

⑩ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نُعَيْمٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُجَالِدٌ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَلْ حَدَّثَكُمْ نَبِيُّكُمْ ﷺ كَمْ يَكُونُ بَعْدَهُ مِنَ الْخُلَفَاءِ قَالَ نَعَمْ وَ مَا سَاَلَنِي عَنْهُ اَحَدٌ قَبْلَكَ وَ اِنَّكَ لَاَحْدَثُ الْقَوْمِ سِنّاً نَعَمْ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي عِدَّةُ نُقَبَاءِ مُوسَى عليه السلام.

اسناد کے فرق کے ساتھ حدیث تکرار ہوئی ہے۔

⑪ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نُعَيْمٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُجَالِدٌ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَلْ حَدَّثَكُمْ نَبِيُّكُمْ ﷺ كَمْ يَكُونُ بَعْدَهُ مِنَ الْخُلَفَاءِ فَقَالَ نَعَمْ وَ مَا سَاَلَنِي اَحَدٌ قَبْلَكَ وَ اِنَّكَ لَاَحْدَثُ الْقَوْمِ سِنّاً نَعَمْ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي عِدَّةُ نُقَبَاءِ مُوسَى عليه السلام.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں اپنے والد کے ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے میں نے آپؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ امیر ہوں گے اس کے بعد آپؐ نے آواز دھیمی کر لی تو میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سے کیا بات پوشیدہ رکھ رہے ہیں؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

⑫ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ هَارُونُ بْنُ اِسْحَاقَ يَعْنِي الْهَمْدَانِيَّ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ وَ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِي عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ

فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيراً ثُمَّ اَخْفَى صَوْتَهُ فَقُلْتُ لِاَبِي مَا الَّذِي اَخْفَى رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

اسناد کے فرق کے ساتھ سابقہ حدیث تکرار ہوئی ہے۔

⑬ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْيَشْكُرِيُّ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عَمَّارٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَزِينٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أشوع عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جِئْتُ مَعَ اَبِي اِلَى الْمَسْجِدِ وَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ يَعْنِي اَمِيراً ثُمَّ خَفَضَ مِنْ صَوْتِهِ فَلَمْ اَدْرِ مَا يَقُولُ فَقُلْتُ لِاَبِي مَا قَالَ فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

اسناد کے فرق کے ساتھ سابقہ حدیث تکرار ہوئی ہے۔

⑭ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ طَاهِرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْخَثْعَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ يَعْنِي مُحَمَّدَ بْنَ عَلَاءٍ الْهَمَدَانِيَّ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي يَعْنِي ابْنَ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيَّ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيراً ثُمَّ تَكَلَّمَ فَخَفِيَ عَلَيَّ مَا قَالَ فَسَاَلْتُ اَبِي مَا الَّذِي قَالَ فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

اسناد کے فرق کے ساتھ سابقہ حدیث تکرار ہوئی ہے۔

⑮ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ يَعْنِي الْبُسْرِيَّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ يَعْنِي غُنْدَرَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيراً وَ قَالَ كَلِمَةً لَمْ اَسْمَعْهَا فَقَالَ الْقَوْمُ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

اسناد کے فرق کے ساتھ سابقہ حدیث تکرار ہوئی ہے۔

⑯ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْمَرْوَزِيُّ بِالرَّيِّ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ يَعْنِي ابْنَ شَقِيقٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ قَالَ حَدَّثَنِي سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ اِنَّ هَذَا الْاَمْرَ لَنْ يَنْقَضِيَ حَتَّى يَمْلِكَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ فَقَالَ كَلِمَةً خَفِيَّةً لَمْ اَفْهَمْهَا فَقُلْتُ لِاَبِي مَا قَالَ فَقَالَ قَالَ عليه السلام كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں اپنے والد کے ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے میں نے آپؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ یہ امر تکمیل تک نہیں پہنچے گا یہاں تک کہ میرے بعد بارہ خلفا متمکن ہوں جو سب کے سب..... اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

⑰ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعْدَانَ بْنِ سَهْلٍ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَا يَزَالُ هَذَا الدِّينُ عَزِيزاً مَنِيعاً يُنْصَرُونَ عَلَى مَنْ نَاوَاهُمْ اِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً وَ قَالَ كَلِمَةً اَصَمَّنِيهَا النَّاسُ فَقُلْتُ لِاَبِي مَا الْكَلِمَةُ الَّتِي اَصَمَّنِيهَا النَّاسُ فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ دین اسی طرح معزز ومحفوظ رہے گا اور ان لوگوں کی مدد کرتا رہے گا یہاں تک کہ بارہ خلیفہ مقرر ہوں گے۔

راوہ کہتا ہے کہ اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

⑱ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ كُمَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ قَيْسٍ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَا تَزَالُ هَذِهِ الْاُمَّةُ مُسْتَقِيماً اَمْرُهَا ظَاهِرَةً عَلَى عَدُوِّهَا حَتَّى يَمْضِيَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ فَاَتَيْتُهُ فِي مَنْزِلِهِ قُلْتُ ثُمَّ يَكُونُ مَاذَا قَالَ ثُمَّ الْهَرْجُ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس امت کے امور بالکل درست رہیں گے اور یہ دین اپنے دشمن پر ہمیشہ غالب رہے گا یہاں تک کہ بارہ خلیفہ گزر جائیں کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

میں آپؐ کے گھر آپؐ سے ملنے گیا اور آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ اس کے بعد کیا ہوگا؟

آپؐ نے فرمایا: ہرج مرج۔

⑲ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ سَالِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ اَخْبَرَنَا شَرِيكٌ عَنْ سِمَاكٍ وَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَيْرٍ وَ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالُوا سَمِعْنَا جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُولُ دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ مَعَ اَبِي فَقَالَ لَا تَزَالُ هَذِهِ الْاُمَّةُ صَالِحاً اَمْرُهَا ظَاهِرَةً عَلَى عَدُوِّهَا حَتَّى يَمْضِيَ اثْنَا عَشَرَ مَلِكاً اَوْ قَالَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً خَفِيَتْ عَلَيَّ فَسَاَلْتُ اَبِي فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں اپنے والد کے ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے میں نے آپؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ اس امت کے تمام امور درست رہیں گے اور یہ اپنے دشمن پر ہمیشہ غالب رہے گا یہاں تک کہ میرے بعد بارہ افراد بادشاہت کریں یا فرمایا: بارہ افراد خلیفہ مقرر ہوں۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

⑳ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ الْاَشَجُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ زَيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ زِيَادَ بْنَ عِلَاقَةَ وَ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ يُحَدِّثَانِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِي عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيراً ثُمَّ اَخْفَى صَوْتَهُ فَسَاَلْتُ اَبِي فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ بیان کرتا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد بارہ امیر ہوں گے۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

㉑ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ اَخْبَرَنَا زُهَيْرٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ وَ زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ وَ حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ كُلُّهُمْ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيراً غَيْرَ اَنْ قَالَ فِي حَدِيثِهِ ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ اَفْهَمْهُ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ فِي حَدِيثِهِ فَسَاَلْتُ اَبِي وَ قَالَ بَعْضُهُمْ فَسَاَلْتُ الْقَوْمَ فَقَالُوا قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ بیان کرتا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد بارہ امیر ہوں گے۔ اس کے بعد

آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا۔

ایک حدیث میں ہے کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

دوسری حدیث میں کہ میں نے لوگوں سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

۴۲ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ عِمْرَانَ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ لَا يَزَالُ اَمْرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ عَالِياً عَلَى مَنْ نَاوَاهَا حَتَّى تَمْلِكَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً خَفِيَّةً لَمْ اَفْهَمْهَا فَسَاَلْتُ مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ مِنِّي فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میری امت کے امور اس سے دشمنی کرنے والے پر گالب رہیں گے یہاں تک کہ میرے بعد بارہ خلفا متمکن ہوں۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے لوگوں نے مجھے سننے نہ دیا میں نے اپنے والد سے پوچھا: وہ کلمہ کیا تھا جسے لوگوں نے مجھے سننے نہ دیا؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

۴۳ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَبُو يَعْقُوبَ السَّمِينُ الْبَغَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَا يَزَالُ هَذَا الدِّينُ عَزِيزاً مَنِيعاً سَنِيّاً يُنْصَرُونَ عَلَى مَنْ نَاوَاهُمْ اِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ اَصَمَّنِيهَا النَّاسُ فَقُلْتُ لِاَبِي مَا الْكَلِمَةُ الَّتِي اَصَمَّنِيهَا النَّاسُ فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں اپنے والد کے ہمراہ تھا درحالیکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطاب فرمارہے تھے میں نے آپؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ امیر ہوں گے اس کے بعد آپؐ نے اپنی آواز دھیمی کرتو نیں جان نہ سکا کہ آپؐ نے کیا فرمایا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں نے کہا کہ آپؐ نے فرمایا کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

۴۴ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ

بْنُ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَزِينٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اَشْوَعَ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السِّوَائِيِّ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِي فِي الْمَسْجِدِ وَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ يَكُونُ مِنْ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيراً ثُمَّ خَفَضَ مِنْ صَوْتِهِ فَلَمْ اَدْرِ مَا يَقُولُ فَقُلْتُ لِاَبِي مَا قَالَ ﷺ فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں اپنے والد کے ہمراہ مسجد میں تھا درحالیکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطاب فرمارہے تھے میں نے آپؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ امیر ہوں گے اس کے بعد آپؐ نے اپنی آواز دھیمی کرتو نیں جان نہ سکا کہ آپؐ نے کیا فرمایا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں نے کہا کہ آپؐ نے فرمایا کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

۲۵ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ سَالِمٍ السُّلَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَزِينٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اَشْوَعَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِي فِي الْمَسْجِدِ وَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ خَفَضَ صَوْتَهُ فَلَمْ اَدْرِ مَا يَقُولُ فَقُلْتُ لِاَبِي مَا يَقُولُ فَقَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں اپنے والد کے ہمراہ تھا درحالیکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطاب فرمارہے تھے میں نے آپؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ امیر ہوں گے اس کے بعد آپؐ نے اپنی آواز دھیمی کرتو نیں جان نہ سکا کہ آپؐ نے کیا فرمایا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں نے کہا کہ آپؐ نے فرمایا کہ وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

۲۶ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَاضِي قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو يَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَمَّا رَجَعَ اِلَى مَنْزِلِهِ اَتَيْتُهُ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ وَقُلْتُ ثُمَّ يَكُونُ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَكُونُ الْهَرْجُ.

جابر ابن سمرہ روایت بیان کرتا کہ میں اپنے والد کے ہمراہ مسجد میں تھا جبکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ ارشاد فرمارہے تھے میں نے آپؐ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے بعد بارہ خلفا ہوں گے اور یہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

پس جب آپؑ گھر لوٹ گئے تو میں آپؑ کے گھر آپؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ اس کے بعد کیا ہوگا؟

آپؐ نے فرمایا: ہرج مرج۔

۴۷ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَاضِی قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِیفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ یَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَا یَزَالُ اَمْرُ النَّاسِ مَاضِیاً حَتَّی یَلِیَ عَلَیْهِمْ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا ثُمَّ تَکَلَّمَ بِکَلِمَةٍ خَفِیَتْ عَلَیَّ فَقُلْتُ لِاَبِی مَا قَالَ فَقَالَ قَالَ کُلُّهُمْ مِنْ قُرَیْشٍ.

جابر ابن سمرہ بیان کرتا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے امور اپنی ڈگر پر چلتے رہیں گے یہاں تک بارہ افراد ان پر ولایت حاصل کرلیں۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا میں نے اپنے والد سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

۴۸ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَاضِی قَالَ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَیْبٍ الْبَلْخِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا بَشِیرُ بْنُ الْوَلِیدِ الْکِنْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ یَحْیَی بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللهِ عَنْ سَعِیدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ لَا یَزَالُ هَذَا الدِّینُ صَالِحاً لَا یَضُرُّهُ مَنْ عَادَاهُ اَوْ مَنْ نَاوَاهُ حَتَّی یَکُونَ اثْنَا عَشَرَ اَمِیراً کُلُّهُمْ مِنْ قُرَیْشٍ.

جابر ابن سمرہ بیان کرتا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دین خدا زائل نہیں ہوگا اور اپنی ڈگر پر چلتا رہے گا اور اس کے دشمن اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے یہاں تک کہ بارہ امیر ہوں گے اور وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

۴۹ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی زواد اررَوَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ شَاذَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِیدُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَوَّلُ بْنُ ذَکْوَانَ قَالَ حَدَّثَنِی اَبِی عَنْ اَبِیهِ عَنِ ابْنِ سِیرِینَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السُّوَائِیِّ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ یَلِی هَذَا الْاَمْرَ اثْنَا عَشَرَ قَالَ فَصَرَخَ النَّاسُ فَلَمْ اَسْمَعْ مَا قَالَ فَقُلْتُ لِاَبِی وَ کَانَ اَقْرَبَ اِلَی رَسُولِ اللهِ ﷺ مِنِّی فَقُلْتُ مَا قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَقَالَ قَالَ کُلُّهُمْ مِنْ قُرَیْشٍ وَ کُلُّهُمْ لَا یُرَی مِثْلُهُ.

جابر ابن سمرہ بیان کرتا ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس دین کی

ولایت بارہ افراد کے ہاتھ میں ہوگی تو لوگ شور کرنے لگے کہ جس کی وجہ سے جس کی وجہ سے میں نے نہیں سنا کہ پھر رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا۔ میں نے اپنے والد سے پوچھا جو میری نسبت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نزدیک تھے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرمارہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے اوران میں سے ہرایک بے مثال ہوگا۔

۳۰ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو يَعْلَى الْمَوْصِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كَتَبْتُ اِلَى جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ مَعَ غُلَامِي نَافِعٍ اَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَكَتَبَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَوْمَ جُمُعَةٍ عَشِيَّةَ رَجْمِ الْاَسْلَمِيِّ لَا يَزَالُ الدِّينُ قَائِماً حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ وَ يَكُونَ عَلَيْكُمُ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

عامر ابن سعد سے منقول ہے کہ میں نے اپنے غلام نافع کے ہاتھ جابر ابن سمرہ کو ایک خط ارسال کیا کہ جس میں میں نے اس سے کہا کہ جو تم نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے وہ مجھے بھی بتاؤ تو اس نے جوابی خط میں تحریر کیا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جمعہ کے روز کہ جس کی شب اسلمی کو سنگسار کیا گیا تھا یہ کہتے سنا کہ دین اسلام تا قیام قیامت قائم ودائم رہے گا اور تم پر بارہ خلفا مقرر ہوں گے جن میں سے ہرایک قریشی ہوگا۔

۳۱ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ عَبْدِ رَبِّهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ قَارِنٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْهِسَنْجَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ عَنْ بُجَيْرِ بْنِ اَبِي بُجَيْرٍ عَنْ سَرْجٍ الْبَرْمَكِيِّ قَالَ فِي الْكِتَابِ اِنَّ هَذِهِ الْاُمَّةَ فِيهِمُ اثْنَا عَشَرَ وَ جَدُّهُمْ نَبِيُّهُمْ فَاِذَا وَفَتِ الْعِدَّةُ طَغَوْا وَ بَغَوْا فِي الْاَرْضِ وَ كَانَ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ.

مجیر ابن ابی عنبہ نے سرج برمشی کے ذریعہ روایت بیان کی کہ اس نے اپنے خط میں لکھا تھا کہ اس امت میں بارہ (خلفا) ہوں گے اور جب یہ مدت ختم ہوجائے گی تو یہ لوگ باغی وسرکش ہوجائیں گے اوران میں باہم جنگ چھڑ جائے گی۔

۳۲ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قَارِنٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْهِسَنْجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَدِيرٌ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ نَجْرَانَ اِنَّ اَبَا الْخَالِدِ حَدَّثَهُ وَ حَلَفَ لَهُ عَلَيْهِ اَلَا تُهْلِكُ هَذِهِ الْاُمَّةُ حَتَّى يَكُونَ فِيهَا اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ يَعْمَلُ بِالْهُدَى وَ دِينِ الْحَقِّ.

ابوخالد نے قسم کھا کر بیان کیا کہ جب تک اس امت میں بارہ خلیفہ نہیں آتے یہ امت ہلاک نہیں ہوگی کہ ان میں ہر

کوئی ہدایت اور دین حق کے راستے پر چلے گا۔

۴۴ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ الطَّيَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنِي سُفْيَانُ عَنْ بُرْدٍ عَنْ مَكْحُولٍ اَنَّهُ قِيلَ لَهُ اِنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ نَعَمْ وَ ذَكَرَ لَفْظَةً اُخْرَى.

مکحول نقل کرتے ہیں کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد بارہ خلفا ہوں گے (کیا یہ صحیح ہے؟) اس نے کہا: ہاں! اور اس نے کچھ اور بھی بیان کیا۔

۴۴ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ الطَّيَّانِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنِ ابْنِ مُبَارَكٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَمَّنْ سَمِعَ وَهْبَ بْنَ مُنَبِّهٍ يَقُولُ يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ يَكُونُ الْهَرْجُ ثُمَّ يَكُونُ كَذَا ثُمَّ يَكُونُ كَذَا وَ كَذَا.

وہب ابن عنبہ کو کہتے ہوئے سنا کہ بارہ خلفا ہوں گے اور کے بعد ہرج مرج اس کے بعد یہ اس کے بعد وہ.....

۴۵ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو الْبَكَّائِيِّ عَنْ كَعْبِ الْاَحْبَارِ قَالَ فِي الْخُلَفَاءِ هُمُ اثْنَا عَشَرَ فَاِذَا كَانَ عِنْدَ انْقِضَاءِهِمْ وَ اَتَى طَبَقَةٌ صَالِحَةٌ مَدَّ اللهُ لَهُمْ فِي الْعُمُرِ كَذَلِكَ وَعَدَ اللهُ هَذِهِ الْاُمَّةَ ثُمَّ قَرَاَ وَعَدَ اللهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَالَ وَ كَذَلِكَ فَعَلَ اللهُ بِبَنِي اِسْرَائِيلَ وَ لَيْسَتْ بِعَزِيزٍ اَنْ تَجْمَعَ هَذِهِ الْاُمَّةَ يَوْماً اَوْ نِصْفَ يَوْمٍ وَ اِنَّ يَوْماً عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ.

کعب الاخبار نے نقل کیا کہ خلفا کی تعداد بارہ ہے۔ پس جب ان کی مدت ختم ہونے کو آئے گی تو ایک نیکوکار طبقہ آئے گا کہ جن کی عمریں دراز ہوں گی اور یہی اللہ تعالیٰ نے اپنی امت سے وعدہ کیا ہے اس کے بعد اس نے اس آیت کی تلاوت کی:

"وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ" (اے ایمان دارو) تم میں سے جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور اچھے اچھے کام کیے ان سے خدا نے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کو (ایک نہ ایک دن) روئے زمین پر ضرور (اپنا) نائب مقرر کرے گا جس طرح ان لوگوں کو نائب بنایا جو

ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ [1]

اس نے کہا: اور بنی اسرائیل کے ساتھ بھی خدا نے یہی سلوک روا رکھا تھا۔ نیز خدا کے لئے یہ بات کوئی گراں نہیں کہ وہ اس امت کے امور کو ایک یا نصف دن میں درست فرما دے جبکہ تمہارے پروردگار کے ہاں کا ایک دن ان ایک ہزار سالوں کی مانند ہے کہ جنہیں تم شمار کرتے ہو۔

۴۶ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْقَصْرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ بِشْرُ بْنُ مُوسَى بْنِ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ خَلَفُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَوْهَرِيُّ عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ سِمَاكٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ السُّوَائِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَقُومُ مِنْ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيراً ثُمَّ تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ لَمْ اَفْهَمْهَا فَسَاَلْتُ الْقَوْمَ فَقَالُوا قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ بیان کرتا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد بارہ امیر ہوں گے۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا۔

میں نے لوگوں سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

۴۷ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ الْكُمَيْتِ بْنِ بُهْلُولٍ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِي عُمَرَ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَا يَزَالُ اَمْرُ اُمَّتِي ظَاهِراً حَتَّى يَمْضِيَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ.

جابر ابن سمرہ بیان کرتا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد بارہ امیر قائم ہوں گے۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک ایسا کلمہ ادا فرمایا کہ جسے میں سمجھ نہ سکا۔

لہٰذا میں نے کچھ لوگوں سے پوچھا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیا فرمایا ہے؟

انہوں جواب دیا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ وہ سب کے سب قریشی ہوں گے۔

۴۸ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي خَلَفٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ اَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ قَيْسٍ الْهِلَالِيِّ

---

[1] سورۂ نور آیت ۵۵

عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَ إِذَا الْحُسَيْنُ عَلَى فَخِذَيْهِ وَ هُوَ يُقَبِّلُ عَيْنَيْهِ وَ يَلْثِمُ فَاهُ وَ هُوَ يَقُولُ أَنْتَ سَيِّدٌ ابْنُ سَيِّدٍ أَنْتَ إِمَامٌ ابْنُ إِمَامٍ أَبُو الْأَئِمَّةِ أَنْتَ حُجَّةٌ ابْنُ حُجَّةٍ أَبُو حُجَجٍ تِسْعَةٍ مِنْ صُلْبِكَ تَاسِعُهُمْ قَائِمُهُمْ.

سلمان فارسی سے منقول ہے کہ جب میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے دیکھا کہ امام حسین علیہ السلام آپ کی گود میں تشریف فرما ہیں اور آپؐ ان کی آنکھوں اور ہونٹوں کو بوسے دے رہے تھے اور فرماتے جاتے تھے تم سید ابن سید ہو، تم امام ابن امام ہو، ابوالائمہ ہو، تم حجت ابن حجت ہو، اور حجتوں کے باپ ہو کہ تمہارے صلب سے نو حجتیں ہوں گی کہ جن میں نویں ان کے قائم (عجل اللہ فرجہ الشریف) ہوں گے۔

۴۹ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام قَالَ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْكُوفِيُّ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ قَالَ أَخْبَرَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا غِيَاثُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَبْشِرُوا ثُمَّ أَبْشِرُوا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ إِنَّمَا مَثَلُ أُمَّتِي كَمَثَلِ غَيْثٍ لَا يُدْرَى أَوَّلُهُ خَيْرٌ أَمْ آخِرُهُ إِنَّمَا مَثَلُ أُمَّتِي كَمَثَلِ حَدِيقَةٍ أُطْعِمَ مِنْهَا فَوْجٌ عَاماً ثُمَّ أُطْعِمَ مِنْهَا فَوْجٌ عَاماً لَعَلَّ آخِرَهَا فَوْجاً يَكُونُ أَعْرَضَهَا بَحْراً وَ أَعْمَقَهَا طُولًا وَ فَرْعاً وَ أَحْسَنَهَا جَنًى وَ كَيْفَ تَهْلِكُ أُمَّةٌ أَنَا أَوَّلُهَا وَ اثْنَا عَشَرَ مِنْ بَعْدِي مِنَ السُّعَدَاءِ وَ أُولِي الْأَلْبَابِ وَ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ آخِرُهَا وَ لَكِنْ يَهْلِكُ بَيْنَ ذَلِكَ نُتَيْجَ الْهَرْجِ لَيْسُوا مِنِّي وَ لَسْتُ مِنْهُمْ.

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مبارک ہو مبارک..... تین مرتبہ۔ میری امت کی مثال ایسی بارش کی سی ہے کہ جس کے متعلق یہ نہیں پتا کہ آیا اس کی شروعات بہتر ہیں یا انجام بہتر ہے۔ میری امت کی مثال اس باغ کی سی ہے کہ جس میں سے ایک سال ایک قول کھاتی ہے تو دوسرے سال دوسری قوم سب سے بیشتر پر بار، برتر اور پائیدار ہے۔ نیز یہ قوم کیسے ہلاک ہوسکتی ہے جس کا پہلا میں ہوں اور میرے بعد بارہ خوش بخت اور صاحبان بصیرت اور حضرت عیسیٰ مسیح ابن مریم علیہما السلام اس کے آخر ہیں لیکن اس کے درمیان والے ہرج مرج میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جائیں گے کہ وہ نہ مجھ سے ہیں اور نہ میں ان سے۔

۵۰ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْخَطَّابِ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ مِسْكِينٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ صَالِحِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام قَالَ لَمَّا هَلَكَ أَبُو بَكْرٍ وَ اسْتُخْلِفَ عُمَرُ رَجَعَ عُمَرُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَقَعَدَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنِّي رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ وَ أَنَا عَلَّامَتُهُمْ وَ قَدْ أَرَدْتُ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ مَسَائِلَ إِنْ أَجَبْتَنِي فِيهَا أَسْلَمْتُ قَالَ مَا

هِيَ قَالَ ثَلَاثٌ وَ ثَلَاثٌ وَ وَاحِدَةٌ فَإِنْ شِئْتَ سَأَلْتُكَ وَ إِنْ كَانَ فِي الْقَوْمِ أَحَدٌ أَعْلَمَ مِنْكَ فَأَرْشِدْنِي إِلَيْهِ قَالَ عَلَيْكَ بِذَلِكَ الشَّابِّ يَعْنِي عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام فَأَتَى عَلِيّاً عليه السلام فَسَأَلَهُ فَقَالَ لَهُ لِمَ قُلْتَ ثَلَاثاً وَ ثَلَاثاً وَ وَاحِدَةً أَلَا قُلْتَ سَبْعاً قَالَ إِنِّي إِذاً لَجَاهِلٌ إِنْ لَمْ تُجِبْنِي فِي الثَّلَاثِ اكْتَفَيْتُ قَالَ فَإِنْ أَجَبْتُكَ تُسْلِمُ قَالَ نَعَمْ قَالَ سَلْ قَالَ أَسْأَلُكَ عَنْ أَوَّلِ حَجَرٍ وُضِعَ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ وَ أَوَّلِ عَيْنٍ نَبَعَتْ وَ أَوَّلِ شَجَرَةٍ نَبَتَتْ قَالَ يَا يَهُودِيُّ أَنْتُمْ تَقُولُونَ أَوَّلُ حَجَرٍ وُضِعَ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ الَّذِي فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَ كَذَبْتُمْ هُوَ الْحَجَرُ الَّذِي نَزَلَ بِهِ آدَمُ مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ صَدَقْتَ وَ اللهِ إِنَّهُ لَبِخَطِّ هَارُونَ وَ إِمْلَاءِ مُوسَى قَالَ وَ أَنْتُمْ تَقُولُونَ إِنَّ أَوَّلَ عَيْنٍ نَبَعَتْ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ الْعَيْنُ الَّتِي بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ وَ كَذَبْتُمْ هِيَ عَيْنُ الْحَيَاةِ الَّتِي غَسَلَ فِيهَا يُوشَعُ بْنُ نُونٍ السَّمَكَةَ وَ هِيَ الْعَيْنُ الَّتِي شَرِبَ مِنْهَا الْخَضِرُ وَ لَيْسَ يَشْرَبُ مِنْهَا أَحَدٌ إِلَّا حَيِيَ قَالَ صَدَقْتَ وَ اللهِ إِنَّهُ لَبِخَطِّ هَارُونَ وَ إِمْلَاءِ مُوسَى قَالَ وَ أَنْتُمْ تَقُولُونَ أَوَّلُ شَجَرَةٍ نَبَتَتْ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ الزَّيْتُونُ وَ كَذَبْتُمْ هِيَ الْعَجْوَةُ الَّتِي نَزَلَ بِهَا آدَمُ عليه السلام مِنَ الْجَنَّةِ مَعَهُ قَالَ صَدَقْتَ وَ اللهِ إِنَّهُ لَبِخَطِّ هَارُونَ وَ إِمْلَاءِ مُوسَى قَالَ وَ الثَّلَاثُ الْأُخْرَى كَمْ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ مِنْ إِمَامٍ هُدًى لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ قَالَ اثْنَا عَشَرَ إِمَاماً قَالَ صَدَقْتَ وَ اللهِ إِنَّهُ لَبِخَطِّ هَارُونَ وَ إِمْلَاءِ مُوسَى قَالَ فَأَيْنَ يَسْكُنُ نَبِيُّكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ فِي أَعْلَاهَا دَرَجَةً وَ أَشْرَفِهَا مَكَاناً فِي جَنَّةِ عَدْنٍ قَالَ صَدَقْتَ وَ اللهِ إِنَّهُ لَبِخَطِّ هَارُونَ وَ إِمْلَاءِ مُوسَى ثُمَّ قَالَ فَمَنْ يَنْزِلُ بَعْدَهُ فِي مَنْزِلِهِ قَالَ اثْنَا عَشَرَ إِمَاماً قَالَ صَدَقْتَ وَ اللهِ إِنَّهُ لَبِخَطِّ هَارُونَ وَ إِمْلَاءِ مُوسَى ثُمَّ قَالَ السَّابِعَةَ فَأَسْلَمَ كَمْ يَعِيشُ وَصِيُّهُ بَعْدَهُ قَالَ ثَلَاثِينَ سَنَةً قَالَ ثُمَّ مَهْ يَمُوتُ أَوْ يُقْتَلُ قَالَ يُقْتَلُ يُضْرَبُ عَلَى قَرْنِهِ فَتُخْضَبُ لِحْيَتُهُ قَالَ صَدَقْتَ وَ اللهِ إِنَّهُ لَبِخَطِّ هَارُونَ وَ إِمْلَاءِ مُوسَى.

و قد أخرجت هذا الحديث من طرق فی کتاب الأوائل.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس وقت ابوبکر کی موت واقع ہوئی اور حضرت عمر اس کی جگہ خلیفہ بنے تو وہ مسجد کی طرف گئے اور وہاں جا کر بیٹھ گئے تو ان کے پاس ایک شخص آ کر کہنے لگا: اے امیر المومنین! میں ایک یہودی شخص ہوں اور میں ان میں ایک علامت ہوں (یعنی ان کے درمیان ایک مقام رکھتا ہوں) میں نے آپ سے کچھ سوالات پوچھنے کا ارادہ کیا ہے اگر ان کے جوابات دے دیں تو میں اسلام قبول کر لوں گا۔

حضرت عمر نے کہا: سوالات کیا ہیں؟

یہودی نے کہا: تین تین اور ایک۔ اگر آپ کی اجازت ہو تو پوچھوں ورنہ اگر آپ کی قوم میں کوئی آپ سے بہتر علم

رکھتا ہے تو میری رہنمائی اس شخص کی جانب کر دیں۔

حضرت عمر نے کہا: تمہیں چاہئے کہ اس نوجوان (حضرت علی علیہ السلام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا) سے رجوع کرو۔

وہ شخص حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے سوال کیا تو حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: تم نے یہ کیوں کہا تین تین اور ایک جبکہ تم سات بھی کہہ سکتے تھے؟

اس نے کہا: اگر میں ایسا کہتا تو میں جاہل ہوتا۔ اس لئے کہ اگر آپ نے میرے پہلے تین سوالات کے جوابات نہ دیئے تو میرے لئے یہی کافی ہیں۔

آپ نے اس سے پوچھا اگر میں جوابات دے دوں تو کیا تم اسلام قبول کر لو گے؟

اس نے کہا: ہاں!

آپ نے فرمایا: پوچھو۔

اس نے کہا: (۱) میں آپ سے اس پتھر کے بارے میں پوچھوں گا جسے روئے زمین پر سب سے پہلے رکھا گیا (۲) اس چشمہ کے بارے میں جو سب سے پہلے پھوٹا اور (۳) اس درخت کے بارے میں جو سب سے پہلے اُگا۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اے یہودی! تم یہودی لوگ کہتے ہو کہ روئے زمین پر سب سے پہلے بیت المقدس میں پتھر رکھا گیا حالانکہ یہ جھوٹ ہے یہ وہ پتھر ہے جو حضرت آدم علیہ السلام جنت سے لائے تھے۔

یہودی نے کہا: خدا کی قسم! آپ نے بالکل درست فرمایا کہ یہی حضرت ہارون علیہ السلام کی تحریر میں لکھا ہوا ہے جسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے املاء کروایا تھا۔

پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: تم لوگ کہتے ہو کہ روئے زمین پر پھوٹنے والا سب سے پہلا چشمہ بیت المقدس میں ہے حالانکہ تم لوگ جھوٹ بولتے ہو بلکہ یہ وہ چشمۂ حیات ہے جس میں حضرت یوشع بن نون علیہ السلام نے مچھلی دھوئی تھی اور یہی وہ چشمہ ہے جس میں سے حضرت خضر علیہ السلام نے پانی پیا تھا اور یہی آب حیات ہے کہ جس کا پینے والا ہمیشہ رہتا ہے۔

یہودی نے کہا: خدا کی قسم! آپ نے بالکل درست فرمایا کہ یہی حضرت ہارون علیہ السلام کی تحریر میں لکھا ہوا ہے جسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے املاء کروایا تھا۔

پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: تم لوگ کہتے ہو کہ روئے زمین پر سب سے پہلا درخت زیتون کا اگا ہے جبکہ تم لوگ جھوٹ بولتے ہو بلکہ یہ درخت عبوہ (کھجور کی ایک قسم) ہے کہ جسے آدم علیہ السلام جنت سے اپنے ساتھ لائے تھے۔

یہودی نے کہا: خدا کی قسم! آپ نے بالکل درست فرمایا کہ یہی حضرت ہارون علیہ السلام کی تحریر میں لکھا ہوا ہے جسے

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے املاء کروایا تھا۔

اس کے بعد یہودی نے کہا: دیگر تین سوالات یہ ہیں کہ اس امت کے امام ہادی کتنے ہیں کہ جن سے منہ پھیرنے والے ان کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے؟

آپؑ نے فرمایا: بارہ امام ہیں۔

یہودی نے کہا: خدا کی قسم! آپ نے بالکل درست فرمایا کہ یہی حضرت ہارون علیہ السلام کی تحریر میں لکھا ہوا ہے جسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے املاء کروایا تھا۔

اس یہودی نے پوچھا: آپ لوگوں کے نبی جنت میں کس جگہ قیام کریں گے۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: جنات عدن میں سب سے بلند ترین اور بہترین جگہ میں۔

یہودی نے کہا: خدا کی قسم! آپ نے بالکل درست فرمایا کہ یہی حضرت ہارون علیہ السلام کی تحریر میں لکھا ہوا ہے جسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے املاء کروایا تھا۔

اس کے بعد اس نے ساتواں سوال کیا اور مسلمان ہو گیا: نبی کے بعد اس کا وصی کتنے سال زندہ رہے گا؟

آپؑ نے فرمایا: تیس سال

اس نے پوچھا: اس کے بعد کیا وہ طبعی موت مرے یا اسے قتل کیا جائے گا؟

آپؑ نے فرمایا: اسے قتل کیا جائے گا کہ اس کے سر پر ضربت لگائی جائے گی اور اس کی داڑھی خون سے رنگین ہو جائے گی۔

یہودی نے کہا: خدا کی قسم! آپ نے بالکل درست فرمایا کہ یہی حضرت ہارون علیہ السلام کی تحریر میں لکھا ہوا ہے جسے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے املاء کروایا تھا۔

مؤلف کتاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث کتاب اوائل میں کئی سلسلہ اسناد کے ساتھ نقل کی ہے۔

(۴۱) حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی عُمَیْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ اُذَیْنَةَ عَنْ اَبَانِ بْنِ اَبِی عَیَّاشٍ عَنْ سُلَیْمِ بْنِ قَیْسٍ الْهِلَالِیِّ وَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِیدِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ یَعْقُوبَ بْنِ یَزِیدَ وَ اِبْرَاهِیمَ بْنِ هَاشِمٍ جَمِیعاً عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِیسَی عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ عُمَرَ الْیَمَانِیِّ عَنْ اَبَانِ بْنِ اَبِی عَیَّاشٍ عَنْ سُلَیْمِ بْنِ قَیْسٍ الْهِلَالِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ جَعْفَرٍ الطَّیَّارَ یَقُولُ کُنَّا عِنْدَ مُعَاوِیَةَ اَنَا وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَیْنُ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَ عُمَرُ بْنُ اَبِی سَلَمَةَ وَ اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ فَجَرَی بَیْنِی وَ بَیْنَ مُعَاوِیَةَ کَلَامٌ

فَقُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ اَنَا اَوْلى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ثُمَّ اَخِي عَلِيُّ بْنُ اَبِي طالب عليه السلام اَوْلى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَاِذَا اسْتُشْهِدَ عَلِيٌّ فَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍ اَوْلى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ثُمَّ ابْنُهُ الْحُسَيْنُ بَعْدُ اَوْلى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَاِذَا اسْتُشْهِدَ فَابْنُهُ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَكْبَرُ اَوْلى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ثُمَّ ابْنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْبَاقِرُ اَوْلى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ سَتُدْرِكُهُ يَا حُسَيْنُ ثُمَّ تَكْمِلَةُ اثْنَيْ عَشَرَ اِمَاماً تِسْعَةٌ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ ثُمَّ اسْتَشْهَدْتُ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ وَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَ عُمَرَ بْنَ اَبِي سَلَمَةَ وَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَشَهِدُوا لِي عِنْدَ مُعَاوِيَةَ قَالَ سُلَيْمُ بْنُ قَيْسٍ الْهِلَالِيُّ وَ قَدْ سَمِعْتُ ذَلِكَ مِنْ سَلْمَانَ وَ اَبِي ذَرٍّ وَ الْمِقْدَادِ وَ ذَكَرُوا اَنَّهُمْ سَمِعُوا ذَلِكَ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ

عبداللہ ابن جعفر طیارؓ سے منقول ہے کہ ہم لوگ معاویہ کے پاس تھے میں امام حسنؑ، امام حسینؑ، عبداللہ ابن عباس، عمر ابن ابی سلمہ اور اسامہ ابن زید فجری (بھی میرے ساتھ تھے)۔ میرے اور معاویہ کے درمیان کچھ گفتگو ہوئی تو میں معاویہ سے کہا: میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں مومنین کی جان سے بھی زیادہ اولیٰ ہوں، اس کے بعد میرا بھائی علی ابن ابی طالب علیہ السلام مومنین کی جان سے بھی زیادہ ولی ہے۔ پس جب علی شہید ہو جائیں تو حسن ابن علی علیہما السلام مومنین کی جان سے زیادہ اولیٰ ہیں، اس کے بعد میرا بیٹا حسین علیہ السلام مومنین کی جان سے بھی زیادہ اولیٰ ہے جب یہ شہید ہو جائیں تو اس کا بڑا بیٹا علی ابن الحسین مومنین کی جان سے زیادہ اولیٰ ہے اس کے بعد میرا بیٹا محمد باقر ابن علی علیہما السلام مومنین کی جان سے بھی زیادہ اولیٰ ہے اور اس کو تم بھی دیکھو گے اس کے بعد حسین علیہ السلام کی اولاد سے بارہ امام پورے ہوں گے۔

عبداللہ ابن جعفر نے کہا: اس کے بعد میں نے امام حسنؑ امام حسینؑ، عبداللہ ابن قیس، عمر ابن ابی سلمہ اور اسامہ بن زید کو گواہ بنایا اور ان سب حضرات نے معاویہ کے سامنے میرے حق میں گواہی دی کہ انہوں نے بھی حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایسے ہی سنا ہے۔

۴۴ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ اَبِي الْجَارُودِ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى فَاطِمَةَ عليها السلام وَ بَيْنَ يَدَيْهَا لَوْحٌ فِيهِ اَسْمَاءُ الْاَوْصِيَاءِ فَعَدَدْتُ اثْنَيْ عَشَرَ اَحَدُهُمُ الْقَائِمُ ثَلَاثَةٌ مِنْهُمْ مُحَمَّدٌ وَ ثَلَاثَةٌ مِنْهُمْ عَلِيٌّ.

جابر ابن عبداللہ انصاری سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ میں جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؑ کے دست مبارک میں ایک لوح تھی جس میں اوصیا کے نام تھے لہٰذا میں نے شمار کیا تو وہ بارہ تھے ان میں سے ایک قائم

تھے تین محمدؐ اور تین علیؑ۔

۴۳ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَیْلٍ الصَّیْرَفِیِّ عَنْ اَبِی حَمْزَةَ الثُّمَالِیِّ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیه السلام قَالَ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ اَرْسَلَ مُحَمَّداً صلی الله علیه و آله اِلَی الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ جَعَلَ مِنْ بَعْدِهِ اثْنَیْ عَشَرَ وَصِیّاً مِنْهُمْ مَنْ سَبَقَ وَ مِنْهُمْ مَنْ بَقِیَ وَ کُلُّ وَصِیٍّ جَرَتْ بِهِ سُنَّةٌ وَ الْاَوْصِیَاءُ الَّذِینَ مِنْ بَعْدِ مُحَمَّدٍ صلی الله علیه و آله عَلَی سُنَّةِ اَوْصِیَاءِ عِیسَی وَ کَانُوا اثْنَیْ عَشَرَ وَ کَانَ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ علیه السلام عَلَی سُنَّةِ الْمَسِیحِ علیه السلام.

حضرت امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جن وانس کی طرف بھیجا اور آپؐ کے بعد بارہ وصی مقرر کئے جن میں سے کوئی آچکا ہے کوئی باقی ہے جبکہ ہر وصی کی ایک روش وسنت ہے اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آنے والے اوصیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اوصیا کی روش وسنت پر چلیں گے ان کی تعداد بھی بارہ تھی نیز امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام حضرت مسیح علیہ السلام کی سنت پر چلیں گے۔

۴۴ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْرُورٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ الْاَشْعَرِیُّ عَنِ الْمُعَلَّی بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِیِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ الْوَشَّاءِ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَعْیَنَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ علیه السلام یَقُولُ نَحْنُ اثْنَا عَشَرَ اِمَاماً مِنْهُمْ حَسَنٌ وَ حُسَیْنٌ ثُمَّ الْاَئِمَّةُ مِنْ وُلْدِ الْحُسَیْنِ.

حضرت امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: ہم بارہ امام ہیں کہ ان میں سے حضرات حسن وحسین علیہما السلام ہیں اور ان کے بعد کے ائمہ اولاد امام حسین علیہ السلام سے ہوں گے۔

۴۵ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ مَاجِیلَوَیْهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ اَبِی طَالِبٍ عَبْدِ اللهِ بْنِ الصَّلْتِ الْقُمِّیِّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِیسَی عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ کُنْتُ اَنَا وَ اَبُو بَصِیرٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ مَوْلَی اَبِی جَعْفَرٍ علیه السلام فِی مَنْزِلِهِ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ علیه السلام یَقُولُ نَحْنُ اثْنَا عَشَرَ مُحَدَّثاً فَقَالَ لَهُ اَبُو بَصِیرٍ تَاللهِ لَقَدْ سَمِعْتُ ذَلِكَ مِنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیه السلام فَحَلَّفَهُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَیْنِ فَحَلَفَ اَنَّهُ قَدْ سَمِعَهُ فَقَالَ اَبُو بَصِیرٍ لَکِنِّی سَمِعْتُهُ مِنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیه السلام.

سماعہ ابن مہران سے منقول ہے کہ میں اور ابو بصیر اور امام محمد باقر علیہ السلام کے غلام محمد ابن عمران حضرت مکان میں تھے کہ محمد ابن عمران نے کہا کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم بارہ محدثین ہیں تو ابو بصیر کہنے لگے تمہیں خدا کا واسطہ بتاؤ کہ کیا تم نے واقعی یہ بات امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنی ہے تو اس نے قسم کھا کر کہا کہ اس نے یہ بات امام جعفر

صادق علیہ السلام سے سنی ہے تو ابوبصیر کہنے لگے: لیکن نے یہ بات امام محمد باقرؑ سے سنی ہے۔

۳۶ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ اَبِي الْهُذَيْلِ وَ سَاَلْتُهُ عَنِ الْاِمَامَةِ فِيمَنْ تَجِبُ وَ مَا عَلَامَةُ مَنْ تَجِبُ لَهُ الْاِمَامَةُ فَقَالَ اِنَّ الدَّلِيلَ عَلَى ذَلِكَ وَ الْحُجَّةَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَ الْقَائِمَ بِاُمُورِ الْمُسْلِمِينَ وَ النَّاطِقَ بِالْقُرْآنِ وَ الْعَالِمَ بِالْاَحْكَامِ اَخُو نَبِيِّ اللهِ وَ خَلِيفَتُهُ عَلَى اُمَّتِهِ وَ وَصِيُّهُ عَلَيْهِمْ وَ وَلِيُّهُ الَّذِي كَانَ مِنْهُ بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى الْمَفْرُوضُ الطَّاعَةِ بِقَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ يا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اَطِيعُوا اللهَ وَ اَطِيعُوا الرَّسُولَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمُ الْمَوْصُوفُ بِقَوْلِهِ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللهُ وَ رَسُولُهُ وَ الَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَ يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَ هُمْ راكِعُونَ الْمَدْعُوُّ اِلَيْهِ بِالْوَلَايَةِ الْمُثْبَتُ لَهُ الْاِمَامَةُ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ بِقَوْلِ الرَّسُولِ ﷺ عَنِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ اَلَسْتُ اَوْلَى بِكُمْ مِنْ اَنْفُسِكُمْ قَالُوا بَلَى قَالَ فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اللهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاهُ وَ انْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ وَ اخْذُلْ مَنْ خَذَلَهُ وَ اَعِنْ مَنْ اَعَانَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَ اِمَامُ الْمُتَّقِينَ وَ قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِينَ وَ اَفْضَلُ الْوَصِيِّينَ وَ خَيْرُ الْخَلْقِ اَجْمَعِينَ بَعْدَ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَ بَعْدَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ ثُمَّ الْحُسَيْنُ سِبْطَا رَسُولِ اللهِ ﷺ وَ ابْنَا خَيْرِ النِّسْوَانِ اَجْمَعِينَ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ ثُمَّ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ ثُمَّ مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثُمَّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ ثُمَّ ابْنُ الْحَسَنِ عليه السلام اِلَى يَوْمِنَا هَذَا وَاحِداً بَعْدَ وَاحِدٍ وَ هُمْ عِتْرَةُ الرَّسُولِ ﷺ الْمَعْرُوفُونَ بِالْوَصِيَّةِ وَ الْاِمَامَةِ وَ لَا تَخْلُو الْاَرْضُ مِنْ حُجَّةٍ مِنْهُمْ فِي كُلِّ عَصْرٍ وَ زَمَانٍ وَ فِي كُلِّ وَقْتٍ وَ اَوَانٍ وَ هُمُ الْعُرْوَةُ الْوُثْقَى وَ اَئِمَّةُ الْهُدَى وَ الْحُجَّةُ عَلَى اَهْلِ الدُّنْيَا اِلَى اَنْ يَرِثَ اللهُ الْاَرْضَ وَ مَنْ عَلَيْهَا وَ كُلُّ مَنْ خَالَفَهُمْ ضَالٌّ مُضِلٌّ تَارِكٌ لِلْحَقِّ وَ الْهُدَى وَ هُمُ الْمُعَبِّرُونَ عَنِ الْقُرْآنِ وَ النَّاطِقُونَ عَنِ الرَّسُولِ وَ مَنْ مَاتَ لَا يَعْرِفُهُمْ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً وَ دِينُهُمُ الْوَرَعُ وَ الْعِفَّةُ وَ الصِّدْقُ وَ الصَّلَاحُ وَ الِاجْتِهَادُ وَ اَدَاءُ الْاَمَانَةِ اِلَى الْبَرِّ وَ الْفَاجِرِ وَ طُولُ السُّجُودِ وَ قِيَامُ اللَّيْلِ وَ اجْتِنَابُ الْمَحَارِمِ وَ انْتِظَارُ الْفَرَجِ بِالصَّبْرِ وَ حُسْنُ الصُّحْبَةِ وَ حُسْنُ الْجِوَارِ

ثُمَّ قَالَ تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ حَدَّثَنِي اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام فِي الْاِمَامَةِ مِثْلَهُ سَوَاءً.

تمیم ابن بہلول سے منقول ہے کہ میں عبداللہ ابن ہذیل نے مجھ سے روایت بیان جبکہ میں نے اس سے امامت

کے متعلق سوال کیا کہ امامت کس کا حق ہے اور امامت جس کا حق ہے اس کی علامت کیا ہے؟

اس نے کہا: (بذات خود وہ امام) اس پر دلیل ہے مومنین پر حجت ہے امور مسلمین کی باگ ڈور سنبھالتا ہے قرآن ناطق ہے احکام خداوندی کو جانتا ہے اللہ کے نبی کا بھائی ہے ان کی امت کا خلیفہ ہے اور امت پر ان کا وصی ہے کہ اس کی منزلت ایسی ہے جیسی حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نسبت تھی اس کی اطعت فرض ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ" (اے ایماندارو خدا کی اطاعت کرو۔ اور رسولؐ کی اور جو تم میں سے (رسول ہی کی طرح) صاحبانِ حکم ہوں ان کی اطاعت کرو) [1] اور اللہ نے اس کی توصیف اس طرح فرمائی ہے: "اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ" (اے ایماندارو) تمہارے مالک سرپرست بس یہی ہیں خدا اور اس کا رسولؐ اور وہ مومنین جو پابندی سے نماز ادا کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔ [2] اس کی ولایت کی جانب بلایا گیا ہے اور غدیر خم کے روز اس کی ولایت ثابت کی گئی ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے اس قول کو نقل کیا تھا: کیا میں تمہاری جانوں سے زیادہ سزاوار نہیں ہوں تو لوگوں نے کہا تھا: یقیناً ہیں۔ تو آپؐ نے فرمایا تھا: پس جس کا میں مولا ہوں تو علی اس کا مولیٰ ہے اے میرے اللہ جو اس سے دوستی رکھے تو بھی اس کو دوست رکھ اور جو اس کے ساتھ دشمنی رکھے تو بھی اس کا دشمن ہو جا، جو اس کی نصرت کرے تو بھی اس کی نصرت فرما جو اس سے منہ پھیرے تو بھی اسے تنہا چھوڑ دے اور جس کی مدد علی ابن ابی طالب علیہ السلام کریں تو بھی اس کی مدد فرما کہ یہ (علیؑ) امیر المومنین، امام المتقین، قائد غر المحجلین سب سے افضل ترین وصی اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تمام کی تمام خلقت سے بہترین ہیں۔

علی علیہ السلام کے بعد اس کا بیٹا حسن علیہ السلام اس کے بعد حسین علیہ السلام کہ دونوں سبط رسولؐ ہیں اور دنیا کی تمام عورتوں میں سے بہترین عورت کے بیٹے، اس کے بعد علی ابن حسین علیہما السلام اس کے بعد محمد ابن علی علیہما السلام اس کے بعد جعفر ابن محمد علیہما السلام اس کے بعد موسیٰ ابن جعفر علیہما السلام، اس کے بعد علی ابن موسیٰ علیہما السلام اس کے بعد محمد ابن علی※ اس کے بعد علی ابن محمد علیہما السلام اس کے بعد حسن ابن علی علیہما السلام اور اس کے بعد محمد ابن حسن علیہما السلام۔

آج تک ان میں سے ہر کوئی یکے بعد دیگرے امام ہے اور یہی حضرات عترت رسولؐ ہیں جو امامت اور وصایت سے معروف ہیں کہ کسی زمانہ، کسی وقت اور کسی لمحہ زمین ان کے وجود سے خالی نہ رہے گی کہ یہی حضرات عروۃ الوثقیٰ (اللہ کی مضبوط رسی) ائمہ برحق اور دنیا والوں پر حجت ہیں یہاں تک کہ اللہ انہیں وارث زمین و اہل زمین قرار دے نیز جو ان کی مخالفت کرے وہ گمراہ ہے اور گمراہ کرنے والا بھی اور اس نے حق اور ہدایت کا راستہ چھوڑ دیا۔

---

[1] سورۂ نساء آیت ۵۹

[2] سورۂ مائدہ آیت ۵۵

یہی حضرات مفسر قرآن ہیں اور رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیابت میں گویا ہیں لہٰذا جو شخص ان کی معرفت کے بغیر مر جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہوگی پرہیزگاری، پاکدامنی، سچائی، اصلاح انسانیت، اجتہاد، ادائے امانت خواہ امانت رکھوانے والا نیکوکار ہو یا فاجر، سجدہ کو طول دینا رات کو قیام کرنا گناہوں سے پرہیز کرنا، صبر کے ساتھ انتظار فرج اور ساتھیوں اور پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا ان حضرات کا دین ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی بعینہ حدیث بیان ہوئی ہے۔

۴۷ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ الْمُتَوَكِّلِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْحَرِيشِ الرَّازِيُّ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الثَّانِي عليه السلام أَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي كُلِّ سَنَةٍ وَ إِنَّهُ يَنْزِلُ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ أَمْرُ السَّنَةِ وَ لِذَلِكَ الْأَمْرِ وُلَاةٌ بَعْدَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَنْ هُمْ قَالَ أَنَا وَ أَحَدَ عَشَرَ مِنْ صُلْبِي أَئِمَّةٌ مُحَدَّثُونَ.

حضرت امام محمد تقی علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے ابن عباس سے فرمایا: ہر سال شب قدر واقع ہوتی ہے اور اس رات امر سنت نازل ہوتا ہے اور اسی وجہ سے امر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد والے حضرات ہیں

ابن عباس نے پوچھا: وہ کون لوگ ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: میں خود اور گیارہ میرے صلب سے ائمہ اور محدثین ہوں گے۔

۴۸ وَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله لِأَصْحَابِهِ آمِنُوا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ إِنَّهَا تَكُونُ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَ وُلْدِهِ الْأَحَدَ عَشَرَ مِنْ بَعْدِي.

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: شب قدر پر ایمان لاؤ کہ میرے بعد علی ابن ابی طالب علیہ السلام اور اس کے گیارہ فرزندوں کے لئے ہے۔

۴۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْكُلَيْنِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُوسَى الْخَشَّابِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ رِبَاطٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَعْيَنَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عليه السلام يَقُولُ اثْنَا عَشَرَ إِمَاماً مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ عليه السلام كُلُّهُمْ مُحَدَّثُونَ بَعْدَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام مِنْهُمْ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آل محمد علیہم السلام سے بارہ امام ہیں کہ جن میں سب محدث

ہوں گے اور علی ابن ابی طالب ان میں سے (پہلے) ہیں۔

۵۰ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِیهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی عُمَیْرٍ عَنْ سَعِیدِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ اَبِی بَصِیرٍ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیہ السلام قَالَ یَکُونُ تِسْعَةُ اَئِمَّةٍ بَعْدَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ تَاسِعُهُمْ قَائِمُهُمْ علیہ السلام.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت امام حسین ابن علی علیہما السلام کے بعد نو ائمہ ہوں گے کہ ان میں نویں قائم ہیں۔

۵۱ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْرُورٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ الْاَشْعَرِیُّ عَنْ مُعَلَّی بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِیِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ الْوَشَّاءِ عَنْ اَبَانٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ علیہ السلام یَقُولُ اثْنَا عَشَرَ اِمَاماً مِنْهُمْ عَلِیٌّ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَیْنُ ثُمَّ الْاَئِمَّةُ مِنْ وُلْدِ الْحُسَیْنِ علیہ السلام.

و قد أخرجت ما رویته فی هذا المعنی فی کتاب کمال الدین و تمام النعمة فی إثبات الغیبة و کشف الحیرة.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: بارہ امام ہوں گے کہ جن میں حضرت علی علیہ السلام، امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام ہیں اور ان کے بعد اولاد امام حسین علیہ السلام سے نو امام ہوں گے۔

مصنف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسی مضمون کی حدیث کو میں نے اپنی کتاب ''کمال الدین وتمام النعمۃ فی اثبات الغیبۃ وکشف الحیرۃ'' میں نقل کیا ہے۔

في السواك اثنتا عشرة خصلة

مسواک میں بارہ خوبیاں پائی جاتی ہیں

۵۲ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ یَحْیَی بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِیِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُسَیْنِ اللُّؤْلُؤِیِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ یُوسُفَ عَنْ مُعَاذٍ الْجَوْهَرِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ جُمَیْعٍ یَرْفَعُهُ اِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ فِی السِّوَاكِ اثْنَتَا عَشْرَةَ خَصْلَةً مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ وَ مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ وَ یُبَیِّضُ الْاَسْنَانَ وَ یَذْهَبُ بِالْحَفَرِ وَ یُقِلُّ الْبَلْغَمَ وَ یُشَهِّی الطَّعَامَ وَ یُضَاعِفُ الْحَسَنَاتِ وَ تُصَابُ بِهِ السُّنَّةُ وَ تَحْضُرُهُ الْمَلَائِکَةُ وَ یَشُدُّ اللِّثَةَ وَ هُوَ یَمُرُّ بِطَرِیقَةِ الْقُرْآنِ وَ رکعتین رَکْعَتَانِ بِسِوَاكٍ اَحَبُّ اِلَی اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ سَبْعِینَ رَکْعَةً بِغَیْرِ سِوَاكٍ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسواک کرنے میں بارہ فائدے ہیں: (۱) منہ پاک وصاف ہوتا ہے (۲) خدا کی رضا کا سبب ہے (۳) دانت سفید اور چمکدار ہوتے ہیں (۴) دانتوں کا میل دور ہوتا ہے (۵) بلغم میں کمی ہوتی ہے (۶) بھوک لگتی ہے (۷) حسنات دوچند ہوتے ہیں (۸) روش پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے (۹) فرشتے گواہ ہوتے ہیں (۱۰) دانتوں کی جڑ مضبوط ہوتی ہے (۱۱) قرآن پڑھنے کی راہ مل جاتی ہے (۱۲) مسواک کرکے دو رکعت نماز بہتر ہے ستر رکعت بغیر مسواک کی نماز سے۔

۵۳ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ یَحْیَی عَنْ اِبْرَاھِیمَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ الدِّھْقَانِ عَنْ دُرُسْتَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام قَالَ فِی السِّوَاکِ اثْنَتَا عَشْرَۃَ خَصْلَۃً ھُوَ مِنَ السُّنَّۃِ وَ مَطْھَرَۃٌ لِلْفَمِ وَ مَجْلَاۃٌ لِلْبَصَرِ وَ یُرْضِی الرَّحْمَنَ وَ یُبَیِّضُ الْاَسْنَانَ وَ یَذْھَبُ بِالْحَفَرِ وَ یَشُدُّ اللِّثَۃَ وَ یُشَھِّی الطَّعَامَ وَ یَذْھَبُ بِالْبَلْغَمِ وَ یَزِیدُ فِی الْحِفْظِ وَ یُضَاعِفُ بِہِ الْحَسَنَاتُ وَ تَفْرَحُ بِہِ الْمَلَائِکَۃُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مسواک میں بارہ خوبیاں پائی جاتی ہیں؛ (۱) یہ سنت رسولؐ ہے (۲) منہ کو پاک کرتی ہے (۳) بصارت میں اضافہ کرتی ہے (۴) پروردگار کو راضی کرتی ہے (۵) دانتوں کو صاف کرتی ہے (۶) دانتوں کی پیلاہٹ کو دور کرتی ہے (۷) مسوڑھوں کو مضبوط کرتی ہے (۸) بھوک بڑھاتی ہے (۹) بلغم دور کرتی ہے (۱۰) حافظہ کو بڑھاتی ہے (۱۱) اس سے نیکیاں دگنی ہوجاتی ہیں (۱۲) فرشتے خوش ہوجاتے ہیں۔

۵۴ حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَیْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الشَّاہِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَیْنِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو یَزِیدَ اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَالِدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِیمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِی قَالَ حَدَّثَنِی اَنَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو مَالِکٍ عَنْ اَبِیہِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیہِ عَنْ جَدِّہِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ علیہ السلام عَنْ رَسُولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اَنَّہُ قَالَ فِی وَصِیَّتِہِ لَہُ یَا عَلِیُّ السِّوَاکُ مِنَ السُّنَّۃِ وَ ھُوَ مَطْھَرَۃٌ لِلْفَمِ وَ مَجْلُو الْبَصَرَ وَ یُرْضِی الرَّحْمَنَ وَ یُبَیِّضُ الْاَسْنَانَ وَ یَذْھَبُ بِالْحَفَرِ وَ یَشُدُّ اللِّثَۃَ وَ یُشَھِّی الطَّعَامَ وَ یَذْھَبُ بِالْبَلْغَمِ وَ یَزِیدُ فِی الْحِفْظِ وَ یُضَاعِفُ الْحَسَنَاتِ وَ تَفْرَحُ بِہِ الْمَلَائِکَۃُ.

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے وصیت کرتے ہوئے فرمایا: مسواک میں بارہ خوبیاں پائی جاتی ہیں؛ (۱) یہ سنت رسولؐ ہے (۲) منہ کو پاک کرتی ہے (۳) بصارت میں اضافہ کرتی ہے (۴) پروردگار کو راضی کرتی ہے (۵) دانتوں کو صاف کرتی ہے (۶) دانتوں کی پیلاہٹ کو دور کرتی ہے (۷) مسوڑھوں کو مضبوط کرتی ہے (۸) بھوک بڑھاتی ہے (۹) بلغم دور کرتی ہے (۱۰) حافظہ کو بڑھاتی ہے (۱۱) اس سے نیکیاں دگنی ہوجاتی ہیں (۱۲) فرشتے خوش ہوجاتے ہیں۔

حدیث الحجب اثنا عشر

بارہ حجابوں کی حدیث

۵۵ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عَجْلَانَ الْمَرْوَزِيُّ الْمُقْرِءُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدَنِيُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ اِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى خَلَقَ نُورَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله قَبْلَ اَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَ الْاَرْضَ وَ الْعَرْشَ وَ الْكُرْسِيَّ وَ اللَّوْحَ وَ الْقَلَمَ وَ الْجَنَّةَ وَ النَّارَ وَ قَبْلَ اَنْ خَلَقَ آدَمَ وَ نُوحاً وَ اِبْرَاهِيمَ وَ اِسْمَاعِيلَ وَ اِسْحَاقَ وَ يَعْقُوبَ وَ مُوسَى وَ عِيسَى وَ دَاوُدَ وَ سُلَيْمَانَ وَ كُلَّ مَنْ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي قَوْلِهِ وَ وَهَبْنا لَهُ اِسْحاقَ وَ يَعْقُوبَ اِلَى قَوْلِهِ وَ هَدَيْناهُمْ اِلى صِراطٍ مُسْتَقِيمٍ وَ قَبْلَ اَنْ خَلَقَ الْاَنْبِيَاءَ كُلَّهُمْ بِاَرْبَعِمِائَةِ اَلْفٍ وَ اَرْبَعٍ وَ عِشْرِينَ اَلْفَ سَنَةٍ وَ خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مَعَهُ اثْنَيْ عَشَرَ حِجَاباً حِجَابَ الْقُدْرَةِ وَ حِجَابَ الْعَظَمَةِ وَ حِجَابَ الْمِنَّةِ وَ حِجَابَ الرَّحْمَةِ وَ حِجَابَ السَّعَادَةِ وَ حِجَابَ الْكَرَامَةِ وَ حِجَابَ الْمَنْزِلَةِ وَ حِجَابَ الْهِدَايَةِ وَ حِجَابَ النُّبُوَّةِ وَ حِجَابَ الرِّفْعَةِ وَ حِجَابَ الْهَيْبَةِ وَ حِجَابَ الشَّفَاعَةِ ثُمَّ حَبَسَ نُورَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله فِي حِجَابِ الْقُدْرَةِ اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفَ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلَى وَ فِي حِجَابِ الْعَظَمَةِ اَحَدَ عَشَرَ اَلْفَ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ عَالِمِ السِّرِّ وَ فِي حِجَابِ الْمِنَّةِ عَشَرَةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا يَلْهُو وَ فِي حِجَابِ الرَّحْمَةِ تِسْعَةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ الرَّفِيعِ الْاَعْلَى وَ فِي حِجَابِ السَّعَادَةِ ثَمَانِيَةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا يَسْهُو وَ فِي حِجَابِ الْكَرَامَةِ سَبْعَةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ غَنِيٌّ لَا يَفْتَقِرُ وَ فِي حِجَابِ الْمَنْزِلَةِ سِتَّةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْكَرِيمِ وَ فِي حِجَابِ الْهِدَايَةِ خَمْسَةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ وَ فِي حِجَابِ النُّبُوَّةِ اَرْبَعَةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَ فِي حِجَابِ الرِّفْعَةِ ثَلَاثَةَ آلَافِ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَ الْمَلَكُوتِ وَ فِي حِجَابِ الْهَيْبَةِ اَلْفَيْ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهِ وَ فِي حِجَابِ الشَّفَاعَةِ اَلْفَ سَنَةٍ وَ هُوَ يَقُولُ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ وَ بِحَمْدِهِ ثُمَّ اَظْهَرَ عَزَّ وَ جَلَّ اسْمَهُ عَلَى اللَّوْحِ وَ كَانَ عَلَى اللَّوْحِ مُنَوَّراً اَرْبَعَةَ آلَافِ سَنَةٍ ثُمَّ اَظْهَرَهُ عَلَى الْعَرْشِ فَكَانَ عَلَى سَاقِ الْعَرْشِ مُثْبَتاً

سَبْعَةَ آلَافِ سَنَةٍ إِلَى أَنْ وَضَعَهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي صُلْبِ آدَمَ ثُمَّ نَقَلَهُ مِنْ صُلْبِ آدَمَ إِلَى صُلْبِ نُوحٍ ثُمَّ جَعَلَ يُخْرِجُهُ مِنْ صُلْبٍ إِلَى صُلْبٍ حَتَّى أَخْرَجَهُ مِنْ صُلْبِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَأَكْرَمَهُ بِسِتِّ كَرَامَاتٍ أَلْبَسَهُ قَمِيصَ الرِّضَا وَ رَدَّاهُ رِدَاءَ الْهَيْبَةِ وَ تَوَّجَهُ تَاجَ الْهِدَايَةِ وَ أَلْبَسَهُ سَرَاوِيلَ الْمَعْرِفَةِ وَ جَعَلَ تِكَّتَهُ تِكَّةَ الْمَحَبَّةِ يَشُدُّ بِهَا سَرَاوِيلَهُ وَ جَعَلَ نَعْلَهُ الْخَوْفَ وَ تَاوَلَهُ عَصَا الْمَنْزِلَةِ ثُمَّ قَالَ عَزَّ وَ جَلَّ لَهُ يَا مُحَمَّدُ اذْهَبْ إِلَى النَّاسِ فَقُلْ لَهُمْ قُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ وَ كَانَ أَصْلُ ذَلِكَ الْقَمِيصِ فِي سِتَّةِ أَشْيَاءَ قَامَتُهُ مِنَ الْيَاقُوتِ وَ كُمَّاهُ مِنَ اللُّؤْلُؤِ وَ دِخْرِيصُهُ مِنَ الْبِلَّوْرِ الْأَصْفَرِ وَ إِبْطَاهُ مِنَ الزَّبَرْجَدِ وَ جُرُبَّانُهُ مِنَ الْمَرْجَانِ الْأَحْمَرِ وَ جَيْبُهُ مِنْ نُورِ الرَّبِّ جَلَّ جَلَالُهُ فَقَبِلَ اللهُ تَوْبَةَ آدَمَ عليه السلام بِذَلِكَ الْقَمِيصِ وَ رَدَّ خَاتَمَ سُلَيْمَانَ بِهِ وَ رَدَّ يُوسُفَ إِلَى يَعْقُوبَ بِهِ وَ نَجَّى يُونُسَ مِنْ بَطْنِ الْحُوتِ بِهِ وَ كَذَلِكَ سَائِرُ الْأَنْبِيَاءِ عليهم السلام نَجَّاهُمْ مِنَ الْمِحَنِ بِهِ وَ لَمْ يَكُنْ ذَلِكَ الْقَمِيصُ إِلَّا قَمِيصَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وسلم.

قال مصنف هذا الكتاب رضی الله عنه أرواح جميع الأئمة عليهم السلام و المؤمنين خلقت مع روح محمد صلى الله عليه وآله وسلم.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آسمانوں، زمین، عرش، کرسی، لوح، قلم، جنت اور جہنم کو خلق کرنے سے پہلے نیز حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت یعقوب علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت سلمان علیہ السلام اور ہر اس چیز کو خلق کرنے سے پہلے کہ جس کے بارے میں اللہ نے قرآن میں فرمایا ہے: "وَ وَهَبْنَا لَهُ إِسْحٰقَ وَ يَعْقُوبَ" سے لے کر "وَ هَدَيْنٰهُمْ إِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ" تک اور تمام انبیا کو خلق کرنے سے بھی چار لاکھ چوبیس ہزار سال پہلے نور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خلق کیا تھا اور اس نور کے ہمراہ بارہ حجاب خلق کئے: (۱) حجاب عظمت (۲) حجاب قدرت (۳) حجاب منت (۴) حجاب رحمت (۵) حجاب سعادت (۶) حجاب کرامت (۷) حجاب منزلت (۸) حجاب ہدایت (۹) حجاب نبوت (۱۰) حجاب رفعت (۱۱) حجاب ہیبت (۱۲) حجاب شفاعت۔

اس کے بعد نور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بارہ ہزار سال حجاب قدرت میں رکھا اور وہ نور تسبیح الٰہی کرتا تھا کہ سبحان ربی الاعلی پھر گیارہ ہزار سال حجاب عظمت میں کہتا رہا سبحان عالم السر پھر دس ہزار برس حجاب منت میں تسبیح کرتا رہا سبحان من هو قائم لا يلهو پھر حجاب رحمت میں نو ہزار سال کہتا رہا سبحان ربی الرفیع الاعلی پھر حجاب سعادت میں آٹھ ہزار سال سبحان من هو قائم لا يسهو پھر حجاب کرامت میں سات ہزار سال تک من ہو غنی لا يفتقر کہتا رہا۔ پھر حجاب

منزل میں چھ ہزار سال سبحان ربی العلی الکریم پھر حجاب ہدایت میں پانچ ہزار سال سبحان ربی العرش العظیم پھر حجاب نبوت میں چار ہزار سال سبحان رب العزة عما یصفون پھر حجاب رفعت میں تین ہزار سال سبحان ذی الملك والملکوت پھر حجاب ہیبت میں دو ہزار سال سبحان الله و بحمده پھر حجاب شفاعت میں ایک ہزار سال سبحان ربی العظیم وبحمده۔

پھر خداوند عالم نے آپ کا نام نامی لوح پر لکھا اور وہ نام ضو دیتا رہا چار ہزار سال تک پھر اس کو سایہ عرش پر ظاہر کیا اور وہاں سات ہزار برس رہا یہاں تک کہ صلبِ حضرت آدم علیہ السلام میں آیا پھر صلب حضرت نوح علیہ السلام میں اس کے بعد اصلاب آباء میں ہوتا ہوا حضرت عبداللہ علیہ السلام کے صلب میں منتقل کیا اور اسے چھ کرامتوں سے مکرم کیا (۱) اسے رضا کی قمیص (۲) ہیبت کی ردا (۳) تاج ہدایت اور معرفت کے زیر جامے پہنائے (۴) اس کو محبت کے ازار بند سے باندھا (۵) اس کی نعلین خوف کو قرار دیا (۶) اسے منزلت کی عصا دی اور پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے محمدؐ! لوگوں کے پاس جاؤ اور ان سے کہو: ''کہہ دو نہیں ہے کوئی معبود سوائے خدا کے اور محمد اللہ کے رسول ہیں''۔

مزید یہ کہ اس قمیص کی حقیقت چھ چیزوں پر مشتمل تھی (۱) اس کی لمبائی یاقوت کی تھی (۲) اس کی آستینیں لؤلؤ کی تھیں (۳) اس کا دامن زرد بلور تھا (۴) اس کی بغلیں زبرجد کی تھیں (۵) اس کا گریبان سرخ مرجان کا تھا (۶) اس کا سینہ رب ازوالجلال کے نور کا تھا۔ پس اس قمیص کے ذریعہ اللہ نے آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی، حضرت سلمان علیہ السلام کی انگوٹھی واپس کی، حضرت یعقوب علیہ السلام کو ان کا بیٹا یوسف علیہ السلام ملایا، حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے نجات دی اسی طرح دیگر انبیاء علیہم السلام کو بھی اسی قمیص کی بدولت آزمائشوں سے نکالا اور یہ قمیص سوائے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی کی نہ تھی۔

مصنف کتا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں تمام ائمہ علیہم السلام اور مومنین کی ارواح کو بھی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح کے ساتھ خلق کیا گیا۔

لأهل التقوى اثنتا عشرة علامة

صاحبانِ تقویٰ کی بارہ علامتیں

۵۶ حَدَّثَنَا اَبُو طَالِبٍ الْمُظَفَّرُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْمُظَفَّرِ الْعَلَوِیُّ الْمِصْرِیُّ السَّمَرْقَنْدِیُّ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْعُودٍ الْعَیَّاشِیُّ عَنْ اَبِیهِ اَبِی النَّضْرِ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنِی ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ یُونُسَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْکَانَ عَنْ اَبِی بَصِیرٍ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ الْبَاقِرِ علیہ السلام قَالَ کَانَ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ علیہ السلام یَقُولُ اِنَّ لِاَهْلِ التَّقْوَی عَلَامَاتٍ یُعْرَفُونَ بِهَا صِدْقَ الْحَدِیثِ وَ اَدَاءَ الْاَمَانَةِ وَ الْوَفَاءَ بِالْعَهْدِ وَ قِلَّةَ الْفَخْرِ وَ الْبُخْلِ وَ صِلَةَ

الْاَرْحَامِ وَ رَحْمَةَ الضُّعَفَاءِ وَ قِلَّةَ الْمُؤَاتَاةِ لِلنِّسَاءِ وَ بَذْلَ الْمَعْرُوفِ وَ حُسْنَ الْخُلُقِ وَ سَعَةَ الْحِلْمِ وَ اتِّبَاعَ الْعِلْمِ فِيمَا يُقَرِّبُ اِلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَ طُوبى لَهُمْ وَ حُسْنُ مَآبٍ وَ طُوبَى شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ اَصْلُهَا فِي دَارِ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَلَيْسَ مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَ فِي دَارِهِ غُصْنٌ مِنْ اَغْصَانِهَا لَا يَنْوِي فِي قَلْبِهِ شَيْئاً اِلَّا اَتَاهُ ذَلِكَ الْغُصْنُ بِهِ وَ لَوْ اَنَّ رَاكِباً مُجِدّاً سَارَ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَمْ يَخْرُجْ مِنْهَا وَ لَوْ اَنَّ غُرَاباً طَارَ مِنْ اَصْلِهَا مَا بَلَغَ اَعْلَاهَا حَتَّى يَبْيَاضَّ هَرَماً اَلَا فَفِي هَذَا فَارْغَبُوا اِنَّ الْمُؤْمِنَ مِنْ نَفْسِهِ فِي شُغُلٍ وَ النَّاسُ مِنْهُ فِي رَاحَةٍ اِذَا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ فَرَشَ وَجْهَهُ وَ سَجَدَ لِلهِ تَعَالَى ذِكْرُهُ بِمَكَارِمِ بَدَنِهِ وَ يُنَاجِي الَّذِي خَلَقَهُ فِي فَكَاكِ رَقَبَتِهِ اَلَا فَهَكَذَا فَكُونُوا.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ارباب تقوی کی چند علامتیں ہیں: (۱) راست گوئی (۲) ادائے امانت (۳) وفا بعہد (۴) قلت فخر (۵) قلت بخل (۶) صلہ رحم (۷) کمزوروں پر رحم کرنا (۸) عورتوں سے دلچسپی کم ہونا (۹) نیکی کرنا (۱۰) حسن اخلاق (۱۱) بردباری (۱۲) علم وعبادت سے رغبت۔ ایسے متقین خوش انجام ہیں اور ان کے لیے طوبیٰ ہے۔ اور ان کا انجام بخیر ہوگا۔ طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے کہ جس کی جڑ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں ہے اور کوئی ایسا نہیں ہے کہ اس درخت کی کوئی شاخ اس کے گھر میں نہ ہو اور وہ اپنے دل میں جس چیز کا ارادہ کرے وہ شاخ اسے عطا کرے گی اگر ایک تیز رفتار سوار اس کے سایہ میں سو سال تک سیر کرے گا تب بھی اس سے باہر نہ نکل سکے گا اور اگر کوئی کوا اس کی جڑ سے پرواز کرے گا تو اس کی انچائی تک نہ پہنچ سکے گا یہاں تک کہ وہ بڑھاپے کی وجہ سے سفید ہو جائے گا۔ لہٰذا تم لوگ اس میں رغبت پیدا کرو کہ یقیناً مومن اپنے آپ میں مشغول ہوتا ہے اور لوگ اس سے راحت میں ہوتے ہیں جب رات چھا جاتی ہے تو اپنے چہرے کو خاک پہ رکھتا ہے اور اور اپنے بہترین اعضا سے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے اور اپنے کو خلق کرنے والے سے مناجات کرتا ہے تا کہ اس کو (گناہوں) سے آزادی ملے۔

خبردار تم لوگ بھی ان کی طرح ہو جاؤ۔

لا يسلم على اثني عشر

بارہ افراد کو سلام کرنا ممنوع ہے

۵۷ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ عَمِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عليه السلام قَالَ لَا تُسَلِّمُوا عَلَى الْيَهُودِ وَ لَا عَلَى النَّصَارَى وَ لَا عَلَى الْمَجُوسِ وَ لَا عَلَى عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَ لَا عَلَى مَوَائِدِ شُرْبِ الْخَمْرِ وَ لَا عَلَى صَاحِبِ

الشِّطْرَنْجِ وَ النَّرْدِ وَ لَا عَلَى الْمُخَنَّثِ وَ لَا عَلَى الشَّاعِرِ الَّذِي يَقْذِفُ الْمُحْصَنَاتِ وَ لَا عَلَى الْمُصَلِّي وَ ذَلِكَ لِأَنَّ الْمُصَلِّيَ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَرُدَّ السَّلَامَ لِأَنَّ التَّسْلِيمَ مِنَ الْمُسَلِّمِ تَطَوُّعٌ وَ الرَّدَّ عَلَيْهِ فَرِيضَةٌ وَ لَا عَلَى آكِلِ الرِّبَا وَ لَا عَلَى رَجُلٍ جَالِسٍ عَلَى غَائِطٍ وَ لَا عَلَى الَّذِي فِي الْحَمَّامِ وَ لَا عَلَى الْفَاسِقِ الْمُعْلِنِ بِفِسْقِهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ (۱) یہودی پر، (۲) نصرانی پر، (۳) مجوسی پر، (۴) بت پرست پر، (۵) جو شرابیوں کے دسترخوان پر جمع ہوں ان پر، (۶) شطرنج کھیلنے والوں پر، (۷) قمارباز پر، (۸) مخنث پر، (۹) پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانے والے شاعروں پر اور (۱۰) نماز پڑھتے ہوئے کسی شخص پر کیونکہ وہ نماز پڑھ رہا ہے نمازی کو اس لئے سلام نہیں کرنا چاہئے کہ وہ جواب نہیں دے سکتا کیونکہ سلام کرنے والے کے لئے تو سلام کرنا جائز ہے مگر جس پر سلام کیا جائے اس پر جواب دینا فرض ہو جاتا ہے [1]، (۱۱) سودخور پر، (۱۲) جو شخص بیت الخلا میں ہو، (۱۳) جو حمام میں ہو، (۱۴) جو کھل کر گناہ کرتا ہو سلام نہ کرو۔ [2]

استقبل النبي صلى الله عليه وآله وسلم جعفر بن أبي طالب عليه السلام لما انصرف من الحبشة اثنتي عشرة خطوة

روز فتح خیبر جب جناب جعفر طیارؓ حبشہ سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو بارہ قدم چل کر ان کی پیشوائی کے لیے گئے

۵۸ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْمُفَسِّرُ الْمَعْرُوفُ بِأَبِي الْحَسَنِ الْجُرْجَانِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ الرِّضَا عَلِيِّ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَاقِرِ عَنْ أَبِيهِ زَيْنِ الْعَابِدِينَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله لَمَّا جَاءَهُ جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ مِنَ الْحَبَشَةِ قَامَ إِلَيْهِ وَ اسْتَقْبَلَهُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ خُطْوَةً وَ عَانَقَهُ وَ قَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَ بَكَى وَ قَالَ لَا أَدْرِي بِأَيِّهِمَا أَنَا أَشَدُّ

---

[1] نماز کو سلام کہنا حرام نہیں ہے اور نماز جواب بھی دے سکتا ہے سلام کرنے والا جن لفظوں میں سلام کہے نمازی کو چاہئے کہ بعینہ انہی لفظوں میں جواب واپس لوٹائے۔ یعنی اگر سلام کرنے والا ''سلام علیکم'' کہے تو نمازی بھی جواب میں ''سلام علیکم'' کہے اور سلام کہنے والا ''سلام'' کہے تو نمازی بھی جواب میں ''سلام'' کہے گ۔ اگر اس کے علاوہ کہے کچھ کہے گا تو اس پر سجدہ سہو واجب ہو جائے گا۔ (مجاہد حسین حرؔ)

[2] شیخ صدوق نے اس حیث کی شرح میں بارہ کا عدد لکھا ہے جبکہ حدیث میں چودہ افراد پر سلام کرنے سے ممنع کیا گیا ہے۔ (مجاہد حسین حرؔ)

سُرُوراً بِقُدُومِكَ يَا جَعْفَرُ اَمْ بِفَتْحِ اللهِ عَلَى اَخِيكَ خَيْبَرَ وَبَكَى فَرَحاً بِرُؤْيَتِهِ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ روز فتح خیبر جب جناب جعفر طیار حبشہ سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو بارہ قدم چل کر ان کی پیشوائی کے لیے گئے۔ گلے سے لگایا، پیشانی پر بوسہ دیا اور انتہائے مسرت میں آنکھوں سے آنسو نکل آئے اور فرمایا میری سمجھ میں نہیں آتا کہ فتح خیبر کی خوشی آج مجھ کو زیادہ ہے یا جعفر کے حبشہ سے واپسی کی۔

في التابوت الأسفل من النار اثنا عشر

بارہ آدمی جہنم کے آخری طبقے میں ہیں

۵۹ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَكَمُ بْنُ مِسْكِينٍ الثَّقَفِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَيَابَةَ عَنْ جُعَيْدٍ هَمْدَانَ قَالَ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام اِنَّ فِي التَّابُوتِ الْاَسْفَلِ سِتَّةً مِنَ الْاَوَّلِينَ وَ سِتَّةً مِنَ الْآخِرِينَ فَاَمَّا السِّتَّةُ مِنَ الْاَوَّلِينَ فَابْنُ آدَمَ قَاتِلُ اَخِيهِ وَ فِرْعَوْنُ الْفَرَاعِنَةِ وَ السَّامِرِيُّ وَ الدَّجَّالُ كِتَابُهُ فِي الْاَوَّلِينَ وَ يَخْرُجُ فِي الْآخِرِينَ وَ هَامَانُ وَ قَارُونُ وَ السِّتَّةُ مِنَ الْآخِرِينَ فَنَعْثَلُ وَ مُعَاوِيَةُ وَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَ اَبُو مُوسَى الْاَشْعَرِيُّ وَ نَسِيَ الْمُحَدِّثُ اثْنَيْنِ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جہنم کے سب سے نیچے اور پست درجہ کے تابوت میں چھ آدمی اگلی امتوں کے اور چھ آدمی اس امت کے ہوں گے۔ اگلی امتوں میں سب سے پہلا قابیل (۲) فرعون (۳) سامری (۴) دجال (۵) ہامان (۶) قارون۔

اور اس امت سے (۱) نعثل (۲) معاویہ (۳) عمر بن عاص (۴) ابوموسیٰ اشعری اور دو نام راوی کو یاد نہیں۔

في المائدة اثنتا عشرة خصلة

مائدہ میں بارہ خصوصیات تھیں

۶۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ عَمِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْكُوفِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ الْكَرْخِيِّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عليهم السلام قَالَ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عليه السلام فِي الْمَائِدَةِ اثْنَتَا عَشْرَةَ خَصْلَةً يَجِبُ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ اَنْ يَعْرِفَهَا اَرْبَعٌ مِنْهَا فَرْضٌ وَ اَرْبَعٌ مِنْهَا سُنَّةٌ وَ اَرْبَعٌ مِنْهَا تَاْدِيبٌ فَاَمَّا الْفَرْضُ فَالْمَعْرِفَةُ وَ الرِّضَا وَ التَّسْمِيَةُ وَ الشُّكْرُ وَ اَمَّا السُّنَّةُ

فَالْوُضُوءُ قَبْلَ الطَّعَامِ وَ الْجُلُوسُ عَلَى الْجَانِبِ الْأَيْسَرِ وَ الْأَكْلُ بِثَلَاثِ أَصَابِعَ وَ لَعْقُ الْأَصَابِعِ وَ أَمَّا التَّأْدِيبُ فَالْأَكْلُ مِمَّا يَلِيكَ وَ تَصْغِيرُ اللُّقْمَةِ وَ الْمَضْغُ الشَّدِيدُ وَ قِلَّةُ النَّظَرِ فِي وُجُوهِ النَّاسِ.

حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دسترخوان کے آداب میں بارہ باتیں ہیں جن سے واقفیت ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ چار باتیں فرض ہیں۔ چار سنت اور چار آداب میں داخل ہیں۔

چار باتیں جو فرض ہیں: (۱) جو کچھ کھانا چاہتا ہے اس سے واقفیت (۲) رضا یعنی خدا کی دی ہوئی نعمت پر راضی رہنا اور خوش ہو کر کھانا (۳) کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ کہنا (۴) کھانا کھا کر شکر خدا کرنا۔

چار باتیں سنت ہیں: (۱) کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا (۲) بائیں پہلو پر بیٹھنا (۳) تین انگلیوں سے کھانا (۴) انگلیوں کو خوب چاٹ لینا۔

آداب یہ ہیں: (۱) جو تمہارے سامنے ہو اس کو کھاؤ (۲) نوالے چھوٹے ہوں (۳) خوب چبا کر کھاؤ (۴) دوسروں کی طرف کم دیکھو۔

⑥① حَدَّثَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الشَّاهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حَامِدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ أَحْمَدُ بْنُ الْخَالِدِ الْخَالِدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِيمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ علیہ السلام عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أَنَّهُ قَالَ فِي وَصِيَّتِهِ لَهُ يَا عَلِيُّ اثْنَتَا عَشْرَةَ خَصْلَةً يَنْبَغِي لِلرَّجُلِ الْمُسْلِمِ أَنْ يَتَعَلَّمَهَا فِي الْمَائِدَةِ أَرْبَعٌ مِنْهَا فَرِيضَةٌ وَ أَرْبَعٌ مِنْهَا سُنَّةٌ وَ أَرْبَعٌ مِنْهَا أَدَبٌ فَأَمَّا الْفَرِيضَةُ فَالْمَعْرِفَةُ بِمَا يَأْكُلُ وَ التَّسْمِيَةُ وَ الشُّكْرُ وَ الرِّضَا وَ أَمَّا السُّنَّةُ فَالْجُلُوسُ عَلَى الرِّجْلِ الْيُسْرَى وَ الْأَكْلُ بِثَلَاثِ أَصَابِعَ وَ أَنْ يَأْكُلَ مِمَّا يَلِيهِ وَ مَصُّ الْأَصَابِعِ وَ أَمَّا الْأَدَبُ فَتَصْغِيرُ اللُّقْمَةِ وَ الْمَضْغُ الشَّدِيدُ وَ قِلَّةُ النَّظَرِ فِي وُجُوهِ النَّاسِ وَ غَسْلُ الْيَدَيْنِ.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: دسترخوان سے متعلق بارہ ایسی باتیں ہیں جن کا جان لینا ہر مسلمان پر فرض ہے ان میں چار فرض ہیں چار سنت اور چار آداب ہیں۔

چار باتیں جو فرض ہیں: (۱) جو کچھ کھانا چاہتا ہے اس سے واقفیت (۲) کھانا شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہنا (۳) کھانا کھا کر شکر خدا کرنا۔ (۴) خداوند قدوس کی رضا پر راضی رہنا۔

چار باتیں سنت ہیں: (۱) بائیں پہلو پر بیٹھنا (۲) تین انگلیوں سے کھانا (۳) جو اس کے سامنے آئے اسی کو کھانا (۴) انگلیوں کو خوب چاٹ لینا۔

آداب یہ ہیں: (۱) نوالے چھوٹے ہوں (۲) خوب چبا کر کھاؤ (۳) دوسروں کی طرف کم دیکھو (۴) ہاتھ دھو کر کھانا۔

الشهور اثنا عشر شهراً

سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں

۶۱ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِیِّ عَنْ اَبِیهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِیسَی عَنِ الصَّبَّاحِ بْنِ سَیَابَةَ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیه السلام قَالَ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ خَلَقَ الشُّهُورَ اثْنَیْ عَشَرَ شَهْراً وَ هِیَ ثَلَاثُمِائَةٍ وَ سِتُّونَ یَوْماً فَحَجَرَ مِنْهَا سِتَّةَ اَیَّامٍ خَلَقَ فِیهَا السَّمَاوَاتِ وَ الْاَرَضِینَ فَمِنْ ثَمَّ تَقَاصَرَتِ الشُّهُورُ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خدا نے بارہ مہینے پیدا کیے ہیں اور تین سو ساٹھ دن اور ان میں سے وہ چھ دن جن میں زمیں و آسمان پیدا کیے گئے کم ہو گئے۔ اس لیے بعض مہینے تیس دن سے کم ہیں۔

۶۲ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِیدٍ الْعَسْکَرِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْکَرِیمِ ابْنُ اَخِی اَبِی زُرْعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنِی مَکِّیُّ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الْبَلْخِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ عُبَیْدَةَ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ یَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ نَزَلَتْ هَذِهِ السُّورَةُ اِذا جاءَ نَصْرُ اللهِ وَ الْفَتْحُ عَلَی رَسُولِ اللهِ صلی الله علیه و آله فِی اَوْسَطِ اَیَّامِ التَّشْرِیقِ فَعَرَفَ اَنَّهُ الْوَدَاعُ فَرَکِبَ رَاحِلَتَهُ الْعَضْبَاءَ فَحَمِدَ اللهَ وَ اَثْنَی عَلَیْهِ ثُمَّ قَالَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ کُلُّ دَمٍ کَانَ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فَهُوَ هَدَرٌ وَ اَوَّلُ دَمٍ هُدِرَ دَمُ الْحَارِثِ بْنِ رَبِیعَةَ بْنِ الْحَارِثِ کَانَ مُسْتَرْضِعاً فِی هُذَیْلٍ فَقَتَلَهُ بَنُو اللَّیْثِ اَوْ قَالَ کَانَ مُسْتَرْضِعاً فِی بَنِی لَیْثٍ فَقَتَلَهُ هُذَیْلٌ وَ کُلُّ رِبًا کَانَ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فَمَوْضُوعٌ وَ اَوَّلُ رِبًا وُضِعَ رِبَا الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ.

اَیُّهَا النَّاسُ! اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ فَهُوَ الْیَوْمَ کَهَیْئَتِهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَ الْاَرَضِینَ وَ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِنْدَ اللهِ اثْنا عَشَرَ شَهْراً فِی کِتابِ اللهِ یَوْمَ خَلَقَ اللهُ السَّماواتِ وَ الْاَرْضَ مِنْها اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ رَجَبُ مُضَرَ الَّذِی بَیْنَ جُمَادَی وَ شَعْبَانَ وَ ذُو الْقَعْدَةِ وَ ذُو الْحِجَّةِ وَ الْمُحَرَّمُ فَلا تَظْلِمُوا فِیهِنَّ اَنْفُسَکُمْ فَاِنَّ النَّسِیءَ زِیادَةٌ فِی الْکُفْرِ یُضَلُّ بِهِ الَّذِینَ کَفَرُوا یُحِلُّونَهُ عاماً وَ یُحَرِّمُونَهُ عاماً لِیُواطِؤُا عِدَّةَ ما حَرَّمَ اللهُ وَ کَانُوا یُحَرِّمُونَ الْمُحَرَّمَ عَاماً وَ یَسْتَحِلُّونَ صفر اصفراً وَ یُحَرِّمُونَ صفر

اِصفَراً عَاماً وَيَستَحِلُّونَ الْمُحَرَّمَ.

اَيُّهَا النَّاسُ! اِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ يَئِسَ اَنْ يُعْبَدَ فِي بِلَادِكُمْ آخِرَ الْاَبَدِ وَ رَضِيَ مِنكُمْ بِمُحَقَّرَاتِ الْاَعْمَالِ.

اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ وَدِيعَةٌ فَلْيُؤَدِّهَا اِلَى مَنِ ائْتَمَنَهُ عَلَيْهَا.

اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ النِّسَاءَ عِنْدَكُمْ عَوَانٍ لَا يَمْلِكْنَ لِاَنْفُسِهِنَّ ضَرّاً وَ لَا نَفْعاً اَخَذْتُمُوهُنَّ بِاَمَانَةِ اللهِ وَ اسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوجَهُنَّ بِكَلِمَاتِ اللهِ فَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ حَقٌّ وَ لَهُنَّ عَلَيْكُمْ حَقٌّ وَ مِنْ حَقِّكُمْ عَلَيْهِنَّ اَنْ لَا يُوطِئْنَ فُرُشَكُمْ وَ لَا يَعْصِينَكُمْ فِي مَعْرُوفٍ فَاِذَا فَعَلْنَ ذَلِكَ فَلَهُنَّ رِزْقُهُنَّ وَ كِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَ لَا تَضْرِبُوهُنَّ اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا- كِتَابَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فَاعْتَصِمُوا بِهِ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَيُّ يَوْمٍ هَذَا قَالُوا يَوْمٌ حَرَامٌ

ثُمَّ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ فَاَيُّ شَهْرٍ هَذَا قَالُوا شَهْرٌ حَرَامٌ قَالَ اَيُّهَا النَّاسُ اَيُّ بَلَدٍ هَذَا قَالُوا بَلَدٌ حَرَامٌ قَالَ فَاِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَاءَكُمْ وَ اَمْوَالَكُمْ وَ اَعْرَاضَكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا اِلَى يَوْمٍ تَلْقَوْنَهُ اَلَا فَلْيُبَلِّغْ شَاهِدُكُمْ غَائِبَكُمْ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَ لَا اُمَّةَ بَعْدَكُمْ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى اِنَّهُ لَيُرَى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللهُمَّ اشْهَدْ اَنِّي قَدْ بَلَّغْتُ

عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ سورۂ اذا جاء نصر اللہ والفتح ۱۱، ۱۲، ۱۳ ذی الحجہ کے درمیان نازل ہوا۔ حضرت نے سمجھ لیا کہ یہ حج وداع ہے شتر عضبا پر سوار ہوئے اور حمد وثنائے الٰہی کے بعد حضرت نے فرمایا کہ ایھا الناس! جو خون زمانہ جاہلیت میں ہو چکا ہے، وہ ہدر ہے اور سب سے پہلا خون جو معاف کیا جا رہا ہے وہ حارث بن ربیعہ بن حارث (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچازاد بھائی) کا خون ہے جو بنو ہذیل میں ایک دایہ کی تلاش میں گیا تھا کہ بنولیث نے اسے قتل کر دیا (راوی کہتا ہے) یا بنو لیث میں کسی دایہ کی تلاش میں گیا تھا کہ بنو ہذیل نے اسقتل کر دیا۔ اسی طرح جو سود زمانہ جاہلیت کا کسی کے ذمے تھا اس کو بھی معاف کیا اور سب سے پہلے اپنے چچا عباس بن عبدالمطلب کا مطالبہ عفو فرمایا۔

اے لوگو! زمانہ گردش کرتا رہتا ہے لہٰذا آج کا دن اس دن کی مانند ہے کہ جس دن اللہ نے آسمانوں اور زمین کو خلق فرمایا تھا اور جب سے اللہ نے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا ہے اس کی کتاب میں یہ ثبت ہے کہ اللہ کے نزدیک مہینوں کی تعداد بارہ ہے کہ ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں (ان مہینوں میں جنگ و جدال ممنوع ہے) رجب قبیلۂ مُضَر جو جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان ہے اور ذیقعدہ و ذی الحجہ و محرم ان مہینوں میں اپنے اوپر ظلم نہ کرو کہ حرمت والے مہینوں میں زیادتی کرنا کفر میں زیادتی کا سبب ہے اور اسی طرح اللہ ان لوگوں کو گمراہ کرتا ہے جنہوں نے کفر کیا دوسرے لفظوں میں انہوں

نے ایک سال اس کو حلال جانا اور ایک سال کو ان کو حرمت والا تا کہ اللہ کی مقرر کی ہوئی تعداد پوری ہو جائے لہٰذا وہ لوگ ایک سال محرم کو ماہ حرمت اور صفر کو ماہ حلال سمجھتے ہیں تو ایک سال محرم کو حلال سمجھتے ہیں۔

اے لوگو! شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا ہے کہ آج کے بعد کبھی بھی تمہارے شہروں میں اس پرستش کی جائے اور اب وہ راضی ہے کہ تم چھوٹے چھوٹے گناہ انجام دو پس تم لوگ اپنے دین میں چھوٹے چھوٹے گناہوں کے مرتکب ہوے سے بھی باز رہو۔

اے لوگو! جس کے پاس کوئی امنت رکھوائی گئی ہو تو اسے چاہئے کہ اس امانت کے رکھوالے والے کو لوٹا دے۔

لوگو! عورتیں تمہارے پاس بطور امانت ہیں اپنی ذات کے لیے نفع ونقصان پر قدرت نہیں رکھتیں۔تم نے ان کو خدا سے بطور امانت لیا ہے اور خدا ہی کے حکم سے ان سے لذت اٹھاتے ہو۔کچھ ان کا حق تمہارے اوپر ہے کچھ تمہارا حق ان کے اوپر۔تمہارا حق ان پر یہ ہے کہ تمہارے سوا کسی اور سے تعلق نہ رکھیں اور اچھی باتوں میں تمہاری نافرمانی نہ کریں تو وہ تم سے نان ونفقہ لینے کی حقدار ہیں، ان کو مارو نہیں۔

لوگو! میں تمہارے درمیان کچھ چیزیں بطور یادگار چھوڑتا ہوں تم جب تک ان سے متمسک رہو گے ہرگز گمراہ نہ ہوگے ان میں ایک کتاب الٰہی ہے۔

لوگو! آج کیسا دن ہے؟

سب نے جواب دیا کہ روز حرام۔

پھر فرمایا: یہ کون سا مہینہ ہے؟

سب نے کہا: ماہ حرام۔

پھر پوچھا: یہ کون سا شہر ہے؟

سب نے کہا: شہر حرام۔

فرمایا کہ خداوند عالم نے تمہارا خون، تمہارا دل، تمہاری آبرو ایک دوسرے پر حرام کی ہے۔اسی طرح جیسے آج کے دن کی حرمت خدا کے نزدیک ہے۔جو اس وقت موجود ہیں ان کو چاہیے کہ ان لوگوں سے بھی یہ کہہ دیں جو اس وقت یہاں نہیں ہیں کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں۔تمہارے بعد کوئی امت نہیں۔اس کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر بارگاہِ الٰہی میں عرض کی خداوندا تو گواہ رہنا کہ میں نے تبلیغ رسالت کر دی۔

۴۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ رَفَعَهُ إِلَى أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام فِي قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِنْدَ اللهِ اثْنا

عَشَرَ شَهْراً فِي كِتابِ اللهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّماواتِ وَ الْاَرْضَ قَالَ الْمُحَرَّمُ وَ صَفَرٌ وَ رَبِيعٌ الْاَوَّلُ وَ رَبِيعٌ الْآخِرُ وَ جُمَادَى الْاُولَى وَ جُمَادَى الْآخِرَةُ وَ رَجَبٌ وَ شَعْبَانُ وَ شَهْرُ رَمَضَانَ وَ شَوَّالٌ وَ ذُو الْقَعْدَةِ وَ ذُو الْحِجَّةِ مِنْها اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ عِشْرُونَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ وَ الْمُحَرَّمُ وَ صَفَرٌ وَ شَهْرُ رَبِيعِ الْاَوَّلِ وَ عَشْرٌ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْآخِرِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے اس قول "اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ" (اس میں تو شک ہی نہیں کہ خدا نے جس دن آسمان و زمین کو پیدا کیا (اسی دن سے) خدا کے نزدیک خدا کی کتاب (لوح محفوظ) میں مہینوں کی گنتی بارہ مہینے ہے)[1] کے متعلق فرمایا: محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادی الاول، جمادی الثانی، رجب، شعبان، رمضان، شوال، ذی القعد، ذی الحجہ۔ نیز ان مین سے چار حرمت والے مہینے ہیں: ذی الحجہ کے بیس دن، محرم صفر ربیع الاول اور ماہ ربیع الثانی کے دس دن۔

ساعات الليل اثنتا عشرة ساعة وساعات النهار كذلك

بارہ ساعتیں رات کے ہیں اور بارہ دن کی

⑮ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ الْمُتَوَكِّلِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ السَّعْدَآبَادِيُّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اَبَانٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ سَاعَاتُ اللَّيْلِ اثْنَتَا عَشْرَةَ سَاعَةً وَ سَاعَاتُ النَّهَارِ اثْنَتَا عَشْرَةَ سَاعَةً وَ اَفْضَلُ سَاعَاتِ اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ اَوْقَاتُ الصَّلَاةِ ثُمَّ قَالَ عليه السلام اِنَّهُ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فُتِّحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَ هَبَّتِ الرِّيَاحُ وَ نَظَرَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ اِلَى خَلْقِهِ وَ اِنِّي لَاُحِبُّ اَنْ يَصْعَدَ لِي عِنْدَ ذٰلِكَ اِلَى السَّمَاءِ عَمَلٌ صَالِحٌ ثُمَّ قَالَ عَلَيْكُمْ بِالدُّعَاءِ فِي اَدْبَارِ الصَّلَاةِ فَاِنَّهُ مُسْتَجَابٌ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بارہ ساعتیں یعنی گھنٹے رات کے ہیں اور بارہ دن کے اور ان میں بہترین اوقات نماز پنجگانہ کے اوقات ہیں۔

پھر فرمایا کہ جب صبح ہوتی ہے تو آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں، ہوا چلنے لگتی ہے اللہ اپنے بندوں پر نظر فرماتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ان اوقات میں کوئی عمل خیر بارگاہ الٰہی میں پہنچے۔

پھر فرمایا کہ تمہارے لیے ضروری ہے کہ نماز کے بعد دعا کیا کرو کیونکہ وہ قبول کر لی جاتی ہے۔

---

[1] سورۂ توبہ آیت ۳۶

۶۶ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ یَحْیَی عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مَیْمُونٍ عَنْ اَبِی هَاشِمٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِی الْحَسَنِ الْمَاضِی علیہ السلام لِمَ جُعِلَتِ الصَّلَاةُ الْفَرِیضَةُ وَ السُّنَّةُ خَمْسِینَ رَکْعَةً لَا یُزَادُ فِیهَا وَ لَا یُنْقَصُ مِنْهَا قَالَ اِنَّ سَاعَاتِ اللَّیْلِ اثْنَتَا عَشْرَةَ سَاعَةً وَ فِیمَا بَیْنَ طُلُوعِ الْفَجْرِ اِلَی طُلُوعِ الشَّمْسِ سَاعَةٌ وَ سَاعَاتِ النَّهَارِ اثْنَتَا عَشْرَةَ سَاعَةً فَجَعَلَ لِکُلِّ سَاعَةٍ رَکْعَتَیْنِ وَ مَا بَیْنَ غُرُوبِ الشَّمْسِ اِلَی سُقُوطِ الْقُرْصِ غَسَقٌ.

ابوالحسن ماضی نے امام علی نقی علیہ السلام سے سوال کیا واجب اور مستحب نمازوں کی رکعتوں کی تعداد پچاس کیوں ہے اس سے کم یا زیادہ کیوں نہیں۔

آپؑ نے فرمایا: دن میں بارہ گھڑیاں ہوتی ہیں اور رات میں بھی بارہ گھڑیاں ہوتی ہیں اور طلوع فجر اور طلوع شمس کے مابین ایک گھڑی ہوتی ہے جبکہ دن میں بھی بارہ گھڑیاں ہوتی ہیں (کل بارہ گھڑیاں ہوئیں) لہٰذا ہر گھڑی کے لئے دو رکعتیں مقرر کی گئی ہیں نیز غروب آفتاب سے سورج کے پوشیدہ ہونے تک کے وقت کو غسق کہتے ہیں۔

۶۷ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِیدٍ الْعَسْکَرِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِی عَمِّی قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو اِسْحَاقَ قَالَ اَمْلَی عَلَیْنَا ثَعْلَبٌ سَاعَاتِ اللَّیْلِ الْغَسَقَ وَ الْفَحْمَةَ وَ الْعَشْوَةَ وَ الْهَدْاَةَ وَ الْجُنْحَ وَ الْهَزِیعَ وَ الْفَقْدَ وَ الْعُقْرَ وَ الزُّلْفَةَ وَ السُّحْرَةَ وَ الْبُهْرَةَ وَ سَاعَاتِ النَّهَارِ الرَّادَّ وَ الشُّرُوقَ وَ الْمُتُوعَ وَ التَّرَحُّلَ وَ الدُّلُوكَ وَ الْجُنُوحَ وَ الْهَجِیرَ وَ الظَّهِیرَةَ وَ الْاَصِیلَ وَ الطِّفْلَ

ابواسحاق سے منقول ہے کہ ثعلب نے ہمیں لکھوایا کہ رات کی گھڑیاں یہ ہیں: غسق، فحمہ، عشوہ، ہدأۃ، سباع، جنح، ہزیع، فقد، قعر، زلفہ، سحرہ اور بہرہ۔

دن کی ساعتیں یہ ہیں: راد، شروق، منزع، ترحل، دلوک، جنوح، ہجیر، ظہرۃ، اصیل، طفل اور تبوع۔

البروج اثنا عشر و البر اثنا عشر و البحور اثنا عشر و العوالم اثنا عشر

برجوں کی تعداد بارہ، بیابان بارہ، سمندر بارہ اور عالم بارہ ہیں۔

۶۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَی بْنِ الْمُتَوَکِّلِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ السَّعْدَاآبَادِیُّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِیِّ عَنْ اَبِیهِ وَ غَیْرِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَیْمَانَ الصَّنْعَانِیِّ عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ اَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام اِذْ دَخَلَ عَلَیْهِ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْیَمَنِ فَسَلَّمَ عَلَیْهِ فَرَدَّ عَلَیْهِ السَّلَامَ وَ قَالَ لَهُ مَرْحَباً بِکَ یَا سَعْدُ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ بِهَذَا الِاسْمِ

سَمَّتْنِي أُمِّي وَ مَا أَقَلَّ مَنْ يَعْرِفُنِي بِهِ فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ ﷺ صَدَقْتَ يَا سَعْدُ الْمَوْلَى فَقَالَ الرَّجُلُ جُعِلْتُ فِدَاكَ بِهَذَا كُنْتُ أُلَقَّبُ فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام لَا خَيْرَ فِي اللَّقَبِ إِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى يَقُولُ فِي كِتَابِهِ وَ لا تَنابَزُوا بِالْأَلْقابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمانِ مَا صِنَاعَتُكَ يَا سَعْدُ فَقَالَ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنَّا مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ نَنْظُرُ فِي النُّجُومِ لَا نَقُولُ إِنَّ بِالْيَمَنِ أَحَداً أَعْلَمَ بِالنُّجُومِ مِنَّا فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام فَأَسْأَلُكَ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ سَلْ عَمَّا أَحْبَبْتَ مِنَ النُّجُومِ فَإِنِّي أُجِيبُكَ عَنْ ذَلِكَ بِعِلْمٍ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام كَمْ ضَوْءُ الشَّمْسِ عَلَى ضَوْءِ الْقَمَرِ دَرَجَةً فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام صَدَقْتَ فَكَمْ ضَوْءُ الْقَمَرِ عَلَى ضَوْءِ الزُّهَرَةِ دَرَجَةً فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام صَدَقْتَ فَكَمْ ضَوْءُ الزُّهَرَةِ عَلَى ضَوْءِ الْمُشْتَرِي دَرَجَةً فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام صَدَقْتَ فَكَمْ ضَوْءُ الْمُشْتَرِي عَلَى ضَوْءِ عُطَارِدٍ دَرَجَةً فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام صَدَقْتَ فَمَا اسْمُ النَّجْمِ الَّذِي إِذَا طَلَعَ هَاجَتِ الْبَقَرُ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام صَدَقْتَ فَمَا اسْمُ النَّجْمِ الَّذِي إِذَا طَلَعَ هَاجَتِ الْإِبِلُ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام صَدَقْتَ فَمَا اسْمُ النَّجْمِ الَّذِي إِذَا طَلَعَ هَاجَتِ الْكِلَابُ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام صَدَقْتَ فِي قَوْلِكَ لَا أَدْرِي فَمَا زُحَلُ عِنْدَكُمْ فِي النُّجُومِ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ نَجْمٌ نَحْسٌ فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام مَهْ لَا تَقُولَنَّ هَذَا فَإِنَّهُ نَجْمُ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَ هُوَ نَجْمُ الْأَوْصِيَاءِ عليهم السلام وَ هُوَ النَّجْمُ الثَّاقِبُ الَّذِي قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ فَقَالَ لَهُ الْيَمَانِيُّ فَمَا يَعْنِي بِالثَّاقِبِ قَالَ إِنَّ مَطْلِعَهُ فِي السَّمَاءِ السَّابِعَةِ وَ إِنَّهُ ثَقَبَ بِضَوْئِهِ حَتَّى أَضَاءَ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَمِنْ ثَمَّ سَمَّاهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ النَّجْمَ الثَّاقِبَ يَا أَخَا الْيَمَنِ عِنْدَكُمْ عُلَمَاءُ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ نَعَمْ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنَّ بِالْيَمَنِ قَوْماً لَيْسُوا كَأَحَدٍ مِنَ النَّاسِ فِي عِلْمِهِمْ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام وَ مَا يَبْلُغُ مِنْ عِلْمِ عَالِمِهِمْ فَقَالَ لَهُ الْيَمَانِيُّ إِنَّ عَالِمَهُمْ لَيَزْجُرُ الطَّيْرَ وَ يَقْفُو الْأَثَرَ فِي السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ مَسِيرَةَ شَهْرٍ لِلرَّاكِبِ الْمُجِدِّ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام فَإِنَّ عَالِمَ الْمَدِينَةِ أَعْلَمُ مِنْ عَالِمِ الْيَمَنِ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ وَ مَا بَلَغَ مِنْ عِلْمِ عَالِمِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام عِلْمُ عَالِمِ الْمَدِينَةِ يَنْتَهِي إِلَى حَيْثُ لَا يَقْفُو الْأَثَرَ وَ يَزْجُرُ الطَّيْرَ وَ يَعْلَمُ مَا فِي اللَّحْظَةِ الْوَاحِدَةِ مَسِيرَةَ الشَّمْسِ تَقْطَعُ اثْنَيْ عَشَرَ بُرْجاً وَ اثْنَيْ عَشَرَ بَرّاً وَ اثْنَيْ عَشَرَ بَحْراً وَ اثْنَيْ عَشَرَ عَالَماً قَالَ فَقَالَ لَهُ الْيَمَانِيُّ جُعِلْتُ فِدَاكَ مَا ظَنَنْتُ أَنَّ أَحَداً يَعْلَمُ هَذَا أَوْ يَدْرِي مَا كُنْهُهُ قَالَ ثُمَّ قَامَ الْيَمَانِيُّ فَخَرَجَ.

یمن سے ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام کیا۔

آپ نے فرمایا: اے سعد! مرحبا، خوش آمدید۔

اس نے عرض کی: یا حضرت یہ نام تو میری ماں کا رکھا ہوا ہے۔ کوئی اس سے واقف نہیں۔

حضرت نے فرمایا: اے سعد مولیٰ! تو نے سچ کہا۔

اس نے عرض کی: مولیٰ میرا لقب ہے۔

حضرت نے فرمایا: یہ لقب اچھا نہیں۔ ارشاد الٰہی ہے "وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ط بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ج وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ" (تم ایک دوسرے کا بُرا نام نہ دہراؤ۔ ایمان لانے کے بعد بدکاری (کا) نام ہی بُرا ہے۔ اور جو لوگ باز نہ آئیں تو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں)[1] اے سعد! تیرا پیشہ کیا ہے؟

عرض کی یا حضرت میں اور میرا خاندان نجومی ہے۔ اس وقت علم نجوم کا جاننے والا مجھ سے زیادہ کوئی نہیں۔

حضرت نے فرمایا: علم نجوم کے متعلق کوئی سوال کروں؟

اس نے عرض کی: جو چاہے سوال کیجئے۔

حضرت نے سوال کیا: آفتاب کی روشنی چاند سے کتنے درجے زیادہ ہے؟

اس کو کہنا: پڑا نہیں معلوم۔

پھر پوچھا: چاند کی روشنی زہرہ سے کتنے درجہ زیادہ ہے؟

کہنے لگا معلوم نہیں۔

پھر پوچھا: کون سا ستارہ ہے جب وہ نکلتا ہے تو گائے کہ شہوت بڑھ جاتی ہے۔

عرض کی: معلوم نہیں۔

پھر پوچھا: مشتری کا نور کتنے درجہ عطارد سے زیادہ ہے۔

عرض کی: نہیں معلوم۔

پھر پوچھا: کون سا ستارہ نکلتا ہے تو اونٹ کے مزاج میں ہیجان ہوتا ہے۔

عرض کی: معلوم نہیں۔

پھر پوچھا: کون سا ستارہ نکلتا ہے تو کتوں کو شہوت ہوتی ہے۔

عرض کی: معلوم نہیں۔

پھر پوچھا: زحل تمہارے خیال میں کیسا ستارہ ہے؟

---

[1] سورۂ حجرات آیت ۱۱

اس نے عرض کی: منحوس ستارہ ہے۔

آپ نے فرمایا: ایسا نہ کہو زحل ستارۂ امیر المومنین علیہ السلام اور ستارۂ اوصیاء ہے اور وہ نجم ثاقب ہے جس کی خبر قرآن مجید کے سورۂ طارق میں خداوند عالم نے دی ہے۔

اس نے عرض کی: ثاقب کے کیا معنی ہیں؟

فرمایا: وہ آسمان ہفتم پر ہے اور اس کی روشنی تمام آسمانوں سے گزرتی ہوئی آسمان دنیا تک پہنچتی ہے۔

پھر حضرت نے پوچھا: تمہارا کوئی عالم بھی ہے؟

اس نے عرض کی: بے شک ہمارا عالم ہے اور کوئی عالم اس مرتبے کا نہیں ہے وہ پرندوں سے فال لیتا ہے اور ایک ساعت میں ایک ماہ کی راہ کو جسے کوئی تیز رفتار سوار طے کرے قطع کر لیتا ہے اور نشان قدم کو پہچانتا ہے۔

حضرت نے فرمایا: لیکن مدینے کا عالم اس سے اعلم و افضل ہے۔ اس کا علم وہاں تک ہے جہاں پرندے پر نہیں مار سکتے۔ جہاں کسی کی رسائی نہیں اور ایک لحظہ میں آفتاب کی گردش بارہ برجوں میں اور بارہ زمینوں اور بارہ دریاؤں کو طے کرتا ہے۔

یمانی نے عرض کی: میں آپ پر فدا ہوں میرے علم میں بھی نہیں تھا کہ کوئی شخص اس قدر علم رکھتا ہوگا۔

راوی کہتا ہے اس کے بعد یمانی اٹھ کر باہر نکل گیا۔

حديث الدراهم الاثني عشر التي أهديت إلى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

ان بارہ درہموں کے متعلق حدیث جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ کئے گئے تھے

۶۹ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِیهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی عُمَیْرٍ عَنْ اَبَانٍ الْاَحْمَرِ عَنِ الصَّادِقِ اَبِی عَبْدِ اللهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ علیہ السلام قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ قَدْ بَلِیَ ثَوْبُهُ فَحَمَلَ اِلَیْهِ اثْنَیْ عَشَرَ دِرْهَماً فَقَالَ علیہ السلام یَا عَلِیُّ خُذْ هَذِهِ الدَّرَاهِمَ فَاشْتَرِ لِی بِهَا ثَوْباً اَلْبَسُهُ قَالَ عَلِیٌّ علیہ السلام فَجِئْتُ اِلَی السُّوقِ فَاشْتَرَیْتُ لَهُ قَمِیصاً بِاثْنَیْ عَشَرَ دِرْهَماً وَ جِئْتُ بِهِ اِلَی رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَنَظَرَ اِلَیْهِ فَقَالَ یَا عَلِیُّ غَیْرُ هَذَا اَحَبُّ اِلَیَّ اَ تَرَی صَاحِبَهُ یُقِیلُنَا فَقُلْتُ لَا اَدْرِی فَقَالَ انْظُرْ فَجِئْتُ اِلَی صَاحِبِهِ فَقُلْتُ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَدْ کَرِهَ هَذَا یُرِیدُ غَیْرَهُ فَاَقِلْنَا فِیهِ فَرَدَّ عَلَیَّ الدَّرَاهِمَ وَ جِئْتُ بِهَا اِلَی رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَمَشَی مَعَهُ اِلَی السُّوقِ لِیَبْتَاعَ قَمِیصاً فَنَظَرَ اِلَی جَارِیَةٍ قَاعِدَةٍ عَلَی الطَّرِیقِ تَبْکِی فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ مَا شَأْنُكِ قَالَتْ یَا رَسُولَ اللهِ اِنَّ اَهْلِی اَعْطَوْنِی اَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ لِاَشْتَرِیَ لَهُمْ

حَاجَةً فَضَاعَتْ فَلَا اَجْسُرُ اَنْ اَرْجِعَ اِلَيْهِمْ فَاَعْطَاهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ اَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ وَ قَالَ ارْجِعِي اِلَى اَهْلِكِ وَ مَضَى رَسُولُ اللهِ ﷺ اِلَى السُّوقِ فَاشْتَرَى قَمِيصاً بِاَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ وَ لَبِسَهُ وَ حَمِدَ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ فَرَاَى رَجُلًا عُرْيَاناً يَقُولُ مَنْ كَسَانِي كَسَاهُ اللهُ مِنْ ثِيَابِ الْجَنَّةِ فَخَلَعَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَمِيصَهُ الَّذِي اشْتَرَاهُ وَ كَسَاهُ السَّائِلَ ثُمَّ رَجَعَ عليه السلام اِلَى السُّوقِ فَاشْتَرَى بِالْاَرْبَعَةِ الَّتِي بَقِيَتْ قَمِيصاً آخَرَ فَلَبِسَهُ وَ حَمِدَ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ وَ رَجَعَ اِلَى مَنْزِلِهِ فَاِذَا الْجَارِيَةُ قَاعِدَةٌ عَلَى الطَّرِيقِ تَبْكِي فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ مَا لَكِ لَا تَاْتِينَ اَهْلَكِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ اِنِّي قَدْ اَبْطَاْتُ عَلَيْهِمْ اَخَافُ اَنْ يَضْرِبُونِي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مُرِّي بَيْنَ يَدَيَّ وَ دُلِّينِي عَلَى اَهْلِكِ وَ جَاءَ رَسُولُ اللهِ ﷺ حَتَّى وَقَفَ عَلَى بَابِ دَارِهِمْ ثُمَّ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الدَّارِ فَلَمْ يُجِيبُوهُ فَاَعَادَ السَّلَامَ فَلَمْ يُجِيبُوهُ فَاَعَادَ السَّلَامَ فَقَالُوا وَ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُهُ فَقَالَ عليه السلام مَا لَكُمْ تَرَكْتُمْ اِجَابَتِي فِي اَوَّلِ السَّلَامِ وَ الثَّانِي فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ سَمِعْنَا كَلَامَكَ فَاَحْبَبْنَا اَنْ نَسْتَكْثِرَ مِنْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اِنَّ هَذِهِ الْجَارِيَةَ اَبْطَاَتْ عَلَيْكُمْ فَلَا تُؤْذُوهَا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ هِيَ حُرَّةٌ لِمَمْشَاكَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَا رَاَيْتُ اثْنَيْ عَشَرَ دِرْهَماً اَعْظَمَ بَرَكَةً مِنْ هَذِهِ كَسَا اللهُ بِهَا عَارِيَيْنِ وَ اَعْتَقَ نَسَمَةً

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ایک شخص حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا دیکھا حضرت کا پیراہن بوسیدہ ہے اس نے بارہ درہم حضرت کی خدمت میں ہدیہ کے عنوان سے پیش کئے اور عرض کی: آپ اس کا ایک پیراہن خرید لیں۔

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: میں درہم لے کر بازار گیا اور ایک پیراہن لے کر حضرت کی خدمت میں پیش کیا۔

حضرت نے فرمایا: یا علیؑ! یہ میرے لیے مناسب نہیں اگر دوکاندار واپس لے لے تو واپس کر دو۔

آپ نے عرض کی: معلوم نہیں واپس لے یا نہ لے۔

میں کرتہ لے کر دوکاندار کے پاس آیا، دوکاندار کو کرتہ واپس دے کر قیمت لے آیا۔ اب حضرت میرے ساتھ خود بازار تشریف لے چلے، راستے میں دیکھا کہ ایک کنیز بیٹھی رو رہی ہے۔

حضرت نے بڑھ کر پوچھا: کیوں روتی ہو۔

اس نے عرض کی: یا حضرت مجھے گھر والوں نے چار درہم دیئے تھے اور ایک چیز منگوائی تھی۔ وہ درہم مجھ سے گم ہو گئے۔ اب خالی کیوں کر جاؤں۔ وہ لوگ سزا دیں گے۔

حضرت نے چار درہم اس کو دیئے اور گھر روانہ کیا پھر دوکان پر پہنچ کر چار درہم کا ایک کرتہ خرید کر پہنا اور شکر الٰہی بجالائے۔ مسجد کی طرف روانہ ہوئے تو راستے میں ایک برہنہ فقیر ملا جو یہ کہہ کر رو رہا تھا کہ جو مجھے لباس پہنائے خدا اس کو لباس جنت عطا فرمائے۔ حضرت نے جو نیا کرتہ پہنا تھا اتار کر سائل کو پہنا دیا اور خود وہی پرانا کرتہ پہن لیا پھر بازار واپس آ کر چار درہم کا دوسرا کرتہ لیا اور خود پہنا خدا کا شکر ادا کیا اب مسجد کی جانب روانہ ہوئے راستے میں دیکھا وہ کنیز جس کو درہم دیئے تھے اب بھی بیٹھی ہے۔

حضرت نے پوچھا: گھر کیوں نہیں جاتی۔

اس نے عرض کی: مجھے دیر ہوگئی ہے گھر والے پوچھیں گے تو کیا کہوں گی۔

آپ نے فرمایا: میرے ساتھ چل۔ اس کے مکان پر پہنچے۔

فرمایا: اے اہل خانہ تم سب پر سلام مگر کسی نے جواب نہ دیا۔ پھر سلام کیا پھر کسی نے جواب نہیں دیا۔ تیسری بار پھر سلام کیا تو جواب ملا۔

جب صاحب خانہ باہر آیا تو پوچھا: تم نے پہلی دو بار جواب سلام کیوں نہیں دیا۔

عرض کی: یا حضرت سنا تو ضرور تھا لیکن اگر جواب دے دیتے تو پھر آپ دوسری اور تیسری بار سلام نہ کرتے۔ ہم نے چاہا کہ آپ پر سلام کریں تا کہ ہم پر زیادہ رحمتیں نازل ہوں۔

حضرت نے فرمایا: تمہاری لونڈی کو واپسی میں تاخیر ہوگئی ہے لیکن اس کو معاف کر دینا۔

اس نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے تشریف لانے کی خوشی میں اس کو میں آزاد کرتا ہوں۔

حضرت نے فرمایا: شکر الٰہی کس قدر بابرکت تھے یہ درہم کہ دو برہنہ مومنوں نے لباس پہنا اور ایک لونڈی آزاد ہوئی۔

النقباء اثناعشر

بارہ نقباء

۴۰ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمَذَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ وَ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ الْاَحْمَرِ عَنْ جَمَاعَةٍ مَشِيخَةٍ قَالُوا اخْتَارَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مِنْ اُمَّتِهِ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيباً اَشَارَ اِلَيْهِمْ جَبْرَئِيلُ وَ اَمَرَهُ بِاخْتِيَارِهِمْ كَعِدَّةِ نُقَبَاءِ مُوسَى عليه السلام تِسْعَةٌ مِنَ الْخَزْرَجِ وَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْاَوْسِ فَمِنَ الْخَزْرَجِ اَسْعَدُ بْنُ زُرَارَةَ وَ الْبَرَاءُ بْنُ مَعْرُورٍ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ وَالِدُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ وَ رَافِعُ بْنُ مَالِكٍ وَ

سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَ الْمُنْذِرُ بْنُ عَمْرٍو وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ رَوَاحَةَ وَ سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ وَ ابْنُ الْقَوَافِلِ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ وَ مَعْنَى الْقَوَافِلِ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ كَانَ إِذَا دَخَلَ يَثْرِبَ يَجِيءُ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَشْرَافِ الْخَزْرَجِ فَيَقُولُ أَجِرْنِي مَا دُمْتُ بِهَا مِنْ أَنْ أُظْلَمَ فَيَقُولُ قوفل حَيْثُ شِئْتَ فَأَنْتَ فِي جِوَارِي فَلَا يَتَعَرَّضُ لَهُ أَحَدٌ وَمِنَ الْأَوْسِ أَبُو الْهَيْثَمِ بْنُ التَّيِّهَانِ وَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَ سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

و قد أخرجت قصتهم فی کتاب النبوة قال مصنف هذا الکتاب رضی الله عنه النقیب الرئیس من العرفاء و قد قیل إنه الضمین و قد قیل إنه الأمین و قد قیل إنه الشهید علی قومه و أصل النقیب فی اللغة من النقب و هو الثقب الواسع فقیل نقیب القوم لأنه ینقب عن أحوالهم کما ینقب عن الأسرار و عن مکنون الإضمار. معنی قول الله عز و جل وَ بَعَثْنا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيباً هو أنه أخذ من کل سبط منهم ضمینا بما عقد علیهم من المیثاق فی أمر دینهم و قد قیل إنهم بعثوا إلی الجبارین لیقفوا علی أحوالهم و یرجعوا بذلك إلی نبیهم موسی علیه السلام و رجعوا ینهون قومهم عن قتالهم لما رأوا من شدة بأسهم و عظم خلقهم و القصة معروفة و کان مرادنا ذکر معنی النقیب فی اللغة و الله الموفق للصواب

عثمان احمر اپنے اساتذہ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت سے بارہ نقیب مطابق عدد نقبائے بنی اسرائیل معین فرمائے تھے نو اشخاص قبیلہ خزرج سے اور تین آدمی قبیلہ اوس سے۔

(۱) اسعد بن زرارہ (۲) براء بن معرور

(۳) عبدالرحمن بن حماد (۴) جابر بن عبداللہ

(۵) رافع بن مالک (۶) سعد بن عبادہ

(۷) منذر بن عمر (۸) عبداللہ بن رواحہ

(۹) سعد بن ربیع اور مہاجرین عربہائے مدینہ میں سے عبادہ بن صامت تھے جو اشراف خزرج میں سے ایک شخص کی پناہ میں تھے۔

اور قبیلہ اوس میں سے:

(۱) ابوالہیثم بن تیہان (۲) اسعد بن حفیر

(۳) سعد بن خیثمہ تھے۔

مصنفؒ فرماتے ہیں کہ نقیب عرفاء کے سردار کو کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے مراد وہ شخص ہے جو کسی کی

ضمانت لے ایک قول یہ بھی ہے کہ قوم پر گواہ کو کہتے ہیں۔

نقیب کا لغوی معنی نقب سے ہے یعنی کشادہ سوراخ۔ لہٰذا نقیب قوم اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنی قوم کے احوال کی ٹوہ میں رہتا ہے جس طرح کہ اسرار کا دلوں میں چھپے بھیدوں کا سراغ لگایا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اس قول "وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا" (اور ہم (خدا) نے ان میں بارہ سردار (ان پر) مقرر کیے)[1] کے معنی یہ ہیں کہ ان کی قوم نے اپنے دین کے متعلق جو عہد و پیمان کئے تھے اللہ نے ان میں سے ہر ایک کے سبط کو ان کا ضامن و ذمہ دار قرار دیا ہے نیز یہ بھی کہا گیا ہے کہ اللہ نے ان کو سرکشوں کی جانب مبعوث کیا تھا تا کہ ان کے احوال سے واقف ہوں اور اس طرح وہ اپنے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے رجوع کریں، لہٰذا وہ لوٹے اور انہوں نے اپنی قوم کو شدید جنگ کرتے دیکھا اور ان کو عظیم الجثہ پایا تو انہوں نے اپنی قوم کو قتل و غارت گری کرنے سے منع کیا اور یہ قصہ بہت مشہور ہے تو ہماری مراد محض نقیب کے معنی کو بیان کرنا تھی.....اور خدا ہی صحیح بات کی توفیق دینے والا ہے۔

---

[1] سورۂ مائدہ آیت ۱۲

باب۔ ۱۳

المسوخ ثلاثة عشر صنفا

لوگ تیرہ صورتوں میں مسخ ہوں گے

① حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَسْبَاطٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عليه السلام قَالَ الْمَسُوخُ مِنْ بَنِي آدَمَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ صِنْفاً مِنْهُمُ الْقِرَدَةُ وَ الْخَنَازِيرُ وَ الْخُفَّاشُ وَ الضَّبُّ وَ الدُّبُّ وَ الْفِيلُ وَ الدُّعْمُوصُ وَ الْجِرِّيثُ وَ الْعَقْرَبُ وَ سُهَيْلٌ وَ الْقُنْفُذُ وَ الزُّهَرَةُ وَ الْعَنْكَبُوتُ فَاَمَّا الْقِرَدَةُ فَكَانُوا قَوْماً مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ كَانُوا يَنْزِلُونَ عَلَى شَاطِئِ الْبَحْرِ اعْتَدَوْا فِي السَّبْتِ فَصَادُوا الْحِيتَانَ فَمَسَخَهُمُ اللهُ قِرَدَةً وَ اَمَّا الْخَنَازِيرُ فَكَانُوا قَوْماً مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ دَعَا عَلَيْهِمْ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عليه السلام فَمَسَخَهُمُ اللهُ خَنَازِيرَ وَ اَمَّا الْخُفَّاشُ فَكَانَتِ امْرَاَةً مَعَ ظِئْرٍ لَهَا فَسَخِرَتْهَا فَمَسَخَهَا اللهُ خُفَّاشاً وَ اَمَّا الضَّبُّ فَكَانَ اَعْرَابِيّاً بَدَوِيّاً لَا يَدَعُ عَنْ قَتْلِ مَنْ مَرَّ بِهِ مِنَ النَّاسِ فَمَسَخَهُ اللهُ ضَبّاً وَ اَمَّا الدُّبُّ فَكَانَ رَجُلًا يَسْرِقُ الْحَاجَّ فَمَسَخَهُ اللهُ دُبّاً وَ اَمَّا الْفِيلُ فَكَانَ رَجُلًا يَنْكِحُ الْبَهَائِمَ فَمَسَخَهُ اللهُ فِيلًا وَ اَمَّا الدُّعْمُوصُ فَكَانَ رَجُلًا زَانِيَ الْفَرْجِ لَا يَدَعُ مِنْ شَيْءٍ فَمَسَخَهُ اللهُ دُعْمُوصاً وَ اَمَّا الْجِرِّيثُ فَكَانَ رَجُلًا تَمَّاماً فَمَسَخَهُ اللهُ جِرِّيثاً وَ اَمَّا الْعَقْرَبُ فَكَانَ رَجُلًا هَمَّازاً لَمَّازاً فَمَسَخَهُ اللهُ عَقْرَباً وَ اَمَّا سُهَيْلٌ فَكَانَ رَجُلًا عَشَّاراً صَاحِبَ مَكَاسٍ فَمَسَخَهُ اللهُ كَوْكَباً وَ اَمَّا الزُّهَرَةُ فَكَانَتِ امْرَاَةً فَتَنَتْ هَارُوتَ وَ مَارُوتَ فَمَسَخَهَا اللهُ وَ اَمَّا الْعَنْكَبُوتُ فَكَانَتِ امْرَاَةً سَيِّئَةَ الْخُلُقِ عَاصِيَةً لِزَوْجِهَا مُؤْلِيَةً عَنْهُ فَمَسَخَهَا اللهُ عَنْكَبُوتاً وَ اَمَّا الْقُنْفُذُ فَكَانَ رَجُلًا سَيِّئَ الْخُلُقِ فَمَسَخَهُ اللهُ قُنْفُذاً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے آدمیوں میں سے کچھ بندر کچھ (۲) سور (۳) چمگادڑ (۴) سوسمار (۵) ریچھ (۶) ہاتھی (۷) کرم سیاہ (۸) سگ ماہی (۹) عقرب (۱۰) سہیل (۱۱) خارپشت (۱۲) زہرہ (۱۳) مکڑی کی صورت میں مسخ ہو گئے ہیں۔

بندر وہ بنی اسرائیل جو دریائے سے شنبہ کے روز باوجود ممانعت کے مچھلیوں کا شکار کرتے تھے۔لہٰذا اللہ نے انہیں بندر کی صورت میں مسخ کر دیا۔

سور بنی اسرائیل کا وہ گروہ ہے جس پر حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نے بد دعا کی تھی۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے انہیں سور کی صورت میں مسخ کر دیا۔

چمگادڑ ایک جادوگر عورت تھی کہ جس نے اپنی دایہ پر جادو کر دیا تھا لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے چمگادڑ کی صورت میں مسخ کر دیا۔

سوسمار ایک راہزن تھا جو مسافروں کو قتل کیا کرتا تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے سوسمار کی صورت میں مسخ کر دیا۔

ریچھ ایک شخص تھا جسے فعل غیر فطری کروانے کی عادت تھی۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے ریچھ کی صورت میں مسخ کر دیا۔

ایک اور جگہ ہے کہ ریچھ ایک شخص تھا جو حاجیوں کا مال چرایا کرتا تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے ریچھ کی صورت میں مسخ کر دیا۔

ہاتھی ایک شخص تھا جو جانوروں کے ساتھ مباشرت کیا کرتا تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے ہاتھی کی صورت میں مسخ کر دیا۔

وعموص یعنی کرم سیاہ ابی ایک شخص زنا کار تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے کرم سیاہ کی صورت میں مسخ کر دیا۔

مار ماہی ایک سخن چین (اُدھر کی بات اِدھر اور اِدھر کی بات اُدھر کرنے والا) تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے مار ماہی کی صورت میں مسخ کر دیا۔

بچھو ایک بدزبان شخص تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے بچھو کی صورت میں مسخ کر دیا۔

سہیل چنگی لیا کرتا تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے سہیل ستارہ کی صورت میں مسخ کر دیا۔

زہرہ ایک عورت تھی جس نے ہاروت و ماروت کو بہکایا تھا۔لہٰذا اللہ نے اسے مسخ کر دیا۔

مکڑی ایک بداخلاق عورت تھی جو اپنے شوہر کی نافرمان تھی۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے مکڑی کی صورت میں مسخ کر دیا۔

خار پشت ایک بداخلاق مرد تھا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اسے خار پشت کی صورت میں مسخ کر دیا۔

② حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْاَسْوَارِيُّ الْمُذَكِّرُ قَالَ حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعْدَوَيْهِ الْبَرْذَعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْعَطَّارُ بِدِمْيَاطٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَلَانِسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاُوَيْسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ مُعَتِّبٍ مَوْلَى جَعْفَرٍ عَنْ جَعْفَرٍ

بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ سَاَلْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَنِ الْمُسُوخِ فَقَالَ هُمْ ثَلَاثَةَ عَشَرَ الْفِيلُ وَ الدُّبُّ وَ الْخُنْزِيرُ وَ الْقِرْدُ وَ الْجِرِّيثُ وَ الضَّبُّ وَ الْوَطْوَاطُ وَ الدُّعْمُوصُ وَ الْعَقْرَبُ وَ الْعَنْكَبُوتُ وَ الْاَرْنَبُ وَ سُهَيْلٌ وَ الزُّهَرَةُ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وَ مَا كَانَ سَبَبُ مَسْخِهِمْ فَقَالَ اَمَّا الْفِيلُ فَكَانَ رَجُلًا لُوطِيّاً لَا يَدَعُ رَطْباً وَ لَا يَابِساً وَ اَمَّا الدُّبُّ فَكَانَ رَجُلًا مُؤَنَّثاً يَدْعُو الرِّجَالَ اِلَى نَفْسِهِ وَ اَمَّا الْخَنَازِيرُ فَكَانُوا قَوْماً نَصَارَى سَاَلُوا رَبَّهُمْ اِنْزَالَ الْمَائِدَةِ عَلَيْهِمْ فَلَمَّا اُنْزِلَتْ عَلَيْهِمْ كَانُوا اَشَدَّ مَا كَانُوا كُفْراً وَ اَشَدَّ تَكْذِيباً وَ اَمَّا الْقِرَدَةُ فَقَوْمٌ اعْتَدَوْا فِي السَّبْتِ وَ اَمَّا الْجِرِّيثُ فَكَانَ رَجُلًا دَيُّوثاً يَدْعُو الرِّجَالَ اِلَى حَلِيلَتِهِ وَ اَمَّا الضَّبُّ فَكَانَ رَجُلًا اَعْرَابِيّاً يَسْرِقُ الْحَاجَّ بِمِحْجَنِهِ وَ اَمَّا الْوَطْوَاطُ فَكَانَ رَجُلًا يَسْرِقُ الثِّمَارَ مِنْ رُءُوسِ النَّخْلِ وَ اَمَّا الدُّعْمُوصُ فَكَانَ نَمَّاماً يُفَرِّقُ بَيْنَ الْاَحِبَّةِ وَ اَمَّا الْعَقْرَبُ فَكَانَ رَجُلًا لَذَّاعاً لَا يَسْلَمُ عَلَى لِسَانِهِ اَحَدٌ وَ اَمَّا الْعَنْكَبُوتُ فَكَانَتِ امْرَاَةً تَخُونُ زَوْجَهَا وَ اَمَّا الْاَرْنَبُ فَكَانَتِ امْرَاَةً لَا تَتَطَهَّرُ مِنْ حَيْضٍ وَ لَا غَيْرِهِ وَ اَمَّا سُهَيْلٌ فَكَانَ عَشَّاراً بِالْيَمَنِ وَ اَمَّا الزُّهَرَةُ فَكَانَتِ امْرَاَةً نَصْرَانِيَّةً وَ كَانَتْ لِبَعْضِ مُلُوكِ بَنِي اِسْرَائِيلَ وَ هِيَ الَّتِي فُتِنَ بِهَا هَارُوتُ وَ مَارُوتُ وَ كَانَ اسْمُهَا نَاهِيلَ وَ النَّاسُ يَقُولُونَ نَاهِيدَ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه الناس يغلطون فى الزهرة و سهيل فيقولون إنهما نجمان و ليسا كما يقولون و لكنهما دابتان من دواب البحر سميتا باسمى نجمين فى السماء كما سميت بروج فى السماء بأسماء حيوان فى الأرض مثل الحمل و الثور و الجوزاء و السرطان و العقرب و الحوت و الجدى و كذلك الزهرة و سهيل و إنما غلط الناس فيهما دون غيرهما لتعذر مشاهدتهما و النظر إليهما لأنهما دابتان فى البحر المطيف بالدنيا بحيث لا تبلغه سفينة و لا تعمل فيه حيلة و ما كان الله عز و جل ليمسخ العصاة أنوارا مضيئة يهتدى بها فى البر و البحر ثم يبقيهما ما بقيت السماء و الأرض و المسوخ لم تبق أكثر من ثلاثة أيام حتى ماتت و لم تتوالد و هذه الحيوانات التى تسمى المسوخ فالمسوخية لها اسم مستعار مجازى بل هى مثل ما مسخ الله عز و جل على صورتها قوما عصوه و استحقوا بعصيانهم تغيير ما بهم من نعمة و حرم الله تبارك و تعالى لحومها لكيلا ينتفع بها و لا يستخف بعقوبتها حكيت لى هذه الحكاية عن أبى الحسين محمد بن جعفر الأسدى رضى الله عنه.

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مسخ شدہ مخلوقات کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ان کی تعداد تیرہ ہے۔

(۱)ہاتھی (۲) ریچھ (۳)سور (۴)بندر (۵)سگ ماہی (۶)سوسمار (۷)چمگادڑ (۸)کرم سیاہ (۹)بچھو (۱۰)مکڑی (۱۱)خرگوش (۱۲)سہیل اور (۱۳)زہرہ

آپؑ سے پوچھا گیا: ان کے مسخ ہونے کی کیا وجہ تھی؟

آپؑ نے فرمایا:

ہاتھی ایک اغلام باز تھا جو کسی خشک وتر سے گریز نہیں کرتا تھا۔

ریچھ مخنث شخص تھا جو مردوں کو اپنی طرف بدفعلی کے لئے بلاتا تھا۔

سور نصاریٰ کی ایک قوم جنہوں نے اپنے پروردگار سے ان پر مائدہ کے نازل کرنے کی درخواست کی تھی اور جب وہ نازل ہوگیا تو انہوں نے شدید ترین انداز میں کفر اختیار کیا اور اسی طرح اسے جھٹلا دیا۔

بندر وہ قوم ہے جس نے ہفتہ کے دن زیادتی کی (یعنی منع ہونے کے باوجود مچھلی کا شکار کیا)۔

سگ ماہی یہ بے غیرت مرد تھا جو دوسرے مردوں کو اپنی عورت کے ساتھ زنا کے لئے بلاتا تھا۔

سوسمار یہ بدو عرب تھا جو حاجیوں کی چوری کیا کرتا تھا۔

چمگاڈر یہ ایسا شخص تھا جو کھجور کے درختوں سے ان کے میوے چراتا تھا۔

کرم سیاہ یہ شخص اُدھر کی بات اِدھر اور اِدھر کی بات اُدھر کرتا تھا اور طرح محبت کرنے والوں میں جدائی ڈالتا تھا۔

بچھو یہ شخص بدزبان تھا کہ اس کی زبان سے کوئی محفوظ نہیں تھا۔

مکڑی یہ عورت تھی جو اپنے شوہر کے ساتھ خیانت کرتی تھی۔

خرگوش یہ ایسی عورت تھی جو حیض وغیرہ سے پاک نہیں ہوتی تھی۔

سہیل یہ شخص یمن میں خراج وصول کرتا تھا۔

زہرہ یہ ایک نصرانی عورت تھی جو بنی اسرائیل کے بادشاہ کی بیوی تھی اور یہی وہ عورت ہے جس نے ہاروت وماروت کو ورغلایا اس کا نام تاہیل تھا جبکہ لوگ اسے ناہید کہہ کر پکارتے تھے۔

مؤلف کتاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عوام الناس سہیل اور زہرہ کے متعلق غلط فہمی میں مبتلا ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ یہ دو ستاروں کے نام ہیں جبکہ ایسا نہیں ہے بلکہ یہ دو چوپائے ہیں سمندر چوپائی کہ ان کے نام آسمان میں موجود دو ستاروں کے نام پر رکھے گئے ہیں جس طرح کہ آسمانی برجوں کے نام روئے زمین پر موجود حیوانوں کے ناموں پر رکھے گئے ہیں جیسے:

حمل، ثور، جوزا، سرطان، عقرب، حوت، جدی اور اسی طرح زہرہ اور سہیل۔

لوگ ان دونوں کے متعلق ہی غلط فہمی کا شکار ہوئے نہ کہ باقی ستاروں کے متعلق اور اس کی وجہ یہ ہے کہ عام طور پر

ان دونوں کا مشاہدہ ممکن نہیں کہ انہیں دیکھا جا سکے کیونکہ یہ سمندر کی تہہ میں زندگی بسر کرتے ہیں کہ جہاں نہ کوئی کشتی جا سکتی ہے اور نہ کوئی اور حیلہ کام آتا ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ نافرمانوں کو چمکتے انوار کی صورت مسخ نہیں کرے کہ ان سے خشکی و سمندر میں رہنمائی حاصل کی جائے اور پھر انہیں اس وقت تک باقی رکھے جب تک آسمان و زمین باقی ہیں جبکہ مسخ شدہ تین دن سے زیادہ زندہ نہیں رہے اور (تین دن کے بعد) مر گئے لہٰذا ان کی نسل آگے نہ بڑھ سکی۔

ان حیوانات کو مسخ شدہ کہا جاتا ہے لہٰذا یہ لفظ ''مسخ'' مجازی طور پر استعمال کیا جاتا ہے (نہ کہ حقیقی) بلکہ ان کی مثال ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے ان کی صورت میں اس قوم کو مسخ کیا تھا کہ جس نے اس کی نافرمانی کی تھی اور اس طرح اس کی نافرمانی کی وجہ سے وہ اللہ کی نعمت سے محرومی کے مستحق ہوئے تھے۔ نیز اللہ تعالیٰ نے ان کے گوشت کو حرام قرار دیا تا کہ ان سے کوئی نفع حاصل نہ کیا جا سکے اور نہ ہی ان اس سزا کو کوئی معلولی سمجھا جائے۔

آخر میں مؤلف مراتے ہیں کہ یہ حکایت میں نے ابوالحسین محمد ابن جعفر اسدی سے نقل کی ہے۔

حد بلوغ الغلام ثلاث عشرة سنة إلى أربع عشرة سنة

ایک لڑکے کے بالغ ہونے کی عمر تیرہ سے چودہ سال ہے

③ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ عَنْ اَبِي الْحُسَيْنِ الْخَادِمِ بَيَّاعِ اللُّؤْلُؤِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ سَاَلَهُ اَبِي وَ اَنَا حَاضِرٌ عَنِ الْيَتِيمِ مَتَى يَجُوزُ اَمْرُهُ قَالَ حَتَّى يَبْلُغَ اَشُدَّهُ* قَالَ وَ مَا اَشُدُّهُ قَالَ الِاحْتِلَامُ قَالَ قُلْتُ قَدْ يَكُونُ الْغُلَامُ ابْنَ ثَمَانَ عَشْرَةَ سَنَةً اَوْ اَقَلَّ اَوْ اَكْثَرَ وَ لَا يَحْتَلِمُ قَالَ اِذَا بَلَغَ وَ كُتِبَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ جَازَ اَمْرُهُ اِلَّا اَنْ يَكُونَ سَفِيهاً اَوْ ضَعِيفاً.

عبداللہ بن سنان راوی ہیں کہ میرے والد نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ یتیم کے ساتھ خرید و فروخت کب سے درست ہے۔ فرمایا جب وہ بالغ ہو جائے۔ عرض کی کب بالغ ہوتا ہے۔ فرمایا جب سے اس کو احتلام ہونے لگے۔ سنان نے عرض کی کبھی بچہ اٹھارہ کا ہوتا ہے اس وقت بالغ ہوتا ہے۔ فرمایا بالغ ہونے کے بعد اس کے معاملات درست ہوتے ہیں اور جب لڑکا تیرہ چودہ سال کا ہو جائے تو اس پر وہ تمام عبادات واجب ہو جاتے ہیں جو محتلم ہونے والے بچے پر واجب ہو جائے ہیں۔ اس کے نامہ عمل میں ہر نیک و بد لکھا جاتا ہے اور اس کے معاملات صحیح ہوتے ہیں۔ ہاں اگر سفیہ اور بے عقل ہو تو معاملات درست نہ ہوں گے۔

④ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْوَشَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ اِذَا بَلَغَ الْغُلَامُ اَشُدَّهُ

ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً وَ دَخَلَ فِي الْاَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً وَجَبَ عَلَيْهِ مَا وَجَبَ عَلَى الْمُحْتَلِمِينَ احْتَلَمَ اَمْ لَمْ يَحْتَلِمْ وَ كُتِبَتْ عَلَيْهِ السَّيِّئَاتُ وَ كُتِبَتْ لَهُ الْحَسَنَاتُ وَ جَازَ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ مِنْ مَالِهِ اِلَّا اَنْ يَكُونَ ضَعِيفاً اَوْ سَفِيهاً.

تھوڑے سے الفاظ واسناد کے فرق سے سابقہ حدیث تکرار ہوئی ہے۔

ثلاث عشرة خصلة من فضائل أمير المؤمنين عليه السلام

امیر المومنین علیہ السلام کی تیرہ فضیلتیں

⑤ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَسَنِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَصْبَهَانِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مُوسَى الْعَبْسِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ السُّلَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

يَقُولُ فِي عَلِيٍّ عليه السلام خِصَالًا لَوْ كَانَتْ وَاحِدَةٌ مِنْهَا فِي جَمِيعِ النَّاسِ لَاكْتَفَوْا بِهَا فَضْلًا

قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِيٌّ مِنِّي كَهَارُونَ مِنْ مُوسَى

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِيٌّ مِنِّي وَ اَنَا مِنْهُ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِيٌّ مِنِّي كَنَفْسِي طَاعَتُهُ طَاعَتِي وَ مَعْصِيَتُهُ مَعْصِيَتِي

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حَرْبُ عَلِيٍّ حَرْبُ اللهِ وَ سِلْمُ عَلِيٍّ سِلْمُ اللهِ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَلِيُّ عَلِيٍّ وَلِيُّ اللهِ وَ عَدُوُّ عَلِيٍّ عَدُوُّ اللهِ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِيٌّ حُجَّةُ اللهِ وَ خَلِيفَتُهُ عَلَى عِبَادِهِ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حُبُّ عَلِيٍّ اِيمَانٌ وَ بُغْضُهُ كُفْرٌ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حِزْبُ عَلِيٍّ حِزْبُ اللهِ وَ حِزْبُ اَعْدَائِهِ حِزْبُ الشَّيْطَانِ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِيٌّ مَعَ الْحَقِّ وَ الْحَقُّ مَعَهُ لَا يَفْتَرِقَانِ حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِيٌّ قَسِيمُ الْجَنَّةِ وَ النَّارِ

وَ قَوْلُهُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَنْ فَارَقَ عَلِيّاً فَقَدْ فَارَقَنِي وَ مَنْ فَارَقَنِي فَقَدْ فَارَقَ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ

وَ قَوْلُهُ ﷺ شِيعَةُ عَلِيٍّ هُمُ الْفَائِزُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے امیر المومنین علیہ السلام کی تیرہ خصلتیں اپنے کانوں سے سنی ہیں کہ اگر ان میں سے کسی میں ایک خصلت بھی ہوتو اس کی فضیلت کے لیے کافی ہے:

(۱) یہ ہے کہ حضرت نے فرمایا جس کا میں مولیٰ ہوں یہ علی ابن ابی طالب اس کا آقا و مولا ہے۔

(۲) پھر فرمایا کہ علی کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو موسیٰ سے ہارون کو تھی۔

(۳) پھر فرمایا کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے۔

(۴) پھر فرمایا کہ علی کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو مجھ علی سے۔ میری ذات سے اس کی اطاعت میری اطاعت ہے۔ اس کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔

(۵) فرمایا کہ علی سے جنگ کرنا خدا سے جنگ اور علی سے مصالحت کرنا خدا سے مصالحت ہے۔

(۶) فرمایا کہ علی کا دوست خدا کا دوست اور علی کا دشمن خدا کا دشمن ہے۔

(۷) فرمایا کہ علی حجت خدا اور خلیفہ الٰہی ہے اس کے بندوں پر۔

(۸) فرمایا کہ علی کی محبت ایمان ہے، علی کی دشمنی کفر ہے۔

(۹) فرمایا کہ علی کا لشکر خدا کا لشکر ہے اور علی کے دشمنوں کا لشکر شیطان کا لشکر ہے۔

(۱۰) فرمایا کہ علی حق کے ساتھ اور حق علی کے ساتھ ہے۔ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتے۔ یہاں تک کہ حوض کوثر پر میرے پاس پہنچ جائیں۔

(۱۱) فرمایا کہ علی جنت و دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہیں۔

(۱۲) فرمایا کہ جو علی سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہوا جو مجھ سے جدا ہوا وہ خدا سے جدا ہوا

(۱۳) فرمایا کہ علی کے محب اور ان کے دوست قیامت کے دن کامیاب ہیں۔

باب ۔ ۱۴

في الخضاب أربع عشرة خصلة

خضاب میں چودہ خوبیاں ہیں

① حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ النَّهَاوَنْدِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَغْدَادِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ رَفَعَ الْحَدِيثَ اِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ اَنَّهُ قَالَ دِرْهَمٌ فِي الْخِضَابِ اَفْضَلُ مِنْ نَفَقَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ وَ فِيهِ اَرْبَعَ عَشْرَةَ خَصْلَةً يَطْرُدُ الرِّيحَ مِنَ الْاُذُنَيْنِ وَ يَجْلُو الْغِشَاوَةَ عَنِ الْبَصَرِ وَ يُلَيِّنُ الْخَيَاشِيمَ وَ يُطَيِّبُ النَّكْهَةَ وَ يَشُدُّ اللِّثَةَ وَ يَذْهَبُ بِالضَّنَى وَ يُقِلُّ وَسْوَسَةَ الشَّيْطَانِ وَ تَفْرَحُ بِهِ الْمَلَائِكَةُ وَ يَسْتَبْشِرُ بِهِ الْمُؤْمِنُ وَ يَغِيظُ بِهِ الْكَافِرُ وَ هُوَ زِينَةٌ وَ طِيبٌ وَ بَرَاءَةٌ فِي قَبْرِهِ وَ يَسْتَحْيِي مِنْهُ مُنْكَرٌ وَ نَكِيرٌ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خضاب کرنے کے لیے ایک درہم خرچ کرنا خدا کی راہ میں ایک ہزار درہم خرچ کرنے سے افضل ہے۔

خضاب میں چودہ خوبیاں ہیں:

(۱) کانوں کی ہوا نکال دیتا ہے۔
(۲) آنکھیں روشن ہوجاتی ہیں۔
(۳) نتھنوں کو لطیف و ملائم کرتا ہے۔
(۴) منہ سے خوشبو آتی ہے۔
(۵) دانتوں کی جڑ مضبوط ہوتی ہے۔
(۶) سستی دور ہوتی ہے۔
(۷) بدن فربہ ہوتا ہے۔
(۸) وسوسہ نہیں ہوتا۔
(۹) فرشتے خوش ہوتے ہیں۔
(۱۰) مومن دیکھ کر مسرور ہوتا ہے۔
(۱۱) کافر برا مانتا ہے۔
(۱۲) زینت ہے۔
(۱۳) عذاب قبر سے نجات ہے۔
(۱۴) منکر و نکیر کو شرم آتی ہے۔

② حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الشَّاهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَامِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا

مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِيمِيُّ عَنْ اَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو مَالِكٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله اَنَّهُ قَالَ فِي وَصِيَّتِهِ لَهُ يَا عَلِيُّ دِرْهَمٌ فِي الْخِضَابِ اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ دِرْهَمٍ يُنْفَقُ فِي سَبِيلِ اللهِ وَ فِيهِ اَرْبَعَ عَشْرَةَ خَصْلَةً يَطْرُدُ الرِّيحَ مِنَ الْاُذُنَيْنِ وَ يَجْلُو الْبَصَرَ وَ يُلَيِّنُ الْخَيَاشِيمَ وَ يُطَيِّبُ النَّكْهَةَ وَ يَشُدُّ اللِّثَةَ وَ يَذْهَبُ بِالضَّنَى وَ يُقِلُّ وَسْوَسَةَ الشَّيْطَانِ وَ تَفْرَحُ بِهِ الْمَلَائِكَةُ وَ يَسْتَبْشِرُ بِهِ الْمُؤْمِنُ وَ يَغِيظُ بِهِ الْكَافِرُ وَ هُوَ زِينَةٌ وَ طِيبٌ وَ يَسْتَحْيِي مِنْهُ مُنْكَرٌ وَ نَكِيرٌ وَ هُوَ بَرَاءَةٌ لَهُ فِي قَبْرِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے وصیت کرتے ہوئے فرمایا: خضاب کرنے کے لیے ایک درہم خرچ کرنا خدا کی راہ میں ایک ہزار درہم خرچ کرنے سے افضل ہے۔اوراس میں چودہ خوبیاں پائی جاتی ہیں:

(۱) کانوں کی ہوا نکال دیتا ہے۔ (۲) آنکھیں روشن ہوجاتی ہیں۔
(۳) نتھنوں کولطیف وملائم کرتا ہے۔ (۴) منہ سے خوشبو آتی ہے۔
(۵) دانتوں کی جڑ مضبوط ہوتی ہے۔ (۶) سستی دور ہوتی ہے۔
(۷) بدن فربہ ہوتا ہے۔ (۸) وسوسہ نہیں ہوتا۔
(۹) فرشتے خوش ہوتے ہیں۔ (۱۰) مومن دیکھ کر مسرور ہوتا ہے۔
(۱۱) کافر برا مانتا ہے (۱۲) زینت ہے۔
(۱۳) عذاب قبر سے نجات ہے۔
(۱۴) منکر ونکیر کو شرم آتی ہے اور یہ اس کی قبر میں (عذاب سے) برائت کا پروانہ ہے۔

③ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْبُنْدَارُ الشَّافِعِيُّ بِفَرْغَانِيٍّ بِفَرْغَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مَسْعَدَةُ بْنُ اَسْمَعَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَمْرٍو اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يُونُسَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَازِمٍ اَبِي غَرَزَةَ الْغِفَارِيُّ صَاحِبُ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله قَالَ اَحْمَدُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كُنَاسَةَ اَبُو يَحْيَى الْاَسَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَ لَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ وَ النَّصَارَى.

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بوڑھاپے کو تبدیل کردو اور یہود ونصاریٰ کے مشابہ نہ ہوجاؤ۔

④ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الشَّافِعِيُّ بِفَرْغَانَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَشْعَثُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ

بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَ لَا تَتَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ وَ النَّصَارَى.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه إنما أوردت هذين الخبرين فى الخضاب أحدهما عن الزبير و الآخر عن أبي هريرة لأن أهل النصب ينكرون على الشيعة استعمال الخضاب و لا يقدرون على دفع ما يصح عنهما و فيهما حجة لنا عليهم.

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بوڑھاپے کو تبدیل کردو اور یہود و نصاریٰ کے مشابہ نہ ہو جاؤ۔

مؤلف کتاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مذکورہ دونوں روایتوں کو میں نے باب خضاب میں بیان کیا ہے ایک کو زبیر اور دوسری کو ابو ہریرہ سے، اس لئے کہ ناصبی افراد شیعوں کے خضاب استعمال کرنے کے منکر ہیں جب کہ اب ان روایتوں کو وہ رد نہیں کر سکتے اور اس طرح یہ دو حدیثیں ان پر ہماری حجت ہیں

الغسل في أربعة عشر موطنا

غسل کے چودہ مواقع

⑤ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ سِنَانٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ اِنَّ الْغُسْلَ فِي اَرْبَعَةَ عَشَرَ مَوْطِناً غُسْلُ الْمَيِّتِ وَ غُسْلُ الْجُنُبِ وَ غُسْلُ مَنْ غَسَّلَ الْمَيِّتَ وَ غُسْلُ الْجُمُعَةِ وَ الْعِيدَيْنِ وَ يَوْمِ عَرَفَةَ وَ غُسْلُ الْاِحْرَامِ وَ دُخُولِ الْكَعْبَةِ وَ دُخُولِ الْمَدِينَةِ وَ دُخُولِ الْحَرَمِ وَ الزِّيَارَةِ وَ لَيْلَةِ تِسْعَ عَشْرَةَ وَ اِحْدَى وَ عِشْرِينَ وَ ثَلَاثٍ وَ عِشْرِينَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ چودہ موقعوں پر غسل کرنا چاہیے:

(۱) غسل میت
(۲) غسل جنابت
(۳) غسل مس میت
(۴) غسل جمعہ
(۵) غسل روز عید الفطر
(۶) غسل عید قربان
(۷) غسل عید عرفہ
(۸) غسل احرام
(۹) غسل دخول خانہ کعبہ
(۱۰) غسل دخول در مدینہ
(۱۱) غسل دخول در حرم مکہ معظّمہ
(۱۲) غسل زیارت

(۱۳) غسل شب نوزدہم ماہ رمضان (۱۴) غسل شب بست ویکم و بست سوم ماہ رمضان۔

أصحاب العقبة أربعة عشر رجلا

اصحاب عقبہ کی تعداد چودہ ہے

⑥ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعِجْلِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْفَضْلِ الْهَاشِمِيِّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زِيَادِ بْنِ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنِي جَمَاعَةٌ مِنَ الْمَشِيخَةِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّهُ قَالَ الَّذِينَ نَفَرُوا بِرَسُولِ اللهِ ﷺ نَاقَتَهُ فِي مُنْصَرَفِهِ مِنْ تَبُوكَ اَرْبَعَةَ عَشَرَ اَبُو الشُّرُورِ وَ اَبُو الدَّوَاهِي وَ اَبُو الْمَعَازِفِ وَ اَبُوهُ وَ طَلْحَةُ وَ سَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ وَ اَبُو عُبَيْدَةَ وَ اَبُو الْاَعْوَرِ وَ الْمُغِيرَةُ وَ سَالِمٌ مَوْلَى اَبِي حُذَيْفَةَ وَ خَالِدُ بْنُ وَلِيدٍ وَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَ اَبُو مُوسَى الْاَشْعَرِيُّ وَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ وَ هُمُ الَّذِينَ اَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِيهِمْ وَ هَمُّوا بِمَا لَمْ يَنَالُوا.

حذیفہ بن یمان کہتے ہیں کہ تبوک سے واپسی میں چودہ آدمیوں نے عقبہ میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناقے کو بھڑکا کر آپ کو ہلاک کرنا چاہا تھا: (۱) ابوالشرور (۲) ابوالدواہی (۳) ابوالمعازف (۴) اور اس کا باپ (۵) طلحہ (۶) سعد بن ابی وقاص (۷) ابوعبیدہ (۸) ابوالاعور (۹) مغیرہ (۱۰) سالم ازا د کردۂ ابو حذیفہ (۱۱) خالد بن ولید (۱۲) عمرو عاص (۱۳) ابوموسیٰ اشعری (۱۴) عبدالرحمن بن عوف۔

ان ہی اصحاب جانثار کے متعلق خداوند عالم نے سورۂ توبہ کی آیت ۷۲ میں فرمایا کہ ہموا بما لم ینالو یعنی انہوں نے اس کام کا ارادہ کیا جس کو وہ تمام نہ کر سکے۔

باب۔ ۱۵

إذا عملت الأمة خمس عشرة خصلة حل بها البلاء

جب یہ امت پندرہ عادتوں کی مرتکب ہوگی تو اس پر بلا نازل ہوگی

① حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَزَّازُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِذَا عَمِلَتْ اُمَّتِي خَمْسَ عَشْرَةَ خَصْلَةً حَلَّ بِهَا الْبَلَاءُ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ مَا هِيَ قَالَ اِذَا كَانَتِ الْمَغَانِمُ دُوَلًا وَ الْاَمَانَةُ مَغْنَماً وَ الزَّكَاةُ مَغْرَماً وَ اَطَاعَ الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ وَ عَقَّ اُمَّهُ وَ بَرَّ صَدِيقَهُ وَ جَفَا اَبَاهُ وَ كَانَ زَعِيمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ وَ اُكْرِمَ الْقَوْمُ مَخَافَةَ شَرِّهِ وَ ارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ وَ لَبِسُوا الْحَرِيرَ وَ اتَّخَذُوا الْقَيْنَاتِ وَ ضَرَبُوا بِالْمَعَازِفِ وَ لَعَنَ آخِرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا فَلْيَرْتَقِبْ عِنْدَ ذَلِكَ الرِّيحَ الْحَمْرَاءَ اَوِ الْخَسْفَ اَوِ الْمَسْخَ.

جناب محمد حنفیہؒ اپنے پدر بزرگوار امیر المومنین علیہ السلام کے واسطے سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا میری امت پر پندہ گناہوں کی وجہ سے بلا نازل ہوگی: (۱) جب جہاد کا مال غنیمت سے لوگ دولت مند ہوجائیں گے۔ (۲) جب امانت کو مال غنیمت سمجھیں گے۔ (۳) جب زکوٰۃ کو نقصان تصور کریں گے۔ (۴) مرد اپنی عورتوں کی اطاعت کریں گے۔ (۵) اپنی ماں کی نافرمانی کرے گا۔ (۶) اپنے دوستوں کے ساتھ احسان کرے گا۔ (۷) باپ پر ظلم کرے گا۔ (۸) کمینہ لوگوں کا سردار ہوگا۔ (۹) لوگ اس کے خوف سے اس کا ادب واحترام کریں گے۔ (۱۰) مسجدوں میں چیخ و پکار ہوگی۔ (۱۱) مرد ریشمی کپڑے پہنیں گے۔ (۱۲) گانے والی لونڈیاں رکھیں گے۔ (۱۳) باجے بجائیں گے۔ (۱۴) اور اس امت کا آخری شخص پہلے پر لعنت کرے گا۔ جب ایسے ایسے گناہ سرزد ہوں گے تو سرخ آندھیوں سے زمین کے دھنس جانے اور آدمیوں کے مسخ ہوجانے کا اندیشہ ہوگا۔

② حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمُذَكِّرُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو يَحْيَى

الْبَزَّازُ النَّيْسَابُورِيُّ فِيمَا أَجَازَهُ لَنَا قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُسَامِ بْنِ عِمْرَانَ الْبَلْخِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله إِذَا عَمِلَتْ أُمَّتِي خَمْسَ عَشْرَةَ خَصْلَةً حَلَّ بِهَا الْبَلَاءُ قِيلَ وَ مَا هِيَ يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قَالَ إِذَا كَانَ الْمَغْنَمُ دُوَلًا وَ الْأَمَانَةُ مَغْنَماً وَ الزَّكَاةُ مَغْرَماً وَ أَطَاعَ الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ وَ عَقَّ أُمَّهُ وَ بَرَّ صَدِيقَهُ وَ جَفَا أَبَاهُ وَ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ وَ كَانَ زَعِيمُ الْقَوْمِ أَرْذَلَهُمْ وَ ضَرَبُوا بِالْمَعَازِفِ وَ لَعَنَ آخِرُ الْأُمَّةِ أَوَّلَهَا فَلْيَرْتَقِبُوا عِنْدَ ذَلِكَ رِيحاً حَمْرَاءَ أَوْ خَسْفاً أَوْ مَسْخاً

قال مصنف هذا الكتاب رضي الله عنه يعني بقوله و لعن آخر هذه الأمة أولها الخوارج الذين يلعنون أمير المؤمنين عليه السلام و هو أول الأمة إيمانا بالله عز و جل و برسوله صلى الله عليه وآله

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت پر پندرہ گناہوں کی وجہ سے بلا نازل ہوگی: (۱) جب جہاد کا مال غنیمت سے لوگ دولت مند ہوجائیں گے۔ (۲) جب امانت کو مال غنیمت سمجھیں گے۔ (۳) جب زکوٰۃ کو نقصان تصور کریں گے۔ (۴) مرد اپنی عورتوں کی اطاعت کریں گے۔ (۵) اپنی ماں کی نافرمانی کرے گا۔ (۶) اپنے دوستوں کے ساتھ احسان کرے گا۔ (۷) باپ پر ظلم کرے گا۔ (۸) کمینہ لوگوں کا سردار ہوگا۔ (۹) لوگ اس کے خوف سے اس کا ادب واحترام کریں گے۔ (۱۰) مسجدوں میں چیخ و پکار ہوگی۔ (۱۱) مرد ریشمی کپڑے پہنیں گے۔ (۱۲) گانے والی لونڈیاں رکھیں گے۔ (۱۳) باجے بجائیں گے۔ (۱۴) اور اس امت کا آخری شخص پہلے پر لعنت کرے گا۔ جب ایسے ایسے گناہ سرزد ہوں گے تو سرخ آندھیوں سے زمین کے دھنس جانے اور آدمیوں کے مسخ ہوجانے کا اندیشہ ہوگا۔

مولفؒ کہتے ہیں کہ آخری لوگ امت کے خوارج ہیں جو حضرت امیر المومنین علیہ السلام پر جو ہر امر میں تمام اہل اسلام سے سابق وفائق ہیں معاذ اللہ لعنت کرتے ہیں۔ اس مضمون کی ایک حدیث اور بھی صاحب کتاب نے تحریر فرمائی ہے۔

يؤدب الصبي على الصوم ما بين خمس عشرة سنة إلى ست عشرة سنة

بچہ کو پندرہ سے سولہ سال کی عمر کے درمیان روزے کا پابند بنانا چاہئے

③ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْكُوفِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ أَبِيهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْكُوفِيِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ الْقَصْبَانِيِّ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ يُؤَدَّبُ الصَّبِيُّ عَلَى الصَّوْمِ مَا بَيْنَ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً إِلَى سِتَّ عَشْرَةَ سَنَةً

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بچہ کو پندرھویں سال کے بعد روزہ رکھنے کی تاکید کرنا چاہیے۔

التكبير في أيام التشريق بمنى في دبر خمس عشرة صلاة

④ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَعْيَنَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام التَّكْبِيرُ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ فِي دُبُرِ الصَّلَوَاتِ قَالَ التَّكْبِيرُ بِمِنًى فِي دُبُرِ خَمْسَ عَشْرَةَ صَلَاةً وَ بِالْاَمْصَارِ فِي دُبُرِ عَشْرِ صَلَوَاتٍ اَوَّلُ التَّكْبِيرِ فِي دُبُرِ صَلَاةِ الظُّهْرِ يَوْمَ النَّحْرِ تَقُولُ اللهُ اَكْبَرُ اللهُ اَكْبَرُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَكْبَرُ اللهُ اَكْبَرُ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ اللهُ اَكْبَرُ عَلَى مَا هَدَانَا وَ اللهُ اَكْبَرُ عَلَى مَا رَزَقَنَا مِنْ بَهِيمَةِ الْاَنْعَامِ وَ اِنَّمَا جُعِلَ فِي سَائِرِ الْاَمْصَارِ فِي دُبُرِ عَشْرِ صَلَوَاتٍ التَّكْبِيرُ اَنَّهُ اِذَا نَفَرَ النَّاسُ فِي النَّفْرِ الْاَوَّلِ اَمْسَكَ اَهْلُ الْاَمْصَارِ عَنِ التَّكْبِيرِ وَ كَبَّرَ اَهْلُ مِنًى مَا دَامُوا بِمِنًى اِلَى النَّفْرِ الْاَخِيرِ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ایام تشریق میں نمازوں کے بعد تکبیر کہنے کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: منیٰ میں پندرہ نمازوں کے بعد تکبیر کہنی چاہئے جبکہ باقی شہروں میں دس نمازوں کے بعد پہلی تلبیر قربانی کے دن (دس ذی الحجہ کو) ظہر کی نماز کے بعد تکبیر ادا کرو اور کہو:

"اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ اَللهُ اَكْبَرُ عَلٰى مَا هَدَانَا وَ اللهُ اَكْبَرُ عَلٰى مَا رَزَقَنَا مِنْ بَهِيمَةِ الْاَنْعَامِ"

البتہ دیگر تمام شہروں میں دس نمازوں کے بعد تکبیر کہنی چاہئے اس لئے کہ جب لوگ منیٰ سے پہلی بار کوچ کریں (بارہ ذی الحجہ کو) تو دوسرے شہروں میں موجود افراد کو تکبیر کہنے سے رک جانا چاہئے جبکہ منیٰ میں موجود افراد کو اس وقت تک تکبیر کہنی چاہئے کہ جب تک منیٰ میں ہیں یہاں تک کہ آخری کوچ واقع ہو۔

⑤ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اِسْحَاقَ التَّاجِرِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى وَ فَضَالَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ عَنِ التَّكْبِيرِ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ لِاَهْلِ الْاَمْصَارِ فَقَالَ يَوْمَ النَّحْرِ صَلَاةَ الظُّهْرِ اِلَى انْقِضَاءِ عَشْرِ صَلَوَاتٍ وَ لِاَهْلِ مِنًى فِي خَمْسَ عَشْرَةَ صَلَاةً فَاِنْ اَقَامَ اِلَى الظُّهْرِ وَ الْعَصْرِ كَبَّرَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایام تشریق میں تکبیر کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا: قربانی کے دن نماز ظہر سے اگلی دس نمازوں تک جبکہ منیٰ میں موجود افراد کو چاہئے کہ اگر وہ ظہر اور عصر تک قیام کریں تو تکبیر کہیں۔

ثواب من صام خمسة عشر يوما من رجب

ماہ رجب میں پندرہ دن تک روزہ رکھنے کا ثواب

⑥ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيُّ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ اِنَّ نُوحاً عليه السلام رَكِبَ السَّفِينَةَ اَوَّلَ يَوْمٍ مِنْ رَجَبٍ فَاَمَرَ مَنْ كَانَ مَعَهُ اَنْ يَصُومُوا ذَلِكَ الْيَوْمَ وَ قَالَ مَنْ صَامَ ذَلِكَ الْيَوْمَ تَبَاعَدَتِ النَّارُ عَنْهُ مَسِيرَةَ [عشرة] سَنَةٍ فَمَنْ صَامَ سَبْعَةَ اَيَّامٍ اُغْلِقَتْ عَنْهُ اَبْوَابُ النِّيرَانِ السَّبْعَةُ وَ مَنْ صَامَ ثَمَانِيَةَ اَيَّامٍ فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الْجِنَانِ الثَّمَانِيَةُ وَ مَنْ صَامَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً اُعْطِيَ مَسْاَلَتَهُ وَ مَنْ زَادَ زَادَهُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ.

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْمُهْتَدِي عَنْ سَيْفِ بْنِ الْمُبَارَكِ بْنِ يَزِيدَ مَوْلَى اَبِي الْحَسَنِ مُوسَى عليه السلام عَنْ اَبِيهِ الْمُبَارَكِ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ عليه السلام قَالَ اِنَّ نُوحاً رَكِبَ السَّفِينَةَ اَوَّلَ يَوْمٍ مِنْ رَجَبٍ وَ ذَكَرَ الْحَدِيثَ مِثْلَهُ سَوَاءً.

و قد أخرجت ما رويته في ثواب صوم رجب في كتاب فضائل رجب.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام پہلی رجب کو کشتی پر سوار ہوئے تھے اور اس روز اپنے تمام رفقاء کو روزہ رکھنے کا حکم دیا تھا اور فرمایا تھا کہ جو آج روزہ رکھے آتش جہنم اس سے دس سال کی راہ دور ہو جاتی ہے اور جو ماہ رجب میں سات روزے رکھتا ہے اس پر جہنم کے ساتوں دروازے بند ہو جاتے ہیں اور جو آٹھ روزے رکھتا ہے اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں اور جو پندرہ روزے رکھتا ہے۔ خدا سے جو سوال کرتا ہے اللہ اس کو پورا کرتا ہے اور جو اس سے زیادہ روزے رکھے خداوند عالم اس پر زیادہ رحمت فرماتا ہے۔

اسناد کے فرق کے ساتھ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے بھی بعینہ یہی حدیث وارد ہوئی ہے۔

مؤلف کتاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے کتاب فضائل رجب میں اسی روایت کو بیان کیا ہے۔

السنة في النورة في كل خمسة عشر يوما

ہر پندرہ دنوں میں نورہ [1] لگانا سنت ہے

⑦ حَدَّثَنَا اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِنَا عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ السُّنَّةُ فِي النُّورَةِ فِي كُلِّ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً فَمَنْ اَتَتْ عَلَيْهِ اِحْدَى وَ عِشْرُونَ يَوْماً فليستدين فَلْيَسْتَدِنْ عَلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ لْيَتَنَوَّرْ وَ مَنْ اَتَتْ عَلَيْهِ اَرْبَعُونَ يَوْماً وَ لَمْ يَتَنَوَّرْ فَلَيْسَ بِمُؤْمِنٍ وَ لَا مُسْلِمٍ وَ لَا كَرَامَةَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ پندرہ دن میں ایک بار نورہ لگانا چاہیے اور اگر اکیس دن تک (پیسہ نہ ہونے کی وجہ سے) نورہ نہ لگا سکا تو قرض لے کر نورہ خریدے اور لگائے اور جو چالیس دن نورہ نہ لگائے وہ نہ مومن ہے نہ مسلمان نہ اس کی کوئی عزت ہے۔

---

[1] شرم گاہ اور بغل کے بالوں کو صاف کرنے لئے ایک پاؤڈر نما سفوف استعمال کیا جاتا ہے نورہ اس کا نام ہے

باب۔ ۱۶

من حق العالم ستة عشرة خصلة

عالم کے سولہ حقوق ہیں

① حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَاشِمِيُّ الْكُوفِيُّ فِي مَسْجِدِهِ بِالْكُوفَةِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ القطفانی قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هِشَامٍ الْوَرَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّدُوسِيُّ الْفَقِيهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عُلْوَانَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ اِنَّ مِنْ حَقِّ الْعَالِمِ اَنْ لَا تُكْثِرَ السُّؤَالَ عَلَيْهِ وَ لَا تَسْبِقَهُ فِي الْجَوَابِ وَ لَا تُلِحَّ عَلَيْهِ اِذَا اَعْرَضَ وَ لَا تَاْخُذَ بِثَوْبِهِ اِذَا كَسِلَ وَ لَا تُشِيرَ اِلَيْهِ بِيَدِكَ وَ لَا تَغْمِزَهُ بِعَيْنِكَ وَ لَا تُسَارَّهُ فِي مَجْلِسِهِ وَ لَا تَطْلُبَ عَوْرَاتِهِ وَ اَنْ لَا تَقُولَ قَالَ فُلَانٌ خِلَافَ قَوْلِكَ وَ لَا تُفْشِيَ لَهُ سِرّاً وَ لَا تَغْتَابَ عِنْدَهُ اَحَداً وَ اَنْ تَحْفَظَ لَهُ شَاهِداً وَ غَائِباً وَ اَنْ تَعُمَّ الْقَوْمَ بِالسَّلَامِ وَ تَخُصَّهُ بِالتَّحِيَّةِ وَ تَجْلِسَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَ اِنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ سَبَقْتَ الْقَوْمَ اِلَى خِدْمَتِهِ وَ لَا تَمَلَّ مِنْ طُولِ صُحْبَتِهِ فَاِنَّمَا هُوَ مِثْلُ النَّخْلَةِ فَانْتَظِرْ مَتَى تَسْقُطُ عَلَيْكَ مِنْهَا مَنْفَعَةٌ وَ الْعَالِمُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللهِ وَ اِذَا مَاتَ الْعَالِمُ انْثَلَمَ فِي الْاِسْلَامِ ثُلْمَةٌ لَا تُسَدُّ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَ اِنَّ طَالِبَ الْعِلْمِ لَيُشَيِّعُهُ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ مِنْ مُقَرَّبِي السَّمَاءِ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ عالم کے حق اور ادب واحترام یہ ہے کہ (۱) اس سے زیادہ سوالات نہ کرو (۲) کوئی اس سے سوال کرے تو تم جواب دینے میں سبقت نہ کرو (۳) اگر کسی بات کا جواب وہ نہ دینا چاہے تو اصرار نہ کرو (۴) جب وہ خستہ ہوجائے تو اس کے پیچھے نہ پڑو (۵) اس کی طرف انگلی سے اشارہ نہ کرو (۶) آنکھوں سے اشارہ نہ کرو (۷) مجمع میں اس سے سرگوشی یعنی کانا پھوسی نہ کرو (۸) یہ نہ کہو کہ فلاں شخص نے آپ کے قول کے خلاف کہا ہے (۹) اس کے راز کو ظاہر نہ کرو (۱۰) اس کے سامنے کسی کو برا نہ کہو (۱۱) اس کے منہ پر اور اس کی عدم موجودگی میں اس کو برا نہ کہو (۱۲) مجمع ہو تو ایک سلام سارے مجمع کو اور ایک سلام صرف اس کو کرو (۱۳) اس کے سامنے ادب سے بیٹھو (۱۴) اس کا کوئی کام ہو تو دوسروں سے پہلے تم کرو (۱۵) اس کی ہم نشینی اور صحبت سے بددل نہ ہو (۱۶) اس کے لیے دعا کرو۔

عالم کی مثال میوہ دار درخت کی ہے نہ معلوم کب کوئی پھل ٹپک پڑے اور کب عالم کی زبان سے کوئی مفید بات نکل جائے۔ عالم مثل اس شخص کے ہے جو ہمیشہ روزہ رکھتا ہو۔ شب بھر عبادت کرتا ہو۔ خدا کی راہ میں جہاد کرتا ہو۔ عالم جب دنیا سے اٹھ جاتا ہے تو اسلام میں ایک ایسا رخنہ پڑتا ہے کہ قیامت تک مسدود نہیں ہوتا۔ ستر ہزار فرشتے عالم کے جنازے کے ساتھ چلتے ہیں۔

ست عشرة خصلة تورث الفقر وسبع عشرة خصلة تزيد في الرزق

سولہ چیزیں تنگدستی کا باعث ہیں جبکہ سترہ چیزیں رزق میں زیادتی کا باعث ہیں

② حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْقُرَشِيِّ الْكُوفِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو زِيَادٍ مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَدَنِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ اَبِي صَفِيَّةَ الثُّمَالِيُّ عَنْ ثَوْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ اَبِيهِ سَعِيدِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام يَقُولُ تَرْكُ نَسْجِ الْعَنْكَبُوتِ فِي الْبَيْتِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ الْبَوْلُ فِي الْحَمَّامِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ الْاَكْلُ عَلَى الْجَنَابَةِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ التَّخَلُّلُ بِالطَّرْفَاءِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ التَّمَشُّطُ مِنْ قِيَامٍ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ تَرْكُ الْقُمَامَةِ فِي الْبَيْتِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ الْيَمِينُ الْفَاجِرَةُ تُورِثُ الْفَقْرَ وَ الزِّنَا يُورِثُ الْفَقْرَ وَ اِظْهَارُ الْحِرْصِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ النَّوْمُ بَيْنَ الْعِشَاءَيْنِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ النَّوْمُ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ تَرْكُ التَّقْدِيرِ فِي الْمَعِيشَةِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ قَطِيعَةُ الرَّحِمِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ اعْتِيَادُ الْكَذِبِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ كَثْرَةُ الِاسْتِمَاعِ اِلَى الْغِنَاءِ يُورِثُ الْفَقْرَ وَ رَدُّ السَّائِلِ الذَّكِرِ بِاللَّيْلِ يُورِثُ الْفَقْرَ.

ثُمَّ قَالَ عليه السلام اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ بِمَا يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ قَالُوا بَلَى يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَ الْجَمْعُ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ التَّعْقِيبُ بَعْدَ الْغَدَاةِ وَ بَعْدَ الْعَصْرِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ صِلَةُ الرَّحِمِ تَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ كَسْحُ الْفِنَاءِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ مُوَاسَاةُ الْاَخِ فِي اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ الْبُكُورُ فِي طَلَبِ الرِّزْقِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ الِاسْتِغْفَارُ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ اسْتِعْمَالُ الْاَمَانَةِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ قَوْلُ الْحَقِّ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ اِجَابَةُ الْمُؤَذِّنِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ تَرْكُ الْكَلَامِ فِي الْخَلَاءِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ تَرْكُ الْحِرْصِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ شُكْرُ الْمُنْعِمِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ اجْتِنَابُ الْيَمِينِ الْكَاذِبَةِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ الْوُضُوءُ قَبْلَ الطَّعَامِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ اَكْلُ مَا يَسْقُطُ مِنَ الْخِوَانِ يَزِيدُ فِي الرِّزْقِ وَ مَنْ سَبَّحَ اللهَ كُلَّ

يَوْمٍ ثَلَاثِينَ مَرَّةً دَفَعَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَنْهُ سَبْعِينَ نَوْعاً مِنَ الْبَلَاءِ اَيْسَرُهَا الْفَقْرُ

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ (۱) مکڑی کا جالا مکان میں رہنا (۲) حمام میں پیشاب کرنا (۳) حالت جنابت میں کچھ کھانا پینا سبب فقر ہے (۴) گز کی لکڑی سے خلال کرنا (۵) کھڑے ہو کر کنگی کرنا (۶) گھر میں کوڑا جمع کرنا (۷) جھوٹی قسم کھانا (۸) زنا کرنا (۹) حرص وطمع کرنا (۱۰) مغرب وعشا کے درمیان سونا (۱۱) طلوع صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیان سونا (۱۲) جھوٹ بولنے کی عادت ڈالنا (۱۳) بے اندازہ صرف کرنا (۱۴) قطع رحم کرنا (۱۵) گانا سننا (۱۶) رات کے وقت کسی مرد سائل کو رد کرنا سبب فقر ہے۔

اور (۱) دو نمازوں کو ملا کر پڑھنا (۲) نماز صبح اور عصر کے بعد تعقیبات یعنی وظیفہ پڑھنا (۳) صلہ رحم کرنا (۴) چوکھٹ پر جھاڑو دینا (۵) برادران دینی کے ساتھ احسان کرنا (۶) صبح کو روزی کی تلاش میں نکلنا (۷) بکثرت استغفار کرنا (۸) امانت داری (۹) حق گوئی (۱۰) اذان کو دہرانا (۱۱) بیت الخلا میں خاموش رہنا (۱۲) حرص نہ کرنا (۱۳) احسان کا شکر ادا کرنا (۱۴) جھوٹی قسم سے پرہیز کرنا (۱۵) کھانے سے قبل ہاتھ دھونا (۱۶) دسترخوان کے ریزہ چن کر کھانا روزی کو زیادہ کرتا ہے اور رزق میں وسعت ہوتی ہے۔ روزانہ تیس بار سبحان اللہ کہنے سے ستر بلائیں دور ہوتی ہیں جن میں کم از کم مفلسی ہے۔

ست عشرة خصلة من الحكم

سولہ خوبیاں حکمت و دانائی ہیں

۳ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ وَ اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ جَمِيعاً قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ سَهْلُ بْنُ زِيَادٍ الْآدَمِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ زَيْدٍ الزَّيَّاتِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ الْخَزَّازِ عَنْ ثَابِتِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ الْخَفَّافِ عَنِ الْاَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ قَالَ كَانَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام يَقُولُ الصِّدْقُ اَمَانَةٌ وَ الْكَذِبُ خِيَانَةٌ وَ الْاَدَبُ رِئَاسَةٌ وَ الْحَزْمُ كِيَاسَةٌ وَ الشَّرَفُ مَتْوَاةٌ وَ الْقَصْدُ مَثْرَاةٌ وَ الْحِرْصُ مَفْقَرَةٌ وَ الدَّنَاءَةُ مَحْقَرَةٌ وَ السَّخَاءُ قُرْبَةٌ وَ اللُّؤْمُ غُرْبَةٌ وَ الرِّقَّةُ اسْتِكَانَةٌ وَ الْعَجْزُ مَهَانَةٌ وَ الْهَوَى مَيْلٌ وَ الْوَفَاءُ كَيْلٌ وَ الْعُجْبُ هَلَاكٌ وَ الصَّبْرُ مِلَاكٌ.

اصبغ بن نباتہ کہتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ (۱) سچ بولنا امانت داری ہے۔ (۲) جھوٹ بولنا خیانت ہے۔ (۳) باادب ہونا بزرگی ہے۔ (۴) عزم کی پختگی ذہانت ہے (۵) میانہ روی ثروت مندی ہے (۶) حرص تنگدستی ہے (۷) پستی حقیر بنا دیتی ہے (۸) سخاوت قربت ہے (۸) ملامت اجنبیت ہے (۹) رقت قلبی عاجزی ہے (۱۰) عاجزی توہین ہے (۱۱) ہوا پرستی کج رفتاری ہے۔ (۱۲) وفاداری پیمانہ ہے۔ (۱۳) خود بینی ہلاکت ہے۔ (۱۴) صبر

زندگی کی کسوٹی ہے۔

اس حدیث کی شہ سرخی میں سولہ خوبیاں بیان کی ہیں جبکہ حدیث میں صرف چودہ خوبیاں مذکور ہیں۔(مجاہد حسین حرّ)

نوٹ:

درج ذیل حدیث ذکر کرنے سے پہلے اس بات کی وضاحت ضروری سمجھتے ہیں کہ یہ حدیث کئی حوالوں سے ضعیف ہے اس کے بہت سے راوی غیر موثق و مجہول ہیں ترتیب سند کے لحاظ سے بھی روایت مضطرب ہے اور متن کے اعتبار سے یہ قابل اعتماد نہیں ہے ظاہراً یہ حدیث امام کے دشمنوں کی گھڑی ہوئی یا حکومتی مشنری کی جعل کردہ ہے تا کہ لوگوں کو امام وقت سے کسی طرح کاٹ دیا جائے اور دور کر دیا جائے۔شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

ستة عشر صنفا من أمة محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا يحبون أهل بيته و يبغضونهم و يعادونهم

امت محمدیؐ میں سولہ قسم کے افراد آلِ محمد علیہم السلام محبت نہیں رکھتے بلکہ بغض وعناد رکھتے ہیں

④ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ وَ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام قَالَ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ وَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاطَوَيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الزَّعْفَرَانِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عليه السلام قَالَ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ وَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِيِّ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام قَالُوا كُلُّهُمْ ثَلَاثَةَ عَشَرَ وَ قَالَ تَمِيمٌ سِتَّةَ عَشَرَ صِنْفاً مِنْ اُمَّةِ جَدِّي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَا يُحِبُّونَنَا وَ لَا يُحَبِّبُونَنَا اِلَى النَّاسِ وَ يُبْغِضُونَنَا وَ لَا يَتَوَلَّوْنَنَا وَ يَخْذُلُونَنَا وَ يَخْذُلُونَ النَّاسَ عَنَّا فَهُمْ اَعْدَاؤُنَا حَقّاً لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ قَالَ قُلْتُ بَيِّنْهُمْ لِي يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَقَالَكَ اللهُ شَرَّهُمْ قَالَ الزَّائِدُ فِي خَلْقِهِ فَلَا تَرَى اَحَداً مِنَ النَّاسِ فِي خَلْقِهِ زِيَادَةً اِلَّا وَجَدْتَهُ لَنَا مُنَاصِباً وَ لَمْ تَجِدْهُ لَنَا مُوَالِياً وَ النَّاقِصُ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَرَى لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ خَلْقاً

نَاقِصَةَ الْخِلْقَةِ إِلَّا وَجَدْتَ فِي قَلْبِهِ عَلَيْنَا غِلًّا وَ الْأَعْوَرُ بِالْيَمِينِ لِلْوِلَادَةِ فَلَا تَرَى لِلّٰهِ خَلْقاً وُلِدَ أَعْوَرَ الْيَمِينِ إِلَّا كَانَ لَنَا مُحَارِباً وَ لِأَعْدَائِنَا مُسَالِماً وَ الْغِرْبِيبُ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَرَى لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ خَلْقاً غِرْبِيباً وَ هُوَ الَّذِي قَدْ طَالَ عُمُرُهُ فَلَمْ يَبْيَضَّ شَعْرُهُ وَ تَرَى لِحْيَتَهُ مِثْلَ حَنَكِ الْغُرَابِ إِلَّا كَانَ عَلَيْنَا مُؤَلِّباً وَ لِأَعْدَائِنَا مُكَاثِراً وَ الْحُلْكُوكُ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَرَى مِنْهُمْ أَحَداً إِلَّا كَانَ لَنَا شَتَّاماً وَ لِأَعْدَائِنَا مَدَّاحاً وَ الْأَقْرَعُ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَرَى رَجُلًا بِهِ قَرَعٌ إِلَّا وَجَدْتَهُ هَمَّازاً لَمَّازاً مَشَّاءً بِالنَّمِيمَةِ عَلَيْنَا وَ الْمُفَصَّصُ بِالْخُضْرَةِ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَرَى مِنْهُمْ أَحَداً وَ هُمْ كَثِيرُونَ إِلَّا وَجَدْتَهُ يَلْقَانَا بِوَجْهٍ وَ يَسْتَدْبِرُنَا بِآخَرَ يَبْتَغِي لَنَا الْغَوَائِلَ وَ الْمَنْبُوذُ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَلْقَى مِنْهُمْ أَحَداً إِلَّا وَجَدْتَهُ لَنَا عَدُوّاً مُضِلًّا مُبِيناً وَ الْأَبْرَصُ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَلْقَى مِنْهُمْ أَحَداً إِلَّا وَجَدْتَهُ يَرْصُدُ لَنَا الْمَرَاصِدَ وَ يَقْعُدُ لَنَا وَ لِشِيعَتِنَا مَقْعَداً لِيُضِلَّنَا بِزَعْمِهِ عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ وَ الْمَجْذُومُ وَ هُمْ حَصَبُ جَهَنَّمَ هُمْ لَهَا وَارِدُونَ وَ الْمَنْكُوحُ فَلَا تَرَى مِنْهُمْ أَحَداً إِلَّا وَجَدْتَهُ يَتَغَنَّى بِهِجَائِنَا وَ يُؤَلِّبُ عَلَيْنَا وَ أَهْلُ مَدِينَةٍ تُدْعَى سِجِسْتَانَ هُمْ لَنَا أَهْلُ عَدَاوَةٍ وَ نَصْبٍ وَ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَ الْخَلِيقَةِ عَلَيْهِمْ مِنَ الْعَذَابِ مَا عَلَى فِرْعَوْنَ وَ هَامَانَ وَ قَارُونَ وَ أَهْلُ مَدِينَةٍ تُدْعَى الرَّيَّ هُمْ أَعْدَاءُ اللّٰهِ وَ أَعْدَاءُ رَسُولِهِ وَ أَعْدَاءُ أَهْلِ بَيْتِهِ يَرَوْنَ حَرْبَ أَهْلِ بَيْتِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ جِهَاداً وَ مَالَهُمْ مَغْنَماً فَلَهُمْ عَذَابُ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ لَهُمْ عَذَابٌ مُقِيمٌ وَ أَهْلُ مَدِينَةٍ تُدْعَى الْمَوْصِلَ هُمْ شَرُّ مَنْ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ وَ أَهْلُ مَدِينَةٍ تُسَمَّى الزَّوْرَاءَ تُبْنَى فِي آخِرِ الزَّمَانِ يَسْتَشْفُونَ بِدِمَائِنَا وَ يَتَقَرَّبُونَ بِبُغْضِنَا يُوَالُونَ فِي عَدَاوَتِنَا وَ يَرَوْنَ حَرْبَنَا فَرْضاً وَ قِتَالَنَا حَتْماً يَا بُنَيَّ فَاحْذَرْ هَؤُلَاءِ ثُمَّ احْذَرْهُمْ فَإِنَّهُ لَا يَخْلُو اثْنَانِ مِنْهُمْ بِأَحَدٍ مِنْ أَهْلِكَ إِلَّا هَمُّوا بِقَتْلِهِ.

و اللفظ للتميم من أول الحديث إلى آخره.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منسوب ہے کہ آپؑ نے فرمایا: سولہ افراد میرے جد کی امت میں سے ایسے ہیں جو نہ ہم سے محبت کرتے ہیں اور نہ ہی ہم سے محبت کرنے پر اکساتے ہیں بلکہ وہ ہم سے بغض رکھتے ہیں ہمیں دوست نہیں رکھتے اور خود ہم سے دور ہو جاتے ہیں اور لوگوں کو ہم سے دور کر دیتے ہیں لہٰذا یہ ہمارے حقیقی دشمن ہیں کہ ان کے لئے جہنم کی آگ ہے اور ہمیشہ جلانے والا عذاب۔

راوی کہتا ہے میں نے کہا: اے فرزند رسولؐ مجھے ان کے بارے میں تفصیل سے بتائیں کہ خدا آپؐ کو ان کے شر سے محفوظ رکھے۔

آپ نے فرمایا: (۱) جس کی خلقت میں کوئی ایک زائد عضو ہو۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جس کی خلقت میں ایک زائد عضو ہو مگر یہ کہ وہ ہمارا دشمن ہوگا اور تم اس کے دل میں ہماری محبت نہیں پاؤ گے۔

(۲) جس کی خلقت میں کوئی ایک عضو کم ہو۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں پاؤ گے کہ جو ناقص الخلقت ہو مگر یہ کہ اس کے دل میں ہمارے لئے کینہ پاؤ گے۔

(۳) جس کی داہنی آنکھ پیدائشی طور پر دیکھنے سے معذور ہو لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جو داہنی آنکھ سے پیدائشی کانا ہو مگر یہ کہ وہ ہم سے جنگ کرنے والا ہوگا اور ہمارے دشمنوں سے صلح کرنے والا۔

(۴) جس کے پڑھاپے میں بھی کالے بال ہوں۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے جس کے پڑھاپے میں بھی کالے نال ہوں اور اس کی داڑھی کوے کے بالائی منہ کے بالائی حصہ کی مانند کالی ہو مگر یہ کہ وہ ہمارے خلاف لوگوں کو اکٹھا کرتا ہوگا اور ہمارے دشمنوں سے جاملا ہوگا۔

(۵) جس شخص کا رنگ انتہائی سیاہ ہو۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جس کا رنگ انتہائی سیاہ ہو مگر یہ کہ وہ ہمیں گالی دیتا ہوگا اور ہمارے دشمنوں کی مدح سرائی کرتا ہوگا۔

(۶) جس شخص کے سر پر بال نہ ہوں۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جو گنجا ہو مگر وہ ہمارے خلاف بدگوئی اور بدزبانی کرتا ہوگا اور ہماری باتوں کو اِدھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر کرتا ہوگا۔

(۷) جو شخص اپنے ہاتھ میں سبز نگینہ جڑا چاندی کی انگوٹھی پہنے ہو۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جو اپنے ہاتھ میں سبز نگینہ جری انگوٹھی پہنے ہوئے ہو مگر یہ کہ ان کی تعداد زیادہ ہوگی اور ایک چہرے کے ساتھ ہم سے آملیں گے تو ایک چہرے کے ساتھ ہم سے منہ پھیر لیں گے اور ایسے لوگ ہماری ہلاکت کی گھات میں بیٹھے ہوتے ہیں۔

(۸) جو شخص زنازادہ ہو۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جو زنازادہ ہو مگر یہ کہ وہ ہمارا دشمن ہوگا اور برملا کینہ پرور بھی۔

(۹) جو شخص برص میں مبتلا ہو۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جو برص میں مبتلا ہو مگر یہ کہ ہمارے لئے گھات لگائے بیٹھا ہو اور ہمارے شیعوں کی تاکہ وہ اپنے زعم میں ہمیں راہ راست سے گمراہ کردے۔

(۱۰) جس شخص کو کوڑھ کا مرض ہو۔ کوڑھی افراد سنگ جہنم ہیں اور وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

(۱۱) جو شخص پستہ قد ہو۔ لہٰذا خدا کی مخلوق میں سے تم کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھو گے کہ جو پستہ قد ہو مگر یہ کہ وہ ہماری ہجو کرے گا اور لوگوں کو ہمارے خلاف جمع کرے گا۔

(۱۲) اُس شہر کے باسی جسے سجستان کے نام سے پکارا جاتا ہے کہ وہاں کے رہنے والے ہمارے دشمن ہیں اور یہ لوگ بدترین خلق ہیں کہ ان پر بھی وہی عذاب ہوگا جو فرعون، ہامان اور قارون پر ہوگا۔

(۱۳) اُس شہر کے باسی جسے رَے کے نام سے پکارا جاتا ہے کہ یہ لوگ اللہ، رسولؐ اور اس کے اہل بیت علیہم السلام کے دشمن ہیں۔ نیز یہ لوگ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت علیہم السلام کے ساتھ جنگ کرنے کو جہاد کا نام دیتے ہیں اور ان کے مال کو غنیمت شمار کرتے ہیں لہٰذا ان کے دنیوی اور اُخروی حیات میں رُسوائی اور ہمیشہ کا عذاب ہے۔

(۱۴) اس شہر کے باسی جسے موصل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور یہ لوگ روئے زمین پر بدترین لوگ ہیں۔

(۱۵) اُس شہر کے باسی جس کا زُوراء ہے اور اسے آخری زمانہ میں تعمیر کیا جائے گا کہ یہ لوگ ہمارے خون سے شفا طلب کریں گے ہم سے بغض کے ذریعے خدا کا قرب چاہیں گے اور مسلسل ہماری دشمنی پر تلے ہوں گے کہ یہ لوگ ہم سے جنگ کرنے کو فرض سمجھتے ہیں اور ہمیں قتل کرنا ضروری جانتے ہیں۔

اے میرے بیٹے! تم ان لوگوں سے دور رہو، پھر آگاہ کرتا ہوں ان سے دور رہو کہ ان میں سے دو افراد بھی تمہارے اہل خانہ میں سے کسی سے نہیں ملتے مگر یہ کہ ان کے قتل کا ارادہ رکھتے ہیں۔

نوٹ:

حدیث کا ترجمہ مکمل کرنے کے بعد ایک مرتبہ ہم قارئین کرام کو مطلع کر دینا چاہتے ہیں کہ اس مذکورہ مواد کو حدیث کے لفظ سے یاد نہ کیا جائے۔

باب۔ ۱۷

الغسل في سبعة عشر موطنا

غسل کے سترہ مواقع ہیں

① حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام اَلْغُسْلُ فِي سَبْعَةَ عَشَرَ مَوْطِناً لَيْلَةِ سَبْعَ عَشْرَةَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ هِيَ لَيْلَةُ الْتِقَاءِ الْجَمْعَيْنِ لَيْلَةِ بَدْرٍ وَ لَيْلَةِ تِسْعَ عَشْرَةَ وَ فِيهَا يُكْتَبُ الْوَفْدُ وَفْدُ السَّنَةِ وَ لَيْلَةِ اِحْدَى وَ عِشْرِينَ وَ هِيَ اللَّيْلَةُ الَّتِي مَاتَ فِيهَا اَوْصِيَاءُ النَّبِيِّينَ عليهم السلام وَ فِيهَا رُفِعَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَ قُبِضَ مُوسَى عليه السلام وَ لَيْلَةِ ثَلَاثٍ وَ عِشْرِينَ يُرْجَى فِيهَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ.

وَ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَصْرِيُّ قَالَ لِي اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام اغْتَسِلْ فِي لَيْلَةِ اَرْبَعَةٍ وَ عِشْرِينَ مَا عَلَيْكَ اَنْ تَعْمَلَ فِي اللَّيْلَتَيْنِ جَمِيعاً.

رَجَعَ الْحَدِيثُ اِلَى مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ فِي الْغُسْلِ وَ يَوْمِ الْعِيدَيْنِ وَ اِذَا دَخَلْتَ الْحَرَمَيْنِ وَ يَوْمِ تُحْرِمُ وَ يَوْمِ الزِّيَارَةِ وَ يَوْمِ تَدْخُلُ الْبَيْتَ وَ يَوْمِ التَّرْوِيَةِ وَ يَوْمِ عَرَفَةَ وَ غُسْلُ الْمَيِّتِ وَ اِذَا غَسَّلْتَ مَيِّتاً وَ كَفَّنْتَهُ اَوْ مَسِسْتَهُ بَعْدَ مَا يَبْرُدُ وَ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَ غُسْلُ الْكُسُوفِ اِذَا احْتَرَقَ الْقُرْصُ كُلُّهُ فَاسْتَيْقَظْتَ وَ لَمْ تُصَلِّ فَاغْتَسِلْ وَ اقْضِ الصَّلَاةَ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شب ۱۷ ماہ صیام شب ۱۹ ماہ صیام اور شب ۲۱ ماہ صیام یہ وہ رات ہے جس میں اوصیائے انبیاء نے وفات پائی ہے۔ جناب عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھا لیے گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی رحلت ہوئی اور ۲۳ ماہ رمضان جس کے شب قدر ہونے کی امید ہے

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ۲۴ ویں کی شب کو غسل کیا کرو کہ ان دونوں راتوں میں ایسا کرنے میں کوئی ہرج نہیں ہے۔

محم ابن مسلم کی روایت کا اگلا حصہ ہے: روز عید فطر و عید قربان اور دخول حرم مکہ معظّمہ اور حرم مدینہ منورہ اور جس روز

احرام باندھا جائے اور زیارت کے لیے خانہ کعبہ میں داخل ہونے کے لیے، روز مرویہ، وروز عرفہ، میت اور مس میت اور روز جمعہ اور جب پورا سورج گہن ہو اور تم خواب سے بیدار ہوئے ہو نماز نہ پڑھی ہو ان تمام اوقات میں غسل کرنا چاہیے اور سورج گہن کی نماز پڑھنا چاہیے۔

باب۔ ۱۸

لأمير المؤمنين عليه السلام ثماني عشرة منقبة

حضر امیر المومنین علیہ السلام کی اٹھارہ فضیلتیں

① حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاُشْنَانِيُّ الرَّازِيُّ بِبَلْخٍ قَالَ اَخْبَرَنَا جَدِّی قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَفَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ الْمُقْرِءُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ لِعَلِيٍّ عليه السلام ثَمَانِيَ عَشْرَةَ مَنْقَبَةً لَوْ لَمْ يَكُنْ لَهُ اِلَّا وَاحِدَةٌ لَنَجَا وَ لَقَدْ كَانَتْ لَهُ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ مَنْقَبَةً لَمْ تَكُنْ لِاَحَدٍ مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ.

ابن عباس رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ امیر المومنین علیہ السلام کو ایسی اٹھارہ فضیلتیں حاصل ہیں کہ اگر کسی میں ایک فضیلت بھی ان میں سے حاصل ہوتی تو اس کی نجات ہو جاتی درآنحالیکہ آپ اٹھارہ فضیلتیں رکھتے تھے۔

ما وبخ الله عز وجل به ابن ثمان عشرة سنة

اٹھارہ سالہ لڑکے کو اللہ تعالیٰ کی سرزنش

② حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيُّ بِاِسْنَادِهِ رَفَعَهُ اِلَى اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام فِي قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ اَوَ لَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ قَالَ تَوْبِيخٌ لِابْنِ ثَمَانَ عَشْرَةَ سَنَةً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ آیہ "اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ" (کیا ہم نے تمہیں اتنی عمریں نہ دی تھیں کہ جن میں جس کو جو کچھ سوچنا سمجھنا ہو سوچ سمجھ لے) [1] میں خداوند عالم نے اٹھارہ سالہ جوانوں کی تنبیہ فرمائی ہے۔

---

[1] سورۂ فاطر آیت ۳۷

باب۔ ۱۹

تسعة عشر حرفا فيها فرج للداعي بهن من الآفات

انیس کلمے ایسے ہیں کہ مصیبت کے وقت ان پڑھنے سے چھٹکارا ملتا ہے

① حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ هَانِئُ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ هَانِئٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْقَادِرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عُبْدُوسُ بْنُ مُحَمَّدٍ البلغا شاذی قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى عَنْ خُصَيْفِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَقْبَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام اِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله فَسَاَلَهُ شَيْئاً فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله يَا عَلِيُّ وَ الَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ نَبِيّاً مَا عِنْدِي قَلِيلٌ وَ لَا كَثِيرٌ وَ لَكِنِّي اُعَلِّمُكَ شَيْئاً اَتَانِي بِهِ جَبْرَئِيلُ خَلِيلِي فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ هَذِهِ هَدِيَّةٌ لَكَ مِنْ عِنْدِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ اَكْرَمَكَ اللهُ بِهَا لَمْ يُعْطِهَا اَحَداً قَبْلَكَ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَ هِيَ تِسْعَةَ عَشَرَ حَرْفاً لَا يَدْعُو بِهِنَّ مَلْهُوفٌ وَ لَا مَكْرُوبٌ وَ لَا مَحْزُونٌ وَ لَا مَغْمُومٌ وَ لَا عِنْدَ سَرَقٍ وَ لَا حَرَقٍ وَ لَا يَقُولُهُنَّ عَبْدٌ يَخَافُ سُلْطَاناً اِلَّا فَرَّجَ اللهُ عَنْهُ وَ هِيَ تِسْعَةَ عَشَرَ حَرْفاً اَرْبَعَةٌ مِنْهَا مَكْتُوبَةٌ عَلَى جَبْهَةِ اِسْرَافِيلَ وَ اَرْبَعَةٌ مِنْهَا مَكْتُوبَةٌ عَلَى جَبْهَةِ مِيكَائِيلَ وَ اَرْبَعَةٌ مِنْهَا مَكْتُوبَةٌ حَوْلَ الْعَرْشِ وَ اَرْبَعَةٌ مِنْهَا مَكْتُوبَةٌ عَلَى جَبْهَةِ جَبْرَئِيلَ وَ ثَلَاثَةٌ مِنْهَا حَيْثُ شَاءَ اللهُ فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام كَيْفَ نَدْعُو بِهِنَّ يَا رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله قَالَ قُلْ

"يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهُ وَ يَا ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهُ وَ يَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهُ وَ يَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهُ وَ يَا غِيَاثَ مَنْ لَا غِيَاثَ لَهُ وَ يَا كَرِيمَ الْعَفْوِ وَ يَا حَسَنَ الْبَلَاءِ وَ يَا عَظِيمَ الرَّجَاءِ وَ يَا عَوْنَ الضُّعَفَاءِ وَ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقَى وَ يَا مُنْجِيَ الْهَلْكَى يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ اَنْتَ الَّذِي سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَ نُورُ النَّهَارِ وَ ضَوْءُ الْقَمَرِ وَ شُعَاعُ الشَّمْسِ وَ دَوِيُّ الْمَاءِ وَ حَفِيفُ الشَّجَرِ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ"

ثُمَّ تَقُولُ:

اللهُمَّ افْعَلْ بِي كَذَا وَ كَذَا

فَإِنَّكَ لَا تَقُومُ مِنْ مَجْلِسِكَ حَتَّى تُسْتَجَابَ لَكَ إِنْ شَاءَ اللهُ-

قال أحمد بن عبد الله قال أبو صالح لا تعلموا السفهاء ذلك.

ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ ایک بار امیر المومنین علیہ السلام نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ طلب کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ یا علی جبرئیل امین نے بحکم الٰہی مجھے ۱۹ انیس کلمات تعلیم کیے جن میں چار کلمے پیشانی اسرافیل اور چار پیشانی میکائیل اور چار پیشانی جبریل اور عرش الٰہی کے گرد اور تین جہان منظور الٰہی تھا۔ دیان لکھے ہوئے ہیں کوئی بندۂ پریشان حال ان کلمات کے ذریعے سے دعا نہ کرے گا مگر سہ کہ جناب اقدس الٰہی اس کی پریشانی کو دور فرمائے گا نہ اس کو مال کے نقصان نہ بادشاہ کا خوف نہ آگ سے جلنے کا اندیشہ ہوگا۔ میں وہ کلمات تم کو تعلیم کرتا ہوں:

اے بے سہاروں کے سہارے، اے بے ذخیروں کے ذخیرے، اے سند نہ رکھنے والوں کی سند، اے پناہ سے محروموں کی پناہ، اے دادرس نہ رکھنے والوں کے دادرس، اے رحم کرنے والے، اے معاف کرنے والے، اے بہترین ممتحن، اے بڑی امیدگاہ، اے کمزوروں کے مددگار، اے ڈوبتوں کو بچانے والے، اے تباہ ہونے والوں کو بچانے والے، اے حسان کرنے والے، اے آرام دینے والے، اے نعمت دینے والے، اے عطا کرنے والے تو وہ ہے کہ سجدہ ریز ہے تیرے لئے رات کی تاریکی، دن کی روشنی، چاند کی چاندنی، سورج کی کرن، پانی کی آواز اور درختوں کی سرسراہٹ، اے اللہ اے اللہ اے اللہ تو یکتا و لاثانی ہے۔

پھر کہو

خداوندا میری.....تمام حاجات برلا۔

اے علیؑ! تم اپنی جگہ سے اٹھنے نہ پاؤ گے کہ خداوند عالم تمہاری حاجت برلائے گا (احمد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ یہ دعا ہر ایک شخص کو تعلیم نہ کرنا چاہیے)۔

وضع عن النساء تسعة عشر شيئا

انیس چیزیں عورتوں پر معاف ہیں

② حَدَّثَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الشَّاهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حَامِدٍ أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَالِدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِيمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو مَالِكٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله أَنَّهُ قَالَ فِي وَصِيَّتِهِ لَهُ يَا عَلِيُّ لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ جُمُعَةٌ وَ لَا جَمَاعَةٌ وَ لَا أَذَانٌ

وَلَا إِقَامَةٌ وَلَا عِيَادَةُ مَرِيضٍ وَلَا اتِّبَاعُ جَنَازَةٍ وَلَا هَرْوَلَةٌ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَا اسْتِلَامُ الْحَجَرِ وَلَا حَلْقٌ وَلَا تَوَلِّي الْقَضَاءِ وَلَا تُسْتَشَارُ وَلَا تَذْبَحُ إِلَّا عِنْدَ الضَّرُورَةِ وَلَا تَجْهَرُ بِالتَّلْبِيَةِ وَلَا تُقِيمُ عِنْدَ قَبْرٍ وَلَا تَسْمَعُ الْخُطْبَةَ وَلَا تَتَوَلَّى التَّزْوِيجَ وَلَا تَخْرُجُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِهِ فَإِنْ خَرَجَتْ بِغَيْرِ إِذْنِهِ لَعَنَهَا اللهُ وَ جَبْرَئِيلُ وَ مِيكَائِيلُ وَ لَا تُعْطِي مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا شَيْئاً إِلَّا بِإِذْنِهِ وَ لَا تَبِيتُ وَ زَوْجُهَا عَلَيْهَا سَاخِطٌ وَإِنْ كَانَ ظَالِماً لَهَا.

میرالمومنین علیہ السلام سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علیؑ! (۱) عورتوں کے لیے نماز جمعہ، (۲) نماز جماعت، (۳) اذان، (۴) اقامت، (۵) بیماروں کی عیادت، (۶) جنازے کے ساتھ جانا، (۷) صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا، (۸) حجر اسود کو بوسہ دینا، (۹) سر منڈوانا، (۱۰) فیصلے کرنا، (۱۱) مشورہ دینا، (۱۲) جانور ذبح کرنا بغیر ضروری و مجبوری کے، (۱۳) بلند آواز سے تلبیہ کہنا، (۱۴) قبروں پر جانا، (۱۵) خطبہ کا سننا، (۱۶) صیغہ نکاح پڑھنا، (۱۷) شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلنا، (۱۸) شوہر کی اجازت کے بغیر کوئی چیز کسی کو دینا، (۱۹) شوہر کو ناراض کرنا جائز نہیں ہے۔

ذكر تسع عشرة مسألة سأل عنها الصادق عليه السلام الطبيب الهندي في مجلس المنصور فلم يعلمها وأخبره الصادق عليه السلام بجوابها

ان انیس مسائل کا تذکرہ جو منصور کے دربار میں امام جعفر صادق علیہ السلام نے طبیب ہندی سے پوچھے مگر وہ جب جواب نہ دے سکا تو امام نے اس کو جوابات سے آگاہ کیا تھا

③ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَدَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ الرَّبِيعِ صَاحِبِ الْمَنْصُورِ قَالَ حَضَرَ أَبُو عَبْدِ اللهِ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّادِقُ عليه السلام مَجْلِسَ الْمَنْصُورِ يَوْماً وَ عِنْدَهُ رَجُلٌ مِنَ الْهِنْدِ يَقْرَأُ كُتُبَ الطِّبِّ فَجَعَلَ أَبُو عَبْدِ اللهِ الصَّادِقُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عليه السلام يُنْصِتُ لِقِرَاءَتِهِ فَلَمَّا فَرَغَ الْهِنْدِيُّ قَالَ لَهُ يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ أَتُرِيدُ مِمَّا مَعِي شَيْئاً قَالَ لَا فَإِنَّ مَا مَعِي خَيْرٌ مِمَّا مَعَكَ قَالَ وَ مَا هُوَ قَالَ أُدَاوِي الْحَارَّ بِالْبَارِدِ وَ الْبَارِدَ بِالْحَارِّ وَ الرَّطْبَ بِالْيَابِسِ وَ الْيَابِسَ بِالرَّطْبِ وَ أَرُدُّ الْأَمْرَ كُلَّهُ إِلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ أَسْتَعْمِلُ مَا قَالَهُ رَسُولُهُ صلى الله عليه وآله وَ أَعْلَمُ أَنَّ الْمِعِدَةَ بَيْتُ الدَّاءِ وَ الْحِمْيَةَ هِيَ الدَّوَاءُ وَ أُعَوِّدُ الْبَدَنَ مَا اعْتَادَ فَقَالَ الْهِنْدِيُّ وَ هَلِ الطِّبُّ إِلَّا هَذَا فَقَالَ الصَّادِقُ عليه السلام أَ فَتَرَانِي عَنْ كُتُبِ الطِّبِّ أَخَذْتُ قَالَ نَعَمْ قَالَ لَا وَ اللهِ مَا أَخَذْتُ إِلَّا عَنِ اللهِ سُبْحَانَهُ فَأَخْبِرْنِي أَنَا أَعْلَمُ بِالطِّبِّ أَمْ أَنْتَ

فَقَالَ الْهِنْدِيُّ بَلْ اَنَا قَالَ الصَّادِقُ عليه السلام فَاَسْاَلُكَ شَيْئاً قَالَ سَلْ قَالَ عليه السلام اَخْبِرْنِي يَا هِنْدِيُّ لِمَ كَانَ فِي الرَّاْسِ شُئُونٌ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ جُعِلَ الشَّعْرُ عَلَيْهِ مِنْ فَوْقِهِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ خَلَتِ الْجَبْهَةُ مِنَ الشَّعْرِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ كَانَ لَهَا تَخْطِيطٌ وَ اَسَارِيرُ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ كَانَ الْحَاجِبَانِ مِنْ فَوْقِ الْعَيْنَيْنِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ جُعِلَتِ الْعَيْنَانِ كَاللَّوْزَتَيْنِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ جُعِلَ الْاَنْفُ فِيمَا بَيْنَهُمَا قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ وَ لِمَ كَانَ ثَقْبُ الْاَنْفِ فِي اَسْفَلِهِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ جُعِلَتِ الشَّفَةُ وَ الشَّارِبُ مِنْ فَوْقِ الْفَمِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ احْتَدَّ السِّنُّ وَ عَرُضَ الضِّرْسُ وَ طَالَ النَّابُ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ جُعِلَتِ اللِّحْيَةُ لِلرِّجَالِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ خَلَتِ الْكَفَّانِ مِنَ الشَّعْرِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ خَلَا الظُّفُرُ وَ الشَّعْرُ مِنَ الْحَيَاةِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ كَانَ الْقَلْبُ كَحَبِّ الصَّنَوْبَرِ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ كَانَتِ الرِّئَةُ قِطْعَتَيْنِ وَ جُعِلَ حَرَكَتُهَا فِي مَوْضِعِهَا قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ كَانَتِ الْكَبِدُ حَدْبَاءَ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ كَانَتِ الْكُلْيَةُ كَحَبِّ اللُّوبِيَا قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ جُعِلَ طَيُّ الرُّكْبَتَيْنِ اِلَى خَلْفٍ قَالَ لَا اَعْلَمُ قَالَ فَلِمَ تَخَصَّرَتِ الْقَدَمَانِ قَالَ لَا اَعْلَمُ فَقَالَ الصَّادِقُ عليه السلام لَكِنِّي اَعْلَمُ قَالَ فَاَجِبْ فَقَالَ الصَّادِقُ عليه السلام كَانَ فِي الرَّاْسِ شُئُونٌ لِاَنَّهُ الْمُجَوَّفُ اِذَا كَانَ بِلَا فَصْلٍ اَسْرَعَ اِلَيْهِ الصُّدَاعُ فَاِذَا جُعِلَ ذَا فُصُولٍ كَانَ الصُّدَاعُ مِنْهُ اَبْعَدَ وَ جُعِلَ الشَّعْرُ مِنْ فَوْقِهِ لِيُوصَلَ بِوُصُولِهِ الْاَدْهَانُ اِلَى الدِّمَاغِ وَ يَخْرُجَ بِاَطْرَافِهِ الْبُخَارُ مِنْهُ وَ يَرُدَّ الْحَرَّ وَ الْبَرْدَ الْوَارِدَيْنِ عَلَيْهِ وَ خَلَتِ الْجَبْهَةُ مِنَ الشَّعْرِ لِاَنَّهَا مَصَبُّ النُّورِ اِلَى الْعَيْنَيْنِ وَ جُعِلَ فِيهَا التَّخْطِيطُ وَ الْاَسَارِيرُ لِيُحْتَبَسَ الْعَرَقُ الْوَارِدُ مِنَ الرَّاْسِ عَنِ الْعَيْنِ قَدْرَ مَا يُمِيطُهُ الْاِنْسَانُ عَنْ نَفْسِهِ كَالْاَنْهَارِ فِي الْاَرْضِ الَّتِي تَحْبِسُ الْمِيَاهَ وَ جُعِلَ الْحَاجِبَانِ مِنْ فَوْقِ الْعَيْنَيْنِ لِيَرُدَّ عَلَيْهِمَا مِنَ النُّورِ قَدْرَ الْكِفَايَةِ اَلَا تَرَى يَا هِنْدِيُّ اَنَّ مَنْ غَلَبَهُ النُّورُ جَعَلَ يَدَهُ عَلَى عَيْنَيْهِ لِيَرُدَّ عَلَيْهِمَا قَدْرَ كِفَايَتِهِمَا مِنْهُ وَ جُعِلَ الْاَنْفُ فِيمَا بَيْنَهُمَا لِيَقْسِمَ النُّورَ قِسْمَيْنِ اِلَى كُلِّ عَيْنٍ سَوَاءً وَ كَانَتِ الْعَيْنُ كَاللَّوْزَةِ لِيَجْرِيَ فِيهَا الْمِيلُ بِالدَّوَاءِ وَ يَخْرُجَ مِنْهَا الدَّاءُ وَ لَوْ كَانَتْ مُرَبَّعَةً اَوْ مُدَوَّرَةً مَا جَرَى فِيهَا الْمِيلُ وَ مَا وَصَلَ اِلَيْهَا دَوَاءٌ وَ لَا خَرَجَ مِنْهَا دَاءٌ وَ جُعِلَ ثَقْبُ الْاَنْفِ فِي اَسْفَلِهِ لِتَنْزِلَ مِنْهُ الْاَدْوَاءُ الْمُنْحَدِرَةُ مِنَ الدِّمَاغِ وَ يَصْعَدَ فِيهِ الْاَرَايِيحُ اِلَى الْمَشَامِّ وَ لَوْ كَانَ عَلَى اَعْلَاهُ لَمَا اُنْزِلَ دَاءٌ وَ لَا وَجَدَ رَائِحَةً وَ جُعِلَ الشَّارِبُ وَ الشَّفَةُ فَوْقَ الْفَمِ لِيُحْتَبَسَ مَا يَنْزِلُ مِنَ الدِّمَاغِ عَنِ الْفَمِ لِئَلَّا يَتَنَغَّصَ عَلَى الْاِنْسَانِ طَعَامُهُ وَ شَرَابُهُ فَيُمِيطَهُ عَنْ نَفْسِهِ وَ جُعِلَتِ اللِّحْيَةُ لِلرِّجَالِ لِيُسْتَغْنَى بِهَا عَنِ الْكَشْفِ فِي الْمَنْظَرِ وَ

يُعْلَمَ بِهَا الذَّكَرُ مِنَ الْأُنْثَى وَ جُعِلَ السِّنُّ حَادّاً لِأَنَّ بِهِ يَقَعُ الْمَضْغُ وَ جُعِلَ الضِّرْسُ عَرِيضاً لِأَنَّ بِهِ يَقَعُ الطَّحْنُ وَ الْمَضْغُ وَ كَانَ النَّابُ طَوِيلًا لِيَسْنِدَ الْأَضْرَاسَ وَ الْأَسْنَانَ كَالْأُسْطُوَانَةِ فِي الْبِنَاءِ وَ خَلَا الْكَفَّانِ مِنَ الشَّعْرِ لِأَنَّ بِهِمَا يَقَعُ اللَّمْسُ فَلَوْ كَانَ فِيهِمَا شَعْرٌ مَا دَرَى الْإِنْسَانُ مَا يُقَابِلُهُ وَ يَلْمِسُهُ وَ خَلَا الشَّعْرُ وَ الظُّفُرُ مِنَ الْحَيَاةِ لِأَنَّ طُولَهُمَا سَمْجٌ وَ قَصَّهُمَا حَسَنٌ فَلَوْ كَانَ فِيهِمَا حَيَاةٌ لَآلَمَ الْإِنْسَانَ بِقَصِّهِمَا وَ كَانَ الْقَلْبُ كَحَبِّ الصَّنَوْبَرِ لِأَنَّهُ مُنَكَّسٌ فَجُعِلَ رَأْسُهُ دَقِيقاً لِيَدْخُلَ فِي الرِّئَةِ فَتَرَوَّحَ عَنْهُ بِبَرْدِهَا لِئَلَّا يَشِيطَ الدِّمَاغُ بِحَرِّهِ وَ جُعِلَتِ الرِّئَةُ قِطْعَتَيْنِ لِيَدْخُلَ بَيْنَ مَضَاغِطِهَا فَيَتَرَوَّحَ عَنْهُ بِحَرَكَتِهَا وَ كَانَ الْكَبِدُ حَدْبَاءَ لِيَثْقُلَ الْمَعِدَةُ وَ يَقَعَ جَمِيعُهَا عَلَيْهَا فَيَعْصِرَهَا لِيَخْرُجَ مَا فِيهَا مِنَ الْبُخَارِ وَ جُعِلَتِ الْكُلْيَةُ كَحَبِّ اللُّوبِيَا لِأَنَّ عَلَيْهَا مَصَبَّ الْمَنِيِّ نُقْطَةً بَعْدَ نُقْطَةٍ فَلَوْ كَانَتْ مُرَبَّعَةً أَوْ مُدَوَّرَةً احْتُبِسَتِ النُّقْطَةُ الْأُولَى إِلَى الثَّانِيَةِ فَلَا يَلْتَذُّ بِخُرُوجِهَا الْحَيُّ إِذِ الْمَنِيُّ يَنْزِلُ مِنْ قَفَارِ الظَّهْرِ إِلَى الْكُلْيَةِ فَهِيَ كَالدُّودَةِ تَنْقَبِضُ وَ تَنْبَسِطُ تَرْمِيهِ أَوَّلًا فَأَوَّلًا إِلَى الْمَثَانَةِ كَالْبُنْدُقَةِ مِنَ الْقَوْسِ وَ جُعِلَ طَيُّ الرُّكْبَةِ إِلَى خَلْفٍ لِأَنَّ الْإِنْسَانَ يَمْشِي إِلَى بَيْنِ يَدَيْهِ فَيَعْتَدِلُ الْحَرَكَاتُ وَ لَوْ لَا ذَلِكَ لَسَقَطَ فِي الْمَشْيِ وَ جُعِلَتِ الْقَدَمُ مُخَصَّرَةً لِأَنَّ الْمَشْيَ إِذَا وَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ جَمِيعُهُ ثَقُلَ كَثِقَلِ حَجَرِ الرَّحَى فَإِذَا كَانَ عَلَى حَرْفِهِ رَفَعَهُ الصَّبِيُّ وَ إِذَا وَقَعَ عَلَى وَجْهِهِ صَعُبَ نَقْلُهُ عَلَى الرَّجُلِ فَقَالَ لَهُ الْهِنْدِيُّ مِنْ أَيْنَ لَكَ هَذَا الْعِلْمُ فَقَالَ عليه السلام أَخَذْتُهُ عَنْ آبَائِي عليهم السلام عَنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله عَنْ جَبْرَئِيلَ عليه السلام عَنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ جَلَّ جَلَالُهُ الَّذِي خَلَقَ الْأَجْسَادَ وَ الْأَرْوَاحَ فَقَالَ الْهِنْدِيُّ صَدَقْتَ وَ أَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَ أَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ وَ عَبْدُهُ وَ أَنَّكَ أَعْلَمُ أَهْلِ زَمَانِكَ.

ربیع صاحب منصور کہتا ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام منصور دوانقی کے پاس تشریف رکھتے تھے۔ ایک ہندی طبیب بھی تھا اور اپنے علم کا منصور کے سامنے اظہار کر رہا تھا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بھی خاموشی سے سن رہے تھے جب کہہ چکا تو حضرت سے عرض کی کہ آپ کو اگر کوئی ضرورت ہو تو فرمایئے۔

آپ نے فرمایا: مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے جو کچھ میں جانتا ہوں وہ تیرے علم سے بہتر ہے۔

اس نے پوچھا: وہ کیا ہے؟

فرمایا کہ حرارت کا خنکی سے اور خنکی کا حرارت سے، تر کا خشک سے خشک کا تر سے علاج کرتا ہوں اور شفا کا اللہ کی طرف سے امیدوار رہتا ہوں اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایتوں پر عمل کرتا ہوں۔ معدہ امراض کا گھر ہے اور پرہیز ہی دوا ہے اور اسی طرح جس چیز کی بدن کو عادت پڑ چکی ہے میں اسی کو اپنی عادت بنا لیتا ہوں۔

طبیب ہندی نے عرض کی اسی کا نام طب ہے۔

آپ نے فرمایا تو سمجھتا ہوگا کہ یہ باتیں میں نے طب کی کتابوں سے حاصل کی ہیں۔

اس نے عرض کی: ہاں۔

حضرت نے فرمایا کہ نہیں بلکہ یہ تعلیم الٰہی ہے۔ اچھا یہ بتا کہ

سوال (۱) کھوپڑی میں متعدد ہڈیاں کیوں رکھی گئی ہیں؟

اس نے عرض کی: معلوم نہیں۔

سوال (۲) پھر سوال کیا کہ سر کے بال اوپر کے حصے میں کیوں ہیں؟

کہا: نہیں معلوم۔

سوال (۳) پوچھا: پیشانی پر بال کیوں نہیں ہیں؟

عرض کی خدا جانے۔

سوال (۴) پوچھا: پیشانی میں لکیریں کیوں پڑی ہیں؟

کہا: خبر نہیں۔

سوال (۵) پوچھا: بھوئیں آنکھوں کے اوپر کیوں ہیں؟

کہا: اللہ کو معلوم ہے۔

سوال (۶) پوچھا: آنکھیں بادامی شکل کی کیوں ہیں؟

پوچھا: میں نہیں جانتا۔

سوال (۷) پوچھا: ناک آنکھوں کے درمیان کیوں ہے؟

کہا میں کیا جانوں۔

سوال (۸) پوچھا: ناک کے سوراخ نیچے کی طرف کیوں ہیں؟

کہا: خدا بہتر جانتا ہے۔

سوال (۹) پوچھا: ہونٹ اور مونچھوں کو منہ کے اوپر کیوں رکھا؟

کہا: کیا جانوں۔

سوال (۱۰) پوچھا: آگے کے دانت تیز، عقل داڑھ چوڑی اور کچلی لمبی کیوں ہوتی ہے؟

کہا: مجھے نہیں معلوم۔

سوال (۱۱) پوچھا: مردوں کے چہرے پر داڑھی کیوں ہے؟

کہا: مجھ کو علم نہیں۔

سوال (۱۲) پوچھا: ہتھیلیوں پر بال کیوں نہیں ہیں؟

کہا: میں نہیں کہہ سکتا۔

سوال (۱۳) پوچھا: مردہ ناخنوں میں اور بالوں میں جان نہیں ہیں؟

عرض کی: کیا بتاؤں۔

سوال (۱۴) پوچھا: دل کی شکل صنوبری کیوں ہے؟

عرض کی: نہیں بتا سکتا۔

سوال (۱۵) پوچھا: پھیپھڑوں کے دو ٹکڑے کیوں ہیں ان کو جنبش کیوں ہوتی ہے؟

کہا: معلوم نہیں۔

سوال (۱۶) پوچھا: جگر خمیدہ کیوں ہے؟

عرض کی: معلوم نہیں۔

سوال (۱۷) پوچھا: گردے لوبیا کے دانوں کی طرح کیوں ہیں؟

کہا: میں لاعلم ہوں۔

سوال (۱۸) پوچھا: دونوں زانو پشت کی جانب خم اور سیدھے کیوں ہوتے ہیں؟

عرض کی: میں اس سے بے خبر ہوں۔

سوال (۱۹) پوچھا: دونوں پیروں کے تلووں کے درمیانی حصہ میں گہرائی کیوں ہے (تلوے برابر کیوں نہیں ہیں)؟

کہا: میں لاعلم ہوں۔

اب حضرت نے فرمایا کہ میں تجھ کو ان کی وجہ بتا سکتا ہوں۔

اس نے عرض کی: ارشاد ہو۔

آپ نے فرمایا کہ

جواب (۱) کھوپڑی اگر صرف ایک ہی ہڈی کی ہوتی تو سر میں درد رہا کرتا اور اب معمولی ضرب سے نہیں ٹوٹ سکتی۔

جواب (۲) سر پر بال اس لیے ہیں کہ ان کے ذریعے سے سر میں تیل جذب ہو سکے اور بالوں کی جڑ سے بخارات

نکلتے رہیں اور گرمی سردی کو دفع کرتے رہیں۔

جواب (۳) پیشانی پر اس کے بال نہیں پیدا کیے گئے کہ روشنی آنکھوں تک پہنچ سکے۔

جواب (۴) اٹھی ہوئی شکن اس لیے ہے کہ پسینہ اور سر سے نکلی ہوئی رطوبتیں آنکھوں تک نہ پہنچیں.

جواب (۵) دو ابروں کو اس لیے آنکھوں کے اوپر پیدا کیا کہ روشنی کو ایک خاص انداز سے پہنچائیں۔ آدمی تیز دھوپ یا روشنی میں طبعاً آنکھوں پر ہاتھ کو سائبان بنا کر رکھ لیتا ہے۔

جواب (۶) ناک کو اس لیے دونوں آنکھوں کے درمیان رکھا کہ دونوں میں روشنی پہنچتی رہے۔

جواب (۷) آنکھوں کو بادام نما اس لیے پیدا کیا گیا کہ سلائی سے بآسانی سرمہ لگایا جا سکے۔

جواب (۸) ناک کے سوراخ اس لیے نیچے کی طرف رکھے گئے کہ گندگی زمین پر بآسانی گرے اور خوشبو و بدبو سونگھ سکے۔

جواب (۹) مونچھوں اور اوپر کے ہونٹ کو اس لیے اس طرح پیدا کیا کہ جو گندگی دماغ سے نکلے وہ کھانے اور پانی میں مل نہ جائے۔

جواب (۱۰) مردوں کو داڑھی اس لیے دی کہ عورت سے فرق پیدا ہو۔

جواب (۱۱) آگے کے دانت تیز بنائے تا کہ چیزوں کو چبایا جا سکے، عقل کو چوڑا بنا گیا تا کہ اس کے ذریعہ چیزیں چبائی اور پیسی جا سکیں اور کچلی کو لمبا اس لئے بنایا گیا تا کہ وہ عقل داڑھ کو مضبوطی سے پکڑی رہے چنانچہ اس کی اہمیت کسی عمارت کے ستون کی طرح ہے۔

جواب (۱۲) دونوں ہتھیلیوں کو صاف رکھا ان پر بال پیدا نہیں کیے کہ ہر چیز کو چھو سکے۔

جواب (۱۳) ناخنوں اور بالوں کو بے حس و بے جان کر دیا اگر ان میں احساس کی قوت ہوتی تو کاٹنے میں تکلیف ہوتی اور بڑھتے جاتے۔

جواب (۱۴) دل کو صنوبر سے مشابہ بنایا اس لئے کہ وہ اوندھا ہوتا ہے لہٰذا اس کے سر کو باریک بنایا گیا تا کہ وہ پھیپھڑے میں جا سکے اور اس کے ہوا دینے سے پھیپھڑا ٹھنڈا رہے کہ مبادا اس کی حرارت سے دماغ جل نہ جائے۔

جواب (۱۵) پھیپھڑے کے دو حصے کیے تا کہ دل ان کے درمیان میں رہے اور ان کی ہوا سے خنک رہے۔

جواب (۱۶) کلیجہ کو خمیدہ پیدا کیا تا کہ معدہ کو ثقیل بنا سکے۔ یہ پورا کا پورا معدہ کے گرد آ جائے اور اس پر دباؤ ڈال سکے تا کہ اس میں موجود بخارات اس میں سے باہر نکل سکیں۔

جواب (۱۷) گردوں کو مثال دانہ لوبیا کے پیدا کیا کیونکہ یکے بعد دیگرے منی کے قطروں کا مقام اسی پر واقع ہے

لہٰذا اگر یہ چوکور ہوتا یا دائرہ نما ہوتا تو نطفہ کا اگلا قطرہ پچھلے کے ساتھ ٹھہر جاتا، لہٰذا ایک جاندار کبھی بھی اس سے محفوظ نہ ہوتا کیونکہ منی ریڑھ کی ہڈی سے گردہ میں آتی ہے اور اس کی مثال ایک کیڑے کی سی ہے جو سکڑتا اور پھیلتا ہے اور یہ کمان کی غلہ کی مانند ہے جو منی کے قطروں کو ایک کے بعد مثانہ کی طرف پھینکتا ہے۔

جواب (۱۸) زانو کو پشت کی طرف بنایا گیا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ انسان آگے کی طرف چلتا ہے لہٰذا اس کی حرکات معتدل رہیں کیونکہ اگر ایسا نہ ہوتا تو انسان چلتے چلتے گر جاتا۔

جواب (۱۹) تلووں میں گہرائی کہ وجہ یہ ہے کہ پیر زمین پر برابر ٹھہرتے تو وہ ایسے وزنی ہو جاتے کہ جیسے چکی کے پاٹ کہ اگر وہ سرے پر ہو تو بچہ بھی اسے آسانی سے اٹھالے اور اگر برابر زمین پر پڑا ہو تو ایک توانا مرد کو بھی اٹھانے میں دقت و دشواری ہو۔

طبیب ہندی نے عرض کی: یہ علم کہاں سے آپ کو ملا؟

آپ نے فرمایا: میرے آبائے طاہرین کے واسطے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔

طبیب ہندی نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے رسول اور اس کے بندے ہیں اور آپ زمانے میں ہر عالم سے افضل و برتر ہیں۔

باب۔ ۲۰

اس باب میں عدد بیس سے انتیس عدد کی احادیث ہیں

في حب أهل البيت عليهم السلام عشرون خصلة

اہلبیت علیہم السلام کی محبت میں بیس خوبیاں ہیں

① حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ زَيْدَوَيْهِ الْجَلَّابُ الْهَمَدَانِيُّ بِهَمَدَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمْرُوسٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله مَنْ رَزَقَهُ اللهُ حُبَّ الْاَئِمَّةِ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي فَقَدْ اَصَابَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ فَلَا يَشُكَّنَّ اَحَدٌ اَنَّهُ فِي الْجَنَّةِ فَاِنَّ فِي حُبِّ اَهْلِ بَيْتِي عشرون [عِشْرِينَ] خَصْلَةً عَشْرٌ مِنْهَا فِي الدُّنْيَا وَ عَشْرٌ مِنْهَا فِي الْآخِرَةِ اَمَّا الَّتِي فِي الدُّنْيَا فَالزُّهْدُ وَ الْحِرْصُ عَلَى الْعَمَلِ وَ الْوَرَعُ فِي الدِّينِ وَ الرَّغْبَةُ فِي الْعِبَادَةِ وَ التَّوْبَةُ قَبْلَ الْمَوْتِ وَ النَّشَاطُ فِي قِيَامِ اللَّيْلِ وَ الْيَاْسُ مِمَّا فِي اَيْدِي النَّاسِ وَ الْحِفْظُ لِاَمْرِ اللهِ وَ نَهْيِهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ التَّاسِعَةُ بُغْضُ الدُّنْيَا وَ الْعَاشِرَةُ السَّخَاءُ وَ اَمَّا الَّتِي فِي الْآخِرَةِ فَلَا يُنْشَرُ لَهُ دِيوَانٌ وَ لَا يُنْصَبُ لَهُ مِيزَانٌ وَ يُعْطَى كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ وَ يُكْتَبُ لَهُ بَرَاءَةٌ مِنَ النَّارِ وَ يَبْيَضُّ وَجْهُهُ وَ يُكْسَى مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ وَ يَشْفَعُ فِي مِائَةٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ وَ يَنْظُرُ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ اِلَيْهِ بِالرَّحْمَةِ وَ يُتَوَّجُ مِنْ تِيجَانِ الْجَنَّةِ وَ الْعَاشِرَةُ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ فَطُوبَى لِمُحِبِّي اَهْلِ بَيْتِي.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے میرے اہلبیت کی محبت میں بیس خصلتیں ہیں اور جس شخص کے دل میں محبت ہو وہ اپنے جنتی ہونے میں شک نہ کرے۔ یقیناً اس کو دنیا و آخرت حاصل ہے۔ میرے اہلبیت کی محبت کے دس فائدے دنیا میں ہیں: (۱) زہد (۲) علم سے رغبت (۳) عمل کا شوق (۴) پرہیزگاری (۵) عبادت سے دلچسپی (۶) مرنے سے پہلے توبہ (۷) نماز شب کے لیے فرصت حاصل ہونا (۸) دوسروں کے مال سے بے نیازی (۹) احکام الٰہی پر عمل (۱۰) اہل دنیا سے نفرت و بیزاری اور سخاوت۔

اور دس باتیں آخرت میں حاصل ہوں گی: (۱) اس کا نامہ عمل نہ دیکھا جائے گا (۲) اس کے اعمال کا وزن نہ ہوگا (۳) اس کا نامہ عامل داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا (۴) اس کو جہنم سے آزادی کا پروانہ دیا جائے گا (۵) اس کا چہرہ روشن ہوگا (۶) لباس جنت سے آراستہ کیا جائے گا (۷) سو آدمیوں کو اپنے خاندان والوں سے شفاعت کرے گا (۸) خداوند عالم اس پر نظر رحمت فرمائے گا (۹) اس کے سر پر جنت کا تاج رکھا جائے گا (۱۰) جنت میں بغیر حساب داخل ہوگا۔ خوشا حال میرے اہلبیت کے دوستوں کا۔

للمؤمن على الله عزوجل عشرون خصلة

اللہ تعالیٰ پر مومنین کے دس حقوق ہیں

۲۰ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى الْحَضْرَمِيُّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ عِشْرُونَ خَصْلَةً يَفِي لَهُ بِهَا عَلَى اللهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى اَنْ لَا يَفْتِنَهُ وَ لَا يُضِلَّهُ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُعْرِيَهُ وَ لَا يَجُوعَهُ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُشْمِتَ بِهِ عَدُوَّهُ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يَخْذُلَهُ وَ يَعْزِلَهُ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يَهْتِكَ سِتْرَهُ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُمِيتَهُ غَرَقاً وَ لَا حَرَقاً وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يَقَعَ عَلَى شَيْءٍ وَ لَا يَقَعَ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ يَقِيَهُ مَكْرَ الْمَاكِرِينَ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ يُعِيذَهُ مِنْ سَطَوَاتِ الْجَبَّارِينَ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ يَجْعَلَهُ مَعَنَا فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِ مِنَ الْاَدْوَاءِ مَا يَشِينُ خِلْقَتَهُ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ يُعِيذَهُ مِنَ الْبَرَصِ وَ الْجُذَامِ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُمِيتَهُ عَلَى كَبِيرَةٍ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُنْسِيَهُ مُقَامَهُ فِي الْمَعَاصِي حَتَّى يُحْدِثَ تَوْبَةً وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يَحْجُبَ عَنْهُ مَعْرِفَتَهُ بِحُجَّتِهِ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُعَزِّزَ فِي قَلْبِهِ الْبَاطِلَ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ يَحْشُرَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ نُورُهُ يَسْعَى بَيْنَ يَدَيْهِ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ يُوَفِّقَهُ لِكُلِّ خَيْرٍ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْهِ عَدُوَّهُ فَيُذِلَّهُ وَ لَهُ عَلَى اللهِ اَنْ يُخْتَمَ لَهُ بِالْاَمْنِ وَ الْاِيمَانِ وَ يَجْعَلَهُ مَعَنَا فِي الرَّفِيقِ الْاَعْلَى هَذِهِ شَرَائِطُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ لِلْمُؤْمِنِينَ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خداوند عالم پر مومن کے بیس حقوق ہیں جن کا ادا کرنا اس کے ذمے ہے: (۱) ایسا امتحان نہ لے جس کی سختی سے وہ بے دین ہو جائے (۲) اس کو گمراہ نہ کرے (۳) اس کو بے آبرو نہ کرے (۴) ڈوب کر یا جل کر نہ مرے (۵) نہ وہ کسی کو نقصان پہنچائے نہ کوئی اس کو تکلیف دے (۶) مکاروں سے محفوظ رہے (۷) خداوند عالم

ظالموں کے شر سے اس کو محفوظ رکھے (۸) خداوند عالم دنیا و آخرت میں اس کو ہمارے ساتھ رکھے (۹) خداوند عالم ایسا مرض نہ دے کہ صورت بدنما ہو جائے (۱۰) خداوند عالم اس کو سستی اور خورہ سے محفوظ رکھے (۱۱) گناہ کبیرہ کرتے ہوئے اس کو موت نہ آئے (۱۲) خدا اس کو گناہوں کو یاد دلاتا رہے کہ توبہ کرے (۱۳) امام زمانہ کی معرفت سے سرفراز فرمائے (۱۴) دین باطل اس کی نظر میں بے حقیقت ہو (۱۵) قیامت کے دن اس کو ہمارے ساتھ محشور فرمائے (۱۶) اس کا نور ایمان اس کے پیش پیش ہو (۱۷) خداوند عالم اس کو ہر امر خیر کی توفیق دے (۱۸) اس کے دشمن کو اتنی طاقت نہ دے کہ اس کو ذلیل کر سکے (۱۹) اس کا انجام بہتر کرے (۲۰) اعلیٰ علیین میں اس کو ہمارے ساتھ جنت میں جگہ دے۔

ثواب من حج عشرين حجة

اس شخص کا ثواب جس نے بیس حج کئے

③ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمُعَاذِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الطَّيَالِسِيِّ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام مَنْ حَجَّ عِشْرِينَ حِجَّةً لَمْ يَرَ جَهَنَّمَ وَ لَمْ يَسْمَعْ شَهِيقَهَا وَ لَا زَفِيرَهَا.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جس نے بیس حج کیے ہوں گے نہ وہ جہنم کو دیکھے گا نہ اس کے بھڑکنے کی آواز اس کے کانوں میں آئے گی۔

ذكر ثلاث وعشرين خصلة من الخصال المحمودة التي وصف بها علي بن الحسين زين العابدين عليه السلام

امام زین العابدین علیہ السلام کی تئیس صفات کا ذکر

④ حَدَّثَنَا الْمُظَفَّرُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْمُظَفَّرِ بْنِ الْعَلَوِيِّ السَّمَرْقَنْدِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْعُودٍ الْعَيَّاشِيُّ عَنْ اَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْاَزْدِيِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ حُمْرَانَ عَنْ اَبِيهِ حُمْرَانَ بْنِ اَعْيَنَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَاقِرِ عليه السلام قَالَ كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عليه السلام يُصَلِّي فِي الْيَوْمِ وَ اللَّيْلَةِ اَلْفَ رَكْعَةٍ كَمَا كَانَ يَفْعَلُ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام كَانَتْ لَهُ خَمْسُمِائَةِ نَخْلَةٍ فَكَانَ يُصَلِّي عِنْدَ كُلِّ نَخْلَةٍ رَكْعَتَيْنِ وَ كَانَ اِذَا قَامَ فِي صَلَاتِهِ غَشِيَ لَوْنَهُ لَوْنٌ آخَرُ وَ كَانَ قِيَامُهُ فِي صَلَاتِهِ قِيَامَ الْعَبْدِ الذَّلِيلِ بَيْنَ يَدَيِ الْمَلِكِ الْجَلِيلِ

كَانَتْ اَعْضَاؤُهُ تَرْتَعِدُ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ كَانَ يُصَلِّي صَلَاةَ مُوَدِّعٍ يَرَى اَنَّهُ لَا يُصَلِّيَ بَعْدَهَا اَبَداً وَ لَقَدْ صَلَّى ذَاتَ يَوْمٍ فَسَقَطَ الرِّدَاءُ عَنْ اَحَدِ مَنْكِبَيْهِ فَلَمْ يُسَوِّهِ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ فَسَاَلَهُ بَعْضُ اَصْحَابِهِ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ وَيْحَكَ اَ تَدْرِي بَيْنَ يَدَيْ مَنْ كُنْتُ اِنَّ الْعَبْدَ لَا يُقْبَلُ مِنْ صَلَاتِهِ اِلَّا مَا اَقْبَلَ عَلَيْهِ مِنْهَا بِقَلْبِهِ فَقَالَ الرَّجُلُ هَلَكْنَا فَقَالَ كَلَّا اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ مُتَمِّمُ ذَلِكَ بِالنَّوَافِلِ وَ كَانَ عليه السلام لَيَخْرُجُ فِي اللَّيْلَةِ الظَّلْمَاءِ فَيَحْمِلُ الْجِرَابَ عَلَى ظَهْرِهِ وَ فِيهِ الصُّرَرُ مِنَ الدَّنَانِيرِ وَ الدَّرَاهِمِ وَ رُبَّمَا حَمَلَ عَلَى ظَهْرِهِ الطَّعَامَ اَوِ الْحَطَبَ حَتَّى يَاْتِيَ بَاباً بَاباً فَيَقْرَعُهُ ثُمَّ يُنَاوِلُ مَنْ يَخْرُجُ اِلَيْهِ وَ كَانَ يُغَطِّي وَجْهَهُ اِذَا نَاوَلَ فَقِيراً لِئَلَّا يَعْرِفَهُ فَلَمَّا تُوُفِّيَ عليه السلام فَقَدُوا ذَلِكَ فَعَلِمُوا اَنَّهُ كَانَ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ عليه السلام وَ لَمَّا وُضِعَ عليه السلام عَلَى الْمُغْتَسَلِ نَظَرُوا اِلَى ظَهْرِهِ وَ عَلَيْهِ مِثْلُ رُكَبِ الْاِبِلِ مِمَّا كَانَ يَحْمِلُ عَلَى ظَهْرِهِ اِلَى مَنَازِلِ الْفُقَرَاءِ وَ الْمَسَاكِينِ وَ لَقَدْ خَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ وَ عَلَيْهِ مِطْرَفُ خَزٍّ فَعَرَضَ لَهُ سَائِلٌ فَتَعَلَّقَ بِالْمِطْرَفِ فَمَضَى وَ تَرَكَهُ وَ كَانَ يَشْتَرِي الْخَزَّ فِي الشِّتَاءِ فَاِذَا جَاءَ الصَّيْفُ بَاعَهُ فَتَصَدَّقَ بِثَمَنِهِ وَ لَقَدْ نَظَرَ عليه السلام يَوْمَ عَرَفَةَ اِلَى قَوْمٍ يَسْاَلُونَ النَّاسَ فَقَالَ وَيْحَكُمْ اَ غَيْرَ اللهِ تَسْاَلُونَ فِي مِثْلِ هَذَا الْيَوْمِ اِنَّهُ لَيُرْجَى فِي هَذَا الْيَوْمِ لِمَا فِي بُطُونِ الْحَبَالَى اَنْ يَكُونُوا سُعَدَاءَ وَ لَقَدْ كَانَ عليه السلام يَاْبَى اَنْ يُؤَاكِلَ اُمَّهُ فَقِيلَ لَهُ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله اَنْتَ اَبَرُّ النَّاسِ وَ اَوْصَلُهُمْ لِلرَّحِمِ فَكَيْفَ لَا تُوَاكِلُ اُمَّكَ فَقَالَ اِنِّي اَكْرَهُ اَنْ تَسْبِقَ يَدِي اِلَى مَا سَبَقَتْ عَيْنُهَا اِلَيْهِ وَ لَقَدْ قَالَ لَهُ عليه السلام رَجُلٌ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله اِنِّي لَاُحِبُّكَ فِي اللهِ حُبّاً شَدِيداً فَقَالَ اللهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ اَنْ اُحَبَّ لَكَ وَ اَنْتَ لِي مُبْغِضٌ وَ لَقَدْ حَجَّ عَلَى نَاقَةٍ لَهُ عِشْرِينَ حِجَّةً فَمَا قَرَعَهَا بِسَوْطٍ فَلَمَّا تَوَفَّتْ اَمَرَ بِدَفْنِهَا لِئَلَّا تَاْكُلَهَا السِّبَاعُ وَ لَقَدْ سُئِلَتْ عَنْهُ مَوْلَاةٌ لَهُ فَقَالَتْ اُطْنِبُ اَوْ اَخْتَصِرُ فَقِيلَ لَهَا بَلِ اخْتَصِرِي فَقَالَتْ مَا اَتَيْتُهُ بِطَعَامٍ نَهَاراً قَطُّ وَ مَا فَرَشْتُ لَهُ فِرَاشاً بِلَيْلٍ قَطُّ وَ لَقَدِ انْتَهَى ذَاتَ يَوْمٍ اِلَى قَوْمٍ يَغْتَابُونَهُ فَوَقَفَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ فَغَفَرَ اللهُ لِي وَ اِنْ كُنْتُمْ كَاذِبِينَ فَغَفَرَ اللهُ لَكُمْ فَكَانَ عليه السلام اِذَا جَاءَهُ طَالِبُ عِلْمٍ فَقَالَ مَرْحَباً بِوَصِيَّةِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله ثُمَّ يَقُولُ اِنَّ طَالِبَ الْعِلْمِ اِذَا خَرَجَ مِنْ مَنْزِلِهِ لَمْ يَضَعْ رِجْلَهُ عَلَى رَطْبٍ وَ لَا يَابِسٍ مِنَ الْاَرْضِ اِلَّا سَبَّحَتْ لَهُ اِلَى الْاَرَضِينَ السَّابِعَةِ وَ لَقَدْ كَانَ يَعُولُ مِائَةَ اَهْلِ بَيْتٍ مِنْ فُقَرَاءِ الْمَدِينَةِ وَ كَانَ يُعْجِبُهُ اَنْ يَحْضُرَ طَعَامَهُ الْيَتَامَى وَ الْاَضِرَّاءُ وَ الزَّمْنَى وَ الْمَسَاكِينُ الَّذِينَ لَا حِيلَةَ لَهُمْ وَ كَانَ يُنَاوِلُهُمْ بِيَدِهِ وَ مَنْ كَانَ لَهُمْ مِنْهُمْ عِيَالٌ حَمَلَهُ اِلَى عِيَالِهِ مِنْ طَعَامِهِ وَ كَانَ لَا يَاْكُلُ طَعَاماً حَتَّى يَبْدَاَ فَيَتَصَدَّقَ بِمِثْلِهِ وَ لَقَدْ كَانَ يَسْقُطُ مِنْهُ كُلَّ سَنَةٍ سَبْعُ ثَفِنَاتٍ مِنْ مَوَاضِعِ سُجُودِهِ لِكَثْرَةِ صَلَاتِهِ وَ كَانَ يَجْمَعُهَا فَلَمَّا

مَاتَ دُفِنَتْ مَعَهُ وَلَقَدْ كَانَ بَكَى عَلَى اَبِيهِ الْحُسَيْنِ عليه السلام عِشْرِينَ سَنَةً وَمَا وُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهِ طَعَامٌ اِلَّا بَكَى حَتَّى قَالَ لَهُ مَوْلًى لَهُ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله اَ مَا آنَ لِحُزْنِكَ اَنْ يَنْقَضِيَ فَقَالَ لَهُ وَيْحَكَ اِنَّ يَعْقُوبَ النَّبِيَّ عليه السلام كَانَ لَهُ اثْنَا عَشَرَ ابْناً فَغَيَّبَ اللهُ عَنْهُ وَاحِداً مِنْهُمْ فَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنْ كَثْرَةِ بُكَائِهِ عَلَيْهِ وَشَابَ رَأْسُهُ مِنَ الْحُزْنِ وَاحْدَوْدَبَ ظَهْرُهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَانَ ابْنُهُ حَيّاً فِي الدُّنْيَا وَاَنَا نَظَرْتُ اِلَى اَبِي وَاَخِي وَعَمِّي وَسَبْعَةَ عَشَرَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي مَقْتُولِينَ حَوْلِي فَكَيْفَ يَنْقَضِي حُزْنِي.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ (میرے پدر بزرگوار) حضرت علی بن الحسین علیہ السلام ہر شب و روز میں ایک ہزار رکعتیں نماز پڑھتے تھے جو حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا دستور تھا آپ کے باغ میں خرمے کے پانچ سو درخت تھے اور ہر درخت کے نیچے دو رکعت نماز پڑھتے تھے۔ جب نماز کے کھڑے ہوتے تھے تو چہرے پر ایک رنگ آتا تھا اور ایک جاتا تھا۔ آپ نماز کے لیے اس طرح کھڑے ہوتے تھے جیسے ایک نہایت ذلیل آدمی کسی بڑے سے بڑے بادشاہ کے سامنے کھڑا ہو۔ آپ کے جوڑ بند خوف الٰہی سے کانپنے اور بجنے لگتے تھے۔ اس طرح ہر نماز ادا کرتے تھے جیسے یہ بالکل آخری نماز ہے۔ نماز پڑھتے پڑھتے آپ کی ردا گر پڑی۔ آپ کو خبر نہ ہوئی اور برابر نہ کی۔ ایک شخص نے عرض کی یا حضرت آپ نے ردا دوبارہ کیوں نہ اوڑھ لی۔ آپ نے فرمایا نماز کا صرف اتنا ہی حصہ قابل قبول ہوتا ہے جو توجہ اور خضوع و خشوع سے پڑھا جائے۔ میں اپنے خالق کی عبادت کر رہا تھا۔ کیونکر دوسری طرف متوجہ ہوتا۔ اس نے عرض کی پھر ہم لوگ تو ہلاک ہو گئے۔ ہماری نمازیں تو اس توجہ سے نہیں ہوتیں۔ حضرت نے فرمایا ایسا نہیں بلکہ تم جو نافلہ نمازیں پڑھتے ہو اس سے وہ کمی پوری ہو جاتی ہے۔

آپ اندھیری راتوں میں درہم و دینار کی تھیلیاں لے کر نکلتے تھے اور کبھی روٹیاں اور کھانا لے کر نکلتے تھے اور مستحقین کے دروازوں پر جا کر اس طرح دیتے تھے کہ کوئی آپ کو پہچان نہ سکے۔ جب آپ کی رحلت ہوئی اور فقرا اس نعمت اور داد و دہش سے محروم ہو گئے تو سمجھے کہ ہماری خبر گیری کرنے والے حضرت تھے۔ جب آپ غسل کے لیے تختے پر لٹائے گئے تو پشت پر اس بار برداری کے نشانات لوگوں نے دیکھے۔

ایک روز آپ خز کی (ایک قیمتی کپڑا) چادر اوڑھے ہوئے کہیں جا رہے تھے۔ راستے میں ایک بے ادب نے وہ چادر اتار لی۔ آپ نے اس سے ایک لفظ نہ کہا اور چلے گئے۔

گرمیوں کے کپڑے جب سردی کا موسم آجاتا تھا تو فروخت کر کے قیمت مستحقین کو دے دیا کرتے تھے۔ اسی طرح جاڑے گزرتے تھے تو سردی کے کپڑے فروخت کر کے قیمت فقراء میں تقسیم کرتے تھے۔ عرفہ کے روز آپ نے کچھ لوگوں کو سوال کرتے دیکھا تو فرمایا افسوس ہے تم آج بھی خدا سے سوال نہیں کرتے۔ آج کے دن کی برکت سے عجب نہیں کے

بچے بطن مادر میں سعید وخوش نصیب ہو جائیں۔

اپنی مادر گرامی قدر کے ساتھ آپ نے کبھی کھانا نہیں کھایا۔لوگوں نے اس کا سبب دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس خیال سے کھانا ساتھ نہیں کھایا کہ شاید ان کو کوئی چیز پسند ہو اور میں ان سے پہلے اس چیز کو نہ کھالوں۔

آپ سے کسی نے عرض کی یا بن رسول اللہ میں صرف خدا کے لیے آپ سے محبت کرتا ہوں۔حضرت نے فرمایا: خداوندا میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ لوگ تیری رضا کے لیے مجھ سے محبت کریں اور تو مجھ سے ناراض ہو۔

ایک اونٹنی پر آپ نے بیس حج کیے تھے جب وہ مرگئی تو آپ نے حکم دیا کہ اکو دفن کر دو تا کہ جانور اس کو نہ کھائیں۔

کبھی آپ نے اس کو کسی سفر میں ایک تازیانہ نہیں مارا۔

کسی نے آپ کی کنیز سے آپ کے حالات دریافت کئے۔اس نے کہا کہ مختصراً بیان کروں یا تفصیل سے۔اس نے کہا مختصراً۔اس نے کہا مختصر ایہ ہے کہ حضرت کے لیے دن کو کھانا نہیں پکایا اور کبھی رات کو بستر نہیں بچھایا۔ایک دن کہیں تشریف لے جارہے تھے راستے میں کچھ لوگ آپ کو برا کہہ رہے تھے۔آپ ٹھہر گئے۔فرمایا اگر تم سچ کہہ رہے ہو تو خدا مجھ کو معاف فرمائے اور اگر سچ نہیں ہے تو خداوند عالم تم کو بخش دے۔

اگر کوئی طالب علم حضرت کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا تو فرماتے تھے کہ خوش آمدید۔حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طلبہ کی سفارش فرمائی ہے۔طالب علم جب تحصیل علم کے لیے اپنے گھر سے باہر نکلتا ہے تو زمین کے ساتوں طبقے تک ہر خشک و تر اس کی طرف سے تسبیح الٰہی کرتا ہے۔

آپ مدینہ منورہ کے سر فقیروں کے خاندان کی کفالت فرماتے تھے۔

جب آپ کے دستر خوان پر مفلوج اور مجبور یتیم و مسکین جمع ہوتے تھے تو نہایت مسرور ہوتے تھے اور ان کے ساتھ کھانا نوش فرماتے تھے۔ان کو اپنے ہاتھ سے کھانا کھلاتے جو عیال دار ہوتا تھا اس کو اس کے عیال کا حصہ بھی عنایت فرماتے تھے جتنا کھانا خود تناول فرماتے تھے، اتنا ہی پہلے صدقہ دے دیتے تھے۔

اس قدر رکوع وسجود کرتے تھے کہ اعضائے سجدہ پر گھٹے پڑ جاتے تھے اور ہر سال سات بار ان کو کٹواتے تھے اور ان کو جمع کرتے جاتے تھے۔جب حضرت کی وفات ہوئی تو وہ سب آپ کے ساتھ دفن کر دیئے گئے۔واقعہ کربلا کے بعد بیس برس تک آپ روتے رہے۔آپ کے سامنے جب کھانا آتا تھا تو روتے تھے۔ایک دن حضرت کے غلام نے عرض کی آخر آپ کا رونا کبھی کم بھی ہوگا۔آپ نے فرمایا: حضرت یعقوب نبی کے بارہ بیٹے تھے صرف ایک ان میں سے جدا ہو گیا تھا اس کے لیے آپ اتنا روئے کہ آنکھیں سفید ہو گئیں۔بال سفید ہو گئے کمر جھک گئی حالانکہ کے معلوم تھا کہ بیٹا مرا نہیں زندہ ہے۔ اور میرے سامنے تو ستر بنی ہاشم جن کا مثل ونظیر دنیا میں نہیں تھا شہید کر دیئے گئے۔

ما جاء في ليلة إحدى وعشرين وثلاث وعشرين من شهر رمضان

ماہ رمضان کی اکیسویں اور تئیسویں رات کے بارے میں جو وارد ہوا ہے

⑤ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَ اَبُو جَعْفَرٍ عليه السلام اِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ اِحْدَى وَ عِشْرِينَ وَ ثَلَاثٍ وَ عِشْرِينَ اَخَذَ فِي الدُّعَاءِ حَتَّى يَزُولَ اللَّيْلُ فَاِذَا زَالَ اللَّيْلُ صَلَّى.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا واقعہ تھا کہ ۲۱ اور ۲۳ رمضان کی رات کو نصف شب تک حضرت مشغول دعا رہتے تھے اور اس کے بعد نماز پڑھنا شروع کرتے تھے۔

⑥ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبَانٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ الْجَعْفَرِيِّ قَالَ قَالَ اَبُو الْحَسَنِ عليه السلام صَلِّ لَيْلَةَ اِحْدَى وَ عِشْرِينَ وَ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَ عِشْرِينَ مِائَةَ رَكْعَةٍ تَقْرَاُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ الْحَمْدَ مَرَّةً وَ قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ

سلیمان جعفری حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ بست ویکم و بست وسوم ماہ صیام کی شب میں سو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں ایک بار حمد اور دس بار قل ہو اللہ احد پڑھے۔

⑦ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ اَبِي جَمِيلَةَ عَنْ رِفَاعَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ هِيَ اَوَّلُ السَّنَةِ وَ هِيَ آخِرُهَا

و اتفق مشايخنا رضي الله عنهم على أنها ليلة ثلاث و عشرين من شهر رمضان و الغسل فيها من أول الليل و هو يجزي إلى آخره

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شب قدر گزرے ہوئے سال کی انتہا اور آنے والے سال کی ابتدا ہے۔

مؤلف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے: ہمارے اساتذہ اس بات پر متفق ہیں کہ شب قدر ماہ رمضان کی تئیسویں شب ہے اور اس میں رات کی ابتدا سے انتہا تک غسل کرنا چاہئے۔

حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ حَسَّانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ سَاَلْتُهُ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

فَقَالَ الْتَمِسْهَا لَيْلَةَ اِحْدَى وَ عِشْرِينَ وَ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَ عِشْرِينَ

حسن بن مہران حضرت ہی سے روایت کرتے ہیں کہ شب قدر اکیسویں یا تئیسویں ماہ صیام کی رات میں اس کی جستجو کرو۔

النهي عن أربع وعشرين خصلة

چوبیس بری عادتوں کی ممانعت

۹ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْحَسَنِ الْقُرَشِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَفْصٍ الْبَصْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ كَرِهَ لَكُمْ اَيَّتُهَا الْاُمَّةُ اَرْبَعاً وَ عِشْرِينَ خَصْلَةً وَ نَهَاكُمْ عَنْهَا كَرِهَ لَكُمُ الْعَبَثَ فِي الصَّلَاةِ وَ كَرِهَ الْمَنَّ فِي الصَّدَقَةِ وَ كَرِهَ الضَّحِكَ بَيْنَ الْقُبُورِ وَ كَرِهَ التَّطَلُّعَ فِي الدُّورِ وَ كَرِهَ النَّظَرَ اِلَى فُرُوجِ النِّسَاءِ وَ قَالَ يُورِثُ الْعَمَى وَ كَرِهَ الْكَلَامَ عِنْدَ الْجِمَاعِ وَ قَالَ يُورِثُ الْخَرَسَ يَعْنِي فِي الْوَلَدِ وَ كَرِهَ النَّوْمَ قَبْلَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ وَ كَرِهَ الْحَدِيثَ بَعْدَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ وَ كَرِهَ الْغُسْلَ تَحْتَ السَّمَاءِ بِغَيْرِ مِئْزَرٍ وَ كَرِهَ الْمُجَامَعَةَ تَحْتَ السَّمَاءِ وَ كَرِهَ دُخُولَ الْاَنْهَارِ اِلَّا بِمِئْزَرٍ وَ قَالَ فِي الْاَنْهَارِ عُمَّارٌ وَ سُكَّانٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ وَ كَرِهَ دُخُولَ الْحَمَّامَاتِ اِلَّا بِمِئْزَرٍ وَ كَرِهَ الْكَلَامَ بَيْنَ الْاَذَانِ وَ الْاِقَامَةِ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ حَتَّى تُقْضَى الصَّلَاةُ وَ كَرِهَ رُكُوبَ الْبَحْرِ فِي هَيَجَانِهِ وَ كَرِهَ النَّوْمَ فِي سَطْحٍ لَيْسَ بِمُحَجَّرٍ وَ قَالَ مَنْ نَامَ عَلَى سَطْحٍ غَيْرِ ذِي مُحَجَّرٍ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ وَ كَرِهَ اَنْ يَنَامَ الرَّجُلُ فِي بَيْتٍ وَحْدَهُ وَ كَرِهَ لِلرَّجُلِ اَنْ يَغْشَى امْرَاَتَهُ وَ هِيَ حَائِضٌ فَاِنْ غَشِيَهَا فَخَرَجَ الْوَلَدُ مَجْذُوماً اَوْ اَبْرَصَ فَلَا يَلُومَنَّ اِلَّا نَفْسَهُ وَ كَرِهَ اَنْ يَغْشَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ وَ قَدِ احْتَلَمَ حَتَّى يَغْتَسِلَ مِنِ احْتِلَامِهِ الَّذِي رَاَى فَاِنْ فَعَلَ فَخَرَجَ الْوَلَدُ مَجْنُوناً فَلَا يَلُومَنَّ اِلَّا نَفْسَهُ وَ كَرِهَ اَنْ يُكَلِّمَ الرَّجُلُ مَجْذُوماً اِلَّا اَنْ يَكُونَ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ الْمَجْذُومِ قَدْرُ ذِرَاعٍ وَ قَالَ فِرَّ مِنَ الْمَجْذُومِ فِرَارَكَ مِنَ الْاَسَدِ وَ كَرِهَ الْبَوْلَ عَلَى شَطِّ نَهْرٍ جَارٍ وَ كَرِهَ اَنْ يُحْدِثَ الرَّجُلُ تَحْتَ شَجَرَةٍ قَدْ اَيْنَعَتْ يَعْنِي اَثْمَرَتْ وَ كَرِهَ اَنْ يَتَنَعَّلَ الرَّجُلُ وَ هُوَ قَائِمٌ وَ كَرِهَ اَنْ يَدْخُلَ الرَّجُلُ الْبَيْتَ الْمُظْلِمَ اِلَّا اَنْ يَكُونَ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ وَ كَرِهَ النَّفْخَ فِي مَوْضِعِ الصَّلَاةِ.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تیس خصلتیں خدا کی نظر میں بری ہیں: (۱) نماز میں فعل عبث (۲) صدقہ دے کر احسان جتانا (۳) قبرستان میں ہنسنا (۴) کسی غیر کے گھر میں جھانکنا (۵) عورت کی شرمگاہ کو دیکھنا کیونکہ آدمی کے اندھے ہونے کا خوف ہے (۶) ہمبستری کے وقت باتیں کرنا کیونکہ اولاد ہوئی تو اس کے گونگے ہونے کا اندیشہ ہے (۷) عشاء کی نماز سے پہلے سونا (۸) عشا کی نماز کے دوبرکت فضول باتیں کرنا (۹) زیر آسمان برہنہ ہوکر نہانا (۱۰) زیر آسمان جماع کرنا (۱۱) حمام میں برہنہ نہانا (۱۲) حوض میں برہنہ نہانا (۱۳) صبح کی نماز میں اذان واقامت کے درمیان باتیں کرنا (۱۴) طوفان کے زمانہ میں دریا کا سفر کرنا (۱۵) ایسی چھت پر سونا جس کے چاروں طرف دیوار نہ ہو، اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے (۱۶) حالت حیض میں اپنی زوجہ سے صحبت کرنا اور اگر نہیں باز رہا اور اولاد کے جذام یا برص ہو تو خود اپنی ذات کو ملامت کرے (۱۷) اور احتلام ہونے کے بعد غسل سے پہلے زوجہ سے صحبت کرنا اور اگر کی اور بچہ دیوانہ ہوا تو خود اس کی وجہ سے (۱۸) کسی جذامی کے قریب جاکر باتیں کرنا اتنا قریب جو ایک گز سے کم ہو۔ یہ بھی فرمایا ہے کہ جذامی سے اس طرح بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو (۱۹) نہر جاری کے کنارے جاکر پیشاب کرنا (۲۰) کسی پر ثمر درخت کے نیچے رفع حاجت کرنا (۲۱) کھڑے کھڑے جوتا پہننا (۲۲) کسی اندھیرے مکان میں روشنی کیے بغیر جانا (۲۳) نماز کی جگہ پر پھونکنا۔ عنوان ۲۴ کا ہے مگر لکھی ہوئی ہیں ۲۳ باتیں۔

صلاة الجماعة أفضل من صلاة الفرد بخمس وعشرين درجة

نماز جماعت فرادیٰ نماز سے پچیس درجہ بہتر ہے

⑩ اَخْبَرَنِي اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ الْفَقِيهُ بِبَلْخٍ فِيمَا اَجَازَهُ لِي قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اُحَيْدٍ عَنِ ابْنِ اَبِي عِيسَى الْحَافِظِ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَ صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ الْفَرْدِ بِخَمْسٍ وَ عِشْرِينَ دَرَجَةً

: و قال أبي رضي الله عنه في رسالته إلى لصلاة الرجل في جماعة على صلاة الرجل وحده خمس و عشرين درجة في الجنة

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا تنہا پڑھنے سے ۲۵ درجہ بہتر ہے۔

مؤلف فرماتے ہیں کہ میرے والد نے اپنے رسالۂ نماز میں کہا ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے والا جنت میں فرادیٰ نماز پڑھنے والے سے پچیس درجہ بلند ہے۔

في الصلاة تسع وعشرون خصلة

نماز میں انتیس خوبیاں پائی جاتی ہیں

⑪ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ قَالَ اَخْبَرَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ عَنْ اَبَانٍ الْاَحْمَرِ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عُلْوَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ عَنِ الصَّلَاةِ فَقَالَ عليه السلام الصَّلَاةُ مِنْ شَرَائِعِ الدِّينِ وَ فِيهَا مَرْضَاةُ الرَّبِّ عَزَّ وَ جَلَّ وَ هِيَ مِنْهَاجُ الْاَنْبِيَاءِ وَ لِلْمُصَلِّي حُبُّ الْمَلَائِكَةِ وَ هُدًى وَ اِيمَانٌ وَ نُورُ الْمَعْرِفَةِ وَ بَرَكَةٌ فِي الرِّزْقِ وَ رَاحَةٌ لِلْبَدَنِ وَ كَرَاهَةٌ لِلشَّيْطَانِ وَ سِلَاحٌ عَلَى الْكَافِرِ وَ اِجَابَةٌ لِلدُّعَاءِ وَ قَبُولٌ لِلْاَعْمَالِ وَ زَادٌ لِلْمُؤْمِنِ مِنَ الدُّنْيَا اِلَى الْآخِرَةِ وَ شَفِيعٌ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ مَلَكِ الْمَوْتِ وَ اُنْسٌ فِي قَبْرِهِ وَ فِرَاشٌ تَحْتَ جَنْبِهِ وَ جَوَابٌ لِمُنْكَرٍ وَ نَكِيرٍ وَ تَكُونُ صَلَاةُ الْعَبْدِ عِنْدَ الْمَحْشَرِ تَاجاً عَلَى رَاْسِهِ وَ نُوراً عَلَى وَجْهِهِ وَ لِبَاساً عَلَى بَدَنِهِ وَ سِتْراً بَيْنَهُ وَ بَيْنَ النَّارِ وَ حُجَّةً بَيْنَهُ وَ بَيْنَ الرَّبِّ جَلَّ جَلَالُهُ وَ نَجَاةً لِبَدَنِهِ مِنَ النَّارِ وَ جَوَازاً عَلَى الصِّرَاطِ وَ مِفْتَاحاً لِلْجَنَّةِ وَ مُهُوراً لِحُورِ الْعِينِ وَ ثَمَناً لِلْجَنَّةِ بِالصَّلَاةِ يَبْلُغُ الْعَبْدُ اِلَى الدَّرَجَةِ الْعُلْيَا لِاَنَّ الصَّلَاةَ تَسْبِيحٌ وَ تَهْلِيلٌ وَ تَحْمِيدٌ وَ تَكْبِيرٌ وَ تَمْجِيدٌ وَ تَقْدِيسٌ وَ قَوْلٌ وَ دَعْوَةٌ.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نماز شرائع دین میں داخل ہے۔ خدا کی رضا ہے۔ انبیا علیہم السلام کا طریقہ ہے۔ فرشتوں کی محبت کا سبب ہے۔ ہدایت ہے۔ ایمان ہے۔ نور معرفت ہے۔ روزی میں برکت کا سبب ہے۔ بدن کی راحت ہے۔ شیطان کی کراہت ہے۔ کافر کے مقابلے میں ہتھیار ہے۔ دعا کی قبولیت کا سبب ہے۔ اعمال کے مقبول ہونے کا ذریعہ ہے۔ مومن کا زاد آخرت ہے۔ مومن کی شفاعت ہے ملک الموت سے۔ قبر میں انس کا باعث ہے۔ قبر میں فرش مومن ہے۔ منکر ونکیر کے سوالات کا جواب ہے۔ مومن کے سر کا تاج ہے۔ چہرے کا نور ہے۔ بدن کا لباس ہے۔ جہنم سے پردہ ہے۔ اللہ اور بندے کے درمیان حجت ہے۔ آتش جہنم سے نجات کا سبب ہے۔ پل صراط پر پروانۂ راہداری ہے۔ جنت کی کنجی ہے۔ حوروں کا مہر ہے۔ جنت کی قیمت ہے۔ نماز کے ذریعے سے انسان بلند درجہ تک پہنچتا ہے۔ اس لیے کہ نماز میں تسبیح وتہلیل ہے۔ تکبیر ہے۔ تمجید ہے۔ تقدیس ہے۔ قول ہے۔

في العلم تسع وعشرون خصلة

علم میں انتیس خوبیاں ہیں

⑫ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ الْيَقْطِينِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا جَمَاعَةٌ مِنْ اَصْحَابِنَا رَفَعُوهُ اِلَى اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ فَاِنَّ تَعَلُّمَهُ حَسَنَةٌ وَ مُدَارَسَتَهُ تَسْبِيحٌ وَ الْبَحْثَ عَنْهُ جِهَادٌ وَ تَعْلِيمَهُ مَنْ لَا يَعْلَمُهُ صَدَقَةٌ وَ بَذْلَهُ لِاَهْلِهِ قُرْبَةٌ لِاَنَّهُ مَعَالِمُ الْحَلَالِ وَ الْحَرَامِ وَ سَالِكٌ بِطَالِبِهِ سَبِيلَ الْجَنَّةِ وَ هُوَ اَنِيسٌ فِي الْوَحْشَةِ وَ صَاحِبٌ فِي الْوَحْدَةِ وَ دَلِيلٌ عَلَى السَّرَّاءِ وَ الضَّرَّاءِ وَ سِلَاحٌ عَلَى الْاَعْدَاءِ وَ زَيْنٌ لِلْاَخِلَّاءِ يَرْفَعُ اللهُ بِهِ اَقْوَاماً يَجْعَلُهُمْ فِي الْخَيْرِ اَئِمَّةً يُقْتَدَى بِهِمْ تُرْمَقُ اَعْمَالُهُمْ وَ تُقْتَبَسُ آثَارُهُمْ وَ تَرْغَبُ الْمَلَائِكَةُ فِي خَلَّتِهِمْ يَمْسَحُونَهُمْ فِي صَلَاتِهِمْ بِاَجْنِحَتِهِمْ وَ يَسْتَغْفِرُ لَهُمْ كُلُّ شَيْءٍ حَتَّى حِيتَانُ الْبُحُورِ وَ هَوَامُّهَا وَ سِبَاعُ الْبَرِّ وَ اَنْعَامُهَا لِاَنَّ الْعِلْمَ حَيَاةُ الْقُلُوبِ وَ نُورُ الْاَبْصَارِ مِنَ الْعَمَى وَ قُوَّةُ الْاَبْدَانِ مِنَ الضَّعْفِ يُنْزِلُ اللهُ حَامِلَهُ مَنَازِلَ الْاَخْيَارِ وَ يَمْنَحُهُ مَجَالِسَ الْاَبْرَارِ فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ بِالْعِلْمِ يُطَاعُ اللهُ وَ يُعْبَدُ وَ بِالْعِلْمِ يُعْرَفُ اللهُ وَ يُوَحَّدُ وَ بِالْعِلْمِ تُوصَلُ الْاَرْحَامُ وَ بِهِ يُعْرَفُ الْحَلَالُ وَ الْحَرَامُ وَ الْعِلْمُ اِمَامُ الْعَمَلِ وَ الْعَمَلُ تَابِعُهُ يُلْهَمُهُ اللهُ السُّعَدَاءَ وَ يَحْرِمُهُ الْاَشْقِيَاءَ.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ علم حاصل کرو۔ تحصیل علم نیکی ہے۔ اس کا درس دینا تسبیح خدا ہے۔ علمی بحث میں جہاد کا اجر ہے۔ پڑھانا صدقہ ہے، جو قابلیت وصلاحیت رکھتے ہیں ان کو بتانا رضائے الٰہی کا سبب ہے۔ اس لیے کہ اس سے حلال وحرام کا علم ہوتا ہے اور طالب علم مستحق جنت ہوتا ہے۔ علم وحشت میں انیس، تنہائی میں رفیق، تنگی اور سختی میں رہنما، دشمن کے مقابل سلاح، دوستوں میں زینت ہے۔ علم کے ذریعے سے خداوند عالم نے ایک گروہ کو بہت بلند درجہ تک پہنچایا اور پیشوائے خیر قرار دیا، ان کی پیروی کرنا چاہیے ان کے مقاصد کو اپنا نصب العین بنانا چاہیے۔ ان کے آثار سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ فرشتے ان کی دوستی کی خواہش کرتے ہیں اور نماز کے وقت اپنے پروں سے ان کو چھوتے ہیں۔ دریا کی مچھلیاں، صحرا کے جانور ان کے لیے استغفار کرتے ہیں۔ علم دلوں کی زندگی، آنکھوں کی روشنی ہے۔ بدن کی طاقت ہے۔ عالم کو خداوند عالم اخیار ونیکوکاروں کی منزل میں جگہ دیتا ہے اور دنیا وآخرت میں ابرار کا ہم نشین قرار دیتا ہے۔ علم سے خدا کی اطاعت ہوتی حلال وحرام کا علم ہوتا ہے۔ علم عمل کا امام ہے اور عمل اس کا پیرو۔ خداوند عالم سعید اور نیک بندوں کو الہام فرماتا ہے اور بدبختوں کو محروم رکھتا ہے۔

الخصال التي سأل عنها أبو ذر رحمه الله رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

وہ خصلتیں جن کے متعلق ابوذرؓ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا

⑬ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَسْوَارِيُّ الْمُذَكِّرُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو يُوسُفَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ السِّجْزِيُّ الْمُذَكِّرُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو مُحَمَّدٍ عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسَدٍ بِبَغْدَادَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ جَرِيجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ وَ هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحْدَهُ فَاغْتَنَمْتُ خَلْوَتَهُ فَقَالَ لِي يَا اَبَا ذَرٍّ لِلْمَسْجِدِ تَحِيَّةٌ قُلْتُ وَ مَا تَحِيَّتُهُ قَالَ رَكْعَتَانِ تَرْكَعُهُمَا فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ اِنَّكَ اَمَرْتَنِي بِالصَّلَاةِ فَمَا الصَّلَاةُ قَالَ خَيْرُ مَوْضُوعٍ فَمَنْ شَاءَ اَقَلَّ وَ مَنْ شَاءَ اَكْثَرَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فَقَالَ اِيمَانٌ بِاللهِ وَ جِهَادٌ فِي سَبِيلِهِ قُلْتُ فَاَيُّ وَقْتِ اللَّيْلِ اَفْضَلُ قَالَ جَوْفُ اللَّيْلِ الْغَابِرُ قُلْتُ فَاَيُّ الصَّلَاةِ اَفْضَلُ قَالَ طُولُ الْقُنُوتِ قُلْتُ وَ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ جُهْدٌ مِنْ مُقِلٍّ اِلَى فَقِيرٍ ذِي سِنٍّ قُلْتُ مَا الصَّوْمُ قَالَ فَرْضٌ مُجْزِئٌ وَ عِنْدَ اللهِ اَضْعَافٌ كَثِيرَةٌ قُلْتُ فَاَيُّ الرِّقَابِ اَفْضَلُ قَالَ اَغْلَاهَا ثَمَناً وَ اَنْفَسُهَا عِنْدَ اَهْلِهَا قُلْتُ فَاَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ وَ اُهْرِيقَ دَمُهُ قُلْتُ فَاَيُّ آيَةٍ اَنْزَلَهَا اللهُ عَلَيْكَ اَعْظَمُ قَالَ آيَةُ الْكُرْسِيِّ ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ مَا السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ فِي الْكُرْسِيِّ اِلَّا كَحَلْقَةٍ مُلْقَاةٍ فِي اَرْضٍ فَلَاةٍ وَ فَضْلُ الْعَرْشِ عَلَى الْكُرْسِيِّ كَفَضْلِ الْفَلَاةِ عَلَى تِلْكَ الْحَلْقَةِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ كَمِ النَّبِيُّونَ قَالَ مِائَةُ اَلْفٍ وَ اَرْبَعَةٌ وَ عِشْرُونَ اَلْفَ نَبِيٍّ قُلْتُ كَمِ الْمُرْسَلُونَ مِنْهُمْ قَالَ ثَلَاثُمِائَةٍ وَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ جَمّاً غَفِيراً قُلْتُ مَنْ كَانَ اَوَّلَ الْاَنْبِيَاءِ قَالَ آدَمُ قُلْتُ وَ كَانَ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ مُرْسَلًا قَالَ نَعَمْ خَلَقَهُ اللهُ بِيَدِهِ وَ نَفَخَ فِيهِ مِنْ رُوحِهِ ثُمَّ قَالَ ﷺ يَا اَبَا ذَرٍّ اَرْبَعَةٌ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ سُرْيَانِيُّونَ آدَمُ وَ شَيْثٌ وَ اُخْنُوخُ وَ هُوَ اِدْرِيسُ عليه السلام وَ هُوَ اَوَّلُ مَنْ خَطَّ بِالْقَلَمِ وَ نُوحٌ عليه السلام وَ اَرْبَعَةٌ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ مِنَ الْعَرَبِ هُودٌ وَ صَالِحٌ وَ شُعَيْبٌ وَ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ وَ اَوَّلُ نَبِيٍّ مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ مُوسَى وَ آخِرُهُمْ عِيسَى وَ سِتُّمِائَةِ نَبِيٍّ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ كَمْ اَنْزَلَ اللهُ مِنْ كِتَابٍ قَالَ مِائَةَ كِتَابٍ وَ اَرْبَعَةَ كُتُبٍ اَنْزَلَ اللهُ عَلَى شَيْثٍ خَمْسِينَ صَحِيفَةً وَ عَلَى اِدْرِيسَ ثَلَاثِينَ صَحِيفَةً وَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ عِشْرِينَ صَحِيفَةً وَ اَنْزَلَ التَّوْرَاةَ وَ الْاِنْجِيلَ وَ الزَّبُورَ وَ الْفُرْقَانَ قُلْتُ يَا رَسُولَ

اللهﷺ فَمَا كَانَتْ صُحُفُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ كَانَتْ اَمْثَالًا كُلُّهَا وَ كَانَ فِيهَا اَيُّهَا الْمَلِكُ الْمُبْتَلَى الْمَغْرُورُ اِنِّي لَمْ اَبْعَثْكَ لِتَجْمَعَ الدُّنْيَا بَعْضَهَا اِلَى بَعْضٍ وَ لَكِنْ بَعَثْتُكَ لِتَرُدَّ عَنِّي دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَاِنِّي لَا اَرُدُّهَا وَ اِنْ كَانَتْ مِنْ كَافِرٍ وَ عَلَى الْعَاقِلِ مَا لَمْ يَكُنْ مَغْلُوباً عَلَى عَقْلِهِ اَنْ يَكُونَ لَهُ سَاعَاتٌ سَاعَةٌ يُنَاجِي فِيهَا رَبَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ وَ سَاعَةٌ يُحَاسِبُ نَفْسَهُ وَ سَاعَةٌ يَتَفَكَّرُ فِيمَا صَنَعَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ اِلَيْهِ وَ سَاعَةٌ يَخْلُو فِيهَا بِحَظِّ نَفْسِهِ مِنَ الْحَلَالِ فَاِنَّ هَذِهِ السَّاعَةَ عَوْنٌ لِتِلْكَ السَّاعَاتِ وَ اسْتِجْمَامٌ لِلْقُلُوبِ وَ تَوْزِيعٌ لَهَا وَ عَلَى الْعَاقِلِ اَنْ يَكُونَ بَصِيراً بِزَمَانِهِ مُقْبِلًا عَلَى شَأْنِهِ حَافِظاً لِلِسَانِهِ فَاِنَّ مَنْ حَسَبَ كَلَامَهُ مِنْ عَمَلِهِ قَلَّ كَلَامُهُ اِلَّا فِيمَا يَعْنِيهِ وَ عَلَى الْعَاقِلِ اَنْ يَكُونَ طَالِباً لِثَلَاثٍ مَرَمَّةٍ لِمَعَاشٍ اَوْ تَزَوُّدٍ لِمَعَادٍ اَوْ تَلَذُّذٍ فِي غَيْرِ مُحَرَّمٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِﷺ فَمَا كَانَتْ صُحُفُ مُوسَى قَالَ كَانَتْ عِبَرَانِيَّةً كُلُّهَا وَ فِيهَا عَجِبْتُ لِمَنْ اَيْقَنَ بِالْمَوْتِ كَيْفَ يَفْرَحُ وَ لِمَنْ اَيْقَنَ بِالنَّارِ لِمَ يَضْحَكُ وَ لِمَنْ يَرَى الدُّنْيَا وَ تَقَلُّبَهَا بِأَهْلِهَا لِمَ يَطْمَئِنُّ اِلَيْهَا وَ لِمَنْ يُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ كَيْفَ يَنْصَبُ وَ لِمَنْ اَيْقَنَ بِالْحِسَابِ لِمَ لَا يَعْمَلُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِﷺ هَلْ فِي اَيْدِينَا مِمَّا اَنْزَلَ اللهُ عَلَيْكَ شَيْءٌ مِمَّا كَانَ فِي صُحُفِ اِبْرَاهِيمَ وَ مُوسَى قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِقْرَاْ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةُ خَيْرٌ وَ اَبْقَى اِنَّ هذا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولى صُحُفِ اِبْراهِيمَ وَ مُوسى قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِﷺ اَوْصِنِي قَالَ اُوصِيكَ بِتَقْوَى اللهِ فَاِنَّهُ رَاْسُ الْاَمْرِ كُلِّهِ قُلْتُ زِدْنِي قَالَ عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَ ذِكْرِ اللهِ كَثِيراً فَاِنَّهُ ذِكْرٌ لَكَ فِي السَّمَاءِ وَ نُورٌ لَكَ فِي الْاَرْضِ قُلْتُ زِدْنِي قَالَ عَلَيْكَ بِطُولِ الصَّمْتِ فَاِنَّهُ مَطْرَدَةٌ لِلشَّيْطَانِ وَ عَوْنٌ لَكَ عَلَى اَمْرِ دِينِكَ قُلْتُ زِدْنِي قَالَ اِيَّاكَ وَ كَثْرَةَ الضِّحْكِ فَاِنَّهُ يُمِيتُ الْقَلْبَ وَ يَذْهَبُ بِنُورِ الْوَجْهِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِﷺ زِدْنِي قَالَ انْظُرْ اِلَى مَنْ هُوَ تَحْتَكَ وَ لَا تَنْظُرْ اِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَكَ فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرِيَ نِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِﷺ زِدْنِي قَالَ صِلْ قَرَابَتَكَ وَ اِنْ قَطَعُوكَ قُلْتُ زِدْنِي قَالَ اَحِبَّ الْمَسَاكِينَ وَ مُجَالَسَتَهُمْ قُلْتُ زِدْنِي قَالَ قُلِ الْحَقَّ وَ اِنْ كَانَ مُرّاً قُلْتُ زِدْنِي قَالَ لَا تَخَفْ فِي اللهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِي قَالَ لِيَحْجُزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَفْسِكَ وَ لَا تَجِدْ عَلَيْهِمْ فِيمَا تَاْتِي مِثْلَهُ ثُمَّ قَالَ كَفَى بِالْمَرْءِ عَيْباً اَنْ يَكُونَ فِيهِ ثَلَاثُ خِصَالٍ يَعْرِفُ مِنَ النَّاسِ مَا يَجْهَلُ مِنْ نَفْسِهِ وَ يَسْتَحْيِي لَهُمْ مِمَّا هُوَ فِيهِ وَ يُؤْذِي جَلِيسَهُ بِمَا لَا يَعْنِيهِ ثُمَّ قَالَ عليه السلام لَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ وَ لَا وَرَعَ كَالْكَفِّ وَ لَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ.

جناب ابوذر کہتے ہیں کہ ایک بار میں ایسے وقت مسجد میں پہنچا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تنہا تشریف رکھتے تھے۔

میں موقع کوغنیمت سمجھ کر بیٹھ گیا۔آپ نے فرمایا کہ مسجد کا ایک کتبہ ہوتا ہے اور وہ دو رکعت نماز ہے۔

میں عرض کی: نماز کیا ہے؟

فرمایا: بہترین اشیا جو چاہے کم پڑھے جو چاہے زیادہ پڑھے۔

میں نے عرض کی: یا حضرت کونسا عمل بہتر ہے؟

فرمایا: ایمان بخدا اور جہاد خدا کی راہ میں۔

میں نے عرض کی: شب میں کون سا حصہ بہتر ہے؟

فرمایا: درمیانی شب۔

میں نے عرض کی: نماز میں کون سا عمل بہتر ہے؟

فرمایا: قنوت میں طول دینا۔

پھر دریافت کیا: کون سا صدقہ بہتر ہے؟

فرمایا: جو ایک متوسط طبقہ کا آدمی کسی پیر مرد کو دے۔

میں نے کہا: روزہ کیا ہے؟

فرمایا: ایک فریضہ ہے جس کی جزا دی جائے گی۔

میں نے عرض کی: کیسے غلام کے آزاد کرنے کا ثواب زیادہ ہے؟

فرمایا: جس کی قیمت زیادہ ہو اور اپنے خاندان میں باعزت ہو۔

میں نے عرض کی کون سا جہاد بہتر ہے؟

فرمایا: جو شخص اپنے گھوڑے کو پے کر کے اتنا لڑے کہ خود بھی مارا جائے۔

میں نے عرض کی: آیات قرآنی میں کونسی آیت بزرگتر ہے؟

فرمایا: آیت الکرسی۔

میں نے عرض کی: انبیاء کتنے ہیں؟

فرمایا: ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

میں نے عرض کی: سب سے پہلا پیغمبر کون ہے؟

فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام۔

میں نے عرض کی: جناب آدم علیہ السلام مرسل تھے؟

فرمایا: ہاں۔ خداوند عالم نے اپنے دست قدرت سے ان کو پیدا کیا اور ان میں اپنی روح ڈالی۔

پھر فرمایا: پیغمبروں میں چار سریانی تھے: آدم علیہ السلام، شیث علیہ السلام، اخنوخ علیہ السلام یعنی ادریس علیہ السلام اور حضرت ادریس علیہ السلام پہلے شخص ہیں جنہوں نے قلم سے لکھا اور چوتھے حضرت نوح علیہ السلام۔

اور چار پیغمبر عربی ہیں: ہود علیہ السلام وصالح علیہ السلام وشعیب علیہ السلام اور میں۔

بنی اسرائیل میں سب سے پہلے پیغمبر جناب موسیٰ علیہ السلام اور آخری نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں

اور بنی اسرائیل میں چھ سو ۶۰۰ پیغمبر گزرے۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خداوند عالم نے کتنے صحیفے اتارے؟

فرمایا: ایک سو چار ۱۰۴۔

پچاس صحیفے حضرت شیث علیہ السلام پر تیس حضرت ادریس علیہ السلام پر بیس حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور تورات، انجیل، زبور اور فرقان یعنی قرآن۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحف ابراہیم میں کس قسم کی باتیں ہیں؟

فرمایا: پند ونصیحت۔

میں نے عرض کی: صحف موسیٰ میں کیا تھا؟

فرمایا: سب عبرت انگیز باتیں۔

میں نے عرض کی: قرآن مجید میں بھی مثل صحف ابراہیم وموسیٰ کے مضامین ہیں؟

فرمایا: سورۂ اعلیٰ پڑھو اس میں موجود ہے: "قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾"[1]۔

میں نے عرض کی یا حضرت کچھ نصیحت فرمایئے۔

فرمایا: تقویٰ اختیار کرو۔ اس سے بہتر کوئی شے نہیں۔

میں نے عرض کی: کچھ اور فرمایئے۔

فرمایا: قرآن کی تلاوت کرتے رہو۔ اور ذکر خدا سے غافل نہ ہو۔

میں نے عرض کی: اور ارشاد ہو۔

فرمایا: راہ خدا میں جہاد کرو۔ یہ میری امت کے لیے ریاضت ہے۔

---

[1] سورۂ اعلیٰ

میں نے عرض کی: کچھ اور۔

فرمایا: خاموش رہا کرو کہ اس سے تمہارے دین میں مدد ملے گی اور شیطان دور رہے گا۔

میں نے عرض کی: اور۔

فرمایا: زیادہ نہ ہنسو کہ تمہارا دل مردہ ہو جائے گا اور چہرے کی تازگی جاتی رہے گی۔

میں نے پھر خواہش کی۔

آپؐ نے فرمایا: اپنے سے کم درجے والوں کو دیکھو۔ اگر اپنے سے بہتر اور مالداروں کو دیکھو گے تو خدا نے جو کچھ تم کو دیا ہے اس کی قدر نہ کرو گے۔ صلہ رحم کرو۔ عزیزوں سے ملتے رہو۔ خواہ وہ تم سے نہ ملیں۔ مسکینوں سے محبت کرو۔ ان کے پاس بیٹھا کرو۔ جب کہو سچی بات کہو۔ خواہ وہ بری ہی معلوم ہو۔ خدا کے احکام میں کسی کی ملامت کا خوف نہ کرو۔ اپنے عیب کو دیکھو۔ دوسروں کی عیب جوئی نہ کرو۔ یہی عیب کیا کم ہے کہ آدمی اپنے عیوب سے بے خبر رہے اور دوسروں کے عیب کو دیکھا کرے اور اپنے ہم نشین کو اذیت پہنچائے۔

پھر فرمایا: اے ابوذر! تدبیر سے بہتر کوئی شئے نہیں۔ کوئی زراعت گناہ سے پرہیز کرنے سے اچھی نہیں۔ کوئی حب حسن خلق سے عمدہ نہیں۔

باب۔ ۲۱

اس باب میں تیس سے انتالیس عدد کے بارے میں روایتیں ہیں

للإمام علیہ السلام ثلاثون علامة

امام میں تیس علامتیں پائی جاتی ہیں

① حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُوسَى الرِّضَا علیہ السلام قَالَ لِلْاِمَامِ عَلَامَاتٌ يَكُونُ اَعْلَمَ النَّاسِ وَ اَحْكَمَ النَّاسِ وَ اَتْقَى النَّاسِ وَ اَحْلَمَ النَّاسِ وَ اَشْجَعَ النَّاسِ وَ اَسْخَى النَّاسِ وَ اَعْبَدَ النَّاسِ وَ يُولَدُ مَخْتُوناً وَ يَكُونُ مُطَهَّراً وَ يَرَى مِنْ خَلْفِهِ كَمَا يَرَى مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ لَا يَكُونُ لَهُ ظِلٌّ وَ اِذَا وَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ مِنْ بَطْنِ اُمِّهِ وَقَعَ عَلَى رَاحَتَيْهِ رَافِعاً صَوْتَهُ بِالشَّهَادَةِ وَ لَا يَحْتَلِمُ وَ تَنَامُ عَيْنُهُ وَ لَا يَنَامُ قَلْبُهُ وَ يَكُونُ مُحَدَّثاً وَ يَسْتَوِي عَلَيْهِ دِرْعُ رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ لَا يُرَى لَهُ بَوْلٌ وَ لَا غَائِطٌ لِاَنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَدْ وَكَّلَ الْاَرْضَ بِاِبْتِلَاعِ مَا يَخْرُجُ مِنْهُ وَ يَكُونُ لَهُ رَائِحَةٌ اَطْيَبُ مِنْ رَائِحَةِ الْمِسْكِ وَ يَكُونُ اَوْلَى النَّاسِ مِنْهُمْ بِاَنْفُسِهِمْ وَ اَشْفَقَ عَلَيْهِمْ مِنْ آبَائِهِمْ وَ اُمَّهَاتِهِمْ وَ يَكُونُ اَشَدَّ النَّاسِ تَوَاضُعاً لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ يَكُونُ آخَذَ النَّاسِ بِمَا يَاْمُرُهُمْ بِهِ وَ اَكَفَّ النَّاسِ عَمَّا يَنْهَى عَنْهُ وَ يَكُونُ دُعَاؤُهُ مُسْتَجَاباً حَتَّى لَوْ اَنَّهُ دَعَا عَلَى صَخْرَةٍ لَانْشَقَّتْ نِصْفَيْنِ وَ يَكُونُ عِنْدَهُ سِلَاحُ رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ سَيْفُهُ ذُو الْفَقَارِ وَ يَكُونُ عِنْدَهُ صَحِيفَةٌ فِيهَا اَسْمَاءُ شِيعَتِهِ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَ صَحِيفَةٌ فِيهَا اَسْمَاءُ اَعْدَائِهِمْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَ يَكُونُ عِنْدَهُ الْجَامِعَةُ وَ هِيَ صَحِيفَةٌ طُولُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعاً فِيهَا جَمِيعُ مَا يَحْتَاجُ اِلَيْهِ وُلْدُ آدَمَ وَ يَكُونُ عِنْدَهُ الْجَفْرُ الْاَكْبَرُ وَ الْاَصْغَرُ اِهَابُ مَاعِزٍ وَ اِهَابُ كَبْشٍ فِيهِمَا جَمِيعُ الْعُلُومِ حَتَّى اَرْشُ الْخَدْشِ وَ حَتَّى الْجَلْدَةُ وَ نِصْفُ الْجَلْدَةِ وَ ثُلُثُ الْجَلْدَةِ وَ يَكُونُ عِنْدَهُ مُصْحَفُ فَاطِمَةَ A.

حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ امام اعلم اہل زمانہ ہوتا ہے احکم اور اتقی، بردبار و شجاع، سخی ترین مردم، اور

سب سے زیادہ عابد ہوتا ہے۔ختنہ کیا ہوا پیدا ہوتا ہے۔ پیدائش پاک و پاکیزہ ہوتی ہے۔جس طرح اپنے سامنے کی چیزوں کو دیکھتا ہے اسی طرح پشت کی طرف بھی نظر کرتا ہے۔ زمین پر اس کا سایہ نہیں پڑتا۔ جب بطن مادر سے پیدا ہوتا ہے تو اپنی ہتھیلیاں زمین پر رکھ کر شہادتیں پڑھتا ہے۔ نہ اس کو احتلام ہوتا ہے اس کی آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں سوتا۔فرشتوں کی گفتگو سنتا ہے۔حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زرہ اس کے جسم پر درست ہوتی ہے۔اس کا بول غائط نظر نہیں آتا کیونکہ زمین اس کا اپنے اندر چھپا لیتی ہے۔اس کی خوشبو مشک سے زیادہ بہتر ہوتی ہے۔لوگوں پر ان سے زیادہ اختیار رکھتا ہے اور بات سے زیادہ ان پر مہربان ہوتا ہے۔لوگوں کے ساتھ خاکساری اور تواضع سے پیش آتا ہے۔جس بات کا حکم دیتا ہے خود بھی اس پر عمل کرتا ہے۔ جس سے منع کرتا ہے خود بھی اس سے باز رہتا ہے۔اس کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔اگر وہ کسی پتھر کے شق ہونے کی دعا کرے تو وہ بھی دو ٹکڑے ہو جائے۔اس کے پاس سلاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوتے ہیں اور حضرت کی تلوار ذوالفقار ہوتی ہے۔اس کے پاس ایک صحیفہ میں اس کے دوستوں کے نام ہوتے ہیں جو قیامت تک ابتدا سے پیدا ہونے والے ہیں۔اس کے پاس کتاب یعنی وہ دفتر جس میں اس کے دشمنوں کے نام ہیں ہوتا ہے۔اس کے پاس جامعہ ہوتا ہے جس کا طول ستر ہاتھ ہے اور اس میں ہر وہ حکم ہے جس کی ضرورت پیش آتی رہے گی اور جعفر و اکبر و اصغر اباب ماغر و اہاب کبش جو ہر علم کا مخزن ہے اور مصحف حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا یہ تمام تبرکات ہوتے ہیں۔

وَ فِي حَدِيثٍ آخَرَ أَنَّ الْإِمَامَ مُؤَيَّدٌ بِرُوحِ الْقُدُسِ وَ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَمُودٌ مِنْ نُورٍ يَرَى فِيهِ أَعْمَالَ الْعِبَادِ وَ كُلَّمَا احْتَاجَ إِلَيْهِ لِدَلَالَةٍ اطَّلَعَ عَلَيْهِ

دوسری حدیث میں ہے کہ امام کے ساتھ روح القدس کی تائید ہوتی ہے اور اس کے سامنے ایک نور ہوتا ہے جس میں ہر بندے کے اعمال نیک و بد نظر آتے ہیں اور جس چیز کی احتیاج ہوتی ہے اس کو نظر آتی ہے۔اور جس امر سے خدا چاہتا ہے اس کو مطلع کرتا ہے۔

وَ قَالَ الصَّادِقُ عليه السلام يُبْسَطُ لَنَا فَنَعْلَمُ وَ يُقْبَضُ عَنَّا فَلَا نَعْلَمُ وَ الْإِمَامُ يُولَدُ وَ يَلِدُ وَ يَصِحُّ وَ يَمْرَضُ وَ يَأْكُلُ وَ يَشْرَبُ وَ يَبُولُ وَ يَتَغَوَّطُ وَ يَفْرَحُ وَ يَحْزَنُ وَ يَضْحَكُ وَ يَبْكِي وَ يَمُوتُ وَ يُقْبَرُ وَ يُزَادُ فَيَعْلَمُ وَ دَلَالَتُهُ فِي خَصْلَتَيْنِ فِي الْعِلْمِ وَ اسْتِجَابَةِ الدَّعْوَةِ وَ كُلَّمَا أَخْبَرَ بِهِ مِنَ الْحَوَادِثِ الَّتِي تَحْدُثُ قَبْلَ كَوْنِهَا كَذَلِكَ بِعَهْدٍ مَعْهُودٍ إِلَيْهِ مِنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله تَوَارَثَهُ مِنْ آبَائِهِ C.

و كون ذلك مما عهده إليه جبرئيل عن علام الغيوب و جميع الأئمة الأحد عشر بعد النبي صلى الله عليه وآله قتلوا منهم بالسيف و هو أمير المؤمنين و الحسين عليهما السلام و الباقون عليه السلام قتلوا بالسم و جرى ذلك عليهم على الحقيقة و الصحة لا كما يقوله الغلاة و المفوضة لعنهم الله بأنهم يقولون إنهم

لم يقتلوا على الحقيقة و إنما شبه للناس أمرهم و كذبوا ما شبه أمر أحد من أنبياء الله و حجه على الناس إلا أمر عيسى ابن مريم عليه السلام وحده لأنه رفع من الأرض حيا و قبض روحه بين السماء و الأرض ثم رفع إلى السماء و رد عليه روحه و ذلك قول الله عز و جل إِذْ قالَ اللهُ يا عِيسى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَ رافِعُكَ إِلَيَ و قال عز و جل حكاية عما يقول عيسى يوم القيامة وَ كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيداً ما دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ وَ أَنْتَ عَلى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ و يقول المتجاوزون للحد في أمر الأئمة عليهم السلام إنه إن جاز أن يشبه أمر عيسى للناس فلم لا يجوز أن يشبه أمرهم أيضا و الذي يجب أن يقال لهم إن عيسى هو مولود من غير أب فلم لا يجوز أن يكونوا مولودين من غير أب و إنهم لا يجسرون على إظهار مذهبهم لعنهم الله في ذلك و متى جاز أن يكون جميع أنبياء الله و حجه عليهم السلام مولودين من الآباء و الأمهات و كان عيسى من بينهم مولودا من غير أب جاز أن يشبه أمره للناس دون أمر غيره من الأنبياء و الحجج عليهم السلام كما جاز أن يولد من غير أب دونهم و إنما أراد الله عز و جل أن يجعل أمره آية و علامة ليعلم بذلك أَنَّ اللهَ عَلى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.

اس کے ساتھ ہی مثل تمام بنی آدم کے امام خود پیدا ہوتا ہے اور اس کی اولاد ہوتی ہے۔ تندرست رہتا ہے۔ بیمار بھی ہوتا ہے۔ خوش ہوتا ہے۔ رنجیدہ ہوتا ہے، ہنستا ہے روتا ہے، وفات ہوتی ہے، دفن کیا جاتا ہے، مومنین اس کی زیارت کرتے ہیں اور اس کو خبر ہوتی ہے۔ امام کی دو علامتیں ہیں، ایک علم دوسرے تاثیر دعا۔ امام اپنے آبائے طاہرین کے واسطے سے ہر حادثہ کی خبر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جانتا ہے۔

مؤلف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جبرائیل علیہ السلام نے علام الغیوب کی طرف سے لا کر دی گئی۔ نبی کے بعد گیارہ کے گیارہ اماموں کو قتل کیا جائے گا، کچھ کو تلوار سے قتل کیا جائے گا یہ امیر المومنین علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام ہیں جبکہ باقی اماموں کو زہر سے شہید کیا جائے گا اور یہ چیز فی الحقیقت ان کے ساتھ پیش آتی ہے۔

وہ بات سچ نہیں ہے جسے غالی اور مفوضہ افراد..... خدا ان پر لعنت کرے..... بیان کرتے ہیں۔ اس لئے کہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ انہیں حقیقت میں قتل نہیں کیا جائے گا بلکہ ان کے امور میں لوگوں کو غلط فہمی ہوگئی ہے حالانکہ وہ لوگ جھوٹ کہتے ہیں کیونکہ کسی نبی یا حجت خدا کے امور میں لوگ غلط فہمی کا شکار نہیں ہوئے مگر حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کے سلسلے میں لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہیں اس لئے کہ انہیں زمیں سے زندہ اٹھا لیا گیا ہے آسمان و زمین کے بیچ ان کی روح قبض کی گئی تھی اور آسمان پر بلند ہونے کے بعد ان ی روح ان کو لوٹا دی گئی تھی اور یہی اللہ تعالیٰ کا قول ہے "اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ

وَرَافِعُكَ إِلَيَّ" (جب عیسیٰؑ سے خدا نے فرمایا اے عیسیٰ میں ضرور تمہاری (ارضی سکونت) کی مدّت پوری کروں گا اور تم کو اپنی طرف اٹھالوں گا)[1] اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول نقل کیا ہے "وَ كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنْتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ" (اور جب تک میں ان میں رہا ان کی دیکھ بھال کرتا رہا پھر جب تو نے مجھے (دنیا سے) اٹھالیا تو تو ہی ان کا نگہبان تھا اور تو تو خود ہر چیز کا گواہ (موجود) ہے)[2]

جبکہ ائمہ علیہم السلام کے بارے میں حد سے تجاوز کرنے والے کہتے ہیں کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق لوگ غلط فہمی کا شکار ہو سکتے ہیں تو ائمہ علیہم السلام کے سلسلہ میں ایسا کیوں نہیں ہو سکتا؟

اب اس کے جواب میں جو بات کہی جا سکتی ہے وہ یہی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے تو اماموں کے لئے بغیر باپ کے پیدا ہونا کیونکر ممکن نہیں جبکہ اس سلسلہ میں تو وہ اپنے مذہب کے اظہار کی جسارت نہیں کرتے، خدا اس بارے ان پر لعنت کرے۔

جب تمام انبیائے الٰہی اور اس کی حجتیں ماں باپ سے پیدا ہوتے ہیں اور ان میں صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے تو پھر یہ بھی ممکن ہے کہ لوگوں کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کوئی غلط فہمی ہو جبکہ کسی اور نبی یا حجت خدا کے بارے میں نہیں بالکل اسی طرح جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے بغیر باپ کے پیدا ہونا ممکن ہے مگر دیگر کسی نبی یا حجت خدا کے لئے نہیں۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ اپنے اس امر کو آیت اور علامت قرار دینا چاہتا ہے تاکہ یہ جان لیا جائے کہ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے۔

شهر رمضان ثلاثون يوما لا ينقص أبدا

ماہ رمضان ہمیشہ تیس دن کا ہوتا ہے اس کم ہرگز نہیں

④ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ وَ أَحْمَدُ بْنُ إِدْرِيسَ جَمِيعاً قَالُوا حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْخَطَّابِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ مَنْصُورٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ كَثِيرٍ وَ يُقَالُ لَهُ مُعَاذُ بْنُ مُسْلِمٍ الْهَرَّاءُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ شَهْرُ رَمَضَانَ ثَلَاثُونَ يَوْماً لَا يَنْقُصُ وَ اللهِ أَبَداً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خدا کی قسم ماہ صیام تیس دن سے کم نہیں ہوتا کبھی۔

---

[1] سورۂ آل عمران آیت ۵۵

[2] سورۂ مائدہ آیت ۱۱۷

⑤ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ يَاسِرٍ الْخَادِمِ قَالَ قُلْتُ لِلرِّضَا عليه السلام هَلْ يَكُونُ شَهْرُ رَمَضَانَ تِسْعَةً وَ عِشْرِينَ يَوْماً فَقَالَ اِنَّ شَهْرَ رَمَضَانَ لَا يَنْقُصُ عَنْ ثَلَاثِينَ يَوْماً.

امام رضا علیہ السلام سے سوال کیا گیا ماہ رمضان کیا انتیس دن کا بھی ہوتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: رمضان کا مہینہ تیس دن سے کم ہرگز نہیں ہوتا۔

⑥ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الرَّقِّيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَبَلَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ جَاءَ نَفَرٌ مِنَ الْيَهُودِ اِلَى رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَسَاَلَهُ اَعْلَمُهُمْ عَنْ مَسَائِلَ فَكَانَ فِيمَا سَاَلَهُ اَنْ قَالَ لِاَيِّ شَيْءٍ فَرَضَ اللهُ الصَّوْمَ عَلَى اُمَّتِكَ بِالنَّهَارِ ثَلَاثِينَ يَوْماً وَ فَرَضَ عَلَى الْاُمَمِ اَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله اِنَّ آدَمَ لَمَّا اَكَلَ مِنَ الشَّجَرَةِ بَقِيَ فِي بَطْنِهِ ثَلَاثِينَ يَوْماً فَفَرَضَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَى ذُرِّيَّتِهِ ثَلَاثِينَ يَوْماً الْجُوعَ وَ الْعَطَشَ وَ الَّذِي يَاْكُلُونَهُ تَفَضُّلٌ مِنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهِمْ كَذَلِكَ كَانَ عَلَى آدَمَ فَرَضَ اللهُ ذَلِكَ عَلَى اُمَّتِي ثُمَّ تَلَا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله هَذِهِ الْآيَةَ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ اَيَّاماً مَعْدُوداتٍ قَالَ الْيَهُودِيُّ صَدَقْتَ يَا مُحَمَّدُ (صلى الله عليه وآله).

ایک یہودی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ سے چند سوالات دریافت کئے کہ ان میں سے ایک مسئلہ یہ تھا کہ اللہ نے آپؐ کی امت پر دن کے وقت تیس دن کے روزے کیوں فرض کئے ہیں جبکہ دیگر امتوں پر اس نے زیادہ فرض کئے ہیں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب حضرت آدم علیہ السلام نے درخت سے کھایا تھا تو وہ چیز آپ کے شکم میں تیس دن تک رہی تھی لہٰذا اللہ تعالیٰ نے ان کی ذریت پر تیس دن بھک و پیاس میں رہنا فرض قرار دیا۔ ان ان کے درمیانی وقت میں لوگ جو کھاتے ہیں تو یہ ان پر اللہ تعالیٰ کا فضل و مہربانی ہے چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام پر اسی طرح فرض تھا لہٰذا یہی فرض میری امت پر بھی عائد کیا گیا ہے۔

اس کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: "كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ" (روزہ رکھنا جس طرح تم سے پہلے کے لوگوں پر فرض تھا اسی طرح تم پر بھی فرض کیا

گیا تا کہ تم (اس کی وجہ سے بہت سے) گناہوں سے بچو)[1]

⑦ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ الْمُتَوَكِّلِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْكُوفِيُّ عَنْ مُوسَى بْنِ عِمْرَانَ النَّخَعِيِّ عَنْ عَمِّهِ الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ النَّوْفَلِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللهِ عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ قَالَ ثَلَاثِينَ يَوْماً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول "وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ" (تم لوگ گنتی کو پورا کرو)[2] کے متعلق سوال کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا: تیس دن۔

⑧ حَدَّثَنَا أَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْخَطَّابِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام أَنَّهُ قَالَ فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ شَهْرُ رَمَضَانَ ثَلَاثُونَ يَوْماً لِقَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَ الْكَامِلَةُ التَّامَّةُ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول "وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ" (تم لوگ گنتی کو پورا کرو)[3] ایک نسخہ میں ہے کہ "الكاملة التامة" کے متعلق سوال کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا: تیس دن۔

⑨ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ سَمِعْتُ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ عليه السلام يَقُولُ وَ اللهِ مَا كَلَّفَ اللهُ الْعِبَادَ إِلَّا دُونَ مَا يُطِيقُونَ إِنَّمَا كَلَّفَهُمْ فِي الْيَوْمِ وَ اللَّيْلَةِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ وَ كَلَّفَهُمْ فِي كُلِّ أَلْفِ دِرْهَمٍ خَمْسَةً وَ عِشْرِينَ دِرْهَماً وَ كَلَّفَهُمْ فِي السَّنَةِ صِيَامَ ثَلَاثِينَ يَوْماً وَ كَلَّفَهُمْ حَجَّةً وَاحِدَةً وَ هُمْ يُطِيقُونَ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ.

قال مصنف هذا الكتاب رضى الله عنه مذهب خواص الشيعة و أهل الاستبصار منهم فى شهر رمضان أنه لا ينقص عن ثلاثين يوما أبدا و الأخبار فى ذلك موافقة للكتاب و مخالفة للعامة فمن ذهب من ضعفة الشيعة إلى الأخبار التى وردت للتقية فى أنه ينقص و يصيبه ما يصيبه الشهور من النقصان و التمام اتقى كما تتقى العامة و لم يكلم إلا بما يكلم به العامة و لا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ.

---

[1] سورۂ بقرہ آیت ۱۸۳

[2] سورۂ بقرہ آیت ۱۸۵

[3] سورۂ بقرہ آیت ۱۸۵

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بخدا! اللہ نے بندوں پر ان کی طاقت سے بھی کم تکلیف عائد کی ہے لہٰذا انہیں پورے دن میں پانچ نمازیں پڑھنے کو کہا ہے ہزار درہم میں سے پچیس درہم (زکوۃ) نکالنے کو کہا ہے اور سال بھر انہیں تیس روزے رکھنے کو کہا ہے ان (واجبات) میں سے ہر ایک دوسرے کے لئے حجت ہے جبکہ لوگ اس سے زیادہ پر قادر ہیں۔

مؤلف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ماہ رمضان کے متعلق شیعوں کے خواص اور صاحبان بصیرت کا عقیدہ ہے کہ یہ تیس دن سے ہرگز کم نہیں ہوتا اور روایتیں بھی قرآن کے موافق ہیں لیکن اہلسنت کی روایتوں کے مخالف۔ اب جو کمزور عقیدہ کے شیعوں نے ان روایا تکی طرف رجوع کیا کیا ہے جو تقیہ میں وارد ہوئی تھیں کہ رمضان کا مہینہ بھی دیگر مہینوں کی مانند کم وزیادہ ہوتا ہے تو انہوں نے تقیہ کیا ہے جس طرح کہ مخالفین سے تقیہ کیا جاتا ہے لیکن پھر بھی وہ بات نہیں کہی گئی کہ جس کے قائل مخالفین ہیں "لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ"۔

الفروج المحرمة في الكتاب والسنة على أربعة وثلاثين وجها

کتاب وسنت کے مطابق حرام قرار دی جانے والی شرمگاہیں چونتیس ہیں

⑩ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ علیہ السلام قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ سَهْلُ بْنُ صَالِحٍ الْعَبَّاسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَمُلِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ علیہ السلام قَالَ سُئِلَ اَبِي علیہ السلام عَمَّا حَرَّمَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنَ الْفُرُوجِ فِي الْقُرْآنِ وَ عَمَّا حَرَّمَهُ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي سُنَّتِهِ فَقَالَ الَّذِي حَرَّمَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ اَرْبَعَةٌ وَ ثَلَاثُونَ وَجْهاً سَبْعَةَ عَشَرَ فِي الْقُرْآنِ وَ سَبْعَةَ عَشَرَ فِي السُّنَّةِ فَاَمَّا الَّتِي فِي الْقُرْآنِ فَالزِّنَا قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ وَ لا تَقْرَبُوا الزِّنى وَ نِكَاحُ امْرَاَةِ الْاَبِ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ وَ لا تَنْكِحُوا ما نَكَحَ آباؤُكُمْ مِنَ النِّساءِ وَ اُمَّهاتُكُمْ وَ بَناتُكُمْ وَ اَخَواتُكُمْ وَ عَمَّاتُكُمْ وَ خالاتُكُمْ وَ بَناتُ الْاَخِ وَ بَناتُ الْاُخْتِ وَ اُمَّهاتُكُمُ اللَّاتِي اَرْضَعْنَكُمْ وَ اَخَواتُكُمْ مِنَ الرَّضاعَةِ وَ اُمَّهاتُ نِسائِكُمْ وَ رَبائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُمْ مِنْ نِسائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُمْ بِهِنَ فَاِنْ لَمْ تَكُونُوا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلا جُناحَ عَلَيْكُمْ وَ حَلائِلُ اَبْنائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ اَصْلابِكُمْ وَ اَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا ما قَدْ سَلَفَ وَ الْحائِضُ حَتَّى تَطْهُرَ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ وَ لا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّى يَطْهُرْنَ وَ النِّكَاحُ فِي الِاعْتِكَافِ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ وَ لا تُبَاشِرُوهُنَّ وَ

اَنْتُمْ عاكِفُونَ فِي الْمَساجِدِ.

وَ اَمَّا الَّتِي فِي السُّنَّةِ فَالْمُوَاقَعَةُ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ نَهَاراً وَ تَزْوِيجُ الْمُلَاعَنَةِ بَعْدَ اللِّعَانِ وَ التَّزْوِيجُ فِي الْعِدَّةِ وَ الْمُوَاقَعَةُ فِي الْاِحْرَامِ وَ الْمُحْرِمُ يَتَزَوَّجُ اَوْ يُزَوِّجُ وَ الْمُظَاهِرُ قَبْلَ اَنْ يُكَفِّرَ وَ تَزْوِيجُ الْمُشْرِكَةِ وَ تَزْوِيجُ الرَّجُلِ امْرَاَةً قَدْ طَلَّقَهَا لِلْعِدَّةِ تِسْعَ تَطْلِيقَاتٍ وَ تَزْوِيجُ الْاَمَةِ عَلَى الْحُرَّةِ وَ تَزْوِيجُ الذِّمِّيَّةِ عَلَى الْمُسْلِمَةِ وَ تَزْوِيجُ الْمَرْاَةِ عَلَى عَمَّتِهَا وَ خَالَتِهَا وَ تَزْوِيجُ الْاَمَةِ مِنْ غَيْرِ اِذْنِ مَوْلَاهَا وَ تَزْوِيجُ الْاَمَةِ عَلَى مَنْ يَقْدِرُ عَلَى تَزْوِيجِ الْحُرَّةِ وَ الْجَارِيَةُ مِنَ السَّبْيِ قَبْلَ الْقِسْمَةِ وَ الْجَارِيَةُ الْمُشْتَرَكَةُ وَ الْجَارِيَةُ الْمُشْتَرَاةِ قَبْلَ اَنْ يَسْتَبْرِءَهَا وَ الْمُكَاتَبَةُ الَّتِي قَدْ اَدَّتْ بَعْضَ الْمُكَاتَبَةِ.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ میرے پدر بزرگوار سے سوال کیا گیا کہ از روئے قرآن وحدیث کون کون سی عورتیں حرام ہیں۔فرمایا:

سترہ عورتیں قرآن کی رو سے حرام ہیں

(۱)زنا (۲)جس عورت سے باپ نے نکاح کیا ہو (۳)مائیں، (۴)بیٹیاں (۵)بہنیں (۶)پھوپھیاں (۷)خالہ (۸)بھتیجی (۹)بھانجی (۱۰)جس عورت نے دودھ پلایا ہو (۱۱)اور ان کی بیٹیاں یعنی رضاعی بہن (۱۲)بیوی کی ماں یعنی ساس (۱۳)زوجہ کی بیٹیاں، جس زوجہ کے ساتھ دخول کیا ہو (۱۴)بہوئیں (۱۵)سالی، بیوی کی زندگی اور موجودگی میں (۱۶)جو عورت حیض سے ہو جب تک پاک نہ ہو جائے (۱۷)حالت اعتکاف میں جماع۔

سنت میں حرام کردہ عورتیں درج ذیل ہیں:

(۱۸)ماہ رمضان میں دن میں جماع کرنا (۱۹)جس عورت سے لعان کیا ہو (۲۰)جو عورت عدت میں ہو (۲۱)جماع درحال احرام (۲۲)حالت احرام میں عقد کرانا (۲۳)جس عورت سے ظہار کیا ہو کفارہ سے پہلے (۲۴)زن مشرکہ سے عقد (۲۵)وہ عورت جس کو نو بار طلاق دی ہو (۲۶)آزاد زوجہ کی موجودگی میں لونڈی سے نکاح کرنا (۲۷)مسلمان زوجہ کی موجودگی میں کافرہ ذمیہ سے نکاح (۲۸،۲۹)بیوی کی موجودگی میں اس کی بھتیجی یا بھانجی سے نکاح کرنا (۳۰)بغیر مالک کی اجازت کے اس کی لونڈی سے نکاح کرنا (۳۱)اس شخص کا لونڈی سے شادی کرنا جو آزاد عورت سے شادی کرسکتا ہو (۳۲)جو لونڈی مال غنیمت میں آئی ہو جب تک لونڈی کسی کے حصے میں نہ آجائے اس سے عقد کرنا ہر شخص کے لیے حرام ہے (۳۳)جو کنیز خریدی جائے استبرا کرنے سے پہلے اس سے جماع کرنا (۳۴)اور وہ کنیز مکاتبہ جس نے اپنی قیمت کا کچھ حصہ ادا کر دیا ہو۔

فرض الله تبارك و تعالى على الناس من الجمعة إلى الجمعة خمسا و ثلاثين صلاة

⑪ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمَدَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ اِنَّمَا فَرَضَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنَ الْجُمُعَةِ اِلَى الْجُمُعَةِ خَمْساً وَ ثَلَاثِينَ صَلَاةً فِيهَا صَلَاةٌ وَاحِدَةٌ فَرَضَهَا اللهُ فِي جَمَاعَةٍ وَ هِيَ الْجُمُعَةُ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک ۳۵ نمازیں واجب ہیں جن میں ایک نماز جماعت ہی سے ہوسکتی ہے اور وہ نماز جمعہ ہے۔

باب۔ ۲۲

اس باب میں چالیس سے لے کر سو عدد کے متعلق احادیث ہیں

شارب الخمر لا تقبل صلاته أربعين يوما

شراب پینے والے

① حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُكَيْمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عليه السلام يَقُولُ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَسَكِرَ مِنْهَا لَمْ تُقْبَلْ صَلَاتُهُ أَرْبَعِينَ يَوْماً فَإِنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ فِي هَذِهِ الْأَيَّامِ ضُوعِفَ عَلَيْهِ الْعَذَابُ لِتَرْكِ الصَّلَاةِ.

وَفِي خَبَرٍ آخَرَ أَنَّ شَارِبَ الْخَمْرِ تُوقَفُ صَلَاتُهُ بَيْنَ السَّمَاءِ وَ الْأَرْضِ فَإِذَا تَابَ رُدَّتْ عَلَيْهِ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شرابی کی نماز چالیس دن تک مقبول نہیں ہوتی اور نہ پڑھے تو ترک نماز کا عذاب بھی اس پر ہوتا ہے۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ شرابی انسان کی نماز آسمان وزمین کے درمیان موقوف رہتی ہے لہٰذا جب وہ توبہ کرتا ہے تو اس کو واپس لوٹا دی جاتی ہے۔

الصوم على أربعين وجها

روزے کی چالیس قسمیں

② حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَصْفَهَانِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام فَقَالَ لِي يَا زُهْرِيُّ مِنْ أَيْنَ جِئْتَ قُلْتُ مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ فِيمَ كُنْتُمْ قَالَ تَذَاكَرْنَا أَمْرَ الصَّوْمِ فَأَجْمَعَ رَأْيِي وَ رَأْيُ أَصْحَابِي أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ الصَّوْمِ شَيْءٌ وَاجِبٌ إِلَّا صَوْمُ شَهْرِ رَمَضَانَ فَقَالَ يَا زُهْرِيُّ لَيْسَ كَمَا قُلْتُمْ إِنَّ الصَّوْمَ عَلَى أَرْبَعِينَ وَجْهاً فَعَشَرَةٌ أَوْجُهٍ مِنْهَا وَاجِبَةٌ كَوُجُوبِ شَهْرِ

رَمَضَانَ وَ عَشَرَةُ اَوْجُهٍ مِنْهَا صِيَامُهُنَّ حَرَامٌ وَ اَرْبَعَةَ عَشَرَ وَجْهاً مِنْهَا صَاحِبُهَا فِيهَا بِالْخِيَارِ اِنْ شَاءَ صَامَ وَ اِنْ شَاءَ اَفْطَرَ وَ صَوْمُ الْاِذْنِ عَلَى ثَلَاثَةِ اَوْجُهٍ وَ صَوْمُ التَّاْدِيبِ وَ صَوْمُ الْاِبَاحَةِ وَ صَوْمُ السَّفَرِ وَ الْمَرَضِ قُلْتُ فَسِّرْهُنَّ لِي جُعِلْتُ فِدَاكَ قَالَ اَمَّا الْوَاجِبُ فَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ صِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ لِمَنْ اَفْطَرَ يَوْماً مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مُتَعَمِّداً وَ صِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ فِي قَتْلِ الْخَطَاِ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ الْعِتْقَ وَاجِبٌ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَ وَ مَنْ قَتَلَ مُؤْمِناً خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ وَ دِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ اِلَى اَهْلِهِ اِلَى قَوْلِهِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيامُ شَهْرَيْنِ مُتَتابِعَيْنِ وَ صِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ فِي كَفَّارَةِ الظِّهَارِ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ الْعِتْقَ وَاجِبٌ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى وَ الَّذِينَ يُظاهِرُونَ مِنْ نِسائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِما قالُوا فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَتَمَاسَّا ذٰلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِ وَ اللهُ بِما تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيامُ شَهْرَيْنِ مُتَتابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَتَمَاسَّا وَ صِيَامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فِي كَفَّارَةِ الْيَمِينِ وَاجِبٌ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ الْاِطْعَامَ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمانِكُمْ اِذا حَلَفْتُمْ كُلُّ ذٰلِكَ مُتَتَابِعٌ وَ لَيْسَ بِمُتَفَرِّقٍ وَ صِيَامُ اَذَى الْحَلْقِ حَلْقِ الرَّاْسِ وَاجِبٌ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى فَمَنْ كانَ مِنْكُمْ مَرِيضاً اَوْ بِهِ اَذىً مِنْ رَاْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ صَاحِبُهَا فِيهَا بِالْخِيَارِ وَ اِنْ صَامَ صَامَ ثَلَاثاً وَ صَوْمُ دَمِ الْمُتْعَةِ وَاجِبٌ لِمَنْ لَمْ يَجِدِ الْهَدْيَ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيامُ ثَلاثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَ سَبْعَةٍ اِذا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كامِلَةٌ وَ صَوْمُ جَزَاءِ الصَّيْدِ وَاجِبٌ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى وَ مَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ مُتَعَمِّداً فَجَزاءٌ مِثْلُ ما قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوا عَدْلٍ مِنْكُمْ هَدْياً بالِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعامُ مَساكِينَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِياماً ثُمَّ قَالَ اَوَ تَدْرِي كَيْفَ يَكُونُ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَاماً يَا زُهْرِيُّ فَقُلْتُ لَا اَدْرِي قَالَ تُقَوَّمُ الصَّيْدُ قِيمَةً ثُمَّ تُفَضُّ تِلْكَ الْقِيمَةُ عَلَى الْبُرِّ ثُمَّ يُكَالُ ذٰلِكَ الْبُرُّ اَصْوَاعاً فَيَصُومُ لِكُلِّ نِصْفِ صَاعٍ يَوْماً وَ صَوْمُ النَّذْرِ وَاجِبٌ وَ صَوْمُ الْاِعْتِكَافِ وَاجِبٌ وَ اَمَّا الصَّوْمُ الْحَرَامُ فَصَوْمُ يَوْمِ الْفِطْرِ وَ يَوْمِ الْاَضْحَى وَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ وَ صَوْمُ يَوْمِ الشَّكِّ اُمِرْنَا بِهِ وَ نُهِينَا عَنْهُ اُمِرْنَا اَنْ نَصُومَهُ مَعَ شَعْبَانَ وَ نُهِينَا اَنْ يَنْفَرِدَ الرَّجُلُ بِصِيَامِهِ فِي الْيَوْمِ الَّذِي يَشُكُّ فِيهِ النَّاسُ قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ صَامَ مِنْ شَعْبَانَ شَيْئاً كَيْفَ يَصْنَعُ قَالَ يَنْوِي لَيْلَةَ الشَّكِّ اَنَّهُ صَائِمٌ مِنْ شَعْبَانَ فَاِنْ كَانَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ اَجْزَاَ عَنْهُ وَ اِنْ كَانَ مِنْ شَعْبَانَ لَمْ يُضِرَّ قُلْتُ وَ كَيْفَ يُجْزِءُ صَوْمُ تَطَوُّعٍ عَنْ فَرِيضَةٍ فَقَالَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا صَامَ يَوْماً مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

تَطَوُّعاً وَ هُوَ لَا يَدْرِي وَ لَا يَعْلَمُ اَنَّهُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ ثُمَّ عَلِمَ بَعْدَ ذَلِكَ اَجْزَاَ عَنْهُ لِاَنَّ الْفَرْضَ اِنَّمَا وَقَعَ عَلَى الْيَوْمِ بِعَيْنِهِ وَ صَوْمُ الْوِصَالِ حَرَامٌ وَ صَوْمُ الصَّمْتِ حَرَامٌ وَ صَوْمُ النَّذْرِ لِلْمَعْصِيَةِ حَرَامٌ وَ صَوْمُ الدَّهْرِ حَرَامٌ وَ اَمَّا الصَّوْمُ الَّذِي صَاحِبُهُ فِيهِ بِالْخِيَارِ فَصَوْمُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَ الْخَمِيسِ وَ الْاِثْنَيْنِ وَ صَوْمُ اَيَّامِ الْبِيضِ وَ صَوْمُ سِتَّةِ اَيَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ وَ يَوْمِ عَرَفَةَ وَ يَوْمِ عَاشُورَاءَ كُلُّ ذَلِكَ صَاحِبُهُ فِيهِ بِالْخِيَارِ اِنْ شَاءَ صَامَ وَ اِنْ شَاءَ اَفْطَرَ وَ اَمَّا صَوْمُ الْاِذْنِ فَاِنَّ الْمَرْاَةَ لَا تَصُومُ تَطَوُّعاً اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا وَ الْعَبْدَ لَا يَصُومُ تَطَوُّعاً اِلَّا بِاِذْنِ سَيِّدِهِ وَ الضَّيْفَ لَا يَصُومُ تَطَوُّعاً اِلَّا بِاِذْنِ صَاحِبِهِ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَمَنْ نَزَلَ عَلَى قَوْمٍ فَلَا يَصُومَنَّ تَطَوُّعاً اِلَّا بِاِذْنِهِمْ وَ اَمَّا صَوْمُ التَّاْدِيبِ فَاِنَّهُ يُؤْمَرُ الصَّبِيُّ اِذَا رَاهَقَ بِالصَّوْمِ تَاْدِيباً وَ لَيْسَ بِفَرْضٍ وَ كَذَلِكَ مَنْ اَفْطَرَ لِعِلَّةٍ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ ثُمَّ قَوِيَ بَعْدَ ذَلِكَ اُمِرَ بِالْاِمْسَاكِ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ تَاْدِيباً وَ لَيْسَ بِفَرْضٍ وَ كَذَلِكَ الْمُسَافِرُ اِذَا اَكَلَ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ ثُمَّ قَدِمَ اَهْلَهُ اُمِرَ بِالْاِمْسَاكِ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ تَاْدِيباً وَ لَيْسَ بِفَرْضٍ وَ اَمَّا صَوْمُ الْاِبَاحَةِ فَمَنْ اَكَلَ اَوْ شَرِبَ نَاسِياً اَوْ تَقَيَّاَ مِنْ غَيْرِ تَعَمُّدٍ فَقَدْ اَبَاحَ اللهُ ذَلِكَ لَهُ وَ اَجْزَاَ عَنْهُ صَوْمُهُ وَ اَمَّا صَوْمُ السَّفَرِ وَ الْمَرَضِ فَاِنَّ الْعَامَّةَ اخْتَلَفَتْ فِيهِ فَقَالَ قَوْمٌ يَصُومُ وَ قَالَ قَوْمٌ لَا يَصُومُ وَ قَالَ قَوْمٌ اِنْ شَاءَ صَامَ وَ اِنْ شَاءَ اَفْطَرَ وَ اَمَّا نَحْنُ فَنَقُولُ يُفْطِرُ فِي الْحَالَيْنِ جَمِيعاً فَاِنْ صَامَ فِي السَّفَرِ اَوْ فِي حَالِ الْمَرَضِ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ فِي ذَلِكَ لِاَنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضاً اَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ اَيَّامٍ اُخَرَ.

زہری امام چہارم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔آپ نے فرمایا کہاں سے آرہے ہو۔عرض کی مسجد میں تھا۔ فرمایا کیا باتیں کررہے تھے۔عرض کی یہ ذکر تھا کہ واجب روزے صرف ماہ رمضان کے ہیں۔حضرت نے فرمایا ایسا نہیں ہے بلکہ روزی کی چالیس صورتیں ہیں۔دس روزے اسی طرح واجب ہیں جس طرح ماہِ رمضان کے روزے ہیں۔دس روزے حرام، چودہ روزوں میں اختیار ہے کہ رکھے یا نہ رکھے۔

روزہ اذن کی تین قسمیں ہیں: (۱) روزۂ تادیب (۲) روزۂ اباحہ (۳) روزۂ سفر و بیماری۔

میں نے عرض کی اس کی تشریح فرمایئے۔

حضرت نے فرمایا کہ دس روزے واجب یہ ہیں: (۱) روزۂ ماہ رمضان (۲) برابر دو مہینہ کے روزے کفارہ کے اس کے لیے جس نے عمداً ایک روزہ ماہ رمضان میں بلا کسی عذر شرعی کے نہ رکھا ہو (۳) برابر دو مہینہ کے روزے جس نے غلطی سے کسی کو قتل کر دیا اور کوئی غلام بھی آزاد نہ کر سکے (۴) برابر دو مہینے کے روزے اس کے لیے جس نے ظہار کیا ہو اور بندہ آزاد نہ

کر سکے (۵) تین دن کے روزے اس پر واجب ہیں جس نے جھوٹی قسم شرعی کھائی ہو اور مستحق کو کھانا نہ کھلا سکے (۶) تین دن کے روزے اس پر جس نے حالت احرام میں سر منڈوایا ہو (۷) روزۂ بدل قربانی حج تمتع میں اگر قربانی نہ ملے (۸) جس نے احرام واجب کی حالت میں شکار کیا ہو (۹) روزۂ نذر (۱۰) روزۂ اعتکاف واجب۔

اور روزہائے حرام یہ ہیں: (۱) روزہ عید ماہ رمضان (۲) روزۂ عید قربان (۳) روزۂ ایام تشریق ۱۱ تا ۱۳ ذی الحجہ جو منی میں ہو (۴) روز یوم اکشب یعنی یہ جب یہ شب ہو کہ شعبان کی ۳۰ یا رمضان کی پہلی ہے۔ (۵) روزہ وصال یعنی روزے پر روزہ رکھنا (۶) روزہ سکوت یعنی چپ کا روزہ رکھنا (۷) روزۂ نذر معصیت یعنی کوئی نذر کرے کہ میں چوری کرنے جاتا ہوں اگر پکڑا نہ گیا تو روزہ رکھوں گا (۸) روزہ تمام عمر کہ کسی روز افطار نہ کرے۔

وہ روزے جس میں آدمی کو اختیار ہے رکھے یا نہ رکھے وہ روزۂ جمعہ و پنجشنبہ و دوشنبہ و روزۂ ایام البیض، ۱۳، ۱۴، ۱۵ ہر مہینہ کی اور روزۂ یوم عرفہ۔

روزہ اذن جو بغیر اجازت نہیں رکھا جا سکتا: (۱) زوجہ شوہر کی اجازت کے بغیر مستحبی روزہ نہیں رکھ سکتی (۲) غلام بغیر مالک کی اجازت کے مستحبی روزہ نہیں رکھ سکتا (۳) مہمان بغیر میزبان کی اجازت کے مستحبی روزہ نہیں رکھ سکتا۔

روزۂ تائب (۱) یعنی جو بچہ نزدیک بلوغ ہو اس کو روزے کا عادی کرنے کے لیے روزہ کا حکم دینا چاہیے (۲) جو شخص بیماری یا جو عورت حیض آنے کی وجہ سے بحکم شرع افطار کر چکا ہو اور اس کے بعد اس کا عذر برطرف ہو جائے اور بقیہ وقت میں وہ مضطرات سے پرہیز کر سکتا ہو اس کو کھانا پینا نہ چاہیے (۳) جو شخص ماہ رمضان میں اول صبح سفر میں افطار کر چکا ہو وہ گھر پہنچنے کے بعد بقیہ وقت میں از روئے ادب کھانا نہ کھائے۔

روزہ اباحہ یعنی روزہ دار بھول کر اگر کچھ کھالے یا خود بخود قے ہو جائے تو بقیہ دن بھر روزہ رکھے یہ روزہ اس کا کافی ہے۔

جہاں تک بیماری اور سفر کے روزے کی بات ہے تو اس میں اہل سنت کا نظریہ مختلف ہے کچھ لوگ کہتے ہیں چاہے تو روزہ رکھے چاہے تو نہ رکھے۔

لیکن ہم کہتے ہیں کہ دونوں حالتوں میں روزہ نہیں رکھے گا اور اگر بیماری یا سفر کی حالت میں روزہ رکھے تب بھی ان کی قضا اس پر واجب ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''تم میں سے جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں گنتی پوری کر دے''۔ [1]

---

[1] سورۂ بقرہ آیت ۱۸۴

فيمن قدم أربعين رجلا من إخوانه في دعائه ثم دعا لنفسه

اس شخص کے متعلق جو پہلے چالیس دینی بھائیوں کے لئے دعا مانگے اور پھر اپنے لئے

③ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ اَصْحَابِنَا عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قال مَنْ قَدَّمَ اَرْبَعِينَ رَجُلًا مِنْ اِخْوَانِهِ فَدَعَا لَهُمْ ثُمَّ دَعَا لِنَفْسِهِ اسْتُجِيبَ لَهُ فِيهِمْ وَ فِي نَفْسِهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو اپنے لیے دعا کرنے سے پہلے چالیس برادران ایمانی کے لیے دعا کرے پھر اپنے لیے دعا کرے اس کی دعا خود اس کے لیے اور جن کے لیے دعا کی ہے قبول ہوگی۔

فيمن شهد له بعد موته أربعون رجلا من المؤمنين بالخير

اس شخص کے متعلق جس کی موت کے بعد چالیس مومنین اس کے لئے خیر کی گواہی دیں

④ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قال اِذَا مَاتَ الْمُؤْمِنُ فَحَضَرَ جِنَازَتَهُ اَرْبَعُونَ رَجُلًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالُوا اللهُمَّ اِنَّا لَا نَعْلَمُ مِنْهُ اِلَّا خَيْراً وَ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهِ مِنَّا قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى اِنِّي قَدْ اَجَزْتُ شَهَادَتَكُمْ وَ غَفَرْتُ لَهُ مَا عَلِمْتُ مِمَّا لَا تَعْلَمُونَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جس مومن کی نماز جنازہ میں چالیس آدمی اس کے نیکوکار اور خوش اعمال ہونے کی گواہی دیں تو خداوند عالم فرماتا ہے کہ میں نے تمہاری گواہیوں کی بنا پر اس کو بخش دیا اور اس کے جو گناہ میرے علم میں ہیں ان کو معاف کیا کیونکہ میں علم کی بنا پر عمل نہیں کرنا چاہتا۔

في النهي عن ترك حلق العانة فوق أربعين يوما

چالیس دن سے زیادہ زائد بالوں کو نہ تراشنے کی مذمت

⑤ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ

رَسُولُ اللهِ ﷺ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَ الْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَتْرُكْ حَلْقَ عَانَتِهِ فَوْقَ الْأَرْبَعِينَ فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَسْتَقْرِضْ بَعْدَ الْأَرْبَعِينَ وَ لَا يُؤَخِّرْ.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو خدا اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہیے کہ چالیس دن سے زیادہ حلق عانہ اور موئے زبار یعنی ناف کے نیچے کے بالوں کو دور کرنے میں تاخیر نہ کرے۔

الأرض تنجس من بول الأغلف أربعين صباحا

جس بچے کا ختنہ نہ ہوا چالیس دن اس کے پیشاب سے زمین نجس رہتی ہے

⑥ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ النَّوْفَلِيِّ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ السَّكُونِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ خَتِّنُوا أَوْلَادَكُمْ يَوْمَ السَّابِعِ فَإِنَّهُ أَطْهَرُ وَ أَطْيَبُ وَ أَسْرَعُ لِنَبَاتِ اللَّحْمِ فَإِنَّ الْأَرْضَ تَنْجَسُ مِنْ بَوْلِ الْأَغْلَفِ أَرْبَعِينَ صَبَاحاً.

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ پیدا ہونے کے بعد ساتویں دن ختنہ کرنا چاہیے کیونکہ یہ پاکیزگی اور طہارت ہے۔ بغیر ختنہ کیے ہوئے آدمی کے پیشاب سے زمین چالیس دن تک نجس رہتی ہے۔

فيمن اتخذ جارية فلم يأتها في كل أربعين يوما ثم أتت محرما

اس شخص کے متعلق جس نے لونڈی خریدی اور چالیس دن اس سے ہمبستری نہ کرنے پر وہ حرام کی مرتکب ہوگئی

⑦ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْمُخْتَارِ بِإِسْنَادِهِ يَرْفَعُهُ إِلَى سَلْمَانَ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ أَنَّهُ قَالَ فِي حَدِيثٍ لَهُ مَنِ اتَّخَذَ جَارِيَةً فَلَمْ يَأْتِهَا فِي كُلِّ أَرْبَعِينَ يَوْماً ثُمَّ أَتَتْ مُحَرَّماً كَانَ وِزْرُ ذَلِكَ عَلَيْهِ.

ایک طولانی حدیث کے ذیل میں جناب سلمان فارسی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ جو کسی لڑکی سے عقد کرے یا لونڈی خریدے اور ہر چالیس روز میں ایک بار اس کے ساتھ صحبت نہ کرے اور وہ لونڈی یا لڑکی زنا کرے تو اس کا گناہ اس مالک یا شوہر پر ہوگا۔

⑧ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ

الصَّفَّارُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَنِ اتَّخَذَ جَارِيَةً فَلَمْ يَأْتِهَا فِي كُلِّ أَرْبَعِينَ يَوْماً كَانَ وِزْرُ ذَلِكَ عَلَيْهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی اسی مضمون کی ایک حدیث نقل کی گئی ہے۔ شرح: چونکہ اصل حدیث میں جاریہ کا لفظ ہے اور عربی میں جاریہ لڑکی کو ہی کہتے ہیں اور لونڈی کو بھی اس لیے دونوں ترجمے کیے گئے اور دونوں ہو سکتے ہیں۔

دية كلب الصيد أربعون درهما

شکاری کتے کی دیت چالیس درہم ہے

⑨ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُكَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ أَعْيَنَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ فِي كِتَابِ عَلِيٍّ عليه السلام دِيَةُ كَلْبِ الصَّيْدِ أَرْبَعُونَ دِرْهَماً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شکار کتے کی دیت چالیس درہم ہے۔

⑩ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ صَبِيحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ دِيَةُ كَلْبِ الصَّيْدِ السَّلُوقِيِّ أَرْبَعُونَ دِرْهَماً مِمَّا أَمَرَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله بِهِ لِبَنِي خُزَيْمَةَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ شکار کتے کی دیت چالیس درہم ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنو خزیمہ کو اس بات کا حکم دیا تھا۔

أملى الله تبارك وتعالى لفرعون بين كلمتيه أربعين سنة

اللہ تعالیٰ نے فرعون کے دو کلموں کے درمیان اسے چالیس سال کی مہلت دی

⑪ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَهْزِيَارَ عَنْ أَخِيهِ عن عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ عِيسَى بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي جَمِيلَةَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ أَمْلَى اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لِفِرْعَوْنَ مَا بَيْنَ الْكَلِمَتَيْنِ قَوْلَهُ أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَى وَ قَوْلَهُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِنْ إِلهٍ غَيْرِي أَرْبَعِينَ سَنَةً ثُمَّ أَخَذَهُ اللهُ نَكَالَ الْآخِرَةِ وَ الْأُولَى وَ كَانَ بَيْنَ أَنْ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ لِمُوسَى وَ هَارُونَ عليهما السلام قَدْ أُجِيبَتْ دَعْوَتُكُمَا وَ بَيْنَ أَنْ عَرَفَهُ اللهُ تَعَالَى

الْاِجَابَةَ اَرْبَعِينَ سَنَةً ثُمَّ قَالَ قَالَ جَبْرَئِيلُ عليه السلام نَازَلْتُ رَبِّي فِي فِرْعَوْنَ مُنَازَلَةً شَدِيدَةً فَقُلْتُ يَا رَبِّ تَدَعُهُ وَ قَدْ قَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلى فَقَالَ اِنَّمَا يَقُولُ مِثْلَ هَذَا عَبْدٌ مِثْلُكَ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ فرعون کے دو کفریہ جملوں میں چالیس سال کا فاصلہ تھا۔ یعنی پہلے اس نے خدائی کا دعویٰ کیا۔ پھر چالیس برس بعد کہا کہ میں اپنے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں جانتا۔ اور جس وقت خداوند عالم سے حضرت موسیٰ و ہاروں نے بددعا کی تھی۔ اس کے چالیس برس بعد اس دعا کی قبولیت کا اثر ظاہر ہوا۔

استغفار يغفر به أربعون كبيرة

وہ استغفار جس سے چالیس گناہان کبیرہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

⑫ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْبَرْقِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَا مِنْ مُؤْمِنٍ يَقْتَرِفُ فِي يَوْمٍ وَ لَيْلَةٍ اَرْبَعِينَ كَبِيرَةً فَيَقُولُ وَ هُوَ نَادِمٌ اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لا اِلهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ بَدِيعَ السَّمَاوَاتِ وَ الْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ وَ اَسْاَلُهُ اَنْ يَتُوبَ عَلَيَّ اِلَّا غَفَرَهَا اللهُ لَهُ ثُمَّ قَالَ وَ لَا خَيْرَ فِيمَنْ يُقَارِفُ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَ لَيْلَةٍ اَرْبَعِينَ كَبِيرَةً.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو چالیس گناہ کبیرہ ایک شب و روز میں کر چکا ہے اگر ندامت و پشیمانی کے ساتھ خلوص نیت سے یہ دعا پڑھے تو پروردگار عالم اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ دعا:

"اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لا اِلهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ بَدِيعَ السَّمَاوَاتِ وَ الْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ وَ اَسْاَلُهُ اَنْ يَتُوبَ عَلَيَّ".

میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ سے کوئی معبود نہیں سوائے اس کے کہ وہ ہمیشہ سے زندہ و قائم ہے اور ہمیشہ رہے گا وہی آسمان و زمین کو وجود بخشنے والا ہے اور وہ صاحب جلال و اکرام ہے اور میں اسی سے سوال کرتا ہوں کہ وہ میری توبہ قبول کر لے۔

اور وہ شخص جو ایک شب و روز میں چالیس گناہان کبیرہ سے زیادہ کا مرتکب ہو اس میں کوئی نیکی نہیں ہے۔

الرحم تلتقي في أربعين أبا

قرابت داری چالیس پشتوں تک ہوتی ہے

⑬ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ

عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْوَشَّاءِ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله لَمَّا أُسْرِيَ بِي إِلَى السَّمَاءِ رَأَيْتُ رَحِماً مُتَعَلِّقَةً بِالْعَرْشِ تَشْكُو رَحِماً إِلَى رَبِّهَا فَقُلْتُ لَهَا كَمْ بَيْنَكِ وَبَيْنَهَا مِنْ أَبٍ فَقَالَتْ نَلْتَقِي فِي أَرْبَعِينَ أَباً.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شب معراج میں نے دیکھا کہ ایک شخص عرش الٰہی سے لپٹا ہوا اور اپنے قرابت دار کی شکایت کر رہا ہے۔ میں نے اس سے سوال کیا وہ تیرا کیسا قرابت دار ہے۔ اس نے جواب دیا کہ میرے اور اس کے درمیان چالیس پشتوں کا فاصلہ ہے۔

إذا قام القائم عليه السلام جعل الله عز وجل قوة الرجل من الشيعة قوة أربعين رجلا

جب امام زمان علیہ السلام قیام کریں گے تو اللہ تعالیٰ ایک شیعہ کو چالیس افراد کی قوت عطا کرے گا

⑭ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْكُوفِيِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ الْقَصْبَانِيِّ عَنْ رَبِيعِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُسْلِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ثُوَيْرِ بْنِ أَبِي فَاخِتَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام قَالَ إِذَا قَامَ قَائِمُنَا أَذْهَبَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَنْ شِيعَتِنَا الْعَاهَةَ وَ جَعَلَ قُلُوبَهُمْ كَزُبَرِ الْحَدِيدِ وَ جَعَلَ قُوَّةَ الرَّجُلِ مِنْهُمْ قُوَّةَ أَرْبَعِينَ رَجُلًا وَ يَكُونُونَ حُكَّامَ الْأَرْضِ وَ سَنَامَهَا.

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جب حضرت قائم آل محمد عجل اللہ فرجہ کا ظہور ہوگا تو ہمارے ایک ایک شیعہ کو چالیس چالیس آدمی کی قوت دی جائے گی۔ ان سے کاہلی و سستی دور ہو جائے گی۔ ان کے جسم لوہے کے پہاڑوں کی طرح مستحکم ہو جائیں گے اور وہ روئے زمین پر بادشاہی کریں گے۔

فيمن حفظ أربعين حديثا

چالیس احادیث یاد کرنے والے کے متعلق

⑮ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ الدِّهْقَانِ قَالَ أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَرْوَزِيُّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله مَنْ حَفِظَ مِنْ أُمَّتِي أَرْبَعِينَ حَدِيثاً مِمَّا يَحْتَاجُونَ إِلَيْهِ مِنْ أَمْرِ

دِينِهِمْ بَعَثَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقِيهاً عَالِماً.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت میں جو شخص ایسی چالیس حدیثیں جو مسائل دین معلوم کرنے میں مفید ہوں یاد کرلے وہ قیامت کے دن فقیہ اور عالم اٹھے گا۔

⑯ اَخْبَرَنِي اَبُو الْحَسَنِ طَاهِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُونُسَ بْنِ حَيْوَةَ الْفَقِيهُ فِيمَا اَجَازَهُ لِي بِبَلْخٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْهَرَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ نَجِيحٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ حَفِظَ مِنْ اُمَّتِي اَرْبَعِينَ حَدِيثاً مِنَ السُّنَّةِ كُنْتُ لَهُ شَفِيعاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت میں جو شخص ایسی چالیس حدیثیں جو مسائل دین معلوم کرنے میں مفید ہوں یاد کرلے وہ قیامت کے دن میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔

⑰ اَخْبَرَنِي اَبُو الْحَسَنِ طَاهِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْهَرَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ اَحْمَدَ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْبَرْقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا رَبِيعُ بْنُ بَدْرٍ عَنْ اَبَانٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَنْ حَفِظَ عَنِّي مِنْ اُمَّتِي اَرْبَعِينَ حَدِيثاً فِي اَمْرِ دِينِهِ يُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ الدَّارَ الْآخِرَةَ بَعَثَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقِيهاً عَالِماً.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت میں جو شخص ایسی چالیس حدیثیں جو مسائل دین معلوم کرنے میں مفید ہوں یاد کرلے وہ قیامت کے دن فقیہ اور عالم اٹھے گا۔

⑱ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعِجْلِيُّ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ وَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْوَرَّاقُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَلَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مَتِّيلٍ الدَّقَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّاذِيُّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يُوسُفَ عَنْ حَنَانِ بْنِ سَدِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ يَقُولُ مَنْ حَفِظَ عَنَّا اَرْبَعِينَ حَدِيثاً مِنْ اَحَادِيثِنَا فِي الْحَلَالِ وَ الْحَرَامِ بَعَثَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقِيهاً عَالِماً وَلَمْ يُعَذِّبْهُ.

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت میں جو شخص ایسی چالیس حدیثیں جو مسائل دین معلوم کرنے میں مفید ہوں یاد کرلے وہ قیامت کے دن فقیہ اور عالم اٹھے گا اس پر قطعاً عذاب نہ ہوگا۔

⑲ 19 حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَى الدَّقَّاقُ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ هِشَامٍ

مِنْهُمْ فَجَاءَ عُمَرُ فَرَدَدْتُهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَ اَخْبَرْتُهُ اَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ مُحْتَجِبٌ وَ عِنْدَهُ زُوَّارٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ وَ عِدَّتُهُمْ كَذَا وَ كَذَا ثُمَّ اَذِنْتُ لَهُ فَدَخَلَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ اِنِّي قَدْ جِئْتُكَ غَيْرَ مَرَّةٍ كُلَّ ذَلِكَ يَرُدُّنِي عَلِيٌّ وَ يَقُولُ اِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ مُحْتَجِبٌ وَ عِنْدَهُ زُوَّارٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ وَ عِدَّتُهُمْ كَذَا وَ كَذَا فَكَيْفَ عَلِمَ بِالْعِدَّةِ اَ عَايَنَهُمْ فَقَالَ لَهُ يَا عَلِيُّ قَدْ صَدَقَ كَيْفَ عَلِمْتَ بِعِدَّتِهِمْ فَقُلْتُ اخْتَلَفَتْ عَلَيَّ التَّحِيَّاتُ وَ سَمِعْتُ الْاَصْوَاتَ فَاَحْصَيْتُ الْعَدَدَ قَالَ صَدَقْتَ فَاِنَّ فِيكَ سُنَّةً مِنْ اَخِي عِيسَى فَخَرَجَ عُمَرُ وَ هُوَ يَقُولُ ضَرَبَهُ لِابْنِ مَرْيَمَ مَثَلًا فَاَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ وَ لَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ قَالَ يَضِجُّونَ وَ قَالُوا اَ آلِهَتُنا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ما ضَرَبُوهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنا عَلَيْهِ وَ جَعَلْناهُ مَثَلًا لِبَنِي اِسْرائِيلَ وَ لَوْ نَشاءُ لَجَعَلْنا مِنْكُمْ مَلائِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُونَ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ كَمَا قَالَ لِي اِنَّ طُوبَى شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ اَصْلُهَا فِي دَارِ عَلِيٍّ لَيْسَ مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَ فِي مَنْزِلِهِ غُصْنٌ مِنْ اَغْصَانِهَا غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ تُقَاتِلُ عَلَى سُنَّتِي وَ تُبْرِئُ ذِمَّتِي غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ تُقَاتِلُ النَّاكِثِينَ وَ الْقَاسِطِينَ وَ الْمَارِقِينَ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ جَاءَ اِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ وَ رَاْسُهُ فِي حَجْرِ جَبْرَئِيلَ فَقَالَ لِي ادْنُ مِنَ ابْنِ عَمِّكَ فَاَنْتَ اَوْلَى بِهِ مِنِّي غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ وَضَعَ رَسُولُ اللهِ ﷺ رَاْسَهُ فِي حَجْرِهِ حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ وَ لَمْ يُصَلِّ الْعَصْرَ فَلَمَّا انْتَبَهَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَالَ يَا عَلِيُّ صَلَّيْتَ الْعَصْرَ قُلْتُ لَا فَدَعَا رَسُولُ اللهِ ﷺ فَرُدَّتِ الشَّمْسُ بَيْضَاءَ نَقِيَّةً فَصَلَّيْتُ ثُمَّ انْحَدَرَتْ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ اَمَرَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ رَسُولَهُ اَنْ يَبْعَثَ بِبَرَاءَةَ فَبَعَثَ بِهَا مَعَ اَبِي بَكْرٍ فَاَتَاهُ جَبْرَئِيلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّهُ لَا يُؤَدِّي عَنْكَ اِلَّا اَنْتَ اَوْ رَجُلٌ مِنْكَ فَبَعَثَنِي رَسُولُ اللهِ ﷺ فَاَخَذْتُهَا مِنْ اَبِي بَكْرٍ فَمَضَيْتُ بِهَا وَ اَدَّيْتُهَا عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَ اَثْبَتَ اللهُ عَلَى لِسَانِ رَسُولِهِ اَنِّي مِنْهُ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَنْتَ اِمَامُ مَنْ اَطَاعَنِي وَ نُورُ اَوْلِيَائِي وَ الْكَلِمَةُ الَّتِي اَلْزَمْتُهَا الْمُتَّقِينَ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَحْيَى حَيَاتِي وَ يَمُوتَ مَوْتِي وَ يَسْكُنَ جَنَّتِي الَّتِي وَعَدَنِي رَبِّي جَنَّاتِ عَدْنٍ قَضِيبٍ غَرَسَهُ اللهُ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُنْ فَكَانَ فَلْيُوَالِ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام وَ ذُرِّيَّتَهُ مِنْ بَعْدِهِ فَهُمُ الْاَئِمَّةُ وَ

هُمُ الْاَوْصِيَاءُ اَعْطَاهُمُ اللهُ عِلْمِي وَ فَهْمِي لَا يُدْخِلُونَكُمْ فِي بَابِ ضَلَالٍ وَ لَا يُخْرِجُونَكُمْ مِنْ بَابِ هُدًى لَا تُعَلِّمُوهُمْ فَهُمْ اَعْلَمُ مِنْكُمْ يَزُولُ الْحَقُّ مَعَهُمْ اَيْنَمَا زَالُوا غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَضَى فَانْقَضَى اَنَّهُ لَا يُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَ لَا يُبْغِضُكَ اِلَّا كَافِرٌ مُنَافِقٌ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ مِثْلَ مَا قَالَ لِي اَهْلُ وَلَايَتِكَ يَخْرُجُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ قُبُورِهِمْ عَلَى نُوقٍ بِيضٍ شِرَاكُ نِعَالِهِمْ نُورٌ يَتَلَأْلَأُ قَدْ سُهِّلَتْ عَلَيْهِمُ الْمَوَارِدُ وَ فُرِّجَتْ عَنْهُمُ الشَّدَائِدُ وَ اُعْطُوا الْاَمَانَ وَ انْقَطَعَتْ عَنْهُمُ الْاَحْزَانُ حَتَّى يُنْطَلَقَ بِهِمْ اِلَى ظِلِّ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ تُوضَعُ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ مَائِدَةٌ يَأْكُلُونَ مِنْهَا حَتَّى يَفْرُغَ مِنَ الْحِسَابِ يَخَافُ النَّاسُ وَ لَا يَخَافُونَ وَ يَحْزَنُ النَّاسُ وَ لَا يَحْزَنُونَ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ حِينَ جَاءَ اَبُو بَكْرٍ يَخْطُبُ فَاطِمَةَ عليها السلام فَاَبَى اَنْ يُزَوِّجَهُ وَ جَاءَ عُمَرُ يَخْطُبُهَا فَاَبَى اَنْ يُزَوِّجَهُ فَخَطَبْتُ اِلَيْهِ فَزَوَّجَنِي فَجَاءَ اَبُو بَكْرٍ وَ عُمَرُ فَقَالَا اَبَيْتَ اَنْ تُزَوِّجَنَا وَ زَوَّجْتَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَا مَنَعْتُكُمَا وَ زَوَّجْتُهُ بَلِ اللهُ مَنَعَكُمَا وَ زَوَّجَهُ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ سَمِعْتُمْ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ كُلُّ سَبَبٍ وَ نَسَبٍ مُنْقَطِعٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا سَبَبِي وَ نَسَبِي فَاَيُّ سَبَبٍ اَفْضَلُ مِنْ سَبَبِي وَ اَيُّ نَسَبٍ اَفْضَلُ مِنْ نَسَبِي اِنَّ اَبِي وَ اَبَا رَسُولِ اللهِ ﷺ لَاَخَوَانِ وَ اِنَّ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ ابْنَيْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ ابْنَايَ وَ فَاطِمَةَ بِنْتُ رَسُولِ اللهِ ﷺ زَوْجَتِي سَيِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ اِنَّ اللهَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَفَرَّقَهُمْ فِرْقَتَيْنِ فَجَعَلَنِي مِنْ خَيْرِ الْفِرْقَتَيْنِ ثُمَّ جَعَلَهُمْ شُعُوباً فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِ شُعْبَةٍ ثُمَّ جَعَلَهُمْ قَبَائِلَ فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِ قَبِيلَةٍ ثُمَّ جَعَلَهُمْ بُيُوتاً فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِ بَيْتٍ ثُمَّ اخْتَارَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي اَنَا وَ عَلِيّاً وَ جَعْفَراً فَجَعَلَنِي خَيْرَهُمْ فَكُنْتُ نَائِماً بَيْنَ ابْنَيْ اَبِي طَالِبٍ فَجَاءَ جَبْرَئِيلُ وَ مَعَهُ مَلَكٌ فَقَالَ يَا جَبْرَئِيلُ اِلَى اَيِّ هَؤُلَاءِ اُرْسِلْتَ فَقَالَ اِلَى هَذَا ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِي فَاَجْلَسَنِي غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ سَدَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَبْوَابَ الْمُسْلِمِينَ كُلِّهِمْ فِي الْمَسْجِدِ وَ لَمْ يَسُدَّ بَابِي فَجَاءَهُ الْعَبَّاسُ وَ حَمْزَةُ وَ قَالَا اَخْرَجْتَنَا وَ اَسْكَنْتَهُ فَقَالَ لَهُمَا مَا اَنَا اَخْرَجْتُكُمْ وَ اَسْكَنْتُهُ بَلِ اللهُ اَخْرَجَكُمْ وَ اَسْكَنَهُ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ اَوْحَى اِلَى اَخِي مُوسَى عليه السلام اَنِ اتَّخِذْ مَسْجِداً طَهُوراً وَ اسْكُنْهُ اَنْتَ وَ هَارُونُ وَ ابْنَا هَارُونَ وَ اِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ اَوْحَى اِلَيَّ اَنِ اتَّخِذْ مَسْجِداً طَهُوراً وَ اسْكُنْهُ اَنْتَ وَ عَلِيٌّ وَ ابْنَا عَلِيٍّ غَيْرِي فَقَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ

اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْحَقُّ مَعَ عَلِيٍّ وَ عَلِيٌّ مَعَ الْحَقِّ لَا يَفْتَرِقَانِ حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ وَقَى رَسُولَ اللهِ ﷺ حَيْثُ جَاءَ الْمُشْرِكُونَ يُرِيدُونَ قَتْلَهُ فَاضْطَجَعْتُ فِي مَضْجَعِهِ وَ ذَهَبَ رَسُولُ اللهِ ﷺ نَحْوَ الْغَارِ وَ هُمْ يَرَوْنَ اَنِّي اَنَا هُوَ فَقَالُوا اَيْنَ ابْنُ عَمِّكَ فَقُلْتُ لَا اَدْرِي فَضَرَبُونِي حَتَّى كَادُوا يَقْتُلُونَنِي غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ كَمَا قَالَ لِي اِنَّ اللهَ اَمَرَنِي بِوَلَايَةِ عَلِيٍّ فَوَلَايَتُهُ وَلَايَتِي وَ وَلَايَتِي وَلَايَةُ رَبِّي عَهْدٌ عَهِدَهُ اِلَيَّ رَبِّي وَ اَمَرَنِي اَنْ اُبَلِّغَكُمُوهُ فَهَلْ سَمِعْتُمْ قَالُوا نَعَمْ قَدْ سَمِعْنَاهُ قَالَ اَمَا اِنَّ فِيكُمْ مَنْ يَقُولُ قَدْ سَمِعْتُ وَ هُوَ يَحْمِلُ النَّاسَ عَلَى كَتِفَيْهِ وَ يُعَادِيهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ اَخْبِرْنَا بِهِمْ قَالَ اَمَا اِنَّ رَبِّي قَدْ اَخْبَرَنِي بِهِمْ وَ اَمَرَنِي بِالْاِعْرَاضِ عَنْهُمْ لِاَمْرٍ قَدْ سَبَقَ وَ اِنَّمَا يَكْتَفِي اَحَدُكُمْ بِمَا يَجِدُ لِعَلِيٍّ فِي قَلْبِهِ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَتَلَ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ تِسْعَةً مُبَارَزَةً غَيْرِي كُلُّهُمْ يَأْخُذُ اللِّوَاءَ ثُمَّ جَاءَ صُؤَابُ الْحَبَشِيُّ مَوْلَاهُمْ وَ هُوَ يَقُولُ وَ اللهِ لَا اَقْتُلُ بِسَادَتِي اِلَّا مُحَمَّداً قَدْ اَزْبَدَ شِدْقَاهُ وَ احْمَرَّتَا عَيْنَاهُ فَاتَّقَيْتُمُوهُ وَ حُدْتُمْ عَنْهُ وَ خَرَجْتُ اِلَيْهِ فَلَمَّا اَقْبَلَ كَاَنَّهُ قُبَّةٌ مَبْنِيَّةٌ فَاخْتَلَفْتُ اَنَا وَ هُوَ ضَرْبَتَيْنِ فَقَطَعْتُهُ بِنِصْفَيْنِ وَ بَقِيَتْ رِجْلَاهُ وَ عَجُزُهُ وَ فَخِذُهُ قَائِمَةً عَلَى الْاَرْضِ يَنْظُرُ اِلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ وَ يَضْحَكُونَ مِنْهُ غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَتَلَ مِنْ مُشْرِكِي قُرَيْشٍ مِثْلَ قَتْلِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ جَاءَ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ وُدٍّ يُنَادِي هَلْ مِنْ مُبَارِزٍ فَكَعْتُمْ عَنْهُ كُلُّكُمْ فَقُمْتُ اَنَا فَقَالَ لِي رَسُولُ اللهِ ﷺ اِلَى اَيْنَ تَذْهَبُ فَقُلْتُ اَقُومُ اِلَى هَذَا الْفَاسِقِ فَقَالَ اِنَّهُ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ وُدٍّ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ اِنْ كَانَ هُوَ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ وُدٍّ فَاَنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ فَاَعَادَ عَلَيَّ ﷺ الْكَلَامَ وَ اَعَدْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ امْضِ عَلَى اسْمِ اللهِ فَلَمَّا قَرُبْتُ مِنْهُ قَالَ مَنِ الرَّجُلُ قُلْتُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ قَالَ كُفُؤٌ كَرِيمٌ ارْجِعْ يَا ابْنَ اَخِي فَقَدْ كَانَ لِاَبِيكَ مَعِي صُحْبَةٌ وَ مُحَادَثَةٌ فَاَنَا اَكْرَهُ قَتْلَكَ فَقُلْتُ لَهُ يَا عَمْرُو اِنَّكَ قَدْ عَاهَدْتَ اللهَ اَلَّا يُخَيِّرَكَ اَحَدٌ ثَلَاثَ خِصَالٍ اِلَّا اخْتَرْتَ اِحْدَاهُنَّ فَقَالَ اعْرِضْ عَلَيَّ قُلْتُ تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ وَ تُقِرَّ بِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللهِ قَالَ هَاتِ غَيْرَ هَذِهِ قُلْتُ تَرْجِعُ مِنْ حَيْثُ جِئْتَ قَالَ وَ اللهِ لَا تَحَدَّثُ نِسَاءُ قُرَيْشٍ بِهَذَا اَنِّي رَجَعْتُ عَنْكَ فَقُلْتُ فَانْزِلْ فَاُقَاتِلْكَ قَالَ اَمَّا هَذِهِ فَنَعَمْ فَنَزَلَ فَاخْتَلَفْتُ اَنَا وَ هُوَ ضَرْبَتَيْنِ فَاَصَابَ الْحَجَفَةَ وَ اَصَابَ السَّيْفُ رَاْسِي وَ ضَرَبْتُهُ ضَرْبَةً فَانْكَشَفَتْ رِجْلَيْهِ فَقَتَلَهُ اللهُ عَلَى يَدِي فَفِيكُمْ اَحَدٌ فَعَلَ هَذَا غَيْرِي قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ حِينَ جَاءَ

مَرْحَبٌ وَ هُوَ يَقُولُ

اَنَا الَّذِی سَمَّتْنِی اُمِّی مَرْحَب
شَاكِ السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ
اَطْعَنُ اَحْيَاناً وَ حِيناً اَضْرِبُ

فَخَرَجْتُ اِلَيْهِ فَضَرَبَنِی وَ ضَرَبْتُهُ وَ عَلَی رَاْسِهِ نَقِيرٌ مِنْ جَبَلٍ لَمْ تَكُنْ تَصْلُحُ عَلَی رَاْسِهِ بَيْضَةٌ مِنْ عِظَمِ رَاْسِهِ فَقَلَّبْتُ النَّقِيرَ وَ وَصَلَ السَّيْفُ اِلَی رَاْسِهِ فَقَتَلْتُهُ فَفِيكُمْ اَحَدٌ فَعَلَ هَذَا قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ اَنْزَلَ اللهُ فِيهِ آيَةَ التَّطْهِيرِ عَلَی رَسُولِهِ ﷺ اِنَّمَا يُرِيدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً فَاَخَذَ رَسُولُ اللهِ ﷺ كِسَاءً خَيْبَرِيّاً فَضَمَّنِی فِيهِ وَ فَاطِمَةَ عليها السلام وَ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ ثُمَّ قَالَ يَا رَبِّ هَؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِی فَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَ طَهِّرْهُمْ تَطْهِيراً قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَ اَنْتَ يَا عَلِیُّ سَيِّدُ الْعَرَبِ قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِی الْمَسْجِدِ اِذْ نَظَرَ اِلَی شَیْءٍ يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ فَبَادَرَهُ وَ لَحِقَهُ اَصْحَابُهُ فَانْتَهَی اِلَی سُودَانٍ اَرْبَعَةٍ يَحْمِلُونَ سَرِيراً فَقَالَ لَهُمْ ضَعُوا فَوَضَعُوا فَقَالَ اكْشِفُوا عَنْهُ فَكَشَفُوا فَاِذَا اَسْوَدُ مُطَوَّقٌ بِالْحَدِيدِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَنْ هَذَا قَالُوا غُلَامٌ لِلرِّيَاحِيِّينَ كَانَ قَدْ اَبَقَ عَنْهُمْ خُبْثاً وَ فِسْقاً فَاَمَرُونَا اَنْ نَدْفِنَهُ فِی حَدِيدِهِ كَمَا هُوَ فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ مَا رَاَيْتُ قَطُّ اِلَّا قَالَ اَنَا وَ اللهِ اُحِبُّكَ وَ اللهِ مَا اَحَبَّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَ لَا اَبْغَضَكَ اِلَّا كَافِرٌ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَا عَلِیُّ لَقَدْ اَثَابَهُ اللهُ بِذَا هَذَا سَبْعُونَ قَبِيلًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ كُلُّ قَبِيلٍ عَلَی اَلْفِ قَبِيلٍ قَدْ نَزَلُوا يُصَلُّونَ عَلَيْهِ فَفَكَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ حَدِيدَتَهُ وَ صَلَّی عَلَيْهِ وَ دَفَنَهُ قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ مِثْلَ مَا قَالَ لِی اُذِنَ لِی الْبَارِحَةَ فِی الدُّعَاءِ فَمَا سَاَلْتُ رَبِّی شَيْئاً اِلَّا اَعْطَانِيهِ وَ مَا سَاَلْتُ لِنَفْسِی شَيْئاً اِلَّا سَاَلْتُ لَكَ مِثْلَهُ وَ اَعْطَانِيهِ فَقُلْتُ الْحَمْدُ لِلهِ قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ عَلِمْتُمْ اَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ بَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ اِلَی بَنِی جُذَيْمَةَ فَفَعَلَ مَا فَعَلَ فَصَعِدَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْمِنْبَرَ فَقَالَ اللهُمَّ اِنِّی اَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ يَا عَلِیُّ فَذَهَبْتُ فَوَدَيْتُهُمْ ثُمَّ نَاشَدْتُهُمْ بِاللهِ هَلْ بَقِیَ شَیْءٌ فَقَالُوا اِذْ نَشَدْتَنَا بِاللهِ فَمِيلَغَةُ كِلَابِنَا وَ عِقَالُ بَعِيرِنَا فَاَعْطَيْتُهُمَا لَهُمْ وَ بَقِیَ مَعِی ذَهَبٌ كَثِيرٌ فَاَعْطَيْتُهُمْ اِيَّاهُ وَ قُلْتُ هَذَا لِذِمَّةِ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَ لِمَا

تَعْلَمُونَ وَ لِمَا لَا تَعْلَمُونَ وَ لِرَوْعَاتِ النِّسَاءِ وَ الصِّبْيَانِ ثُمَّ جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ وَ اللهِ مَا يَسُرُّنِي يَا عَلِيُّ أَنَّ لِي بِمَا صَنَعْتَ حُمْرَ النَّعَمِ قَالُوا اللهُمَّ نَعَمْ قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ سَمِعْتُمْ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَا عَلِيُّ لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ أُمَّتِي الْبَارِحَةَ فَمَرَّ بِي أَصْحَابُ الرَّايَاتِ فَاسْتَغْفَرْتُ لَكَ وَ لِشِيعَتِكَ فَقَالُوا اللهُمَّ نَعَمْ قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ سَمِعْتُمْ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ اذْهَبْ فَاضْرِبْ عُنُقَ ذَلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي تَجِدُهُ فِي مَوْضِعِ كَذَا وَ كَذَا فَرَجَعَ فَقَالَ قَتَلْتُهُ قَالَ لَا وَجَدْتُهُ يُصَلِّي قَالَ يَا عُمَرُ اذْهَبْ فَاقْتُلْهُ فَرَجَعَ فَقَالَ قَتَلْتُهُ قَالَ لَا وَجَدْتُهُ يُصَلِّي فَقَالَ آمُرُكُمَا بِقَتْلِهِ فَتَقُولَانِ وَجَدْنَاهُ يُصَلِّي قَالَ يَا عَلِيُّ اذْهَبْ فَاقْتُلْهُ فَلَمَّا مَضَيْتُ قَالَ إِنْ أَدْرَكَهُ قَتَلَهُ فَرَجَعْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ لَمْ أَجِدْ أَحَداً فَقَالَ صَدَقْتَ أَمَا إِنَّكَ لَوْ وَجَدْتَهُ لَقَتَلْتَهُ قَالُوا اللهُمَّ نَعَمْ قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ فِيكُمْ أَحَدٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ كَمَا قَالَ لِي إِنَّ وَلِيَّكَ فِي الْجَنَّةِ وَ عَدُوَّكَ فِي النَّارِ قَالُوا اللهُمَّ لَا قَالَ نَشَدْتُكُمْ بِاللهِ هَلْ عَلِمْتُمْ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَيْسَ مِنْكَ وَ إِنَّهُ ابْنُ فُلَانٍ الْقِبْطِيِّ قَالَ يَا عَلِيُّ اذْهَبْ فَاقْتُلْهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ إِذَا بَعَثْتَنِي أَكُونُ كَالْمِسْمَارِ الْمَحْمِيِّ فِي الْوَبَرِ أَوْ أَتَثَبَّتُ قَالَ لَا بَلْ تَثَبَّتْ فَذَهَبْتُ فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيَّ اسْتَنَدَ إِلَى حَائِطٍ فَطَرَحَ نَفْسَهُ فِيهِ فَطَرَحْتُ نَفْسِي عَلَى أَثَرِهِ فَصَعِدَ عَلَى نَخْلٍ وَ صَعِدْتُ خَلْفَهُ فَلَمَّا رَآنِي قَدْ صَعِدْتُ رَمَى بِإِزَارِهِ فَإِذَا لَيْسَ لَهُ شَيْءٌ مِمَّا يَكُونُ لِلرِّجَالِ فَجِئْتُ فَأَخْبَرْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ فَقَالَ الْحَمْدُ للهِ الَّذِي صَرَفَ عَنَّا السُّوءَ أَهْلَ الْبَيْتِ فَقَالُوا اللهُمَّ لَا فَقَالَ اللهُمَّ اشْهَدْ

عامر بن واثلہ کہتے ہیں کہ روز شوریٰ میں اسی مکان میں تھا جہاں شوریٰ ہو رہا تھا۔ حضرت امیر المومنین علیہ السلام مجمع سے فرما رہے تھے کہ میں اس دن بھی سب سے زیادہ حقدار خلافت تھا، جب لوگوں نے ابوبکر کو مسند خلافت پر بٹھایا تھا۔

یاد رکھو! عمر نے مجھے پانچ افراد کے ساتھ رکھا کہ وہ لوگ جو مجھ سے کسی طرح افضل نہیں ہیں اور مجھ کو ان کا چھٹا مقرر کیا ہے۔

اس کے بعد حضرت نے ان لوگوں سے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو قسم دیتا ہوں تم میں کوئی بھی ایسا ہے جس نے مجھ سے پہلے وحدانیت باری کی گواہی دی ہو اور ایمان لایا ہو۔ نہیں نہیں۔ میں وہ ہوں جس کے متعلق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما گئے ہیں کہ

اے علیؑ! تم کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون و موسیٰ میں تھی بجز اس کے کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہ ہوگا۔

لوگوں نے کہا کوئی نہیں ہے۔

آپؑ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو قسم دیتا ہوں تم میں سے کوئی ہے جو تمام جہانوں کے پروردگار، اللہ کے رسول کے لئے قربانی کا جانور لایا ہو اور پھر آپ نے اس کو اپنے ساتھ شریک کیا ہو؟

لوگوں نے کہا کوئی نہیں ہے۔

آپؑ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو قسم دیتا ہوں جب طائر بریان حضرت کے سامنے پیش کیا گیا اور آپ نے دعا کی، بارالہا اپنے محبوب ترین بندے کو بھیج دے جو میرے ساتھ کھانے میں شریک ہو تو کون آیا اور حضرت کے ساتھ کھانے میں میرے سوا تم میں کون شریک ہوا تھا۔ لوگوں نے کہا بخدا کوئی نہیں۔

آپؑ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو قسم دیتا ہوں کہ جب عمر (بروزِ خیبر) واپس (ناکام) لوٹے اور ان کے ساتھی آپس میں ایک دوسرے کو بزدل کہتے تھے اور انہوں نے شکست تسلیم کرتے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پرچم واپس کر دیا تو کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ہے کہ جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو: ''کل میں علم ایک ایسے شخص کو دوں گا جو میدان چھوڑ کر بھاگ نہیں اٹھتا، اللہ اور اس کا رسولؐ اُسے دوست رکھتے ہیں اور وہ اللہ اور اس کے رسولؐ کو دوست رکھتا ہے جب تک اللہ اس کے ہاتھوں فتح نصیب نہیں کرے گا وہ واپس نہیں آئے گا''۔ لہٰذا جب صبح ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: ''علیؑ کو بلاؤ''

اس پر لوگوں نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! علی کو آشوب چشم ہے جو ابھی ختم نہیں ہوا۔

آپؐ نے فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ جب میں آپؐ کے سامنے آ کھڑا ہوا تو آپؐ نے میری آنکھ میں اپنا لعاب لگایا اور فرمایا: اے اللہ اس سے سردی و گرمی کو برطرف کر دے لہٰذا اسی لمحے اللہ نے سردی و گرمی کو مجھ سے برطرف فرما دیا اور میں نے پرچم اٹھا لیا تو اللہ نے مشرکین کو شکست دی اور مجھے ان پر فتح بخشی؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا۔

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں تم میں سے میرے علاوہ کسی کا بھائی میرے بھائی جعفرؑ کی طرح ہے جسے اللہ نے جنت میں دو پروں سے آراستہ کیا ہے اور ان کے ذریعے سے وہ جہاں چاہیں پرواز کرتا ہے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپؑ نے فرمایا: میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ میرے علاوہ تم میں سے کسی کا چچا حضرت حمزہؓ شیر خدا ہے جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھی شیر ہے اور جو سید الشہدا ہے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگوں میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ آیا میرے علاوہ تم میں سے کسی کے ایسے دو سبط ہیں

جیسے حسنؑ و حسینؑ میرے دو سبط ہیں جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے اور جنت کے جوانوں کے سردار ہیں؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو: میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم میں سے سوائے میرے کسی کی بیوی حضرت فاطمہؑ کی مانند ہے جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی، ان کے جگر کا ٹکڑا اور جنت کی عورتوں کی سردار ہیں؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا نے فرمایا ہو جو تم سے جدا ہوا اس نے مجھ سے جدائی اختیار کی اور جس نے مجھ سے جدائی اختیار کی اس نے اللہ کو چھوڑ دیا۔

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو: کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ جس کے دل میں میری محبت جاگ جائے مگر یہ کہ اس کے گناہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور (اسی طرح) جس کے دل میں میری محبت ہو اس کے دم میں تمہاری محبت بھی جاگ جاتی ہے۔ نیز وہ شخص جھوٹ بولتا ہے جو اس زعم میں ہے کہ وہ مجھ سے محبت کرتا ہے جبکہ تم سے بغض رکھتا ہے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو تم ہر غیبت میں میرے اہل خانہ اور مسلمانوں کے جانشین ہو، تمہارا دشمن میرا اور خدا کا دشمن ہے جبکہ تمہارا دوست میرا اور خدا کا دوست ہے۔؟

لوگوں نے کہا: بخدا نہیں!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو، اے علی جو تم سے محبت کرے اور تم سے دوستی رکھے رحمت اس کی جانب پیش قدمی کرتی ہے اور جو شخص تم سے بغض رکھے اور تم سے دشمنی رکھے لعنت اس کی طرف پیش قدمی کرتی ہے،۔ اس وقت عائشہؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، میرے اور میرے والد کے لئے دعا فرمائیں مبادا ہم علی سے بغض اور دشمنی رکھنے والے ہوں۔ آپ نے فرمایا: تم خاموش رہو، (کیونکہ) اگر تم اور تمہارا باپ ان لوگوں میں سے ہوئے جو علی سے دوستی رکھیں گے تو رحمت تمہاری جانب سبقت کرے گی جبکہ اگر ان لوگوں میں سے ہوئے جو اس سے بغض و عداوت رکھیں گے تو تمہاری جانب لعنت سبقت

کرے گی۔تم اور تمہارا باپ سخت ناپسندیدہ ہو اس لئے کہ تمہارا باپ وہ پہلا شخص ہے جو اس پر ظلم کرے گا اور اس سے جنگ کرنے میں تم پہلی ہو؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو، اے علی تم میرے بھائی ہو اور میں تمہارا بھائی ہوں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ نیز خلد میں تمہارا مکان میرے مکان کے عین سامنے ہوگا جس طرح کہ بھائی ایک دوسرے کے سامنے ہوتے ہیں؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے تعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمیا ہو، اے علی خدا نے ایک بات سے تم کو خصوصیت بخشی ہے اور تم کو عطا بھی کیا ہے، اللہ کے نزدیک دنیا میں زہد اختیار کرنے سے زیادہ پسندیدہ اور افضل کوئی عمل نہیں ہے، لہذا تم دنیا سے کچھ لو گے اور نہ ہی وہ تم سے کچھ لے گی اور زہد قیامت کے دن اللہ کے نیکوکار بندوں کی زینت ہے۔ خوشا نصیب اس شخص کے لئے جو تم سے محبت کرے اور تمہاری تصدیق کرے جبکہ وائے ہو اس شخص پر جو تم سے بغض رکھے اور تمہیں جھٹلائے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کو رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھیجا ہوتا کہ وہ پانی لے کر آئے جس طرح کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بھیجا تھا تو میں جا کر اپنی پیٹھ پر مشک لاد کر لا ہی رہا تھا کہ ایک ہوا میرے سامنے آئی اور اس نے مجھے پلٹا دیا یہاں تک کہ مجھے زمین پر بٹھا دیا ، پھر میں کھڑا ہو گیا تو پھر ایک ہوا میرے سامنے آئی اور اس نے مجھے پلٹا دیا یہاں تک کہ مجھے زمین پر بیٹھا دیا ایک بار پھر میں کھڑا ہوا کہ ایک ہوا میرے سامنے آئی اور اس نے مجھے پلٹا دیا یہاں تک کہ مجھے زمین پر بٹھا دیا، بعد ازیں میں کھڑا ہو گیا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ گیا تو آپ نے مجھ سے کہا: اتنی دیر کیوں لگا دی؟ میں نے آپ کو پورا قصہ سنا دیا تو آپ نے فرمایا، میرے پاس جبرائیلؑ آئے تھے اور انھوں نے مجھے خبر دی کہ پہلی ہوا جبرائیل تھے جو بمع ایک ہزار فرشتوں کے تم سلام کر رہے تھے، دوسری ہوا میکائیلؑ تھے جو بمع ایک ہزار فرشتوں کے تم کو سلام کر رہے تھے تیسری ہوا اسرافیلؑ تھے جو بمع ایک ہزار فرشتوں کے تم کو سلام کر رہے تھے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس نے رسول خدا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر کچھ لکھا ہو جس طرح میں نے لکھا ہے جب میں لکھ رہا تھا تو رسول خدا پر غشی طاری ہوگئی جب کہ میں سمجھ رہا تھا کہ آپ مجھے املا کروا رہے ہیں مگر جب آپ بیدار ہوئے تو کہنے لگے۔ اے علی تمہیں یہاں سے وہاں تک کس نے املا کروایا، تو میں نے کہا آپ نے اے اللہ کے رسول، آپ نے فرمایا: نہیں بلکہ جبرائیل نے تمہیں املا کروایا ہے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے لئے آسمان سے ندا آئی ہو، نہیں ہے کوئی تلوار مگر ذوالفقار اور نہیں ہے کوئی جوان مگر علی؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ بات کہی ہو جو میرے متعلق کہی ہے، اگر مجھے اس بات کا ڈر نہ ہوتا کہ ہر کوئی تمہارے قدموں کی مٹی بھر خاک لے کر اسے برکتی شمار کرے گا اور اسے اپنی آئندہ نسلوں کے لئے رکھ چھوڑے گا تو میں تمہارے بارے میں ایسی بات کہتا کہ لوگ تمہارے قدموں کی مٹی بھر خاک کو تبرک کے طور پر اٹھاتے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو، دروازے کی نگرانی کرو کہ بلاشبہ فرشتے میری زیارت کو آتے ہیں؛ لہٰذا لوگوں میں سے کسی کو بھی اجازت مت دینا، پس عمر تین مرتبہ آئے تو میں نے ان کو رسول کی بات بتادی کہ آپ حجاب میں ہیں اور ان کی زیارت کو فرشتے آئے ہوئے ہیں اور ان کی اتنی اتنی تعداد ہے۔ اس کے بعد (چوتھی مرتبہ) میں نے ان کو اجازت دے دی اور وہ اندر داخل ہو کر کہنے لگے، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں آپ کے پاس متعدد بار آیا مگر علی نے مجھے لوتا دیا اور کہہ دیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجاب میں ہیں اور ان کی زیارت کو فرشتے آئے ہوئے ہیں کہ ان کی اتنی اتنی تعداد ہے، تو علی تعداد کے متعلق کیونکر جانتے ہیں، کیا انہوں نے فرشتوں کو دیکھا تھا؟

آپ نے فرمایا، اے علی، یہ ٹھیک کہہ رہا ہے؟ تمہیں ان کی تعداد کا علم کیسے ہوا؟،،

میں نے عرض کیا، مجھے کئی مرتبہ سلام کیا گیا اور میں نے ان آوازوں کو سنا اور نے (اس طرح) تعداد شمار کر لی،، اس پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو کیونکہ تم میرے بھائی عیسٰی کی سنت پائی جاتی ہے،، پس عمر یہ کہتے ہوئے باہر نکل گئے کہ آپ نے علی کے لئے ابن مریم کی مثال دی جبکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

"وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ۔ وَقَالُوا ءَ اٰلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ ۚ مَا

ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ۔ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ۔ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ"

اور جب مریم کے بیٹے کی مثال بیان کی گئی تو اس سے تمہاری قوم کے کھل کھلا کے ہنسنے لگے اور کہنے لگے کہ بھلا ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ (عیسیٰ) ان لوگوں عیسیٰ کی مثال دی تو صرف جھگڑنے کے لئے، بلکہ یہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو، وہ (عیسیٰ) تو بس ہمارے ایک بندے تھے جن پر ہم نے احسان کیا اور ان کو ہم نے بنی اسرائیل کے لئے نمونہ بنایا اور اگر ہم چاہتے تو تم ہی لوگوں میں سے فرشتے بنا دیتے جو زمین میں تمہارے جانشین ہوتے،،۔ [1]

لوگوں نے کہا: بخدا نہیں!

آپ نے فرمایا اے لوگوں میں تم کو اللہ کی وسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو،، بلا شبہ طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے کہ اس کی جڑ علی کے مکان میں ہے اور کوئی مومن ایسا نہیں جس کے گھر میں اس کی شاخوں میں سے کوئی شاخ نہ ہو؟،،

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو، تم میری سنت پر رہ کر جنگ کرو گے اور مجھے بریٔ الذمہ کر دو گے؟

لوگوں نے کہا نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو تم ناکثین، قاسطین اور مارقین سے جنگ کرو گے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم میں سے کوئی ایسا ہے جو رسول خدا کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوا ہو جب آپ کا سر مبارک ان (جبرائیل) کی گود میں ہو تو انہوں نے میرے متعلق کہا ہو اپنے چچازاد بھائی سے قریب ہو جائیں کہ آپ اس کے سزاوار تر ہیں؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کی گود میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سر مبارک رکھا ہو یہاں تک کہ سورج گروب ہو گیا ہو اور اس نے عصر (کی نماز) بھی نہ پڑھی ہو مگر جب

---

[1] سورۂ زخرف آیت ۵۷ تا ۶۰

آپ بیدار ہوئے تو فرمایا ہو، اے علی کیا تم نے عصر کی نماز پڑھ لی؟ میں نے کہا نہیں! اس موقع پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی ہو اور اس طرح سورج اپنی تابانی پر لوٹ آیا اور میں نے نماز پڑھی اور اس کے بعد سورج گروب ہو گیا ہو؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں (مجھے سچ بتاؤ) کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق اللہ عزوجل نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا ہو کہ کسی کو اظہار بیزاری (برائت) کے لئے بھیجیں تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکر کو بھیجا مگر حضرت جبرائیل آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ کام سوائے آپ کے یا آپ کے قریبی رشتہ دار کے کوئی اور انجام نہ دے! رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بھیجا اور میں ابوبکر سے لے کر چلا گیا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے میں نے یہ کام انجام دیا تو اس موقع پر اللہ نے آپ کی زبان پر یہ کلام جاری کیا کہ میں آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوں؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں (مجھے سچ بتاؤ) کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو تم نور (ایک نسخہ میں امام ہے) ہو میری اطاعت سے اور میرے اولیا کے نور ہو نیز تم وہ کلمہ ہو جس سے پرہیزگار لوگ منسلک ہیں؟ لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا؛ اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو جس کے لئے یہ بات خوش آئند ہو کہ وہ میری زندگی جیئے، میری موت مرے اور میری اس جنت میں مکین ہو جس کا وعدہ مجھ سے میرے پروردگار نے کیا ہے وہ جنات عدن جس کی بنیاد اللہ نے اپنے ہاتھوں سے رکھی اور اس کے بعد کہا ہو جا! تو وہ ہو گئی لہٰذا ایسے شخص کو چاہئے کہ علی بن ابی طالب کو دوست رکھے اور اس کے بعد اس کی ذریت کو بھی کہ یہی آئمہ ہیں اور یہی اوصیا بھی نیز اللہ نے ان کو میرا علم اور میری فہم عطا کی ہے کہ (کہ) پھر تم لوگ گمراہی کے باپ میں داخل ہو گے اور نہ ہی باب ہدایت سے باہر نکلو گے۔ ان کو مت سیکھاؤ کہ یہ تم سے زیادہ جانتے ہوں کہ جہاں یہ جاتے ہیں وہاں حق ان کے ساتھ ساتھ رہتا ہے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو یہ حتمی امر ہے اور اس پر مہر ثبت ہو چکی ہے کہ تم سے سوائے مومن کے کوئی محبت نہیں کرے گا اور سوائے منافق کے تم سے کوئی بغض نہیں رکھے گا؟ لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمیا اے لوگو: میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ بات کہی ہے، تمہاری ولایت کے قائل قیامت کے دن اپنی قبروں سے سفید اونٹنیوں پر سوار نکلیں گے اوران کی نعلین کے بندنور کے ہوں گے جو چمکیں گے، ان کے لئے راہیں آسان ہوچکی ہوں گی، ان سے سختیاں دور ہوگئی ہوں گی، انہیں امان بخشی جائے گی اورغم واندہ کوان سے برطرف کردیا جائے گا یہاں تک کہ وہ عرش رحمان کے سئے میں راہ چلیں گے۔ نیز ان کے سامنے دسترخوان رکھے جائیں گے جن میں سے وہ تناول کریں گے یہاں تک کہ وہ حساب سے فارغ ہو جائیں گے (درحالیکہ) لوگ خوف کررہے ہوں گے جبکہ ان کوکوئی خوف لاحق نہیں ہوگا، لوگ غمگین ہوں گے مگران کوکوئی غم لا حق نہ ہوگا؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے کہ جب ابوبکر حضرت فاطمہؑ کی خواستگاری کے لئے آئے تھے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے نکاح میں دینے سے انکار کردیا، عمر خواستگاری کے لئے آئے تو ان کے نکاح میں دینے سے بھی انکار کردیا ہو اور جب میں نے خواستگاری کی تو آپ نے میری شادی ان سے کروادی، لہٰذا ابوبکر اور عمر آئے اور کہنے لگے آپ نے ہم دونوں کو انکار کردیا اور علیؑ سے شادی کروادی؟! رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے تم دونوں کو منع کرکے علیؑ کی شادی نہیں کروائی، بلکہ اللہ نے تم دونوں کو دینے سے انکار کردیا اور علیؑ سے شادی کروادی؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم لوگوں نے رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، کہ قیامت کے دن ہر سبب اور نسب منقطع ہوجائے گا سوائے میرے سبب اور نسب کے، تو بھلا میرے سبب سے افضل کون سا سبب ہے؟ اور میرے نسب سے افضل کونسا نسب ہے؟ جبکہ میرے والدؑ اور رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد آپس میں بھائی تھے، حسنؑ وحسینؑ جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے اور جوانانِ جنت کے سردار ہیں وہ میرے بیٹے ہیں اور فاطمہؑ بنت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری زوجہ اور جنت کی عورتوں کی سردار ہیں؟

لوگوں نے کہا: بخدا، کیوں نہیں!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو، اللہ نے مخلوقات کو خلق کیا اور پھر انہیں دو دستوں میں تقسیم کیا اور مجھے بہترین دستہ میں رکھا، پھر ان دستوں کو قبیلوں میں تقسیم کیا اور مجھے بہترین قبیلہ میں رکھا، اس کے بعد قبیلوں کو خاندانوں میں تقسیم کیا اور مجھے بہترین خاندانوں میں

رکھا، اس کے بعد انہیں گھروں میں تقسیم کیا اور مجھے بہترین گھر میں رکھا، اس کے میرے گھر والوں میں مجھ علی اور جعفر کو منتخب کیا اور مجھے ان میں سے بہترین قرار دیا۔ پس میں ابوطالب کے دونوں بیٹوں کے سامنے سو رہا تھا کہ جبرائیل آئے اور ان کے ہمراہ ایک فرشتہ تھا تو اس نے کہا: اے جبرائیل، تمہیں ان میں سے کس کے پاس بھیجا گیا ہے؟ جبرائیل بولے: ان کی جانب اس کے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے بٹھا دیا؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد کی طرف کھلنے والے ہر مسلمان کا دروازہ بند کروا دیا مگر میرے دروازہ کو بند نہیں کیا تو حضرت عباسؓ اور حجرت حمزہؓ آ کر کہنے لگے آپ نے ہمیں نکال دی اور اس کو سکونت دی؟ آپ نے فرمایا: میں نے تمہیں نکالا ہے اور نہ ہی اسے سکونت دی، بلکہ اللہ نے تم لوگوں کو نکالا ہے اور اسے سکونت دی ہے؛ بلاشبہ اللہ عزوجل نے حضرت موسیٰؑ کی جانب وحی کی کہ مسجد کو پاک کرو اور اس میں تم، ہارونؑ اور ہارون کے دونوں بیٹے فروکش ہو جاؤ۔ جبکہ اللہ عزوجل نے میری طرف وحی کی کہ میں مسجد کو پاک کرو اور میں، علی اور علی کے دونوں بیٹے اس میں فروکش ہو جائیں؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو حق علی کے ساتھ ہے اور علی حق کے ساتھ، یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں؟ لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے کہ جب مشرکین آپ کے قتل کے ارادے سے آئے تھے تو اس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان سے بچایا ہو، لہٰذا میں ان کے بستر پر لیٹ گیا ے ھا جبکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غار کی جانب چلے گئے تھے اور جب انہوں نے دیکھا کہ میں ہوں تو مجھ سے کہنے لگے: تمہارے چچازاد کہاں ہیں؟ میں نے کہا: مجھے نہیں معلوم! تو ان لوگوں نے مجھے زدوکوب کیا اور قریب تھا کہ وہ مجھے قتل کر دیتے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا نے وہ بات کہی ہو جو آپ نے میرے متعلق کہی کہ اللہ نے مجھے علی کی ولایت کا حکم دیا ہے، پس اس کی ولایت میری ولایت ہے اور میرے پروردگار کی ولایت بھی؛ مجھ سے خدا نے عہد لیا ہے اور حکم دیا کہ میں یہ بات تم تک پہنچاؤں تو کیا تم

لوگوں نے سن لیا؟ لوگوں نے کہا: ہاں ہم نے سن لیا! آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ایسا ہے جو یہ کہتا ہے کہ میں نے سن لیا جبکہ وہ اپنے کاندھوں پر لوگوں کو اٹھا کر اس (علی) سے عداوت سے کام لے گا! لوگ کہنے لگے: ہمیں ان افراد سے آگاہ کیجئے، آپ نے فرمایا: آگاہ رہو! میرا پروردگار مجھے ان لوگوں کے بارے میں بتاتا ہے اور مجھے اس بات کا حکم دیتا ہے کہ جو کچھ انہوں نے کیا ہے اس کی وجہ سے میں ان سے روگردانی کروں اوت تم میں سے ہر ایک کے لئے یہی کافی ہے جو علی کے لئے اس کے دل میں ہے؟ لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا؛ اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں (مجھے سچ بتاؤ) کہ کیا میرے علاوہ کوئی تم میں سے ایسا ہے جس نے بنوعبدالدار کے نوسو ماؤں کو قتل کیا ہو؟ ان میں سے ہر ایک پرچم اٹھائے تھا اور ان کے بعد ان کا غلام صواب حبشی آیا اور کہنے لگا: بخدا میں اپنے آقاؤں کے بدلے میں سوائے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے کسی کو قتل نہیں کروں گا درحالیکہ اس کے ہونٹوں سے جھاگ بہہ رہا تھا اور اس کی آنکھیں سرخ ہو چکی تھیں اور اس موقع پر تم سب لوگ اس سے ڈر گئے اور کنارہ کشی کر لی مگر میں اس کے مقابلے میں آیا لہٰذا جب وہ میرے سامنے آیا تو بلند مینارہ کی مانند تھا اور ہمارے درمیان دو دو وار چلے تو میں نے اس کے دو نصف ٹکرے کر دیئے اب اس کی دونوں ٹانگیں اور کولہے رہ گئے تھے اور اس کی ٹانگیں زمیں پر رہ گئیں لہٰذا جب مسلمانوں کی نگاہ اس پر پڑی تو وہ ہنسنے لگے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس نے قریش کے مشرکوں کو اس طرح قتل کیا ہو جس طرح کہ میں نے؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے کہ جب عمرو ابن عبدود نے للکارا تھا کہ ''ہے کوئی میرے مقابلے پر آنے والا؟!'' اور تم سب کے سب دبک کر بیٹھ گئے تھے تو کیا میرے علاوہ کسی نے قیام کیا تھا کہ اس وقت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: ''کہاں جا رہے ہو؟''

میں نے جواب دیا تھا: ''میں اس فاسق کی طرف جا رہا ہوں!''

اس پر آپ نے کہا تھا: ''یہ عمرا بن عبدود ہے!''

میں نے جواب میں کہا تھا: ''اے اللہ کے رسول، اگر وہ عمرو ابن عبدود ہے تو میں علی بن ابی طالب ہوں،''

اس وقت آپ نے اپنی بات دہرائی میں نے بھی اپنا جواب دہرا دیا، لہٰذا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ کا نام لے کر جاؤ!''

پس جب میں اس کے قریب پہنچا تو اس نے کہا: ''یہ مرد کون ہے؟''

میں نے کہا: ''علی ابن ابی طالب''

اس نے کہا: ''کریم و ہم پلہ ہو، جاؤ اے میرے برادر زادہ کہ تمہارے والد میرے ہم نشین و ہم سخن رہ چکے ہیں لہٰذا مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں تمہیں قتل کروں۔''

میں نے اس سے کہا: ''اے عمرو! تم نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ جو کوئی تمہارے سامنے تین باتیں پیش کرے گا تم ان میں سے ایک کو قبول کر لو گے۔''

اس نے کہا: ''مجھے بتاؤ وہ کیا باتیں ہیں؟''

میں نے کہا: ''تم یہ گواہی دے دو کہ نہیں ہے کوئی معبود بجز اللہ کے اور یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور اللہ کی جانب سے آئی ہوئی ہر چیز کا اقرار کر لو۔''

اس نے کہا: ''اس کے علاوہ کوئی اور بات کہو''

میں نے کہا: ''تم جہاں سے آئے ہو وہیں لوٹ جاؤ!''

اس نے کہا: ''بخدا، قریش کی عورتیں مجھے طعنے دیں گی اگر میں تمہیں پیٹھ دکھا کر چلا گیا''

اس وقت میں نے کہا: ''تو پھر میرے مقابلے پر اتر آؤ!''

اس نے کہا؛ ''ہاں یہ بات ٹھیک ہے''

لہٰذا وہ مقابلے پر آیا اور میرے اور اس کے درمیان دو دو وار ہوئے تو اس کی ایک تلوار نے میری ڈھال کو توڑ دیا اور میرے سر پر جا لگی تو اس پر میں نے بھی اس پر وار کیا اور اس کی دونوں ٹانگیں کٹ گئیں اور اللہ نے میرے ہاتھوں اسے قتل کیا؛ تو کیا تم میں سے کوئی ہے جس نے ایسا کارنامہ سرانجام دیا ہو؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جو مرحب کے مقابلہ پر گیا ہو جب وہ آ کر کہنے لگا تھا کہ میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام مرحب رکھا ہے میں سراپا ہتھیار اور تجربہ کار جنگجو ہوں کہ کبھی نیزہ مارتا ہوں تو کبھی تلوار سے وار کرتا ہوں۔ تو اس وقت میں اس کے مقابلے پر گیا تھا اور اس نے مجھے ضربت لگائی تھی لہٰذا میں نے اس کے سر پر ضربت لگائی کہ اس کا سر بہت بڑا تھا اور اس پر کوئی خود نہیں تھا کہ اس میں تلوار اپنی جگہ بناتی، اس نے ایک پہاڑی پتھر کو خود کو کی جگہ سر پر رکھا تھا جو بیچ سے کھوکھلا تھا لیکن میری تلوار اس کے سر کے اندر گھس گئی۔

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے بارے میں رسول خدا پر آیت تطہیر "اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا" نازل ہوئی ہو اور اس موقع پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک خیبری چادر کو اٹھایا اور مجھے، فاطمہؑ، حسنؑ، حسینؑ کو اس میں شامل کر لیا اور پھر فرمایا ''اے میرے پروردگار، یہ میرے اہل بیت ہیں لہٰذا تو ان سے پلیدی کو دور رکھا اور انہیں ایسا پاکیزہ قرار دے جیسا کہ پاکیزگی کا حق ہے''؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے بارے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو ''میں بنی آدم کا پیشوا ہوں اور تم عرب کے پیشوا ہو، اے علی!''؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد میں آسمان سے نازل ہونے والی شے کو دیکھا تو آپ جلدی سے اس کی جانب گئے اور آپ کے اصحاب بھی آپ کے پیچھے چل دیئے، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چار سیاہ افراد کے پاس پہنچے جو ایک تابوت اٹھائے ہوئے تھے تو آپ نے ان سے کہا: ''اسے زمین پر رکھ دو!'' انھوں نے رکھ دیا تو آپ نے فرمایا: ''اسے کھولو!'' انہوں نے کھول دیا تو کیا دیکھا کہ اس میں ایک سیاہ شخص ہے جس کی گردن میں آہنی طوق ہے، لہٰذا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''یہ کون ہے'' انہوں نے کہا: ''ریاحین کا غلام ہے جو خباثت اور فسق کرتے ہوئے ان کے ہاں سے بھاگ گیا تھا تو انہوں نے ہمیں اس کو آہنی طوق پہنا کے دفن کرنے کا حکم دیا ہے جس طرح کہ آپ دیکھ رہے ہیں'' تو اس وقت میں نے اسے دیکھا اور کہا: ''اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اس نے مجھے کبھی نہیں دیکھا مگر کہتا تھا کہ بخدا میں تم سے محبت کرتا ہوں اور تم سے سوائے مومن کے کوئی محبت نہیں کرے گا اور سوائے کافر کے کوئی تم سے بغض نہیں رکھے گا۔'' تو کیا میرے علاوہ کوئی تم میں ایسا ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہو: ''اے علی، اللہ نے اس کا ثواب اس کو عطا کر دیا ہے کہ ابھی فرشتوں کے ستر قبیلے کہ ان میں سے ہر قبیلہ ایک ہزار گروہوں پر مشتمل ہے نے نازل ہو کر اس پر نماز پڑھی ہے، پھر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے طوق کو نکالا، اس پر نماز پڑھی اور اسے دفن کر دیا؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں (مجھے سچ بتاؤ) کہ کیا میرے علاوہ تم میں سے کوئی ایسا جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسی بات کہی ہو جو میرے متعلق کہی ہے کہ ''گذشتہ شب مجھے اذن دیا گیا کہ جو چاہوں دعا مانگوں تو میں نے اپنے رب سے جو مانگا وہ اس نے مجھے عطا کیا جبکہ میں نے اپنی ذات کے لئے کچھ نہیں مانگا بلکہ محض تمہارے

لئے دعا کی ہے'' تو میں نے کہا ''الحمدللہ''

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تمہیں اس بات کا علم ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خالد بن ولید کو بنو جذیمہ کے پاس بھیجا تھا تو اس نے وہ کام کیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے اور تین مرتبہ فرمایا: ''اے میرے اللہ، خالد ابن ولید نے جو کچھ کیا میں تیرے لئے اس سے بیزاری کا اظہار کرتا ہوں۔'' اس کے بعد فرمایا: ''اے علی، جاؤ!'' تو میں نے جاکے ان کی دیتیں ادا کردیں۔ پھر میں نے انہیں اللہ کی قسم دے کر پوچھا کہ آیا اب بھی کچھ باقی رہتا ہے؟ تو وہ کہنے لگے: ''آپ نے ہمیں اللہ کی قسم دی ہے تو اب ہمارے کتوں کے ظروف اور اونٹوں کے زانوں بندر ہتے ہیں' لہذا میں نے ان دونوں چیزوں کا جبران بھی کیا اور اس کے بعد بھی میرے پاس وافر مقدار میں سونا بچ گیا تو میں نے وہ بھی ان ہی کو دے دیا اور کہہ دیا: ''یہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذمہ ہے کہ جو تم جانتے ہو وہ بھی اور جس کا تم کو علم نہیں ہے وہ بھی اس میں شامل ہے اور عورتوں اور بچوں کے حراساں ہونے کا عوض۔'' اس کے بعد میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں اس بات کی خبر دی تو آپ نے فرمایا: ''اے علی، سرخ بالوں والے اونٹوں کے گلوں سے زیادہ خوش میں اس کام سے ہوں جو تم نے کیا ہے؟''

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے کہ ''اے علی، گذشتہ شب میرے سامنے میری امت کو پیش کیا گیا اور اس میں پرچم دار میرے پاس سے گزرے تو میں نے تمہارے لئے اور تمہارے شیعوں کے لئے مغفرت طلب کی''

لوگوں نے کہا: بخدا، ہم نے سنا ہے!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے کہ ''اے ابو بکر، جاؤ اور اس شخص کی گردن مار دو جسے تم فلاں فلاں جگہ پر موجود پاؤ!'' پس وہ لوٹ آئے اور کہنے لگے: ''میں نے اس کو قتل کر دیا ہے۔''

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''نہیں، تم نے اسے نماز پڑھتے پایا ہے۔'' آپ نے فرمایا: ''اے عمر، تم جاؤ اور اسے قتل کردو!'' وہ (بھی) واپس آ گئے اور کہنے لگے: ''میں نے اسے قتل کر دیا۔''

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''نہیں، تم نے اسے نماز کی حالت میں دیکھا؛ میں تم دونوں سے کہتا ہوں کہ اسے قتل کر دو تو تم دونوں کہتے ہو کہ ہم نے اسے نماز کی حالت میں پایا'' (پھر) آپ نے فرمایا: ''اے علی، تم جاؤ اور اس شخص کو قتل کردو

!'' جب میں جانے لگا تو آپ نے فرمایا: ''اگر وہ تم کو مل جائے تو اسے قتل کر دو''

پس میں واپس آیا اور عرض کیا: ''اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، میں نے وہاں کسی کو نہ دیکھا'' تو آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو اس لئے کہ اگر وہ تم کو مل جاتا تو تم اس کو قتل کر دیتے''؟

لوگوں نے کہا: نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا؛ اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم میں سے کوئی ایسا ہے جس کے کتعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ بات کہی ہو جو آپ نے میرے متعلق کہی ہے کہ ''تمہارا دوست جنت میں جائے گا اور تمہارا دشمن جہنم میں''؟

لوگوں نے کہا؛ نہیں بخدا!

آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تم کو اللہ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ کیا تمہیں اس بات کا علم ہے کہ عائشہؓ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا: ''ابراہیم آپ کی اولاد نہیں ہے بلکہ وہ تو فلاں قبطی کا بیٹا ہے'' تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے علی، جاؤ اور اس فلاں قبطی کو قتل کر دو!''

میں نے عرض کیا: ''اگر آپ نے مجھے بھیجا تو میری مثال اوون میں تاپے ہوئے لوہے کی سی ہوگی یا یہ کہ میں حقیقت کا پتہ لگاؤں؟''

آپ نے فرمایا: ''نہیں بلکہ (پہلے) تحقیق کرو!'' لہٰذا میں چلا گیا اور جب اس قبطی نے مجھے اپنی طرف آتے دیکھا تو وہ ایک باغ کی طرف چلا گیا اور میں نے بھی اس کا تعقب کیا، اس پر وہ کھجور کے درخت پر جا چڑھا تو میں بھی اس کے پیچھے پیچھے چڑھتا گیا، لہٰذا جب اس نے دیکھا کہ میں بھی چڑھ گیا ہوں تو اس نے اپنا ازار بند کھول دیا تو میں نے دیکھا کہ اس کا عضو تناسل ہی نہیں ہے اور میں نے آکر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ بات بتا دی تو آپ نے فرمایا: ''تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہم اہل بیتؑ سے برائی کو ٹال دیا''؟

لوگوں نے کہا: بخدا، ہم جانتے ہیں!

آپؑ نے فرمایا: اے میرے اللہ، تو گواہ رہنا۔

باب۔ ۲۳

اس باب میں پچاس یا اس سے زیادہ عدد کی احادیث ہیں

الحقوق الخمسون التي كتب بها علي بن الحسين سيد العابدين عليه السلام إلى بعض أصحابه

وہ پچاس حقوق جو امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے بعض اصحاب کو لکھوائے

① حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ الْفَزَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَيْرَانُ بْنُ دَاهِرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سُلَيْمَانَ الْجَبَلِيُّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلٍ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ قَالَ هَذِهِ رِسَالَةُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام اِلَى بَعْضِ اَصْحَابِهِ اعْلَمْ اَنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْكَ حُقُوقاً مُحِيطَةً بِكَ فِي كُلِّ حَرَكَةٍ تَحَرَّكْتَهَا اَوْ سَكِنَةٍ سَكَنْتَهَا اَوْ حَالٍ حُلْتَهَا اَوْ مَنْزِلَةٍ نَزَلْتَهَا اَوْ جَارِحَةٍ قَلَبْتَهَا اَوْ آلَةٍ تَصَرَّفْتَ فِيهَا فَاَكْبَرُ حُقُوقِ اللهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى عَلَيْكَ مَا اَوْجَبَ عَلَيْكَ لِنَفْسِهِ مِنْ حَقِّهِ الَّذِي هُوَ اَصْلُ الْحُقُوقِ ثُمَّ مَا اَوْجَبَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْكَ لِنَفْسِكَ مِنْ قَرْنِكَ اِلَى قَدَمِكَ عَلَى اخْتِلَافِ جَوَارِحِكَ فَجَعَلَ عَزَّ وَ جَلَّ لِلِسَانِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِسَمْعِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِبَصَرِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِيَدِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِرِجْلِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِبَطْنِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِفَرْجِكَ عَلَيْكَ حَقّاً فَهَذِهِ الْجَوَارِحُ السَّبْعُ الَّتِي بِهَا تَكُونُ الْاَفْعَالُ ثُمَّ جَعَلَ عَزَّ وَ جَلَّ لِاَفْعَالِكَ عَلَيْكَ حُقُوقاً فَجَعَلَ لِصَلَاتِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِصَوْمِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِصَدَقَتِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِهَدْيِكَ عَلَيْكَ حَقّاً وَ لِاَفْعَالِكَ عَلَيْكَ حُقُوقاً.

ثُمَّ يَخْرُجُ الْحُقُوقُ مِنْكَ اِلَى غَيْرِكَ مِنْ ذَوِي الْحُقُوقِ الْوَاجِبَةِ عَلَيْكَ فَاَوْجَبُهَا عَلَيْكَ حُقُوقُ اَئِمَّتِكَ ثُمَّ حُقُوقُ رَعِيَّتِكَ ثُمَّ حُقُوقُ رَحِمِكَ فَهَذِهِ حُقُوقٌ تَتَشَعَّبُ مِنْهَا حُقُوقٌ فَحُقُوقُ اَئِمَّتِكَ ثَلَاثَةٌ اَوْجَبُهَا عَلَيْكَ حَقُّ سَائِسِكَ بِالسُّلْطَانِ ثُمَّ حَقُّ سَائِسِكَ بِالْعِلْمِ ثُمَّ حَقُّ سَائِسِكَ بِالْمِلْكِ وَ كُلُّ سَائِسٍ اِمَامٌ وَ حُقُوقُ رَعِيَّتِكَ ثَلَاثَةٌ اَوْجَبُهَا عَلَيْكَ حَقُّ رَعِيَّتِكَ بِالسُّلْطَانِ ثُمَّ حَقُّ رَعِيَّتِكَ

بِالْعِلْمِ فَإِنَّ الْجَاهِلَ رَعِيَّةُ الْعَالِمِ ثُمَّ حَقُّ رَعِيَّتِكَ بِالْمِلْكِ مِنَ الْأَزْوَاجِ وَ مَا مَلَكَتِ الْأَيْمَانُ وَ حُقُوقُ رَعِيَّتِكَ كَثِيرَةٌ مُتَّصِلَةٌ بِقَدْرِ اتِّصَالِ الرَّحِمِ فِي الْقَرَابَةِ وَ أَوْجَبُهَا عَلَيْكَ حَقُّ أُمِّكَ ثُمَّ حَقُّ أَبِيكَ ثُمَّ حَقُّ وَلَدِكَ ثُمَّ حَقُّ أَخِيكَ ثُمَّ الْأَقْرَبُ فَالْأَقْرَبُ وَ الْأَوْلَى فَالْأَوْلَى ثُمَّ حَقُّ مَوْلَاكَ الْمُنْعِمِ عَلَيْكَ ثُمَّ حَقُّ مَوْلَاكَ الْجَارِيَةِ نِعْمَتُهُ عَلَيْكَ ثُمَّ حَقُّ ذَوِي الْمَعْرُوفِ لَدَيْكَ ثُمَّ حَقُّ مُؤَذِّنِكَ لِصَلَاتِكَ ثُمَّ حَقُّ إِمَامِكَ فِي صَلَاتِكَ ثُمَّ حَقُّ جَلِيسِكَ ثُمَّ حَقُّ جَارِكَ ثُمَّ حَقُّ صَاحِبِكَ ثُمَّ حَقُّ شَرِيكِكَ ثُمَّ حَقُّ مَالِكَ ثُمَّ حَقُّ غَرِيمِكَ الَّذِي تُطَالِبُهُ ثُمَّ حَقُّ غَرِيمِكَ الَّذِي يُطَالِبُكَ ثُمَّ حَقُّ خَلِيطِكَ ثُمَّ حَقُّ خَصْمِكَ الْمُدَّعِي عَلَيْكَ ثُمَّ حَقُّ خَصْمِكَ الَّذِي تَدَّعِي عَلَيْهِ ثُمَّ حَقُّ مُسْتَشِيرِكَ ثُمَّ حَقُّ الْمُشِيرِ عَلَيْكَ ثُمَّ حَقُّ مُسْتَنْصِحِكَ ثُمَّ حَقُّ النَّاصِحِ لَكَ ثُمَّ حَقُّ مَنْ هُوَ أَكْبَرُ مِنْكَ ثُمَّ حَقُّ مَنْ هُوَ أَصْغَرُ مِنْكَ ثُمَّ حَقُّ سَائِلِكَ ثُمَّ حَقُّ مَنْ سَأَلْتَهُ ثُمَّ حَقُّ مَنْ جَرَى لَكَ عَلَى يَدَيْهِ مَسَاءَةٌ بِقَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ عَنْ تَعَمُّدٍ مِنْهُ أَوْ غَيْرِ تَعَمُّدٍ ثُمَّ حَقُّ أَهْلِ مِلَّتِكَ عَلَيْكَ ثُمَّ حَقُّ أَهْلِ ذِمَّتِكَ ثُمَّ الْحُقُوقُ الْجَارِيَةُ بِقَدْرِ عِلَلِ الْأَحْوَالِ وَ تَصَرُّفِ الْأَسْبَابِ.

ارْزُقْنِي وَ اَمَّا الثَّالِثَةُ وَ الْخَمْسُونَ فَاِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى لَنْ يَذْهَبَ بِالدُّنْيَا حَتَّى يَقُومَ مِنَّا الْقَائِمُ يَقْتُلُ مُبْغِضِينَا وَ لَا يَقْبَلُ الْجِزْيَةَ وَ يَكْسِرُ الصَّلِيبَ وَ الْاَصْنَامَ وَ يَضَعُ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا وَ يَدْعُو اِلَى اَخْذِ الْمَالِ فَيَقْسِمُهُ بِالسَّوِيَّةِ وَ يَعْدِلُ فِي الرَّعِيَّةِ وَ اَمَّا الرَّابِعَةُ وَ الْخَمْسُونَ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَا عَلِيُّ سَيَلْعَنُكَ بَنُو اُمَيَّةَ وَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ مَلَكٌ بِكُلِّ لَعْنَةٍ اَلْفَ لَعْنَةٍ فَاِذَا قَامَ الْقَائِمُ لَعَنَهُمْ اَرْبَعِينَ سَنَةً وَ اَمَّا الْخَامِسَةُ وَ الْخَمْسُونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ لِي سَيُفْتَتَنُ فِيكَ طَوَائِفُ مِنْ اُمَّتِي فَيَقُولُونَ اِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ لَمْ يُخَلِّفْ شَيْئاً فَبِمَاذَا اَوْصَى عَلِيّاً اَ وَ لَيْسَ كِتَابُ رَبِّي اَفْضَلَ الْاَشْيَاءِ بَعْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ الَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ لَئِنْ لَمْ تَجْمَعْهُ بِاِتْقَانٍ لَمْ يُجْمَعْ اَبَداً فَخَصَّنِي اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِذَلِكَ مِنْ دُونِ الصَّحَابَةِ وَ اَمَّا السَّادِسَةُ وَ الْخَمْسُونَ فَاِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى خَصَّنِي بِمَا خَصَّ بِهِ اَوْلِيَاءَهُ وَ اَهْلَ طَاعَتِهِ وَ جَعَلَنِي وَارِثَ مُحَمَّدٍ ﷺ فَمَنْ سَاءَهُ سَاءَهُ وَ مَنْ سَرَّهُ سَرَّهُ وَ اَوْمَاَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَدِينَةِ وَ اَمَّا السَّابِعَةُ وَ الْخَمْسُونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ فِي بَعْضِ الْغَزَوَاتِ فَفَقَدَ الْمَاءَ فَقَالَ لِي يَا عَلِيُّ قُمْ اِلَى هَذِهِ الصَّخْرَةِ وَ قُلْ اَنَا رَسُولُ رَسُولِ اللهِ ﷺ انْفَجِرِي لِي مَاءً فَوَ اللهِ الَّذِي اَكْرَمَهُ بِالنُّبُوَّةِ لَقَدْ اَبْلَغْتُهَا الرِّسَالَةَ فَاطَّلَعَ مِنْهَا مِثْلُ ثُدِيِّ الْبَقَرِ فَسَالَ مِنْ كُلِّ ثَدْيٍ مِنْهَا مَاءٌ فَلَمَّا رَاَيْتُ ذَلِكَ اَسْرَعْتُ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ انْطَلِقْ يَا عَلِيُّ فَخُذْ مِنَ الْمَاءِ وَ جَاءَ الْقَوْمُ حَتَّى مَلَئُوا قِرَبَهُمْ وَ اِدَاوَاتِهِمْ وَ سَقَوْا دَوَابَّهُمْ وَ شَرِبُوا وَ تَوَضَّئُوا فَخَصَّنِي اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِذَلِكَ مِنْ دُونِ الصَّحَابَةِ وَ اَمَّا الثَّامِنَةُ وَ الْخَمْسُونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ اَمَرَنِي فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ وَ قَدْ نَفِدَ الْمَاءُ فَقَالَ يَا عَلِيُّ ائْتِنِي بِتَوْرٍ فَاَتَيْتُهُ بِهِ فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى وَ يَدِي مَعَهَا فِي التَّوْرِ فَقَالَ انْبُعْ فَنَبَعَ الْمَاءُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِنَا وَ اَمَّا التَّاسِعَةُ وَ الْخَمْسُونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ وَجَّهَنِي اِلَى خَيْبَرَ فَلَمَّا اَتَيْتُهُ وَجَدْتُ الْبَابَ مُغْلَقاً فَزَعْزَعْتُهُ شَدِيداً فَقَلَعْتُهُ وَ رَمَيْتُ بِهِ اَرْبَعِينَ خُطْوَةً فَدَخَلْتُ فَبَرَزَ اِلَيَّ مَرْحَبٌ فَحَمَلَ عَلَيَّ وَ حَمَلْتُ عَلَيْهِ وَ سَقَيْتُ الْاَرْضَ مِنْ دَمِهِ وَ قَدْ كَانَ وَجَّهَ رَجُلَيْنِ مِنْ اَصْحَابِهِ فَرَجَعَا مُنْكَسِفَيْنِ وَ اَمَّا السِّتُّونَ فَاِنِّي قَتَلْتُ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ وُدٍّ وَ كَانَ يُعَدُّ بِاَلْفِ رَجُلٍ وَ اَمَّا الْحَادِيَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ يَا عَلِيُّ مَثَلُكَ فِي اُمَّتِي مَثَلُ قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ فَمَنْ اَحَبَّكَ بِقَلْبِهِ فَكَاَنَّمَا قَرَاَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ وَ مَنْ اَحَبَّكَ بِقَلْبِهِ وَ اَعَانَكَ بِلِسَانِهِ فَكَاَنَّمَا قَرَاَ ثُلُثَيِ الْقُرْآنِ وَ مَنْ اَحَبَّكَ بِقَلْبِهِ وَ اَعَانَكَ بِلِسَانِهِ وَ نَصَرَكَ بِيَدِهِ فَكَاَنَّمَا قَرَاَ الْقُرْآنَ كُلَّهُ وَ اَمَّا الثَّانِيَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنِّي كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فِي جَمِيعِ الْمَوَاطِنِ وَ الْحُرُوبِ وَ كَانَتْ رَايَتُهُ مَعِي وَ اَمَّا الثَّالِثَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنِّي لَمْ اَفِرَّ مِنَ الزَّحْفِ قَطُّ وَ لَمْ يُبَارِزْنِي اَحَدٌ اِلَّا سَقَيْتُ

الْاَرْضَ مِنْ دَمِهٖ وَ اَمَّا الرَّابِعَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ اُتِيَ بِطَيْرٍ مَشْوِيٍّ مِنَ الْجَنَّةِ فَدَعَا اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ اَنْ يَدْخُلَ عَلَيْهِ اَحَبُّ خَلْقِهٖ اِلَيْهِ فَوَفَّقَنِي اللهُ لِلدُّخُولِ عَلَيْهِ حَتَّى اَكَلْتُ مَعَهُ مِنْ ذٰلِكَ الطَّيْرِ وَ اَمَّا الْخَامِسَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنِّي كُنْتُ اُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ فَجَاءَ سَائِلٌ فَسَاَلَ وَ اَنَا رَاكِعٌ فَنَاوَلْتُهُ خَاتَمِي مِنْ اِصْبَعِي فَاَنْزَلَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى فِيَّ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللهُ وَ رَسُولُهُ وَ الَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَ يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَ هُمْ رَاكِعُونَ وَ اَمَّا السَّادِسَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى رَدَّ عَلَيَّ الشَّمْسَ مَرَّتَيْنِ وَ لَمْ يَرُدَّهَا عَلَى اَحَدٍ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ﷺ غَيْرِي وَ اَمَّا السَّابِعَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ اَمَرَ اَنْ اُدْعَى بِاِمْرَةِ الْمُؤْمِنِينَ فِي حَيَاتِهٖ وَ بَعْدَ مَوْتِهٖ وَ لَمْ يُطْلِقْ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ غَيْرِي وَ اَمَّا الثَّامِنَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ يَا عَلِيُّ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ نَادَى مُنَادٍ مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ اَيْنَ سَيِّدُ الْاَنْبِيَاءِ فَاَقُومُ ثُمَّ يُنَادَى اَيْنَ سَيِّدُ الْاَوْصِيَاءِ فَتَقُومُ وَ يَاْتِينِي رِضْوَانُ بِمَفَاتِيحِ الْجَنَّةِ وَ يَاْتِينِي مَالِكٌ بِمَقَالِيدِ النَّارِ فَيَقُولَانِ اِنَّ اللهَ جَلَّ جَلَالُهُ اَمَرَنَا اَنْ نَدْفَعَهَا اِلَيْكَ وَ نَاْمُرَكَ اَنْ تَدْفَعَهَا اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ فَتَكُونُ يَا عَلِيُّ قَسِيمَ الْجَنَّةِ وَ النَّارِ وَ اَمَّا التَّاسِعَةُ وَ السِّتُّونَ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ لَوْلَاكَ مَا عُرِفَ الْمُنَافِقُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَ اَمَّا السَّبْعُونَ فَاِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ نَامَ وَ تَوَسَّدَنِي وَ زَوْجَتِي فَاطِمَةَ وَ ابْنَيَّ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ وَ اَلْقَى عَلَيْنَا عَبَاءَةً قَطَوَانِيَّةً فَاَنْزَلَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى فِينَا اِنَّمَا يُرِيدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً وَ قَالَ جَبْرَئِيلُ عليه السلام اَنَا مِنْكُمْ يَا مُحَمَّدُ فَكَانَ سَادِسُنَا جَبْرَئِيلَ عليه السلام.

مکحول کہتے ہیں کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اصحاب حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معلوم ہے کہ میں ہر صحابی کی فضیلت میں شریک ہوں اور اس سے افضل ہوں اور مجھ میں ستر فضیلتیں ایسی ہیں جو کسی میں نہیں۔

(۱) میں نے ایک آن کے لیے بھی خدا کے سوا کسی کی پرستش نہیں کی اور نہ لات وعزیٰ کی پرستش کی۔

(۲) کبھی شراب نہیں پی۔

(۳) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ کو کمسنی ہی میں میرے والد سے لے لیا تھا اور میں اسی زمانے سے حضرت کے ساتھ رہا اور آپ کی خدمت کا شرف حاصل کرتا رہا۔

(۴) میں سب سے پہلے اسلام وایمان لایا۔

(۵) حسب ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ کو آپ سے وہی نسبت ومنزلت تھی جو جناب ہارون کو حضرت موسیٰ سے تھی۔

(۶) میں نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قبر میں اتارا اور سب کے بعد آپ سے جدا ہوا۔

(۷) میں شبِ ہجرت حضرت کے فرش خواب پر سویا۔ مشرکوں نے سوال کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں گئے؟ میں نے کہا ضرورت سے گئے ہیں۔ سب نے کہا بیشک اگر ہمارے خوف سے بھاگے ہوتے تو علی ضرورت ان کے ساتھ جاتے۔

(۸) مجھ کو حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہزار باب علم کے تعلیم فرمائے کہ ہر برور سے ہزار ہزار بات علم کے اور کشادہ ہو گئے اور تمام اصحاب میں کسی کو علم کا ایک باب بھی تعلیم نہ فرمایا۔

(۹) حضرت نے فرمایا کہ یا علی روز قیامت تمام انبیاء اپنے اپنے منبروں پر ہوں گے اور میرا منبر ہر نبی کے منبر سے برتر ہوگا اور ان کے اوصیا بھی اپنے اپنے منبروں پر ہوں گے اور تمہارا منبر ہر وصی کے منبر سے برتر ہوگا اور اس پر بیٹھو گے۔

(۱۰) حضرت نے فرمایا ہے کہ روز قیامت مجھ کو کوئی شرف نہ حاصل ہوگا مگر یہ کہ تم کو بھی ویسا ہی شرف دیا جائے گا۔

(۱۱) میرے بارے میں حضرت نے فرمایا ہے کہ تمہاری مثال کشتی نوح کی ہے جس نے اس کی مخالفت کی اور اس پر نہ بیٹھا وہ غرق ہوا جس نے تم سے روگردانی کی وہ گمراہ ہوا۔

(۱۲) میں حضرت کا بھائی ہوں اور حضرت میرے بھائی۔ آپ نے فرمایا ہے کہ ہم دونوں جنت میں ساتھ جائیں گے۔

(۱۳) روز جنگ (خندق) حضرت نے اپنا عمامہ میرے سر پر باندھ کر دعائے فتح و کامیابی دی اور میں نے خدا کی مدد سے دشمن کو قتل کیا۔

(۱۴) ایک روز حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ کو حکم دیا کہ یہ گوسفند جس کا دودھ خشک ہو گیا ہے اس کا دودھ نکالو۔ میں نے عرض کی یا حضرت آپ اپنا دست برکت اس پر پھیریں۔ آپ نے فرمایا کہ یا علی تمہارا فعل میرا فعل ہے۔ میں نے آپ کے حکم سے دودھ دوہ کر حضرت کی خدمت میں پیش کیا۔

(۱۵) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ کو اپنا وصی قرار دیا اور فرمایا کہ یا علی تمہارے سوا کوئی اور مجھ سے غسل نہ دے نہ دفن کرے۔ اگر کسی نے غسل دیا اور اس کی نظر میرے جسم پر پڑیں تو آنکھیں نکل پڑیں گی۔

(میں نے عرض کی یا حضرت میں تنہا کیوں کر آپ کو غسل دوں گا۔ فرمایا غیبی امداد تمہارے شامل حال ہوگی۔ خدا کی قسم میں نے حضرت کے جس عضو کو اٹھانا چاہا۔ معلوم ہوتا تھا کہ وہ خود اٹھا جا رہا ہے۔

(۱۶) میں نے چاہا کہ غسل دینے کے لیے حضرت کا کرتہ اتاروں لیکن ایک غیبی آواز آئی کہ یا علی جسم رسول کو برہنہ نہ کرو۔ تمام اصحاب پیغمبر میں یہ شرافت مجھی کو حاصل ہے۔

(۱۷) باوجود اس کے کہ ابوبکر و عمر نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فاطمہ کی درخواست کی تھی مگر خداوند عالم کے حکم سے میرا عقد سیدہ کے ساتھ ہوا۔ حضرت فرمایا کہ یا علی تم کو گوارا ہو یہ نعمت کہ خدا نے تمہاری شادی فاطمہ کے ساتھ کی۔ میں نے عرض

کی یا حضرت کیا میں آپ سے نہیں ہوں۔ فرمایا (بیشک) تم مجھ سے ہو اور میں تم سے۔ جس طرح ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کا معین و مددگار رہوتا ہے اسی طرح ہم ہیں اور دنیا و آخرت میں ایک دوسرے سے مستغنی نہیں ہیں۔

(۱۸) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم قیامت میں میرے علم بردار ہوگے۔ لوائے حمد تمہارے ہاتھ میں ہوگا۔ اس دن تم مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہوگے۔ میری مسند گروہ انبیاء میں اور تمہاری گروہ اوصیاء میں ہوگی۔ تاج نور اور اکلیل کرامت تمہارے سر پر رکھا جائے گا اور ستر ہزار فرشتے تم کو اپنے حلقے میں لیے رہیں گے جب تک خداوند عالم حساب خلائق سے فارغ ہو۔

(۱۹) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ عن قریب تم ناکثان و مارقان و قاسطان سے جنگ کروگے۔ تم اپنے دشمن کے ہر ہر فرد کے عوض ایک ایک لاکھ شیعوں کی شفاعت کروگے۔

میں نے عرض کی یا حضرت ناکثان سے کون سا گروہ مقصود ہے؟ فرمایا طلحہ و زبیر جو حجاز میں تم سے بیعت کریں گے اور عراق میں منحرف ہو جائیں گے جب وہ لوگ تم سے پھر جائیں تو ان سے جنگ کرنا تا کہ اہل زمین پاک ہو جائیں۔

میں نے عرض کی مارقین کون ہیں؟ فرمایا خوارج جو ذوالثدیہ کا گروہ ہے وہ لوگ اس طرح دین سے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے۔ ان کو قتل کرنا کہ اہل زمین کو راحت ہو اور ان پر عذاب اور تمہارے لیے عمل خیر کا ذخیرہ۔

پھر میں نے سوال کیا قاسطین کون لوگ ہیں؟ فرمایا معاویہ اور اس کے ہم خیال۔

(۲۰) میرے بارے میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمہاری مثال میری امت میں باب حطہ کی ہے بنی اسرائیل میں یعنی جس کے دل میں تمہاری محبت ہے دوایہ میں دین میں اس در سے داخل ہوا جس در سے داخل ہونے کا خدا نے حکم دیا ہے۔

(۲۱) میرے بارے میں حضرت نے فرمایا کہ میں علم کا شہر ہوں اور اے علی تم اس کا دروازہ۔ شہر میں کوئی آ نہیں سکتا جب تک دروازے سے داخل نہ ہو۔

(پھر فرمایا یا علی تم عن قریب میرے عہد کا لحاظ کروگے اور میری ہی طرح جہاد کروگے۔ مگر میری امت تمہاری مخالفت کرے گی۔

(۲۲) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے فرزندوں کے بارے میں فرمایا ہے کہ حسن و حسین کو خدا نے اس نور سے پیدا کیا ہے جو تم کو اور فاطمہ کو ملا ہے ان کی مثال دو گوشواروں کی ہے جو کانوں میں چمکتے رہتے ہیں اور شہدا کے نور سے ستر درجہ زیادہ نورانی ہوتے ہیں۔ اے علی خدا نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کو وہ عزت دوں گا جو انبیاء و مرسلین کے علاوہ کسی کو حاصل نہ ہوگی۔

(۲۳) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی انگوٹھی، زرہ اور کمر بند مجھ کو عنایت فرمایا۔ تلوار میری کمر میں باندھی حالانکہ تمام اصحاب خصوصا میرے چچا عباس موجود تھے۔

(۲۴) آیہ نجویٰ پر عمل کرنے والا سارے اصحاب میں میرے سوا کوئی اور نہیں۔

(۲۵) حضرت نے فرمایا کہ تمام انبیاء پر بہشت حرام ہے جب تک میں اخل جنت نہ ہوں اور تمام اوصیاء پر حرام ہے۔ جب تک تم داخل نہ ہو یا علی خداوند عالم نے تمہارے بارے میں ایسا مژدہ دیا ہے جو کسی پیغمبر کو نہیں دیا گیا یعنی تم تمام انبیاء کے سید و سردار ہو اور تمہارے دونوں فرزند سردار جوانان جنت ہیں۔

(۲۶) جعفر طیار میرا بھائی ہے جو جواہر نگار پروں سے جنت میں فرشتوں کے ساتھ پرواز کرتا ہے۔

(۲۷) میرے چچا حمزہ سید الشہداء ہیں۔

(۲۸) حضرت فرما گئے ہیں کہ خداوند عالم نے تمہارے بارے میں خبر دی ہے کہ میں پیغمبر ہوں اور تم میرے جانشین۔ عنقریب میری امت تمہارے ساتھ وہی برتاؤ جو قوم موسیٰ نے جناب موسیٰ کے ساتھ کیا تھا۔ صبر کرنے کے لیے آمادہ رہو۔ یا علی تمہارا دوست میرا دوست۔ میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔

(۲۹) مجھ کو حضرت نے خبر دی ہے کہ روز قیامت حوض کوثر پر تمہارا تسلط اور قبضہ تم میرے اور اپنے دشمنوں کو وہاں سے مایوس واپس کرو گے اور دوستوں کو سیراب کرو گے۔

(۳۰) حضرت فرما گئے ہیں کہ میری امت کے پانچ علم بردار بروز قیامت محشور ہوں گے۔ سب سے پہلا علم بردار اس امت کا فرعون معاویہ ہے۔ دوسرے اس امت کا سامری عمر عاص ہے۔ تیسرے اس امت کا جاثلیق ابوموسیٰ اشعری ہے۔ چوتھا علم ابواعور سلمی کا ہے اور پانچواں علم یا علی تمہارا ہوگا جس کے نیچے سارے مومنین ہوں گے تم ان کے پیشوا ہو گے۔

اس کے بعد خداوند عالم پہلے چار علم برداروں سے فرمائے گا کہ جاؤ اور نور کو تلاش کرو۔ ان کے درمیان ایک دیوار حائل ہو جائے گی جس کے اندر رحمت الٰہی ہوگی اور وہ میرے شیعہ ہوں گے اور وہ لوگ جنہوں نے مجھ سے محبت کی میرے ساتھ باغیوں اور ناکثوں سے جنگ کی، یہی وہ لوگ یعنی دشمن آواز دیں گے کہ آیا ہم تمہارے ساتھ نہیں تھے۔ یہ لوگ کہیں گے، تھے تو لیکن تم نے خود اپنے کو فریب دیا اور شک میں مبتلا ہو گئے۔ دنیا کی آرزو نے تم کو دھوکہ دیا یہاں تک کہ تم کو موت آ گئی۔ آج نہ تم سے کوئی عوض قبول کیا جائے گا۔ نہ کفار سے تمہاری جگہ جہنم۔ تم کو وہیں پناہ ملے گی اور انجام تمہارا برا ہے پھر میرے دوست آ آ کر حوض محمدی سے سیراب ہوں گے۔ میرے ہاتھ میں ایک عصا ہوگا جس سے میں دشمنان خدا ہٹاتا جاؤں گا۔ جس طرح اجنبی اونٹ کنوئیں پر سے ہٹا دیا جاتا ہے۔

(۳۱) میرے بارے میں حضرت نے فرمایا ہے کہ اگر یہ خیال نہ ہوگا کہ امت کے غالی تمہارے حق میں وہ کلمہ

کہیں جو پسر جناب مریم کے متعلق نصرانی کہتے ہیں تو آج تمہاری وہ فضیلت بیان کرتا کہ تم جدھر سے گزرتے لوگ تمہارے قدموں کی خاک باعث شفا سمجھ کا اٹھالے جاتے۔

(۳۲) حضرت نے فرمایا ہے کہ جس طرح خداوند عالم نے دشمنوں سے مجھ کو محفوظ رکھا اور مدد کی میں نے دعا کی ہے کہ اسی طرح تم کو بھی محفوظ رکھے۔

(۳۳) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام اخبار گزشتہ وآئندہ مجھے بتائے۔

(۳۴) آیہ مباہلہ میں انفسنا سے میں، نسائنا سے فاطمہ زہرا، ابنائنا سے حسن وحسین مراد ہیں۔

(۳۵) رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روز جنگ مجھ سے ایک مٹھی خاک منگوائی۔ میں نے اٹھا کر سونگھی تو اس سے بوئے مشک آرہی تھی۔ میں نے وہ مٹی حضرت کی خدمت میں پیش کی۔ اس میں چار سنگریزے فردوس کے۔ ایک مشرق کا، ایک مغرب کا، ایک تحت عرش کا تھا۔ حضرت نے لے کر مشرکین کی طرف پھینکا۔ اس میں ہر دانہ کے ساتھ ایک لاکھ فرشتے میری مدد کے لیے آئے تھے۔ خدا نے اس فضیلت سے نہ مجھے پہلے کسی کو سرفراز کیا نہ میرے بعد معزز وممتاز فرمائے گا۔

(۳۶) حضرت فرما چکے ہیں یا علی تمہارے قاتل پر وائے ہے، وہ نمرود سے زیادہ بدنصیب، بے کنندہ ناقہ ثمود سے زیادہ شقی ہے۔ تمہارے قتل سے عرش الٰہی لرزاں ہوگا۔ خوشخبری ہو تم کو کہ تمہارا شمار گروہ صدیقین وشہداء صالحین میں ہے۔

(۳۷) تمام اصحاب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں خداوند عالم نے قرآن کی ناسخ ومنسوخ ومحکم ومتشابہ عام وخاص کا علم عنایت فرمایا۔ یہ مجھ پر اللہ کا احسان ہے اس نے حضرت کو حکم دیا کہ مجھ کو اپنے سے قریب تر رکھیں۔ تعلیم دین اور سختی نہ فرمائیں اور مجھ کو یاور کہنے کی تاکید فرمائیں۔

(۳۸) حضرت نے مجھ کو ایک لڑائی پر پہنچا کر میرے حق میں دعا کی اور جو باتیں میرے جانے کے بعد ہوئیں، ان سے مجھ کو آگاہ فرمایا۔ بعض اصحاب نے حضرت کے اس لطف وکرم کو دیکھ کر کہا اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیار میں ہوتا تو علی کو نبوت بھی دیدیتے۔

(۳۹) حضرت کا ارشاد ہے جو مجھ کو دوست رکھے اور علی کا دشمن ہو وہ ہرگز میرا دوست نہیں۔ صرف مومن ہی کے دل میں میری اور علی کی محبت بیک وقت ہوسکتی ہے۔ فرمایا یا علی میرے اور تمہارے دوست کو خداوند عالم نے جنت کا پیش رو بنایا ہے اور میرے اور تمہارے دشمنوں کو جہنمی قرار دیا ہے۔

(۴۰) کسی لڑائی میں ایک بار حضرت نے مجھ کو پانی لانے کے لیے کنوئیں پر بھیجا۔ کنواں خشک پڑا تھا میں نے عرض کی، یا حضرت کنواں خشک ہے۔ آپ نے فرمایا اس کی گیلی مٹی لے آؤ۔ میں لے آیا۔ آپ نے اس پر کچھ پڑھا اور فرمایا یہ مٹی پھر اسی کنوئیں میں ڈال دو۔ میں نے کنوئیں میں ڈال دی، کنوئیں سے پانی ابلنے لگا۔ میں نے حضرت کو خبر دی آپ

نے فرمایا کہ یہ پانی برکت سے نکلا۔

(۴۱) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جبریل امین نے مجھ کو خبر دی کہ خداوند عالم نے آپ کے اصحاب پر نظر فرمائی اور آپ کے خویش علی بن ابی طالب علیہما السلام کو ان میں سب سے بہتر دیکھ کر ان کو آپ کا جانشین بنایا۔

(۴۲) حضرت فرمایا ہے کہ بہشت عنبر سرشت میں میرا قصر اور تمہارا برابر برابر ہے۔ تم اعلائے علیین میں میرے ساتھ ہوگے۔ میں نے عرض کی یا حضرت اعلائے علیین کیا ہے؟ فرمایا اعلائے علیین سفید موتی کا محل ہے جس میں ستر ہزار دروازے ہیں اور وہ ہم دونوں کا محل ہے۔

(۴۳) حضرت فرمایا ہے کہ یا علی صرف مومن پرہیز گار تم سے محبت کرے گا اور تمہارا دشمن منافق ہوگا۔

(۴۴) حضرت فرما گئے ہیں کہ میرا دشمن عرب ہے تو ولد الزنا ہوگا اور عجمی ہے تو بدنصیب ہوگا۔

(۴۵) حضرت نے میری آنکھوں پر لعاب دہن لگا کر دعا کی اور جب سے مجھے آنکھوں کی تکلیف نہیں ہوئی۔

(۴۶) حضرت نے اپنے تمام اصحاب کو حکم دیا کہ جن کے دروازے مسجد میں ہیں وہ بند کر لیں، لیکن میرے لیے یہ حکم نہیں تھا۔

(۴۷) حضرت نے مجھ سے وصیت کی تھی کہ قرضوں کو ادا کروں۔ وعدوں کو پورا کروں۔ میں نے عرض کی یا حضرت میں کیوں کر ادا کر سکتا ہوں؟ حضرت نے فرمایا اللہ تمہاری مدد فرمائے گا (ویسا ہی ہوا کہ) جب میں نے قرض ادا یا وعدہ کو پورا کرنا چاہا، خداوند عالم نے میری مدد فرمائی اور میں نے اسی ہزار ادا کر دیئے۔ بقیہ کے متعلق میں نے اپنے فرزند حسن سے وصیت کی ہے، وہ ادا کرے گا۔

(۴۸) حضرت ایک بار میرے یہاں تشریف لائے۔ ہم لوگ تین دن کے فاقے سے تھے۔ آپ نے فرمایا کچھ کھانا ہے؟ میں نے عرض کی یا حضرت ہم سب لوگ تین روز کے فاقے سے ہیں۔ اپنی دختر نیک اختر سے فرمایا دیکھو اندر کچھ رکھا ہے؟ انہوں نے عرض کی میں اندر سے آرہی ہوں۔ کچھ نہیں تھا۔ میں نے عرض کی حکم ہو تو میں جاؤں۔ فرمایا خدا کا نام لے کر جاؤ۔ میں گیا تو دیکھا ایک کاسہ میں ٹکڑے پکے ہوئے اور ایک طبق میں رطب تازہ رکھے ہوئے ہیں۔ میں لے آیا اور حضرت کی خدمت میں رکھ دیا۔ پھر حضرت کے ساتھ ہم لوگوں نے سیر ہو کر کھایا۔

(۴۹) خداوند عالم نے اپنے حبیب کو نبوت سے سرفراز کیا اور انہوں نے مجھ کو خلافت کا شرف بخشا۔ جو مجھے دوست رکھے وہ خوش نصیب ہے۔

(۵۰) میں نے بحکم حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابوبکر سے سورۂ برات لے کر اس کی تبلیغ کی۔

(۵۱) حضرت نے مجھ کو مقام غدیر خم میں بلند کر کے فرمایا کہ جس کا مولا میں ہوں یہ علی بھی اس کا مولا ہے۔

(۵۲) حضرت نے مجھ کو دعائے وسعت رزق تعلیم فرمائی اور وہ یہ دعا ہے:

يَا رَازِقَ الْمُقِلِّينَ وَ يَا رَاحِمَ الْمَسَاكِينِ وَ يَا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ وَ يَا أَبْصَرَ النَّاظِرِينَ وَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ارْحَمْنِي وَ ارْزُقْنِي.

(اے تہی دامنوں کو رزق دینے والے اے مسکینوں پر رحم کرنے والے اور سب سے زیادہ سننے والے اے سب سے بہتر دیکھنے والے، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے تو مجھ پر رحم فرما اور مجھے رزق عطا فرما)۔

(۵۳) جناب اقدس الٰہی اس وقت تک دنیا کو فنا نہ کرے گا جب تک ہمارے خاندان سے ایک قائم ظاہر ہو کر ہمارے دشمنوں کا خاتمہ نہ کر دے۔ وہ کسی سے جزیہ قبول نہ کرے گا۔ صلیب اور بتوں کو توڑ ڈالے گا وہ دنیا کی آخری جنگ ہوگی۔ کفار کے مال کو ضبط کر کے برابر تقسیم کرے گا۔ رعایا کے درمیان عدل و انصاف کرے گا۔

(۵۴) میں نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ یا علی عنقریب بنی امیہ لعنہم اللہ تم پر لعنت کریں گے اور خداوند عالم ہر ہر لعنت کے عوض ان پر ہزار ہزار لعنت کرے گا اور جب ہمارا قائم ظاہر ہوگا تو بنی امیہ پر چالیس برس تک لعنت کرے گا۔

(۵۵) حضرت فرما گئے ہیں کہ بعض فرقوں کا تمہارے متعلق امتحان ہوگا وہ کہیں جب حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مال دنیا سے) کچھ چھوڑا ہی نہیں تو علی کا اپنا وصی کیوں بنایا۔ کیا حضرت کے بعد قرآن مجید ہر شے سے بہتر نہیں ہے۔ یا علی خدا کی قسم اگر تم قرآن کو جمع نہ کرو گے تو کوئی جمع نہ کر سکے گا۔

(۵۶) مجھ کو خداوند عالم نے اپنے اطاعت شعار بندوں اور دوستوں کی (تمام) خصوصیتیں عنایت فرمائی ہیں۔ میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وارث ہوں جو چاہے (اس امر سے) خوش ہو جو چاہے ناراض۔

(۵۷) ایک غزوہ میں حضرت کا لشکر نایابی آب کی مشکل میں گرفتار ہو گیا۔ ایک پتھر کی جانب اشارہ کر کے) آپ نے مجھ کو حکم دیا کہ اس پتھر کے قریب جا کر کہو کہ میں فرستادہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں مجھ کو پانی دے۔ یہ کہنا تھا کہ پتھر سے پانی جاری ہوا۔ میں نے حضرت کو خبر دی، آپ نے فرمایا جاؤ اور پانی لے آؤ۔ میں اور میرے ساتھ اور لوگ بھی گئے اپنی اپنی مشکیں بھریں۔ خود پیا، جانوروں کو پلایا۔ یہ شرف پیغام رسانی اور اظہار معجزہ میرے ذریعے سے ہوا۔

(۵۸) پھر دوسرے موقعہ پر کسی لڑائی میں پانی کی ضرورت ہوئی تو حضرت نے ایک پیالہ منگوا کر اپنا اور میرا ہاتھ پیالے میں رکھا۔ بقدرت الٰہی ہم دونوں کی انگلیوں سے پانی جاری ہوا۔

(۵۹) جنگ خیبر میں حضرت نے مجھ کو جہاد کے لیے بھیجا۔ جب قلعہ کے قریب پہنچا تو دیکھا کہ دروازہ بند ہے۔ میں نے ایک ہی جھٹکے میں توڑ کو اس کو چالیس قدم دور پھینکا۔ مرحب مقابلے کے لیے نکلا۔ بس تھوڑی سی رد و بدل کے بعد اس

کو قتل کیا۔ حالانکہ مجھ سے پہلے حضرت دو صحابیوں کو بھیج چکے تھے مگر وہ ناکام و شکست خوردہ واپس آ چکے تھے۔

(۶۰) جنگ خندق میں عمرو بن عبدود کو جو ایک ہزار جوانوں کے برابر تھا۔ حضرت کے حکم سے میں نے قتل کیا۔ جب میں چلا تو آپ نے فرمایا کل کفر کے مقابلہ میں پورا ایمان جا رہا ہے۔ اور جب عمرو کو قتل کیا تو فرمایا علی ایک ضرت جنگ خندق میں دونوں جہان کی عبادت سے بہتر ہے۔

(۶۱) میرے بارے میں حضرت نے فرمایا ہے کہ یا علی تمہاری مثال میری امت میں سورۂ قل ہو اللہ احد کی ہے جس نے تم کو دل سے دوست رکھا۔ ان سے ایک ثلث (تہائی) قرآن گویا ختم کیا اور جس نے تم سے دل سے محبت کی، زبان سے اقرار کیا گویا اس نے دو ثلث قرآن ختم کیا۔ اور جس نے دل سے محبت کی، زبان سے اقرار کیا اور ہاتھوں سے مدد بھی کی، اس نے گویا پورا قرآن ختم کیا۔

(۶۲) میں ہر لڑائی میں حضرت کا علم بردار رہا۔

(۶۳) میں کبھی جنگ سے نہیں بھاگا۔ جو میرے مقابلے میں آیا وہ قتل ہوا اور مارا گیا۔

(۶۴) میں نے طائر بریان جنت حضرت کے ساتھ نوش کیا۔

(۶۵) میں حالت رکوع میں جب مسجد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نماز پڑھ رہا تھا۔ اپنی انگشتری سائل کو زکوٰۃ میں دی اور میرے بارے میں آیہ انما ولیکم اللہ و رسول نازل ہوا۔

(۶۶) میرے لیے دوبارہ رجعت آفتاب ہوئی۔

(۶۷) حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف مجھ کو امیر المومنین کا خطاب دیا ہے جو میرے سوا کسی اور کا خطاب نہیں ہو سکتا۔

(۶۸) میں تقسیم کنندہ جنت و نار ہوں حضرت فرمایا ہے کہ روز قیامت ایک منادی آواز دے گا کہ کہاں ہے سید المرسلین؟ یہ آواز سن کر میں آگے بڑھوں گا، پھر آواز آئے گی کہ کہاں ہے سید الاوصیاء؟ یا علی تم آگے بڑھو گے۔ پھر رضوان خازن جنت کی کنجیاں اور مالک دوزخ کی کنجیاں میرے سامنے پیش کرے گا اور دونوں کہیں گے کہ حکم الٰہی ہے کہ یہ کنجیاں آپ کے سپرد کی جائیں اور آپ کو حکم الٰہی ہے کہ یہ کنجیاں علی کے حوالے کر دیں۔ پس میں جس کو چاہوں گا جنت میں بھیجوں گا اور جس کو چاہوں گا دوزخ میں ڈال دوں گا۔

(۶۹) حضرت نے فرمایا ہے کہ یا علی اگر تم نہ ہوتے تو مومن اور منافق میں فرق پیدا نہ ہوتا۔ یعنی تم سے محبت ہے تو مومن، عداوت ہے تو منافق۔

(۷۰) آیہ تطہیر میری، فاطمہ اور حسنین علیہم السلام کی شان میں نازل ہوا۔

② حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ

يَحْيَى الْجَلُودِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو حَامِدٍ الطَّالَقَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ تَلِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ نَزَلَتْ فِي عَلِيٍّ عليه السلام سَبْعُونَ آيَةً مَا شَرِكَهُ فِي فَضْلِهَا اَحَدٌ.

مجاہد کہتے ہیں کہ قرآن مجید کی ستر آیتیں صرف علی ابن ابیطالب علیہم السلام کے بارے میں نازل ہوئیں۔ کوئی دوسرا ان فضائل میں حضرت کا شریک نہیں۔

ثواب من استغفر الله عز وجل في الوتر سبعين مرة

نماز وتر میں ستر مرتبہ استغفار کا ثواب

③ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَنْ قَالَ فِي وَتْرِهِ اِذَا اَوْتَرَ اَسْتَغْفِرُ اللهَ وَ اَتُوبُ اِلَيْهِ سَبْعِينَ مَرَّةً وَ هُوَ قَائِمٌ فَوَاظَبَ عَلَى ذَلِكَ حَتَّى يَمْضِيَ لَهُ سَنَةٌ كَتَبَهُ اللهُ عِنْدَهُ مِنَ الْمُسْتَغْفِرِينَ بِالْاَسْحَارِ وَ وَجَبَتْ لَهُ الْمَغْفِرَةُ مِنَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو نماز وتر کے قنوت میں سال بھر تک ستر بار کہے استغفر اللہ واتوب الیہ اس کا شمار ان لوگوں میں ہوگا جو صبح صادق کے وقت خدا سے طلب اعرزش کرتے ہیں اور خداوندان کو بخش دیتا ہے۔

ثواب من استغفر الله عز وجل بعد صلاة الفجر سبعين مرة

جو شخص نماز صبح کے بعد ستر مرتبہ استغفار کرے اس کا ثواب

④ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ السِّنْدِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَهْلٍ عَنْ هَارُونَ بْنِ خَارِجَةَ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ مَنِ اسْتَغْفَرَ اللهَ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ سَبْعِينَ مَرَّةً غَفَرَ اللهُ لَهُ وَلَوْ عَمِلَ ذَلِكَ الْيَوْمَ سَبْعِينَ اَلْفَ ذَنْبٍ وَمَنْ عَمِلَ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِينَ اَلْفَ ذَنْبٍ فَلَا خَيْرَ فِيهِ وَفِي رِوَايَةٍ اُخْرَى سَبْعُمِائَةِ ذَنْبٍ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو نماز صبح کے بعد ستر بار استغفار کرے، خداوند عالم اس کے ستر ہزار گناہوں کو بخش دیتا ہے جو اس دن سرزد ہوئے ہوں۔

ایک دوسری روایت میں بجائے ستر ہزار کے سات سو ہے۔

ثواب من استغفر الله عز وجل كل يوم من شعبان سبعين مرة

شعبان میں اللہ تعالیٰ سے روزانہ ستر مرتبہ استغفار کا اجر

⑤ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ الْبَغْدَادِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُمْهُورٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَنْ قَالَ فِي كُلِّ يَوْمٍ مِنْ شَعْبَانَ سَبْعِينَ مَرَّةً اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لا اِلهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمنُ الرَّحِيمُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَ اَتُوبُ اِلَيْهِ كُتِبَ فِي الْاُفُقِ الْمُبِينِ قَالَ قُلْتُ وَ مَا الْاُفُقُ الْمُبِينُ قَالَ قَاعٌ بَيْنَ يَدَيِ الْعَرْشِ فِيهَا اَنْهَارٌ تَطَّرِدُ فِيهِ مِنَ الْقُدْحَانِ عَدَدَ النُّجُومِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو ماہ شعبان میں روزانہ ستر بار کہے استغفر اللہ الذی لا الہ الا ہو الرحمن الرحیم الحی القیوم واتوب الیہ اس کا نام افق مبین میں لکھا جائے گا۔

راوی نے سوال کیا افق مبین کیا ہے؟ فرمایا افق مبین کے سامنے ایک مقام ہے جہاں نہریں جاری ہیں اور اس کے گرد بیشمار جام رکھے ہیں۔

⑥ حَدَّثَنَا الْمُظَفَّرُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْمُظَفَّرِ الْعَلَوِيُّ السَّمَرْقَنْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُوسَى الرِّضَا عليه السلام يَقُولُ مَنْ صَامَ مِنْ شَعْبَانَ يَوْماً وَاحِداً اِبْتِغَاءَ ثَوَابِ اللهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَ مَنِ اسْتَغْفَرَ فِي كُلِّ يَوْمٍ مِنْ شَعْبَانَ سَبْعِينَ مَرَّةً حُشِرَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي زُمْرَةِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم وَ وَجَبَتْ لَهُ مِنَ اللهِ الْكَرَامَةُ وَ مَنْ تَصَدَّقَ فِي شَعْبَانَ بِصَدَقَةٍ وَ لَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ حَرَّمَ اللهُ جَسَدَهُ عَلَى النَّارِ وَ مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ شَعْبَانَ وَ وَصَلَهَا مِنْ صِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ كَتَبَ اللهُ لَهُ صَوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ.

عباس ابن بلال امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص ماہ رمضان میں ایک روزہ رکھے اس کے لیے جنت ہے اور جو شخص روز آنہ ستر بار استغفار کرے اور خدا سے دعائے مغفرت کرے وہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گروہ میں روز قیامت اٹھایا جائے گا اور خدا کی طرف سے اس کا احترام واجب ہے اور جو ماہِ شعبان میں صدقہ دے خواہ کتنا ہی کم کیوں نہ ہو اس پر جہنم کی آگ حرام ہے۔ اور جو تین دن ماہ صیام سے قبل اور ماہِ صیام میں بھی روزہ رکھے اس کے نامی عمل میں برابر دو ماہ روزہ رکھنے کا ثواب لکھا جائے گا۔

لواء الحمد سبعون شقة

لوائے حمد کے ستر پھریرے

⑦ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ الْاِسْكِيفِ الْقُمِّيُّ بِالرَّيِّ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ اِلَى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْقَوْسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الرَّازِيُّ الْمَعْرُوفُ بِاَبِي زُرْعَةَ قَالَ حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَتَانِي جَبْرَئِيلُ عليه السلام وَ هُوَ فَرِحٌ مُسْتَبْشِرٌ فَقُلْتُ حَبِيبِي جَبْرَئِيلُ مَعَ مَا اَنْتَ فِيهِ مِنَ الْفَرَحِ مَا مَنْزِلَةُ اَخِي وَ ابْنِ عَمِّي عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام عِنْدَ رَبِّهِ فَقَالَ وَ الَّذِي بَعَثَكَ بِالنُّبُوَّةِ وَ اصْطَفَاكَ بِالرِّسَالَةِ مَا هَبَطْتُ فِي وَقْتِي هَذَا اِلَّا لِهَذَا يَا مُحَمَّدُ اللهُ الْاَعْلَى يَقْرَأُ عَلَيْكُمَا السَّلَامَ وَ قَالَ مُحَمَّدٌ نَبِيُّ رَحْمَتِي وَ عَلِيٌّ مُقِيمُ حُجَّتِي لَا اُعَذِّبُ مَنْ وَالَاهُ وَ اِنْ عَصَانِي وَ لَا اَرْحَمُ مَنْ عَادَاهُ وَ اِنْ اَطَاعَنِي قَالَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَاْتِينِي جَبْرَئِيلُ وَ مَعَهُ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَ هُوَ سَبْعُونَ شِقَّةً الشِّقَّةُ مِنْهُ اَوْسَعُ مِنَ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ وَ اَنَا عَلَى كُرْسِيٍّ مِنْ كَرَاسِيِّ الرِّضْوَانِ فَوْقَ مِنْبَرٍ مِنْ مَنَابِرِ الْقُدْسِ فَاَخُذُهُ وَ اَدْفَعُهُ اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام فَوَثَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ وَ كَيْفَ يُطِيقُ عَلِيٌّ حَمْلَ اللِّوَاءِ وَ قَدْ ذَكَرْتَ اَنَّهُ سَبْعُونَ شِقَّةً الشِّقَّةُ مِنْهُ اَوْسَعُ مِنَ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يُعْطِي اللهُ عَلِيّاً مِنَ الْقُوَّةِ مِثْلَ قُوَّةِ جَبْرَئِيلَ وَ مِنَ النُّورِ مِثْلَ نُورِ آدَمَ وَ مِنَ الْحِلْمِ مِثْلَ حِلْمِ رِضْوَانَ وَ مِنَ الْجَمَالِ مِثْلَ جَمَالِ يُوسُفَ وَ مِنَ الصَّوْتِ مَا يُدَانِي صَوْتَ دَاوُدَ وَ لَوْ لَا اَنْ يَكُونَ دَاوُدُ خَطِيباً فِي الْجِنَانِ لَاُعْطِيَ مِثْلَ صَوْتِهِ وَ اِنَّ عَلِيّاً اَوَّلُ مَنْ يَشْرَبُ مِنَ السَّلْسَبِيلِ وَ الزَّنْجَبِيلِ لَا يَجُوزُ لِعَلِيٍّ قَدَمٌ عَلَى الصِّرَاطِ اِلَّا وَ ثَبَتَتْ لَهُ مَكَانَهَا اُخْرَى وَ اِنَّ لِعَلِيٍّ وَ شِيعَتِهِ مِنَ اللهِ مَكَاناً يَغْبِطُهُ بِهِ الْاَوَّلُونَ وَ الْآخِرُونَ.

ابن عباس کہتے ہیں کہ جبریل امین حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک روز نہایت خوش و مسرور حاضر ہوئے۔ حضرت نے فرمایا آج کوئی خوشخبری لائے ہو۔ عرض کی ہاں یا رسول اللہ قسم اس خدا کی جس نے آپ کو نبوت سے سرفراز فرمایا۔ پروردگار عالم کے نزدیک علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی یہ منزلت ہے کہ اس نے آپ دونوں کو سلام کہا ہے اور فرمایا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پیغمبر رحمت اور علی علیہ السلام میری حجت کو قائم کرنے والے ہیں۔ علی کے دوست پر کبھی عذاب نہ کرے گا

اور دشمن پر کبھی رحم نہ کروں گا۔

اس کے بعد فرمایا کہ روز قیامت جبریل لوائے حمد جس کے ستر ہزار شقے ہوں گے اور ہر شقہ آفتاب و ماہتاب سے زیادہ وسیع ہوگا میرے پاس لائیں گے میں کرسی رضوان اور منبر قدس پر بیٹھا ہوا ہوں گا۔اس پرچم کو لے کر علی کو دے دوں گا۔

یہ سنا تھا کہ عمر بن خطاب نے اٹھ کر عرض کی یارسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتنی بزرگی کے ساتھ علی اس پرچم کو کیوں کر اٹھالیں گے؟

فرمایا اس روز خداوند عالم علی کو جبریل کی طاقت، اوم کا نور، رضوان خازن جنت کا حلم، حضرت یوسف کا حسن و جمال اور آواز جناب داؤد سے ملتی ہوئی عنایت فرمائے گا۔

پھر فرمایا کہ علی پہلے وہ شخص ہوں گے جو حوض سلسبیل وزنجبیل سے اس دن سب سے پہلے سیراب ہوں گے۔علی اور شیعیان علی کے لیے روز قیامت وہ مقام ومرتبہ ہے جسے دیکھ کر تمام اولین وآخرین تعجب کریں گے۔

الربا سبعون جزءا

سود کے ستر اجزا ہیں

⑧ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الشَّاهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حَامِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ التَّمِيمِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم أَنَّهُ قَالَ فِي وَصِيَّتِهِ لَهُ يَا عَلِيُّ الرِّبَا سَبْعُونَ جُزْءاً فَأَيْسَرُهَا مِثْلُ أَنْ يَنْكِحَ الرَّجُلُ أُمَّهُ فِي بَيْتِ اللهِ الْحَرَامِ يَا عَلِيُّ دِرْهَمٌ رِبًا أَعْظَمُ مِنْ سَبْعِينَ زَنْيَةً كُلُّهَا بِذَاتِ مَحْرَمٍ فِي بَيْتِ اللهِ الْحَرَامِ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ربا کے ستر خبر ہیں۔کم سے کم یہ ہے کہ جیسے آدمی کعبۂ محترم میں اپنی ماں کے ساتھ زنا کرے۔سود کا ایک درہم لینے کا عذاب وہ ہے جو اپنی ماں بہنوں کے ساتھ خانہ کعبہ میں زنا کرنے کا عذاب ہے۔

حديث العبد الذي مكث في النار سبعين خريفا

ستر خریف جہنم میں رہنے والے شخص کے متعلق حدیث

⑨ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْكُوفِيِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ رِزْقٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي الْعَلَاءِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ إِنَّ عَبْداً مَكَثَ فِي النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفاً وَ الْخَرِيفُ سَبْعُونَ سَنَةً ثُمَّ إِنَّهُ

سَأَلَ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَ اَهْلِ بَيْتِهِ اِلَّا رَحِمْتَنِي فَاَوْحَى اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ اِلَى جَبْرَئِيلَ عليه السلام اَنَّهُ اهْبِطْ اِلَى عَبْدِي فَاَخْرِجْهُ قَالَ يَا رَبِّ وَ كَيْفَ لِي بِالْهُبُوطِ فِي النَّارِ قَالَ اِنِّي قَدْ اَمَرْتُهَا اَنْ تَكُونَ عَلَيْكَ بَرْداً وَ سَلَاماً قَالَ يَا رَبِّ فَمَا عِلْمِي بِمَوْضِعِهِ قَالَ اِنَّهُ فِي جُبٍّ مِنْ سِجِّينٍ قَالَ فَهَبَطَ فِي النَّارِ وَ هُوَ مَعْقُولٌ عَلَى وَجْهِهِ فَاَخْرَجَهُ فَقَالَ عَزَّ وَ جَلَّ يَا عَبْدِي كَمْ لَبِثْتَ تُنَاشِدُنِي فِي النَّارِ فَقَالَ مَا اُحْصِي يَا رَبِّ فَقَالَ اَمَا وَ عِزَّتِي لَوْ لَا مَا سَأَلْتَنِي بِهِ لَاَطَلْتُ هَوَانَكَ فِي النَّارِ وَ لَكِنَّهُ حَتْمٌ عَلَى نَفْسِي اَنْ لَا يَسْأَلَنِي عَبْدٌ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَ اَهْلِ بَيْتِهِ اِلَّا غَفَرْتُ لَهُ مَا كَانَ بَيْنِي وَ بَيْنَهُ وَ قَدْ غَفَرْتُ لَكَ الْيَوْمَ.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ایک شخص ستر خریف یعنی ہر خریف ستر سال کی جہنم میں رہنے کے بعد خداوند عالم سے بحق محمد وآل محمد علیہم السلام دعا کرے گا کہ بارالہا مجھے بخش دے۔ جبریل سے ارشاد الٰہی ہوگا کہ جا اس کو جہنم سے نکال کر لے آ۔ جبریل عرض کریں گے خداوندا میں جہنم میں کیوں کر جا سکتا ہوں۔ ارشاد ہوگا میں نے حکم دے دیا ہے جہنم کی آگ سے تم کو نقصان نہ پہنچے گا۔ جبریل عرض کریں گے بارالہا مجھے معلوم نہیں وہ کس مقام پر ہے۔ ارشاد ہوگا وہ سجین کے ایک کنویں میں ہے۔ جبریل اپنا منہ چھپا کر دوزخ میں جا کر اس کو نکال لائیں گے۔ خداوند عالم اس سے سوال کرے گا کہ میرے بندے کتنے دنوں تو جہنم میں رہا۔ عرض کرے گا کہ خداوندا تجھ کو خوب معلوم ہے۔ ارشاد ہوگا کہ اپنی عزت وجلال کی قسم جو شخص محمد وآل محمد کے واسطے سے دعا کرے گا۔ میں اس کی دعا ضرور قبول کروں گا۔ میں نے تجھ کو بخشا اور تیرے سب گناہ جن کو میں خوب جانتا ہوں معاف کیے۔ اللہم صلی علی محمد وآل محمد

انس بن مالک کہتا ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ کے بعد بنی اسرائیل کے اکہتر فرقے ہو گئے جس میں ستر فرقے ہلاک گئے اور ایک فرقے نے نجات پائی۔ میرے بعد میری امت کے بہتر فرقے ہو جائیں گے جن میں اکہتر گمراہ ہوں گے اور ایک مذہب حق پر ہوگا۔

اصحاب نے عرض کی یا حضرت وہ ایک فرقہ کون ہوگا۔ فرمایا ایک گروہ ہوگا، ایک گروہ ہوگا، ایک گروہ ہوگا۔

الأمة تفترق على اثنتين وسبعين فرقة

امت محمدیؐ بہتر (۷۲) فرقوں میں بٹ جائے گی

⑩ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْبُنْدَارُ الشَّافِعِيُّ بِفَرْغَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ اَعْيَنَ بْنِ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ تَفَرَّقَتْ عَلَى عِيسَى اِحْدَى وَ سَبْعِينَ فِرْقَةً فَهَلَكَ

سَبْعُونَ فِرْقَةً وَ تَخَلَّصَ فِرْقَةٌ وَ اِنَّ اُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ عَلَى اثْنَتَيْنِ وَ سَبْعِينَ فِرْقَةً يَهْلِكُ اِحْدَى وَ سَبْعُونَ وَ يَتَخَلَّصُ فِرْقَةٌ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ مَنْ تِلْكَ الْفِرْقَةُ قَالَ الْجَمَاعَةُ الْجَمَاعَةُ الْجَمَاعَةُ.

قَالَ مُصَنِّفُ هَذَا الْكِتَابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ الْجَمَاعَةُ اَهْلُ الْحَقِّ وَ اِنْ قَلُّوا.

وَ قَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ قَالَ الْمُؤْمِنُ وَحْدَهُ حُجَّةٌ وَ الْمُؤْمِنُ وَحْدَهُ جَمَاعَةٌ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک بنی اسرائیل اکہتر فرقوں میں بٹ گئے کہ ان میں سے ستر فرقے ہلاک ہو گئے اور ایک فرقہ نجات پائے گا جبکہ میری امت کے بہتر (۷۲) فرقے ہو جائیں گے جن میں اکہتر فرقے ہلاک ہو جائیں گے اور صرف ایک فرقہ ہدایت پائے گا۔

لوگوں نے سوال کیا اے اللہ کے رسولؐ وہ کونسا فرقہ ہے؟

آپؐ نے فرمایا: جماعت، جماعت، جماعت [1]

مؤلف کتاب فرماتے ہیں: جماعت اہل حق ہیں اگر چہ وہ کم ہی کیوں نہ ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اکیلا مومن بھی حجت ہے اکیلا مومن ہی جماعت ہے۔

من روى أن الأمة ستفترق على ثلاث وسبعين فرقة

جنہوں نے یہ روایت بیان کی کہ امت محمدیؐ تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی

⑪ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعِجْلِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ اِنَّ اُمَّةَ مُوسَى افْتَرَقَتْ بَعْدَهُ عَلَى اِحْدَى وَ سَبْعِينَ فِرْقَةً فِرْقَةٌ مِنْهَا نَاجِيَةٌ وَ سَبْعُونَ فِي النَّارِ وَ افْتَرَقَتْ اُمَّةُ عِيسَى عليه السلام بَعْدَهُ عَلَى اثْنَتَيْنِ وَ سَبْعِينَ فِرْقَةً فِرْقَةٌ مِنْهَا نَاجِيَةٌ وَ اِحْدَى وَ سَبْعُونَ فِي النَّارِ وَ اِنَّ اُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ بَعْدِي عَلَى ثَلَاثٍ وَ سَبْعِينَ فِرْقَةً فِرْقَةٌ مِنْهَا نَاجِيَةٌ وَ اثْنَتَانِ وَ سَبْعُونَ فِي النَّارِ.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد ان کی امت اکہتر فرقوں میں بٹ گئی کہ ان میں سے ایک فرقہ نجات یافتہ ہے جبکہ ستر جہنم میں جائیں گے، امت عیسیٰ علیہ السلام ان

---

[1] عربی میں جماعت کے لفظ پر اقلف لام ہے کہ جو تخصیص کا معنیٰ دے رہا ہے یعنی جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک خاص جماعت۔ (مجاہد حسین حرؔ)

کے بعد بہتر فرقوں میں بٹ گئی کہ ان میں سے ایک فرقہ نجات یافتہ ہے جبکہ ستر جہنم میں جائیں گے اور میرے بعد میری امت کے تہتر (۷۳) فرقے ہو جائیں گے جن میں صرف ایک فرقہ ہدایت پائے گا جبکہ بہتر فرقے جہنم میں جائیں گے۔

ثلاث وسبعون خصلة في آداب النساء والفرق بين أحكامهن وأحكام الرجال

خواتین کے تہتر آداب اور خواتین اور مردوں کے احکام میں فرق

⑫ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ الْبَاقِرَ عليه السلام يَقُولُ لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ اَذَانٌ وَ لَا اِقَامَةٌ وَ لَا جُمُعَةٌ وَ لَا جَمَاعَةٌ وَ لَا عِيَادَةُ الْمَرِيضِ وَ لَا اِتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ وَ لَا اِجْهَارٌ بِالتَّلْبِيَةِ وَ لَا الْهَرْوَلَةُ بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ وَ لَا اسْتِلَامُ الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ وَ لَا دُخُولُ الْكَعْبَةِ وَ لَا الْحَلْقُ اِنَّمَا يُقَصِّرْنَ مِنْ شُعُورِهِنَّ وَ لَا تَوَلِّي الْمَرْاَةِ الْقَضَاءَ وَ لَا تَوَلِّي الْاِمَارَةِ وَ لَا تُسْتَشَارُ وَ لَا تَذْبَحُ اِلَّا مِنِ اضْطِرَارٍ وَ تَبْدَاُ فِي الْوُضُوءِ بِبَاطِنِ الذِّرَاعِ وَ الرَّجُلُ بِظَاهِرِهِ وَ لَا تَمْسَحُ كَمَا يَمْسَحُ الرِّجَالُ بَلْ عَلَيْهَا اَنْ تُلْقِيَ الْخِمَارَ مِنْ مَوْضِعِ مَسْحِ رَاْسِهَا فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ وَ الْمَغْرِبِ وَ تَمْسَحَ عَلَيْهِ وَ فِي سَائِرِ الصَّلَوَاتِ تُدْخِلُ اِصْبَعَهَا فَتَمْسَحُ عَلَى رَاْسِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ تُلْقِيَ عَنْهَا خِمَارَهَا فَاِذَا قَامَتْ فِي صَلَاتِهَا ضَمَّتْ رِجْلَيْهَا وَ وَضَعَتْ يَدَيْهَا عَلَى صَدْرِهَا وَ تَضَعُ يَدَيْهَا فِي رُكُوعِهَا عَلَى فَخِذَيْهَا وَ تَجْلِسُ اِذَا اَرَادَتِ السُّجُودَ سَجَدَتْ لَاطِئَةً بِالْاَرْضِ وَ اِذَا رَفَعَتْ رَاْسَهَا مِنَ السُّجُودِ جَلَسَتْ ثُمَّ نَهَضَتْ اِلَى الْقِيَامِ وَ اِذَا قَعَدَتْ لِلتَّشَهُّدِ رَفَعَتْ رِجْلَيْهَا وَ ضَمَّتْ فَخِذَيْهَا وَ اِذَا سَبَّحَتْ عَقَدَتْ بِالْاَنَامِلِ لِاَنَّهُنَّ مَسْئُولَاتٌ وَ اِذَا كَانَتْ لَهَا اِلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ حَاجَةٌ صَعِدَتْ فَوْقَ بَيْتِهَا وَ صَلَّتْ رَكْعَتَيْنِ وَ كَشَفَتْ رَاْسَهَا اِلَى السَّمَاءِ فَاِنَّهَا اِذَا فَعَلَتْ ذَلِكَ اسْتَجَابَ اللهُ لَهَا وَ لَمْ يُخَيِّبْهَا وَ لَيْسَ عَلَيْهَا غُسْلُ الْجُمُعَةِ فِي السَّفَرِ وَ لَا يَجُوزُ لَهَا تَرْكُهُ فِي الْحَضَرِ وَ لَا يَجُوزُ شَهَادَةُ النِّسَاءِ فِي شَيْءٍ فِي الْحُدُودِ وَ لَا يَجُوزُ شَهَادَتُهُنَّ فِي الطَّلَاقِ وَ لَا فِي رُؤْيَةِ الْهِلَالِ وَ تَجُوزُ شَهَادَتُهُنَّ فِيمَا لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ النَّظَرُ اِلَيْهِ وَ لَيْسَ لِلنِّسَاءِ مِنْ سَرَوَاتِ الطَّرِيقِ شَيْءٌ وَ لَهُنَّ جَنْبَتَاهُ وَ لَا يَجُوزُ لَهُنَّ نُزُولُ الْغُرَفِ وَ لَا تَعَلُّمُ الْكِتَابَةِ وَ يُسْتَحَبُّ لَهُنَّ تَعَلُّمُ الْمِغْزَلِ وَ سُورَةِ النُّورِ وَ يُكْرَهُ لَهُنَّ تَعَلُّمُ سُورَةِ يُوسُفَ وَ اِذَا ارْتَدَّتِ الْمَرْاَةُ عَنِ الْاِسْلَامِ اسْتُتِيبَتْ فَاِنْ تَابَتْ وَ اِلَّا خُلِّدَتْ فِي

السِّجْنِ وَ لَا تُقْتَلُ كَمَا يُقْتَلُ الرَّجُلُ إِذَا ارْتَدَّ وَ لَكِنَّهَا تُسْتَخْدَمُ خِدْمَةً شَدِيدَةً وَ تُمْنَعُ مِنَ الطَّعَامِ وَ الشَّرَابِ إِلَّا مَا تُمْسِكُ بِهِ نَفْسَهَا وَ لَا تُطْعَمُ إِلَّا جَشِبَ الطَّعَامِ وَ لَا تُكْسَى إِلَّا غَلِيظَ الثِّيَابِ وَ خَشِنَهَا وَ تُضْرَبُ عَلَى الصَّلَاةِ وَ الصِّيَامِ وَ لَا جِزْيَةَ عَلَى النِّسَاءِ وَ إِذَا حَضَرَ وِلَادَةُ الْمَرْأَةِ وَجَبَ إِخْرَاجُ مَنْ فِي الْبَيْتِ مِنَ النِّسَاءِ كَيْ لَا يَكُنَّ أَوَّلَ نَاظِرٍ إِلَى عَوْرَتِهَا وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ الْحَائِضِ وَ لَا الْجُنُبِ الْحُضُورُ عِنْدَ تَلْقِينِ الْمَيِّتِ لِأَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَتَأَذَّى بِهِمَا وَ لَا يَجُوزُ لَهُمَا إِدْخَالُ الْمَيِّتِ قَبْرَهُ وَ إِذَا قَامَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ مَجْلِسِهَا فَلَا يَجُوزُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَجْلِسَ فِيهِ حَتَّى يَبْرُدَ وَ جِهَادُ الْمَرْأَةِ حُسْنُ التَّبَعُّلِ وَ أَعْظَمُ النَّاسِ حَقّاً عَلَيْهَا زَوْجُهَا وَ أَحَقُّ النَّاسِ بِالصَّلَاةِ عَلَيْهَا إِذَا مَاتَتْ زَوْجُهَا وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَنْكَشِفَ بَيْنَ يَدَيِ الْيَهُودِيَّةِ وَ النَّصْرَانِيَّةِ لِأَنَّهُنَّ يَصِفْنَ ذَلِكَ لِأَزْوَاجِهِنَّ وَ لَا يَجُوزُ لَهَا أَنْ تَتَطَيَّبَ إِذَا خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا وَ لَا يَجُوزُ لَهَا أَنْ تَتَشَبَّهَ بِالرِّجَالِ لِأَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ لَعَنَ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَ لَعَنَ الْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تُعَطِّلَ نَفْسَهَا وَ لَوْ أَنْ تُعَلِّقَ فِي عُنُقِهَا خَيْطاً وَ لَا يَجُوزُ أَنْ تُرِيَ أَظَافِيرَهَا بَيْضَاءَ وَ لَوْ أَنْ تَمْسَحَهَا بِالْحِنَّاءِ مَسْحاً وَ لَا تَخْضِبُ يَدَيْهَا فِي حَيْضِهَا لِأَنَّهُ يُخَافُ عَلَيْهَا الشَّيْطَانُ وَ إِذَا أَرَادَتِ الْمَرْأَةُ الْحَاجَةَ وَ هِيَ فِي صَلَاتِهَا صَفَقَتْ بِيَدَيْهَا وَ الرَّجُلُ يُومِئُ بِرَأْسِهِ وَ هُوَ فِي صَلَاتِهِ وَ يُشِيرُ بِيَدِهِ وَ يُسَبِّحُ وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تُصَلِّيَ بِغَيْرِ خِمَارٍ إِلَّا أَنْ تَكُونَ أَمَةً فَإِنَّهَا تُصَلِّي بِغَيْرِ خِمَارٍ مَكْشُوفَةَ الرَّأْسِ وَ يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ لُبْسُ الدِّيبَاجِ وَ الْحَرِيرِ فِي غَيْرِ صَلَاةٍ وَ إِحْرَامٍ وَ حُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الرِّجَالِ إِلَّا فِي الْجِهَادِ وَ يَجُوزُ أَنْ تَتَخَتَّمَ بِالذَّهَبِ وَ تُصَلِّيَ فِيهِ وَ حُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الرِّجَالِ إِلَّا فِي الْجِهَادِ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ يَا عَلِيُّ لَا تَتَخَتَّمْ بِالذَّهَبِ فَإِنَّهُ زِينَتُكَ فِي الْجَنَّةِ وَ لَا تَلْبَسِ الْحَرِيرَ فَإِنَّهُ لِبَاسُكَ فِي الْجَنَّةِ وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ فِي مَالِهَا عِتْقٌ وَ لَا بِرٌّ إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا وَ لَا يَجُوزُ لَهَا أَنْ تَصُومَ تَطَوُّعاً إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تُصَافِحَ غَيْرَ ذِي مَحْرَمٍ إِلَّا مِنْ وَرَاءِ ثَوْبِهَا وَ لَا تُبَايِعُ إِلَّا مِنْ وَرَاءِ ثَوْبِهَا وَ لَا يَجُوزُ أَنْ تَحُجَّ تَطَوُّعاً إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَدْخُلَ الْحَمَّامَ فَإِنَّ ذَلِكَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهَا وَ لَا يَجُوزُ لِلْمَرْأَةِ رُكُوبُ السَّرْجِ إِلَّا مِنْ ضَرُورَةٍ أَوْ فِي سَفَرٍ وَ مِيرَاثُ الْمَرْأَةِ نِصْفُ مِيرَاثِ الرَّجُلِ وَ دِيَتُهَا نِصْفُ دِيَةِ الرَّجُلِ وَ تُقَابِلُ الْمَرْأَةُ الرَّجُلَ فِي الْجِرَاحَاتِ حَتَّى تَبْلُغَ ثُلُثَ الدِّيَةِ فَإِذَا زَادَتْ عَلَى الثُّلُثِ ارْتَفَعَ الرَّجُلُ وَ سَفَلَتِ الْمَرْأَةُ وَ إِذَا صَلَّتِ الْمَرْأَةُ وَحْدَهَا مَعَ الرَّجُلِ قَامَتْ خَلْفَهُ وَ لَمْ تَقُمْ بِجَنْبِهِ وَ إِذَا مَاتَتِ الْمَرْأَةُ وَقَفَ الْمُصَلِّي عَلَيْهَا عِنْدَ صَدْرِهَا وَ مِنَ الرَّجُلِ إِذَا صَلَّى عَلَيْهِ عِنْدَ رَأْسِهِ وَ إِذَا أُدْخِلَتِ الْمَرْأَةُ الْقَبْرَ وَقَفَ زَوْجُهَا فِي مَوْضِعٍ يَتَنَاوَلُ وَرِكَهَا وَ

لَا شَفِيعَ لِلْمَرْاَةِ اَنْجَحُ عِنْدَ رَبِّهَا مِنْ رِضَا زَوْجِهَا وَ لَمَّا مَاتَتْ فَاطِمَةُ عليها السلام قَامَ عَلَيْهَا اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام وَ قَالَ اللهُمَّ اِنِّي رَاضٍ عَنِ ابْنَةِ نَبِيِّكَ اللهُمَّ اِنَّهَا قَدْ اُوحِشَتْ فَآنِسْهَا اللهُمَّ اِنَّهَا قَدْ هُجِرَتْ فَصِلْهَا اللهُمَّ اِنَّهَا قَدْ ظُلِمَتْ فَاحْكُمْ لَهَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ.

أعطى الله عز و جل العقل خمسة و سبعين جندا و أعطى الجهل خمسة و سبعين جندا.

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے:

عورت کے لیے اذان واقامہ نہیں ہے۔

نماز جمعہ و جماعت نہیں۔

بیماروں کی عیادت (فرض) نہیں۔

جنازے کی مشایعت نہیں۔

حج میں بلند آواز سے تلبیہ۔

صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں۔

حجر اسود کو بوسہ دینا (فرض) نہیں

خانہ کعبہ میں داخل ہونا (فرض) نہیں۔

(حج کے موقع پر) سر منڈوانے کا حکم نہیں مگر یہ کہ وہ اپنے بالوں کو تراشے گی۔

قضاوت نہیں کرسکتی۔

حکومت نہیں کرسکتی۔

اس سے مشورہ نہیں کرنا چاہیے۔

جانور ذبح نہیں کرسکتی۔ مگر یہ کہ مجبوری میں۔

وضو میں اپنے ہاتھوں کو کہنیوں کے اندرونی طرف سے دھوئے اور مرد بیرونی طرف سے۔

مردوں کی طرح مسح نہ کرے۔

صبح اور مغرب کی نماز میں سر سے کپڑا اٹھا کر اور ظہر و عصر و عشا میں انگلیاں کپڑے کے نیچے لے جا کر مسح کرے۔

نماز میں دونوں پیروں کو ملا کر کھڑی ہو

دونوں ہاتھ سینے پر رکھے۔

حالت رکوع میں اپنے دونوں ہاتھ رانوں پر رکھے۔

سجدے میں اپنے جسم کو زمین سے متصل کردے۔

سجدہ کرنا چاہے تو پہلے بیٹھ جائے۔

جب سجدے سے سر اٹھائے تو پہلے سیدھی بیٹھے اور اس کے بعد قیام کے لئے کھڑی ہو

تشہد میں دونوں گھٹنے اٹھالے اور رانوں کو ملادے۔

انگلیوں پر تسبیح پڑھے۔اس لیے کہ انگلیوں سے قیامت کے دن سوال کیا جائے گا۔

جب عورت کو کوئی حاجت ہو تو کوٹھے پر جا کر دو رکعت نماز پڑھ کر آسمان کی جانب سر بلند کر کے دعا کرے۔ خداوند عالم اس کی دعا کو قبول فرمائے گا اور وہ ناامید نہ ہوگی۔

سفر میں اس پر غسل جمعہ نہیں ہے لیکن وطن میں ترک نہ کرے۔

حدود کے بارے میں عورتوں کی گواہی معتبر نہیں۔

اسی طرح طلاق اور چاند دیکھنے میں بھی اس کی گواہی کا اعتبار نہیں، لیکن جن باتوں میں مرد گواہی نہیں دے سکتے۔ مثلاً حیض و بکارت میں عورت کی گواہی معتبر ہے۔

راستہ چلنے میں کنارے چلیں۔

مکان کے بالائی حصے میں اگر کھڑکیاں ہوں اور راستے کے کنارے پر ہو تو ایسے مکان میں نہ رہیں

لکھنا نہ سیکھیں۔

چرخہ چلائیں (یعنی گھریلو دستکاری سکھائیں)۔

سورۂ نور یاد کریں۔

(جن عورتوں کے بہنے کا خطرہ ہو وہ) سورۂ یوسف نہ پڑھیں۔

اگر بے دین ہو جائے تو توبہ کرے ورنہ اس کو حبس دوام میں رکھیں اس کو قتل نہیں کیا جائے گا جیسے کہ مرتد ہونے والے مردوں کو قتل کیا جاتا ہے۔

البتہ ایسی عورت سے سخت کام لیں۔کھانا کم دیں۔موٹے کپڑے پہنائیں۔

اگر نماز نہ پڑھے، روزہ نہ رکھے تو اس کو ماریں۔

عورتوں پر جزیہ نہیں ہے۔

ولادت کے وقت صرف وہی عورتیں اس کے پاس رہیں جن کی ضرورت ہے۔

تلقین کے وقت ایسی عورت مُردے کے پاس نہ رہے جسے حیض آرہا ہے یا حالت جنابت میں ہے کیونکہ ایسی

عورتوں سے فرشتوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

عورتیں مردے کو قبر میں نہ اتاریں۔

جب کوئی عورت کسی جگہ سے اٹھ کر چلی جائے تو جب تک اس مقام پر اس کی گرمی موجود ہے مرد کو بیٹھنا جائز نہیں۔

عورت کا جہاد اچھی شوہرداری ہے اور لوگوں میں اس پر سب سے زیادہ شوہر کا حق ہے۔

جب عورت کا انتقال ہو جائے تو شوہر سب سے زیادہ حق رکھتا ہے کہ جنازہ پڑھائے۔

عورت کے یہودی و نصرانی کے سامنے بھی بے پردہ ہونا جائز نہیں ہے کیونکہ اپنے شوہروں سے اس کا حلیہ بیان کریں گی۔

گھر سے باہر جاتے وقت خوشبو لگانا جائز نہیں ہے۔

مردوں کی شباہت اختیار کرنا جائز نہیں ہے۔

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عورتوں سے مشابہ مردوں اور مردوں سے مشابہ عورتوں پر لعنت کی ہے۔

عورت کے لئے (زیورات) خالی رہنا جائز نہیں ہے چاہے اپنی گردن (نمائشی) دھاگہ ہی باندھ لے۔

عورت کے جائز نہیں کہ وہ ناخن سفید رکھے اگرچہ اس پر مہندی ہی سے رنگ لے کافی ہے

حیض کے دوران اپنے ہاتھوں پر خضاب نہیں لگانا چاہئے کہ ممکن ہے شیطان اسے بہکائے۔

عورت کے لئے نقاب کے بغیر نماز جائز نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ کنیز ہو۔

عورت کے لئے نماز اور احرام کے علاوہ دیبا اور ریشم پہننا جائز ہے جبکہ مردوں کے لئے حرام قرار دیا گیا ہے سوائے جہاد میں۔

عورت کے لئے سونے کی انگوٹھی پہننا جائز ہے اس میں نماز پڑھنا بھی جبکہ مردوں پر ایسا کرنا حرام ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علیؑ! سونے کی انگوٹھی مت پہننا کہ یہ جنت میں تمہاری زینت ہے ریشم مت پہنو کہ جنت میں یہ تمہارا لباس ہوگا۔

عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر غلام آزاد کرنا یا صدقہ دینا جائز نہیں۔

شوہر کی اجازت کے بغیر مستحب روزہ رکھنا بھی عورت کے لئے جائز نہیں ہے۔

عورت کے لئے نامحرم کے ساتھ مصافحہ کرنا جائز نہیں مگر یہ کہ ہاتھ کپڑے میں ڈھکا ہوا ہو۔

ہاتھوں کو ڈھکے بغیر خرید و فروخت بھی جائز نہیں ہے۔

عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر مستحب حج جائز نہیں ہے۔

عورت کے لئے حمام میں داخل ہونا جائز نہیں ہے بلکہ حرام ہے۔

عورت کے لئے زین پر سوار ہونا جائز نہیں ہے مگر مجبوری میں۔

میراث میں عورت کو مرد کا آدھا حصہ ملے گا۔

عورت کی دیت بھی مرد سے آدھی ہے۔

زخموں کی دیت میں ایک تہائی تک عورت مرد کے مساوی ہے لیکن جب اس کی مقدار ایک تہائی سے بڑھ جائے تو پھر مرد کا پلہ بھاری ہوجائے گا اور عورت کا پلہ ہلکا۔

عورت مرد کے ساتھ نماز پڑھے تو اس کے پیچھے کھڑی ہو اس کے پہلو میں کھڑی نہ ہو۔

جب عورت کا انتقال ہو اور اس پر نماز جنازہ پڑھنے والا اس کے سینے کے برابر کھڑا ہو جبکہ مرد پر نماز پڑھتے وقت اس کے سر کے برابر کھڑا ہو۔

عورت کو قبر میں اتارتے وقت شوہر ایسی جگہ کھڑا کہ عورت کی ران کو صرف وہی اٹھائے۔

عورت کے اس کے شوہر کی رضامندی سے بڑھ کر کوئی شفاعت کرنے والا نہیں۔

جس وقت حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کا انتقال ہوا تھا تو امیر المومنین علیہ السلام نے ان کے پاس کھڑے ہو کر فرمایا تھا:

خداوندا! میں تیرے نبیؐ کی بیٹی سے راضی ہوں۔

خداوندا! انہیں وحشت میں ڈال دیا گیا ہے تو تو انہیں انس عطا فرما۔

خدایا! انہیں (تیرے پاس) چھوڑ دیا گیا ہے تو اس کے ساتھ رہ۔

خداوندا! ان پر ظلم کیا گیا تو اس کا فیصلہ کر کہ تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

⑫ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ وَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْیَرِیُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِیُّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ حَدِیدٍ عَنْ سَمَاعَۃَ بْنِ مِہْرَانَ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ اَبِی عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام وَ عِنْدَہُ جَمَاعَۃٌ مِنْ مَوَالِیہِ فَجَرَی ذِکْرُ الْعَقْلِ وَ الْجَہْلِ فَقَالَ اَبُو عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام اعْرِفُوا الْعَقْلَ وَ جُنْدَہُ وَ الْجَہْلَ وَ جُنْدَہُ تَہْتَدُوا قَالَ سَمَاعَۃُ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاکَ لَا نَعْرِفُ اِلَّا مَا عَرَّفْتَنَا فَقَالَ اَبُو عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام اِنَّ اللّٰہَ جَلَّ ثَنَاؤُہُ خَلَقَ الْعَقْلَ وَ ہُوَ اَوَّلُ خَلْقٍ خَلَقَہُ مِنَ الرُّوحَانِیِّینَ عَنْ یَمِینِ الْعَرْشِ مِنْ نُورِہِ فَقَالَ لَہُ اَقْبِلْ فَاَقْبَلَ ثُمَّ قَالَ لَہُ اَدْبِرْ فَاَدْبَرَ فَقَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَ تَعَالَی خَلَقْتُکَ خَلْقاً عَظِیماً وَ کَرَّمْتُکَ عَلَی جَمِیعِ خَلْقِی قَالَ ثُمَّ خَلَقَ الْجَہْلَ مِنَ الْبَحْرِ الْاُجَاجِ ظُلْمَانِیّاً فَقَالَ لَہُ اَدْبِرْ فَاَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ لَہُ اَقْبِلْ فَلَمْ یُقْبِلْ فَقَالَ لَہُ اسْتَکْبَرْتَ فَلَعَنَہُ- ثُمَّ جَعَلَ لِلْعَقْلِ خَمْسَۃً وَ سَبْعِینَ جُنْداً فَلَمَّا

رَاَى الْجَهْلُ مَا اَكْرَمَ اللهُ بِهِ الْعَقْلَ وَ مَا اَعْطَاهُ اَضْمَرَ لَهُ الْعَدَاوَةَ فَقَالَ الْجَهْلُ يَا رَبِّ هَذَا خَلْقٌ مِثْلِي خَلَقْتَهُ وَ كَرَّمْتَهُ وَ قَوَّيْتَهُ وَ اَنَا ضِدُّهُ وَ لَا قُوَّةَ لِي بِهِ فَاَعْطِنِي مِنَ الْجُنْدِ مِثْلَ مَا اَعْطَيْتَهُ فَقَالَ نَعَمْ فَاِنْ عَصَيْتَ بَعْدَ ذَلِكَ اَخْرَجْتُكَ وَ جُنْدَكَ مِنْ رَحْمَتِي قَالَ قَدْ رَضِيتُ فَاَعْطَاهُ خَمْسَةً وَ سَبْعِينَ جُنْداً فَكَانَ مِمَّا اَعْطَى الْعَقْلَ مِنَ الْخَمْسَةِ وَ السَّبْعِينَ الْجُنْدَ الْخَيْرُ وَ هُوَ وَزِيرُ الْعَقْلِ وَ جَعَلَ ضِدَّهُ الشَّرَّ وَ هُوَ وَزِيرُ الْجَهْلِ وَ الْاِيمَانُ وَ ضِدُّهُ الْكُفْرَ وَ التَّصْدِيقُ وَ ضِدُّهُ الْجُحُودَ وَ الرَّجَاءُ وَ ضِدُّهُ الْقُنُوطَ وَ الْعَدْلُ وَ ضِدُّهُ الْجَوْرَ وَ الرِّضَا وَ ضِدُّهُ السُّخْطَ وَ الشُّكْرُ وَ ضِدُّهُ الْكُفْرَ وَ الطَّمَعُ وَ ضِدُّهُ الْيَأْسَ وَ التَّوَكُّلُ وَ ضِدُّهُ الْحِرْصَ وَ الرَّأْفَةُ وَ ضِدُّهَا الْغِرَّةَ وَ الرَّحْمَةُ وَ ضِدُّهَا الْغَضَبَ وَ الْعِلْمُ وَ ضِدُّهُ الْجَهْلَ وَ الْفَهْمُ وَ ضِدُّهُ الْحُمْقَ وَ الْعِفَّةُ وَ ضِدُّهَا التَّهَتُّكَ وَ الزُّهْدُ وَ ضِدُّهُ الرَّغْبَةَ وَ الرِّفْقُ وَ ضِدُّهُ الْخُرْقَ وَ الرَّهْبَةُ وَ ضِدُّهَا الْجُرْاَةَ وَ التَّوَاضُعُ وَ ضِدُّهُ التَّكَبُّرَ وَ التُّؤَدَةُ وَ ضِدُّهَا التَّسَرُّعَ وَ الْحِلْمُ وَ ضِدُّهُ السَّفَهَ وَ الصَّمْتُ وَ ضِدُّهُ الْهَذَرَ وَ الْاِسْتِسْلَامُ وَ ضِدُّهُ الْاِسْتِكْبَارَ وَ التَّسْلِيمُ وَ ضِدُّهُ التَّجَبُّرَ وَ الْعَفْوُ وَ ضِدُّهُ الْحِقْدَ وَ الرِّقَّةُ وَ ضِدُّهَا الْقَسْوَةَ وَ الْيَقِينُ وَ ضِدُّهَا الشَّكَّ وَ الصَّبْرُ وَ ضِدُّهُ الْجَزَعَ وَ الصَّفْحُ وَ ضِدُّهُ الْاِنْتِقَامَ وَ الْغِنَى وَ ضِدُّهُ الْفَقْرَ وَ التَّفَكُّرُ وَ ضِدُّهُ السَّهْوَ وَ الْحِفْظُ وَ ضِدُّهُ النِّسْيَانَ وَ التَّعَطُّفُ وَ ضِدُّهُ الْقَطِيعَةَ وَ الْقُنُوعُ وَ ضِدُّهُ الْحِرْصَ وَ الْمُوَاسَاةُ وَ ضِدُّهَا الْمَنْعَ وَ الْمَوَدَّةُ وَ ضِدُّهَا الْعَدَاوَةَ وَ الْوَفَاءُ وَ ضِدُّهُ الْغَدْرَ وَ الطَّاعَةُ وَ ضِدُّهَا الْمَعْصِيَةَ وَ الْخُضُوعُ وَ ضِدُّهُ التَّطَاوُلَ وَ السَّلَامَةُ وَ ضِدُّهَا الْبَلَاءَ وَ الْحُبُّ وَ ضِدُّهُ الْبُغْضَ وَ الصِّدْقُ وَ ضِدُّهُ الْكَذِبَ وَ الْحَقُّ وَ ضِدُّهُ الْبَاطِلَ وَ الْاَمَانَةُ وَ ضِدُّهَا الْخِيَانَةَ وَ الْاِخْلَاصُ وَ ضِدُّهُ الشَّوْبَ وَ الشَّهَامَةُ وَ ضِدُّهَا الْبَلَادَةَ وَ الْفَهْمُ وَ ضِدُّهُ الْغَبَاوَةَ وَ الْمَعْرِفَةُ وَ ضِدُّهَا الْاِنْكَارَ وَ الْمُدَارَاةُ وَ ضِدُّهَا الْمُكَاشَفَةَ وَ سَلَامَةُ الْغَيْبِ وَ ضِدُّهَا الْمُمَاكَرَةَ وَ الْكِتْمَانُ وَ ضِدُّهُ الْاِفْشَاءَ وَ الصَّلَاةُ وَ ضِدُّهَا الْاِضَاعَةَ وَ الصَّوْمُ وَ ضِدُّهُ الْاِفْطَارَ وَ الْجِهَادُ وَ ضِدُّهُ النُّكُولَ وَ الْحَجُّ وَ ضِدُّهُ نَبْذَ الْمِيثَاقِ وَ صِدْقُ الْحَدِيثِ وَ ضِدُّهُ النَّمِيمَةَ وَ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ وَ ضِدُّهُ الْعُقُوقَ وَ الْحَقِيقَةُ وَ ضِدُّهَا الرِّيَاءَ وَ الْمَعْرُوفُ وَ ضِدُّهُ الْمُنْكَرَ وَ السِّتْرُ وَ ضِدُّهُ التَّبَرُّجَ وَ التَّقِيَّةُ وَ ضِدُّهَا الْاِذَاعَةَ وَ الْاِنْصَافُ وَ ضِدُّهُ الْحَمِيَّةَ وَ التَّهْيِئَةُ وَ ضِدُّهَا الْبَغْيَ وَ النَّظَافَةُ وَ ضِدُّهَا الْقَذَرَ وَ الْحَيَاءُ وَ ضِدُّهُ الْخَلَعَ وَ الْقَصْدُ وَ ضِدُّهُ الْعُدْوَانَ وَ الرَّاحَةُ وَ ضِدُّهَا التَّعَبَ وَ السُّهُولَةُ وَ ضِدُّهَا الصُّعُوبَةَ وَ الْبَرَكَةُ وَ ضِدُّهَا الْمَحْقَ وَ الْعَافِيَةُ وَ ضِدُّهَا الْبَلَاءَ وَ الْقَوَامُ وَ ضِدُّهُ الْمُكَاثَرَةَ وَ الْحِكْمَةُ وَ ضِدُّهَا الْهَوَى وَ الْوَقَارُ وَ ضِدُّهُ الْخِفَّةَ وَ السَّعَادَةُ وَ ضِدُّهَا الشَّقَاءَ وَ التَّوْبَةُ وَ ضِدُّهَا الْاِصْرَارَ وَ الْاِسْتِغْفَارُ وَ ضِدُّهُ الْاِغْتِرَارَ وَ الْمُحَافَظَةُ وَ ضِدُّهَا التَّهَاوُنَ وَ الدُّعَاءُ وَ

ضِدَّهُ الِاسْتِنْكَافَ وَ النَّشَاطُ وَ ضِدَّهُ الْكَسَلَ وَ الْفَرَحُ وَ ضِدَّهُ الْحَزَنَ وَ الْأُلْفَةُ وَ ضِدَّهَا الْفُرْقَةَ وَ السَّخَاءُ وَ ضِدَّهُ الْبُخْلَ فَلَا تَجْتَمِعُ هَذِهِ الْخِصَالُ كُلُّهَا مِنْ اَجْنَادِ الْعَقْلِ اِلَّا فِي نَبِيٍّ اَوْ وَصِيِّ نَبِيٍّ اَوْ مُؤْمِنٍ امْتَحَنَ اللهُ قَلْبَهُ لِلْاِيمَانِ وَ اَمَّا سَائِرُ ذَلِكَ مِنْ مَوَالِينَا فَاِنَّ اَحَدَهُمْ لَا يَخْلُو مِنْ اَنْ يَكُونَ فِيهِ بَعْضُ هَذِهِ الْجُنُودِ حَتَّى يَسْتَكْمِلَ وَ يَنْقَى مِنْ جُنُودِ الْجَهْلِ فَعِنْدَ ذَلِكَ يَكُونُ فِي الدَّرَجَةِ الْعُلْيَا مَعَ الْاَنْبِيَاءِ وَ الْاَوْصِيَاءِ عليهم السلام وَ اِنَّمَا يُدْرَكُ الْفَوْزُ بِمَعْرِفَةِ الْعَقْلِ وَ جُنُودِهِ وَ مُجَانَبَةِ الْجَهْلِ وَ جُنُودِهِ وَفَّقَنَا اللهُ وَ اِيَّاكُمْ لِطَاعَتِهِ وَ مَرْضَاتِهِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ابتدائے آفرینش روحانیین میں خداوند عالم نے عقل کو اپنے نور سے پیدا کر کے عرش کے داہنے پہلو میں جگہ دی پھر اس سے فرمایا کہ آگے بڑھ۔ وہ آگے بڑھے۔ پھر حکم دیا پیچھے ہٹ جا۔ وہ ہٹ گئی۔ پھر ارشاد الٰہی ہوا کہ میں نے تجھ کو ایک مخلوق بزرگ پیدا کیا اور مخلوقات میں برتر کیا۔

اس کے بعد جہل کو ایک دریائے تلخ وتاریک سے پیدا کر کے پیچھے ہٹنے کا حکم دیا وہ بھی ہٹ گئی۔ پھر آگے بڑھنے کا حکم دیا مگر نہ بڑھا۔ اللہ نے اس پر لعنت کی اور عقل کو پچھتر لشکر عنایت فرمائے۔

جہل نے عرض کی بارالہا عقل بھی تیری ہی مخلوق اور مجھے بھی تو ہی نے پیدا کیا۔ تو نے عقل کو اتنے لشکر دے کر اس کو طاقتور بنایا اور مجھے کسی قسم کی طاقت نہ دی۔ مجھے بھی تو طاقت کی ضرورت ہے۔

ارشاد الٰہی ہوا کہ تجھے طاقتور بنائے دیتا ہوں لیکن اگر پھر بھی تو نے معصیت کی تو تجھ کو تیرے لشکر سمیت اپنی رحمت سے دور رکھوں گا۔ خداوند عالم نے اتنے ہی لشکر جہل کو بھی عنایت فرمائے۔

عقل کے لشکر میں ایک خیر ونیکی ہے جو وزیر عقل ہے اس کے خلاف شر ہے جو وزیر جہل ہے۔

عقل کے لشکر میں ایمان ہے اور جہل کی فوج میں کفر۔

عقل کے لیے یقین ہے جہل کے لیے انکار۔

عقل کے لیے امید ہے جہل کے لیے ناامیدی۔

عقل کے لیے عدالت ہے جہل کے لیے ظلم۔

عقل کے لیے رضا ہے جہل کے لیے ختم۔

عقل کے لیے شکر ہے جہل کے لیے کفر۔

عقل کے لیے طمع رحمت ہے جہل کے لیے مایوسی۔

عقل کے لیے رفق ومداوا ہے جہل کے لیے کج خلقی وبدمزاجی۔

عقل کے لیے توکل ہے جہل کے لیے حرص۔
عقل کے لیے خوف خدا ہے جہل کے لیے گناہوں میں بے باکی۔
عقل کے لیے مہربانی ہے جہل کے لیے فریب۔
عقل کے لیے تواضع ہے جہل کے لیے تکبر۔
عقل کے لیے رحمت ہے جہل کے لیے غضب۔
عقل کے لیے علم ہے جہل کے لیے لاعلمی۔
عقل کے لیے آرام وسکون ہے جہل کے لیے جلدی کرنا۔
عقل کے لیے دانائی ہے جہل کے لیے نادانی۔
عقل کے لیے حلم ہے جہل کے لیے سفاہت۔
عقل کے لیے فہم ہے جہل کے لیے حماقت۔
عقل کے لیے خاموشی ہے جہل کے لیے زیادہ باتیں کرنا۔
عقل کے لیے پارسائی ہے جہل کے لیے بے حیائی اور گناہ۔
عقل کے لیے تسلیم ورضا ہے جہل کے لیے جباری۔
عقل کے لیے زہد فی الدنیا ہے جہل کے لیے رغبت۔
عقل کے لیے غلطی کو معاف کرنا ہے جہل کے لیے کینہ رکھنا۔
عقل کے لیے نرم دل ہونا ہے جہل کے لیے سنگدل ہونا۔
عقل کے لیے رازداری ہے جہل کے لیے راز کو ظاہر کرنا۔
عقل کے لیے یقین ہے جہل کے لیے شک۔
عقل کے لیے نماز ہے جہل کے لیے ترک نماز۔
عقل کے لیے صبر ہے جہل کے لیے بے صبری۔
عقل کے لیے روزہ ہے جہل کے لیے ترک صوم۔
عقل کے لیے گناہ کو بخش دینا ہے جہل کے لیے بدلہ اور انتقام لینا۔
عقل کے لیے جہاد ہے جہل کے لیے پست ہمتی۔
عقل کے لیے بے نیازی ہے جہل کے لیے حاجت مندی۔

عقل کے لیے حج ہے جہل کے لیے عہد شکنی۔
عقل کے لیے صدق اور حق ہے جہل کے لیے جھوٹ اور فریب۔
عقل کے لیے راست گوئی ہے جہل کے لیے ضمیر دروغ گوئی۔
عقل کے لیے تفکر کرنا ہے جہل کے لیے بھول جانا۔
عقل کے لیے والدین کے ساتھ نیکی کرنا ہے جہل کے لیے عاق والدین ہونا۔
عقل کے لیے تندرستی ہے جہل کے لیے گرفتار بلا ہونا۔
عقل کے لیے حقیقت ہے جہل کے لیے ریا۔
عقل کے لیے دوستی ہے جہل کے لیے دشمنی۔
عقل کے لیے نیکی ہے جہل کے لیے بداعمالی و برائی۔
عقل کے لیے حق ہے جہل کے لیے باطل۔
عقل کے لیے پردہ ہے جہل کے لیے بے پردگی۔
عقل کے لیے امانت ہے جہل کے لیے خیانت۔
عقل کے لیے تقیہ کرنا ہے جہل کے لیے تقیہ نہ کرنا۔
عقل کے لیے اخلاص ہے جہل کے لیے ریا و بددلی۔
عقل کے لیے انصاف ہے جہل کے لیے طرفداری خلاف حق۔
عقل کے لیے شہامت ہے جہل کے لیے کند ذہنی۔
عقل کے لیے محنت ہے جہل کے لیے سستی۔
عقل کے لیے فہم ہے جہل کے لیے نافہمی۔
عقل کے لیے پاکیزگی وطہارت ہے جہل کے لیے گندگی ونجاست۔
عقل کے لیے معرفت ہے جہل کے لیے انکار۔
عقل کے لیے حیا وشرم ہے جہل کے لیے بے حیائی و بے شرمی۔
عقل کے لیے مدارا و پردہ داری ہے جہل کے لیے پردہ دری۔
عقل کے لیے میانہ روی ہے جہل کے لیے اسراف وفضول خرچی۔
عقل کے لیے عیب پوشی ہے جہل کے لیے اظہار عیب۔

عقل کے لیے راحت وآرام ہے جہل کے لیے لقب ومشقت۔
عقل کے لیے سہولت وآسانی ہے جہل کے لیے مشقت ومحنت۔
عقل کے لیے برکت ہے جہل کے لیے نقصان۔
عقل کے لیے عافیت ہے جہل کے لیے بلا۔
عقل کے لیے صمیمیت ہے جہل کے لیے ظاہرداری۔
عقل کے لیے حکمت ہے جہل کے لیے خواہش پرستی۔
عقل کے لیے وقار وسکون ہے جہل کے لیے سبکی۔
عقل کے لیے خوش نصیبی ہے جہل کے لیے بدنصیبی۔
عقل کے لیے گناہ پر شرمندگی ہے جہل کے لیے گناہ پر گناہ۔
عقل کے لیے استغفار ہے جہل کے لیے غرور۔
عقل کے لیے خدا سے دعا کرنا ہے جہل کے لیے دعا سے غفلت۔
عقل کے لیے نشاط ہے جہل کے لیے کاہلی۔
عقل کے لیے خوشدلی ہے جہل کے لیے رنج وافسوس۔
عقل کے لیے یکجائی ہے جہل کے لیے جدائی۔
عقل کے لیے سخاوت ہے جہل کے لیے بخل۔
عقل کے لیے محافظت کار ہے جہل کے لیے سہل انگاری۔

پس عقل کے ان لشکروں کی یہ تمام خوبیاں سوائے نبی یا وصی یا اس مومن کے کسی میں جمع نہیں ہوتیں جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے ایمان کے لئے آزمایا ہے۔ جہاں تک ہمارے دیگر چاہنے والوں کا تعلق ہے تو ان میں ان لشکروں کی بعض خصوصات پائی جاتی ہیں اور بتدریج وہ کامل ہو جاتا ہے اور پھر وہ جہل کے شکر سے دور ہو جاتا ہے کہ تب جا کر وہ انبیاء و اوصیا علیہم السلام کے بلندترین درجات تک جا پہنچتا ہے۔

یہ کامیابی صرف عقل اور اس کے لشکروں کی معرفت اور جہل اور اس کے لشکروں سے دوری اختیار کرنے کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور تم لوگوں کو اپنی اطاعت اور خوشنودی کی توفیق مرحمت فرمائے۔

باب ۔ ۲۵

اس باب میں اسی یا اس سے زیادہ کی احادیث ہیں

نزلت في أمير المؤمنين علي بن أبي طالب عليه السلام ثمانون آية ما شركه فيها أحد

امیر المومنین علیہ السلام کی شان میں اسی آیات نازل ہوئیں کہ جن میں ان کا کوئی شریک نہیں

① حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْجَلُودِيُّ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبَانٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ نَزَلَتْ فِي عَلِيٍّ عليه السلام ثَمَانُونَ آيَةً صَفْواً فِي كِتَابِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ مَا شَرِكَهُ فِيهَا أَحَدٌ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ.

ابن لیلی کہتے ہیں کہ قرآن میں اسّی آیتیں امیر المومنین علیہ السلام کی شان والا شان میں نازل ہوئیں۔ جن میں کوئی حضرت کا شریک نہیں اور ان میں سے ایک فضیلت بھی کسی کو نصیب نہیں ہوئی۔

ضرب النبي صلى الله عليه وآله وسلم في الخمر ثمانين

نبیؐ نے شراب پینے پر اسی تازیانے لگائے

② حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ رَافِعُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بِمَرْوِ الرُّوذِ قَالَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ قَالَ حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْجُمَحِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ اللَّيْثِيِّ عَنْ نَبِيهِ بْنِ وَهْبٍ الْعَبْدَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله ضَرَبَ فِي الْخَمْرِ ثَمَانِينَ.

جناب محمد حنفیہ امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شراب پینے کی حد (سزا) اسّی

(۸۰) تازیانے معین فرمائی ہے۔

تكبيرات الصلاة خمس وتسعون تكبيرة

دن بھر کی نمازوں میں پچانوے تکبیریں ہیں

۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ مُوسَى بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنِ الصَّبَّاحِ الْمُزَنِيِّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام قَالَ قَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام تَكْبِيرَاتُ الصَّلَاةِ خَمْسٌ وَ تِسْعُونَ تَكْبِيرَةً فِي الْيَوْمِ وَ اللَّيْلَةِ مِنْهَا تَكْبِيرَةُ الْقُنُوتِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ نماز پنجگانہ میں ۹۵ تکبیریں ہیں اور تکبیر قنوت بھی اس میں شامل ہے۔

لله تبارك وتعالى تسعة وتسعون اسما

اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام

۵ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ الْعَبْدِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله إِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ تِسْعَةً وَ تِسْعِينَ اسْماً مِائَةً إِلَّا وَاحِدَةً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَ هِيَ اللهُ الْإِلٰهُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الْاَوَّلُ الْآخِرُ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ الْقَدِيرُ الْقَاهِرُ الْعَلِيُّ الْاَعْلَى الْبَاقِي الْبَدِيعُ الْبَارِئُ الْاَكْرَمُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْحَيُّ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ الْحَلِيمُ الْحَفِيظُ الْحَقُّ الْحَسِيبُ الْحَمِيدُ الْحَفِيُّ الرَّبُّ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ الذَّارِئُ الرَّزَّاقُ الرَّقِيبُ الرَّءُوفُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ السَّيِّدُ السُّبُّوحُ الشَّهِيدُ الصَّادِقُ الصَّانِعُ الطَّاهِرُ الْعَدْلُ الْعَفُوُّ الْغَفُورُ الْغَنِيُّ الْغِيَاثُ الْفَاطِرُ الْفَرْدُ الْفَتَّاحُ الْفَالِقُ الْقَدِيمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ الْقَوِيُّ الْقَرِيبُ الْقَيُّومُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ قَاضِي الْحَاجَاتِ الْمَجِيدُ الْمَوْلَى الْمَنَّانُ الْمُحِيطُ الْمُبِينُ الْمُقِيتُ الْمُصَوِّرُ الْكَرِيمُ الْكَبِيرُ الْكَافِي كَاشِفُ الضُّرِّ الْوَتْرُ النُّورُ الْوَهَّابُ النَّاصِرُ الْوَاسِعُ الْوَدُودُ الْهَادِي الْوَفِيُّ الْوَكِيلُ الْوَارِثُ الْبَرُّ الْبَاعِثُ التَّوَّابُ الْجَلِيلُ الْجَوَادُ الْخَبِيرُ الْخَالِقُ

خَيْرُ النَّاصِرِينَ الدَّيَّانُ الشَّكُورُ الْعَظِيمُ اللَّطِيفُ الشَّافِي.[1]

و قد أخرجت تفسير هذه الأسماء فی کتاب التوحيد و قد رويت هذا الخبر من طرق مختلفة و ألفاظ مختلفة.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خداوند عالم کے ۹۹ نام ہیں جو ان کو یاد کرلے گا وہ جنتی ہوگا۔

مؤلف فرماتے ہیں کہ میں نے ان اسمائے الٰہی کی تشریح کتاب توحید میں کردی ہے اور اس روایت کو بھی مختلف اسناد اور الفاظ کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

ثواب مائة تهليلة و ثواب الاستغفار مائة مرة

سو مرتبہ تہلیل (لا الہ الا اللہ کہنے) اور سو مرتبہ استغفار کا اجر و ثواب

⑤ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ وَ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَ أَفْضَلَ النَّاسِ ذَلِكَ الْيَوْمَ عَمَلًا إِلَّا مَنْ زَادَ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص سو بار ایک دن میں لا الہ الا اللہ کہے۔ اس روز دنیا کے ہر عبادت کرنے والے سے اس کا عمل بہتر ہوگا۔ سوائے اس کے جو سو بار سے بھی زیادہ کہے اور جو شخص سوتے وقت سو بار کہے اس کے لیے بہشت میں ایک مکان بنایا جائے گا اور جو شخص سو بار سوتے وقت استغفار کرے۔ اس کے تمام گناہ اس طرح گر جائیں گے جیسے درختوں کے پتے۔

⑥ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَيْفٍ عَنْ سَيْفٍ عَنْ سَلَّامِ بْنِ غَانِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ مَنْ قَالَ حِينَ يَأْوِي إِلَى فِرَاشِهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مِائَةَ مَرَّةٍ بَنَى اللهُ بَيْتاً لَهُ فِي الْجَنَّةِ وَ مَنِ اسْتَغْفَرَ اللهَ حِينَ يَأْوِي إِلَى فِرَاشِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ تَحَاتَّتْ ذُنُوبُهُ كَمَا يَسْقُطُ وَرَقُ الشَّجَرَةِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص سو بار ایک دن میں لا الہ الا اللہ کہے تو اس کے گناہ جھڑ جاتے ہیں جیسے درخت (سوکھے) پتے۔

---

[1] ان الفاظ کے معانی مختلف جگہوں پر مختلف ہوا کرتے ہیں لہٰذا یہاں ان کے معانی ذکر نہیں کئے گئے اگر کوئی قاری ان اسمائے الٰہی کے معانی اور اوراد سے دلچسپی رکھتے ہوں تو اس کے لئے ہماری کتاب ''خواص اسمائے الٰہی'' کا مطالعہ فرمائیں۔ ادارہ قاری اکیڈمی انجمن کراچی کے تحت شائع ہو چکی ہے۔ (مجاہد حسین حرّ)

باب۔ ۲۶

اس باب میں ایک سو ایک سے زائد عدد کی روایتیں ہیں

① حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَعِيدٍ الْجَبَلِيُّ الصَّيْدَنَانِيُّ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ الصَّلْتِ وَ اللَّفْظُ لَهُ قَالا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ [مُحَمَّدُ] بْنُ نَصْرٍ الْخَزَّازُ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ طَلْحَةَ بْنِ اَسْبَاطِ بْنِ نَصْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ يَهُودِيَّانِ اَخَوَانِ مِنْ رُؤَسَاءِ الْيَهُودِ بِالْمَدِينَةِ فَقَالا يَا قَوْمِ اِنَّ نَبِيَّنَا حَدَّثَنَا عَنْهُ اَنَّهُ قَدْ ظَهَرَ نَبِيٌّ بِتِهَامَةَ يُسَقِّهُ اَحْلَامَ الْيَهُودِ وَ يَطْعُنُ فِي دِينِهِمْ وَ نَحْنُ نَخَافُ اَنْ يُزِيلَنَا عَمَّا كَانَ عَلَيْهِ آبَاؤُنَا فَاَيُّكُمْ هَذَا النَّبِيُّ فَاِنْ يَكُنِ الَّذِي بَشَّرَ بِهِ دَاوُدُ آمَنَّا بِهِ وَ اتَّبَعْنَاهُ وَ اِنْ لَمْ يَكُنْ يُورِدُ الْكَلَامَ عَلَى اُتِلَافِهِ وَ يَقُولُ الشِّعْرَ وَ يَقْهَرُنَا بِلِسَانِهِ جَاهَدْنَاهُ بِاَنْفُسِنَا وَ اَمْوَالِنَا فَاَيُّكُمْ هَذَا النَّبِيُّ فَقَالَ الْمُهَاجِرُونَ وَ الْاَنْصَارُ اِنَّ نَبِيَّنَا ﷺ قَدْ قُبِضَ فَقَالا الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاَيُّكُمْ وَصِيُّهُ فَمَا بَعَثَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ نَبِيّاً اِلَى قَوْمٍ اِلَّا وَ لَهُ وَصِيٌّ يُؤَدِّي عَنْهُ مِنْ بَعْدِهِ وَ يَحْكِي عَنْهُ مَا اَمَرَهُ رَبُّهُ فَاَوْمَاَ الْمُهَاجِرُونَ وَ الْاَنْصَارُ اِلَى اَبِي بَكْرٍ فَقَالُوا هُوَ وَصِيُّهُ فَقَالا لِاَبِي بَكْرٍ اِنَّا نُلْقِي عَلَيْكَ مِنَ الْمَسَائِلِ مَا يُلْقَى عَلَى الْاَوْصِيَاءِ وَ نَسْاَلُكَ عَمَّا تُسْاَلُ الْاَوْصِيَاءُ عَنْهُ فَقَالَ لَهُمَا اَبُو بَكْرٍ اَلْقِيَا مَا شِئْتُمَا اُخْبِرْكُمَا بِجَوَابِهِ اِنْ شَاءَ اللهُ فَقَالَ اَحَدُهُمَا مَا اَنَا وَ اَنْتَ عِنْدَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ مَا نَفْسٌ فِي نَفْسٍ لَيْسَ بَيْنَهُمَا رَحِمٌ وَ لَا قَرَابَةٌ وَ مَا قَبْرٌ سَارَ بِصَاحِبِهِ وَ مِنْ اَيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ وَ فِي اَيْنَ تَغْرُبُ وَ اَيْنَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ لَمْ تَطْلُعْ فِيهِ بَعْدَ ذَلِكَ وَ اَيْنَ تَكُونُ الْجَنَّةُ وَ اَيْنَ تَكُونُ النَّارُ وَ رَبُّكَ يَحْمِلُ اَوْ يُحْمَلُ وَ اَيْنَ يَكُونُ وَجْهُ رَبِّكَ وَ مَا اثْنَانِ شَاهِدَانِ وَ مَا اثْنَانِ غَائِبَانِ وَ مَا اثْنَانِ مُتَبَاغِضَانِ وَ مَا الْوَاحِدُ وَ مَا الِاثْنَانِ وَ مَا الثَّلَاثَةُ وَ مَا الْاَرْبَعَةُ وَ مَا الْخَمْسَةُ وَ مَا السِّتَّةُ وَ مَا السَّبْعَةُ وَ مَا الثَّمَانِيَةُ وَ مَا التِّسْعَةُ وَ مَا الْعَشَرَةُ وَ مَا الْاَحَدَ عَشَرَ وَ مَا الِاثْنَا عَشَرَ وَ مَا الْعِشْرُونَ وَ مَا الثَّلَاثُونَ وَ مَا الْاَرْبَعُونَ وَ مَا الْخَمْسُونَ وَ مَا السِّتُّونَ وَ مَا السَّبْعُونَ وَ مَا الثَّمَانُونَ وَ مَا التِّسْعُونَ وَ مَا الْمِائَةُ قَالَ فَبَقِيَ اَبُو بَكْرٍ لَا يَرُدُّ جَوَاباً وَ تَخَوَّفْنَا اَنْ يَرْتَدَّ الْقَوْمُ عَنِ الْاِسْلَامِ فَاَتَيْتُ مَنْزِلَ عَلِيِّ بْنِ

اَبِی طَالِبٍ عليه السلام فَقُلْتُ لَهُ يَا عَلِيُّ اِنَّ رُؤَسَاءَ الْيَهُودِ قَدْ قَدِمُوا الْمَدِينَةَ وَ اَلْقَوْا عَلَى اَبِی بَكْرٍ مَسَائِلَ فَبَقِیَ اَبُو بَكْرٍ لَا يَرُدُّ جَوَاباً فَتَبَسَّمَ عَلِيٌّ عليه السلام ضَاحِكاً ثُمَّ قَالَ هُوَ الْيَوْمُ الَّذِی وَعَدَنِی رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله فَاَقْبَلَ يَمْشِی اَمَامِی وَ مَا اَخْطَاتْ مِشْيَتُهُ مِنْ مِشْيَةِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله شَيْئاً حَتَّى قَعَدَ فِی الْمَوْضِعِ الَّذِی كَانَ يَقْعُدُ فِيهِ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى الْيَهُودِيَّيْنِ فَقَالَ يَا يَهُودِيَّانِ ادْنُوَا مِنِّی وَ اَلْقِيَا عَلَیَّ مَا اَلْقَيْتُمَاهُ عَلَى الشَّيْخِ فَقَالَ الْيَهُودِيَّانِ وَ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ لَهُمَا اَنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِی طَالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَخُو النَّبِیِّ وَ زَوْجُ ابْنَتِهِ فَاطِمَةَ وَ اَبُو الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ وَ وَصِيُّهُ فِی حَالَاتِهِ كُلِّهَا وَ صَاحِبُ كُلِّ مَنْقَبَةٍ وَ عِزٍّ وَ مَوْضِعُ سِرِّ النَّبِیِّ صلى الله عليه وآله فَقَالَ لَهُ اَحَدُ الْيَهُودِيَّيْنِ مَا اَنَا وَ اَنْتَ عِنْدَ اللهِ قَالَ اَنَا مُؤْمِنٌ مُنْذُ عَرَفْتُ نَفْسِی وَ اَنْتَ كَافِرٌ مُنْذُ عَرَفْتَ نَفْسَكَ فَمَا اَدْرِی مَا يُحْدِثُ اللهُ فِيكَ يَا يَهُودِیُّ بَعْدَ ذَلِكَ فَقَالَ الْيَهُودِیُّ فَمَا نَفَسٌ فِی نَفَسٍ لَيْسَ بَيْنَهُمَا رَحِمٌ وَ لَا قَرَابَةٌ قَالَ ذَاكَ يُونُسُ عليه السلام فِی بَطْنِ الْحُوتِ قَالَ فَمَا قَبْرٌ سَارَ بِصَاحِبِهِ قَالَ يُونُسُ حِينَ طَافَ بِهِ الْحُوتُ فِی سَبْعَةِ اَبْحُرٍ قَالَ لَهُ فَالشَّمْسُ مِنْ اَيْنَ تَطْلُعُ قَالَ مِنْ بَيْنِ قَرْنَیِ الشَّيْطَانِ قَالَ فَاَيْنَ تَغْرُبُ قَالَ فِی عَيْنٍ حَامِيَةٍ قَالَ لِی حَبِيبِی رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله لَا تُصَلِّ فِی اِقْبَالِهَا وَ لَا فِی اِدْبَارِهَا حَتَّى تَصِيرَ مِقْدَارَ رُمْحٍ اَوْ رُمْحَيْنِ قَالَ فَاَيْنَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ لَمْ تَطْلُعْ فِی ذَلِكَ الْمَوْضِعِ قَالَ فِی الْبَحْرِ حِينَ فَلَقَهُ اللهُ لِبَنِی اِسْرَائِيلَ لِقَوْمِ مُوسَى عليه السلام قَالَ لَهُ فَرَبُّكَ يَحْمِلُ اَوْ يُحْمَلُ قَالَ اِنَّ رَبِّی عَزَّ وَ جَلَّ يَحْمِلُ كُلَّ شَیْءٍ بِقُدْرَتِهِ وَ لَا يَحْمِلُهُ شَیْءٌ قَالَ فَكَيْفَ قَوْلُهُ عَزَّ وَ جَلَ وَ يَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ قَالَ يَا يَهُودِیُّ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ لِلهِ مَا فِی السَّمَاوَاتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ مَا تَحْتَ الثَّرَى فَكُلُّ شَیْءٍ عَلَى الثَّرَى وَ الثَّرَى عَلَى الْقُدْرَةِ وَ الْقُدْرَةُ تَحْمِلُ كُلَّ شَیْءٍ قَالَ فَاَيْنَ تَكُونُ الْجَنَّةُ وَ اَيْنَ تَكُونُ النَّارُ قَالَ اَمَّا الْجَنَّةُ فَفِی السَّمَاءِ وَ اَمَّا النَّارُ فَفِی الْاَرْضِ قَالَ فَاَيْنَ يَكُونُ وَجْهُ رَبِّكَ فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ عليه السلام لِی يَا ابْنَ عَبَّاسٍ ائْتِنِی بِنَارٍ وَ حَطَبٍ فَاَتَيْتُهُ بِنَارٍ وَ حَطَبٍ فَاَضْرَمَهَا ثُمَّ قَالَ يَا يَهُودِیُّ اَيْنَ يَكُونُ وَجْهُ هَذِهِ النَّارِ قَالَ لَا اَقِفُ لَهَا عَلَى وَجْهٍ قَالَ فَاِنَّ رَبِّی عَزَّ وَ جَلَّ عَنْ هَذَا الْمَثَلِ وَ لَهُ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللهِ فَقَالَ لَهُ مَا اثْنَانِ شَاهِدَانِ قَالَ السَّمَاوَاتُ وَ الْاَرْضُ لَا يَغِيبَانِ سَاعَةً قَالَ فَمَا اثْنَانِ غَائِبَانِ قَالَ الْمَوْتُ وَ الْحَيَاةُ لَا يُوقَفُ عَلَيْهِمَا قَالَ فَمَا اثْنَانِ مُتَبَاغِضَانِ قَالَ اللَّيْلُ وَ النَّهَارُ قَالَ فَمَا الْوَاحِدُ قَالَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ قَالَ فَمَا الِاثْنَانِ قَالَ آدَمُ وَ حَوَّاءُ قَالَ فَمَا الثَّلَاثَةُ قَالَ كَذَبَتِ النَّصَارَى عَلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فَقَالُوا ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ وَ اللهُ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَ لَا وَلَداً قَالَ فَمَا الْاَرْبَعَةُ قَالَ الْقُرْآنُ وَ الزَّبُورُ وَ التَّوْرَاةُ وَ الْاِنْجِيلُ

قَالَ فَمَا الْخَمْسَةُ قَالَ خَمْسُ صَلَوَاتٍ مُفْتَرَضَاتٍ قَالَ فَمَا السِّتَّةُ قَالَ خَلَقَ اللهُ السَّماواتِ وَ الْاَرْضَ وَ ما بَيْنَهُما فِي سِتَّةِ اَيَّامٍ قَالَ فَمَا السَّبْعَةُ قَالَ سَبْعَةُ اَبْوَابِ النَّارِ مُتَطَابِقَاتٍ قَالَ فَمَا الثَّمَانِيَةُ قَالَ ثَمَانِيَةُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ قَالَ فَمَا التِّسْعَةُ قَالَ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْاَرْضِ وَ لا يُصْلِحُونَ قَالَ فَمَا الْعَشَرَةُ قَالَ عَشَرَةُ اَيَّامِ الْعَشْرِ قَالَ فَمَا الْاَحَدَ عَشَرَ قَالَ قَوْلُ يُوسُفَ لِاَبِيهِ يا اَبَتِ اِنِّي رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَباً وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِي ساجِدِينَ قَالَ فَمَا الِاثْنَا عَشَرَ قَالَ شُهُورُ السَّنَةِ قَالَ فَمَا الْعِشْرُونَ قَالَ بَيْعُ يُوسُفَ بِعِشْرِينَ دِرْهَماً قَالَ فَمَا الثَّلَاثُونَ قَالَ ثَلَاثُونَ يَوْماً شَهْرُ رَمَضَانَ صِيَامُهُ فَرْضٌ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ اِلَّا مَنْ كَانَ مَرِيضاً اَوْ عَلى سَفَرٍ قَالَ فَمَا الْاَرْبَعُونَ قَالَ كَانَ مِيقَاتَ مُوسَى عليه السلام ثَلَاثُونَ لَيْلَةً فَاَتَمَّهَا اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقاتُ رَبِّهِ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً قَالَ فَمَا الْخَمْسُونَ قَالَ لَبِثَ نُوحٌ فِي قَوْمِهِ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِينَ عاماً قَالَ فَمَا السِّتُّونَ قَالَ قَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كَفَّارَةِ الظِّهَارِ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعامُ سِتِّينَ مِسْكِيناً اِذَا لَمْ يَقْدِرْ عَلَى صِيَامِ شَهْرَيْنِ مُتَتابِعَيْنِ قَالَ فَمَا السَّبْعُونَ قَالَ اخْتارَ مُوسى قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا لِمِيقاتِ رَبِّهِ عَزَّ وَ جَلَّ قَالَ فَمَا الثَّمَانُونَ قَالَ قَرْيَةٌ بِالْجَزِيرَةِ يُقَالُ لَهَا ثَمَانُونَ مِنْهَا قَعَدَ نُوحٌ فِي السَّفِينَةِ وَ اسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِي وَ اَغْرَقَ اللهُ الْقَوْمَ قَالَ فَمَا التِّسْعُونَ قَالَ الْفُلْكُ الْمَشْحُونُ اتَّخَذَ نُوحٌ عليه السلام فِيهِ تِسْعِينَ بَيْتاً لِلْبَهَائِمِ قَالَ فَمَا الْمِائَةُ قَالَ كَانَ اَجَلُ دَاوُدَ عليه السلام سِتِّينَ سَنَةً فَوَهَبَ لَهُ آدَمُ عليه السلام اَرْبَعِينَ سَنَةً مِنْ عُمُرِهِ فَلَمَّا حَضَرَتْ آدَمَ الْوَفَاةُ جَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ فَقَالَ لَهُ يَا شَابُّ صِفْ لِي مُحَمَّداً كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهِ حَتَّى اُومِنَ بِهِ السَّاعَةَ فَبَكَى اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام ثُمَّ قَالَ يَا يَهُودِيُّ هَيَّجْتَ اَحْزَانِي كَانَ حَبِيبِي رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله صَلْتَ الْجَبِينِ مَقْرُونَ الْحَاجِبَيْنِ اَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ سَهْلَ الْخَدَّيْنِ اَقْنَى الْاَنْفِ دَقِيقَ الْمَسْرُبَةِ كَثَّ اللِّحْيَةِ بَرَّاقَ الثَّنَايَا كَاَنَّ عُنُقَهُ اِبْرِيقُ فِضَّةٍ كَانَ لَهُ شُعَيْرَاتٌ مِنْ لَبَّتِهِ اِلَى سُرَّتِهِ مَلْفُوفَةً كَاَنَّهَا قَضِيبُ كَافُورٍ لَمْ يَكُنْ فِي بَدَنِهِ شُعَيْرَاتٌ غَيْرُهَا لَمْ يَكُنْ بِالطَّوِيلِ الذَّاهِبِ وَ لَا بِالْقَصِيرِ النَّزْرِ كَانَ اِذَا مَشَى مَعَ النَّاسِ غَمَرَهُمْ نُورُهُ وَ كَانَ اِذَا مَشَى كَاَنَّهُ يَتَقَلَّعُ مِنْ صَخْرٍ اَوْ يَنْحَدِرُ مِنْ صَبَبٍ كَانَ مُدَوَّرَ الْكَعْبَيْنِ لَطِيفَ الْقَدَمَيْنِ دَقِيقَ الْخَصْرِ عِمَامَتُهُ السَّحَابُ وَ سَيْفُهُ ذُو الْفَقَارِ وَ بَغْلَتُهُ دُلْدُلٌ وَ حِمَارُهُ الْيَعْفُورُ وَ نَاقَتُهُ الْعَضْبَاءُ وَ فَرَسُهُ لَزَّازٌ وَ قَضِيبُهُ الْمَمْشُوقُ وَ كَانَ عليه السلام اَشْفَقَ النَّاسِ عَلَى النَّاسِ وَ اَرْاَفَ النَّاسِ بِالنَّاسِ كَانَ بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ مَكْتُوبٌ عَلَى الْخَاتَمِ سَطْرَانِ اَمَّا اَوَّلُ سَطْرٍ فَلَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ وَ اَمَّا الثَّانِي فَمُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله هَذِهِ صِفَتُهُ يَا يَهُودِيُّ فَقَالَ الْيَهُودِيَّانِ نَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللهُ

وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللهِ ﷺ وَ اَنَّكَ وَصِيُّ مُحَمَّدٍ حَقّاً فَاَسْلَمَا وَ حَسُنَ اِسْلَامُهُمَا وَ لَزِمَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام فَكَانَا مَعَهُ حَتَّى كَانَ مِنْ اَمْرِ الْجَمَلِ مَا كَانَ فَخَرَجَا مَعَهُ اِلَى الْبَصْرَةِ فَقُتِلَ اَحَدُهُمَا فِي وَقْعَةِ الْجَمَلِ وَ بَقِيَ الْآخَرُ حَتَّى خَرَجَ مَعَهُ اِلَى صِفِّينَ فَقُتِلَ بِصِفِّينَ.

ابن عباس کہتے ہیں کہ یہودیوں میں سے دو بھائی مدینے میں آئے اور انہوں نے کہا کہ ہم نے سنا ہے کہ مدینے میں ایک شخص نے پیغمبری کا دعویٰ کیا ہے۔ اور یہودیوں کے عقائد و خیالات کو غلط کہتا ہے۔ ہم کو خوف کہ وہ ہماری قوم کو گمراہ نہ کردے اور اگر یہ وہی پیغمبر ہے جس کی بشارت ہم کو ہمارے پیغمبر حضرت داؤد علیہ السلام دے گئے ہیں تو ہم اس کی تصدیق و پیروی کریں ورنہ ہم اس سے جنگ کریں۔

اصحاب نے کہا، وہ پیغمبر رحلت فرما چکے ہیں۔

یہودی، خدا کا شکر ہے لیکن اس کا جانشین کون ہے؟

سب نے ابوبکر کی طرف اشارہ کیا۔ دونوں بھائیوں نے کہا کہ ہم کچھ پوچھنا چاہتے ہیں؟

ابوبکر نے جواب دیا کہ جو چاہو پوچھو۔

ان میں سے ایک بھائی نے سوال کیا کہ فرمایئے کہ

(۱) ہم اور آپ خدا کے نزدیک کیا ہیں؟

(۲) وہ کون جاندار ہے جس کے اندر دوسرا جاندار تھا اور ان دونوں میں کوئی قرابت بھی نہیں تھی؟

(۳) وہ کونسی قبر ہے جو قبر والے کے ساتھ گردش کرتی رہی؟

(۴) آفتاب کہاں سے نکلتا ہے اور کہاں ڈوبتا ہے؟

(۵) کس مقام پر آفتاب صرف ایک بار چمکا؟

(۶) بہشت کہاں ہے؟

(۷) دوزخ کس جگہ ہے؟

(۸) تمہارا پروردگار اٹھتا یا اٹھایا جاتا ہے؟

(۹) تمہارے پروردگار کا رخ کس طرف ہے؟

(۱۰) دو حاضر کون ہیں؟

(۱۱) دو غائب کون ہیں؟

(۱۲) دو ایسی چیزیں کون ہے جس میں مخالفت ہے؟

(۱۳) ایک سے بارہ اور بیس سے سو تک کون کون سی چیزیں ہیں؟

ابوبکر ششدر رہ گئے اور ہم ڈر گئے کہ مبادا لوگ اسلام سے مرتد ہو جائیں لہٰذا فوراً خدمت امیر المومنین علیہ السلام میں حاضر ہوئے، سارا واقعہ بیان کیا حضرت سن کر مسکرائے۔ فرمایا یہ وہی دن ہے جس کی خبر مجھ کو حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دے گئے تھے۔ یہ فرما کر اٹھے۔ ابن عباس بھی عقب میں روانہ ہوئے۔ دل میں خیال کر رہے تھے کہ دیکھوں حضرت کیا جواب دیتے ہیں۔ اس وقت کی رفتار بالکل حضرت رسول کی رفتار تھی۔ آپ مسجد میں داخل ہوئے۔ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جگہ پر بیٹھ گئے۔ دونوں یہودیوں کو سامنے بلایا ان سے سوالات پوچھے۔

انہوں نے عرض کی آپ کون ہیں؟ حضرت نے فرمایا میں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چچازاد بھائی اور فاطمۃ الزہرا صلوات اللہ علیہا کا شوہر ہوں، حسن و حسین میرے فرزند ہیں۔

اب یہودی نے سوال کیا: (۱) میں کیا ہوں اور آپ کیا ہیں؟

آپ نے فرمایا: میں مومن ہوں اور تم کافر۔

(۲) کون وہ جاندار ہے جس میں دوسرا ذی روح سیر کرتا رہا؟

فرمایا وہ مچھلی اور یونس علیہ السلام پیغمبر خدا ہیں۔

(۳) وہ کون سی قبر تھی جو صاحب قبر کے ساتھ گردش کرتی رہی؟

فرمایا: وہی مچھلی اور یونس۔

(۴) آفتاب کہاں سے نکلتا ہے؟

فرمایا: شیطان کی دونوں شاخوں کے درمیان سے۔

(۵) کہاں ڈوبتا ہے؟ ایک چشمہ گرم و جاری میں۔

(۶) آفتاب صرف ایک بار کس مقام پر چمکا؟

فرمایا: اس مقام پر جو بنی اسرائیل کے لیے دریا شگافتہ ہونے کے بعد ظاہر ہوا تھا۔

(۷) آپ کا پروردگار اٹھاتا ہے یا اٹھایا جاتا ہے؟

فرمایا: میرا پروردگار ہر شئے اپنی توانائی سے اٹھا سکتا ہے اور کوئی شے اس کی عظمت و جلالت کا بار اٹھا نہیں سکتی۔

انہوں نے عرض کی آپ کے قرآن میں ہے کہ تمہارے پروردگار کا عرش اس دن آٹھ نفر اٹھائے ہوں گے؟

آپ نے جواب دیا کہ جو آسمان و زمین یا ان کے درمیان یا زمین کے نیچے ہیں سب کو خدا ہی نے اپنی قدرت کاملہ سے اٹھایا ہے لیکن اسے کوئی نہیں اٹھا سکتا۔

(۸) بہشت ودوزخ کہاں ہیں؟

بہشت آسمان پر ہےاور دوزخ زمین پر۔

(۹)انہوں سے پوچھا آپ کے پروردگار کا رخ کدھر ہے؟

حضرت نے ابن عباس سے فرمایا آگ روشن کرو۔ جب آگ بھڑکنے لگی تو آپ نے اس سے پوچھا اس آگ کا رخ کدھر ہے؟

اس نے جواب دیا ہر طرف ہے۔

آپ نے فرمایا کہ عالم کا مشرق ومغرب خدا ہی کا پیدا کیا ہوا ہے، وہ ہر طرف اور ہر جگہ ہے۔

(۱۰) دو چیزیں جو ہمیشہ پیش نظر رہتی ہیں وہ کون ہیں؟

فرمایا آسمان وزمین۔

(۱۱) پوچھا دو پوشیدہ چیزیں کون سی ہیں؟

فرمایا موت وحیات۔

(۱۲) دو مخالفت چیزیں کون سی ہیں؟

فرمایا شب وروز۔

(۱۳) وہ ایک جس کا دوسرا نہیں وہ کون ہے؟

فرمایا ذات الٰہی۔

(۱۴) وہ دو چیزیں جن کا تیسرا نہیں وہ کون ہیں؟

فرمایا حضرت آدم وحوا علیہما السلام۔

(۱۵) تین میں تیسرا کون ہے؟

فرمایا وہ نصاریٰ کا قول ہے خدا تین کا میں کا تیسرا ہے۔

(۱۶) چار کون ہیں؟

فرمایا: قرآن وزبور وتوراۃ وانجیل۔

(۱۷) پانچ کیا ہیں؟

فرمایا نماز پنجگانہ

(۱۸) چھ کیا ہیں؟

فرمایا وہ چھ دن جن میں زمین وآسمان پیدا ہوئے۔

(۱۹) سات کیا ہیں؟

فرمایا جہنم کے سات دروازے۔

(۲۰) آٹھ کیا ہیں؟

فرمایا بہشت کے آٹھ دروازے۔

(۲۱) نو کیا ہیں؟

فرمایا قوم صالح کے نو فسادی گروہ۔

(۲۲) دس کیا ہیں؟

عشرے کے دس دن۔

(۲۳) گیارہ کیا ہیں؟

فرمایا ستارے جن کو حضرت یوسف نے خواب میں دیکھا تھا۔

(۲۴) بارہ کیا ہیں؟

سال کے مہینے۔

(۲۵) بیس کیا ہیں؟

فرمایا بیس درہم جناب یوسف علیہ السلام کی قیمت کے۔

(۲۶) تیس کیا ہے؟

فرمایا: ماہ صیام کے روزے۔

(۲۷) چالیس کیا ہے؟

فرمایا: ایام میقات جناب موسیٰ علیہ السلام۔

(۲۸) پچاس کیا ہے؟

نوح علیہ السلام پچاس کم ایک ہزار برس زندہ رہے۔

(۲۹) ساٹھ کیا ہے؟

کفارہ ظہار ساٹھ آدمیوں کا کھانا۔

(۳۰) ستر کیا ہے؟

حضرت موسیٰ کے منتخب کیے ہوئے میقات کے لیے ستر آدمی۔

(۳۱) اسی کیا ہے؟

فرمایا ثمانون اس جزیرے کا نام ہے جہاں سے حضرت نوح کشتی میں سوار ہوئے تھے۔

(۳۲) نوے کیا ہے؟

فرمایا کشتی حضرت نوح علیہ السلام کے نوے خانے جن میں مختلف جانور تھے۔

(۳۳) سو کیا ہے؟

فرمایا جناب داؤد علیہ السلام کی عمر کے ساٹھ سال تھے جن کو حضرت آدم نے اپنی عمر سے چالیس سال دے کر پورے سو برس کیے۔

اب یہودیوں نے کہا کہ آپ اپنے نبی کے اوصاف اس طرح بیان فرمائیں جیسے ہم آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔

یہ سن کر حضرت رونے لگے۔ فرمایا تم نے میرے غم کو تازہ کر دیا۔

حضرت بلند و کشادہ پیشانی، ملے ہوئے ابرو، سیاہ چشم، رخسارے ہموار، لمبی ناک، باریک ہونٹ، چمکدار دانت، گھنی ڈاڑھی، چاندی کی طرح چمکدار گردن سینے پر بال، جدھر سے گزرتے رہے آپ کا نور ہر شے کو نورانی کر دیتا تھا۔

جب راستہ چلتے تھے تو قدم جما کر اور برابر رکھتے تھے۔ آپؐ کے ٹخنے مدوّر تھے، لطیف القدم، رقیق الحضر تھے۔ عمامہ سحاب، تلوار ذوالفقار، خچر دلدل، گدھا صحار، اونٹنی غضبا، گھوڑا لزاز، عصا عشوق، سب سے زیادہ مہربان و دل سوز۔ دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت جس میں دو سطریں تھیں: پہلی میں لا الہ الا اللہ اور دوسری میں محمد رسول اللہ لکھا تھا۔ اے یہودی یہ تھے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف۔ دونوں نے اسلام قبول کر کے حضرت کی رفاقت اختیار کی۔ یہاں تک کہ جنگ جمل ہوئی۔ ایک ان میں سے شہید ہو گیا۔ پھر جنگ صفین میں دوسرا بھی شہید ہوا۔

② حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنِی اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ سَعِیدٍ عَنْ اَبِیہِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ یَحْیَی عَنْ اَبِیہِ رَفَعَہُ اِلَی بَعْضِ الصَّادِقِینَ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ علیہم السلام قَالَ جَاءَ رَجُلَانِ مِنْ یَہُودِ خَیْبَرَ وَ مَعَہُمَا التَّوْرَاۃُ مَنْشُورَۃً یُرِیدَانِ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَوَجَدَاہُ قَدْ قُبِضَ فَاَتَیَا اَبَابَکْرٍ فَقَالَا اِنَّا قَدْ جِئْنَا نُرِیدُ النَّبِیَّ لِنَسْاَلَہُ عَنْ مَسْاَلَۃٍ فَوَجَدْنَاہُ قَدْ قُبِضَ فَقَالَ وَ مَا مَسْاَلَتُکُمَا قَالَا اَخْبِرْنَا عَنِ الْوَاحِدِ وَ الِاثْنَیْنِ وَ الثَّلَاثِ وَ الْاَرْبَعَۃِ وَ الْخَمْسَۃِ وَ السِّتَّۃِ وَ السَّبْعَۃِ وَ الثَّمَانِیَۃِ وَ التِّسْعَۃِ وَ الْعَشَرَۃِ وَ الْعِشْرِینَ وَ الثَّلَاثِینَ وَ الْاَرْبَعِینَ وَ الْخَمْسِینَ وَ السِّتِّینَ وَ السَّبْعِینَ وَ الثَّمَانِینَ وَ التِّسْعِینَ وَ الْمِائَۃِ فَقَالَ لَہُمَا اَبُو بَکْرٍ مَا عِنْدِی فِی ہَذَا شَیْءٌ ائْتِیَا عَلِیَّ بْنَ اَبِی طَالِبٍ قَالَ فَاَتَیَاہُ فَقَصَّا عَلَیْہِ

الْقِصَّةَ مِنْ اَوَّلِهَا وَ مَعَهُمَا التَّوْرَاةُ مَنْشُورَةً فَقَالَ لَهُمَا اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام اِنْ اَنَا اَخْبَرْتُكُمَا بِمَا تَجِدَانِهِ عِنْدَ كُمَا تُسْلِمَانِ قَالا نَعَمْ قَالَ اَمَّا الْوَاحِدُ فَهُوَ اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَ اَمَّا الِاثْنَانِ فَهُوَ قَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ لا تَتَّخِذُوا اِلهَيْنِ اثْنَيْنِ اِنَّما هُوَ اِلهٌ واحِدٌ وَ اَمَّا الثَّلَاثَةُ وَ الْاَرْبَعَةُ وَ الْخَمْسَةُ وَ السِّتَّةُ وَ السَّبْعَةُ وَ الثَّمَانِيَةُ فَهُنَّ قَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ فِي اَصْحَابِ الْكَهْفِ سَيَقُولُونَ ثَلاثَةٌ رابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَ يَقُولُونَ خَمْسَةٌ سادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْماً بِالْغَيْبِ وَ يَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَ ثامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ وَ اَمَّا التِّسْعَةُ فَهُوَ قَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ وَ كانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْاَرْضِ وَ لا يُصْلِحُونَ وَ اَمَّا الْعَشَرَةُ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ تِلْكَ عَشَرَةٌ كامِلَةٌ وَ اَمَّا الْعِشْرُونَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ اِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ وَ اَمَّا الثَّلَاثُونَ وَ الْاَرْبَعُونَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ وَ واعَدْنا مُوسى ثَلاثِينَ لَيْلَةً وَ اَتْمَمْناها بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقاتُ رَبِّهِ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً وَ اَمَّا الْخَمْسُونَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَ فِي يَوْمٍ كانَ مِقْدارُهُ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ وَ اَمَّا السِّتُّونَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعامُ سِتِّينَ مِسْكِيناً وَ اَمَّا السَّبْعُونَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ وَ اخْتارَ مُوسى قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا لِمِيقاتِنا وَ اَمَّا الثَّمَانُونَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ وَ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَناتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِاَرْبَعَةِ شُهَداءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمانِينَ جَلْدَةً وَ اَمَّا التِّسْعُونَ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ اِنَّ هذا اَخِي لَهُ تِسْعٌ وَ تِسْعُونَ نَعْجَةً وَ اَمَّا الْمِائَةُ فَقَوْلُ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ الزَّانِيَةُ وَ الزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ واحِدٍ مِنْهُما مِائَةَ جَلْدَةٍ قَالَ فَاَسْلَمَ الْيَهُودِيَّانِ عَلَى يَدَيْ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام.

امام جعفر صادق علیہ السلام مرفوعاً منقول ہے کہ خیبر کے یہودیوں میں سے دو افراد اپنے ساتھ کھلی ہوئی توریت لے کر آئے تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات ہو جائے مگر انہیں معلوم ہوا کہ آپؐ دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں تو وہ دونوں حضرت ابوبکر کے پاس آئے اور کہنے لگے: ہم اس ارادے سے آئے تھے کہ نبی سے ملاقات کریں اور ان سے کچھ مسائل دریافت کریں مگر ہمیں معلوم ہوا ہے کہ وہ اب اس دنیا میں رہے۔

حضرت ابوبکر کہنے لگے: تم دونوں کے سوالات کیا ہیں؟

ان دونوں نے کہا: ہمیں بتائیے کہ ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس، بیس، تیس، چالی، پچاس، ساٹھ، ستر، اسی، نوّے اور سو کیا ہیں؟

حضرت ابوبکر نے کہا ان میں سے مجھے کچھ معلوم نہیں لہٰذا تم دونوں حضرتؑ کے پاس جاؤ۔

وہ دوں حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور از سر نو اپنی روداد بیان کر دی جبکہ ان کے ہاتھ کھلی ہوئی توریت تھی۔

امیر المومنین علیہ السلام نے ان دونوں سے کہا: اگر میں ان باتوں کی خبر دے دوں جو تمہارے علم میں ہے تو کیا تم دونوں اسلام قبول کر لو گے؟

کہنے لگے: جی ہاں!

آپ نے فرمایا: واحد تو تو خدائے وحدہ لاشریک کی ذات ہے۔

دو اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے: دو معبود مت بناؤ کیونکہ وہ ایک ہی معبود ہے۔

تین، چار، پانچ، چھ سات، اور آٹھ اصحاب کہف کے بارے میں کتاب خدا میں اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ".

عنقریب یہ لوگ کہیں گے کہ وہ تین تھے اور چوتھا ان کا کتّا تھا اور بعض کہیں گے کہ پانچ تھے اور چھٹا ان کا کتا تھا اور یہ سب صرف غیبی اندازے ہوں گے اور بعض تو یہ بھی کہیں گے کہ وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا۔[1]

نو اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ"

اور اس شہر میں نو افراد تھے جو زمین میں فساد برپا کرتے تھے اور اصلاح نہیں کرتے تھے۔[2]

دس اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ"

اس طرح دس پورے ہو جائیں۔[3]

بیس اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ"

اگر ان میں بیس بھی صبر کرنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب آ جائیں گے۔[4]

---

[1] سورۂ کہف آیت ۲۲
[2] سورۂ نمل آیت ۴۸
[3] سورۂ بقرہ آیت ۱۹۶
[4] سورۂ نمل آیت ۶۵

تیس اور چالیس اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً"

اور ہم نے موسیٰؑ سے تیس راتوں کا وعدہ لیا اور اسے دس مزید راتوں سے مکمل کر دیا کہ اس طرح ان کے رب کا وعدہ چالیس راتوں کا وعدہ ہو گیا۔ [1]

پچاس اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ"

اس ایک دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال کے برابر ہے۔ [2]

ساٹھ اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا"

پھر یہ بھی ممکن نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ [3]

ستر اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا"

اور موسیٰؑ نے ہمارے وعدہ کے لئے اپنی قوم کے ستّر افراد کا انتخاب کیا۔ [4]

اسی اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً"

اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں اور چار گواہ فراہم نہیں کرتے ہیں انہیں اسّی کوڑے لگاؤ۔ [5]

نوّے اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ"

یہ ہمارا بھائی ہے اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک ہے۔ [6]

---

[1] سورۂ اعراف آیت ۱۴۲
[2] سورۂ معارج آیت ۴
[3] سورۂ مجادلہ آیت ۴
[4] سورۂ اعراف آیت ۱۵۵
[5] سورۂ نور آیت ۴
[6] سورۂ ص آیت ۲۳

سوا اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

"اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ"

زنا کار عورت اور زنا کار مرد دونوں کو سو سو کوڑے لگاؤ۔ [1]

راوی کہتا ہے اس کے بعد دونوں یہودیوں نے اسلام قبول کر لیا۔

عرج النبي صلى الله عليه وآله وسلم إلى السماء مائة وعشرين مرة

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سو بیس مرتبہ معراج پر تشریف لے گئے

③ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مَتِّيلٍ الدَّقَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ مَنِيعِ بْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ يُونُسَ عَنْ صَبَّاحٍ الْمُزَنِيِّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ عَرَجَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم مِائَةً وَ عِشْرِينَ مَرَّةً مَا مِنْ مَرَّةٍ اِلَّا وَ قَدْ اَوْصَى اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِيهَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم بِالْوَلَايَةِ لِعَلِيٍّ وَ الْاَئِمَّةِ عليهم السلام اَكْثَرَ مِمَّا اَوْصَاهُ بِالْفَرَائِضِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک سو بیس مرتبہ معراج ہوئی اور ہر مرتبہ بہ نسبت اور احکام دین کے ولایت ائمہ اثنا عشر کے بارے میں زیادہ تاکید کی گئی۔

الفاكهة مائة وعشرون لونا

پھلوں کے رنگ ایک سو بیس ہیں

④ حَدَّثَنَا اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ جَمِيعاً عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ لَمَّا اَهْبَطَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ آدَمَ عليه السلام مِنَ الْجَنَّةِ اَهْبَطَ مَعَهُ عِشْرِينَ وَ مِائَةَ قَضِيبٍ مِنْهَا اَرْبَعُونَ مَا يُؤْكَلُ دَاخِلُهَا وَ خَارِجُهَا وَ اَرْبَعُونَ مِنْهَا مَا يُؤْكَلُ دَاخِلُهَا وَ يُرْمَى بِخَارِجِهَا وَ اَرْبَعُونَ مِنْهَا مَا يُؤْكَلُ خَارِجُهَا وَ يُرْمَى بِدَاخِلِهَا وَ غِرَارَةٌ فِيهَا بَزْرُ كُلِّ شَيْءٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت آدم علی نبینا وآلہ وعلیہ السلام کے ساتھ ایک سو بیس شاخیں جنت سے زمین پر اتاری گئیں جن میں چالیس شاخیں ایسے درختوں کی تھیں جن کے پھل پوری طور پر ظاہر و باطن سب کھائے جاتے ہیں اور چالیس ایسے درختوں کی شاخیں تھیں جن کے پھل اوپر سے کھائے جاتے ہیں اور گٹھلی پھینک دی جاتی ہے اور

---

[1] سورۂ نور آیت ۲

چالیس ایسے درختوں کی شاخیں جن کے اندر کا گودا کھالیا جاتا ہے اور چھلکا پھینک دیا جاتا ہے۔

اور ایک جوال یا غرارہ یا تھیلا جس میں ہر طرح کے بیج تھے ساتھ آیا تھا۔

أهل الجنة عشرون ومائة صنف

ایک سو بیس قسم کے جنتی افراد

⑤ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْبُنْدَارُ الشَّافِعِيُّ بِفَرْغَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْحَمَّادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُؤَمِّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُونَ وَ مِائَةُ صِنْفٍ هَذِهِ الْاُمَّةُ مِنْهَا ثَمَانُونَ صِنْفاً.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اہل جنت کی ایک سو بیس قسمیں ہیں جن میں اسّی قسمیں صرف اس امت کی ہیں۔

من حفظ القرآن فله في كل سنة مائتا دينار في بيت المال

حافظان قرآن کو بیت المال سے ہر سال دو سو دینار دیئے جائیں گے

⑥ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْبَزَّازُ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّوَيْهِ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ عَنْ اَبِي الْاَشْهَبِ النَّخَعِيِّ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام مَنْ دَخَلَ فِي الْاِسْلَامِ طَائِعاً وَ قَرَاَ الْقُرْآنَ ظَاهِراً فَلَهُ فِي كُلِّ سَنَةٍ مِائَتَا دِينَارٍ فِي بَيْتِ مَالِ الْمُسْلِمِينَ اِنْ مُنِعَ فِي الدُّنْيَا اَخَذَهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَافِيَةً اَحْوَجَ مَا يَكُونُ اِلَيْهَا.

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص پورے قرآن کا حافظ ہو اس کو بیت المال سے دو سو اشرفیاں ملیں گی اگر دنیا میں نہ دی گئیں تو قیامت میں دی جائیں گی جس روز اس کو دنیا سے زیادہ ضرورت ہوگی اس اجر و ثواب کی۔

السنة ثلاثمائة وستون يوما

سال بھر میں تین سو ساٹھ دن ہوتے ہیں

⑦ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ

عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ عليه السلام عَنِ السَّنَةِ كَمْ يَوْماً هِيَ قَالَ ثَلَاثُمِائَةٍ وَ سِتُّونَ يَوْماً مِنْهَا سِتَّةُ اَيَّامٍ خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِيهَا الدُّنْيَا فَطُرِحَتْ مِنْ اَصْلِ السَّنَةِ فَصَارَتِ السَّنَةُ ثَلَاثَمِائَةٍ وَ اَرْبَعَةً وَ خَمْسِينَ يَوْماً يُسْتَحَبُّ اَنْ يَطُوفَ الرَّجُلُ فِي مُقَامِهِ بِمَكَّةَ عَدَدَ اَيَّامِ السَّنَةِ ثَلَاثَمِائَةٍ وَ سِتِّينَ اُسْبُوعاً فَاِنْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى ذَلِكَ طَافَ ثَلَاثَمِائَةٍ وَ سِتِّينَ شَوْطاً.

سال کے دن

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سال تین سو ساٹھ دن کا ہوتا ہے ان میں سے چھ دن اس لیے کم کر دیئے گئے کہ ان میں خلقت دنیا ہوئی لہٰذا تین سو چوّن رہ گئے۔

⑧ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبَانٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ اَيُّوبَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ يُسْتَحَبُّ اَنْ تَطُوفَ ثَلَاثَمِائَةٍ وَ سِتِّينَ اُسْبُوعاً عَدَدَ اَيَّامِ السَّنَةِ فَاِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَمَا قَدَرْتَ عَلَيْهِ مِنَ الطَّوَافِ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ مکہ معظّمہ جانے والے کے لیے بہتر ہے کہ تین سو ساٹھ طواف کرے۔ اگر یہ ناممکن ہو تو تین سو ساٹھ بار خانہ کعبہ کے گرد گردش کرے۔ یہ بھی ممکن نہ ہو تو جس قدر ہو سکے اتنے طواف کرے۔

خصال من شرائع الدين

وہ خوبیاں جو شرائع دین میں ہیں

⑨ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْعِجْلِيُّ وَ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَطَّانُ وَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ السِّنَانِيُّ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ هِشَامٍ الْمُكَتِّبُ وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّائِغُ وَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْوَرَّاقُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عليه السلام قَالَ هَذِهِ شَرَائِعُ الدِّينِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَتَمَسَّكَ بِهَا وَ اَرَادَ اللهُ هُدَاهُ اِسْبَاغُ الْوُضُوءِ كَمَا اَمَرَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي كِتَابِهِ النَّاطِقِ غَسْلُ الْوَجْهِ وَ الْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ وَ مَسْحُ

(۸۶) خدا کی رحمت کے امیدوار رہو یہ بہترین عبادت ہے۔

(۸۷) صبح کی نماز کے بعد خدا پر بھروسہ کرو اسی وقت ہر ایک کا حصہ اس کو ملتا ہے۔

(۸۸) خدا کے حرم میں تلوار لے کر نہ جاؤ۔

(۸۹) نماز میں اپنے سامنے تلوار نہ رکھو کیونکہ قبلہ جائے امن ہے۔

(۹۰) ہر حاجی کے لیے ضروری ہے کہ زیارت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی مشرف ہو۔

(۹۱) جن لوگوں کا تم پر حق ہے ان کی قبروں پر بھی جایا کرو اور اپنی روزی کے لیے خدا سے دعا کرو (ماں باپ کا حق سب سے زیادہ ہے پھر اولاد پھر بھائی بہن پھر اور اعزا)۔

(۹۲) کم گناہ کو سب اور چھوٹا نہ جانو اس لیے کہ کم سمجھنے سے وہی گناہ، گناہِ کبیرہ ہو جاتا ہے۔

(۹۳) سجدہ کو طول دیا کرو چونکہ شیطان کو سجدہ کا حکم دیا گیا اور اس نے انکار کیا تو وہ نہیں چاہتا کہ کوئی خدا کو سجدہ کرے۔

(۹۴) ہر وقت موت کا خیال رکھو اور سوچو کہ ایک دن بارگاہ الٰہی میں پیش ہونا ہے۔ اس سے دنیا کی مصیبتیں تم پر آسان ہو جائیں گی۔

(۹۵) جب کسی کی آنکھ میں درد ہو تو آیۃ الکرسی اس اعتقاد کے ساتھ پڑھے کہ صحت ہو جائے گی۔

(۹۶) گناہ کرنے سے باز رہو روزی کی کمی یا اور کوئی تکلیف صرف گناہ کرنے سے ہوتی ہے۔ خداوند عالم فرماتا ہے کہ تم پر جو مصیبت آتی ہے وہ تمہارے ہی اعمال کی وجہ سے اور نہ جانے کتنے گناہوں کو خدا بخش دیتا ہے۔

(۹۷) بسم اللہ الرحمن الرحیم کہہ کر کھانا شروع کرو۔ کھانا خدا ہی کی دی ہوئی نعمت ہے جس پر اس کا شکر ادا کرنا واجب ہے۔

(۹۸) خدا کی دی ہوئی ہر نعمت کو اس طرح کام میں لاؤ جیسا اس نے حکم دیا ہے کیونکہ ہر نعمت تمہاری قدردانی اور

ناقدری کی خدا کے سامنے گواہی دے گی۔

(۹۹) جو بندہ روزی کی کمی پر راضی رہتا ہے۔ خداوند عالم اس کے کم عمل سے راضی ہو جاتا ہے۔

(۱۰۰) میدان جنگ میں دشمن سے مقابلہ کے وقت کم باتیں کرو اور خدا کو نہ بھولو۔ اگر دیکھو تمہارا کوئی برادر مومن زخمی ہو گیا یا دشمن کے ہاتھ پڑ گیا تو اس کی دل و جان سے مدد کرو۔

(۱۰۱) جس قدر ہو سکے نیکی کرتے رہو بری موت سے محفوظ رہو گے۔

(۱۰۲) جو شخص یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ خدا کے نزدیک اس کا مرتبہ کیا ہے وہ یہ دیکھے کہ گناہ کرتے وقت اس کے دن میں کس قدر خوف خدا ہے۔

(۱۰۳) جو شخص اپنے یہاں ایک بکری پالتا ہے ملائکہ اس کے لیے ایک بار تقدیس کرتے ہیں اور اس سے زیادہ ہو تو زیادہ۔

(۱۰۴) جب کوئی (مسلمان) کمزور ہو جائے تو اس کو گوشت اور دودھ کھانا چاہیے۔ ان دونوں چیزوں میں خداوند عالم نے طاقت و توانائی رکھی ہے۔

(۱۰۵) حج کرنے کا ارادہ ہو تو سامان سفر پہلے کرو۔

(۱۰۶) دھوپ میں آفتاب کی طرف پشت کر کے بیٹھو۔ اندرونی امراض اس طریقہ سے معلوم اور آشکار (ظاہر) ہو جاتے ہیں۔

(۱۰۷) حاجی کو چاہیے کہ وہ خانہ کعبہ پر بار بار نظر کرے کیونکہ خداوند عالم نے ایک سو بیس رحمتیں خانہ کعبہ میں رکھی ہیں۔ ۶۰ رحمتیں طواف کرنے والوں کے لیے، ۴۰ نمازیوں کے لیے اور ۲۰ رحمتیں صرف خانہ کعبہ پر نظر کرنے والوں کے لیے اور ملتزم یعنی خانہ کعبہ کے دروازے اور حجر اسود کے درمیان جو جو گناہ اپنے یاد آئیں ان کا اقرار کرو اور جو نہیں یاد ہیں ان کے لیے دعا کرو کہ بارالہا میں جو جو گناہ کر کے بھول گیا ہوں اور کاتبان اعمال نے لکھے ہوں تو اپنی رحمت سے ان سب کو بخش دے کیونکہ جو اس مقام پر اپنے گناہوں کا اقرار کر کے خدا سے بخشش کی دعا کرے گا۔ خداوند عالم اکو ضرور بخش دے گا۔

(۱۰۸) پانچ اوقات میں آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں: (۱) بارش کے وقت۔ (۲) جب مجاہدین آمادہ جنگ ہوں۔ (۳) اذان کے وقت (۴) تلاوت قرآن کے وقت۔ (۵) زوال آفتاب اور صبح صادق کے وقت۔

(۱۰۹) مردے کو غسل دینے والا غسل مس میت کرے۔

(۱۱۰) کافور کے سوا کوئی خوشبو کسی مردے کے نہ لگاؤ کیونکہ مردہ مثل اس کے ہے جو حالت احرام میں ہے۔

(۱۱۱) تعزیت دینے والوں سے کہو کہ مرنے والے صرف اوصاف حسنہ اور خوبیاں بیان کریں۔

(۱۱۲) قبور مومنین پر جا کر ان کی زیارت کرو۔ ان کی روحیں (ایصال ثواب سے) خوش ہوتی ہیں۔

(۱۱۳) والدین کی قبروں پر ان کے لیے دعا کرو اور خداوند عالم سے اپنی حاجتیں طلب کرو۔

(۱۱۴) ہر مسلمان اپنے برادران اسلامی کے لیے آئینہ ہے جس میں آدمی اپنا ہر عیب وخوبی دیکھ سکتا ہے۔ یعنی مسلمانوں کو چاہیے کہ اپنے بھائیوں کو اگر ضرورت ہو تو اور مفید بھی ہو تو نصیحت کریں۔

(۱۱۵) اگر کسی برادر مومن سے کوئی غلطی ہو جائے تو اس پر حملہ نہ کرو بلکہ نرمی سے اس کو سمجھاؤ۔

(۱۱۶) آپس میں مل جل کر رہو تا کہ تم میں تفرقہ پیدا نہ ہو۔

(۱۱۷) راہ راست سے نہ ہٹو تا کہ تم کو اس کی خبر خداوند عالم سے ملے۔

(۱۱۸) اگر کسی چوپائے پر سفر کرو تو منزل پر پہنچ کر پہلے اس کو آب ودانہ سے سیر کرو۔

(۱۱۹) جانور کے منہ پر نہ مارو اس لیے کہ وہ بھی تسبیح خدا کرتے ہیں۔

(۱۲۰) اگر سفر میں راستہ بھول جاؤ یا خوفزدہ ہو تو بلند آواز سے کہو یا صالح اغثنی۔ اس لیے کہ تمہارا ایک برادر مومن جنون میں زمین پر گردش کرتا رہتا ہے صرف تمہاری مدد کے لیے وہ تمہاری آواز سن کر تمہاری مدد کرے گا۔

(۱۲۱) اگر کہیں شیر کا خطرہ ہو تو اپنے اور اپنے چوپائے کے گرد ایک دائرہ بناؤ اور کہو کہ اے پروردگار نہال وداچاہ شیر اور ہر شیر درندہ کے پروردگار میری اور میرے جانور کی حفاظت فرما۔

(۱۲۲) بچھو کا خوف ہو تو سورۂ والصافات کی اس آیت کو پڑھو: سلام علی نوح فی العالمین انا کذلک نجزی المحسنین انہ من عبادنا المومنین۔

(۱۲۳) ڈوبنے کا خوف ہو تو کہے: بسم اللہ مجریہا ومرسہا ان ربی لغفور رحیم بسم اللہ الملک القوی وما قدروا اللہ حق قدرہ والارض جمیعا قبضتہ یوم القیامۃ والسموات یامطوت بیمینہ سبحانہ وتعالی عما یشرکون

(۱۲۴) ساتویں دن اپنے بچوں کا عقیقہ کرو اور ان کے بال اتروا کر اتنے ہی وزن کی چاندی کسی ایک مسلمان کو بطور صدقہ دے دو۔

(۱۲۵) جب کسی سائل کو کچھ تو اس سے کہو کے تمہارے لیے دعا کرے۔ اس کی دعا قبول ہوگی۔

(۱۲۶) جس ہاتھ سے کوئی چیز سائل کو دو اس ہاتھ کو چوم لو کیونکہ سائل سے پہلے وہ چیز خداوند عالم کے ہاتھ میں جاتی ہے۔ ارشاد الٰہی ہے کہ خدا توبہ کو قبول فرماتا ہے اور صدقہ کو لیتا ہے۔

(۱۲۷) راتوں کو صدقہ دیا کرو کیونکہ صدقہ غضب خدا کو دور کرتا ہے۔

(۱۲۸) اپنی گفتگو کو اپنا عمل سمجھو۔

(۱۲۹) زبان سے صرف نیک بات کہو۔

(۱۳۰) خدا کی دی ہوئی نعمت سے دوسروں کو محروم نہ کرو۔ بخشش کرنے والا خدا کی راہ میں جہاد کرنے والے کے برابر ہے۔ جس کو یقین ہوتا ہے کہ خداوند عالم بخشش کا عوض دے گا وہ سخاوت کرتا ہے جس کو یقین نہیں ہوتا وہ بخل کرتا ہے۔

(۱۳۱) جھوٹی گواہی نہ دو۔

(۱۳۲) جس دسترخوان یا میز پر شراب پی جائے اس پر نہ بیٹھو کیونکہ نہیں معلوم کب موت آجائے گی۔

(۱۳۳) دسترخوان پر غلاموں کی طرح بیٹھا کرو۔ پاؤں پر پاؤں رکھ کر یا چار زانو ہو کر نہ بیٹھو۔ اس لیے کہ اس طریقے کو خداوند عالم نے ناپسند فرمایا ہے۔

(۱۳۴) حضرات انبیاء علیہم السلام شب کا کھانا نماز عشاء کے بعد نوش فرمایا کرتے تھے۔ رات کو فاقہ نہ کیا کرو کیونکہ اس سے ضعف پیدا ہوتا ہے۔

(۱۳۵) بخار موت کا مقدمہ ہے اور قید خانہ الٰہی بخار کے مریض کے گناہ گر جاتے ہیں۔

(۱۳۶) ہر درد علاوہ بخار اور زخموں کے جسم کی اندرونی خرابیوں سے ہوتا ہے۔

(۱۳۷) بخار کی تیزی کا ٹھنڈے پانی یا بنفشہ سے علاج کرو کیونکہ بخار گرمی جہنم سے آتا ہے۔

(۱۳۸) جب تک مرض کا غلبہ نہ ہو جائے علاج نہ کرو (کیونکہ معمولی امراض کو طبیعت خود ہی دفع کر دیتی ہے)۔

(۱۳۹) دعاؤں سے ناگہانی موت نہیں آتی۔

(۱۴۰) طہارت کے بعد وضو کرنے سے دس نیکیاں نامۂ عمل میں لکھی جاتی ہیں۔

(۱۴۱) سستی اور کاہلی نہ کیا کرو کیونکہ سست آدمی اللہ کی عبادت نہیں کر سکتا۔

(۱۴۲) ہوا نکل جانے کے بعد ریح نکلے تو پھر وضو کرو۔

(۱۴۳) صاف ستھرے رہا کرو خداوند عالم گندے آدمی کو دشمن رکھتا ہے، جس کے پاس بیٹھنے والے نفرت کریں۔

(۱۴۴) نماز میں فعل عبث نہ کرو۔ ڈاڑھی سے نہ کھیلو۔

(۱۴۵) عمل خیر میں جلدی کرو۔

(۱۴۶) مومن کو چاہیے کہ خود تکلیف اٹھا کر دوسروں کو آرام دے۔

(۱۴۷) تمہاری گفتگو ذکر الٰہی ہو۔ یعنی خلاف شرع نہ ہو۔ (مترجم)

(۱۴۸) گناہ سے باز رہو۔ گناہگار کی روز کم ہو جاتی ہے۔

(۱۴۹) اپنے بیماروں کا صدقہ نکالو کہ ان کو شفا ہو اور زکوٰۃ ادا کرو کہ اپنے مال کو پاکیزہ کرو اور حفاظت کرو۔

(۱۵۰) نماز تقرب باری عزاسمہ کا ذریعہ ہے۔

(۱۵۱) حج کمزوروں کا جہاد ہے۔

(۱۵۲) عورت کا حج یہ ہے کہ شوہر کو خوش رکھے۔

(۱۵۳) مفلسی موت اکبر ہے۔

(۱۵۴) عیال کی کمی ایک آسائش ہے۔

(۱۵۵) غم واندوہ بڑھاپے کی وجہ ہے۔

(۱۵۶) فضول خرچی سے باز رہنا اور درمیانی رفتار سے چلنے سے مفلسی نہیں ہوتی۔

(۱۵۷) مشورہ کے بعد کام کرنے والا ہلاکت میں نہیں پڑتا۔

(۱۵۸) شریف اور دیندار پر احسان کرنا بہتر ہے۔

(۱۵۹) ہر چیز کا ایک پھل ہوتا ہے اور احسان کا ثمر جلد احسان کرنا ہے۔

(۱۶۰) جس کو یقین ہے کہ خدا عوض دے گا وہ سخاوت کرتا ہے۔

(۱۶۱) مصیبت میں جو شخص زانو پیٹتا ہے اس کو ثواب نہیں ہوتا۔

(۱۶۲) آدمی کا بہترین کردار خداوند عالم کی طرف سے کشائش کا انتظار ہے۔

(۱۶۳) والدین کو رنجیدہ کرنے والی اولاد عاق ہے۔

(۱۶۴) وسعت رزق کے لیے صدقہ دیا کرو۔

(۱۶۵) بلاؤں کے حملے کے وقت دعاؤں کو سپر بنالو۔ قسم ہے خالق عالم کی کہ مومن کی طرف سیلاب سے زیادہ تیزی کے ساتھ بلائیں آتی ہیں۔

(۱۶۶) خدا سے عافیت طلب کرو کیونکہ مصیبت میں آدمی کا دین برباد ہوجاتا ہے۔

(۱۶۷) دوسروں کو دیکھ کر نصیحت قبول کرنے والا خوش نصیب ہے۔

(۱۶۸) خوش اخلاق بنو اور عابد شب زندہ دار و روزہ دار صائم الدہر کا اجر حاصل کرو۔

(۱۶۹) جو شرابخور جانتا ہے کہ یہ فعل حرام ہے مگر پیتا ہے خداوند عالم اس کو پہلے دوزخیوں کا خود دریم و مواد پلائے گا پھر چاہے اس کو بخش دے۔

(۱۷۰) گناہ کرنے کے لیے نذر اور عزیزوں سے قطع تعلق کرنے کی قسم کھانا صحیح نہیں ہے۔

(۱۷۱) نیکی اور عمل صالح کا حکم دینے والا جو خود اس کار خیر کی توفیق نہیں رکھتا مثل اس کے ہے جو تیر بغیر زہ کے چلاتا

ہے۔

(۱۷۲) ہر مسلمان عورت کو چاہیے کہ اپنے شوہر کی خوشی کے لیے عطر استعمال کرے۔

(۱۷۳) جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے۔

(۱۷۴) دھوکہ کھانے والا نہ کسی اجر کا مستحق ہے نہ تعریف کا۔

(۱۷۵) فرزند کی قسم بغیر اجازت پدر اور زوجہ کی قسم بغیر اجازت شوہر صحیح نہیں ہے۔

(۱۷۶) دن بھر خاموش نہ رہو (اگر باتیں نہیں کرنا ہیں تو) ذکر خدا کرو۔

(۱۷۷) ہجرت کے بعد بادیہ نشینی اور فتح کلمہ کے بعد ہجرت نہیں ہے۔

(۱۷۸) تجارت کرو تا کہ کسی کے محتاج نہ ہو۔ خداوند عالم دستار پیشہ ور کو دوست رکھتا ہے۔

(۱۷۹) خدا کے نزدیک نماز سے زیادہ کوئی عمل محبوب نہیں۔ دنیاوی کام تم کو نماز سے نہ روکیں۔

(۱۸۰) ہوشیار رہو تمہارے دشمن عمل خیر میں ریاکاری کرتے ہیں۔ ان کو عمل خالص کی توفیق خدا نہ دے، وہ صرف عمل خالص کو قبول فرماتا ہے۔

(۱۸۱) نیکی پرانی نہیں ہوتی۔ گناہ بھولتا نہیں۔ خداوند عالم پرہیزگاروں اور احسان کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

(۱۸۲) مومن اپنے برادر ایمانی کو دھوکا نہیں دیتا۔ اس سے خیانت نہیں کرتا۔ اس کا ساتھ نہیں چھوڑتا۔ اس کا برا نہیں چاہتا۔ اس سے بیزار نہیں ہوتا۔

(۱۸۳) عنبر شادی شدہ مومن کے لیے لڑکی تلاش کر کے نکاح کر دو ورنہ کوئی پرہیزگار ہو اس کے ساتھ شادی کروادو۔

(۱۸۴) اس سلطنت کے تباہ کرنے سے جس کی تباہی کا وقت نہیں آیا پہاڑ کاٹنا آسان ہے۔ خدا سے مدد چاہو اور صبر کرو۔ خداوند عالم جس کو چاہتا ہے زمین کی حکومت سے سرفراز فرماتا ہے۔ لیکن انجام نیک صرف پرہیزگاروں کے لیے ہے۔

(۱۸۵) وقت سے پہلے کسی کام میں جلدی نہ کرو کہ پشیمانی حاصل ہو اور مدت کو طولانی نہ سمجھو کہ تمہارا دل سخت ہو جائے۔

(۱۸۶) اپنے کمزور بھائیوں پر رحم کرو۔ تم پر خداوند عالم رحم فرمائے گا۔

(۱۸۷) مسلمان کی غیبت نہ کرو کیا تم میں کوئی ایسا ہے جو اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے۔

(۱۸۸) نماز میں مجوسیوں کی طرح ہاتھ نہ باندھا کرو۔

(۱۸۹) دسترخوان پر غلاموں کی طرح بیٹھو اور کھڑے ہو کر کھانا نہ کھاؤ۔

(۱۹۰) نماز کی حالت میں اگر کوئی موذی جانور آ جائے تو اس کو زمین میں دفن کر کے اس پر تھوک دو یا کپڑے میں لپیٹ دو جب تک نماز سے فارغ ہو۔

(۱۹۱) قبلہ کی طرف سے منہ پھیر لینا نماز کو باطل کر دیتا ہے۔

(۱۹۲) جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے گیارہ مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد و انا انزلناہ و آیۃ الکرسی پڑھے اس کا مال ہمیشہ محفوظ رہے گا اور ابلیس لعین اس کو بہکا نہ سکے گا۔

(۱۹۳) لوگوں پر غلبہ حاصل کرنا اور بے دینی سے خدا کی پناہ مانگو جس نے ہم سے مخالفت کی وہ ہلاک ہوا۔

(۱۹۴) ارشاد باری عزاسمہ کہ اپنے لباس کو پاکیزہ رکھو کا مطلب یہ ہے کہ نیچے پاجامے نہ پہنو جو آسانی سے نجس ہو جائیں۔

(۱۹۵) ایک انگلی سے شہد کھانا ہر درد سے شفا ہے اور کندر چبانے، قرآن پڑھنے سے بلغم پانی ہو جاتا ہے۔

(۱۹۶) کھانا شروع کرنے سے پہلے نمک چکھ لیا کرو۔ اگر معلوم ہو جائے کہ نمک میں کیا فوائد ہیں تو تریاق نمک کو مقدم رکھیں اور اسی سے علاج کریں۔ کھانے سے پہلے نمک کھانے سے ستر قسم کی بیماریاں دور ہوتی اور آدمی ان تکلیفوں سے محفوظ رہتا ہے جن کو بجز خدا کوئی نہیں جانتا۔

(۱۹۷) گرمیوں میں بخار کے مریض کے سر پر پانی ڈالو کہ اس سے گرمی کم ہو جاتی ہے۔

(۱۹۸) ہر مہینہ میں تین دن رکھو یہ روزے۔ عمر بھر روزہ رکھنے کا ثواب رکھتے ہیں۔ میں دو پنجشنبہ جن کے درمیان ایک چہارشنبہ (یعنی بدھ) ہے روزہ رکھا کرتا ہوں۔ خداوند عالم نے چہارشنبہ ہی کو جہنم پیدا فرمایا ہے۔

(۱۹۹) اگر کوئی کام ہو تو پنجشنبہ کے دن سے اس کے لیے کوشش کرو۔ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا ہے کہ بارالہا پنجشنبہ کا دن میری امت کے لیے بابرکت قرار دے اور جب کام کے لیے نکلے تو آخر سورۂ آل عمران: ان فی خلق السموات والارض سے واللہ عندہ حسن الصواب اور آیۃ الکرسی اور انا انزلناہ اور حمد پڑھے۔ خداوند عالم اس کے دین و دنیا کی حاجتیں پوری فرمائے گا۔

(۲۰۰) موٹے کپڑے پہنو نازک کپڑے پہننے والے کا دین ضعیف ہے۔ ایسے کپڑے پہن کر جس سے بدن ظاہر ہو نماز نہ پڑھو۔

(۲۰۱) بارگاہ الٰہی میں توبہ کرو کے اس کی محبت کے دائرے میں داخل ہو کیونکہ خداوند عالم توبہ کرنے والے اور پاکیزہ رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

(۲۰۲) جب کوئی اپنے برادر مومن سے اُف کہتا ہے تو ان دونوں میں جدائی ہوجاتی ہے۔ اگر کوئی کفر کی نسبت دے تو دونوں میں سے ایک کافر ہوجاتا ہے اور اگر تہمت لگائے تو اس کے دل سے ایمان نمک کی طرح پانی ہوجاتا ہے۔

(۲۰۳) توبہ کا دروازہ ہر شخص کے لیے کھلا ہے۔ خدا سے توبۂ النصوح کرو ممکن ہے کہ تمہارے گناہ بخش دیئے جائیں۔

(۲۰۴) عہد کر کے پورا کرو۔ کوئی نعمت زائل نہیں ہوتی۔ جب تک کوئی گناہ نہ ہو۔ خداوند عالم اپنے بندوں پر ستم نہیں کرتا۔ اگر دعا میں جلدی کرے تو بلا نہیں آتی۔ بلا آنے کے بعد بھی اگر صدق دل سے گریہ وزاری کرو اور اپنے گناہ پر نادم ہو۔ اسراف نہ کرو تو بلائیں رد ہوجاتی ہیں۔ اور نعمت پلٹ آتی ہے۔

(۲۰۵) ہر سختی کے دفع ہونے کے لیے خدا ہی سے دعا کرو۔ ہر کام اس کے لیے سہل ہے۔

(۲۰۶) تین باتوں میں سے ہر شخص میں ایک نہ ایک ضرور ہوتی ہے۔ تکبر، بدفالی، آرزوئے بیجا۔ تکبر کو دور کرنے کے لیے غلاموں اور خدمت گاروں کے ساتھ کھانا کھاؤ۔ اپنی بکری کا دودھ خود نکالو۔ فال بد کا وسوسہ ہے تو اس پر یقین نہ رکھو۔ خدا کا نام لے کر کام شروع کردو۔ سچی خواہش میں خدا سے مدد مانگو۔ نفس امارہ کے کہنے میں نہ آؤ۔

(۲۰۷) ایسی باتیں کرو جس کو لوگ مان جائیں۔ ہمارا امر (یعنی امر معرفت) دشوار ہے۔ فرشتہ مقرب یا پیغمبر مرسل یا وہ جس کے دل کا خداوند عالم نے امتحان کرلیا ہو وہی سمجھ سکتا ہے۔

(۲۰۸) جب شیطان کسی کے دل میں وسوسہ پیدا کرے تو خدا سے پناہ مانگو اور کہو کہ میں خدا و رسول پر سچے دل سے ایمان رکھتا ہوں۔

(۲۰۹) نیا کپڑا پہن کر وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو اور خدا کا شکر کرو کہ اس نے تم کو اس لباس سے زینت دی اور برہنگی سے محفوظ رکھا اور بار بار کہو "لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم کہ اس لباس میں خدا کا کوئی نہ کرے۔ اس لباس کے ہر تار کے مقابل میں ایک قلب خداوند عالم کی تسبیح و تقدیس کرتا ہے اور گناہوں کی بخشش کی دعا کرتا ہے۔

(۲۱۰) کسی کی طرف سے بدگمانی نہ کرو بدگمانی کرنے کو خداوند عالم نے منع فرمایا ہے۔

(۲۱۱) میں اور میرے دونوں فرزند (حسن و حسین علیہم السلام) حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حوض (کوثر) پر اپنے خاندان کو لیے ہوئے ہوں گے جو مجھ کو چاہتا ہے وہ میرے گفتار و کردار کی پیروی کرے۔ ہر فرد نجیب کی اور ہمارے دوست شفاعت کریں گے۔ لوگ ہماری زیارت کے لیے ایک دوسرے پر سبقت کریں گے۔ ہم اپنے دشمنوں کو دور ہٹا دیں گے اور اپنے دوستوں کو سیراب کریں گے۔ جو ایک بار اس حوض سے سیراب ہوگا پھر کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ اس حوض میں جنت کے دو چشمے جاری ہوں گے۔ تسنیم اور معین کے جس کے کنارے خاک زعفران اور ریگ درد یاقوت ہوگی۔

(۲۱۲) تمام معاملات خدا ہی کی قدرت و اختیار میں ہیں۔ بندوں کا دخل نہیں ہے۔ اگر بندوں کا دخل ہوتا تو ہرگز ہماری جگہ پر دوسرے نہ ہوتے۔ تم (یعنی دوستان امیر المومنین علیہ السلام) کو چاہیے کہ شکر خدا کریں وہ جس کو چاہے اپنی رحمت سے مخصوص کرتا ہے تم کو اس نے پاکیزہ نسل میں پیدا کیا۔

(۲۱۳) قیامت کے دن ہر آنکھ روتی ہوگی اور لذت خواب سے محروم مگر وہ آنکھ جس کو خدا نے اپنی بزرگی کے ساتھ مخصوص اور دنیا میں مصیبت حضرت سید الشہدا امام حسین علیہ السلام پر روئی ہوگی۔

(۲۱۴) ہمارے شیعوں اور دوستوں کی مثال شہد کی مکھی کی ہے اگر لوگ یہ سمجھ لیں کہ ان کا عقیدہ ہمارے متعلق کیا ہے تو ان کو ہلاک کر دیں۔

(۲۱۵) کھانا کھانے اور رفع حاجت میں جلدی نہ کرو۔

(۲۱۶) جب سو کر اٹھو تو کہو: لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم الحی القیوم وہو علیٰ کل شئ قدیر سبحان اللہ رب النبیین والہ المرسلین وسبحان رب السموات السبع وما فیہن ورب العرش العظیم والحمد للہ رب العالمین۔

(۲۱۷) جب سونے کے بعد اٹھ کر بیٹھو تو کہو۔ کھڑے ہونے سے پہلے حسبی اللہ حسبی الرب من العباد حسبی اللہ الذی منذ کنت حسبی اللہ ونعم الوکیل۔

(۲۱۸) جب رات کو آنکھ کھل جائے تو آسمان کی طرف نگاہ کر کے سورۂ آل عمران کی آخری آیتیں پڑھے۔ ان فی خلق السموات سے انک لا تخلف المیعاد تک۔

(۲۱۹) آب زمزم سے نہاؤ بیماریاں دور ہو جائیں گی اور اس کنویں کا پانی پیو کیونکہ حجر اسود کے نیچے جنت کی چار نہریں جاری ہیں: فرات، نیل، جیحون، سیحون۔

(۲۲۰) سلطان جور کے ساتھ جس کے متعلق یہ اطمینان ہو کہ وہ مال غنیمت کو خدائی قانون کے مطابق عمل کرے گا جہاد نہیں کرنا چاہیے۔ جو شخص اس حال میں مر جائے گا اس کی موت جاہلیت کی موت ہے وہ ہمارے دشمنوں کا مددگار ہے۔ اس کے ہاتھ ہمارے خون میں آلودہ ہیں۔

(۲۲۱) ہمارے خاندان یعنی اہلبیت رسول کی یاد ہر مرض سے شفا اور وسوسوں سے نجات کا سبب ہے۔ ہمارے دوستی میں رضائے خدا ہے۔

(۲۲۲) ہمارے دستورات وقواعد پر عمل کرنے والا پیش گاہ قدس میں ہمارے ساتھ ہوگا۔ جو ہماری حکومت و سلطنت کا انتظار کرے گا وہ گویا خدا کی راہ میں شہید ہوا۔

(۲۲۳) ہم سے جنگ کرنے والا یا ہماری فریاد کو سن کر مدد نہ کرنے والا منہ کے بل جہنم میں جائے گا۔

(۲۲۴) ہم اپنے مظلوم دوستوں کی مدد کے لیے موجود ہیں۔ ہم دروازہ سلامتی ہیں جو اس سے آئے گا بے خطر رہے گا اور جو مخالفت کرے گا ہلاک ہوگا۔

(۲۲۵) خدا نے ہم سے آغاز (خلقت) فرمایا اور ہم ہی پر اختتام ہوگا۔ ہمارے (تمسک سے) اور سبب سے گناہ بخشے جاتے ہیں اور نوشتہ (تقدیر) لکھا جاتا یا (نیکیاں) لکھی جاتی ہیں۔ زمانہ کی سختیاں ہمارے توسل سے آسان ہوتی ہیں۔ ہماری برکت سے پانی برستا ہے۔ ہوشیار رہو اور فریب میں نہ آؤ۔

(۲۲۶) جب ہماری نسل سے قائم آل محمد عجل اللہ ظہورہ کا زمانہ حکومت ہوگا تو خدا کی رحمتوں کی بارش ہوگی۔ زمین سبزہ زار ہو جائے گی لوگوں کے دل کینے سے پاک ہو جائیں گے۔ درندے کسی کو اذیت نہ دیں گے۔ اگر ایک عورت عراق سے شام تک سفر کرے تو سبزے ہی سبزے پر پورا سفر تمام ہو جائے گا۔ کوئی اس کے مال وزر کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا۔

(۲۲۷) اگر تم کو معلوم ہو جائے کہ تم اپنے دشمن کے مقابل میں کتنے قوی ہو اور ان کی ایذا رسانی پر صبر کرنے کا تم کو کیا اجر ملے گا تو تمہاری آنکھیں روشن ہو جائیں۔

(۲۲۸) میرے جور ملحد اور دشمنان دین تم کو اتنی تکلیفیں دیں گے کہ زندگی سے بیزار ہو جاؤ۔ حق خدا کو سبک سمجھنے والوں سے ڈرتے رہو وہ تمہاری جان کے دشمن ہیں۔ تم گروہ گروہ متفرق نہ ہو اور سب کے سب مضبوطی سے حق پر قائم رہو۔ صبر کرو۔ نماز پڑھو اور تقیہ اختیار کرو۔

(۲۲۹) یہ سمجھ لو کہ خداوند تلون مزاجی کا دشمن ہے۔

(۲۳۰) حق اور اہل حق سے محبت رکھو جو کسی کو ہم پر مقدم رکھے گا ہلاک ہوگا۔ دنیا بھی حاصل نہ ہوگی اور مر جائے گا۔

(۲۳۱) گھر میں آؤ تو گھر والوں کو سلام کرو اور اگر کوئی نہ ہو تو کہو: السلام علینا من ربنا۔

(۲۳۲) گھر میں آتے وقت قل ہو اللہ پڑھا کرو مفلس نہ ہوگے۔

(۲۳۳) اپنے بچوں کو نماز سکھاؤ اور جب آٹھ برس کے بعد نماز نہ پڑھیں تو ان سے باز پرس کرو۔

(۲۳۴) کتوں کے قریب نہ جایا کرو خشک کتا چھوؤ۔ تمہارے کپڑوں سے چھو جائے تو پانی سے دھوڈالو اور تر ہو تو ہاتھ اور کپڑوں کو پاک کرو۔

(۲۳۵) اگر ہماری حدیثیں تمہاری سمجھ میں نہ آئیں تو ہم سے سوال کرو اور توقف کرو اور تسلیم کرو جب تک معلوم نہ ہو جائیں۔

(۲۳۶) نہ کاموں میں جلدی کرو نہ کسی سے اپنا راز کہو۔

(۲۳۷) ہمارے متعلق غُلو کرنے اور حد سے پڑھنے والے صحیح حدوں میں آ جائیں اور ہمارے مرتبے سے ہم کو کم سمجھنے والے ہمارے مراتب کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

(۲۳۸) ہم سے بحث کرنے والا منزل مقصود تک پہنچتا ہے اور گمراہ ہلاک ہو جاتا ہے۔

(۲۳۹) ہمارے دوستوں کے لیے رحمت الٰہی اور ہمارے دشمنوں کے لیے غضب خدا ہے۔

(۲۴۰) ہماری رفتار درمیانی اور ہمارا مسلک درست ہے۔

(۲۴۱) پانچ نمازوں میں شک ہو تو باطل ہیں: نماز وتر، نماز جمعہ۔ ہر نماز واجبی کی پہلی دو رکعتوں میں۔ نماز صبح و مغرب۔

(۲۴۲) کوئی شخص بغیر طہارت کے تلاوت قرآن نہ کرے۔

(۲۴۳) نماز ذکر رکوع و سجود و با قاعدہ پڑھو۔

(۲۴۴) ایسے پیراہن میں نماز نہ پڑھو۔ جس میں دونوں طرف سے پردہ نہ ہو سکے۔ یہ قوم لوط کا طریقہ ہے۔

(۲۴۵) ایسی چادر میں جس کے دونوں سرے گلے میں باندھے جا سکیں نماز صحیح ہے۔

(۲۴۶) ایسی جانماز یا فرش پر نماز نہ پڑھو جس پر کوئی صورت بنی ہو ہاں اگر صورت پر پاؤں رکھ کر کھڑے ہو تو مضائقہ نہیں ہے۔

(۲۴۷) گندم و جو کے انبار یا روٹی پر نماز نہ پڑھو بلکہ کسی غلے پر نماز نہ پڑھو۔

(۲۴۸) خدا کا نام لے کر وضو کرو۔

(۲۴۹) ہاتھ دھونے سے پہلے دعا پڑھو: بسم اللہ و باللہ اللھم اجعلنی من التوابین و من المتطہرین اور جب وضو کر چکو تو کہو: اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و اشہد ان محمد عبدہ و رسولہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

(۲۵۰) با معرفت نماز پڑھنے والا بخش دیا جاتا ہے۔

(۲۵۱) واجبی نماز کے وقت نافلہ نماز نہ پڑھو اگر نافلہ نماز وقت پر نہیں پڑھی ہے۔ واجبی نماز کے بعد فضا کے نیت سے پڑھو۔

(۲۵۲) واجبی نماز کے وقت پر پہلے واجبی نماز پڑھو پھر نافلہ۔

(۲۵۳) مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ میں ایک نماز ایک ہزار نمازوں کے برابر ہے اور حج میں ایک درہم صرف کرنا ہزار درہموں کے برابر ہے۔

(۲۵۴) نماز نہایت خضوع و خشوع کے ساتھ پڑھو جس کے دل خوف الٰہی ہوگا اس کے ہر عضو سے اثر ظاہر ہوگا۔

(۲۵۵) نماز جمعہ کا قنوت پہلی رکعت میں رکوع سے پہلے ہے۔ نماز جمعہ پہلی رکعت میں حمد اور سورۂ جمعہ اور دوسری میں حمد کے بعد سورہ منافقون پڑھو۔

(۲۵۶) دونوں رکعتوں میں سجدے کے بعد اتنا بیٹھو کہ تمہارے اعضا کو سکون ملے۔ اس کے بعد اٹھو ہمارا دستور یہی ہے۔

(۲۵۷) نماز سے فارغ ہو کر اپنا ہاتھ سینے پر پھیرو اور نماز میں بالکل سیدھے کھڑے ہو بعد نماز ہاتھ اٹھا کر دعا کرو۔ کسی نے عرض کی یا حضرت خداوند عالم تو ہر طرف اور ہر جگہ ہے اوپر ہاتھ اٹھانے کی ضرورت کیا ہے۔ فرمایا یہ صحیح ہے کہ وہ ہر جگہ ہے مگر تم نے قرآن میں یہ نہیں پڑھا ہے کہ وفی السماء رزقکم وما توعدون اور یہ بھی خدا کا حکم ہے کہ روزی کو تلاش کرو جہاں اس کی جگہ ہے اور اس کی جگہ اور ہر شے کے ملنے کی جگہ امتحان ہے۔

(۲۵۸) نماز کے بعد خدا سے بہشت کا سوال کرو۔ دوزخ سے پناہ مانگو۔ حوران جنت کو طلب کرو۔

(۲۵۹) اس طرح نماز پڑھو جیسے تم اپنے نزدیک آخری نماز پڑھ رہے ہو۔

(۲۶۰) تبسم کرنے اور مسکرانے سے نماز باطل نہیں ہوتی۔ ہاں آواز کے ساتھ بولنے سے بیشک نماز باطل ہو جاتی ہے۔

(۲۶۱) دل وزبان سے ہم کو دوست رکھنے اور ہاتھ سے مدد کرنے والا جنت میں ہمارے ساتھ ہوگا۔

(۲۶۲) جو شخص دل وزبان سے ہمارا دوست ہے۔ لیکن ہماری رفاقت میں جہاد نہیں کر سکا۔ وہ ایسے شخص سے ایک درجہ کم ہے جس نے ہماری مدد بھی کی اور جہاد کر کے دشمن کو ہم سے دفع کیا۔

(۲۶۳) جو شخص صرف دل سے تم کو دوست رکھتا ہے لیکن اپنے ہاتھ اور زبان سے مدد نہیں کرتا وہ دو درجہ کم ہوگا اور جنت میں تین درجہ میں ہوگا۔

(۲۶۴) اسی طرح جو ہمارے ساتھ جس قدر دشمنی کرے گا اسی قدر اس پر عذاب الٰہی ہوگا۔

(۲۶۵) جو شخص دل سے ہم کو دشمن رکھتا ہے خواہ زبان اور اپنے ہاتھ سے نقصان نہیں پہنچاتا وہ بھی دوزخ میں جائے گا۔

(۲۶۶) جو شخص دل سے ہم کو دشمن رکھتا ہے اور زبان سے بھی نقصان پہنچاتا ہے وہ جہنم میں ہے۔

(۲۶۷) بہشت والے ہماری اور ہمارے دوستوں کی منزل وک اس طرح دیکھیں گے جیسے اہل زمین ستاروں کو دیکھتے ہیں۔

(۲۶۸) ایسے سورے جن کی ابتدا سبح یا یسبح سے ہوتی ہے جب ان کو ختم کر چکو تو کہو: سبحان ابی الاعلی۔

(۲۶۹)اور جب آیہ ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی ختم کروتو درود پڑھو۔خواہ نماز ہی پڑھ رہے ہو۔

(۲۷۰) آنکھ آدمی کے ہر عضو سے کم خدا کا شکر کرتی ہے کہیں تم کو یاد الٰہی سے غافل نہ کر دے۔

(۲۷۱) جب سورۂ والتین کو ختم کروتو کہو کہ نحن علی ذالك من الشاهدین اور قرآن میں قولوا آمنا کی تلاوت کروتو اس کے بعد کہو: انها باللہ و اشهد بانا مسلمون (آیت: ۵۳۔آل عمران)

(۲۷۲) تشہد آخر نماز میں اشهد ان محمدا عبده و رسوله و ان الساعة آتية لا ريب فيها و ان اللہ يبعث من فی القبور کہنے کے بعد اگر حدث سرزد ہو جائے تو بھی نماز درست ہے۔

(۲۷۳) پیادہ حج کرنے سے بہتر اور کوئی عبادت نہیں۔

(۲۷۴) خیر و نیکی اونٹوں کی سموں اور گردنوں سے چاہو کہ وہ آتے جاتے رہتے ہیں۔

(۲۷۵) چونکہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا تھا کہ جو کشمش آپ کے لیے طائف سے آتی تھی اس کو آب زمزم میں ڈال دیں کیونکہ اس کا پانی شور تھا اس لیے اس کو شفایت سے خداوند عالم نے یاد فرمایا۔لیکن جب نیند تر شدہ پرانے ہو گئے تو پینا ترک کر دیا اس لیے کہ نشہ آور ہو گیا تھا۔

(۲۷۶) اپنی رانوں سے کسی مجمع میں کپڑا نہ ہٹاؤ۔شیطان کی نظر پڑتی ہے تو وہ بہکانے کی کوشش کرتا ہے۔

(۲۷۷) بدبودار چیز کھا کر منہ سے بو آتی ہو تو مسجد میں نہ جاؤ۔

(۲۷۸) مرد کو چاہیے کہ واجبی وجدہ میں پچھلا حصہ جسم کا بلند رکھے۔

(۲۷۹) غسل کرنے سے پہلے دونوں ہاتھ کہنیوں سے دھولیا کرو۔

(۲۸۰) حمد و سورہ و تسبیح و تکبیر نماز میں اس طرح پڑھو کہ کم از کم خود تم کو سنائی دے۔

(۲۸۱) نماز پڑھ کر داہنی طرف متوجہ ہوا کرو۔

(۲۸۲) آخرت کے لیے دنیا سے زاد سفر لے جاؤ اور خوف الٰہی سب سے بہتر توشہ ہے۔

(۲۸۳) بنی اسرائیل کے مسخ ہونے والوں میں دو گروہ گم ہو گئے۔ایک دربار میں چلا گیا، دوسرا صحرا میں۔لہٰذا جب تک تم کو جانور کے حلال ہونے کا یقین نہ ہو جائے کبھی اس کو نہ کھاؤ۔

(۲۸۴) جو تین روز تک بیمار ہونے کے بعد کسی سے اپنی بیماری کو بیان نہ کرے۔خدا ہی کو پکارتا رہے۔ خداوند عالم سے امید ہے کہ اس کو صحیح و سالم کر دے۔

(۲۸۵) جس کو کھانے اور نکاح کرنے کی فکر رہا کرتی ہے وہ خدا سے بہت دور ہوتا ہے۔

(۲۸۶) ایسا سفر جس میں نماز قضا ہو جائے اور دینی فرائض پورے نہ ہو کبھی نہ کرو۔

(۲۸۷) خداوند عالم نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جنت، حورعین اور جہنم کو ان لوگوں کی دعاؤں کے سننے کی طاقت دی ہے جو درود پڑھتے ہیں۔ جنت وحوران جنت کو خدا سے طلب کرتے ہیں اور جہنم سے پناہ مانگتے ہیں اور آمین کہتے ہیں۔ صلواۃ کی برکت سے ہر دعا مقبول ہوتی ہے۔

(۲۸۸) گانا جنت سے محرومی پر شیطان کی گریہ وزاری ہے۔

(۲۸۹) سوتے وقت اپنا داہنا ہاتھ داہنے رخسار کے نیچے رکھ کر کہو:

بسم الله و ضعف جسمی الله علی ملة ابراهیم و دین محمد و ولایة من افترض الله طاعته ماشاء الله کان ولم یشالم یکن۔

خداوند عالم تم کو کو بلاؤں سے محفوظ رکھے گا اور فرشتے تمہارے لیے استغفار کریں گے۔

(۲۹۰) سورۂ قل ہواللہ احد کی تلاوت کر کے سونے والے کی پچاس ہزار فرشتے شب بھر حفاظت کرتے ہیں۔

(۲۹۱) سونے سے پہلے کہو:

اعیذ نفسی و دینی و اهله و مالی و ولدی و خواتیم عملی و ما رزقنی ربی و خولنی بعزة الله و عظمة الله و جبروت الله و سلطان الله و رحمة الله و رافة الله و غفران الله و قوة الله و قدرة الله و جلال الله و سلطان الله و بضع الله و ارکان الله و یجمع الله و برسول الله و بقدرة الله علی ما یشاء من شر الساعة والهامة و من شر الجن والانس و من شر ما یدب فی الارض وما یخرج منها و من شر کل دابة انت اخذ بناصیتها ان ربی علی صراط مستقیم و هو علی کل شیء قدیر ولاحول ولاقوة الا بالله العلی العظیم۔

اس لیے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسنین علیہما السلام کو اس طرح خداوند عالم کے حوالے کیا تھا اور ہم کو بھی یہ قاعدہ بتایا ہے۔

(۲۹۲) ہم لوگ خزانہ دار دین الٰہی ہم کلیہ دانش ہیں۔ ہم میں سے ایک کے بعد دوسرا آتا رہتا ہے ہمارا پیرو گمراہ نہ ہوگا۔ ہمارا منکر ہدایت نہ پائے گا۔ ہمارے دشمنوں کا مددگار ہلاک ہوگا۔ جو ہماری نصرت نہ کرے گا اس کی مدد بھی نہ کی جائے گی۔ دنیا کی چند روزہ دولت کے لیے ہماری مخالفت نہ کرو جو شخص آخرت کے بدلے دنیا کو قبول کرے گا اس کو قیامت میں حسرت ہوگی۔ اسی مطلب کو خداوند عالم نے سورۂ زمر میں بیان فرمایا ہے۔

یا حسرتی علی ما فرطت فی جنب الله و ان کنت لمن الساحرین۔

(۲۹۳) کھانا کھلانے کے بعد اپنے بچوں کے ہاتھ اور منھ دھلا دیا کرو گندے بچوں کو شیطان ڈراتا ہے اور گندگی

سے نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

(۲۹۴) نامحرم عورت پر پہلی نگاہ (جو اتفاقی طور پر پڑ جائے) وہ معاف رکھی گئی ہے لیکن دوسری نگاہ جان کر نہ ڈالو۔

(۲۹۵) خدا کے نزدیک بت پرست اور دائم الخمر یعنی جو شخص کسی وقت شراب پینے میں تکلف نہ کرے برابر ہے۔

(۲۹۶) نشہ آور چیز پینے والے کی نماز چالیس دن تک مقبول نہیں ہوتی۔

(۲۹۷) کسی مسلمان کے متعلق ایسی بات کہنا جس سے اس کی توہین ہو عذاب الٰہی کا سبب ہے ایسے شخص کو اس وقت تک دوزخ میں رکھا جائے گا جب تک وہ کوئی معقول عذر نہ بیان کرے۔

(۲۹۸) ایک لحاف میں دو آدمیوں کو برہنہ نہیں سونا چاہیے۔ اگر نہ مانیں تو ان کو سزا دی جائے۔

(۲۹۹) کدو کھانے سے دماغ کو فائدہ پہنچتا ہے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسند تھا۔

(۳۰۰) کھانے سے پہلے اور بعد ترنج یعنی مالٹا مسمی کھایا کرو اس لیے کہ یہ آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قاعدہ تھا۔

(۳۰۱) امرود کھانے سے دل نورانی اور اندرونی دردوں کو تسکین ہوتی ہے۔

(۳۰۲) نماز پڑھنے والے کو بڑی حسرت سے شیطان دیکھتا ہے کہ یہ رحمت خدا میں گھرا ہے۔

(۳۰۳) بدعتیں امور دینی میں بری چیزیں ہیں جو امور مرضی خدا کے مطابق ہیں وہ بہترین ہیں۔

(۳۰۴) دنیا کے لیے آخرت سے منہ پھیرنا خطرناک ہے۔

(۳۰۵) پانی میں خوشبو (جیسے کیوڑا) ڈالا کرو۔

(۳۰۶) راضی برضائے الٰہی رہنے والا مطمئن رہتا ہے۔

(۳۰۷) زیان کار وہ ہے جس کی زندگی گناہوں میں بسر ہو۔

(۳۰۸) اگر نمازی کو معلوم ہو جائے کہ وہ کس طرح جلال کبریائی میں گھرا ہوا ہے تو سجدے سے سر نہ اٹھائے۔

(۳۰۹) عمل خیر میں جلدی کرو۔

(۳۱۰) جو کچھ تمہاری قسمت کا ہے تم کو مل کر رہے گا جو تکلیف مقدر میں ہے وہ ہو کر رہے گی۔

(۳۱۱) امر بمعروف کرو یعنی نیکیوں کی طرف توجہ دلاؤ۔ برائیوں سے روکو مصیبتوں میں صبر کرو۔

(۳۱۲) ہمارے مرتبے اور ہمارے حقوق کو پہچاننا مومن کا چراغ ہے۔

(۳۱۳) ہماری فضیلتوں سے ناواقف نابینا ہے اور باوجودیکہ راہ حق دکھانے کے سوا ہمارا کوئی گناہ نہیں، مگر لوگ ہم سے عداوت رکھتے ہیں۔

(۳۱۴) نشان ہدایت و پرچم حق ہمارے ہاتھ میں ہے جو اس کے سائے میں آ گیا وہ کامیاب ہوا۔ جو نہ آیا وہ ہلاک ہوا۔

(۳۱۵) میں یعسوب المومنین ہوں اور مومنون کا سردار و پیشوا مال یعسوب ظالمین ہے اور ان کا رہنما۔

(۳۱۶) خدا کی قسم مجھ کر مومن ہی دوست رکھے گا اور منافق ہی دشمن سمجھے گا۔

(۳۱۷) برادران ایمانی سے مصافحہ کرتے رہو ان سے خوش ہو کر ملو تا کہ تمہارے گناہ بخش دیئے جائیں۔

(۳۱۸) جب تمہارے ایمانی بھائی کو چھینک آئے تو کہو: یرحکم اللہ اور وہ جواب میں کہے: یغفر اللہ منکم۔

(۳۱۹) دشمن سے بھی مصافحہ کیا کرو اس سے بھی خوش ہو کر ملو تا کہ تمہارا سچا دوست ہو جائے۔

(۳۲۰) دشمن سے بدلہ اور عوض اس طرح لو کہ اس کے بارے میں خدا کی ہدایت پر عمل کرو حق سے نہ ہٹو۔ تمہارے لیے یہی کافی ہے کہ تم اپنے دشمن کو معصیت الٰہی میں مبتلا دیکھو۔

(۳۲۱) دنیا گردش میں ہے تمہاری باری آئے تو اس بہرہ اور فائدہ بآسانی حاصل کرو۔

(۳۲۲) مومن کشائش دنیا یا خیال مروت با سعادت میں بیدار ہوشیار رہتا ہے اور اپنے گناہوں کی سزا اور عقوبت سے خوفزدہ اور رحمت خدا کا امیدوار رہتا ہے۔

(۳۲۳) ہر مومن امید و بیم میں بسر کرتا ہے اپنے گزشتہ اعمال سے خوفزدہ رہتا ہے۔ وعدۂ الٰہی کو برحق جان کر اس کی جستجو میں رہتا ہے اور عذاب الٰہی کے خوف سے دل بے چین رہتا ہے۔

(۳۲۴) تم نے زمین کی آبادی ہے اور خداوند عالم دیکھنا چاہتا ہے کہ تم دنیا میں کیونکر بسر کرتے ہو۔

(۳۲۴) شاہراہ (ہدایت) پر چلو ایسا نہ ہو کہ تم گمراہ ہو جاؤ اور تمہارے عوض دوسرے بے راہ راست اختیار کریں۔

(۳۲۵) جس کی عقل کامل ہوتی ہے اس کے اعمال اچھے ہوتے ہیں اور وہ بابصیرت ہوتا ہے۔

(۳۲۶) بخشش باری اور مغفرت الٰہی کی طرف بڑھو اور اس جنت کو حاصل کرو جس کا عراق اور جس کی چوڑائی تمام آسمان و زمین کے برابر ہے اور پرہیزگاروں سے مخصوص ہے۔

(۳۲۷) گناہ کرتے دل میں خوف خدا نہیں ہوتا۔

(۳۲۸) پیشوائے برحق کے سوا جب کسی غیر سے ہدایت چاہے گا خداوند عالم اس کو اس کے حال پر چھوڑ دے گا۔

(۳۲۹) تمہارے مخالفین گمراہی میں پختہ ہیں اور کینہ میں زیادہ اور اپنے دنیاوی مقاصد کے لیے بہت خرچ کرنے

والے ہیں اور تم بھی دنیا ہی میں الجھ کر رہ گئے ہو۔ ظلم سہنے کے عادہ ہو گئے ہو۔ مال دنیا صرف کرنے میں بخل کرتے ہو۔ جس چیز میں تمہاری عزت ووقعت ہے اس کے لینے میں کمی کرتے ہو نہ خدا سے شرم کرتے ہو نہ انجام کار پر تمہاری نظر ہے۔

(۳۳۰) روزانہ نئے نئے مظالم سہتے ہو مگر خواب غفلت سے بیدار نہیں ہوتے۔

(۳۳۱) تمہاری نظر اپنی تباہی پر نہیں ہے تمہارا دین کہنہ اور بوسیدہ ہوتا جاتا ہے اور تحصیل دنیا کی فکر میں ہو۔ ارشاد الٰہی ہے کہ ظالموں کو اپنا مددگار نہ بناؤ کہ جہنمی ہو جاؤ۔

(۳۳۲) (پیدا ہونے سے پہلے) اپنے بچوں کے نام رکھو اور ایسے نام جو لڑکی اور لڑکے دونوں کے ہو سکیں جیسے حشمت، نصرت وغیرہ وغیرہ۔ کیونکہ جو بچہ پورے دنوں کا نہ ہو سکے گا اور گر جائے گا وہ قیامت میں تم سے کہے گا کہ میرا نام کیوں نہیں رکھا۔

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیدا ہونے سے پہلے شاہزادہ محسن کا نام محسن رکھا تھا۔

(۳۳۳) پانی کھڑے کھڑے نہ پیو کہ مرض لا علاج پیدا ہو جائے۔

(۳۳۴) جانور پر سوار ہو تو خدا کا نام لے کر اور سورۂ زخرف کی ۱۴ ویں آیت پڑھ کر۔

(۳۳۵) سفر میں جانے والا کہے: اللھم انت الصاحب فی السفر والحامل علی الظھر والخلیفہ فی الاہل والحال والولد۔

(۳۳۶) منزل پر پہنچو تو کہو: اللھم وانزلنا منزلا مبارکا وانت خیر المنزلین

(۳۳۷) باز جاتے وقت پہلے کہو:

اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریك لہ و اشھد ان محمدا عبدہ و رسول اللھم انی اعوذ بك من صفقہ خاسرۃ و یمین فاجرۃ و اعوذبك من بوار الدیم۔

(۳۳۸) جو کوئی ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے وقت مسجد میں انتظار کرے گویا وہ زائر خدا ہے اور اس کا حق ہے کہ بزرگ رکھا جائے اور جو چاہے خداوند عالم اس کو دے۔

(۳۳۹) حج وعمرہ کو جانے والا مہمان خدا ہے خدا اپنے مہمان کو گرامی و باعزت رکھتا ہے اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔

(۳۴۰) جو کسی بچے کو شراب پلائے گا وہ عذاب جہنم میں گرفتار ہوگا۔

(۳۴۱) مومن کے لیے صدقہ آتش وعذاب جہنم کی سپر ہے اور کافر کے لیے اس کے مال کی حفاظت ہے اور رد بلا اس کا عوض اس کو دنیا ہی میں جلد سے جلد دیا جاتا ہے لیکن آخرت میں اس کو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

(۳۴۲) زبان کی بدولت آدمی جہنم میں منہ کے بل جائے گا۔

(۳۴۳) زبان ہی کی وجہ سے (چہرے) نورانی ہوں گے اپنی زبان کو ذکر خدا کا عادی رکھو۔

(۳۴۴) سب سے بدتر ذریعہ معاش وہ ہے جس سے گمراہی پہلے اور بہتر ذریعہ معاش وہ ہے جس سے نیکیوں کو رواج دیا جائے۔

(۳۴۵) روز قیامت مودت بنانے والوں سے سوال کیا جائے گا۔

(۳۴۶) رفع حاجت کے بعد کہو:

اماط اللہ ما بکرہ

(۳۴۷) جب حمام سے نکلو اور کوئی برادر مومن تم سے کہے:

طاب حمامك و حميمك تو کھو انعم اللہ بالمك۔

(۳۴۸) جب کوئی مومن تم کو اس طرح سلام کرے:

صباك اللہ بالسلام تو تم کھو انت حياك اللہ بالسلام و احلك دار المقام۔

(۳۴۹) راستے میں پاخانہ پیشاب نہ کرو۔

(۳۵۰) پہلے خداوند عالم کی حمد وثنا کرو پھر دعا۔

(۳۵۱) دعا کرنے والا ناجائز کام اور ناممکن باتوں کی دعا نہ کرے۔

(۳۵۲) جب کسی کو بیٹا پیدا ہونے کی مبارک باد دو تو کہو۔ خداوند عالم بیٹا مبارک کرے جوان ہو اور تم سے اچھا سلوک کرے۔

(۳۵۳) مومن حج کر کے واپس آئے تو اس کی پیشانی کو بوسہ دو۔ اس کے ہونٹ چومو کہ اس نے حجر اسود کو بوسہ دیا ہے۔ آنکھوں کو چومو کہ ان سے خانہ خدا کی زیارت کی ہے اور کہو کہ خداوند عالم تیرے حج کو قبول فرمائے اور جو خرچ کیا ہے اس کا عوض عنایت فرمائے اور پھر حج کرنا نصیب ہو۔

(۳۵۴) کمینے آدمیوں سے پرہیز کرو وہ خدا سے نہیں ڈرتے وہ ہمارے دشمن ہیں اور پیغمبروں کے قاتل۔

(۳۵۵) خداوند عالم نے زمین کی طرف توجہ کی اور ہم (اہلبیت رسول) کو منتخب فرمایا اور ہمارے دوستوں اور شیعوں کو چنا جو ہماری مدد کرتے ہیں اور ہماری خوشی میں وہ بھی مسرور اور غم میں رنجیدہ ہوتے ہیں۔ ہم پر اپنی جانیں قربان کرتے ہیں وہ لوگ ہم سے ہیں اور ہم ہی سے ملیں گے۔

(۳۵۶) ہمارا دوست جب گناہ کرتا ہے تو مرنے سے پہلے کسی نہ کسی بلا میں گرفتار ہوجاتا ہے۔ خواہ مال کا نقصان ہو یا اولاد کا یا جان کا تا کہ اس کے گناہ کا عوض ہوجائے اور وہ بے گناہ بارگاہ الٰہی میں حاضر ہو۔

(۳۵۷) ہمارا دوست اور شیعہ ہماری امامت کی تصدیق کر کے صدیق وشہید مرتا ہے۔ وہ رضائے خدا کے لیے ہمارے دوستوں سے محبت کرتا ہے اور ہمارے دشمنوں کا دشمن ہوتا ہے۔ خدا اور رسول پر ایمان رکھتا ہے سورۂ حدید آیت ۱۹ میں ارشاد الٰہی ہے کہ والذین آمنوا باللہ ورسلہ اولئک ہم الصدیقون والشہداء عند ربہم لہم اجرہم ونورہم

(۳۵۸) بنی اسرائیل کے بہتر فرقے ہو گئے تھے اور عن قریب اس امت کے تہتر فرقے ہوں گے، جن میں صرف ایک جنتی ہوگا اور بقیہ جہنمی۔

(۳۵۹) جو ہمارا رموز واسرار کو ظاہر کرے گا وہ لوہے کی سختی کا مزہ چکھے گا۔

(۳۶۰) پیدا ہونے کے بعد ساتویں روز اپنے بچوں کا ختنہ کر دیا کرو گرمی سردی کا خیال عبث ہے۔

(۳۶۱) ختنہ کرنے سے بدن پاکیزہ ہوتا ہے۔

(۳۶۲) اس کے پیشاب کرنے سے زمین فریاد کرتی ہے جس کا ختنہ نہیں ہوتا۔

(۳۶۳) چار چیزوں کا نشہ ہوتا ہے: (۱) شراب (۲) دولت (۳) خواب نیند (۴) بادشاہت۔

(۳۶۴) اپنا داہنا ہاتھ داہنے رخسار کے نیچے رکھ کر سویا کرو۔ نہیں معلوم سو کر زندہ اٹھو یا نہیں۔

(۳۶۵) ہر پندرہ دن کے بعد نورہ ضرور لگاؤ۔

(۳۶۶) مچھلی بہت کم کھاؤ کیونکہ بدن کا گوشت پانی ہو جاتا ہے بلغم زیادہ پیدا ہوتا ہے دل سخت ہو جاتا ہے۔

(۳۶۷) موت کے سوا ہر مرض کی دوا ہے۔

(۳۶۸) انار کو اس کی چربی کے ساتھ کھاؤ اس سے معدہ صاف ہو جاتا ہے۔

(۳۶۹) انار کا ہر دانہ معدہ میں جانے کے بعد چالیس روز تک دل کو زندہ رکھتا ہے۔ شیطان کے وسوسے کم ہوتے ہیں ہر مرض سے امان ہے۔

(۳۷۰) سرکہ اچھی چیز ہے صفرا کو کم کرتا ہے۔

(۳۷۱) کاسنی کھایا کرو کیونکہ ہر صبح کو ایک قطرۂ آب جنت اس پر ضرور ٹپکتا ہے۔

(۳۷۲) بارش کا پانی پیا کرو جسم پاکیزہ ہوگا بیماریاں دور ہوں گی۔

(۳۷۳) اپنی زوجہ سے محبت کرنے میں جلدی نہ کرو کیونکہ عورتوں کی صحبت سے کچھ ضرورتیں ہوتی ہیں۔

(۳۷۵) کالا دانہ ہر درد اور ہر مرض کی دوا ہے۔

(۳۷۶) گائے کا گوشت نقصان دہ ہے۔

(۳۷۷) گائے کا دودھ دوا ہے۔

(۳۷۸) گائے کا گھی شفا ہے۔

(۳۷۹) حاملہ عورت کے لیے تازہ خرمے سے بہتر نہ کوئی غذا ہے نہ دوا۔

(۳۸۰) اپنے بچوں کے تالو خرمے سے اٹھاؤ۔

(۳۸۱) حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے نواسوں کے تالو خرمے سے اٹھائے تھے۔

(۳۸۲) اپنی زوجہ سے محبت کرنا ہو تو جلدی نہ کرو اور اس کو کچھ وقت دو کہ وہ آمادہ ہو جائے۔

(۳۸۳) عورتوں کو شوہر کے پاس آنے سے پہلے کچھ ضرورتیں ہوتی ہیں۔

(۳۸۴) کسی غیر عورت کی خواہش ہو تو اپنی ہی زوجہ سے صحبت کرو دونوں ایک ہی ہیں۔

(۳۸۵) نامحرم عورتوں کو دیکھ کر اپنے دل میں شیطان کو جگہ نہ دو۔ غیر عورتے کی طرف سے آنکھ بند کر لو۔

(۳۸۶) اگر کسی مجرد اور غیر شادی شدہ کو عورت کی خواہش ہو تو دو دو رکعت نماز پڑھ کر حمد خدا کرے محمد و آل محمد علیہم السلام پر صلوات پڑھ کر دعا کرے۔ خداوند عالم اس کو بے نیاز کر دے گا۔

(۳۸۷) صحبت کرنے میں باتیں نہ کرو۔

(۳۸۸) جماع کرتے وقت بات کرنے سے بچہ گونگا پیدا ہوتا ہے۔

(۳۸۹) جماع کرتے میں عورت کے رحم کو نہ دیکھو کیونکہ ممکن ہے کہ بچہ اندھا پیدا ہو۔

(۳۹۰) حلال طریقے سے جماع کرو تو یہ دعا کرو:

اللهم انی استحللت فرجها بامرك و قبلتها یافانتك فان قضیت لی منها ولدا فاجعل ذکرا سویا ولا تجعل للشیطان فیه نصیبا ولا شریکا

(۳۹۱) حقنہ علاج کے چار طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔

(۳۹۲) حضرت نے فرمایا ہے کہ بہترین علاج حقنہ ہے۔

(۳۹۳) حقنہ سے پیٹ بڑھ جاتا ہے اور اندرونی بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

(۳۹۴) حقنہ سے جسم میں طاقت آتی ہے۔

(۳۹۵) بنفشہ کی ناس لیا کرو۔

(۳۹۶) حجامت پابندی سے کرواتے رہو۔

(۳۹۷) مہینہ کی پہلی اور ۱۵ کی شب کو بیوی سے جماع نہ کرو کیونکہ شریک شریک ہو جاتا ہے۔

(۳۹۸) چہار شنبہ یعنی بدھ کے دن نورہ نہ لگاؤ یعنی ناف کے بال صاف نہ کرو۔

(۳۹۹) چہارشنبہ ہمیشہ منحوس ہوتا ہے۔اس دن جہنم کی خلقت ہوئی ہے۔

(۴۰۰) جمعہ کے دن ایک ایسی ساعت ہے کہ جو شخص اس ساعت میں حجامت کروائے گا اور پچنے لگوائے گا وہ مرجائے گا۔

ما كتب على باب الجنة قبل خلق السماوات والأرض بألفي عام

آسمانوں اور زمین کو خلق کرنے دو ہزار سال پہلے جنت کے دروازے پر جو کچھ تحریر کیا گیا

⑪ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ الْبَغْدَادِيُّ الْمَعْرُوفُ بِأَبِي الْحَسَنِ الْخُيُوطِيِّ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرِ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ الضَّبِّيُّ النِّهَامِيُّ وَ أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَالِمِ بْنِ عُمَرَ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ صَالِحٍ وَ كَانَ يَفْضُلُ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ قَالا حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَكْتُوبٌ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ عَلِيٌّ أَخُو رَسُولِ اللهِ ﷺ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ اللهُ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضَ بِأَلْفَيْ عَامٍ.

خلقت آسمان وزمین سے دو ہزار سال پہلے سے درجنت پر لکھا گیا:

لا اله الا الله محمد رسول الله علی اخو رسول الله.

نہیں کوئی معبود سوائے خدا کے محمد اللہ کے رسول اور علی ان کے بھائی ہیں۔

الصلاة لها أربعة آلاف باب

نماز کے چار ہزار باب ہیں

⑫ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ وَ أَحْمَدُ بْنُ إِدْرِيسَ جَمِيعاً عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ آدَمَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ آدَمَ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عليه السلام قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ الصَّلَاةُ لَهَا أَرْبَعَةُ آلَافِ بَابٍ.

۱۲) حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ نماز کے چار ہزار باب ہیں۔

ما وجد علی ساق العرش مکتوبا قبل خلق آدم بسبعة آلاف سنة

حضرت آدم علیہ السلام سے سات ہزار سال پہلے ساق عرش پر جو تحریر پائی گئی

⑬ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِیدِ الْعَطَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ الْبَرْمَکِیِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَہْلٍ الْاَسَدِیِّ عَنْ سُہَیْلِ بْنِ غَزْوَانَ الْبَصْرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ علیہ السلام یَقُولُ اِنَّ امْرَاَۃً مِنَ الْجِنِّ کَانَ یُقَالُ لَہَا عَفْرَاءُ وَ کَانَتْ تَاْتِی النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَتَسْمَعُ مِنْ کَلَامِہِ فَتَاْتِی صَالِحِی الْجِنِّ فَیُسْلِمُونَ عَلَی یَدَیْہَا وَ اِنَّہَا فَقَدَہَا النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَسَاَلَ عَنْہَا جَبْرَئِیلَ علیہ السلام فَقَالَ اِنَّہَا زَادَتْ اِزَارَتْ اُخْتاً لَہَا تُحِبُّہَا فِی اللّٰہِ فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم طُوبَی لِلْمُتَحَابِّینَ فِی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَ تَعَالَی خَلَقَ فِی الْجَنَّۃِ عَمُوداً مِنْ یَاقُوتَۃٍ حَمْرَاءَ عَلَیْہِ سَبْعُونَ اَلْفَ قَصْرٍ فِی کُلِّ قَصْرٍ سَبْعُونَ اَلْفَ غُرْفَۃٍ خَلَقَہَا اللّٰہُ عَزَّ وَ جَلَّ لِلْمُتَحَابِّینَ وَ الْمُتَزَاوِرِینَ یَا عَفْرَاءُ اَیَّ شَیْءٍ رَاَیْتِ قَالَتْ رَاَیْتُ عَجَائِبَ کَثِیرَۃً قَالَ فَاَعْجَبُ مَا رَاَیْتِ قَالَتْ رَاَیْتُ اِبْلِیسَ فِی الْبَحْرِ الْاَخْضَرِ عَلَی صَخْرَۃٍ بَیْضَاءَ مَادّاً یَدَیْہِ اِلَی السَّمَاءِ وَ ہُوَ یَقُولُ اِلَہِی اِذَا بَرَرْتَ قَسَمَکَ وَ اَدْخَلْتَنِی نَارَ جَہَنَّمَ فَاَسْاَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَ عَلِیٍّ وَ فَاطِمَۃَ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ اِلَّا خَلَّصْتَنِی مِنْہَا وَ حَشَرْتَنِی مَعَہُمْ فَقُلْتُ یَا حَارِثُ مَا ہَذِہِ الْاَسْمَاءُ الَّتِی تَدْعُو بِہَا قَالَ لِی رَاَیْتُہَا عَلَی سَاقِ الْعَرْشِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَخْلُقَ اللّٰہُ آدَمَ بِسَبْعَۃِ آلَافِ سَنَۃٍ فَعَلِمْتُ اَنَّہَا اَکْرَمُ الْخَلْقِ عَلَی اللّٰہِ عَزَّ وَ جَلَّ فَاَنَا اَسْاَلُہُ بِحَقِّہِمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ اللّٰہِ لَوْ اَقْسَمَ اَہْلُ الْاَرْضِ بِہَذِہِ الْاَسْمَاءِ لَاَجَابَہُمْ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ایک عفراء عورت جنوں میں سے برابر حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کے مواعظ سنا کرتی تھی اور جنوں میں تبلیغ اسلام کرتی تھی۔ جنات مسلمان ہوتے تھے لیکن پھر اس نے آنا چھوڑ دیا۔ حضرت نے جبریل امین سے اس کا حال دریافت کیا۔ انہوں نے عرض کی وہ اپنے ایک خواہر دینی سے ملاقات کے لیے گئی ہے۔ حضرت نے فرمایا خوشا حال اس شخص کا جو صرف رضائے خدا کے لیے کسی برادر مومن کی ملاقات کو جائے۔ خداوند عالم جنگ میں اس کے لیے یاقوت سرخ کے ایک ستون پر ستر ہزار کاخ یعنی محل اور ہر محل میں ستر ہزار اطاق یا کمرے تعمیر فرمائے گا۔ عفراء جب پھر خدمت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ اے عفرا اس سفر میں کیا کیا عجائب دیکھے۔ عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت سے عجیب چیزیں ہیں مگر سب سے عجیب یہ تھا کہ میں نے شیطان کو سمندر میں ایک سفید پتھر پر بیٹھے دیکھا کہ آسمان کی جانب ہاتھ اٹھائے پنجتن پاک کے واسطے سے کوئی دعا کر رہا ہے۔ میں نے پوچھا یہ کس کے نام ہیں جن کے واسطے سے دعا کر رہا ہے کہنے لگا میں نے خلقت حضرت آدم سے سات ہزار سال ان اسما

کوساق عرش الٰہی پرلکھا دیکھا تھا اور آن ان ہی کے واسطے سے دعا کر رہا ہوں۔

من روى أن لله عز وجل اثني عشر ألف عالم

جس نے یہ روایت بیان کی کہ اللہ تعالیٰ کے بارہ ہزار عالم ہیں

⑭ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْعُبَّادُ بْنُ عَبْدِ الْخَالِقِ عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفَ عَالَمٍ كُلُّ عَالَمٍ مِنْهُمْ اَكْبَرُ مِنْ سَبْعِ سَمَاوَاتٍ وَ سَبْعِ اَرَضِينَ مَا تَرَى عَالَمٌ مِنْهُمْ اَنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَالَماً غَيْرَهُمْ وَ اَنَا الْحُجَّةُ عَلَيْهِمْ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خداوند عالم نے بارہ ہزار عالم جن میں ہر ایک ہفت آسمان و زمین سے وسیع تر ہے پیدا کیے ہیں ان کو اپنی دنیا کے علاوہ دوسرے عالم کی خبر بھی نہیں ہے اور میں ہر ایک عالم پر حجت قرار دیا گیا ہوں۔

كان أصحاب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اثني عشر ألف رجل

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب بارہ ہزار مرد تھے

⑮ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمَدَانِيُّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ كَانَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفاً ثَمَانِيَةُ آلَافٍ مِنَ الْمَدِينَةِ وَ اَلْفَانِ مِنْ مَكَّةَ وَ اَلْفَانِ مِنَ الطُّلَقَاءِ وَ لَمْ يُرَ فِيهِمْ قَدَرِيٌّ وَ لَا مُرْجِئٌ وَ لَا حَرُورِيٌّ وَ لَا مُعْتَزِلِيٌّ وَ لَا صَاحِبُ رَأْيٍ كَانُوا يَبْكُونَ اللَّيْلَ وَ النَّهَارَ وَ يَقُولُونَ اقْبِضْ اَرْوَاحَنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ نَأْكُلَ خُبْزَ الْخَمِيرِ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اصحاب حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بارہ ہزار مرد تھے۔ آٹھ ہزار مدینہ کے، دو ہزار مکہ معظّمہ کے اور دو ہزار ایسے لوگ جو اسلام لانے کے بعد آزاد کر دیئے گئے۔ ان میں نہ کوئی جبری مذہب تھا نہ مرجیہ، نہ خوارج، نہ معتزلہ، نہ اصحاب ابوحنیفہ حورائی اور قیاس پر عمل کرتے ہیں۔ وہ بالکل مسلمان پاک (طینت) تھے۔ شب و روز اپنے کو گناہگار سمجھ کر روتے تھے اور لقائے الٰہی کے عشاق تھے۔

ذكر النور الذي كان بين يدي الله عز وجل قبل خلق آدم

اس نور کا تذکرہ جو حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت سے چار ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ کے سامنے تھا

⑯ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْهَاشِمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْبَصْرِيُّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي الْجَارُودِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ كُنْتُ اَنَا وَ عَلِيٌّ نُوراً بَيْنَ يَدَيِ اللهِ جَلَّ جَلَالُهُ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ آدَمَ بِاَرْبَعَةِ آلَافِ عَامٍ فَلَمَّا خَلَقَ اللهُ آدَمَ سَلَكَ ذَلِكَ النُّورَ فِي صُلْبِهِ فَلَمْ يَزَلِ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ يَنْقُلُهُ مِنْ صُلْبٍ اِلَى صُلْبٍ حَتَّى اَقَرَّهُ فِي صُلْبِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ثُمَّ اَخْرَجَهُ مِنْ صُلْبِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَسَّمَهُ قِسْمَيْنِ فَصَيَّرَ قِسْمٌ فِي صُلْبِ عَبْدِ اللهِ وَ قِسْمٌ فِي صُلْبِ اَبِي طَالِبٍ فَعَلِيٌّ مِنِّي وَ اَنَا مِنْ عَلِيٍّ لَحْمُهُ مِنْ لَحْمِي وَ دَمُهُ مِنْ دَمِي فَمَنْ اَحَبَّنِي فَبِحُبِّي اَحَبَّهُ وَ مَنْ اَبْغَضَهُ فَبِبُغْضِي اَبْغَضَهُ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں اور علی خلقت آدم علی نبینا و آلہ وعلیہ السلام سے چار ہزار سل قبل پروردگار ایک نور تھے۔ جب جناب احدیت نے حضرت آدم کو پیدا فرمایا تو اس نور کو پشت آدم میں منتقل فرمایا۔ یہاں تک کہ پشت در پشت جناب عبدالمطلب تک پہنچا۔ وہاں پہنچ کر اس کے دو حصے ہوئے ایک حصہ پشت حضرت عبداللہ (پدر حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں پہنچا اور دوسرا پشت جناب ابوطالب میں (اس طرح سے) علی مجھ سے ہیں اور میں علی سے ہوں۔ ان کا گوشت میرا گوشت، ان کا خون میرا خون ہے۔ پس علی کا دوست میرا دوست ہے اور میں (بھی) اس کو دوست رکھتا ہوں اور علی کا دشمن میرا دشمن ہے اور میں بھی اس کو دشمن رکھتا ہوں۔

ذكر المكتوب بين كتفي محمود الملك قبل خلق آدم باثنين وعشرين ألف عام

حضرت آدم علیہ السلام کی خ رحمۃ اللہ علیہ قت سے بائیس ہزار سال قبل محمود نامی فرشتے کے دونوں کاندھوں پر لکھی تحریر کا ذکر

⑰ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْرُورٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيِّ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا

الْحَسَنِ مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ عليه السلام يَقُولُ بَيْنَا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله جَالِسٌ إِذْ دَخَلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ لَهُ أَرْبَعَةٌ وَ عِشْرُونَ وَجْهاً فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله حَبِيبِي جَبْرَئِيلُ لَمْ أَرَكَ فِي مِثْلِ هَذِهِ الصُّورَةِ فَقَالَ الْمَلَكُ لَسْتُ بِجَبْرَئِيلَ أَنَا مَحْمُودٌ بَعَثَنِي اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ أَنْ أُزَوِّجَ النُّورَ مِنَ النُّورِ قَالَ مَنْ مِنْ مَنْ قَالَ فَاطِمَةَ عليها السلام مِنْ عَلِيٍّ فَلَمَّا وَلَّى الْمَلَكُ إِذَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ عَلِيٌّ وَصِيُّهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله مُنْذُ كَمْ هَذَا بَيْنَ كَتِفَيْكَ فَقَالَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَخْلُقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ آدَمَ بِاثْنَيْنِ وَ عِشْرِينَ أَلْفَ عَامٍ.

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ایک روز حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے کہ فرشتہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا جس کے چوبیس چہرے تھے اور محمود نام تھا۔ اس نے عرض کی کہ میں خدا کی طرف سے اس لیے حاضر ہوا ہوں کہ ایک نور کی دوسرے نور سے تزویج کروں یعنی فاطمہ کا عقد علی سے کروں۔ جب وہ فرشتہ تعمیل حکم الٰہی کے بعد واپس ہونے لگا تو حضرت نے ملاحظہ فرمایا کہ اس کے دونوں شانوں کے درمیان لکھا ہے محمد رسول اللہ علی وصیہ حضرت نے فرمایا کہ یہ تحریر کس زمانے سے تیری پشت کی طرف لکھی ہے۔ عرض کی خلقت جناب آدم سے بائیس ہزار سال قبل سے۔ اللہم صل علی محمد و آل محمد وعجل فرجہم واحشرنا معہم۔

خلق الله عزوجل مائة ألف نبي وأربعة وعشرين ألف نبي وخلق الله عزوجل مائة ألف وصي وأربعة وعشرين ألف وصي

اللہ تعالیٰ نے چوبیس ہزار نبی خلق کیے اور ایک لاکھ چوبیس ہزار وصی خلق کیے

⑱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ الْوَرَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ مَوْلَى الرَّشِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا دَارِمُ بْنُ قَبِيصَةَ بْنِ نَهْشَلِ بْنِ مُجَمِّعٍ السَّلَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله قَالَ خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِائَةَ أَلْفِ نَبِيٍّ وَ أَرْبَعَةً وَ عِشْرِينَ أَلْفَ نَبِيٍّ أَنَا أَكْرَمُهُمْ عَلَى اللهِ وَ لَا فَخْرَ وَ خَلَقَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِائَةَ أَلْفِ وَصِيٍّ وَ أَرْبَعَةً وَ عِشْرِينَ أَلْفَ وَصِيٍّ فَعَلِيٌّ أَكْرَمُهُمْ عَلَى اللهِ وَ أَفْضَلُهُمْ.

حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا اپنے آبائے طاہرین کے واسطے سے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ خداوند عالم نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر پیدا فرمائے اور مجھ کو سب سے اکرم (واشرف) قرار دیا اور کوئی فخر نہیں اور اتنے ہی ان کے اوصیاء خلق فرمائے اور ان میں سب سے اکرم وافضل علی ابن ابی طالب علیہم السلام ہیں۔

⑲ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليه السلام عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله قَالَ: خَلَقَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِائَةَ أَلْفِ نَبِيٍّ وَ أَرْبَعَةً وَ عِشْرِينَ أَلْفَ نَبِيٍّ وَ أَنَا أَكْرَمُهُمْ عَلَى اللَّهِ وَ لَا فَخْرَ وَ خَلَقَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِائَةَ أَلْفِ وَصِيٍّ وَ أَرْبَعَةً وَ عِشْرِينَ أَلْفَ وَصِيٍّ فَعَلِيٌّ أَكْرَمُهُمْ عَلَى اللَّهِ وَ أَفْضَلُهُمْ.

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ خداوند عالم نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر پیدا فرمائے اور مجھ کو سب سے اکرم (واشرف) قرار دیا اور کوئی فخر نہیں اور اتنے ہی ان کے اوصیاء خلق فرمائے اور ان میں سب سے اکرم وافضل علی ابن ابی طالب علیہم السلام ہیں۔

ناجى الله تعالى موسى عليه السلام بمائة ألف كلمة وأربعة وعشرين ألف كلمة

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ایک لاکھ چوبیس ہزار کلمات کے ذریعہ مناجات کی

⑳ حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَسَدٍ الْأَسَدِيُّ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ جَرَادَةَ الْبَرْذَعِيُّ بِالرَّيِّ فِي رَجَبٍ سَنَةَ سَبْعٍ وَ أَرْبَعِينَ وَ ثَلَاثِمِائَةٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَامِرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ جُوَيْبِرٍ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله إِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ نَاجَى مُوسَى بْنَ عِمْرَانَ عليه السلام بِمِائَةِ أَلْفِ كَلِمَةٍ وَ أَرْبَعَةٍ وَ عِشْرِينَ أَلْفَ كَلِمَةٍ فِي ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ وَ لَيَالِيهِنَّ مَا طَعِمَ فِيهَا مُوسَى وَ لَا شَرِبَ فِيهَا فَلَمَّا انْصَرَفَ إِلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ وَ سَمِعَ كَلَامَهُمْ مَقَتَهُمْ لِمَا كَانَ وَقَعَ فِي مَسَامِعِهِ مِنْ حَلَاوَةِ كَلَامِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ.

ابن عباسؓ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ تین شب و روز پروردگار عالم نے حضرت موسیٰ سے ایک لاکھ چوبیس ہزار کلمے فرمائے اور اس مدت میں جناب موسیٰ نے نہ کچھ کھایا نہ پیا۔

پس جب وہ وہ بنی اسرائیل کی طرف واپس لوٹے اور ان کی باتیں سنیں تو آپ کو ان سے نفرت ہوگئی کیونکہ آپ کے کانوں میں اللہ عزوجل کے کلام کی چاشنی بسی ہوئی ہے۔

علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیا علیہ السلام ألف باب یفتح کل باب ألف باب

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب تعلیم کیے کہ ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے

㉑ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِيِّ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ أَيُّوبَ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ مَوْلَاهُ حَمْزَةَ بْنِ رَافِعٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجَةِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ ادْعُوا لِي خَلِيلِي فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ إِلَى أَبِيهَا فَلَمَّا جَاءَ غَطَّى رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَجْهَهُ وَ قَالَ ادْعُوا لِي خَلِيلِي فَرَجَعَ أَبُو بَكْرٍ وَ بَعَثَتْ حَفْصَةُ إِلَى أَبِيهَا فَلَمَّا جَاءَ غَطَّى رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَجْهَهُ وَ قَالَ ادْعُوا لِي خَلِيلِي فَرَجَعَ عُمَرُ وَ أَرْسَلَتْ فَاطِمَةُ علیہا السلام إِلَى عَلِيٍّ فَلَمَّا جَاءَ قَامَ رَسُولُ اللهِ فَدَخَلَ ثُمَّ جَلَّلَ عَلِيّاً علیہ السلام بِثَوْبِهِ قَالَ عَلِيٌّ علیہ السلام فَحَدَّثَنِي بِأَلْفِ حَدِيثٍ يَفْتَحُ كُلُّ حَدِيثٍ أَلْفَ حَدِيثٍ حَتَّى عَرِقْتُ وَ عَرِقَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَسَالَ عَلَيَّ عَرَقُهُ وَ سَالَ عَلَيْهِ عَرَقِي.

جناب ام سلمہ فرماتی ہیں کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الموت میں حکم دیا کہ میرے دوست کو بلاؤ۔ عائشہ نے اپنے باپ کو بلایا جب وہ حاضر ہوئے تو حضرت نے اپنا روئے مبارک چھپالیا اور پھر فرمایا کہ میرے دوست کو بلاؤ اس بار حفصہ نے اپنے باپ کو بلایا جب وہ آئے تو پھر آپ نے اپنا منہ چھپالیا اور تیسری بار فرمایا کہ میرے دوست کو بلاؤ اس مرتبہ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا نے امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو بلایا۔ جب آپ حاضر ہوئے تو حضرت اٹھ کر بیٹھ گئے اور اپنے ردائے مبارک میں لے لیا اور (دیر تک) باتیں کرتے رہے۔ جب چادر سے باہر آئے تو فرمایا کہ مجھ کو حضرت نے علم کے ہزار باب تعلیم فرمائے اور پھر ہر باب سے مجھ پر ہزار ہزار باب اور کھل گئے یہاں تک کہ میں پسینے سے شرابور ہو گیا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی پسینہ آ گیا کہ مجھ پر ان کا پسینہ گرنے لگا اور ان پر میرا پسینہ۔

㉒ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ وَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَمَّادٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ صَبَّاحٍ الْمُزَنِيِّ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ عَنِ الْأَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ علیہ السلام قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلَّمَنِي أَلْفَ بَابٍ مِنَ الْحَلَالِ وَ الْحَرَامِ وَ مِمَّا كَانَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كُلُّ بَابٍ مِنْهَا يَفْتَحُ أَلْفَ بَابٍ فَذَلِكَ أَلْفُ أَلْفِ بَابٍ حَتَّى عَلِمْتُ عِلْمَ الْمَنَايَا وَ الْبَلَايَا وَ فَصْلَ الْخِطَابِ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حلال وحرام اور ماضی اور قیامت تک ہونے والی باتوں کے ایک ہزار باب تعلیم کیے کہ ان میں سے ایک باب ہزار باب کھولتا ہے پس یہ دس لاکھ باب ہو گئے یہاں تک کہ مجھے موت، حوادث اور فصل خطاب کی تعلیم بھی دی گئی۔

۴۳ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُوسَى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْهِسَنْجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ وَ رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ حَرِيزِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَبَلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ [وَ] قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ ادْعُوا لِي أَخِي فَأَرْسَلُوا إِلَى عَلِيٍّ علیہ السلام فَدَخَلَ فَوَلَّيَا وُجُوهَهُمَا إِلَى الْحَائِطِ وَ رَدَّا عَلَيْهِمَا ثَوْباً فَأَسَرَّ إِلَيْهِ وَ النَّاسُ مُحْتَوْشُونَ وَرَاءَ الْبَابِ فَخَرَجَ عَلِيٌّ علیہ السلام فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ النَّاسِ أَسَرَّ إِلَيْكَ نَبِيُّ اللهِ شَيْئاً قَالَ نَعَمْ أَسَرَّ إِلَيَّ أَلْفَ بَابٍ فِي كُلِّ بَابٍ أَلْفُ بَابٍ قَالَ وَعَيْتَهُ قَالَ نَعَمْ وَ عَقَلْتُهُ قَالَ فَمَا السَّوَادُ الَّذِي فِي الْقَمَرِ قَالَ إِنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَالَ وَ جَعَلْنَا اللَّيْلَ وَ النَّهارَ آيَتَيْنِ فَمَحَوْنا آيَةَ اللَّيْلِ وَ جَعَلْنا آيَةَ النَّهارِ مُبْصِرَةً قَالَ لَهُ الرَّجُلُ عَقَلْتَ يَا عَلِيُّ.

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الموت میں فرمایا: مرے بھائی کو میرے پاس بلا لاؤ تو لوگوں نے حضرت علی علیہ السلام کو بلا بھیجا، پس جب آپ تشریف لائے اور اندر داخل ہوئے تو آپ دونوں نے اپنے چہرے دیوار کی طرف کر لئے اور اپنے اوپر کپڑا ڈال لیا جبکہ لوگ دروازے کے پیچھے جمع ہوئے کھڑے تھے۔ پس حضرت علی علیہ السلام باہر تشریف لائے تو ایک شخص نے پوچھا: کیا نبیؐ نے آپ سے کوئی راز کی بات کی ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ہاں! ایک ہزار باب میں مجھے راز دار بنایا ہے کہ ہر باب میں ایک ہزار باب ہیں۔

اس نے پوچھا: کیا آپ نے انہیں یاد کر لیا ہے؟

آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے انہیں سمجھ لیا ہے۔

اس شخص نے پوچھا: چاند میں موجود سیاہی کیا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ آيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ آيَةَ اللَّيْلِ وَجَعَلْنَآ آيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً".

اور ہم نے رات اور دن کو اپنی نشانی قرار دیا ہے پھر ہم رات کی نشانی کو مٹا دیتے ہیں اور دن کی نشانی کو روشن کر دیتے ہیں۔ [1]

---

[1] سورۂ بنی اسرائیل آیت ۱۲

اس شخص نے کہا: اے علیؑ! آپ واقعی سمجھ گئے ہیں۔

۴۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُوسَى بْنِ بَكْرٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام الرَّجُلُ يُغْمَى عَلَيْهِ الْيَوْمَ وَ الْيَوْمَيْنِ وَ الثَّلَاثَةَ وَ الْاَرْبَعَةَ وَ اَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ كَمْ يَقْضِي مِنْ صَلَاتِهِ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكَ بِمَا يَجْمَعُ لَكَ هَذَا وَ اَشْبَاهَهُ كُلُّ مَا غَلَبَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهِ مِنْ اَمْرٍ وَ اللهُ اَعْذَرُ لِعَبْدِهِ.

وَ زَادَ فِيهِ غَيْرُهُ اَنَّ اَبَا عَبْدِ اللهِ قَالَ وَ هَذَا مِنَ الْاَبْوَابِ الَّتِي يُفْتَحُ كُلُّ بَابٍ مِنْهَا اَلْفَ بَابٍ.

موسیٰ ابن بجر سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا: ایک شخص ایک دن، دو دن، یا تین یا چار دنوں تک بیہوش رہتا ہے تو وہ اپنی کتنی نمازوں کی قضا کرے گا؟

آپؑ نے فرمایا: کیا میں ایسی بات نہ بتاؤں جو اس مسئلہ اور اس جیسے دیگر مسائل کو اپنے اندر شامل کر لیتی ہے؟

جب کبھی اللہ تعالیٰ اس پر اپنا امر غالب کر دے تو خدا اپنے بندے کی بہ نسبت زیادہ عذر قبول کرنے والا ہے۔

دیگر روایت نقل کرنے والوں نے اس میں کچھ اور بھی اضافہ کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: یہ ان ابواب میں سے ہے کہ جس کا ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۴۵ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ اُذَيْنَةَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ اَعْيَنَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ عليه السلام يَقُولُ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلَّمَ عَلِيّاً عليه السلام اَلْفَ بَابٍ يَفْتَحُ كُلُّ بَابٍ اَلْفَ بَابٍ فَانْطَلَقَ اَصْحَابُنَا فَسَاَلُوا اَبَا جَعْفَرٍ عليه السلام عَنْ ذَلِكَ فَاِذَا سَالِمٌ قَدْ صَدَقَ قَالَ بُكَيْرٌ وَ حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ اَبَا جَعْفَرٍ عليه السلام يُحَدِّثُ بِهَذَا الْحَدِيثِ ثُمَّ قَالَ وَ لَمْ يَخْرُجْ اِلَى النَّاسِ مِنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ غَيْرُ بَابٍ اَوِ اثْنَيْنِ وَ اَكْثَرُ عِلْمِي اَنَّهُ قَالَ بَابٌ وَاحِدٌ.

راوی کہتا ہے: سالم ابن ابوحفصہ نے کہا کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب تعلیم فرمائے کہ ہر باب ایک ہزار کھولتا ہے۔

پس ہمارے ساتھی امام باقر علیہ السلام کی خدمت میں اور ان سے اس کے متعلق سوال کیا تو معلوم ہوا کہ سالم صحیح کہہ رہا تھا۔

بکیر کہتا ہے کہ ہم سے اس شخص نے روایت بیان کی جس نے امام باقر علیہ السلام کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا، اس

کے بعد فرمایا: مگر عام لوگ ان (ہزار) ابواب میں سے صرف ایک یا دو باب کا علم حاصل کر سکے اور میرے علم میں اضافہ فرمایا، کہا (یہ) ایک باب ہے۔

۲۶ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْرُورٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيِّ عَنْ بِسْطَامَ بْنِ مُرَّةَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ حَسَّانَ عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الْعَبْدِيِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ عَنِ الْأَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ قَالَ أَمَرَنَا أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام بِالْمَسِيرِ إِلَى الْمَدَائِنِ مِنَ الْكُوفَةِ فَسِرْنَا يَوْمَ الْأَحَدِ وَ تَخَلَّفَ عَمْرُو بْنُ حُرَيْثٍ فِي سَبْعَةِ نَفَرٍ فَخَرَجُوا إِلَى مَكَانٍ بِالْحِيرَةِ يُسَمَّى الْخَوَرْنَقَ فَقَالُوا نَتَنَزَّهُ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْأَرْبِعَاءِ خَرَجْنَا فَلَحِقْنَا عَلِيّاً عليه السلام قَبْلَ أَنْ يُجَمِّعَ فَبَيْنَمَا هُمْ يَتَغَذَّوْنَ إِذْ خَرَجَ عَلَيْهِمْ ضَبٌّ فَصَادُوهُ فَأَخَذَهُ عَمْرُو بْنُ حُرَيْثٍ فَنَصَبَ كَفَّهُ وَ قَالَ بَايِعُوا هَذَا أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فَبَايَعَهُ السَّبْعَةُ وَ عَمْرٌو ثَامِنُهُمْ وَ ارْتَحَلُوا لَيْلَةَ الْأَرْبِعَاءِ فَقَدِمُوا الْمَدَائِنَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام يَخْطُبُ وَ لَمْ يُفَارِقْ بَعْضُهُمْ بَعْضاً وَ كَانُوا جَمِيعاً حَتَّى نَزَلُوا عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ فَلَمَّا دَخَلُوا نَظَرَ إِلَيْهِمْ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله أَسَرَّ إِلَيَّ أَلْفَ حَدِيثٍ فِي كُلِّ حَدِيثٍ أَلْفُ بَابٍ لِكُلِّ بَابٍ أَلْفُ مِفْتَاحٍ وَ إِنِّي سَمِعْتُ اللهَ جَلَّ جَلَالُهُ يَقُولُ يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ وَ إِنِّي أُقْسِمُ لَكُمْ بِاللهِ لَيُبْعَثَنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَمَانِيَةُ نَفَرٍ يُدْعَوْنَ بِإِمَامِهِمْ وَ هُوَ ضَبٌّ وَ لَوْ شِئْتُ أَنْ أُسَمِّيَهُمْ لَفَعَلْتُ قَالَ فَلَقَدْ رَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ قَدْ سَقَطَ كَمَا تَسْقُطُ السَّعَفَةُ حَيَاءً وَ لَوْماً.

اصبغ بن نباتہ سے منقول ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے ہمیں کوفہ سے مدائن کی طرف جانے کا حکم دیا تو ہم اتوار کے دن روانہ ہوئے اور عمرو ابن حریث سات افراد کے ہمراہ پیچھے رہ گیا تو وہ حیرہ میں کسی مقام کی طرف روانہ ہو گئے کہ جس کا نام خورنق تھا۔ کہنے لگے: ہم یہاں پڑاؤ ڈالتے ہیں۔ لہٰذا بدھ کے دن ہم نے کوچ کیا تا کہ حضرت علیؑ کے نماز جمعہ کرنے سے پہلے ہم ان سے جا ملیں۔

جب وہ لوگ باشتہ کر رہے تھے کہ وہاں سے ایک سوسمار برآمد ہوا جسے ان لوگوں نے شکار کر لیا اور عمرو ابن حریث نے اسے اپنی ہتھیلی پر رکھ کر اٹھایا اور (از روائے تمسخر سوسمار کی طرف اشارہ کر کے) کہا: اس امیر المومنین کی بیعت کرو تو سات افراد نے بیعت کی اور ان میں آٹھواں خود عمرو تھا اور پھر بدھ کی رات کو وہ لوگ روانہ ہو گئے اور جمعہ کے روز امیر المومنین علیہ السلام کے پاس پہنچے جبکہ آپ خطبہ دے رہے تھے (اور یہ آٹھوں افراد ایک ساتھ تھے) کوئی ایک بھی دوسرے کو چھوڑنے کو تیار نہ تھا اور سب ایک ساتھ تھے۔ یہاں تک کہ مسجد کے دروازے پر اترے۔ پس جب اندر داخل ہوئے تو امیر المومنین علیہ السلام نے ان

کی طرف دیکھا اور فرمایا:

اے لوگو! رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رازداری میں ایک ہزار احادیث تعلیم کیں کہ ہر حدیث میں ایک ہزار باب ہیں اور ہر باب کی ایک ہزار کنجیاں ہیں۔

اور میں نے اللہ تعالیٰ کو فرماتے ہوئے سنا (قرآن مجید میں): ''ہم ہر انسان کو اس کے امام کے ساتھ پکاریں گے'' اور میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ روز قیامت وہ آٹھ افراد کو ان کے امام کے ساتھ لازماً مبعوث فرمائے گا اور وہ (ان کا امام) سوسمار ہوگا۔ اگر میں ان کے نام لینا چاہتا تو وہ بھی کر جاتا۔

(اصبغ بن نباتہ نے) کہا: بلاشبہ میں نے دیکھا کہ عمرو ابن حریث شرم کی وجہ سے گر گیا جس طرح کہ کوئی کھجور کا پتا گرتا ہے۔

۴۷ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَمْزَةَ الْعَدَوِیِّ عَنْ اَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیہ السلام قَالَ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلَّمَ عَلِیّاً علیہ السلام بَاباً یَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ وَ یَفْتَحُ کُلُّ بَابٍ اَلْفَ بَابٍ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: بلاشبہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ایسا علم تعلیم کیا جو ایک ہزار باب کھولتا ہے اور ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۴۸ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی وَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی نَجْرَانَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ یَحْیَی عَنْ بَشِیرٍ الدَّهَّانِ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ لَمَّا مَرِضَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَرَضَهُ الَّذِی تُوُفِّیَ فِیهِ بَعَثَ اِلَی عَلِیٍّ علیہ السلام فَلَمَّا جَاءَ اَکَبَّ عَلَیْهِ فَلَمْ یَزَلْ یُحَدِّثُهُ وَ یُحَدِّثُهُ فَلَمَّا خَرَجَ لَقِیَاهُ وَ قَالا لَهُ بِمَا حَدَّثَكَ صَاحِبُكَ فَقَالَ حَدَّثَنِی بِبَابٍ یَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ کُلُّ بَابٍ مِنْهَا یَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ.

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوئے کہ جس بیماری میں آپؐ نے اس دنیا سے کوچ کیا تو آپ نے اس بیماری میں حضرت علی علیہ السلام کو بلا بھیجا۔ جب حضرت علی علیہ السلام تشریف لائے تو ان کے ساتھ (راز و نیاز) میں مشغول ہو گئے اور مسلسل آپ سے گفتگو کیے جا رہے تھے اور جب آپ باہر تشریف لائے تو دو افراد نے آپؑ سے ملاقات کی اور آپؑ سے پوچھا آپ کے ساتھی نے آپ کے ساتھ کیا گفتگو کی؟

حضرتؑ نے فرمایا: مجھ سے ایک ایسا باب بیان کیا جو ایک ہزار باب کھولتا ہے کہ ان میں سے بھی ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۲۹ حَدَّثَنَا اَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي اَحْمَدُ وَ عَبْدُ اللهِ ابْنَا مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ بَعْضَ اَصْحَابِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام مِمَّنْ يَثِقُ بِهِ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيّاً عليه السلام يَقُولُ اِنَّ فِي صَدْرِي هَذَا لَعِلْماً جَمّاً عَلَّمَنِيهِ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله لَوْ اَجِدُ لَهُ حَفَظَةً يَرْعَوْنَهُ حَقَّ رِعَايَتِهِ وَ يَرْوُونَهُ كَمَا يَسْمَعُونَهُ مِنِّي اِذاً لَاَوْدَعْتُهُمْ بَعْضَهُ فَعَلِمَ بِهِ كَثِيراً مِنَ الْعِلْمِ اِنَّ الْعِلْمَ مِفْتَاحُ كُلِّ بَابٍ وَ كُلُّ بَابٍ يَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: میرے سینے میں علم کا ذخیرہ ہے جو مجھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم کیا ہے اگر میں ایسے محافظوں کو پاتا جو ان کی رعایت کا حق ادا کرتے اور انہیں اسی طرح نقل کرتا جس طرح کہ انہوں نے مجھ سے سنا ہوتا تو میں اس علم کا کچھ حصہ لازماً ان کو ودیعت کرتا تا کہ اس کے ذریعہ سے بیشتر علم حاصل کرتے، بلاشبہ ہر دروازے کی کنجی ہے اور ہر دروازہ ایک ہزار در کھولتا ہے۔

۳۰ حَدَّثَنَا اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ وَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَمَّادٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ صَبَّاحٍ الْمُزَنِيِّ عَنْ حَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ عَنِ الْاَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ عَنْ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلَّمَنِي اَلْفَ بَابٍ مِنَ الْحَلَالِ وَ الْحَرَامِ وَ مِمَّا كَانَ وَ مِمَّا يَكُونُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كُلُّ بَابٍ مِنْهَا يَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ فَذَلِكَ اَلْفُ اَلْفِ بَابٍ حَتَّى عَلِمْتُ عِلْمَ الْمَنَايَا وَ الْبَلَايَا وَ فَصْلَ الْخِطَابِ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حلال وحرام اور ماضی اور قیامت تک ہونے والی باتوں کے ایک ہزار باب تعلیم کیے کہ ان میں سے ایک باب ہزار باب کھولتا ہے پس یہ دس لاکھ باب ہو گئے یہاں تک کہ مجھے موت، حوادث اور فصل خطاب کی تعلیم بھی دی گئی۔

۳۱ حَدَّثَنَا اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَجَّالِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُسَيْنِ اللُّؤْلُؤِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ اَبِي الدَّيْلَمِ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ اَوْصَى رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اِلَى عَلِيٍّ عليه السلام بِاَلْفِ بَابٍ كُلُّ بَابٍ يَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب کی وصیت فرمائی

اور ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۴۳ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بَشِيرٍ الْبَجَلِيِّ عَنْ اَبِي يَحْيَى مَعْمَرٍ الْقَطَّانِ عَنْ بَشِيرٍ الدَّهَّانِ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ ادْعُوا لِي خَلِيلِي فَاَرْسَلْنَا اِلَى اَبَوَيْهِمَا فَلَمَّا نَظَرَ اِلَيْهِمَا اَعْرَضَ عَنْهُمَا بِوَجْهِهِ وَ قَالَ ادْعُوا اِلَيَّ خَلِيلِي فَاُرْسِلَ اِلَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليه السلام فَلَمَّا نَظَرَ اِلَيْهِ اَكَبَّ عَلَيْهِ يُحَدِّثُهُ فَلَمَّا خَرَجَ لَقِيَاهُ وَ قَالا مَا حَدَّثَكَ خَلِيلُكَ قَالَ حَدَّثَنِي اَلْفَ بَابٍ كُلُّ بَابٍ يَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ.

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الموت میں فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلا لاؤ۔ پس لوگ ابوبکر و عمر کو بلا لائے اور جب آپ کی نظر ان دونوں پر پڑی تو آپ نے منہ پھیر لیا اور فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلا لاؤ۔ پس حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو بلایا گیا۔ جب آپ کی نظر ان پر پڑی تو ان کے ساتھ باتوں میں مشغول ہو گئے۔ پس جب آپ باہر تشریف لائے تو ان دونوں نے آپؑ سے ملاقات کی اور کہنے لگے: آپ کے دوست نے آپ کے ساتھ کیا گفتگو کی؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے ایک ہزار باب بیان فرمائے کہ ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۴۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ يُونُسَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام بَلَغَنَا اَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلَّمَ عَلِيّاً عليه السلام اَلْفَ بَابٍ يَفْتَحُ كُلُّ بَابٍ اَلْفَ بَابٍ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ لِي بَلْ عَلَّمَهُ بَاباً وَاحِداً فَتَحَ ذَلِكَ الْبَابُ اَلْفَ بَابٍ فَتَحَ كُلُّ بَابٍ اَلْفَ بَابٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا گیا: ہم تک یہ بات آئی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب تعلیم کیے کہ ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے!

آپ نے فرمایا: ہاں!

ایک قول کے مطابق فرمایا: نہیں ایک ایک ہی باب تعلیم کیا تھا کہ اس باب نے ایک ہزار باب کھولے اور ہر باب نے ایک ہزار باب کھولے۔

۴۵ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ وَ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ قَالَ عَلِيٌّ عليه السلام عَلَّمَنِي رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله اَلْفَ بَابٍ يَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب تعلیم کیے کہ ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے!

۳۵ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی الْعَطَّارُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِی اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُکَیْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی عَبْدِ اللهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ یَقُولُ اِنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلَّمَ عَلِیّاً علیہ السلام بَاباً یَفْتَحُ لَهُ اَلْفَ بَابٍ کُلُّ بَابٍ یَفْتَحُ لَهُ اَلْفَ بَابٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ایسا باب تعلیم کیا کہ جس سے ایک ہزار باب کھل جاتے ہیں کہ ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۳۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِیدِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْحَجَّالِ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَیْمُونٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ علیہ السلام عَلَّمَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِیّاً علیہ السلام بَاباً یَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ کُلُّ بَابٍ یَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب تعلیم کیا جو ایک ہزار باب کھولتا ہے کہ ہر باب کے ایک ہزار باب کھولے جاتے ہیں۔

۳۷ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ سَعِیدٍ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْحَلَبِیِّ عَنْ اَبِی بَصِیرٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَی اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام فَقُلْتُ لَهُ اِنَّ الشِّیعَةَ یَتَحَدَّثُونَ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلَّمَ عَلِیّاً علیہ السلام بَاباً یَفْتَحُ مِنْهُ اَلْفَ بَابٍ کُلُّ بَابٍ یَفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ فَقَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ علیہ السلام یَا اَبَا مُحَمَّدٍ وَ اللهِ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلَّمَ عَلِیّاً علیہ السلام اَلْفَ بَابٍ یَفْتَحُ کُلُّ بَابٍ اَلْفَ بَابٍ فَقُلْتُ لَهُ وَ اللهِ هَذَا لَعِلْمٌ قَالَ اِنَّهُ لَعِلْمٌ وَ لَیْسَ لِاَحَدٍ وَ لَیْسَ بِذَاكَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ شیعہ حضرات کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ایسا باب تعلیم کیا کہ جس سے ایک ہزار باب کھلتے ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے ابو محمد! بخدا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب تعلیم کیے جس میں ہر باب سے ایک ہزار باب کھلتے ہیں۔

راوی کہتا ہے میں نے عرض کیا: بخدا یہی تو حقیقی علم ہے۔

آپؑ نے فرمایا: بلاشبہ یہی تو علم ہے اور دوسرے کسی کے پاس یہ علم نہیں ہے اور نہ اس بات کا اور نہ ہی اُس بات کا۔

۴۸ حَدَّثَنَا اَبِی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی الْعَطَّارُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ سِنْدِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَزَّازِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ یَحْیَی قَالَ حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَشِیرٍ عَنْ اَبِیهِ بَشِیرٍ الدَّهَّانِ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فِی مَرَضِهِ الَّذِی تُوُفِّیَ فِیهِ ادْعُوا لِی خَلِیلِی فَاَرْسَلَتَا اِلَی اَبَوَیْهِمَا فَلَمَّا رَآهُمَا اَعْرَضَ بِوَجْهِهِ عَنْهُمَا ثُمَّ قَالَ ادْعُوا لِی خَلِیلِی فَاَرْسَلَتَا اِلَی عَلِیٍّ علیہ السلام فَلَمَّا جَاءَ اَکَبَّ عَلَیْهِ فَلَمْ یَزَلْ یُحَدِّثُهُ وَ یُحَدِّثُهُ فَلَمَّا خَرَجَ لَقِیَاهُ فَقَالا لَهُ مَا حَدَّثَكَ قَالَ حَدَّثَنِی بِبَابٍ یُفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ کُلُّ بَابٍ یُفْتَحُ اَلْفَ بَابٍ.

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الموت میں فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلا لاؤ۔ تو آپؐ کی دونوں بیویوں نے اپنے اپنے والد کو بلانے بھیجا پس وہ دونوں آئے اور جب آپ کی نظر ان دونوں پر پڑی تو آپ نے منہ پھیر لیا اور فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلا لاؤ۔

پس حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو بلایا گیا۔ جب آپ کی نظر ان پر پڑی تو ان کے ساتھ باتوں میں مشغول ہو گئے۔

پس جب آپ باہر تشریف لائے تو ان دونوں نے آپؑ سے ملاقات کی اور کہنے لگے: آپ کے دوست نے آپ کے ساتھ کیا گفتگو کی؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے ایک ایسا باب بیان فرمایا جو ہزار باب کھولتا ہے کہ ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۴۹ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی الْعَطَّارُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ یَعْقُوبَ بْنِ یَزِیدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی عُمَیْرٍ عَنْ مُرَازِمِ بْنِ حَکِیمٍ الْاَزْدِیِّ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ عَلَّمَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِیّاً علیہ السلام اَلْفَ بَابٍ یُفْتَحُ کُلُّ بَابٍ اَلْفَ بَابٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار باب تعلیم کیے ہر باب ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۵۰ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِیدِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی الْعَطَّارُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ اَبِی الْخَطَّابِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ

فَضَّالٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُقْبَةَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ جَاءَ أَبُو بَكْرٍ وَ عُمَرُ إِلَى أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام حِينَ دَفَنَ فَاطِمَةَ عليها السلام فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ قَالَ لَهُمَا فِيهِ أَمَّا مَا ذَكَرْتُمَا أَنِّي لَمْ أُشْهِدْكُمَا أَمْرَ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَإِنَّهُ قَالَ لَا يَرَى عَوْرَتِي أَحَدٌ غَيْرُكَ إِلَّا ذَهَبَ بَصَرُهُ فَلَمْ أَكُنْ لِأَدَعَ ذَلِكَ وَ أَمَّا إِكْبَابِي عَلَيْهِ فَإِنَّهُ عَلَّمَنِي أَلْفَ حَرْفٍ الْحَرْفُ يَفْتَحُ أَلْفَ حَرْفٍ فَلَمْ أَكُنْ لِأَطَّلِعَكُمَا عَلَى سِرِّ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی تدفین کے موقع پر ابوبکر عمر حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں آئے اور ایک طویل گفتگو کے دوران آپؑ نے ان دونوں سے کہا: تم دونوں نے یہ جو تذکرہ کیا کہ میں نے امر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (غسل) کے موقع پر تم دونوں کو نہیں بلایا تو بات یہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: تمہارے علاوہ میرے پوشیدہ اعضا کو کوئی نہ دیکھے گا ورنہ اس کی بصارت زائل ہو جائے گی، لہٰذا میں تم دونوں کو اس بات کی اجازت نہ دی۔

اب جہاں تک میرا معاملہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ باتوں میں مشغول ہونا ہے تو آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک ہزار حرف تعلیم کیے کہ ہر حرف ایک ہزار حرف کھولتا ہے، لہٰذا میں نے تم دونوں کو اس سے آگاہ نہیں کیا۔

۴۱ حَدَّثَنَا أَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ يُونُسَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عليه السلام قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلَّمَ عَلِيّاً عليه السلام أَلْفَ حَرْفٍ كُلُّ حَرْفٍ يَفْتَحُ أَلْفَ حَرْفٍ وَ الْأَلْفُ حَرْفٍ كُلُّ حَرْفٍ مِنْهَا يَفْتَحُ أَلْفَ حَرْفٍ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار حرف تعلیم کیے ہر حرف ایک ہزار حرف کھولتا ہے۔

۴۲ حَدَّثَنَا أَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ كَانَ فِي ذُؤَابَةِ سَيْفِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله صَحِيفَةٌ صَغِيرَةٌ فَقُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام أَيُّ شَيْءٍ كَانَ فِي تِلْكَ الصَّحِيفَةِ قَالَ هِيَ الْأَحْرُفُ الَّتِي يَفْتَحُ كُلُّ حَرْفٍ مِنْهَا أَلْفَ حَرْفٍ قَالَ أَبُو بَصِيرٍ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عليه السلام فَمَا خَرَجَ مِنْهَا إِلَّا حَرْفَانِ حَتَّى السَّاعَةِ.

ابوبصیرؒ سے منقول ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شمشیر کے آویزہ پر ایک چھوٹا کتابچہ ہوتا تھا۔

ابوبصیر کہتے ہیں میں نے امام سے سوال کیا: اس کتا بچہ میں کیا تھا؟

آپؑ نے فرمایا: کچھ حروف تھے کہ ان میں سے ہر حرف ہزار حرف کھولتا ہے۔

۴۳ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی الْعَطَّارُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ اَبِی الْخَطَّابِ عَنْ مُوسَی بْنِ سَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْقَاسِمِ الْحَضْرَمِیِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِیَّةَ عَنْ اَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ قَالَ قَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ علیہ السلام سَیَاْتِی مَسْجِدَ كُمْ هَذَا یَعْنِی مَكَّةَ ثَلَاثُمِائَةٍ وَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ یَعْلَمُ اَهْلُ مَكَّةَ اَنَّهُمْ لَمْ یَلِدْهُمْ آبَاؤُهُمْ وَ لَا اَجْدَادُهُمْ عَلَیْهِمُ السُّیُوفُ مَكْتُوبٌ عَلَی كُلِّ سَیْفٍ كَلِمَةٌ تَفْتَحُ اَلْفَ كَلِمَةٍ تُبْعَثُ الرِّیحُ فَتُنَادِی بِكُلِّ وَادٍ هَذَا الْمَهْدِیُّ یَقْضِی بِقَضَاءِ آلِ دَاوُدَ لَا یَسْاَلُ عَلَیْهِ بَیِّنَةً.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تمہاری مسجد میں جو مکہ میں ہے ایسے تین سو افراد آئیں گے کہ مکہ کے رہنے والے یہ جانتے ہیں کہ ان کے آباء اجداد نے انہیں پیدا نہیں کیا، ان کے پاس تلواریں گی کہ ہر تلوار پر ایک کلمہ تحریر ہوگا ہر جکمہ ایک ہزار کلمے کھولے گا، ہوا چلے گی تو ہر وادی میں ندا دے گی کہ یہ مہدیؑ ہے جو آلِ داؤدؑ کی طرح قضاوت کرے گا کہ اس سے کوئی بینہ (گواہی) طلن نہیں کی جائے گی۔

۴۴ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِیدِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی الْعَطَّارُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِیسَی بْنِ عُبَیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ جَابِرٍ وَ عَبْدِ الْكَرِیمِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْحَمِیدِ بْنِ اَبِی الدَّیْلَمِ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ اَوْصَی رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِلَی عَلِیٍّ علیہ السلام اَلْفَ بَابٍ یَفْتَحُ كُلُّ بَابٍ اَلْفَ كَلِمَةٍ وَ كُلُّ بَابٍ اَلْفَ كَلِمَةٍ وَ اَلْفَ بَابٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار کلمات تعلیم کیے اور ایک ہزار باب کی وصیت فرمائی کہ ہر کلمہ اور باب ایک ہزار کلمے اور باب کھولے گا۔

۴۵ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا قَالا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْیَرِیُّ قَالَ حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ اَبِی الْخَطَّابِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بَشِیرٍ الْبَجَلِیِّ عَنْ ذَرِیحٍ الْمُحَارِبِیِّ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ علیہ السلام قَالَ جَلَّلَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلِیّاً علیہ السلام ثَوْباً ثُمَّ عَلَّمَهُ اَلْفَ كَلِمَةٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام پر کپڑا ڈھانپ دیا اور اس کے بعد انہیں ایک ہزار کلمے تعلیم فرمائے۔

۴۶ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَی بْنِ الْمُتَوَكِّلِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ مَاجِیلَوَیْهِ وَ اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ

اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ وَ حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْعَلَوِيُّ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَاتَانَةَ وَ الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ هِشَامٍ الْمُؤَدِّبُ وَ اَحْمَدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْهَمَدَانِيُّ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الثَّانِي عليه السلام اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ عَلَّمَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلِيّاً عليه السلام اَلْفَ كَلِمَةٍ كُلُّ كَلِمَةٍ يَفْتَحُ اَلْفَ كَلِمَةٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار کلمے تعلیم فرمائے کہ ہر کلمہ ایک ہزار باب کھولتا ہے۔

۴۷ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِدْرِيسَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عِيسَى وَ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَيْمُونٍ الْقَدَّاحِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عليه السلام اَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله حَدَّثَ عَلِيّاً عليه السلام اَلْفَ كَلِمَةٍ كُلُّ كَلِمَةٍ يَفْتَحُ اَلْفَ كَلِمَةٍ فَمَا يَدْرِي النَّاسُ مَا حَدَّثَهُ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار کلمے تعلیم کیے کہ ہر کلمہ ایک ہزار کلمے کھولتا ہے پس لوگ نہیں جانتے کہ آپؐ نے کیا بیان کیا۔

۴۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ الْمُتَوَكِّلِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْخَطَّابِ عَنِ النَّضْرِ بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَادٍ الْقَلَانِسِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْبَاقِرِ عليه السلام قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى عَلِيٍّ عليه السلام وَ هُوَ عَلَى مِنْبَرِهِ فَقَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَتَاْذَنُ لِي اَنْ اَتَكَلَّمَ بِمَا سَمِعْتُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ يَرْوِيهِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله فَقَالَ اتَّقُوا اللهَ وَ لَا تَقُولُوا عَلَى عَمَّارٍ اِلَّا مَا قَالَهُ حَتَّى قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ تَكَلَّمْ قَالَ سَمِعْتُ عَمَّاراً يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله يَقُولُ اَنَا اُقَاتِلُ عَلَى التَّنْزِيلِ وَ عَلِيٌّ يُقَاتِلُ عَلَى التَّاْوِيلِ فَقَالَ عليه السلام صَدَقَ عَمَّارٌ وَ رَبِّ الْكَعْبَةِ اِنَّ هَذِهِ عِنْدِي لَفِي اَلْفِ كَلِمَةٍ تَتْبَعُ كُلَّ كَلِمَةٍ اَلْفُ كَلِمَةٍ.

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا درحالیکہ آپ منبر پر تشریف فرما تھے اس شخص نے پوچھا: اے امیر المومنین علیہ السلام! مجھے اجازت دیجئے کہ میں وہ بات کہوں جسے میں نے عمار ابن یاسرؓ سے سنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور عمار سے صرف وہی بات نقل کرو جو اس نے کہی ہے یہاں تک کہ آپؐ نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی۔ اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: بات کرو۔

اس نے کہا: میں نے عمار کو کہتے ہوئے سنا: میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوسنا کہ میں تنزیل کے مطابق جنگ کروں گا اور علیؑ تاویل کے مطابق جنگ کرے گا۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: رب کعبہ کی قسم! عمار نے سچ کہا۔ یہ بات میرے پاس موجود ایک ہزار کلمات میں (بھی) ہے کہ ان میں کے ہر کلمہ کے پیچھے ایک ہزار کلمے ہوتے ہیں۔

۴۹ حَدَّثَنَا اَبِي وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ اَبِي الْمَغْرَاءِ حُمَيْدِ بْنِ الْمُثَنَّى الْعِجْلِيِّ عَنْ ذَرِيحِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللهِ عليه السلام يَقُولُ نَحْنُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ ثُمَّ قَالَ جَلَّلَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلَى عَلِيٍّ عليه السلام ثَوْباً ثُمَّ عَلَّمَهُ اَلْفَ كَلِمَةٍ كُلُّ كَلِمَةٍ يَفْتَحُ اَلْفَ كَلِمَةٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہم وارث انبیاء ہیں۔

پھر فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو کپڑا سے ڈھانپ لیا اور اس کے بعد انہیں ایک ہزار کلمے تعلیم فرمائے کہ ہر کلمہ ایک ہزار کلمے کھولتا ہے۔

۵۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ وَ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عليه السلام قَالَ عَلَّمَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله عَلِيّاً عليه السلام اَلْفَ كَلِمَةٍ يَفْتَحُ كُلُّ كَلِمَةٍ مِنْهَا اَلْفَ كَلِمَةٍ وَ الْاَلْفُ الْكَلِمَةِ يَفْتَحُ كُلُّ كَلِمَةٍ اَلْفَ كَلِمَةٍ.

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو ایک ہزار کلمے تعلیم فرمائے کہ ہر کلمہ ایک ہزار کلمے کھولتا ہے۔

۵۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ عَنِ الْاَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيّاً عليه السلام يَقُولُ حَدَّثَنِي رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وآله بِاَلْفِ حَدِيثٍ لِكُلِّ حَدِيثٍ اَلْفُ بَابٍ.

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک ہزار احادیث تعلیم فرمائیں کہ ہر حدیث کے ایک ہزار باب ہیں۔

۵۳ حَدَّثَنَا اَبِی وَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِیدِ وَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی الْعَطَّارُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ اَبِی الْخَطَّابِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بَشِیرٍ الْبَجَلِیِّ وَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنِ الْمُثَنَّی بْنِ الْوَلِیدِ الْحَنَّاطِ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ بَکْرِ بْنِ حَبِیبٍ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ علیه السلام قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلی الله علیه و آله فِی مَرَضِهِ الَّذِی قُبِضَ فِیهِ ادْعُوا لِی خَلِیلِی فَاَرْسَلَتْ عَائِشَةُ وَ حَفْصَةُ اِلَی اَبَوَیْهِمَا فَلَمَّا جَاءَا غَطَّی رَسُولُ اللهِ صلی الله علیه و آله وَجْهَهُ وَ رَاْسَهُ فَانْصَرَفَا فَکَشَفَ رَاْسَهُ رَسُولُ اللهِ صلی الله علیه و آله ثُمَّ قَالَ ادْعُوا لِی خَلِیلِی فَاَرْسَلَتْ حَفْصَةُ اِلَی اَبِیهَا وَ عَائِشَةُ اِلَی اَبِیهَا فَلَمَّا جَاءَا غَطَّی رَسُولُ اللهِ صلی الله علیه و آله وَجْهَهُ فَانْطَلَقَا وَ قَالا مَا نَرَی رَسُولَ اللهِ صلی الله علیه و آله اَرَادَنَا قَالَتَا اَجَلْ اِنَّمَا قَالَ ادْعُوا لِی خَلِیلِی اَوْ قَالَ حَبِیبِی فَرَجَوْنَا اَنْ تَکُونَا اَنْتُمَا هُمَا فَجَاءَهُ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ علیه السلام وَ اَلْزَقَ رَسُولُ اللهِ صلی الله علیه و آله صَدْرَهُ بِصَدْرِهِ وَ اَوْمَاَ اِلَی اُذُنِهِ فَحَدَّثَهُ بِاَلْفِ حَدِیثٍ لِکُلِّ حَدِیثٍ اَلْفُ بَابٍ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الموت میں فرمایا: میرے دوست کو بلا لاؤ تو عائشہ اور حفصہ نے اپنے اپنے والد کو بلایا، پس جب وہ دونوں آئے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا چہرہ اور سر ڈھانپ لیا تو وہ دونوں واپس چلے گئے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر کپڑے سے نکالا اور اس کے بعد فرمایا: میرے دوست کو بلا لاؤ۔ واپس حفصہ نے اپنے والد کو اور عائشہ نے اپنے والد کو بلا بھیجا تو جب وہ دونوں آئے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا چہرہ ڈھانپ لیا لہٰذا وہ دونوں واپس جاتے ہوئے کہنے لگے ہمارا نہیں خیال کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارا ارادہ فرمایا ہو تو ان دونوں (حفصہ و عائشہ) نے کہا کہ ہاں آپؐ نے فرمایا تھا میرے پاس میرے دوست بلا لاؤ یا فرمایا تھا میرے حبیب کو تو ہم نے یہ آس لگائی کہ وہ آپ دونوں ہوں گے۔ پس امیر المومنینؑ خدمت میں حاضر ہوئے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اپنے سینے سے لگایا اور آپ کے کانوں کی جانب اشارہ فرمایا اور پھر ایک ہزار باتیں کیں کہ ہر بات کے ایک ہزار باب ہیں۔

۵۴ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسَی وَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ السِّنَانِیُّ الْمُکَتِّبُ وَ الْحُسَیْنُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ هِشَامٍ الْمُؤَدِّبُ وَ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْوَرَّاقُ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ قَالُوا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ زَکَرِیَّا الْقَطَّانُ عَنْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَبِیبٍ قَالَ حَدَّثَنَا تَمِیمُ بْنُ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِیَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ اَبِیهِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ عَنْ اَبِیهِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ اَبِیهِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ علیه السلام قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ رَسُولَ اللهِ صلی الله علیه و آله الْوَفَاةُ دَعَانِی فَلَمَّا دَخَلْتُ عَلَیْهِ قَالَ لِی یَا عَلِیُّ اَنْتَ وَصِیِّی وَ خَلِیفَتِی عَلَی اَهْلِی وَ اُمَّتِی فِی حَیَاتِی وَ بَعْدَ مَوْتِی وَلِیُّكَ وَلِیِّی وَ وَلِیِّی وَلِیُّ اللهِ وَ عَدُوُّكَ عَدُوِّی وَ عَدُوِّی عَدُوُّ اللهِ یَا عَلِیُّ الْمُنْکِرُ لِوَلَایَتِكَ بَعْدِی کَالْمُنْکِرِ لِرِسَالَتِی فِی

حَيَاتِي لِأَنَّكَ مِنِّي وَ أَنَا مِنْكَ ثُمَّ أَدْنَانِي فَأَسَرَّ إِلَيَّ أَلْفَ بَابٍ مِنَ الْعِلْمِ كُلُّ بَابٍ يَفْتَحُ أَلْفَ بَابٍ.

حضرت علیؑ نے فرمایا: جب رسول خدا کا وقت وفات قریب آیا تو انہوں نے مجھے بلایا، پس جب میں اندر داخل ہوا تو آپؐ نے مجھ سے فرمایا: اے علیؑ! تم میری زندگی میں اور میرے مرنے کے بعد (بھی) میرے اہل خانہ اور میری امت پر میرے وصی اور خلیفہ ہو، تمہارا دوست میرا دوست ہے اور میرا دوست اللہ کا دوست جبکہ تمہارا دشمن میرا دشمن اور میرا دشمن اللہ کا دشمن ہے۔

خلق الله عز و جل ألف ألف عالم و ألف ألف آدم

اللہ تعالیٰ نے دس لاکھ جہان خلق کیے اور دس لاکھ آدم

۵۴ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عليه السلام عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَ فَعَيِينا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ فَقَالَ يَا جَابِرُ تَأْوِيلُ ذَلِكَ أَنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ إِذَا أَفْنَى هَذَا الْخَلْقَ وَ هَذَا الْعَالَمَ وَ أَسْكَنَ أَهْلَ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَ أَهْلَ النَّارِ النَّارَ جَدَّدَ اللهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَالَماً غَيْرَ هَذَا الْعَالَمِ وَ جَدَّدَ عَالَماً مِنْ غَيْرِ فُحُولَةٍ وَ لَا إِنَاثٍ يَعْبُدُونَهُ وَ يُوَحِّدُونَهُ وَ خَلَقَ لَهُمْ أَرْضاً غَيْرَ هَذِهِ الْأَرْضِ تَحْمِلُهُمْ وَ سَمَاءً غَيْرَ هَذِهِ السَّمَاءِ تُظِلُّهُمْ لَعَلَّكَ تَرَى أَنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ إِنَّمَا خَلَقَ هَذَا الْعَالَمَ الْوَاحِدَ وَ تَرَى أَنَّ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ لَمْ يَخْلُقْ بَشَراً غَيْرَكُمْ بَلْ وَ اللهِ لَقَدْ خَلَقَ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى أَلْفَ أَلْفِ عَالَمٍ وَ أَلْفَ أَلْفِ آدَمٍ أَنْتَ فِي آخِرِ تِلْكَ الْعَوَالِمِ وَ أُولَئِكَ الْآدَمِيِّينَ.

جابر بن یزید امام محمد باقر علیہ السلام سے سورۂ ق کی ۱۵ ویں آیت کی تاویل میں بیان کرتے ہیں کہ جب یہ عالم فنا ہوجائے گا تو خداوند عالم اہل جنت کو جنت اور اصحاب نار کو جہنم میں داخل کرنے کے بعد پھر ایک مخلوق کو پیدا کرے گا جس میں نر ہوگا نہ کوئی مادہ۔ جو صرف معبود حقیقی کی عبادت کریں گے۔ موجودہ زمین و آسمان کے بجائے دوسرے آسمان و زمین خلق فرمائے گا۔

پھر فرمایا: شاید تمہارا خیال یہ ہے کہ خداوند عالم نے صرف یہی ایک عالم پیدا کیا ہے۔ ایسا ہرگز نہیں بلکہ اس نے ہزار ہزار عالم و آدم پیدا کیے ہیں اور تم سب سے آخری آدم کی اولاد میں ہو۔

تم کتاب الخصال بحمد الله و توفیقه